مفکرِ اسلام حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی
کے فکر انگیز خطبات کا مجموعہ

# خطباتِ علی میاں رحمۃ اللہ علیہ

جمع و ترتیب

مولوی محمد رمضان میاں صاحب

جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن۔ کراچی

دارالاشاعت
اردو بازار ○ ایم اے جناح روڈ ○ کراچی ۱

خطبات علی میاںؒ

مفکرِ اسلام حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی
کے فکر انگیز خطبات کا مجموعہ

# خطباتِ علی میاں رحمۃ اللہ علیہ

جلد سوم

ہدایت و تبلیغ


جمع و ترتیب:
مولوی محمد رمضان میاں صاحب
جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن۔ کراچی



دارالاشاعت
اردو بازار ایم اے جناح روڈ
کراچی پاکستان 2213768

Copyright Regd. No.

جملہ حقوق باقاعدہ معاہدے کے تحت محفوظ ہیں

باہتمام : خلیل اشرف عثمانی دارالاشاعت کراچی

طباعت : اکتوبر ۲۰۰۲ء علمی گرافکس پرنٹنگ پریس، کراچی۔

ضخامت : 432 صفحات

## ملنے کے پتے

بیت القرآن اردو بازار کراچی
بیت العلوم 20 نابھہ روڈ لاہور
کشمیر بکڈپو۔ چنیوٹ بازار فیصل آباد
کتب خانہ رشیدیہ۔ مدینہ مارکیٹ راجہ بازار راولپنڈی
یونیورسٹی بک ایجنسی خیبر بازار پشاور
بیت الکتب بالمقابل اشرف المدارس گلشن اقبال کراچی

ادارۃ المعارف جامعہ دارالعلوم کراچی
ادارہ اسلامیات ۱۹۰۔ انارکلی لاہور
مکتبہ سید احمد شہیدؒ اردو بازار لاہور
مکتبہ امدادیہ ٹی بی ہسپتال روڈ ملتان
مکتبہ رحمانیہ ۱۸۔ اردو بازار لاہور
ادارۂ اسلامیات موہن چوک اردو بازار کراچی

# فہرست عنوانات


| | | |
|---|---|---|
| | انتساب | ۲۱ |
| | عرض مرتب | ۲۳ |
| (۱) | موجودہ عالمِ اسلام کیلئے فیصلہ کن محاذ اور مرکزی میدانِ عمل | ۲۷ |
| (۲) | اجتماعی ذہن اور قربانی وایثار کا جذبہ | ۳۸ |
| (۳) | اسلامی بیداری کی لہر پر ایک نظر، بے لاگ جائزہ اور مخلصانہ مشورے | ۴۲ |
| | نازک امانت | ۴۲ |
| | بیداری اسلام کی فطرت ہے | ۴۳ |
| | اسلامی عقائد کے ساتھ کامل ہم آہنگی | ۴۶ |
| | دینیات کے وسیع مطالعہ کی ضرورت | ۴۷ |
| | زمانہ اور مشکلات ومسائل زمانہ کا فہم وادراک | ۴۸ |
| | زندگی کے حقائق سے چشم پوشی کے نتائج | ۴۹ |
| | اولین اسلامی معاشرہ کا امتیاز | ۵۰ |
| | جہاد فی سبیل اللہ کی اہمیت | ۵۲ |
| | جمود کو توڑنے والی تحریکیں خود جمود کا شکار | ۵۳ |
| | غیر ضروری مسائل ومشکلات سے اجتناب کی ضرورت | ۵۵ |
| | تجدید واصلاح کی بہترین مثال | ۵۶ |

| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| جاہ ومنصب سے بے نیازی | ۵۸ |
| جرأت وشجاعت اور قربانی کا جذبہ وشوق | ۶۰ |
| غیر مسلم اقلیت کے ملکوں میں اسلامی بیداری اور اس کا لائحہ عمل | ۶۱ |
| اسلام کی مثالی سیرت وکردار کی نمائندگی | ۶۱ |
| پرامن اور بقائے باہم فضا بنانے کی کوشش | ۶۲ |
| سماجی بگاڑ کی اصلاحی اور اخلاقی قیادت | ۶۳ |
| جمہوری حقوق کا صحیح استعمال اور قانون سازی کے رخ ورفتار پر گہری نظر | ۶۴ |
| نئی نسل کی تعلیم وتربیت اور ان کے ایمان کی حفاظت | ۶۴ |
| (۴) **امریکہ کو درپیش خطرات اور اس کو تعلیمات نبوی کی ضرورت** | ۶۶ |
| عالم مغرب کی محرومی | ۶۹ |
| امریکہ کا کوئی مخلص دوست نہیں | ۶۹ |
| پیغمبروں اور ان کے پیروؤں نے خلوص کے ساتھ انسانیت کی خدمت کی اور وہ محبوب بن گئے | ۷۱ |
| امریکہ صحیح آسمانی مذہب سے محروم ہے | ۷۱ |
| اگر امریکہ ایمانی ذہن رکھتا | ۷۲ |
| مسیحیت کی ناکامی | ۷۳ |
| اسلام ہی متوازن وجامع تعلیمات کا حامل ہے | ۷۳ |
| محرف عیسائیت | ۷۴ |
| اہل امریکہ کے نام پیغام | ۷۴ |
| اسلام کا پیغام پہنچایئے | ۷۵ |

| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |


| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| (۵) اس دنیا کی فلاح وسعادت اور تباہی وہلاکت انسان کے ساتھ وابستہ ہے | ۷۶ |
| عالمگیر فساد | ۷۶ |
| دنیا کی فلاح وسعادت اور تباہی وہلاکت انسان کے ساتھ وابستہ ہے | ۷۷ |
| انبیاء علیہم السلام نے اپنی ساری طاقت انسان کو سدھارنے پر صرف کی | ۷۸ |
| یہ انسان خود ایک عالم ہے | ۷۸ |
| انسان کی اصلاح وتبدیلی کا مرکز | ۸۰ |
| انسان کے اندر بے شمار درندے چھپے ہوئے ہیں جب وہ باہر آجاتے ہیں تو دنیا تباہ ہوجاتی ہے | ۸۱ |
| باہر کے درندوں نے کبھی دنیا پر حملہ نہیں کیا | ۸۱ |
| ایک ملک کے بھیڑیئے کبھی دوسرے ملک پر حملہ آور نہیں ہوتے | ۸۲ |
| ساری خرابیوں کا انحصار اس پر ہے کہ انسان کے دل میں کیا ہے | ۸۳ |
| اگر یہ دنیا جنت کا نمونہ بنادی جائے لیکن دل خراب ہے تو پھر جہنم کدہ بن جائے گی | ۸۴ |
| دل کی کھیتی کی طرف توجہ کیجئے | ۸۵ |
| جب دل کی دنیا بدلتی ہے تو کیا ہوتا ہے | ۸۵ |
| ارادہ نیک ہو تو راہ کی صعوبتیں اور دشواریاں حائل نہیں ہوتیں | ۸۶ |
| آج ہر چیز موجود ہے لیکن انسانیت کا سچا درد مفقود ہے | ۸۷ |
| آج انسان سب کچھ کرسکتا ہے لیکن کرنا نہیں چاہتا | ۸۸ |
| خرابی صرف یہ ہے کہ دنیا کا رخ غلط ہے | ۸۰ |
| انسانیت کی ساری متاع آج داؤ پر لگی ہے | ۹۰ |
| آج انسان نیلام پر چڑھ چکے ہیں | ۹۱ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| دنیا کے فساد کا ذمہ دار مذہب نہیں | ۹۱ |
| ساری لڑائی اغراض کی ہے | ۹۲ |
| ایک شاہراہ کے سوا آج سارے راستے بند ہیں | ۹۲ |
| ہمارا علاج ہمارے اندر ہے | ۹۳ |
| دنیا کے دکھوں کا علاج صرف یہ ہے کہ دل میں ایمان کا چراغ روشن کیا جائے | ۹۴ |
| دماغ ہفت زبان ہے دل صرف ایک زبان جانتا ہے | ۹۵ |
| **(۶) ملک و معاشرہ کا سب سے خطرناک مرض ظلم وسفا کی** | ۹۷ |
| **(۷) ملک کے موجودہ حالات اور ہماری ذمہ داریاں** | ۱۱۴ |
| ہمارے ملک کیلئے پہلا خطرہ | ۱۱۴ |
| برادر کشی زوال کی علامت ہے | ۱۱۵ |
| ہر چیز انسان ہی کے تعلق سے بامعنی اور قیمتی ہوتی ہے | ۱۱۵ |
| معمولی واقعات پر قتل و غارت گری کا طوفان | ۱۱۵ |
| ایک فلسفی کا قول | ۱۱۶ |
| انسانی دستور کی پہلی اور اہم دفعہ | ۱۱۶ |
| اسلام میں انسان کا مقام | ۱۱۷ |
| ملک کیلئے دوسرا خطرہ | ۱۱۸ |
| اسلام ہی رہنمائی کر سکتا ہے | ۱۱۹ |
| ملک کیلئے تیسرا اہم خطرہ | ۱۲۰ |
| اس خطرے کا علاج | ۱۲۱ |
| **(۸) یقین مردِ مسلمان کا** | ۱۲۲ |
| مجاہد کے قدم کی فضیلت | ۱۲۷ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| دین کی قدر | ۱۲۸ |
| (۹) ترقی پر ایمان کی سلامتی کو ترجیح دیجئے | ۱۳۷ |
| سب سے بڑا خسارہ | ۱۳۸ |
| امریکہ میں ولایت کا درجہ | ۱۴۰ |
| رضائے الٰہی | ۱۴۰ |
| دعا کا وزن | ۱۴۱ |
| اپنے دل کی بیٹری چارج کرتے رہیں | ۱۴۲ |
| سلف سے حسن ظن رکھیئے | ۱۴۳ |
| اسلام کے دنیا میں اس وقت باقی اور محفوظ رہنے میں ان سب لوگوں کا حصہ ہے جنھوں نے اس کی خدمت میں حصہ لیا | ۱۴۴ |
| صوفیاء کا کارنامہ | ۱۴۵ |
| اسلام اور قرآن صدیوں تک معمہ نہیں بنے رہے | ۱۴۶ |
| نمازوں کا اہتمام | ۱۴۷ |
| (۱۰) موجودہ تہذیب کی ناکامی ذرائع ومقاصد کا عدم توازن | ۱۴۹ |
| ذرائع کی آسانی اور فراوانی | ۱۴۹ |
| مقاصد اور نیک خواہشات کا فقدان | ۱۵۱ |
| ذرائع اور آسانیاں نیک خواہشات کی خانہ پری نہیں کرسکتیں | ۱۵۱ |
| ذرائع سے پہلے ان سے کام لینے والے چاہئیں | ۱۵۲ |
| پیغمبروں نے انسان تیار کئے | ۱۵۳ |
| یورپ کی بے بسی مقاصد سے محرومی | ۱۵۴ |
| وسائل باعث ہلاکت کیوں؟ | ۱۵۵ |
| تہذیب جدید کی ناکامی | ۱۵۶ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| مذہب کے کرنے کا کام | ۱۵۶ |
| ذرائع کی کثرت نے ملکوں کو غلام بنایا | ۱۵۶ |
| ایشیا کا فرض | ۱۵۶ |
| وقت کا سب سے اہم کام | ۱۵۷ |
| (۱۱) غلطی کو غلطی نہ تسلیم کرنا خطرناک ہے | ۱۵۸ |
| (۱۲) کسی ملک و معاشرہ کیلئے سب سے خطرناک بات | ۱۶۴ |
| (۱۳) اسلام ہر دور میں قیادت و رہنمائی کی صلاحیت رکھتا ہے | ۱۷۱ |
| (۱۴) خواص امت | ۱۸۱ |
| (۱۵) سیاسی آزادی لیکن تہذیبی غلامی | ۱۸۵ |
| مشرق سے مغرب کا تعارف | ۱۸۵ |
| ہندوستان | ۱۸۶ |
| مصر | ۱۸۶ |
| ترکی | ۱۸۶ |
| سیاسی آزادی لیکن تہذیبی غلامی | ۱۸۷ |
| ہم تحقیقات میں بھی مغرب کے دست نگر ہیں | ۱۸۸ |
| فاسد قیادت | ۱۸۹ |
| ایمان کی طاقت | ۱۹۰ |
| عالم اسلام کے قائدین | ۱۹۱ |
| دل کی زبان | ۱۹۱ |
| مقصد اور وسائل کا فرق | ۱۹۲ |
| قدیم و جدید کا فلسفہ | ۱۹۳ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| جسم مشرق میں لیکن دل و دماغ مغرب میں | ۱۹۳ |
| آپ اس امت کے فرد ہیں جس نے انسانیت کو نجات دی | ۱۹۴ |
| بنیادی حقیقت | ۱۹۵ |
| اگر ہم یورپ سے کچھ لے سکتے ہیں تو اس سے بہتر دے بھی سکتے ہیں | ۱۹۶ |
| **(۱۶) زندگی گزارنے کا بہترین دستور عمل** | **۱۹۸** |
| **(۱۷) ملک کی حقیقی آزادی** | **۲۰۳** |
| آزادی کے آگے | ۲۰۴ |
| قلب کی روشنی | ۲۰۵ |
| شاہ کلید | ۲۰۶ |
| سیرت سازی اور اخلاق کی اصلاح کے بغیر کوئی منصوبہ کامیاب نہیں | ۲۰۶ |
| کردار کی ضرورت | ۲۰۷ |
| اخلاقی زوال | ۲۰۸ |
| انسانیت | ۲۰۹ |
| **(۱۸) صورت اور حقیقت** | **۲۱۰** |
| صورت اور حقیقت میں بڑا فرق ہے | ۲۱۰ |
| حقیقت کے مقابلہ میں صورت کی شکست | ۲۱۰ |
| نفس کا دھوکا | ۲۱۱ |
| حقیقت اسلام | ۲۱۲ |
| صورت اسلام حفاظت کرنے کیلئے کافی نہیں | ۲۱۵ |
| ہماری خطا | ۲۱۶ |
| حقیقت اسلام مدتوں سے میدان میں آئی ہی نہیں | ۲۱۶ |

| عنوان | | صفحہ |
|---|---|---|
| | رحمت ونصرت تائیدواعانت کے وعدے حقیقت سے متعلق ہیں | ۲۱۶ |
| | دین کے اقتدار اور امن واطمینان کا وعدہ | ۲۱۷ |
| | امت کی سب سے بڑی خدمت | ۲۱۸ |
| | اقوام عالم کی جڑیں خشک ہوچکی ہیں | ۲۱۹ |
| | مسلمان کے لئے حقیقت کی طرف ترقی کرنے کی ضرورت | ۲۱۹ |
| | حقیقت اسلام دوبارہ پیدا ہوسکتی ہے | ۱۲۱ |
| | حقیقت اسلام میں آج بھی طاقت ہے | ۱۲۱ |
| (۱۹) | اعلیٰ اخلاقی قدریں دل کے اندر کھوئی ہیں ان کی باہر تلاش | ۲۲۲ |
| | ایک کہانی | ۲۲۳ |
| | انسان کوسہولت پسندی | ۲۲۲ |
| | حقیقتوں سے کشتی نہیں لڑی جاسکتی | ۲۲۳ |
| | انسان دنیا کا ٹرسٹی ہے | ۲۲۴ |
| | انسانیت کا مسئلہ پرانی تہذیبوں سے حل نہیں ہوسکتا | ۲۲۵ |
| | تہذیبیں انسانیت کالباس ہیں انسانیت لباس تبدیل کرتی رہتی ہے | ۲۲۵ |
| | مذہب روح دیتا ہے کلچر ایک ڈھانچہ ہے | ۲۲۵ |
| | رسم الخط یاضمیر واخلاق | ۲۲۶ |
| | پیغمبر وسائل نہیں پیدا کرتے مقاصد عطا کردیتے ہیں | ۲۲۶ |
| | انسانیت کوغمخوار انسانوں کی ضرورت ہے | ۲۲۷ |
| | ہم نے دل کا راستہ کھودیا | ۲۲۷ |
| | نظام تعلیم کانقص | ۲۲۸ |
| | ذہنیت کی تبدیلی کی ضرورت | ۲۲۸ |
| | کوئی زبان غیر نہیں | ۲۳۰ |

| | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| | خدا پرستی کی تحریک کی ضرورت | ۲۳۰ |
| | علم واخلاق کے تعاون کی ضرورت | ۲۳۰ |
| | مادہ پرستی اور روحانیت | ۲۳۱ |
| (۲۰) | دنیا کی موجودہ کشمکش یہ نہیں کہ برائی دور ہو بلکہ یہ کہ برائی ہماری نگرانی اور انتظام میں ہو | ۲۳۲ |
| | سب ٹھیک ہو رہا ہے لیکن میرے اہتمام سے ہونا چاہئے | ۲۳۳ |
| | یورپ اور ایشیا میں آج یہی جذبہ کام کر رہا ہے | ۲۳۳ |
| | پیغمبروں کا مطالبہ زندگی کا نقشہ غلط ہے | ۲۳۴ |
| | قوموں کو رشوت دی جا رہی ہے | ۲۳۴ |
| | منہ زور اور بے لگام گھوڑوں کی ریس | ۲۳۵ |
| | حکومت اور عہدہ کا کون اہل ہے | ۲۳۶ |
| | جاہ طلب سیاسی | ۲۳۶ |
| | انسانی ضروریات کی فہرست بہت طویل نہیں | ۲۳۷ |
| | خراب اجزا اور اکائیوں سے اچھا مجموعہ تیار نہیں ہو سکتا | ۲۳۷ |
| | حقیقت ظاہر ہو کر رہتی ہے | ۲۳۸ |
| | خدا کی بستی دکان نہیں ہے | ۲۳۸ |
| | ہمارا پیغام | ۲۳۹ |
| (۲۱) | اللہ کی سب سے بڑی نعمت ایمان ہے | ۲۴۰ |
| (۲۲) | نفس پرستی یا خدا پرستی | ۲۴۶ |
| | صاف اور کھری باتیں | ۲۴۶ |
| | نفس پرستی یا خدا پرستی؟ | ۲۴۷ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| نفس پرستی خدا پرستی سے ہمیشہ برسر پیکار رہی ہے | ۲۴۷ |
| نفس پرستی مستقل ایک مذہب ہے | ۲۴۸ |
| نفس پرستی من کا راجہ ہوتا ہے | ۲۴۹ |
| نفس پرستی کی زندگی مصیبتوں کی جڑ ہے | ۲۴۹ |
| رسول اللہ ﷺ نے ہی نفس پرستی کے دھارے کو موڑا | ۲۵۱ |
| خدا پرستی پیدا کرنے کی تین بنیادی چیزیں | ۲۵۲ |
| بے نفس اور خدا پرستی کی عجیب مثال | ۲۵۳ |
| حیرت انگیز انقلاب | ۲۵۶ |
| خدا پرست سوسائٹی | ۲۵۷ |
| خدا پرستی کے علمبردار نفس پرستی کے شکار | ۲۵۸ |
| دنیا کی سب سے بڑی مصیبت نفس پرستی ہے | ۲۵۸ |
| ہماری دعوت | ۲۵۹ |
| **(۲۳) امریکہ اور کینیڈا میں مقیم مسلمانوں کی ذمہ داریاں اور فرائض** | ۲۶۰ |
| ذرائع اور مقاصد | ۲۶۰ |
| اصل مقصد اللہ کی بندگی | ۲۶۱ |
| حضور ﷺ کی ہجرت | ۲۶۲ |
| مسرت اور تشویش | ۲۶۳ |
| چند عبرت انگیز واقعات | ۲۶۶ |
| دوہرا خطرہ | ۲۶۷ |
| **(۲۴) دعوت کا کام کرنے والوں کے درمیان خوشگوار تعلق اور باہمی محبت کسی خارجی ذرائع سے نہیں پیدا کی جاسکتی** | ۲۶۸ |
| مصنوعی کوشش کارگر نہیں ہوتی | ۲۶۸ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| اخوت کا کرشمہ | ۲۶۹ |
| چند مثالیں | ۲۷۰ |
| عقیدے کی وحدت اور مقصد کا عشق | ۲۷۱ |
| مقصد کا عشق | ۲۷۳ |
| تیرہویں صدی ہجری کی تاریخ دعوت وعزیمت سے خلوص وایثار کی دو مثالیں | ۲۷۳ |
| قرآن وسنت کی حیات آفرینی | ۲۷۷ |
| نفسانیت، سب سے بڑا المیہ | ۲۷۸ |
| اسلام کے فروغ کو مقصد بنائیے | ۲۷۹ |
| رسول اللہ ﷺ دامن گیر ہوں گے | ۲۷۹ |
| اہل اللہ کا عمل | ۲۸۰ |
| اصل سرچشمہ | ۲۸۰ |
| **(۲۵) دنیا کی موجودہ کشمکش اور اس کا علاج** | **۲۸۲** |
| ہمت شکن تجربے | ۲۸۲ |
| اقتدار کی ہوس | ۲۸۳ |
| عالمی جنگوں کی حقیقت | ۲۸۳ |
| انسانیت کے مجرم | ۲۸۴ |
| زندگی کا نقشہ سرے سے غلط ہے | ۲۸۴ |
| سیاسی رشوت | ۲۸۵ |
| پیغمبروں کا طریقہ | ۲۸۵ |
| بے لگام بازی | ۲۸۶ |
| عہدہ کا اہل کون؟ | ۲۸۶ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| صحابہ کرام کا کردار | ۲۸۶ |
| عزت کی ہوس اور دولت کا بھوت | ۲۸۷ |
| ضرورت اور خواہش | ۲۸۷ |
| غلط اجزاء سے صحیح مجموعہ کیسے بن سکتا ہے | ۲۸۷ |
| خوف خدا کی اہمیت | ۲۸۸ |
| خدا کی بستی دکان نہیں ہے | ۲۸۹ |
| ہمارا وجود ہر پارٹی سے زیادہ ضروری ہے | ۲۸۹ |
| تمہاری حیثیت ایجنٹ یا ملازم کی نہیں داعی اور رہبر کی ہے | ۲۹۰ |
| **(۲۶) زندگی میں فرد کی اہمیت ہمارے اصلاحی کاموں کا** | |
| **ایک بڑا خلاء** | ۲۹۱ |
| اجتماعیت کا رجحان | ۲۹۲ |
| مجرمانہ غفلت | ۲۹۲ |
| ہماری غفلت کا خمیازہ | ۲۹۳ |
| ہر اصلاحی کام کی بنیاد | ۲۹۴ |
| اصل خطرہ | ۲۹۵ |
| پیغمبروں کا کارنامہ | ۲۹۵ |
| پیغمبروں کا طریقہ کار | ۲۹۵ |
| تاریخ کا تجربہ | ۲۹۶ |
| ہماری جدوجہد کا محرک | ۲۹۶ |
| **(۲۷) دین پر عمل کرنے کی برکتوں کو دیکھنے کے لئے** | |
| **دنیا سفر کر کے آئے گی!** | ۲۹۸ |

| صفحہ | عنوان |
|---|---|
| ۲۹۸ | دین کا اصل موضوع اور رضائے الٰہی کی قیمت |
| ۳۰۰ | آخرت کی عظمت و وسعت |
| ۳۰۱ | دین پر عمل کرنے سے دنیا میں بہشت کا مزہ: |
| ۳۰۲ | دین پر عمل کرنے کی برکتوں کو دیکھنے کے لئے دنیا سفر کر کے آئے گی! |
| ۳۰۳ | دین پر ناقص عمل اور شریعت کے حصے بخرے: |
| ۳۰۴ | امت محمدیہ کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا معاملہ: |
| ۳۰۵ | عقائد و عبادات میں مسلمانوں کا طرز عمل: |
| ۳۰۶ | ہم نے اپنی زندگی سے لوگوں کو اسلام سے روکا: |
| ۲۰۶ | احکام شریعت پر عمل نہ کرنے کی نحوست: |
| ۳۰۷ | عقائد اور اعمال کی تاثیر اور معاصی کے نتائج و اثرات: |
| ۳۰۹ | (۲۸) ایک چونکا دینے والی آیت |
| ۳۱۷ | احکام اسلام پر ہی چلنا چاہئے |
| ۳۱۸ | آئندہ نسلوں کی فکر کریں |
| ۳۲۰ | لہوالحدیث کا مطلب |
| ۳۲۴ | (۲۹) سیرت و کردار کی تبدیلی کی ضرورت |
| ۳۳۴ | (۳۰) ذہنی اور اعتقادی ارتداد ایک اہم مسئلہ فوری توجہ کا حامل |
| ۳۳۴ | نیا ارتداد: |
| ۳۳۶ | یورپ کا لایا ہوا فلسفہ |
| ۳۳۷ | دین یا لادینیت: |
| ۳۳۸ | ایک لاوارث مسئلہ: |
| ۳۳۹ | لادینیت کی عالمگیر اشاعت کا راز: |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| نفاق والحاد: | ۳۴۱ |
| جاہلی عصبیت اور "مذہب قوم پرستی": | ۳۴۱ |
| اسلام اس عصبیت سے کیوں برسر جنگ ہے؟: | ۳۴۲ |
| ممالک اسلامیہ میں "قوم پرستی" کی مقبولیت: | ۳۴۳ |
| ممالک اسلامیہ میں دور "جاہلیت" کا اعزاز: | ۳۴۴ |
| دینی واخلاقی انتشار: | ۳۴۵ |
| عالم اسلام کے لئے سب سے بڑا خطرہ: | ۳۴۵ |
| اولین مسئلہ: | ۳۴۶ |
| مقدس ترین جہاد: | ۳۴۶ |
| دعوت ایمان: | ۳۴۷ |
| بے غرض داعیوں کی ضرورت: | ۳۴۸ |
| دعوت کے لئے نئے علمی اداروں کی ضرورت: | ۳۴۸ |
| ماضی کے تجربے: | ۳۴۹ |
| دینی طبقے کے دو متضاد گروہ: | ۳۵۰ |
| اصلاح اور دینی انقلاب کے لئے جس گروہ کی ضرورت ہے | ۳۵۰ |
| اس طرز پر کام کرنے والوں کی کامیابی: | ۳۵۱ |
| سنگین صورت حال: | ۳۵۲ |
| کام کی فوری ضرورت: | ۳۵۳ |
| (۳۱) مسلمان غیر اسلامی ماحول میں | ۳۵۴ |
| (۳۲) پاسبان مل گئے کعبہ کو صنم خانے سے | ۳۶۰ |
| (۳۳) شریعت اسلامی مسلمان کے لئے دستور حیات ہے | ۳۶۵ |
| اسلام اور دیگر مذاہب میں نظامہائے زندگی کا فرق | ۳۶۷ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| عورت شادی کے بعد اسلام اور دیگر مذاہب کی نظر میں | ۳۷۲ |
| (۳۴) حقیقت اسلام اور صورت اسلام | ۳۷۸ |
| صورت اسلام حفاظت کرنے کے لئے کافی نہیں: | ۳۸۱ |
| حقیقت اسلام مدتوں سے میدان میں آئی ہی نہیں: | ۳۸۲ |
| رحمت، نصرت، تائید واعانت کے وعدے حقیقت سے متعلق ہیں | ۳۸۲ |
| (۳۵) آدمیت سے بغاوت | ۳۸۴ |
| انسان کی تلاش: | ۳۸۴ |
| انسانیت کی ترقی: | ۳۸۵ |
| انسان اور انسانیت: | ۳۸۵ |
| انسان اور فطرت: | ۳۸۶ |
| انسان اور ہوس: | ۳۸۸ |
| مقصود زندگی: | ۳۸۹ |
| پیغمبروں کا کردار: | ۳۸۹ |
| انسانیت کا سرمایہ: | ۳۹۱ |
| روح انسانیت: | ۳۹۲ |
| (۳۶) غار حرا سے طلوع ہونے والا آفتاب | ۳۹۷ |
| (۳۷) انسانی شرافت وعظمت | ۴۰۷ |
| سکندر اعظم: ALEXANDER THE GREAT | ۴۱۰ |
| جولیس سیزر: JULIUS CAESAR | ۴۱۰ |
| (۳۸) خواتین کی ذمہ داریاں | ۴۱۳ |
| (۳۹) مسلمان کی شان امتیازی | ۴۲۲ |

# انتساب

مجدد التبلیغ حضرت مولانا الیاس دہلویؒ کے نام
جنہوں نے ظلمت و جہالت کے گھٹاٹوپ اندھیرے میں
دعوت و تبلیغ اور اصلاح و ارشاد کی وہ شمع روشن فرمائی جس کی
ضیاء پاشیوں سے دنیائے انسانیت روشن اور منور ہے، آج
اس مبارک محنت کے ذریعے ہزاروں بھٹکے ہوئے لوگوں
کو اس پر آشوب دور میں صلاح وفلاح کی راہ ملی، اللہ تعالیٰ
اس محنت کو تا قیامت جاری وساری رکھے۔ آمین۔

# عرض مرتب

حضرت مولانا سید ابوالحسن علی حسنی ندویؒ بلاشبہ ایک عظیم المرتبت، فکرمند داعی تھے، آپ کی جدوجہد کا مرکز دعوت دین تھا، آپ فرماتے تھے داعی کیلئے دعوت وتبلیغ کے دو طریقے ہیں ایک یہ کہ ایمان کرسی تک پہنچ جائے یعنی ایمان والے برسر اقتدار آ جائیں، دوسرے یہ کہ کرسی ایمان تک پہنچ جائے، شیخ جمال الدین ایرانی نے دوسرا طریقہ اپنایا تھا (اس کے بعد حضرت مولاناؒ نے تغلق تیمور لنگ کی تخت نشینی کا واقعہ سنایا، اور یہ کہ کس طرح پوری تاتاری قوم مشرف بہ اسلام ہوئی) آج کے دور کیلئے بھی یہی طریقہ کارمناسب ہے[1] ایک موقع پر حضرت مولاناؒ نے فرمایا حضرت مولانا محمد الیاس صاحبؒ کی سب سے نمایاں خصوصیت ان کا اپنا جذبہ اور اخلاص تھا، بزرگان دین کے یہاں تواضع واحسان مندی، تشکر اور اعتراف کی کثرت ہوتی ہے، احسان مندی بڑی اہم بات ہے، انسان کو اس کا اعتراف کرنا چاہئے، بھلے ہی احسان تھوڑا ہی کیوں نہ ہو، انسانی اخلاق بنانے میں یہ بات بڑی اہم ہے، بزرگوں کا احسان، مشائخ کا احسان، استاذ کا احسان والدین کا احسان، تعلق والوں کا احسان، دوست احباب، رشتے داروں کا احسان۔

اشاعت دین اور اس کی اہمیت بتلاتے ہوئے حضرتؒ نے ایک موقع پر فرمایا ''اس تختی براعظم میں اسلام کی اشاعت کیلئے یہ بہت ضروری ہے کہ اسلامی لیٹریچر کے تراجم علاقائی زبانوں میں کئے جائیں، یہ ہماری ایک اہم ذمہ داری ہے، اور اس کے لئے ہندو پاک کا دانشور طبقہ جواب دہ ہوگا، ضرورت اس بات کی ہے کہ مراٹھی، تمل، تیلگو، بنگالی وغیرہ علاقائی زبانوں میں اسلامی لیٹریچر کے ترجمہ کا ایک باقاعدہ پروگرام مرتب کر کے اس کے تحت یہ جلد سے جلد شروع کیا جائے، شمالی ہند میں سب سے زیادہ ضرورت ہندی ترجموں کی ہے، مگر زبان ایسی ہو جس میں رس ہو وہ رس جو (Prem Chand) پریم چند کی ہندوستانی زبان میں

(۱) تعمیر حیات مفکر اسلام نمبر صفحہ ۳۱۳

ملتا ہے"غور کرنے کا مقام ہے کہ حضرتؒ اسلام کی اشاعت وترویج کیلئے کس قدر کوشاں تھے وہ چاہتے تھے ہر طرف سے اسلام ہی اسلام کی صدا بلند ہو، آج ضرورت ہے اس بات کی کہ اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا یہ دین جس کا نام "الاسلام" ہے اس کی تعلیمات کو عام کیا جائے، مگر حکمت ودانائی کے ساتھ کیا جائے، بانیٔ تبلیغ حضرت مولانا محمد الیاس صاحبؒ اس پر بہت زور دیتے تھے کہ تبلیغ کے معنی ہیں دوسروں کو بات پہنچانا اسی لئے آپ کے بات کرنے کا اسلوب ایسا ہونا چاہئے کہ مخاطب کو احساس نہ ہو کہ اسے نو مسلم یا جاہل ان پڑھ سمجھ رہے ہیں، اس کے لئے سلیقہ چاہئے، جس کو قرآنی الفاظ میں یوں بیان کیا گیا" أُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ"۔

حضرت مولانا رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے سارے مسلمانوں کا گھروں سے نکل جانا اور دورہ اختیار کرنا ممکن ہے اور نہ ضروری، لیکن اس کی ترغیب اور دعوت دی گئی ہے کہ ہر گروہ اسلامی مجموعہ ہی سے کسی تعداد کا نکلنا ممکن اور مطلوب ہے اور اس کے دو مقصد ہونے چاہئے، خود دین کی سمجھ حاصل کرنا اس کے احکامات اور تعلیمات سے واقف ہونا اور واپسی پر اپنی جماعت کو اور تعلق والوں کو متنبہ اور بیدار کرنا اور غلط عقیدہ اور بے علمی کے وبال کے نقصانات سے آگاہ کرنا اور ڈرانا ہے، اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا:

وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا كَافَّةً فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَائِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ اِذَا رَجَعُوْا اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ"

اس آیت میں اللہ تعالیٰ کے راستے میں باہر نکلنے والوں کیلئے (خواہ ان کا نکلنا دعوت کے کام سے ہو یا تعلیم کے مقصد سے) دو بنیادی مقاصد وفوائد بیان کردیئے گئے ہیں باہر نکلنے والوں کو اور دین کے خاطر اپنا وقت نکالنے والوں کو اپنا محاسبہ کرنا چاہئے کہ وہ ان دونوں مقاصد اور مطالبات پر کتنا عمل کر رہے ہیں اور ان کے دینی علم اور فرائض اور ذمہ داریوں کی معلومات میں کتنا اضافہ ہو رہا ہے اور دوسروں میں دین پہنچانے اور اشاعت کی کتنی کوشش ہو رہی ہے، پھر اس کے بعد جو دعوت وتبلیغ کا عمل ہو وہ صرف رضائے الٰہی کیلئے ہو اس میں دنیاوی مفاد کی آمیزش تک شامل نہ ہو، تب جاکر دعوت مؤثر ثابت ہوگی۔

اسی طرح دعوت وتبلیغ کے اندر پیغمبرانہ خصوصیت کو اپنانا چاہئے اور درحقیقت انبیاء

علیہم السلام کی سب سے پہلی خصوصیت یہ تھی کہ ان کو اپنی امت کی اصلاح کی فکر اس قدر شدت کے ساتھ لگ جاتی تھی کہ وہ طبعی تقاضوں سے بھی آگے بڑھ جاتی تھی یہاں تک کہ جب پیغمبر اس فکر میں گھلنے لگے تھے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے تسلی کا سامان کیا جاتا ہے اور ارشاد ہوتا ہے" لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَ لَّا يَكُونُوا مُؤْمِنِينَ "شاید آپ اس غم میں اپنی جان کو ہلاک کرنے والے ہیں کہ یہ لوگ ایمان کیوں نہیں لاتے۔

لہذا داعی اسلام کی سب سے پہلی خصوصیت یہ ہونی چاہئے کہ اس کو اس پیغمبرانہ فکر کا حصہ نصیب ہو، چنانچہ اسلاف امت میں سے جن جن حضرات کو اس فکر کا جتنا حصہ ملا اللہ تعالیٰ نے ان کی دعوت میں اتنی ہی برکت وتاثیر عطا فرمائی اور اتنے ہی بہتر ثمرات پیدا فرمائے، حکیم الامت مجدد ملت حضرت مولانا شاہ اشرف علی تھانوی قدس سرہ فرمایا کرتے تھے کہ حضرت مولانا شاہ محمد اسماعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ کو دعوت وتبلیغ کا ایسا تقاضا ہوتا تھا جیسا بھوک کے وقت کھانے اور پیاس کے وقت پینے کا تقاضا ہوتا ہے، جس طرح انسان ان طبعی تقاضوں سے صبر نہیں کرسکتا اسی طرح وہ دعوت کے مواقع پر دعوت سے صبر نہیں کرسکتے تھے، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان کی دعوت میں تاثیر بھی ایسی عطا فرمائی کہ ان کے ایک ایک وعظ سے سینکڑوں انسان بیک وقت تائب ہوتے تھے۔

اسی طرح داعی اسلام کی دعوت کا امتیاز یہ ہونا چاہئے کہ وہ نتائج سے بے پرواہ ہو کر دعوت میں مشغول رہے اور حوصلہ شکن حالات میں بھی اپنی بات کو متواتر کہتا چلا جائے، دعوت کے کام میں سستی اور کاہلی قطعاً نہ برتے، دعوت وتبلیغ کے کام کا اہم اصول یہ بھی ہے کہ وہ دعوت کیلئے انداز بیان اور اسلوب ایسا اختیار کرے جو نرمی، ہمدردی اور دلسوزی کا آئینہ دار ہو، جس اسلوب کی اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون علیہما السلام کو فرعون کے پاس بھیجتے ہوئے ہدایت فرمائی " قولا له قولا لينا " تم دونوں اس سے نرمی سے بات کرنا، اب کوئی شخص فرعون سے بڑا گمراہ نہیں ہوسکتا، اور حضرت موسیٰ علیہ السلام سے بڑا مصلح اور داعی نہیں ہوسکتا، جب حضرت موسیٰ علیہ السلام جیسے داعی کو فرعون جیسے گمراہ سے بھی نرم بات کہنے کا حکم دیا جارہا ہے تو ہمہ شما کی کیا حقیقت ہے؟ آج اگر بالفرض ہمیں اپنی دعوت وتبلیغ کا کوئی کام بے اثر اور غیر مفید معلوم ہوتا ہے تو اس کی واحد وجہ یہ ہے کہ ہم نے دعوت کے پیغمبرانہ اسلوب کو چھوڑ

دیا ہے، دعوت درحقیقت انبیاء علیھم السلام کا کام ہے اور جب تک اسے انہی طریقوں کے مطابق انجام نہیں دیا جائے گا جس طرح انبیاء علیھم السلام نے انجام دیا، اس وقت تک مؤثر نہیں ہوسکتا، چنانچہ حضرت مولانا رحمۃ اللہ علیہ رحمۃ واسعۃ نے بھی ان خطبات کے اندر دعوت وتبلیغ کے پیغمبرانہ اسلوب اور طریقوں کو کماحقہ بیان فرمایا ہے اور ان کی صحیح صحیح نشاندہی کردی ہے، اہل علم جانتے ہیں کہ آپ کی جدوجہد کا مرکز دعوت دین تھا، دین کی دعوت، حکمت وموعظت کی طالب ہے جو ہر زمانے میں مخاطب کے لحاظ سے بدلتی رہتی ہے، مخاطب کے علم وعقائد کا لحاظ رکھتے ہوئے ایسی بات کرنا جو اس کی عقل میں اتر جائے اور اس کو تسلیم کرے، یہی تمام انبیاء کا دستور رہا ہے، انبیاء کرام نے اپنی دعوت وتبلیغ میں اسی اصول کو ملحوظ رکھا ہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ حضرتؒ کے خطبات کی ایک ایک سطر کو بغور پڑھا جائے اور اسی کے مطابق انداز دعوت اور اسلوب تبلیغ اپنایا جائے تب جاکے دعوت وتبلیغ کے نتائج ہم دیکھ سکیں گے ورنہ سوائے وقت کے ضیاع کے کچھ حاصل نہ ہوگا۔

دعا ہے کہ اللہ تعالی ان کی روح کو ہمیشہ شادمان رکھے، اعلیٰ علیین میں جگہ مرحمت فرمائے اور ہمیں ان کے ارشادات وہدایات پر عمل پیرا ہونے کی توفیق بخشے، حضرتؒ کے خطبات کو ہمارے لئے اور ملت اسلامیہ کے لئے نافع ثابت فرمائے اور آپ کے لئے رفع درجات کا سبب بنائے۔ آمین۔

اس پر تیسری جلد کا اختتام ہوتا ہے، چوتھی جلد انشاء اللہ عباداتی مضامین سے آراستہ ہوگی، قارئین سے گزارش کرتا ہوں کہ ان خطبات میں کہیں علمی اور پیچیدہ غلطی نظر آئے تو غلطی کی نشاندھی فرمائیں بندہ ممنون ہوگا! اللہ تعالیٰ اس مختصر سی محنت کو قبول فرمائے اور مزید ہمت عطا فرمائے۔ آمین۔

والسلام

کتبہ

محمد رمضان عفا اللہ عنہ

بنوری ٹاؤن کراچی پاکستان

١٤/٥/١٤٢٣ بمطابق ٢٥/٧/٢٠٠٢ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# موجودہ عالم اسلام کے لئے فیصلہ کن محاذ اور مرکزی میدان عمل

مکہ مکرمہ میں ۱۸/۲۳صفر ۱۴۰۸ھ مطابق ۱۱/۱۵ اکتوبر ۱۹۸۷ء رابطہ عالم اسلامی مکہ مکرمہ کا تیسرا اجتماع ہوا جس میں ۱۲۲ ملکوں سے اسلامی تنظیمات جامعات اور مسلم زعماء و مفکرین نے شرکت کی اس کانفرنس کے رہبر مقالہ ہندوستان کے عالم جلیل مفکر اسلام مولانا سید ابوالحسن علی ندوی رحمۃ اللہ علیہ رحمۃ واسعۃ کا تھا جسے سن کر حاضرین مؤتمر نے مطالبہ کیا کہ اس مؤتمر کی اولین تجویز قرار دی جائے۔ رابطہ عالم اسلامی کے نائب سیکرٹری جنرل علامہ محمد العبودی سعودعرب اس اجلاس کی صدارت کررہے تھے۔

الحمدلله نحمده ونستعينه ونستغفره ، ونعوذ بالله من شرور انفسنا ومن سيئات اعمالنا ، من يهده الله فلا مضل له ، ومن يضلله فلاهادى له ، واشهد ان لااله الاالله وحده لاشريك له ، واشهد ان سيدنا ومولانا محمد عبده ورسوله ، ارسله الى كافة الناس بالحق بشيراً ونذيراً ، وداعياً الى الله باذنه وسراجاً منيراً. اما بعد!

حضرات! ہم سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کرتے ہیں۔
میرے لئے یہ بات باعث مسرت ہے کہ میرے مخاطب وہ حضرات ہیں جو امت کی فکری رہنمائی کررہے ہیں اور اسلامی جمعیتوں اور تنظیموں کے ذمہ دار ہیں اور سب ہی دین کی خدمت سے وابستہ ہیں اور سب سے زیادہ یہ بات میرے جذبات کے لئے مہمیز کا کام کررہی ہے کہ یہ گفتگو وہاں ہورہی ہے جو دعوت اسلام کا اولین مرکز رسول کریم ﷺ کے مبعوث ہونے

کی جگہ اور بلد امین ہے۔ میں آپ کو مخاطب کر کے ایک عرب شاعر کا یہ شعر پڑھوں تو بے جا نہ ہوگا کہ:۔

(حوملۃ الجندل کی بلبل! مناسب وقت ہے کہ، تو نغمہ سرا ہو، سعاد نگاہوں کے سامنے گوش برآواز ہے)

حضرات! دعوت اسلامی کا موضوع کوئی نیا موضوع نہیں ہے اس پر بہت کچھ لکھا اور بہت کچھ کہا جا چکا ہے اور عصر حاضر میں اس پر کافی ریسرچ کی گئی ہے تحقیقی مقالات اور کتابیں لکھی گئی ہیں بلکہ یوں کہنا چاہئے کہ اس موضوع پر پوری لائبریری تیار ہو چکی ہے مجھے بھی اللہ تعالی نے توفیق دی ہے کہ اس موضوع پر علمی اور تحقیقی انداز میں کچھ لکھوں۔ چنانچہ میری کتاب رجال الفکر والدعوۃ فی الاسلام (تاریخ دعوت وعزیمت) چار جلدوں میں ۲۔ قرآن و سیرت نبوی میں دعوت دین کا اسلوب اور مبلغین کے اوصاف ۳۔ ہندوستان میں اسلامی دعوت اور اس کا ارتقاء ۴۔ دعوت کا حکیمانہ اسلوب اور مبلغین کی اوصاف ۵۔ دینی دعوت ہی کے ذریعہ سوسائٹی کو جاہلیت سے بچایا جا سکتا ہے اور دین کو تحریف سے محفوظ رکھا جا سکتا ہے ۶۔ علماء و مبلغین کے لئے اصلاح کا صحیح طریقہ ۷۔ علماء کی تربیت اور دین کا داعی تیار کرنے میں اسلامی یونیورسٹیوں کا کردار اسی موضوع پر ہیں۔ جو اپنی صوری اور معنوی ہر لحاظ سے ممتاز ہے لہذا میں چاہتا ہوں کہ اپنی گفتگو صرف ایک موضوع پر محدود رکھوں۔ اور وہ ہے دعوت دین کے فیصلہ کن محاذ اور اس کے مرکزی میدان عمل۔ جس سے نہ صرف دعوت کا رخ متعین کیا جا سکے گا بلکہ عالم اسلام کی منزل کا تعین ممکن ہوگا۔ میں اپنے محدود مطالعہ، ماضی کے تجربات اور حقائق کی روشنی میں صرف انہی عملی کوششوں کی نشان دہی کروں گا۔

وباللہ التوفیق۔

۱۔ مسلم عوام اور ان کے تمام گروہوں میں ایمان کی قوت کو بیدار کرنا اور اس کو جلا دینا۔ کیونکہ ان گروہوں اور ان عوام کا اسلام سے وابستہ رہنا اور اس کے لئے ان کے دلوں میں جوش کا قائم رہنا ایک مستحکم اور بلند شہر پناہ کی حیثیت رکھتا ہے جس پر اس شہر اسلام کی بقاء کا مدار ہے یہی نہیں بلکہ بہتری اسلام کی حکومتوں اور سربراہوں کو یہی چیز اسلام پر وابستہ رہنے پر مجبور کر سکتی ہے۔ مسلمانوں کے دینی احساس کا ابھرنا اسلام کی قوت کا سرچشمہ اور اس کا راس المال ہے اور

یہی وہ خام مال ہے جو ہر پاک ومفید مقصد کے لئے استعمال ہوسکتا ہے اور ایسے افراد کا وجود جوش عمل اور وسعت قلب ونظر اور اخلاق کے لحاظ سے پوری انسانی آبادی کا جوہر اور اس کا سب سے مفید اور مضبوط ترین مجموعہ ہوگا۔

ایمان کی پختگی اور دین کے لئے سرگرمی اور جوش عمل اسی وقت کارآمد ہوگی جب اس کے شرائط بھی پورے ہوں اور ان افراد میں وہ اوصاف بھی پائے جائیں جن کی بناء پر وہ نصرت خداوندی کے مستحق ہوں اور مشکلات پر قابو پانے اور دشمنوں پر غالب آنے کے سزاوار ہوں وہ بنیادی شرائط یہ ہیں۔

عقیدہ کی تصحیح، صرف خدائے واحد کی عبادت اور ہر قسم کے شرک اور غلط عقائد سے مبرّا ہونا۔ جاہلیت کے رسوم اور غیر اسلامی شعائر، نفاق عمل اور عقیدہ میں دورخی۔ قول وعمل کے درمیان تضاد اور گزشتہ اقوام کی روش سے اجتناب، جو اپنی بداعمالیوں کی پاداش میں اللہ کے عذاب اور بے تعلقی کی مستحق قرار دی گئی۔ نیز موجودہ اقوام کی روش سے پرہیز۔ جو اللہ کو بھول گئیں تو اللہ نے خود ان کو فراموش کیا۔ اور جو دنیا کو تباہی اور ہلاکت کے راستہ پر چلا رہی ہیں۔

اسی کے ساتھ ساتھ دینی شعور کو صحیح راستے پر لگانا اور اس کے شعور کی پرورش کرنا بھی ضروری ہے جس سے وہ مسائل وحقائق کو اچھی طرح سمجھ سکیں۔ دوست ودشمن میں تمیز کرسکیں اور نت نئے انداز تحریکوں کے دھوکہ میں نہ آئیں۔ تاکہ ہماری اگلی زندگی میں وہ ایسے دوبارہ پیش نہ آئیں جو قومی نعرہ بازیوں اور جاہلیت کی تحریکوں کے دھوکہ میں شکار ہونے کے سبب پیش آئے یا جو انسانی تعصب اور رسم ورواج کی پابندی کی وجہ سے، نیز چالاک وناپاک قیادتوں اور بیرونی سازشوں کے سبب بنیں۔ اور دینی شعور اور فراست ایمان کی کمی کی وجہ سے مسلم عوام اپنی سادہ لوحی کا شکار ہوگئے۔

۲۔ مذہبی حقائق اور دینی تصورات کو تحریف اور عصر حاضر کے مغربی تصورات سے محفوظ رکھنا۔ سیاسیات واقتصادیات کی اصطلاحوں کو دینی مقاصد کے بیان کرنے کے لئے استعمال کرنے سے باز رکھنا چاہئے اور دین کو خالص سیاسی نظریہ کے طور پر پیش کرنے اور عصر حاضر کے فلسفیانہ اصول اسلامی اصول کے مطابق کرنے کی مبالغہ کوشش کے نقصانات سے باخبر رہنا بھی ضروری ہے کیونکہ دینی حقائق اسلام کے بنیادی اور ہمیشہ قائم رہنے والے اصول ہیں وہ

اپنی جگہ پر مستقل بالذات ہیں اور وہ خود اپنے معیار ہیں ان معیاروں کو کسی دوسری کسوٹی پر جانچنے کی ضرورت نہیں ہے اس کو ناپنے کے لئے خود اسی کا گز ہے۔ انبیاء کرام کی دعوت کا موضوع یہی اصول تھے اور اسی کے لئے انہوں نے سعی وجدوجہد کی اور انہی پیمانوں پر آسمانی کتابیں نازل ہوئیں۔

اسی طرح ان باتوں سے پرہیز بھی ضروری ہے جو اللہ اور اس کے بندوں کے درمیان کمزور کرنے۔ آخرت میں ایمان کی اہمیت کو گھٹانے اور مومن کے دل سے احکام خداوندی پر عمل کرنے کے شوق جذبہ کو اس کی خوشنودی حاصل کرنے کے شوق کو، اللہ سے تقرب کی تمنا کو اور اس کی رضا کے لئے اور اس کے ثواب کی امیدیں کاوش کرنے کو بے اہمیت قرار دے کیونکہ یہ باتیں اگر پیدا ہوگئیں تو امت کا تشخص اور اس کی انفرادیت مجروح ہوگی اور عند اللہ ایسے لوگوں کا کوئی وزن نہیں رہے گا۔ اسی طرح بت پرستی کے عقیدوں، صریح شرک اور جاہلی عقیدہ درج کی برائیاں بھی ذہن نشین ہونا چاہئے اور صرف دستور ونظام پر تنقید اور غیر اسلامی حکومتوں کی زبانی مخالفت کو کافی سمجھنا دین کے قدیم ساوی اسلوب سے روگردانی اور جدید سیاسی اسلوب کی پیروی ہے۔

حضرات! نبی کریم ﷺ سے روحانی، جذباتی قلبی تعلق کی پختگی اور آپ کی ذات گرامی سے گہری محبت جو اپنی ذات اہل وعیال اور آل اولاد سے ہو جیسا کہ صحیح احادیث سے ثابت ہے۔

رسول اکرم ﷺ پر اس حیثیت سے ایمان کہ آپ خاتم رسل مولائے کل اور ہادی سبل ہیں اور آپ سے تعلق خاطر دین کی بنیاد ہے لہذا ان عوامل سے بچنا ضروری ہے جو اس محبت کے سرچشمہ کو خشک کرنے کا سبب بنیں یا کم از کم ان کو کمزور کریں۔ جذبات واحساسات میں سرد مہری پیدا کریں اور اس کے نتیجہ میں سنت پر عمل میں کوتاہی پیدا ہو، بے باکی اور دیدہ ذہنی پیدا ہو مزاج وافتاد ایسے رُخ پر پڑ جائے کہ آنحضرت ﷺ کو سرمایہ فخر باور کرنے اور آپ کی سیرت پڑھنے اور سمجھنے کا شوق کم ہو اور آپ کی محبت کو ابھارنے اور اس کو غذا دینے کے ذریعے سے روگردانی مذاق عام بن جائے۔ ہمارے موضوع کے اس پہلو پر ہر ایک کو توجہ کرنے کی ضرورت ہے اور خاص طور پر عرب بھائیوں کو اس کی زیادہ فکر کرنی چاہئے کیونکہ عرب قومیت کی

تحریکوں اور ماضی قریب کے حوادث نے ان کو اس سرچشمہ سے دور کرنے کی کوشش کی ہے جو ان کا سرمایہ حیات ہے اور جس کے وہ زیادہ حق دار اور ضرورت مند ہیں کیونکہ بعثت محمدیہ سے یہی سرزمین مشرف ہوئی اور قرآن کریم ان کی زبان میں نازل ہوا رسول اللہ ﷺ نے انہی کی زبان میں گفتگو فرمائی۔

تعلیم یافتہ طبقہ میں اور اس طبقہ میں اسلام پر اعتماد کی بحالی جن کے ہاتھوں تعلیم و تربیت اور مسائل ابلاغ کی باگ ڈور ہے اسلام پر اعتماد کی بحالی کا مطلب یہ ہے کہ انہیں اس بات کا یقین ہو کہ اسلام کے اندر نہ صرف زمانہ کو ساتھ لے کر چلنے اور تعمیر و ترقی کے میدان میں ہر ایک سے بڑھنے کی صلاحیت ہے بلکہ وہ پوری انسانی آبادی کی قیادت بھی کر سکتا ہے اور وہی زندگی کی کوشش کشتی کو ماہرانہ صلاحیت سے کھہ کر سلامتی و خوشحالی کے کنارے تک پہنچا سکتا ہے۔ انسانی آبادی کو ہلاکت اور خودکشی کی راہ سے نکال سکتا ہے جس میں مغرب کی بوڑھی اور اندھی قیادت نے اس کو ڈال دیا ہے اور وہ سمجھ سکیں کہ وہ ایسی بیٹری نہیں جو ڈسچارج ہو چکی ہے یا وہ دیا نہیں جس کا تیل خشک ہو چکا ہو اور جس کی بتی جل چکی ہو بلکہ وہ ایک عالمی و سرمدی پیغام ہے اور سفینۂ نوح کی طرح تنہا سفینہ نجات پا سکتے ہیں۔

دین کی صلاحیت کے متعلق اعتماد کی کمی یا اس کا معدوم ہونا دراصل اس تعلیم یافتہ کا مرض ہے جس نے مغربی ثقافت کے آغوش تربیت میں شعور کی آنکھیں کھولیں یا جس کو مغرب کی بالادستی نے یہی باور کرایا ہے یہی طبقہ پوری ملت کی تباہی کا ذمہ دار اور ذہنی ارتداد کا سبب ہے۔ ساری دستوری یا تمدنی بدعنوانیاں جو پورے اسلام کو کھوکھلا کر رہی ہیں وہ اس طبقہ کی کم نگاہی یا بے راہ روی کا نتیجہ ہے مگر یہی لوگ مسلم اقوام پر مسلط ہیں۔ ان اقوام پر مسلط ہیں جو صرف ایمان و قرآن کی زبان سمجھتا تھا جس کے اندر جوش عمل تھا اور دین کے لئے قربانی کا جذبہ تھا غرض اسی نظام تعلیم نے حکمراں طبقہ اور جمہور کے درمیان گہری اور وسیع خلیج حائل کر دی ہے جس کی وجہ سے ہر جگہ ایک عمومی بے چینی اور اضطراب کا دور دورہ ہے اور اس بات نے افراد کی ذہنی و عقلی قوتوں کو ایسے کاموں میں لگا دیا ہے جس کا کوئی فائدہ ان اقوام کو حاصل نہیں ہوا۔

حضرات! ضرورت ہے کہ مغرب سے درآمد کیا ہوا نظام تعلیم جو پورے عالم اسلام میں رائج ہے ایک بار نئے سرے سے اس طرح جائزہ لیا جائے اور پورا کھنگالا جائے اور اسے ایسے

قالب میں ڈھالا جائے جو مسلم عوام کے قد و قامت پر راس آئے اس کے عقیدہ و پیغام سے ہم آہنگ ہو اور جس سے مسلم قوم کی معنوی خصوصیت نمایاں اور اس کی انفرادیت آشکارا ہو مادۂ الحاد سے پاک ہو، تا کہ کائنات کا صرف مادی تصور اس کے سامنے نہ ہو کیونکہ جہاں تک علوم کا تعلق ہے وہ سب ایک دوسرے کا کاٹ کرنے والی اکائیاں ہیں جب کہ نظام فطرت ایک بے قید اور سب کو پامال کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے تاریخ انسان کے اضطراب و بے چینی اور آپس کی جنگوں کے لامتناہی افسانوں کا پلندہ ہے ان کو بنیاد بنا کر جب بھی عقلِ انسانی کی پرورش اور اس کے نمود کی بالیدگی کی کوشش کی جائے گی تو کامیابی کا دائرہ محدود سے محدود تر ہو گا۔

نظام تعلیم میں جزوی اصلاحات اور معمولی کتر بیونت کارآمد نہیں ہو سکتی۔ اس لئے ضرورت ہے کہ خواہ جس قدر بھی مسائل اور غور و فکر کی ضرورت پڑے۔ اچھے سے اچھے ذہن و فکر سے مدد لی جائے۔ بہتر سے بہتر وسائل اختیار کئے جائیں تا کہ ایک پائیدار اور مفید نظام تعلیم و تربیت امت کو مل جائے کیونکہ اس کے بغیر عالم اسلام اپنے پیروں پر کھڑا نہیں ہو سکتا۔ اپنی عقل اور اپنے ارادے کے مطابق کام نہیں کر سکتا اس کے بغیر نہ تو حکومتوں کو مسلمان کارندے مل سکتے ہیں نہ ایسے مومن و مخلص منتظمین مل سکتے ہیں نہ ایسے مومن و مخلص افراد مل سکتے ہیں جو اسلامی تعلیمات کے مطابق سرکاری دفاتر، عومی رفاہیت کے ادارے انتظامیہ اور عدلیہ دانش گاہوں اور وسائل گاہوں اعلام کو پابند کر سکیں تا کہ اسلام کا نظام معاشرت و حکومت جمال و کمال کے ساتھ سامنے آئے اور مسلم سوسائٹی اپنی خصوصیات اور انفرادی امتیازات کے ساتھ دنیا کے سامنے آئے۔

اس مقصد کے لئے ایک بین الاقوامی پیمانے پر مضبوط تحریک ہونی چاہئے کہ دنیا کے پڑھے لکھے سمجھ دار طبقہ میں اسلام کے علمی خزانوں کا تعارف کرایا جائے اور مسلمانوں کے علمی دینی کارناموں سے انہیں آگاہ کیا جائے علوم اسلامیہ میں زندگی کی نئی روح پھونک کر متمدن دنیا پر یہ واضح کر دیا جائے کہ اسلام کے عالمی و اجتماعی قوانین دنیا کے بلند ترین اور وسیع ترین اصول پر مبنی ہیں وہ اصول جو نظام فطرت سے ہم آہنگ ہیں اور ان میں کبھی کسی تبدیلی کا امکان نہیں۔ اور اس کی نفع بخشی اور قوت کسی زمانہ میں کم نہ ہوئی اور نہ ہو سکتی ہے اور وہ انسانی

زندگی کی رہنمائی وقت کے ہر دھارے پر اور زندگی کے ہر موڑ پر پوری ذمہ داری کے ساتھ انجام دے سکتی ہے۔

اور لوگوں کے بنائے ہوئے قانون جن کو وضعی قوانین کہا جاتا ہے سے بدر جہا بہتر ومفید اور پائیدار ہے۔

حضرات! انسانی نفوس اور قومی وجدان میں تمدنی نظام کی جڑیں بہت گہری ہوتی ہیں خاص طور پر ایسا نظام معاشرت جو دینی بنیادوں اور اس کی تعلیمات کے سایہ میں پروان چڑھا ہو۔ اور جس کی تعمیر میں ایک خاص انداز کے مذہبی ذوق کو دخل ہو اور جس پر اس قوم کی چھاپ ہو ایسے نظام معاشرت (یا تمدن) سے کسی قوم کو الگ کرنا اس کو زندگی کے میدان سے خارج کر دینے اور عقیدہ وعبادت اور مذہبی مراسم کے تنگ جو کھٹے میں قید کر دینے اور اس کے حاضر کا رشتہ ماضی سے توڑ دینے کے مترادف ہے لہذا اسلامی اور مسلم سوسائٹی کا فرض ہے کہ وہ ایک مستقل بالذات تمدن کی باریک بینی کے ساتھ تشکیل کریں جو مغرب کی کورانہ تقلید بغیر پلاننگ کے سرسری اقدام اور احساس کمتری کے احساس سے پاک ہو اسلامی تمدن کی نمائندگی پورے طور پر اس کے مرکزی قیادت میں، اداروں میں، گھروں میں اجتماعی جگہوں میں، ہوٹلوں میں تفریح گاہوں میں اور کسی حد تک اس کے دفتروں اور ہوائی جہازں میں اور سفارت خانوں میں ہونی چاہئے اس سے صرف یہی نہیں ہوگا کہ اسلامی ممالک اسلامی زندگی کا ایک نمونہ پیش کریں گے بلکہ اسلام کی ایک خاموش تبلیغ بھی ہوگی۔

میرے دوستو! مغربی تمدن بشمول مغربی علوم ونظریات کی ایجادات وامکانات کے ایک خام مال کی حیثیت سے قبول کیا جائے جس سے عالم اسلام کے فکری رہنما اور سربراہ ایک ایسا پائیدار مناسب وقت تمدن تیار کریں جس کی بنیاد اخلاق پرہیزگاری اور رحم وانصاف پر ہو۔ دوسری طرف اس میں نمود افزائش کی گنجائش ہو اس میں قوت وانج ہو جس کا اثر تمام شعبہ حیات پر پڑے۔ پیداوار بڑے اور عوام میں خوشحالی آسکے۔

خلاصہ یہ کہ مغربی علوم سے وہ چیزیں لی جائیں جس کی مسلم عوام یا مسلم ممالک اور حکومتوں کو ضرورت ہے۔ جس سے عملی فوائد میسر ہوں اور جس پر مشرق اور مغرب کی چھاپ نہ ہو اس کے علاوہ چیزیں جس کی انہیں ضرورت نہیں ہے ان سے استغنا برتا جائے مغرب سے معاملہ

ایک ہمراہی اور مد مقابل جیسا ہو کیونکہ اگر مشرق اس بات کا محتاج ہے کہ مغربی علوم سے بقدر ضرورت اخذ کرے تو مغرب بھی بہت سی چیزیں مسلم ممالک سے لے سکتا ہے ممکن ہے کہ مغرب کو ان ممالک سے سیکھنے اور حاصل کرنے کی زیادہ ضرورت ہو۔

مسلم ممالک میں چند ایسے ملک بھی ہیں جنہوں نے ماضی میں دعوت اسلامی اور اسلامی تمدن کی قابل ذکر اور شاندار خدمتیں انجام دیں ہیں اور عصر حاضر میں جو اس بات پر تلی ہوئی ہیں کہ جس طرح ممکن ہو اسلامی عنصر کو ناپید کر دیا جائے۔ جن کے یہاں ''پروگریسو اسلام'' کو مقبول بنانے کی کوشش ہو رہی ہے اور اسلام کی تفسیر سیاسی مصالح اور حکمرانوں کے شخصی ذوق و مزاج کے مطابق کیجارہی ہے ان حکومتوں کو باور کرایا جائے کہ یہ سیاست ایک ناکارہ اور بانجھ سیاست ہے جو کسی اسلامی ملک میں بھی کامیاب نہیں ہوئی ان حکومتوں کو یہ باور کرانے کی ضرورت ہے کہ وہ بجائے ناممکن العمل اور غیر فطری کوششوں کے اپنی قوت اور اپنی امکانی صلاحیتوں کو ملک وملت کے مشترکہ دشمن کے خلاف صرف کریں جس سے ملک وملت کو تقویت حاصل ہو۔

جہاں تک ان ممالک کا تعلق ہے جن میں اکثریت مسلمانوں کی ہے اور حکمران اسلام سے ''صلح کن'' قسم کا معاملہ کرتے ہیں وہاں اسلامی قوانین کی نفاذ کی ضرورت ہے اور اس لئے فضا کو سازگار بنانے کی حاجت ہے جو اسلامی قوانین کو نافذ کرنے کے نتیجہ میں جو اللہ تعالیٰ کی مدد و نصرت اور برکت سعادت حاصل ہوگی اسے سمجھانے کی ضرورت ہے نیز ان ممالک میں کوشش ہونی چاہئے کہ یہ مرکزی قیادت ہو جس کی بنیاد اسلام کے نظام شوریٰ پر ہو اور خیر و نفع کے کاموں میں باہمی تعاون کی اساس ہو اور کم از کم اپنی کوتاہی کا احساس ضرور ہو کہ مسلمان امامت عامہ یا خلافت اسلامیہ جس کو قائم کرنا مسلمان کا فرض تھا اور جس کے نہ قائم کرنے سے ان سے پرسش ہوگی۔

وہ ممالک جو غیر اسلامی ہیں وہاں اسلام کی دعوت اور اس کا تعارف حکمت و بصیرت کے ساتھ جاری رکھنا چاہئے اور وہ نہج اختیار کرنا چاہئے جس میں اسلامی تعلیمات کی روح جلوہ گر ہو زمانہ کے انداز کو جلوہ گر نہ کیا گیا ہو۔

رہے وہ ممالک جہاں مسلمان اقلیت میں ہوں اس بات کی فکر رکھنی ہے کہ اسلام کی صحیح

نمائندگی ہو اسلامی زندگی ایسی ہو جو دوسروں کو متوجہ کرے اور جس کی طرف لوگوں کے دل مائل ہوں۔ اخلاقی اور روحانی قدروں کی قیادت مسلمانوں کو سنبھالنا چاہئے اور ملک کو گراوٹ اور تباہی سے بچانے کی ذمہ داری قبول کرنا چاہئے۔ اسلام صرف اس صورت میں اپنی ضرورت اور اہلیت ثابت اور مسلمان اپنی دعوتی مہم اور قائدانہ کردار ان ملکوں میں ادا کرسکتے ہیں۔

آخر میں یہ عرض کرنا ہے کہ اسلام کی فطرت اس کی تابناک تاریخ فطرت سلیم کا تقاضا اور بنی نوع انسان کو طبعی خصوصیت کا یہ مطالبہ ہے کہ ایک دعوتی ایمانی حرکت مسلمانوں میں ضرور قائم رہے جو ایجابی انداز کی ہو اور مضبوط بنیادوں پر قائم ہو۔ داعیوں میں مردانہ صفات ہوں۔ بلند حوصلگی ہو ان کی نگاہیں بلند اور حقیقت رس ہوں۔ اور وہ دنیا کی عظیم طاقتوں سے آنکھیں ملاسکیں۔ وہ طاقتیں جو بزعم خود مسلم قوموں اور ملکوں کی تقدیر بنانے والی اور ان کے مسائل کا فیصلہ کرنے والی بن گئی ہیں۔ لیکن یہ بات کہ داعی الی اللہ ان صفات کا حامل ہو یا ان کے اندر یہ صفتیں پیدا ہو جائیں اس وقت ممکن ہے جب کہ وہ پوری یقین اور اطمینان قلب کے ساتھ ایک طاقتور دعوتی تحریک میں شریک ہوں اور ان کے اندر اسلام کی برتری کا عقیدہ ہو۔ اور اس پر ان کو یقین ہو کہ انسانیت اس دین کی محتاج اور ضرورت مند ہے۔

دعوت اسلام کی سرگرمی میں قربانی کا جذبہ، سرفروشی کی دھن، کوہ کنی کی ہمت تکلفات سے بری زندگی گذارنے کی عادت اور اگر ضروری ہو تو خطرات میں کودنے کی جرأت بھی ہے کیونکہ فطرت انسانی یہ ہے کہ وہ ایسی ایمان کی عزت کرتی ہے جس میں قوت ہو۔ اسی فرد کے احترام پر مجبور ہوتی ہے جس کو اپنے اصول عقائد پر اعتماد ہو اور ان کو قابل فخر سمجھتا ہو جس کے یہاں لذت اندوزی اور مال وجاہ کی بے وقعتی ہو اور جس کے اندر اپنے آپ کو خطرات میں ڈالنے کی ہمت ہو انسانی فطرت ہمیشہ اس کے سامنے جھکتی ہے جو شئے نایاب اور اس کی دسترس میں نہ ہو۔ کمزور انسان قوی انسان کے احترام پر فطرۃً مجبور ہے غریب آدمی امیر کی عزت کرتا ہے ناخواندہ پڑھے لکھے آدمیوں پر رشک کرتا ہے یہاں تک کہ ایک فروتر انسان کی عزت اپنے دل میں رکھتا ہے اسلامی تاریخ جانبازی کے کارناموں اور خطرات کا مقابلہ کرنے کے واقعات سے پر ہے۔ وہ اصحاب علم وبصیرت جو اقوام وملل کی تاریخ سے واقف ہیں اور وہ لوگ جن کے ضمیر زندہ ہیں وہ مشرقی ومغربی قیادتوں سے اکتا چکے ہیں اور ان کے اندر ان سے

نفرت کا جذبہ پایا جاتا ہے۔

ایک خلا کا پایا جانا، یعنی ایسی تحریک ایمانی اور دعوت دینی کا نہ پایا جانا جو اپنی جگہ پر قوی بھی ہو اور ایک ایسی سوسائٹی کا نہ پایا جانا جو مضبوط بنیادوں پر قائم ہوں اور مادی تمدن کی پیدا کردہ خرابیوں سے پاک ہو اور جو اسلام کی تعلیمات اور اس کی قدروں کی محافظ ہو ایسی سوسائٹی کا نہ پایا جانا اور دعوتی خلا اسلامی وجود کے لئے بڑا خطرہ ہے صحیح عقائد اور اسلامی زندگی کے لئے خطرہ ہے کیونکہ کسی ضروری چیز میں جو بشیرت کے لئے نفع بخش اور ضروری ہو خلا کا زیادہ مدت تک باقی رہنا غیر طبعی امر ہے ایسی خلا کا نتیجہ یہ ہوگا کہ کوئی دوسری تحریک سامنے آئے گی جو بے راہ روی کی دعوت دے گی وہ عقائد کے لحاظ سے فاسد و گمراہ، سلبی و تخریبی مقاصد کی حامل ہوگی۔ جن لوگوں نے مذاہب، تحریکات اور مختلف قسم کی دعوتوں کا مطالعہ کیا ہے وہ جانتے ہیں۔ کہ جب کوئی صحیح اور طاقت ور اسلامی تحریکات سامنے نہیں ہوئیں تو ایک غلط قسم کی تحریک نے کسی درجہ میں خطرات کا مقابلہ کیا اور کچھ قربانیاں دکھادیں اور مادی مظاہر سے اپنے آپ کو ذرا بلند دکھا دیا اور مسلم ممالک میں اسلامی تعلیمات سے دوری کی وجہ سے جو فساد ہے اس کی نشاندہی کردی اور بڑی طاقتوں کو ذرا للکار دیا۔ نعرہ بازیوں سے فضا کو اپنے حق میں استوار کرلیا اور پروپیگنڈوں سے اپنے تھوڑے کام کو پہاڑ بنا کر پیش کر دیا تو پھر کیا ہے لوگوں پر اس کا سحر چل جاتا ہے اور سب اندھا دھند اس کے پیچھے لگ جاتے ہیں خاص طور پر نوجوان تعلیم یافتہ یا نیم تعلیم یافتہ طبقہ میں اس کی دھوم مچ جاتی ہے اور وہ لوگ جو بعض ممالک کی بے راہ روی جمود و احیاء پسندی اور بے عملی سے نالاں ہیں ان پر اس طرح کی تحریکوں کا ایسا جادو چل جاتا ہے جس کو نہ کسی واعظ کا واعظ کر سکتا ہے اور نہ کسی ضمیر و قلم کا قلم۔ اور نہ کوئی منطقی استدلال کام دیتا ہے اور نہ کوئی علمی جائزہ اور تحقیق۔

پہلی صدی ہجری میں خوارج کی تاریخ۔ چھٹی اور ساتویں ہجری میں باطنیوں اور فدائیوں کی تحریک کی تاریخ حسن بن صباح کے افسانے اور جو اس کی مرکز عمل "قلعہ الموت" میں ہوا کرتا ہے اور بہتری فوج اور انقلابی تحریکوں کی تاریخ جو اسلام کے نام پر بگڑی ہوئی صورت حال کو از سر نو الٹ کر دعویٰ کرتی رہی ہے اور محض جھوٹ اور مکر و فریب کا لبادہ اوڑھ کر پبلک کے سامنے آئیں اسی طرح معاصر انقلابی و عسکری تحریکیں جنہوں نے اپنے ذاتی و سیاسی مقاصد کو

پورا کرنے کے لئے ہزاروں نوجوانوں کو اپنے گرد جمع کرلیا۔ جو ہر قربانی کے لئے تیار نظر آتے تھے یہاں تک کہ ہر امن پسند حلقے اور جماعتیں بھی اس زد میں خس وخاشاک کی طرح بہہ گئیں اور قرآنی نصوص اور اسلامی عقائد کی روشنی میں کسی کو جانچنے اور پرکھنے کی ضرورت نہیں محسوس ہوئی اور نہ انہوں نے اسلام کی طرف نسبت کرنے والے فرقوں کا علمی وتنقیدی مطالعہ اور قرآن وحدیث کی روشنی میں ان کا احتساب کرنے کی ضرورت سمجھی۔

میں اپنی یہ مختصر سی تقریر ایک قرآنی آیت پر ختم کرتا ہوں جس میں اللہ تعالیٰ نے انصار و مہاجرین کی مختصر جماعت کو مخاطب فرمایا ہے اور ان میں رشتہ مواخات کے قیام سے ساری دنیا اور انسانیت کے مقدر کو مربوط کیا ہے۔

''اگر یہ نہ کروگے تو زمین میں بڑا فتنہ اور بڑا فساد پھیل جائے گا۔''

اللہ تعالیٰ ہم سبھوں کو فتنوں سے امن ونجات نصیب فرمائے۔ اللھم آمین۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# اجتماعی ذہن اور قربانی وایثار کا جذبہ

الحمدللہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سید الانبیاء والمرسلین وعلیٰ آلہ وصحبہ اجمعین ، ومن تبعھم باحسان ودعی بدعوتھم الی یوم الدین. اما بعد! فاعوذ باللہ من الشیطان الرجیم ، وَلَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْکُمْ اِلَی التَّھْلُکَۃِ. صدق اللہ العظیم..

محترم حضرات! ( کہنے کی باتیں بہت سی ہیں لیکن اس وقت ہم یہ اہم اور ضروری بات کہیں گے کہ آپ اپنے ) ذہن کو اجتماعی بنایئے ،صرف اپنے مفاد کو سوچنا کہ ہمیں فائدہ ہوجائے دین پر کچھ گزر جائے ،ملت پر جو کچھ گزر جائے ہم سب کی فکر کیا کر سکتے ہیں، اس ذہن نے بڑا نقصان پہنچایا ہے، دیکھئے تو قرآن شریف میں آتا ہے" ولا تُلقوا بِاَ یدِیْکُم اِلَی التَّھلُکَۃ " اپنے ہاتھوں ہلاکت میں نہ پڑو۔ اس کو بہت سے لوگ ایسے پڑھ لیتے ہیں جیسے " ولا تقربوا الصلوٰۃ ولا تقربوا الصلوٰۃ. "نماز کے قریب نہ جانا"بعض بے حیا ناخدا ترس لوگ اس طرح پڑھتے ہیں اور کہتے ہیں صاحب! قرآن شریف میں تو ہے نماز کے قریب نہ جاؤ۔ "لا تقربوا الصلوٰۃ" اس طرح بدنیتی کے ساتھ تو نہیں لیکن بعض ناواقفیت کی وجہ سے سمجھتے ہیں کہ ان کو ہر خطرہ کے کام سے بچایا گیا ہے۔ان کو جہاں کہئے ذرا تبلیغ میں چلئے کچھ خطرہ مول لیجئے اپنی تجارت کے لئے کہتے ہیں، ولا تلقوبایدیکم الی التھلکۃ قرآن شریف میں ہے اپنے ہاتھوں ہلاکت میں نہ پڑو، کوئی کام ایسا نہ کرو جان بوجھ کر جس میں تمہیں نقصان پہنچے، حالانکہ اس آیت سے اس کا کوئی تعلق ہی نہیں۔ بلکہ اس آیت کا تقاضا بالکل اس کے برخلاف ہے چنانچہ سیدنا ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے

ایک موقع پر ایسا ہی سنا تھا۔ فرمایا ٹھہرو ٹھہرو تم نہیں جانتے یہ آیت تو ہم انصاریوں کے بارے میں نازل ہوئی تھی اس کی تفسیر تو ہم سے پوچھو، تم کیا جانو، قصہ یہ ہے کہ جب اسلام مدینہ میں آیا کمزور تھا کوئی اس کا ساتھ دینے والا نہ تھا تو ہم انصاریوں نے اس کا ساتھ دیا اور اپنی جان و مال سے ساتھ دیا اور اپنے تقاضوں سے آنکھیں بند کرلیں، بس ہر وقت اسلام کے لئے جان ہتھیلی پر لئے پھرتے تھے میدان جنگ میں کہا جائے تو وہاں تبلیغ کے میدان میں کہا جائے، تو وہاں اور مال خرچ کرنے کو کہا جائے تو ہم حاضر، غرض کہ ہم نے پھر مڑ کر نہ دیکھا کہ کیا ہو رہا ہے، ہمارے کھیتوں اور ہمارے باغوں کا کیا حال ہے، ہماری دوکانوں کا کیا حال ہے کچھ عرصہ گزرنے کے بعد جب ہم نے دیکھا کہ اب اللہ کے فضل سے مسلمانوں کی تعداد اچھی خاصی ہوگئی ہے اور اب اسلام ایسا گھرا ہوا اور میدان میں نہتا اور بے یار و مددگار نہیں ہے اور دوسری طرف ہم نے دیکھا کہ ہمارے مالوں پر، ہماری جائیدادوں پر بہت اثر پڑ گیا ہے اور تجارتیں ماند پڑ گئی ہیں، کساد بازاری میں ہم مبتلا ہو گئے ہیں، دوکانوں کے دیوالے نکلنے لگے ہیں، اور باغات خشک ہونے لگے ہیں، فرصت ہی نہیں ہم کو، تو ہم نے کہا اب ہم تھوڑے دن کی چھٹی لیں، مستقل آزادی یا مستقل چھٹی نہیں، بلکہ تھوڑے دن کی چھٹی لے لیں، سپاہی کو چھٹی ملتی ہے، طالب علم کو چھٹی ملتی ہے، استاد کو چھٹی ملتی ہے، ہم بھی چھٹی لے لیں۔ بس یہ خیال آنا تھا کہ یہ آیت نازل ہوئی ابھی شاید کہنے کی نوبت بھی نہ آئی تھی کہ آیت نازل ہوئی، ارے کیا کرتے ہو؟ اس وقت جب دین کو تمہاری مدد، تمہاری خدمت کی اور تمہاری جاں نثاریوں کی ضرورت ہے تم چھٹی کا نام لیتے ہو، یہ چھٹی سم قاتل ہے، یہ چھٹی خودکشی کے مترادف ہے فرمایا گیا۔ **وَاَنْفِقُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَلَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْکُمْ اِلَی التَّھْلُکَۃِ وَاَحْسِنُوْا اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ** . یہ پوری آیت ہے۔ اب لوگوں نے فتوؤں تک میں لکھنا شروع کردیا۔

میرے بھائیو ! حج ایک زمانہ میں ہندوستان میں مشکل ہوگیا تھا، دریائی سفر، بادبانی کشتیاں اور بدوؤں کی لوٹ مار دیکھ کر بعض علماء نے فتویٰ دے دیا کہ حج ہندوستانی مسلمانوں کے ذمہ سے ساقط ہے اور استدلال کیا اس آیت سے کہ **ولا تلقوا بایدیکم الی التھلکۃ** جان بوجھ کر ہلاکت میں نہیں پڑنا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے اور درجے بلند فرمائے۔ حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے اور ان کے شاگردوں اور ان کے خلفاء کے، کہ

انہوں نے اس کے خلاف مہم شروع کی اور فتویٰ لکھا اور پھر ان کے بعض خلفاء نے ان کے بھتیجے اور عزیزوں نے ایسی دھوم دھام سے حج کیا کہ پھر یہ خیال ہی لوگوں کے دلوں سے نکل گیا، ورنہ خدانخواستہ ہندوستان میں اس کی عادت پڑ جاتی کہ بھائی سمندر کا سفر خطرناک ہے اور حج ہمارے ذمہ سے ساقط ہے، تو آج حج اور کل زکوٰۃ اور پرسوں روزہ صحت پر برا اثر ڈالتا ہے **ولا تلقوا بایدیکم الی التھلکۃ** اور پھر اس کے بعد نماز کہ اس سردی میں ٹھٹھر جائیں اور ٹھنڈے پانی سے وضو کریں یا اس گرمی میں، چھوٹی سی رات میں، ہم نکلیں اور رات خراب کریں **ولا تلقوا بایدیکم الی التھلکۃ** تو سارا دین ہی معطل ہو کے رہ جائے تو مسلمانوں کا ذہن انفرادی ہے اجتماعی ہونا چاہئے یعنی ملت کے تقاضوں کو دیکھنا چاہئے اگر ہر شخص صرف اپنے اپنے تقاضوں کو دیکھنے لگے تو دین کی خدمت کہاں سے ہوگی۔ میں اس ادارہ کے متعلق نہیں کہتا، الحمد للہ ادارہ کے متعلق کہنے کے لئے یہ جلسہ ہوا ہی نہیں اور جو مدرسہ کا کام ہو رہا ہے۔ تعارف اور دینی خدمات وہ الگ ہے، لیکن یہاں یہ نہیں ہے کہ فلاں ادارہ اور فلاں چراغ بجھ رہا ہے ہم یہ کہتے ہیں کہ دین کا تقاضا ہے ہم یہ کہتے ہیں اپنے اپنے علاقہ کی خبر لیجئے، اپنی اپنی جگہ کی مسجدوں کی خبر لیجئے۔ مدرسوں کی خبر لیجئے اپنی اپنی جگہ کی دینی تعلیم کی خبر لیجئے، اپنی اپنی جگہ کے مسلمانوں کی عادتوں اور ان کے برے اخلاق کی خبر لیجئے، جن کی وجہ سے رحمت الٰہی رکی کھڑی ہے، گھنگھور گھٹا تلی کھڑی ہے لیکن برستی نہیں کہ مسلمانوں میں تو یہ یہ عیب ہیں، مسلمانوں میں تو یہ جرائم ہیں، ان ان چیزوں کے مرتکب ہو رہے ہیں ان چیزوں کی خبر لیجئے یہ دین کا اجتماعی تقاضا اگر آپ پر طاری نہ ہوا تو ہندوستان جیسے ملک میں دین کا باقی رہنا مشکل ہے اور ہندوستان کا کیا ذکر ہے ہندوستان تو خدا کے فضل وکرم سے بہت بہتر ہے اور بھی ملکوں میں جہاں نام کی اسلامی حکومتیں ہیں مسلمان حکومتیں ہیں وہاں کی نہ حکومت کچھ کر سکتی ہے نہ جامع ازہر جیسا ادارہ کچھ کر سکتا ہے۔ جس کا اگر آپ کو بجٹ اور اس کی شان وشوکت معلوم ہو اور اس کے شیخ کے اختیارات اور ان کی تنخواہ آپ کو معلوم ہو تو آپ حیران رہ جائیں، کیا کسی ملک کے صدر جمہوریہ کی وہ شان ہوگی وہ تنخواہ ہوگی، لیکن وہ کچھ نہیں کر سکتے، اگر اجتماعی ذہن نہ ہو تو کوئی کچھ نہیں کر سکتا، کسی کو کوئی دلچسپی ہی نہیں ہے، سب اپنے اپنے پیچھے پڑے ہوئے ہیں کہ ہماری اولاد دیڑھ جائے، اور جلدی سے کام میں لگ جائے، اور جلدی سے بڑی آسامی اس کو مل جائے

اس کے علاوہ کسی چیز سے کوئی دلچسپی ہی نہیں ہے، یہ بہت خطرناک ذہنیت ہے، اس ذہنیت نے قوموں کے چراغ گل کردیئے ہیں، جہاں یہ ذہنیت طاری ہوئی وہاں کوئی سر پٹک کر رہ جائے کوئی بڑے سے بڑا مصلح اپنی پوری زندگی صرف کردے کوئی اثر نہیں ہوتا، یہ ذہنیت ہمارے ملک میں پیدا ہورہی ہے اور موجود ہے کسی کو کسی سے کوئی مطلب ہی نہیں رہا، بس اپنا مفاد دیکھنا، اپنی خوشحالی کی، اپنے گھر کی، کاروبار کی، ترقی اور کامیابی کے سوا کسی چیز سے دلچسپی نہیں، ساری دقت اس وجہ سے پیش آرہی ہے کہ ذہن اجتماعی اور ملی نہیں ہے بلکہ ذہن انفرادی ہے، ذہن بالکل شخصی ہے ایک تو اس کی اصلاح ہونی چاہئے کہ ملت کے مسائل اور دین کے تقاضوں کا درد آپ اپنے دل میں پیدا کریں۔ اگر یہ نہیں ہے تو پھر بہت بڑا خطرہ ہے، نہ کوئی انجمن کچھ کرسکتی ہے نہ کوئی ادارہ کچھ کرسکتا ہے اور نہ کوئی اعلیٰ سے اعلیٰ مصنف اور واعظ اور مقرر کچھ کرسکتا ہے۔ خدا کرے آپ اتنی بات سے آگے کی بات سمجھ گئے ہوں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے دین سے محبت کرنے والا بنائے اور امت کا درد نصیب کرے۔ اللّٰھم امین۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

والسلام علیکم!

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# اسلامی بیداری کی لہر پر ایک نظر
# بے لاگ جائزہ مخلصانہ مشورے

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم. امابعد!

## دوستو اور بھائیو!

میرے لئے بڑی مسرت وعزت کی بات ہے کہ اس موقر اور محترم مجلس میں ''اسلامی بیداری'' کے موضوع پر گفتگو کا موقع مجھے عنایت کیا گیا۔ یہ موضوع بڑا اہم ہے۔ وہ ان دنوں علماء اور دانشوروں کی مجلسوں میں بحث ونظر اور لوگوں کی دلچسپیوں کا مرکز بنا ہوا ہے۔ اس وقت عالم اسلام کی اکثر محفلوں میں اس موضوع پر مثبت یا منفی انداز میں اظہار خیال کیا جا رہا ہے ساتھ ہی یہ موضوع بڑا نازک حساس (SENSITIVE) بھی ہے۔

اس لئے کہ بعض حضرات کے دلوں میں اس اسلامی بیداری کی تائید وحمایت کا طاقتور رجحان تقدیس تک پہنچتا نظر آ رہا ہے یہ لوگ کسی بھی ملک میں پھیلتی ہوئی اسلامی بیداری کی باتیں سنتے ہیں تو ان کے سامنے امیدوں کے چراغ روشن ہو جاتے ہیں اور اس بیداری سے بڑی بڑی توقعات وابستہ کر لیتے ہیں۔

لیکن میں آج کی مجلس میں کس قدر جرأت سے کام لیتے ہوئے صراحت کے ساتھ گفتگو کرنا، اور عالم اسلام میں موجودہ اسلامی بیداری کی لہر کا تعمیری نقطۂ نظر سے تنقیدی جائزہ لینا چاہتا ہوں۔ اور میرے خیال میں اس کی اس وقت ضرورت بھی ہے۔

## نازک امانت:

اسلامی بیداری درحقیقت بڑی اہم ذمہ داری اور بڑی نازک امانت ہے، اس کی مثال

ایک تیر جیسی ہے کہ صحیح نشانہ پر نہ پہنچے اور غلط پڑ جائے تو اسے کمان کا قصور نہیں سمجھا جائے گا نہ سوئے اتفاق پر محمول کیا جائے گا۔ بلکہ اسے تیر انداز کا قصور قرار دیا جائے گا۔ کہ نشانہ کی غلطی دست و بازو کی کمزوری، اور تیر انداز کی ناکامی ہے۔

یہی حال اسلامی بیداری کا ہے۔ اس بیداری اور حرکت نے اگر بالکل صحیح اور اچھی طرح سوچا سمجھا راستہ اختیار نہ کیا اور ذرا بھی غلطی ہوگئی تو اس سے اسلام کی ابدی و جاودانی قوت وصلاحیت پر یقین و اعتماد کو ٹھیس پہنچے گی اور یہ یقین مستحکم نہیں رہے گا کہ اسلام ہی صالح اور طاقتور بیداری کی صلاحیت رکھتا ہے فاسد ماحول کا مقابلہ کرسکتا ہے، صالح اور مثالی معاشرہ وجود میں لاسکتا ہے اور باخبر و باشعور قیادت فراہم کرسکتا ہے۔

بلکہ اس کا بھی خطرہ ہے کہ صحیح نظم و ترتیب اور سوچے سمجھے منصوبے کے فقدان کی صورت میں یہ بیداری اسلام اور مسلمانوں پر منفی اثر ڈالے اور مستقبل میں اسلامی بیداری کی جدید کوشش اور اس کی کامیابی و نتیجہ خیزی کے بارے میں شکوک وشبہات پیدا ہو جائیں۔

بعض لوگ اس بیداری کا ایک خاص مفہوم اور اس کی ایک خاص تعبیر و تشریح اپنے ذہن میں رکھتے ہیں وہ اسے صحیح راہ سے ہٹے ہوئے فاسد ماحول کے خلاف ردعمل اور غیر اسلامی قیادت وحکومت کے خلاف جنگ کے مترادف سمجھتے ہیں۔ اور کسی بھی غیر اسلامی قیادت یا استعماری طاقت کے خلاف جدّ و جہد، یہاں تک کہ اس کے خلاف محض نعروں، دعووں، مظاہروں اور اعلانات تک کا بڑی گرم جوشی کے ساتھ استقبال کرتے ہیں۔ پھر مزید تحقیق و تجس اور اس کے عملی نتائج کو جانچنے کی بھی ضرورت باقی نہیں رہتی۔

## بیداریؔ اسلام کی فطرت ہے:

میرے دوستو اور بھائیو! بیداری درحقیقت اسلام کی فطرت ہے، ضروری ہے کہ مسلمانوں میں اس کا سلسلہ قائم رہے، اس کی کڑیاں باہم مربوط و متصل رہیں یہ سلسلہ کہیں ٹوٹے یا رکے نہیں۔ اس لئے کہ یہ امت اسلامیہ ایک منتخب اور چنیدہ امت ہے۔ یہ انسانوں کا کوئی ریوڑ یا عام جماعتوں کی طرح مجرد کوئی انسانی مجموعہ نہیں ہے بلکہ اللہ کے آخری پیغمبر کی پیرو یہ امت پوری انسانیت کی اصلاح کے لئے مبعوث کی گئی ہے اور نبی کریم ﷺ نے

اس امت کی یہی صفت بیان فرمائی ہے۔ آپ ﷺ سے روایت نقل کی گئی ہے کہ ایک بار کبار صحابہ سے فرمایا:۔

**انما بعثتم میسرین ولم تبعثوا معسرین .**(۱)

(ترجمہ) ''تم لوگ آسانیاں فراہم کرنے والے بنا کر مبعوث کئے گئے ہو۔ دشواریاں پیدا کرنے والے بنا کرنہیں۔''

ایک صحابی حضرت ربعی بن عامر سے سپہ سالارِ افواجِ ایران نے پوچھا کہ تم لوگوں کو یہاں کون سی چیز کھینچ لائی۔ عرب کے صحراؤں سے نکل کر ایران کی سرزمین تک کس غرض سے آئے؟ انہوں نے جواب دیا:۔

**الله ابتعثنا لنخرج من شآء من عبادة الناس الى عبادة الله وحده، ومن ضيق الدنيا الىٰ سعتها ومن جورالا ديان الىٰ عدل الا سلام .**(۲)

(ترجمہ) ہم کو اللہ نے اس کام کے لئے مبعوث فرمایا کہ اللہ کی مشیت کے مطابق انسانوں کو انسانوں کی عبادت سے نکال کر اللہ وحدہٗ کی عبادت تک، دنیا کی تنگی سے نکال کر اس کی وسعتوں تک، اور مختلف مذاہب وادیان کے ظلم وجور سے نجات دلا کر اسلام کے عدل ورانصاف تک پہنچادیں۔''

اور اللہ تعالیٰ کے مبارک کلام سے زیادہ واضح اور بلیغ بات کس کی ہوسکتی ہے۔ وہ فرماتا ہے:۔

**كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللهِ .**(۳)

(ترجمہ) تم لوگ بہترین جماعت ہو جو لوگوں کے لئے پیدا کی گئی ہے۔ تم بھلائی کا حکم دیتے ہو۔ برائی سے روکتے ہو۔ اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو۔

---

(۱) ترمذی بروایت حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ۔
(۲) البدایہ والنہایہ، ابن کثیر۔
(۳) (سورۃ آل عمران ۱۱۰)

گویا نبی آخر الزماں ﷺ کی بعثت کے ساتھ ایک امت کی بعثت بھی شامل تھی انسانوں کی ایک ایسی جماعت کی بعثت جو باخبر اور باشعور ہو۔ صحیح راہ کی طرف دعوت دیتی رہے۔ ہر زمانہ اور ہر مقام پر انسانوں کی دیکھ بھال اس کے ذمہ لکھ دی گئی ہے۔ اور ہر دور میں نسل انسانی کے عقائد واخلاق کا احتساب اس کا منصبی فریضہ قرار دیا گیا ہے ع

ہے حقیقت جس کے دین کی احتساب کائنات

یہ اسلامی بیداری نوع انسانی کی دائمی وابدی ضرورت ہے۔ انسان کی بنیادی ضرورتوں غذا، پانی، ہوا سے اس بیداری کی ضرورت معنوی اعتبار سے کس طرح کم نہیں یہ پوری انسانیت کے لئے مطلوب ومفید ہے۔ اور اس کا فقدان صرف اسلام اور مسلمانوں کے وجود کے لئے نہیں بلکہ انسانی معاشرہ کی سلامتی اور اس کی سلامت روی کے لئے خطرہ ہے اسلامی دعوت و بیداری کے بغیر قومیں اور ملتیں بغیر چرواہے کے جانوروں کا ریوڑ بن کر رہ جائیں گی۔ یا سواریوں سے بھرا جہاز جس کا ملاح غائب ہو۔

میرے دوستو! اور بھائیو! آج کے زمانہ کو اسلامی دعوت و بیداری کی حاجت دوسرے زمانوں کے مقابلے میں کہیں زیادہ ہے۔ کیونکہ آج کا دور شہوات نفسانی اور شکوک و شبہات ذہنی کا دور ہے۔ اسلام سے دور نامانوس فلسفوں اور افکار ونظریات کا زمانہ ہے۔

ہمارے آج کے زمانہ میں اسلامی بیداری کی ضرورت کئی گنا زیادہ بڑھ گئی ہے اور اس کی ذمہ داریوں میں بھی اضافہ ہو گیا ہے۔ دنیا کے کسی ملک میں بھی یہ بیداری پیدا ہو ہمیں اس سے ہمدردی ہے ہم اس کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ اور اس کی کامیابی کے لئے دعا گو ہیں۔

لیکن یہ ہمدردی ہمیں اس بات سے نہیں روکتی کہ تعمیری نقطۂ نظر سے اس کا تنقیدی جائزہ لیں۔ خیر وصلاح کے معیار پر پرکھیں۔ اور اسلامی عقائد کی کسوٹی پر کس کو دیکھیں پھر اس کے بارے میں رائے قائم کریں اور صحیح فیصلہ کریں۔

اس سلسلہ میں ــــ میرے بھائیو! ــــ میرے کچھ خیالات اور مشورے ہیں انہیں میں پیش کرنا چاہتا ہوں اس امید پر کہ شاید ان سے اسلامی بیداری میں حصہ لینے والوں، اس کی طرف دعوت دینے والوں اور اس سلسلہ میں جدوجہد کرنے والوں کو کچھ فائدہ پہنچ سکے۔ اور صحیح [redacted] کی تعیین اور خطوط عمل کی تصحیح میں کچھ مدد مل سکے۔

## اسلامی عقائد کے ساتھ کامل ہم آہنگی

اسلامی بیداری اور اسلامی دعوت کی صحت و سلامتی کے لئے اور اسے قابل اعتماد و لائق احترام اور ہر طرح حفاظت و مدافعت کا مستحق بنانے کی پہلی شرط یہ ہے کہ یہ دعوت و بیداری قرآن وحدیث پر مبنی عقائد سے مکمل مطابقت رکھتی ہو۔ رسول کریم ﷺ کی سنت مطہرہ اور آپ ﷺ کے بعد خلفائے راشدین کے اسوہ وعمل، ماہرین دین وشریعت کے علم وفہم اور جمہور امت کے عقائد سے ہم آہنگ ہو۔

ایسا نہ ہو کہ سیاسی دھاروں اور وقتی رجحانات کے رخ پر بہنے لگے یا محدود مقامی حالات کا ردعمل، سیاسی غلبہ واستیلاء کی کوشش اور اسلامی حکومت کے قیام کے خالی دعووں تک محدود ہو۔ نوجوان آنکھ بند کر کے اس کا استقبال کرنے لگیں۔ اور اس کی حمایت و مدافعت کے جوش میں اس دعوت وتحریک کے سربراہوں کے عقائد کی تحقیق بھی ضروری نہ سمجھیں۔ متفق علیہ اسلامی عقائد سے ان کے انحراف اور بسا اوقات ان مسلمہ عقائد سے تضاد کو بھی نظر انداز کر جائیں۔

کیونکہ عقیدہ ہی درحقیقت وہ ہردم رواں پیہم دواں دریا ہے جو ہمیشہ صحیح رخ پر بہتا رہتا ہے۔ جس کا دھارا نہ تو رکتا ہے نہ اپنا رخ بدلتا ہے۔

لیکن وہ موجیں جو بڑے زور وشور سے اٹھتی ہیں اور اسی تیزی سے غائب ہو جاتی ہیں، وہ نالیاں جو بہتی ہیں اور سوکھ جاتی ہیں، ان پر اعتبار نہیں کیا جاسکتا۔ ممکن ہے وہ صبح کو موجود ہوں اور شام کو غائب ہو جائیں۔

جن لوگوں کو تاریخ اسلامی کے گہرے اور غیر جانبدارانہ مطالعہ کا موقع ملا ہے وہ خوب جانتے ہیں کہ تاریخ اسلامی کے مختلف ادوار میں متعدد ایسی تحریکیں اٹھی ہیں اور ایسے دھارے آئے ہیں جن میں بڑی کشش تھی، سحر تھا۔ ایک زمانہ میں ان کو بڑا عروج حاصل ہوا۔ ان کا سکہ چلتا تھا وہ تحریکیں وافکار وخیالات، روشن خیالی، عقلیت آزادی رائے کا رمز بن گئے تھے وہ اپنے دور کا چلتا ہوا فیشن (FASHION) تھا اور اس دور کے نوجوان ان کو اپنانے اور ان کی حمایت و مدافعت میں فخر محسوس کرتے تھے لیکن کچھ ہی دنوں بعد وہ پرشور دھارے، ہواؤں کی نذر ہو گئے۔ تاریخ کے صفحات میں لپیٹ دیئے گئے۔ اور جن لوگوں کا عقیدہ وعلم کلام اور فکری تحریکوں کی

تاریخ کا مطالعہ وسیع نہیں ہے انہوں نے ان کا نام بھی نہیں سنا ہوگا۔

## دینیات کے وسیع مطالعہ کی ضرورت:

اسلامی بیداری کی صحت و افادیت کے لئے دوسری لازمی شرط یہ ہے کہ یہ بیداری (امکانی حد تک) قرآن وحدیث کے فہم وادراک سے یکسر عاری اور اس کی ضرورت کی منکر نہ ہو۔ دینی مطالعہ میں کسی حد تک وسعت بھی ہو اور گہرائی بھی۔ یہ ضروری ہے کہ تعلیم یافتہ نوجوان جن کی تعداد بیداری کی ان تحریکوں میں بڑھتی جارہی ہے، کی ذہنی وفکری تربیت پر خصوصی توجہ دی جائے۔ ان کے لئے صالح اور طاقتور فکری غذا فراہم کی جائے جوان کی عقل وفکر کے نہاں خانوں کو منور کردے اور اس پر ایمان ویقین کو دوبارہ مستحکم کردے کہ اسلام ہی قیادت کی اور زندگی کے مشکلات کو حل کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

ان تعلیم یافتہ نوجوانوں کو اس بات پر آمادہ کرنے کی ضرورت ہے کہ قرآن کریم کے ساتھ مضبوط و مستحکم ایمانی، جذباتی اور علمی ربط قائم رکھیں اور سیرت نبوی، ابتدائی اسلامی تاریخ، اصلاح وتجدید اور مصلحین ومجددین کے حالات وسوانح کے مطالعہ کو لازمی قرار دیں۔ یہ مطالعہ ان کی صلاحیتوں کو اجاگر کرے گا،، تاریک راہوں میں روشنی فراہم کرے گا جس سے وہ اپنی صلاحیتوں کا بہتر استعمال کرسکیں گے۔ اوران کی جدوجہد کی نتیجہ خیزی اور کامیابی کے امکانات میں اضافہ ہوجائے گا۔ اگر یہ جدوجہد اخلاص اور رضائے الٰہی کے حصول کے جذبہ پرمبنی ہے۔

اسی طرح اس بات کی بھی ضرورت ہے کہ ان کی انفرادی، اجتماعی اور خاندانی زندگی اور ان کے انفرادی واجتماعی اخلاق وعادات کی اصلاح پر پوری توجہ دی جائے۔ اوراس انداز پر ان کی تربیت کی جائے کہ نہ صرف یہ کہ ان میں کوئی کمزوری اور جھول نہ ہو۔ بلکہ وہ دوسروں کے لئے حسن اخلاق کردار کی پختگی اور استقامت میں نمونہ اور مثال بن جائیں۔

اللہ کے دین کی دعوت دینے والوں اور تجدید وصلاح کی راہ میں جدوجہد کرنے والوں کا ہمیشہ یہی امتیاز رہا ہے۔ لیکن اس وقت اسلامی معاشرہ، اخلاقی انحطاط، معنوی زوال، باہمی انتشار، غیر مسلم ماحول کے اثرات اور غیر اسلامی رسم ورواج، نمودو نمائش اور تفاخر وظاہرداری کا

بری طرح شکار ہے۔ دعوت و اصلاح کے میدانوں میں کام کرنے والے بھی کم و بیش اس کمزوری کا شکار ہو چکے ہیں۔ دینی جدوجہد پر اس کے منفی اثرات بھی پڑنے لگے ہیں۔

اور بسا اوقات مخالفین کے لئے اس کمزوری نے اسلام پر تنقید و تشنیع کے مواقع فراہم کر دیئے ہیں۔ جن سے اسلامی کرداری پختگی و بلندی کی صورت میں آسانی کے ساتھ بچا جا سکتا ہے۔

## زمانہ اور مشکلات و مسائل زمانہ کا فہم و ادراک

دینی مطالعہ کے ساتھ ہی اپنے زمانہ اور اس زمانہ کی مشکلات و مسائل سے گہری واقفیت کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ نظر اس پر بھی ہونی چاہئے کہ اس دور میں کون کون سی تحریکیں اور کیسے کیسے رجحانات پائے جاتے ہیں۔ عام زندگی میں ان کی کیا طاقت اور اہمیت ہے۔ اور اسلام کے بارے میں ان کا نقطہ نظر کیا ہے۔ وہ دین اسلام کے مستقبل اور آنے والی اسلامی نسل کے لئے کس حد تک خطرناک ثابت ہو سکتے ہیں ملک و وطن کے اقتدار پر تسلط کی جدوجہد میں مصروف قیادتیں کس انداز و قماش کی ہیں۔ جو قوم کی زمام اقتدار اپنے ہاتھ میں لینا چاہتی اور معاشرہ کو اپنے افکار و عقائد و خیالات کو اپنی مرضی کے مطابق موڑنا اور زندگی کو ایک نئے سانچہ میں ڈھالنا چاہتی ہیں۔

کیونکہ ان طاقتوں، تحریکوں اور قیادتوں سے آنکھیں بند کر لینا اسلامی جماعتوں کا اپنے خول میں بند ہو جانا اور اپنے تمام مشاغل کو دین کی دعوت، دین پر مضبوطی سے قائم رہنے فرائض و واجبات کی ادائیگی اور ذاتی زندگی میں طہارت و عفت تک محدود کر لینا ایسا طرز عمل ہے جس کے نتیجہ میں کچھ مدت بعد شاید دین پر عمل اور احکام شریعت کے اتباع کی آزادی بھی چھن جائے۔ دین پر عمل کرنے والوں، دین کی دعوت دینے والوں کی زندگی تلخ ہو جائے۔ اور ان کے وہ حالات ہو جائیں جن کی تصویر قرآن نے ان الفاظ میں کھینچی ہے:-

حَتّٰٓى اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ O (۱)

(۱) (سورۃ التوبہ۔۱۱۸)

(ترجمہ) زمین اپنی کشادگی کے باوجود ان پر تنگ ہوگئی اور ان کا دم گھٹنے لگا۔

مسلمان دین کے باغیوں اور دشمنوں کے رحم و کرم پر غیر اسلامی قانون سازی، اسلامی قانون میں دخل اندازی اور ان کے خاص عائلی قانون کی مخالفت کی فضا میں اور مغربی مسیحی تصور کے زیر سایہ زندگی گذارنے پر مجبور ہیں کہ ــــ ''دین انسان کا ذاتی مسئلہ ہے اس کا تعلق بندہ اور خدا سے ہے'' زندگی، قانون سازی اور سیاست و نظام حکومت سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔

## زندگی کے حقائق سے چشم پوشی کے نتائج

یہاں میں اپنے دوستوں سے معذرت کروں گا جن کے خیال میں زمانہ اور مسائلِ زمانہ کے شعور و ادراک کی کوئی اہمیت نہیں، نہ اس کی کوئی ضرورت ہے کہ زندگی کے حقائق، معاصر ذہن و فکر کو مشغول کرنے والے مسائل، معاشرہ کو بنانے، بگاڑنے والے نظام تعلیم و تربیت، افکار و خیالات کے دھاروں اور اسلامی دعوت و تبلیغ کی کوششوں کے درمیان تطبیق و ہم آہنگی کے لئے ذہنی و علمی صلاحیتیں صرف کی جائیں اور وقت لگایا جائے۔

بعض اسلامی ممالک میں ایسے پر جوش اسلام کے داعی موجود ہیں جنہوں نے اس پہلو کو نظر انداز کر دیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ سماج میں موجود اور ذہن و فکر پر مسلط مسائل یا رجحانات میں الجھنے کی نہ ضرورت ہے نہ افادیت اور نہ ہم اس کے مکلف ہیں کہ دیکھیں کہ معاشرہ فساد و انحراف، آزاد خیالی و بد عملی کی طرف جا رہا ہے یا خیر و صلاح کی طرف؟ ہمارے لئے اتنا کافی ہے کہ ہم نماز روزہ کے پابند ہیں۔ اللہ کا ہزار ہزار شکر ہے کہ اس نے ہمیں اسلام کی نعمت سے نوازا ہے اس کے احکام پر عمل کی توفیق بخشی ہے۔ ہمارے لئے اتنا ہی کافی ہے۔

ان حضرات کے اخلاص میں شبہ کرنے کی ضرورت نہیں ان کی جدوجہد مشقت اور قربانیاں بھی قابل قدر ہیں۔ لیکن اس کے باوجود میں یہ عرض کرنے کی اجازت چاہوں گا کہ گرد و پیش کے رجحانات سے اغماض زمانے کی ضرورتوں اور تقاضوں سے اعراض، اپنی ذات تک محدود ہو کر رہ جانا، اسلام کے صحیح فہم کا نتیجہ نہیں بلکہ اسلام کی دعوت و تبلیغ کے لئے، شعور کی

بیداری اس کی تربیت، حقائق و مسائل کی سمجھ، دوست دشمن کی تمیز اور خالی خولی نعروں (SLOGANS) کے فریب سے اجتناب بھی ضروری ہے۔

تاکہ مسلمان، قوم پرستی، نسلی، لسانی، یا علاقائی عصبیت، اور چالاک سیاستدانوں اور غیر ملکی سازشوں کا بار بار شکار ہونے سے بچے رہیں اور ایسا نہ ہو کہ ان کی اپنی سادگی، صحیح دینی شعور کی کمزوری اور فراست ایمانی کی کمی کی وجہ سے دینی فضا بنانے کی ساری کوششیں، شریعت اسلامی کے نفاذ اور اسلامی نظام کے قیام کی ساری جد و جہد مٹی میں مل جائے۔ اور مسلم معاشرہ اور مسلم ممالک، لادینی نظام حکومت آزاد خیالی اور مغربی ''ترقی پسندی'' کے خطرے سے دوچار ہو جائے جو آج کے دور میں مقبول بھی ہے۔ اور ایسے عوام کے نزدیک مطلوب بھی جو اسلامی تربیت سے محروم بھی رہے ہیں۔ اور جن کی نشو ونما مغربی نظام تعلیم و تربیت اور اخلاق سوز وسائل ابلاغ کی زیر سایہ ہوئی ہے[1]

## اولین اسلامی معاشرہ کا امتیاز

صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین فراست ایمانی کی دولت سے مالا مال تھے۔ وہ نہ دھوکا دیتے تھے نہ دھوکا کھاتے تھے۔ وہ کسی کو فریب نہیں دیتے تھے یہ تو واضح بات ہے وہ اس سے بہت بلند تھے، لیکن ہم میں بہت سے لوگ ان کے اس وصف کی طرف توجہ نہیں دیتے کہ صحابہ کرامؓ کسی کے دجل وفریب کا شکار بھی نہیں ہوتے تھے۔

وہ بڑے ذہین وفطین اور ہمہ وقت بیدار عقل وشعور والے افراد تھے۔ ان کی عقل، ان کی طبیعتیں، دین کی روح اور دینی تعلیماتؐ کے خلاف کسی چیز کو گوارہ نہیں کرتی تھیں۔ وہ دلکش

---

(۱) جس کی واضح مثال پاکستان کے حالیہ (نومبر ۱۹۸۸ء) کے انتخابات ہیں وہ ملک جو اسلام کے نام پر قائم ہوا تھا۔ اور اسلامی نظام و تعلیمات کے نفاذ کے لئے اور دنیا کے سامنے اسلامی نظام کی صلاحیت واہلیت کو بطور مثال پیش کرنے کے لئے قربانیاں دی گئی تھیں۔ انتخابات کے نتائج اس کے بالکل برخلاف سامنے آئے۔ ترقی پسندوں اور اسلامی قوانین، اسلامی نظام کے مخالفین کو، نفاذ شریعت کا دعویٰ کرنے والوں کے مقابلہ میں فتح حاصل ہوئی۔ اور اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ تاریخ اسلام میں پہلی بار سب سے بڑی اسلامی مملکت کی سربراہی کا منصب ایک ''آزاد خیال'' خاتون کو حاصل ہوا۔ حالانکہ وہاں ہزاروں علما موجود ہیں سیکڑوں دینی مدارس قائم ہیں اور متعدد دینی، اصلاحی تحریکیں بھی سرگرم عمل ہیں۔

نعروں، پُرفریب مغالطوں اور نظر فریب مظاہر کا شکار نہیں ہوا کرتے تھے۔

اس کی سب سے واضح دلیل اور اعلیٰ ترین مثال یہ ہے کہ وہ نبی کریم ﷺ پر ایمان رکھتے تھے۔ آپ ﷺ کو معصوم سمجھتے تھے۔ جیسا کہ خود قرآن میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:۔

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ۝ (۱)

وہ اپنی خواہش نفسانی سے باتیں نہیں بناتے ہیں۔ ان کا کلام تو تمام تر وحی ہے جو ان پر بھیجی جاتی ہے۔

پھر ان صحابہ کرام کی نظروں میں آنحضرت کی ذات گرامی ان کی اپنی اولاد آباؤ اجداد اور خود اپنی جانوں سے زیادہ محبوب تھی۔ تاریخ میں کسی انسانی جماعت نے کسی نبی اور کسی داعی کا (حدود کی رعایت رکھتے ہوئے اور تقدیس وتعبد سے بچتے ہوئے جو صرف اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے) ایسا احترام نہیں کیا ہے اس کے باوجود اللہ کے رسول ﷺ نے ایک بار فرمایا:۔

انصر أخاک ظالماً او مظلوماً.

فرمایا اپنے بھائی کی مدد کرو خواہ ظالم ہو خواہ مظلوم۔

تو صحابہ کرام اس فرمان نبوی پر خاموش نہیں رہ سکے اور انہوں نے اس کی تشریح ضروری سمجھی۔

حدیث کے شارحین نے اس کی تشریح کی ہے کہ یہ زمانۂ جاہلیت کی مشہور مثل تھی۔ زمانہ جاہلیت کی عادت بھی یہی تھی۔ چنانچہ دیوان حماسہ کا ایک شاعر عرب کے ایک قبیلہ بنی مازن کی تعریف میں کہتا ہے:۔

لا یسألون أخاهم حین یندبهم فی النائبات علی ماقال برهاناً.

"جب ان کے بھائیوں پر کوئی مصیبت آتی ہے اور وہ ان کو مدد کے لئے پکارتے ہیں تو یہ لوگ بات کی صحت پر دلیل اور حجت کا سوال نہیں کرتے مدد کے لئے دوڑ پڑتے ہیں۔"

اس کے باوجود صحابہ کرام نے رسول اللہ ﷺ کا یہ فرمان سنا تو خاموش نہیں رہ سکے۔ ایک صحابی نے کہہ دیا کہ اللہ کے رسول! ہم مظلوم کی مدد کریں یہ تو ٹھیک ہے لیکن ظالم کی مدد کیسے

---

(۱) (سورۃ النجم ۳-۴)

کریں؟ صحابہ کی جرأت پر آنحضور ﷺ نہ تو خفا ہوئے۔ نہ چہرۂ مبارک پر کبیدگی یا ناگواری کے اثرات ظاہر ہوئے بلکہ بڑے سکون کے ساتھ فرمایا ''ظالم کو ظلم سے روک دو یہی اس کی مدد ہے''(۱)

رسول اللہ ﷺ نے مومن کی (اور اسلامی معاشرہ مومنین پر ہی مشتمل ہوتا ہے) صفت بیان فرمائی ہے جس سے اس کی ذہانت وفراست کا اندازہ ہوتا ہے ... آپ ﷺ نے فرمایا ''مومن ایک سوراخ سے دو بار نہیں ڈسا جاتا۔''(۲) ایک اور موقع پر فرمایا۔''مومن کی فراست سے بچو وہ اللہ کی روشنی کی مدد سے دیکھتا ہے۔''(۳)

## جہاد فی سبیل اللہ کی اہمیت

اس طرح اس طرف بھی توجہ دینا ضروری ہے کہ خالص قرآنی اور اسلامی مفہوم میں جہاد فی سبیل اللہ کی اہمیت اور اس کی قدر و قیمت دل و دماغ میں برقرار رہے اس کی عظمت وجلالت کا شعور کمزور نہ ہو جو برگزیدہ اشخاص مجاہد فی سبیل اللہ کی لقب سے سرفراز ہوئے اور جنہوں نے اس میدان میں نام پیدا کیا۔ ان پر رشک آئے ان کی نقش قدم پر چلنے کا شوق پیدا ہو اور شہادت کی تمنا دل میں کروٹیں لیتی رہے۔

یہ بہت بڑی ایمانی دولت ہے یہی جذبۂ جہاد اور شوق شہادت تمام قدیم وجدید قوموں اور ملتوں کے درمیان اس امت کا امتیاز اور اس کے عظیم الشان کارناموں بے مثال قربانیوں اور فداکاریوں کا منبع اور مصدر رہا ہے۔ تاریخ کے مختلف ادوار اور دنیا کے مختلف مقامات پر اللہ کی تائید ونصرت اسی مقدس جذبہ شوق کے ساتھ وابستہ رہی ہے۔ امت مسلمہ کی اس طاقت کے سرچشمہ اور اس دولت کے خزانہ سے محرومی ایسا خسارہ ہے جسے پورا نہیں کیا جاسکتا اور ایسا خلاء ہے جسے علم وعقل کی وسعت اور تہذیب وتمدن کی ترقی بھی پر نہیں کرسکتی۔

اس شوق اور جذبہ کو باقی رکھنے کے لئے ایسی کتابوں سے مدد لی جاسکتی ہے جو پڑھنے یا سننے والوں اور دین کے داعیوں میں دین کی غیرت اور حمیت کو بیدار کردیں ان کے سینوں میں

(۱) بخاری ومسلم۔ (۲) لایلدغ المؤمن من جحر واحد مرتین۔ مسند احمد۔ ۳۔ صحیح بخاری۔

عزم وعمل کی ایک دنیا آباد کردیں اور اللہ تعالیٰ کے کلمہ کی سربلندی کی راہ میں زندگی، زندگی کے عیش وعشرت اور جاہ وعظمت کو بے قیمت بنادیں۔(۱)

## جمود کو توڑنے والی تحریکیں خود جمود کا شکار

تاریخ کا ایک سبق جو بار بار دہرایا جاتا رہا اور جس سے عبرت حاصل کرنا ضروری ہے یہ ہے کہ بہت سی بنیادی اصلاحی تحریکیں جو درحقیقت اس مقصد سے اٹھیں کہ عقل وفکر اور زندگی پر طاری جمود کو توڑ دیں۔ اسلام کے بہتے ہوئے دریا کی سطح پر جم جانے والی کائی کو دور کریں۔ اور معاشرہ میں رائج ان رسموں عادتوں اور رواجوں کی زنجیروں کو توڑ دیں جن کی نہ کوئی دینی حقیقت ہے اور نہ معقولیت۔

جو تحریکیں اس لئے وجود میں آئی تھیں کہ اسلامی معاشرہ کی جامد عقلوں کو جھنجھوڑ دیں ان کی خفیہ صلاحیتوں کو بیدار کردیں تا کہ نئی نسل اپنے زمانہ کو زمانہ کی مشکلات کو سمجھ سکے۔ زمانہ کے صحیح اور معقول تقاضوں کی تکمیل کر سکے زمانے کا ساتھ دے سکے اور صرف ساتھ ہی نہ دے سکے۔ بلکہ اپنے زمانہ کی قیادت ورہنمائی کر سکے۔

اور اس بات کا ثبوت پیش کر سکے اسلام ہر زمانہ کے سوالات کا جواب فراہم کرسکتا ہے مشکلات کو حل کرسکتا ہے وہ ہر چیلنج کا مقابلہ کرنے کی اور ہر دو میں قیادت کی صلاحیت رکھتا ہے۔

تاریخ کا یہ بڑا عبرت ناک سبق ہے کہ ایسی اصلاحی تحریکیں (اگر ان کو انقلابی نہ کہا جائے) مرورِ زمانہ کے ساتھ خود اسی جمود کا شکار ہوگئیں جس سے نبرد آزمائی کے لئے وجود میں آئی تھیں اور اپنے ابتدائی طریق کار اور لائحہ عمل کی زنجیروں میں گرفتار نظر آنے لگیں۔ جو طریق کار ان تحریکات کی ابتداء میں اسوقت کے تقاضوں کے مطابق وضع کیا گیا تھا اور جو ایک محدود دائرہ کے اندر اصلاحی تحریک کے تقاضوں کو پورا کرتا تھا ان تحریکوں اور ان سے متعلق افراد نے

---

(۱) مثلاً نبی کریم ﷺ کے غزوات کی تاریخ، حدیث کی کتابوں میں جہاد کے ابواب، سلطان صلاح الدین ایوبی کے حالات یا ماضی قریب کی تحریکی جہاد کی تاریخ جیسے حضرت سید احمد شہید اور ان کے رفقاء کے سرفروشانہ کارناموں پر مشتمل مقرر کی کتاب ''سیرت سید احمد شہید'' (۱-۲) یا مختصر کتاب۔ ''جب ایمان کی بہار آئی''۔

ان لکیروں کو مضبوطی سے تھام رکھا ہے جو تحریکیں ان تحریکوں کے سربراہوں نے ماضی میں بڑے اخلاص اور بڑے فہم وتدبر کے ساتھ زمانے کے تقاضوں کو سامنے رکھ کر اور نبی کریم ﷺ کی اس حدیث پر عمل کرتے ہوئے بنائی تھیں۔

یحمل هذا العلم من كل خلف عدوله ينفون عنه تحرف الغالين وانتحال المبطلين وتاويل الجاهلين .(۱)

اس علم کے ہر نسل میں ایسے عادل ومتقی حامل ووارث ہوں گے جو اس دین سے غلو پسند لوگوں کی تحریف اہل باطل کے غلط انتساب ودعوے اور جاہلوں کی دور از کار تاویلات کو دور کرتے رہیں گے۔"

لیکن ان جماعتوں اور تحریکوں نے ان لکیروں کو اس مضبوطی سے تھام رکھا ہے، جیسے کوئی کسی نص قطعی اور منصوص حکم پر جما رہے، جس میں نہ کسی حذف واضافہ کی گنجائش ہو نہ کسی طرح کی لچک یا توسع کا امکان۔ جس کی وجہ سے ان دعوتوں اور تحریکات میں کام کرنے والوں کے ذہنوں میں جمود کا سایہ ہوگیا ہے۔ اور ان میں کبھی کبھی انتہا پسندی بھی آجاتی ہے کہ وہ اپنے طریق کار سے سرمو تجاوز گوارہ نہیں کرتے۔ اور اس پر اس طرح اصرار کرتے نظر آتے ہیں جیسے وہ بھی کوئی شریعت کی نص قطعی ہو یا منزل من اللہ قرآن کی آیت۔

اس کا سبب اس کے علاوہ اور کیا ہوسکتا ہے کہ یہ تحریک قوت نمو کھو چکی ہے۔ اس میں اتنی قدرت وصلاحیت باقی نہیں کہ ماحول کا از سر نو جائزہ لے، روح عصر کو پہچانے، نئے تقاضوں کو سمجھے، زمانہ کی نبض پر انگلیاں رکھے۔ اس کے مرض کی صحیح تشخیص کرے۔ اور اصلاح ودعوت کا طریق کار اور زندگی کے حقائق اور تقاضوں کے درمیان ہم آہنگی پیدا کرے۔

حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ اسلام کبھی بھی زمانہ سے پیچھے نہیں رہا اس نے ہمیشہ انسانی معاشرہ کی قیادت کی ہے اور اپنی تعلیمات اور زمانے کے تقاضوں کے درمیان ہم آہنگی پیدا کرنے کی صلاحیت کا ثبوت دیا ہے ایسے علماء اور قائدین ہر دور میں موجود رہے ہیں جن میں فکری بالیدگی تھی بے مثال ذہانت تھی۔ وہ دینی اصولوں اور شریعت کے اولین مصادر سے احکام

(۱) مشکوۃ۔ کتاب العلم، الفصل الثانی، رقم الحدیث ۲۳۸۔

کے استنباط اور اجتہاد کی قدرت وصلاحیت رکھتے تھے۔ انہوں نے حیرت انگیز صلاحیت اور بے مثال عبقریت (GENIUS) کا مظاہرہ کرتے ہوئے ہر زمانہ اور ہر مقام کے چیلنجوں کا مقابلہ کیا۔

زمانے کے مطالبات اور امت مسلمہ کی ضرورتوں کی تکمیل کی۔ انہوں نے زندگی کے حقائق سے کبھی آنکھیں بند نہیں کیں۔ وقت کی طلب اور زمانے کی آواز پر ہمیشہ کان لگائے رہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ دین ہمیشہ زندگی سے بھرپور اور مقبول ومحبوب رہا۔ انسانی معاشرہ کی قیادت کرتا رہا۔ اور اسلام کے دائرہ کے اندر صحیح راہ کی طرف رہنمائی کرتا رہا۔ (۱)

## غیر ضروری مسائل ومشکلات سے اجتناب کی ضرورت

اسلامی دعوت کی افادیت اور نتیجہ خیزی کو باقی رکھنے کی تیسری شرط یہ ہے کہ دعوت و تحریک ایجابی (مثبت) ہو وہ خالص سلبی بن کر نہ رہ جائے کہ حکومت وقوت یا وسائل سے مسلح افراد وعناصر سے پہلے ہی مرحلہ میں ٹکرانے لگے۔ اپنے لئے مسائل ومشکلات پیدا کرنے لگے اپنی ساری قوت وصلاحیت اسی ٹکراؤ میں ضائع کر دے، اور اپنے بے شمار دشمن وحریف پیدا کر لے، بے محل جدوجہد کرے۔ اور بغیر دشمن کے جنگ کرتی رہے۔

اس مقابلہ میں چاہئے کہ یہ دعوت سلبی سے زیادہ ایجابی ہو۔ اس نقطۂ نظر سے کام کرے کہ ایمان کو برسر اقتدار لوگوں تک پہنچانا ہے انہی کے ہاتھ میں اسلام کا جھنڈا دینا ہے اور انہی سے اسلامی نظام کو نافذ کرانا ہے۔ یہ مطمع نظر صحیح نہیں کہ اہل ایمان کو یا کسی خاص اسلامی اصلاحی تحریک کو اقتدار تک پہنچانے کی کوشش کی جائے۔ یا نظام اسلامی کی تنفیذ اور معاشرہ میں انقلاب کا حق کسی خاص جماعت کے افراد یا کچھ داعیوں کے لئے مخصوص کر دیا جائے۔

(۱) تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو حضرت مولانا نور اللہ کی کتاب ''تاریخ دعوت وعزیمت جلد اول۔ اور اس کا مقدمہ۔

# تجدید واصلاح کی بہترین مثال

مجھے اسلام میں اصلاح وتجدید کی طویل تاریخ میں کوئی بھی مثال کوئی تحریک جس کو حیرت انگیز کامیابی ملی ہو۔ یا کوئی مصلح حالات میں انقلاب لانے کی تاریخ کا رخ موڑنے اور اسے نئی راہ اختیار کرنے پر مجبور کرنے میں کامیاب ہوا ہو۔

حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندیؒ (م ۱۰۳۴ھ) جیسی کامیابی نہیں (۱) ملی۔ حضرت مجدد صاحبؒ کی کامیاب جدوجہد کی تصویر پیش کرنے کے لئے مقرر کی کتاب ''ربانیہ لارہبانیہ'' کا ایک اقتباس پیش کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔

''ہندوستان میں شہنشاہ جلال الدین اکبر کی حکومت لادینیت اور کھلے الحاد کا راستہ اختیار کرچکی تھی۔ اکبر جیسے طاقتور اور عظیم شہنشاہ نے یہ طے کرلیا تھا کہ اپنے تمام وسائل وذرائع اور طاقت وقوت کو کام میں لاکر ملک سے اسلام کی تمام خصوصیات وامتیازات کو ختم کردے اس کا نام ونشان مٹادے۔ اس کے پاس غیر معمولی صلاحیتوں کے انتہائی ذہین لوگ اکٹھے ہوگئے تھے۔ جو اس کے غلط عزائم اور اعمال میں اس کے دست وبازو بنے ہوئے تھے۔ وہاں کسی کمزوری کا شائبہ بھی نہیں تھا۔ حکومت اپنے شباب پر تھی۔ پیروی یا کمزوری کے آثار کا دور دور تک پتہ نہیں تھا۔ کسی انقلاب، تبدیلی یا بغاوت کا امکان بھی نظر نہیں آرہا تھا۔ علم منطق یا ظاہری قیاس یہ تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں تھا کہ حالات کا رخ بدل بھی سکتا ہے یا حکومت اور قوم میں کوئی واضح تبدیلی آسکتی ہے۔

ایسے حالات میں اللہ تعالیٰ نے اپنے ایک بندے کو اصلاح وتجدید کے لئے تیار کیا۔ اس اللہ کے بندہ نے تن تنہا انقلاب کا جھنڈا اپنے ہاتھوں میں سنبھالا۔ اور اپنے ایمان ویقین، عزم وتوکل اور روحانیت واخلاص کی داخلی قوت کے سہارے حالات میں انقلاب کی جدوجہد میں لگ گیا۔ اور نتیجہ یہ نکلا کہ مغل سلطنت کا ہر وارث پہلے سے بہتر ہوا۔ اور اخیر میں شہنشاہ محی الدین، اورنگزیب جیسا عالمگیر فاضل، صالح، فقیہ، مجاہد اور غیور مسلمان سریر آرائے سلطنت

(۱) تفصیل کی لئے ملاحظہ ہو'' تاریخ دعوت وعزیمت'' جلد چہارم تذکرہ مجدد الف ثانیؒ۔

ہوا۔ اسلامی حکومتوں کی تاریخ میں جس کی مثالیں بہت کم نظر آتی ہیں اس مبارک انقلاب کے قائد مجددی سلسلہ کے امام شیخ احمد سرہندیؒ مجدد الف ثانی تھے۔(۱)

احوال وظروف کی اس اصلاح وانقلاب میں حیرت انگیز کامیابی اس وجہ سے ممکن ہوئی کہ انہوں نے ایجابیت کو سلبیت پر ترجیح دی۔ زمام حکومت سنبھالنے والے شہنشاہ اور اس کے وزراء اور درباریوں کی اسلامی غیرت کو بیدار کیا۔ ان کے دلوں میں موجود ایمان کو جھنجھوڑا ان کو یہ یقین دلانے میں کامیاب ہوگئے کہ وہ حکومت وسلطنت نہیں چاہتے۔ بلکہ یہ تمنا اور خواہش نہ ان کے خواب وخیال میں آتی ہے نہ ان کے تلامذہ، مریدین کی آل واولاد کے خواب وخیال میں۔

بلکہ وہ تو صرف یہ چاہتے ہیں کہ برہمنیت ، ہندو فلسفہ اور جاہلی تہذیب وتمدن کی یلغار سے اس ملک میں جسے ان کے آباؤ اجداد نے اسلام کو پھیلانے کے لئے فتح کیا تھا اور اپنا خون بہایا تھا، اسلام کی مدافعت اور اسلامی قوانین کے نفاذ کی سعادت شہنشاہ، اس کے وزراء اور فوجی سرداروں کو حاصل ہو۔

یہ بات ان درباریوں اور امراء کے دل میں بیٹھ گئی اور ان کا رخ بدل گیا۔ وہ اسلام کے خلاف جنگ اور اسلام کے آثار ونشانات کو مٹانے کے بجائے اسلام کی مدافعت کرنے لگے۔ اور برہمنیت اور وثنیت کے آثار کو ایک ایک کر کے مٹانا شروع کر دیا جو اکبر کے زمانے میں بہت زیادہ پھیل گئے تھے۔

اکبر نے گائے کے ذبیحہ پر پابندی لگادی تھی کیونکہ ہندو اس کو مقدس سمجھتے ہیں اور اس کی پوجا کرتے ہیں۔ چنانچہ پورے قلمرو میں گائے ذبح کرنا جرم تھا۔ اور اس کا ارتکاب کرنے والے کو سزا دی جاتی تھی۔ دوسری طرف سور کے گوشت پر کوئی پابندی نہیں تھی ـــ اکبر کے مقابلہ میں اس کا بیٹا شہنشاہ نورالدین جہانگیر جو حضرت مجدد الف ثانی کے اخلاص اور تقویٰ سے متاثر تھا اور کچھ دنوں تک ان کی صحبت سے بھی فیضیاب ہو چکا تھا، اس نے جب کانگڑہ کا قلعہ فتح کیا جسے دوسرے مسلمان فاتحین فتح کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکے تھے۔ اور یہ فتح بھی ایک ہندو سپہ سالار کے ہاتھوں ہوئی تھی۔

---

(۱) ربانیہ لا رہبانیہ ص ۱۳۷، ۱۳۸۔ نیز ملاحظہ ہو مقرر کا رسالہ "الدعوۃ الاسلامیہ فی الہند وتطوراتہا" ۱۲۔

جہانگیر جب اس قلعہ میں داخل ہوا تو پہلا حکم یہ صادر کیا کہ وہاں مسجد بنائی جائے۔اور گائے ذبح کی جائے۔اسی ایک واقعہ سے اس کے والد اور خود اس کے طرز عمل، سیاست اور نفسیات میں واضح فرق کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

## جاہ ومنصب سے بے نیازی:

حضرات! اسلامی دعوت اور اسلامی بیداری کے لئے ایک ضروری عنصر یہ ہے کہ اس کے قائدین میں جاہ ومنصب اور عیش وعشرت کی زندگی اور جاہ ومنصب والوں کو اللہ نے جو نعمتیں دے رکھی ہیں ان میں ان کی ریس سے بڑی حد تک دور رہیں۔اور شریعت کی حدود میں رہتے ہوئے (بغیر رہبانیت اور غلو کے) اپنی استطاعت بھر زہد وقناعت اور توکل کی صفات پیدا کریں۔اور سلف صالحین اور اصحاب عزیمت کے نقش قدم پر زندگی گذارنے کی کوشش کریں اس سلسلہ میں اپنی کتاب ''رجال الفکر والدعوۃ'' جلد اول سے حضرت امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ کی سیرت کا ایک حصہ نقل کرنا مناسب سمجھتا ہوں:-

''تاریخ اسلام میں ہمیں زہد وقناعت اور تجدید واصلاح کی کوششیں ساتھ ساتھ نظر آتی ہیں۔طویل اسلامی تاریخ میں جن شخصیتوں نے زمانہ کی رفتار بدل دی، تاریخ کے دھارے کو موڑ دیا۔اسلامی معاشرہ میں نئی روح پھونک دی، اسلام کی تاریخ میں ایک نئے دور کا آغاز کیا علم وفکر اور دین کے میدانوں میں ناقابل فراموش ورثہ چھوڑا۔جو صدیوں تک ذہن وفکر کو متاثر کرتے رہے اور علم وادب کی دنیا میں جن کا سلسلہ چلتا رہا وہ ایسی ہی شخصیتیں نظر آتی ہیں جن میں زہد تھا دنیا سے بے رغبتی تھی، قناعت تھی جنہوں نے نفس کی خواہشات پر قابو حاصل کر لیا تھا۔مساوی دولت اور ارباب دولت وثروت واصحاب جاہ وحشم کی کشش ان کی نگاہوں میں ختم ہو گئی تھی۔

غالباً اس کا راز یہ ہے کہ دنیا سے بے نیازی قناعت اور زہد انسان کی اندر باطنی قوت اور عقیدہ وکردار کی اہمیت پیدا کر دیتا ہے۔مادی دولت میں ڈوبے ہوئے انسانوں، معدہ کے گرفتار اور شہوت کی شکار افراد کی قدر وقیمت ان کی نگاہوں میں گر جاتی ہے۔اسی وجہ سے ہم دیکھتے ہیں کہ نابغۂ روزگار اور عبقری اشخاص خواہ کسی قوم میں ہوں قناعت کی زندگی

گذارتے تھے۔ ہوا و ہوس کو پامال کر رکھا تھا اور اپنے زمانے کے بادشاہوں، امراء و اغنیاء سے بہت دور تھے۔ کیونکہ زہد انسان کی پوشیدہ طاقتوں کو ابھارتا ہے، صلاحیتوں کو جلا بخشتا ہے اور روح کو گرماتا ہے۔

اس کے مقابلہ میں عیش و آرام احساس کی شدت و نزاکت کو کند کر دیتا ہے۔ روح کو سلا دیتا ہے اور دل کو مردہ کر دیتا ہے۔ یہاں نفسیات اور علم اخلاق کے اعتبار سے اور توجیہات بھی ممکن ہیں لیکن طوالت کی وجہ سے انکا ذکر نہیں کر رہا ہوں۔ صرف اسی تاریخی تذکرہ کی حقیقت پر اکتفا کر رہا ہوں اور اسی پر زور دینا چاہتا ہوں کہ نشاط ثانیہ اور تجدید کا منصب زہد اور معمولی خواہشات اور حقیر باتوں سے بلندی کا طالب ہے۔ ہواؤں کے رخ پر چلنے کو گوارہ نہیں کرتا۔ عیش و عشرت کی زندگی اور دولت و ثروت میں کھیلنے کے بالکل منافی ہے۔ یہ رسول اللہ ﷺ کی خلافت کا منصب ہے اور رسول اللہ سے کہا گیا تھا کہ:۔

وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلَىٰ مَا مَتَّعْنَا بِهِ أَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيَوٰةِ الدُّنْيَا لِنَفْتِنَهُمْ فِيهِ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَّأَبْقَىٰO (طه. ۱۳۱)

اور ہرگز آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھئے ان چیزوں کی طرف جن سے ہم نے ان گروہوں کو متمتع کر رکھا ہے، ان کی آزمائش کے لئے کہ وہ محض دنیوی زندگی کی رونق ہے اور آپ کے پروردگار کا عطیہ کہیں بہتر اور دیرپا ہے۔

اور آپ ﷺ کو حکم دیا گیا کہ اپنی ازواج مطہرات سے کہہ دیں:۔

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُل لِّأَزْوَاجِكَ إِن كُنتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيَوٰةَ الدُّنْيَا وَزِينَتَهَا فَتَعَالَيْنَ أُمَتِّعْكُنَّ وَأُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيلًاO (۱)

حکم ہوا کہ ''اے نبی! آپ اپنی بیویوں سے فرما دیجئے کہ اگر تم دنیوی زندگی اور اس کی بہار کو مقصود رکھتی ہو تو آؤ میں تمہیں کچھ متاع دنیوی دے دلا کر خوبی کے ساتھ رخصت کر دوں۔''

جن اشخاص کو اللہ تعالیٰ اس عظیم کام کے لئے منتخب کرتا ہے یا جو لوگ اپنے آپ کو اس

---

(۱) (الاحزاب۔۲۸)

کے لئے پیش کرتے ہیں اور اس اہم منصب کی تمنا کرتے ہیں ان کے بارے میں اللہ کا دستور یہی ہے اور اللہ کا دستور بدلا نہیں کرتا۔(۱)

# جرأت وشجاعت اور قربانی کا جذبہ وشوق

اسلامی بیداری کے لئے پانچواں لازمی عنصر یہ ہے کہ دعوت کے ساتھ جرأت وشجاعت کی روح اور صبر واستقلال اور قربانی کا جذبہ وشوق بھی وابستہ ہو۔ اگر حالات کا تقاضا ہو تو خطرات میں کود پڑنے کی ہمت اور طاقت بھی رہنی چاہئے کیونکہ انسانوں کی فطرت ہے کہ وہ قومی ایمان بے مثال جرأت وشجاعت اور خطرات میں کود پڑنے کے جذبہ کی قدر کرتے ہیں وہ ایسی چیزوں کو بڑی عزت وعظمت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں جو خود ان کے اندر نہ ہوں اور اسلام کی تاریخ حیرت انگیز شجاعت اور خطرات کو گلے لگانے سے بھری پڑی ہے۔

اس جذبہ اور روح کے فقدان سے جو خلا پیدا ہوتا ہے وہ صحیح دعوتوں اور اسلامی تحریکوں کے لئے بڑا خطرناک ہے اسی وجہ سے بہت سی غلط اور فاسد تحریکیں پیدا ہوتی اور پروان چڑھتی ہیں جن کا عقیدہ بھی غلط ہوتا ہے اور طریق کار بھی۔ وہ سلبی، تباہ کن اور فساد پھیلانے والی ہوتی ہیں اس کے باوجود دل ودماغ پر ان کا جادہ چل جاتا ہے۔ سے کسی واعظ کا وعظ یا کسی انشاء پرداز کی تحریر توڑ نہیں سکتی۔ منطقی دلائل اور علمی بحثیں ان کا مقابلہ نہیں کرسکتیں۔

عالم اسلام میں ظاہر ہونے والی فوجی انقلابی تحریکیں اس کی واضح مثال ہیں جو بگڑے ہوئے حالات کی اصلاح یا اسلام کے نام پر سامنے آتی رہیں اور اسلام پسندوں کی کمزوریوں کا فائدہ اٹھاتی رہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ سیلاب ہی سیلاب کو تھام سکتا ہے تیز دھارے کو روکنے کے لئے اس سے زیادہ طاقتور دھارے کی ضرورت ہے مضبوط باطل کا مقابلہ طاقتور حق ہی کے ذریعہ کیا جاسکتا ہے۔ صحیح عقائد اور صالح مقاصد کے لئے قربانی کے شوق اور خداکاری کے جذبہ کی کمی، غلط اور فاسد تحریکوں کے جال میں پھنسنے کے لئے راستہ ہموار کردیتی ہے بگڑے ہوئے

---

(۱) رجال الفکر والدعوۃ ص ۱۰۵۔

حالات اور ظالم و جابر انتظامیہ سے بیزاری اور نفرت انتہا کو پہنچ چکی ہے۔اور جو صاف اور شیریں پانی نہیں پاتا وہ گندے اور خراب پانی سے اپنی پیاس بجھالیتا ہے اور سچ فرمایا ہے باری تعالیٰ نے:۔

اِلَّا تَفْعَلُوْهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ فِي الْاَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيْرٌO (الانفال ۷۳)

''اگر تم ایسا نہیں کرو گے تو زمین میں بڑا فتنہ اور فساد برپا ہو جائے گا۔''

## غیر مسلم اقلیت کے ملکوں میں اسلامی بیداری اور اس کا لائحہ عمل

یہاں ان ملکوں میں اسلامی بیداری کے بارے میں چند باتیں عرض کرنا چاہتا ہوں ،جہاں مسلمان اقلیت میں ہیں اور ان کے چاروں طرف غلط فہمیوں ، غلط بیانیوں، جھوٹے الزامات اور بے بنیاد واہموں کے دائرے پھیلے ہوئے ہیں۔ جہاں قومی جمہوری حکومتیں برسر اقتدار ہیں۔وہاں بھی ایک مدت سے اسلامی بیداری کی لہر موجود ہے اور اسلامی ممالک میں پیدا ہونے والی بیداری کی لہروں سے کچھ کم نہیں ہے۔

## اسلام کی مثالی سیرت و کردار کی نمائندگی

ان غیر اسلامی ملکوں میں مسلمانوں کے لئے عام طور پر اور اسلامی دعوت کا کام کرنے والوں کے لئے خاص طور پر یہ ضروری ہے کہ اسلام کی مثالی سیرت و کردار کا ممکن حد تک واضح اور مکمل نمونہ پیش کریں۔ یہ اس دین کے لئے احترام کا جذبہ پیدا کرنے کا سب سے قوی اور مؤثر ذریعہ ہے یہی بات برادران وطن کو اسلام کے مصادر (SOURCES) اور اسلامی تعلیمات کے مطالعہ کی دعوت دے سکتی ہے۔جن تعلیمات نے مسلمانوں کو بہترین سیرت واخلاق اور امتیازی رنگ عطا کیا ہے اور پرکشش سانچے میں ڈھالا ہے۔یہی بات ان کو قرآن مجید، سیرت نبوی ﷺ اور شریعت اسلامی سے مانوس ہونے اور اس کا مطالعہ کرنے پر آمادہ کرسکتی ہے۔

افسوس کی بات یہ ہے کہ ایک زمانہ سے مسلمان اسلامی سیرت و کردار سے ہٹ چکے ہیں وہ غیر مسلم اکثریت کے عادات واطوار، رسوم وروایات اور مقامی قدیم تہذیب وتمدن سے متاثر ہو چکے ہیں یا جدید مغربی مادی تہذیب کے زیر اثر آچکی ہیں۔

پھر یہ بات بھی واضح ہے کہ غیر مسلموں کے لئے یہ ممکن یا آسان نہیں کہ مسلمانوں کے اعمال و اخلاق کا مطالعہ مسجدوں اور مدرسوں میں جا کر کریں۔ وہ تو مسلمانوں کو دیکھیں گے بازاروں میں دفاتر میں محکموں میں اور عمومی اجتماعات اور تقریبات کے موقع پر اور یہیں سے وہ اچھا یا برا اور غلط یا صحیح تاثر قائم کریں گے۔

## پر امن اور بقائے باہم فضا بنانے کی کوشش

غیر مسلم اکثریت کے ملکوں میں مسلمانوں کے کرنے کا دوسرا ضروری کام یہ ہے کہ امکان بھر اپنی استطاعت کی حد تک اس بات کی پوری کوشش کریں کہ ملک میں امن وسکون کی فضا قائم رہے اور پر امن بقائے باہم (CO-EXISTENCE) کا اصول کارفرما ہو۔ تاکہ باہمی اعتماد و احترام کی فضا میں ایجابی اور تعمیری کاموں کا موقع فراہم رہے۔ کیونکہ اس کے بغیر دینی ادارے اسلامی سرگرمیوں کے مراکز یہاں تک کہ مسجدیں اور مدرسے سب خطروں کی زد پر ہیں۔ کسی وقت بھی نفرت اور فرقہ وارانہ جنون کا سیلاب ان تمام اداروں اور مقامات کو برباد کر سکتا ہے۔

اسی طرح امن وسکون اور باہمی احترام ہی کی فضا میں مسلمانوں کے لئے یہ ممکن ہوگا کہ وہ اپنے اسلامی تشخص وامتیاز کو محفوظ رکھیں اسلامی شریعت واحکام کے مطابق زندگی گذاریں۔ اپنے عائلی قانون اور خاندانی نظام کو باقی رکھیں۔ اپنی نئی نسل کو اسلامی عقائد وتعلیمات پر قائم رکھیں۔ اپنی اولاد کو اسلام کی تعلیم دلائیں اور اس بات کا اطمینان حاصل کرلیں جس کا اطمینان سیدنا یعقوب علیہ السلام نے حاصل کیا تھا۔ جب انہوں نے اپنے بیٹوں، پوتوں نواسوں سے سوال کیا تھا کہ میرے بعد تم کس کی عبادت کروگے۔ ما تعبدون من بعدی؟ تو ان لوگوں نے ایک زبان ہوکر جواب دیا تھا:۔

نَعْبُدُ اِلٰهَکَ وَاِلٰهَ آبَآئِکَ اِبْرَاهِیْمَ وَاِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ اِلٰهًا
وَّاحِدًا وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ . (سورۃ البقرہ ۱۳۳)

''ہم عبادت کریں گے آپ کے اور آپ کے باپ دادوں، ابراہیم اور اسمعیل اور اسحٰق کے معبود کی۔ اسی معبود واحد کی اور ہم تو اسی کے حکم بردار ہیں۔''

# سماجی بگاڑ کی اصلاحی اور اخلاقی قیادت

اسی طرح مسلمانوں کے لئے ضروری ہے کہ ملک کی اخلاقی قیادت کی ذمہ داری قبول کریں۔ ملک میں پھیلے ہوئے بگاڑ کو درست کرنے کے لئے سامنے آئیں۔ پاکیزہ شریفانہ زندگی اور انسانیت کے احترام کی دعوت دیں۔ ملک جس اخلاقی گراوٹ میں مبتلا ہے اور اجتماعی خودکشی کی راہ پر تیزی سے بڑھ رہا ہے اس کو روکنے اور سماج کو مکمل تباہی سے بچانے کی کوشش کریں۔

یہ کسی طرح جائز نہیں کہ ایسا جہاز غرق ہو جائے جس پر مسلمانوں کی ایک بڑی تعداد سوار ہو۔ اور اس وجہ سے غرق ہو کہ یہاں دولت کی اور شہوت نفسانی کی پوجا ہو رہی ہے۔ یہاں حرص ، لالچ اور مفاد پرستی انتہا کو پہنچی ہوئی ہے۔ یہاں رشوت، خیانت اور ملک سے غداری عام ہے۔ مسلمانوں کی ایک بڑی تعداد ان کے علماء مشائخ اور ان کی مدارس و معابد کی موجودگی میں کسی ملک اور سماج میں یہ بیماریاں پھیل جائیں بڑی فکر کی بات ہے۔ کیونکہ مسلمانوں کے پاس دین کی تعلیمات رسول ﷺ کی سنت اور صحابہ کرام کے اسوہ کی صورت میں اخلاقی تحفظ کا سامان موجود ہے جو اخلاقی بے راہ روی اور ذہنی دیوالیہ پن سے بچا سکتا ہے اور ملک اور سماج کو مکمل تباہی سے محفوظ رکھنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

اسی صورت میں مسلمان اپنے صحیح مقام و منصب کی نمائندگی کر سکیں گے۔ اور اسی صورت میں اہل وطن مسلمانوں کی عزت و احترام کریں گے ان کا پاس و لحاظ کریں گے ان کو آنکھوں میں بٹھانے اور دل میں جگہ دینے پر مجبور ہوں گے۔ اور ممکن ہے اللہ انہیں اس ملک کی قیادت کا ایک موقع اور عنایت فرمائے۔

اخلاقی قیادت کا میدان واحد میدان ہے جو اب تک خالی پڑا ہوا ہے۔ اور مسلمانوں کے لئے اس کا موقع ہے کہ وہ اس میدان میں اپنی صلاحیت، اہمیت و امتیاز ثابت کر دکھائیں اور اسی راہ سے قیادت کا منصب حاصل کر لیں۔

# جمہوری حقوق کا صحیح استعمال اور قانون سازی کے رخ ورفتار پر گہری نظر

جمہوری ملکوں میں بسنے والے مسلمانوں کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ اپنے شہری اور جمہوری حقوق کو فخر واعتماد اور جرأت وذہانت کے ساتھ استعمال کریں۔ کیونکہ وہ بھی ملک کے وفادار اور دیانت دار فرزند ہیں ان کو بھی وہی حقوق حاصل ہیں جو غالب اکثریت کو حاصل ہیں۔ اس طرح ان کو اس بات کے مواقع حاصل رہیں گے کہ اپنے حقوق اور اپنے مقام ومنصب کی حفاظت کریں اپنے دین ومذہب کے مطابق زندگی گذاریں۔ اپنی شریعت اور دینی تعلیم کو غیروں کی مداخلت سے محفوظ رکھیں۔

اس کے لئے ضروری ہے کہ مجالس قانون ساز میں بننے والے قوانین کا ذہانت اور بیدار مغزی کے ساتھ مسلسل مطالعہ کرتے رہیں اور ان مجالس کے نمائندوں کے انتخاب میں بھی اپنا پورا وزن استعمال کریں۔

ایسا نہ ہو کہ غفلت میں کسی مصیبت یا مشکل میں پھنس جائیں۔ اور اپنے مذہب وعقیدہ کے خلاف قوانین پر عمل کرنے اور حالات سے صلح کرنے پر مجبور ہو جائیں۔ ان کو اہل مصر کے لئے فاتح مصر سیدنا عمرو ابن العاصؓ کی وصیت ہمیشہ پیش نظر رکھنی چاہئے:۔

انتم فی رباط دائم

لتشوف القلوب الیکم

"تم مستقل محاذ پر ہو۔ کیونکہ مخالفین کے دل تمہارے ہی طرف لگے ہوئے ہیں۔"

# نئی نسل کی تعلیم وتربیت اور ان کے ایمان کی حفاظت

مسلمانوں کو چاہئے کہ نئی نسل کی مضبوط ومستحکم اسلامی تعلیم کا انتظام کریں۔ اور توحید کا عقیدہ جو ان کا شعار وامتیاز اور ان کے اور برادران وطن کے درمیان خط فاصل ہے اس عقیدہ کو نئی نسل کے دل ودماغ میں پیوست کر دینے کی ذمہ داری سنبھالیں۔ اور دقت نظر اور دینی غیرت

وحمیت کے ساتھ سرکاری نظام تعلیم وتربیت، مدرسوں میں مقرر نصاب تعلیم، ثقافتی پروگراموں، اور وسائل ابلاغ کا جائزہ لیتے رہیں۔

کیونکہ یہ چیزیں بچوں اور نوجوانوں کے عقیدۂ توحید پر برا اثر ڈالتی ہیں۔ اور بچے ہی نہیں تعلیم یافتہ مردوں، عورتوں کے عقیدہ کو بھی کمزور کرتی ہیں۔ بلکہ بسا اوقات اس کے خلاف دعوت دیتی ہیں۔ یہ سارا کام وطنی اور قومی ثقافت کے نام پر کیا جاتا ہے۔ حالانکہ یہ قدیم ہندوستانی دیومالا (MYTHOLOGY) ہے جسے پھر سے زندہ کیا جارہا ہے۔

مسلمانوں کو ان وسائل وذرائع اور اداروں کا مقابلہ کرنا چاہئے۔ انہیں دستور میں دیئے گئے حقوق سے فائدہ اٹھانا چاہئے۔ جو فکر وخیال کی آزادی دین وعقیدہ میں عدم مداخلت اور شہری حقوق میں مساوات کی ضمانت فراہم کرتا ہے۔ ملک کے ہر فرد کو مساوی عزت ومقام دیتا ہے اور ہر ایک کو اپنے عقیدہ اور خواہش کے مطابق نئین سل کی تربیت کا حق دیتا ہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ موجودہ وسائل ابلاغ اور نظام تعلیم وتربیت سے نوجوانوں، بوڑھوں، مردوں، عورتوں کے ذہنوں پر پڑنے والے اثرات کا مقابلہ کیا جائے۔ ان کے ذہنوں کے لئے اچھی غذا، مناسب دوا، طاقتور وپرکشش اسلامی ادب فراہم کیا جائے۔ اور دلوں میں موجود دینی غیرت واسلامی حمیت کو بیدار کیا جائے۔

رسول اللہ ﷺ کی وصیت "الدین النصیحة" (دین نصیحت اور خیر خواہی ہے) پر عمل کرتے ہوئے میں نے اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے اور کچھ مشورے دیئے ہیں اللہ تعالیٰ ہم سب کو حالات سمجھنے، خطرات کا صحیح اندازہ لگانے اور نیک عمل کی توفیق دے آمین۔

وما توفیقی الا باللہ علیہ توکلت والیہ انیب ○

# امریکہ کو درپیش خطرات اور اس کو تعلیمات نبوی کی ضرورت

[وہ تقریر جو ۲۵ جون ۱۹۷۷ء کو اسلامک سینٹر واشنگٹن میں کی گئی تھی، واشنگٹن کا یہ سفر سید مظہر حسین صاحب کی دعوت و معیت میں ہوا تھا اور انہیں نے سامعین سے حضرت مولانا کا تعارف کرایا تھا، جلسہ میں ہندوستانی، پاکستانی، اور عرب طلباء و فضلاء اور امریکہ کے دارالحکومت میں کام کرنے والے مسلمان اور خواتین موجود تھیں، جلسہ کا آغاز ایک مصری قاری نے سورہ کہف کے رکوع'' واضرب لهم مثلاً رجلين جعلنا لا حدهما جنتين من اعناب الخ'' سے کیا حضرت مولانا نے اسی کو اپنا موضوع بنایا۔]

میرے عزیز، معزز بھائیو اور بہنو!

مجھے بڑی خوشی ہے کہ میں آپ کے درمیان اس وقت واشنگٹن شہر میں ہوں جس کا اس وقت پوری دنیا کے تہذیب وتمدن، رجحانات، فیصلوں اور طریقہ کار پر اثر پڑ رہا ہے، ہم اس صورت حال کو پسند کریں یا ناپسند کریں یہ ایک واقعہ ہے۔

## عالم مغرب کی محرومی:

یہ مقام اس نے کس طرح حاصل کیا؟ اور اس میں امریکی قوم کی قابلیت، جدوجہد، ذہنی صلاحیت تنظیم، اشتراک عمل، باہمی اتحاد اور اس کی سائنسی صنعتی اور تجرباتی ترقیات کا کتنا بڑا حصہ ہے؟ اور ہماری کوتاہیوں کو کتنا دخل ہے؟ یہ ایک تاریخی بحث ہے، جس کا یہ موقع نہیں، مصنفوں، مؤرخوں اور موجودہ دنیا کا جائزہ لینے والوں نے اپنے اپنے نقطۂ نظر کے مطابق اس پر بحث کی ہے، اور اس کا تجزیہ کیا ہے۔

یہ ملک مادی حیثیت سے دنیا کی جنت بنا ہوا ہے، اور معاف کیجئے! یہی کشش آپ کو

اپنے محبوب وطنوں سے ہندوستان اور پاکستان، مصر و شام اور دنیا کے گوشے گوشے سے یہاں کھینچ کر لائی ہے، اور یہ کوئی بری بات نہیں ہے، جہاں مقناطیس ہوتا ہے وہاں لوہے کے ٹکڑے ذرّے کھنچ کر پہنچتے ہیں، جہاں دریا ہوتا ہے، وہاں پیاسے جمع ہوتے ہیں، جہاں باغ ہوتا ہے وہاں خوشہ چینی کرنے والے پہنچ ہی جاتے ہیں، میں امریکہ کو دیکھتا رہا اور دیکھتا چلا گیا، ایک سرے سے دوسرے سرے تک، ایک متوسط درجہ کے انسان کی حیثیت سے بھی اور قرآن اور تاریخ کے ایک طالب علم کی حیثیت سے بھی، میں نے یہاں جو کمی پائی وہ اس چیز کی ہے، جس کا ذکر ان آیتوں میں ہے، جو ابھی پڑھی گئی ہیں۔

خدا ان قاری صاحب کو جنہوں نے سورۂ کہف کی آیتیں پڑھی ہیں، جزائے خیر دے اور ان کی عمر میں برکت دے کہ انہوں نے حقائق کی ایک دنیا آنکھوں کے سامنے کر دی اور کم سے کم میری بہت مدد کی، میں سوچ رہا تھا کہ آپ سے کیا کہوں، کہنے کی باتیں تو بہت ہیں، آدمی کے لئے انتخاب مشکل ہوتا ہے، امریکہ میں میں آپ کو کیا پیغام دوں آپ مجھ سے کیا چیز سننے کے مشتاق ہوں گے؟ کہ اچانک قرآن نے دستگیری کی جو ہمیشہ کرتا رہا ہے اور کرتا ہے، اور مجھے ایسا معلوم ہوا گویا کہ میرے سامنے اس دور حاضر کی (جو اپنی مادی ترقی کے نقطۂ عروج تک پہنچ گیا ہے) تصویر ان آیتوں میں پیش کی گئی ہے:

كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْئًا وَّفَجَّرْنَا خِلٰلَهُمَا نَهَرًا وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا وَّاَعَزُّ نَفَرًا.(۱)

دونوں باغ کثرت سے پھل لاتے اور اس کی پیداوار میں کسی طرح کمی نہ ہوتی اور دونوں میں ایک نہر بھی جاری کر رکھی تھی، اور اس طرح اس شخص کو ان کی پیداوار ملتی رہتی تھی تو ایک دن جب کہ وہ اپنے دوست سے باتیں کر رہا تھا، کہنے لگا کہ میں تم سے مال و دولت میں بھی زیادہ ہوں اور جتھے اور جماعت کے لحاظ سے بھی عزت والا ہوں۔

امریکہ کی تصویر اس سے بہتر کیا کھینچی جا سکتی ہے؟ (جنتین) آپ شمالی و جنوبی امریکہ کو لے لیجئے یا مشرق و مغرب کو لے لیجئے، "جنتین من اعناب" یہاں کس چیز کی کمی

(۱) الکہف ۳۲۔۳۴۔

ہے ؟ یہاں کون سا میوہ نایاب ہے؟ یہاں کس چیز کا فقدان ہے؟ یہاں خدا کی دی ہوئی ساری نعمتیں موجود، لیکن یہاں کس چیز کی کمی ہے؟ اس چیز کی کمی جس کی طرف ایک صاحب ایمان، صاحب بصیرت دوست نے متوجہ کیا:

وَلَوْلَآ اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَکَ قُلْتَ مَاشَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ. (۱)

(ترجمہ) اور بھلا جب تم اپنے باغ میں داخل ہوئے تو تم نے ''ماشآء اللہ لا قوۃ الا باللہ'' کیوں نہ کہا؟

صرف ''ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ'' کی یہاں کمی ہے، یہ ''ماشآء اللہ لا قوۃ الا باللہ'' وہ چیز ہے، جو مٹی کو سونا بنادے، یہ ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ وہ چیز ہے، جو مادیت کو اعلیٰ درجہ کی عبادت بنادے، یہ ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ وہ چیز ہے، جو نفس انسانی کے سرکش گھوڑے کو اس طرح رام کرتی ہے کہ وہ مطیع وفرمانبردار مرکب اور منزل مقصود تک لے جانے والی ایک مبارک سواری ہوتی ہے، یہ ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ شاہ کلید ہے، جس قفل پر آپ رکھ دیں یہ اس کو کھول دے گا، اس مغربی دنیا میں، اس مادی دنیا میں جس چیز کی کمی ہے، وہ ''ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ'' کی کمی ہے، سننے میں تو چند لفظ ہیں، اور اپنی زندگی میں بار بار استعمال کرتے ہیں، ماشاء اللہ آپ کب تشریف لائے؟ ماشاء اللہ آپ نے یہ سوٹ کب بنوایا؟ ماشاء اللہ آپ کے لڑکے نے کب گریجویشن کیا؟ ماشاء اللہ آپ نے یہ موٹر کب خریدی؟ ماشاء اللہ آپ نے یہ مکان کب بنوایا؟

''ماشاء اللہ'' کے اندر بلاغت کے جو دریا بہہ رہے ہیں اور جو ساری دنیا کو حاوی ہے [illegible] اس کے اندر مادیت کو، غرور کو، اور اپنی طرف نسبت کرنے والی طاقت کو یعنی انسان [illegible] ہوتا ہے کہ یہ سب کچھ وہی کر رہا ہے، اس کو دبانے اور مغلوب کرنے کی جو عجیب و غریب طاقت ہے، اس کا ہم کو اور آپ کو احساس نہیں رہا، اس لئے ہم اس کو موقع بے موقع استعمال کرتے ہیں، اور اتنے مواقع پر پڑھتے ہیں کہ اس کی عظمت اور اعجاز کا احساس نہیں رہا، ماشاء اللہ کے معنی یہ ہیں کہ جو کچھ ہو رہا ہے، خدا کے ارادہ اور قدرت سے ہو رہا ہے، اس میں انسان کا کوئی کمال نہیں ہے، اس میں انسان کی کوئی تعریف نہیں۔ الحمد للہ رب العالمین۔ (۲)

---

(۱) ایضا ۳۹۔ (۲) سورۂ فاتحہ۔

سب تعریف خدا ہی کو سزاوار ہے جو تمام مخلوقات کا پروردگار ہے۔

میں جو حقیقت بیان کی گئی ہے اور

اِنَّمَآ اَمۡرُہٗۤ اِذَاۤ اَرَادَ شَیۡـًٔا اَنۡ یَّقُوۡلَ لَہٗ کُنۡ فَیَکُوۡنُ ۔(۱)

(ترجمہ) اس کی شان یہ ہے کہ جب وہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو اس سے فرما دیتا ہے، ہو جا، تو وہ ہو جاتی ہے۔

میں جو بات کہی گئی ہے، اور "رفع السموات الخ" میں جو فضیات بیان کی گئی ہے، وہ ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ میں سمٹ کر آ گئی ہے کہ اللہ جو چاہے گا وہی ہوگا اور لا قوۃ الا باللہ ، اللہ کے سوا کسی میں کچھ طاقت نہیں ہے۔

اگر آج مجھ سے کوئی پوچھے کہ امریکہ میں سب کچھ موجود ہے، خدا نے اپنے خزانوں سے اس کو مالا مال کر دیا ہے "اسبغ علیکم نعمہ ظاھرہ وباطنہ" کا مصداق "یأتیھا رزقھا من کل مکان" کی تصویر۔

اس بستی کی مثال جس کا رزق ہر جگہ سے آتا تھا، ہر جگہ سے اس کا رزق ابلتا تھا، برستا تھا، روزی کے بادل موسلا دھار بارش کی طرح برستے تھے، آج امریکہ کا حال یہی ہے، لیکن اگر پوچھا جائے کہ امریکہ دنیا کو امن وسکون کا پیغام کیوں نہیں دے رہا ہے؟ آج امریکہ دنیا کو ہدایت کا پیغام کیوں نہیں دے رہا ہے؟ وہ مادی تعاون کرتا ہے، معاشی احسانات کرتا ہے، لیکن......

## امریکہ کا کوئی مخلص دوست نہیں:

آج امریکہ ساری دنیا کا محسن بنا ہوا ہے، بہت سے لوگوں کے لئے (معاذ اللہ) یہ رزاق کا درجہ رکھتا ہے، لیکن آج کتنے ملک ہیں، جو امریکہ کے روپے سے پلتے ہیں، جو اس کے روپے اور اس کی امداد کی بدولت پسماندگی سے اٹھ کر ترقی یافتہ کہلانے لگے ہیں، کتنے ترقی پذیر ملکوں کی امریکہ مدد کر رہا ہے، لیکن اس احسان کی یہ قومیں اور ملک ممنون کیوں نہیں ہوتے ہم دیکھتے ہیں، امریکہ غلہ بھی دیتا ہے، مشینری بھی دیتا ہے، فوجی امداد بھی دیتا ہے۔

کتنے ملک ہیں جو امریکہ کی وجہ سے اپنے دشمن سے محفوظ ہیں، لیکن اس کے باوجود کوئی

---

(۱) یٰس ۸۲۔

امریکہ کے گیت نہیں گا رہا ہے، جب موقع ملتا ہے، امریکہ پر تنقید کرتے ہیں، امریکہ کے خلاف مضامین لکھتے ہیں، کتابیں لکھتے ہیں، امریکہ سے بیزار ہیں، کوئی امریکہ کا دلی دوست نہیں　　میں واشنگٹن میں آج وہائٹ ہاؤس کی دیوار کے سائے میں بیٹھ کر یہ اعلان کرنے کی عزت حاصل کر رہا ہوں اور خدا کی بارگاہ میں اس پر شکر ادا کرتا ہوں کہ خدا نے مجھے یہ توفیق دی کہ میں یہ حقیقت وہائٹ ہاؤس کے پہلو　میں بیٹھ کر بیان کروں کہ آج امریکہ کا کوئی دوست نہیں، کوئی مخلص نہیں۔''

کیا امریکہ کے عقلاء فلسفی اور دانشوروں کی سمجھ میں یہ بات نہیں آتی جو پانی کی طرح روپیہ بہاتے ہیں، جنہوں نے ملکوں کی جھولی　بھردی اور سچی بات تو یہ ہے کہ بڑی فیاضی کے ساتھ بڑی فراخ دلی بلکہ دریا دلی کی ساتھ بھری لیکن کیا بات ہے کہ آج یہ ملک امریکہ کے ممنون نہیں؟ یہ امریکہ کے سچے دوست نہیں، جب ان کو موقع ملتا ہے، کبھی یہ مشرقی بلاک کی طرف پھسل جاتے ہیں، کبھی امریکہ کی بالا دستی اور خیالات سے بغاوت کرتے ہیں، اور اگر ایسا نہیں کرتے تو وہ امریکہ سے زیادہ خوش نہیں، امریکہ کی محبت ان کے دل کے اندر پیوست نہیں، اس کی وجہ کیا ہے؟ وجہ یہ ہے کہ اس پورے عمل میں خلوص نہیں، امریکہ سب کچھ دیتا ہے، لیکن امریکہ کہ داد و دہش میں خلوص نہیں، قوموں کی کمزوری سے فائدہ اٹھانے کا جذبہ اس کے اندر کار فرما ہے۔

مختلف یونیورسٹیوں کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے، تحقیق کا کام کرنے والے، علمی، ادبی، فکری صلاحیت کے لوگ ہیں، آپ امریکہ میں رہتے ہیں، آپ کی نظر وسیع ہے، آپ یہاں بیٹھ کر ساری دنیا کا مطالعہ کرتے ہیں، آپ غور کیجئے کیا بات ہے، امریکہ جن قوموں کو اپنے احسانات سے مالا مال کر رہا ہے، اس کے جواب میں اس کو کیا ملتا ہے؟

اس کے جواب میں تصنع ملتا ہے، دنیا سازی، دھوکا بازی اور نفاق مل رہا ہے، آج امریکہ پر کوئی برا وقت آئے تو کیا کوئی ہمدردی کرے گا؟ کوئی چار آنسو بہائے گا؟ میں سمجھتا ہوں کوئی نہیں، سب انتظار کر رہے ہیں، اس کی تباہی کا اس کے زوال کا۔

## پیغمبروں اوران کے پیروؤں نے خلوص کے ساتھ انسانیت کی خدمت کی اور وہ محبوب بن گئے:

خدا کے پیغمبروں نے محنت کی انسانیت پر، انہوں نے ایمان کا تحفہ دیا، خلوص کا تحفہ دیا، صداقت کا تحفہ دیا، مساوات انسانی کا سبق پڑھایا، اخوت بنی آدم کا سبق دیا، نتیجہ یہ ہوا کہ قومیں ان کی غلام بن گئیں، ان قوموں نے اپنی زبان، اپنا کلچر، اپنی دو دو چار چار ہزار سال کی تہذیبوں کو خیر باد کہا، مصریوں، شامیوں، عراقیوں نے عربوں کی بلکہ عرب مسلمانوں کی حکومت قبول کی ان کی زبان بھی قبول کی، آج انگریزی کے خلاف ہمارے مشرقی ملکوں میں ایک تحریک جاری ہے، سائن بورڈ سے انگریزی کھرچی جارہی ہے، لیکن آج تک عربی زبان ختم کرنے کی کوئی تحریک عالم عربی میں نہیں اٹھی، حقیقت یہ ہے کہ عربی بولنے والے ممالک میں اسلامی تہذیب اور عربی اسلامی ثقافت کے خلاف کوئی بغاوت کوئی ردعمل نہیں لیکن شاید دنیا کے کونے کونے میں مغربی تہذیب کے خلاف ردعمل پایا جاتا ہے، وہ دن دور نہیں جب سب اس کا جوا اتار کر پھینک دیں گے، اور مشرقی تہذیب یا اپنی ملکی تہذیب کو زندہ کریں گے۔

## امریکہ صحیح آسمانی مذہب سے محروم ہے:

امریکہ میں سب کچھ ہے لیکن وہ کتاب الٰہی اور آسمانی تعلیمات کی نعمت سے محروم ہے، یہ سمجھنا کہ یہ کارخانہ خدا چلا رہا ہے، اور ہم نے یہ جو کچھ کیا ہے، خدا نے کیا ہے، اور ہم کو یہ سب کچھ اس کی مرضی کے مطابق صرف کرنا چاہئے اور ہم کو یہ سب کچھ اس کی بندگی میں صرف کرنا چاہئے اور ہم خدا کے غلام ہیں، اسی سے وہ یکسر ناآشنا ہے، ملک میں اگر کسی چیز کی کمی ہے تو اسی چیز کی کمی ہے۔

"جنتین من اعناب" تو ہیں، لیکن "ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ" نہیں لیکن جنت ارضی کا مالک وہی ہوسکتا ہے، جس کی نشاندہی قرآن نے کی "مثل الرجلین" میں سے احد الرجلین جو ہے وہ خالص مادہ پرست ہے، باغی ہے، خدا کا ناشکرا ہے، مادہ پرست اور خود پرست ہے، اور دوسرا انسان مومن ہے، وہ کمزور ہے، اس کے پاس "جنتین من اعناب"

نہیں ہے وہ باغات سے محروم ہے، لیکن وہ مومن ہے خدا نے اس کو ایمان کی دولت دی ہے۔

"کلتا الجنتین اتت اکلھا" دونوں باغوں نے کوئی کمی نہیں کی، جیسے کوئی چیز ابل پڑی ہے، دونوں باغ اس طرح ابل پڑے جیسے چشمے ابلتے ہیں، ان کے اندر کی طاقتیں اور شادابی ابل پڑی، انہوں نے کوئی کمی کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی۔

اب دوسرے بھائی کی باری آتی ہے، وہ کہتا ہے کہ یہ سب کچھ صحیح ہے، لیکن اس میں صرف اس کی ضرورت ہے کہ ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ کا اضافہ کرلیا جائے "لو لا اذ دخلت جنتک قلت ماشاء اللہ الخ" جب تم نے اپنے باغ میں قدم رکھا تھا تو کہتے ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ یہ سب خدا کا فضل، اس کی دین اس کی رحمت وقدرت کا کرشمہ ہے۔

کار زلف تست مشک افشانی اما عاشقاں
مصلحت را تہمتے برآ ہوئے چلیں بستہ ند

## اگر امریکہ ایمانی ذہن رکھتا؟:

امریکہ یہ نہیں کہہ رہا ہے کہ یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا ہے، کیوں نہیں کہہ رہا ہے؟ اس کی تفصیل طویل بھی ہے، دل خراش بھی، اور ہمارے اور آپ کے لئے شرم ناک بھی، طویل اس لئے ہے کہ یہ صدیوں پر مبنی ہے، دل خراش اس لئے ہے کہ آج یہاں اس کی کمی نہ ہوتی اگر امریکہ کے دامن میں ایمان ہوتا اگر آج امریکہ ایمانی ذہن رکھتا ہوتا تو آج دنیا کا نقشہ کچھ اور ہوتا، دنیا کی تاریخ کچھ اور ہوتی، آج جنگ کے بادل ہمارے سر پر نہ منڈلاتے، ایٹمی توانائی سے اندیشہ نہ ہوتا، شرم ناک اس لئے کہ مسلمانوں نے اس ملک کو اسلام کا پیغام دینے میں کوتاہی کی، خدا نے بہت موقع دیا تھا، مسلمان قومیں یہاں آئیں جب اس ملک نے ایک نوخیز بچہ کی طرح سر اٹھایا تھا اس وقت نظر آ رہا تھا کہ یہ بچہ کتنا ہونہار ہے، اس وقت ہمارے مسلم ممالک سو رہے تھے، خواب خرگوش میں مبتلا تھے، اس لئے پہلے بھی اصل موقع کھو دیا گیا جب اسپین موجود تھا، اسپین یورپ میں تھا، اس وقت بجائے الحمرا اور قصر الزہراء بنانے کے اور بجائے بڑی بڑی عمارتیں اور شاندار مسجدیں بنانے کے اسلام کا پیغام یورپ کے دل وجگر میں

داخل کرنے کی کوشش کی ہوتی ، اسلام کے مبلغ اور داعی سارے یورپ کا چکر لگاتے اور جائزہ لیتے لیکن ایسا نہیں ہوا، اس لئے میں کہتا ہوں کہ یہ داستان شرم ناک بھی ہے، بہر حال جو کچھ ہونا تھا ہوا، اب اس ملک میں اگر کسی چیز کی ضرورت ہے تو یہ کہ اس کا رشتہ نبوت سے قائم کیا جائے ،افسوس کہ مسیحیت اس فرض کی تکمیل سے قاصر ہے۔

## مسیحیت کی ناکامی:

مسیحیت صدیوں پہلے اس فرض کے انجام دینے سے قاصر ہو چکی تھی ، اگر آپ مسیحیت کی تاریخ پڑھیں گے تو آپ دیکھیں گے کہ مسیحیت یا تو انتہا پسند۔ رہبانیت سے کم کسی چیز پر راضی نہیں تھی ، یا اس کے اندر بیجا جمود و عصبیت کا ایسا مادہ تھا کہ وہ علم و تحقیق کے رواں دواں قافلے کا راستہ روک کر کھڑا ہونا، اس کی منزل کھوٹی کرنا، اس کے درپے آزار ہو جانا ضروری سمجھتی تھی، مسیحیت اس ملک کو راہ پر لگانے کے لئے کسی طرح موزوں نہیں تھی، مسیحیت میں وہ طاقت نہیں کہ امریکہ اور یورپ کے نئے عزم و حوصلے سے بھرپور، پرجوش سرگرم انسان کو اعتدال کی راہ دکھائے اس کو جامعیت کی راہ دکھائے ،وہ کہے " اهدنا الصراط المستقيم" پھر وہ کہے "ربنا آتنا في الدنيا حسنة" یہ تعلیم دینا مسیحیت کا کام نہیں مسیحیت "ربنا آتنا في الدنيا حسنة " کہنے کے لئے تیار نہیں اس لئے کہ وہ ترک دنیا کی قائل ہے۔

## اسلام ہی متوازن و جامع تعلیمات کا حامل ہے:

" رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً " کی تعلیم دینا آپ کے اسلاف کا کام تھا یہ آج ہمارا کام ہے کہ اسلام کا ایسا متوازن ایسا جامع تخیل ان کے سامنے پیش کریں کہ یہ سمجھیں کہ اسلام ہی ان کی صحیح رہنمائی کر سکتا ہے، اگر امریکہ کا اسلام سے، نبوت محمد ﷺ سے، آسمانی تعلیمات سے ، اسلامی اقدار سے رشتہ قائم ہو جائے تو آج ساری دنیا پر رحمتوں کے دروازے کھل جائیں، آج دنیا کی قسمت بدل جائے تقدیر بدل جائے جنگوں کے بادل چھٹ جائیں، دلوں سے نفرت دور ہو جائے ، انسان ، انسان کا شکاری نہ رہے ، انسان ، انسان بن جائے ، انسان صرف شیطان کا دشمن اور انسان کا دوست بن جائے ، یہ اسلام ہی کر سکتا ہے، اور جب کبھی بھی اس ملک میں یہ بات ہوگی اسلام ہی کے ذریعہ ہوگی۔

## محرف عیسائیت:

عیسائیت صدیوں پہلے جب وہ فلسطین کی سرزمین سے نکلی تھی اور اس نے رومن امپائر میں قدم رکھا تھا، اسی وقت سے اس نے اپنی شخصیت کھودی، مجھے بڑی خوشی ہے کہ عیسائیت کے سب سے بڑے مرکز میں مجھے یہ کہنے کی جرأت ہو رہی ہے کہ موجودہ عیسائیت اس نبی مبعوث کا مذہب نہیں جو اللہ تعالیٰ کا پیغام لے کر آیا تھا، اور امن و محبت کا پیغام دیتا تھا، بلکہ موجودہ عیسائیت سینٹ پال کی پیدا کی ہوئی ہے، یہ اس کی ذہانت کا نتیجہ ہے، یہ سینٹ پال اور قرون وسطیٰ کی مسیحیت ہے، مسیحیت ایسے ابلتے ہوئے دوڑتے ہوئے ملک اور بے چین و بے تاب تہذیب اور نسل کی رہنمائی کرنے سے قاصر ہے، نہ اس میں جامعیت کا پیغام ہے، اور نہ اس میں وہ اخلاق کی طاقت ہے، جو اس کو روک سکے۔

## اہل امریکہ کے نام پیغام:

اے امریکہ کے رہنے والو! اے وہائٹ ہاؤس کے ذریعہ ساری دنیا پر حکومت کرنے والو یہ سب تم کو مبارک ہو، ہم اس کو حقارت کی نگاہ سے نہیں دیکھتے، ہم صرف اتنا کہتے ہیں کہ اس میں "ماشآء اللہ لا قوۃ الا باللہ" کا اضافہ کرو، اس سب کو خدا کی مرضی کے تابع بنا دو، اس سب کو خدا کے احکام کے تابع کر دو، اس سب کو انسانی تعمیر، اخوت انسانی اور انسانی فرض اور انسانی مساوات کے جاری ہونے کے لئے استعمال کرو، دنیا میں امیر و غریب کا تفاوت نہ ہو، حاکم و محکوم کا امتیاز نہ ہو، یہاں مشرقی مغربی کا فرق نہ ہو، اپنی دولت نئی دنیا کی تعمیر میں صرف کرو، اگر ایسا کرو گے تو اپنے حق میں بھی اچھا کرو گے کیونکہ اس کے بغیر یہ تہذیب زندہ نہیں رہ سکتی، سن لیجئے! آج میں واشنگٹن میں بیٹھ کر اور اس وہائٹ ہاؤس سے چند گز کے فاصلے پر یہ کہہ رہا ہوں کہ اس تہذب کی زندگی عارضی ہے، یہ تہذیب ہمیشہ باقی رہنے کی صلاحیت نہیں رکھتی بقول اقبال ؎

وہ فکر گستاخ جس نے عریاں کیا ہے فطرت کی طاقتوں کو
اسی کی بیتاب بجلیوں سے خطر میں ہے اس کا آشیانہ

آج اس سائنس کی بیتاب بجلیاں کوند رہی ہیں اور کچھ خبر نہیں کس وقت وہ اسی آشیانہ پر گر

جائیں۔

## اسلام کا پیغام پہنچایئے:

میں ان الفاظ کے ساتھ اپنی تقریر ختم کرتا ہوں کہ آپ خوش قسمت ہیں کہ اللہ نے آپ کو دنیا میں وہ جامعیت عطا فرمائی ہے کہ آپ دنیا کی قدر و قیمت سمجھتے ہیں لیکن اس کو ایک عبوری منزل اور آخرت کو اپنی اصل اور آخری منزل سمجھتے ہیں، آپ کا عمل اس آیت پر ہے۔

تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ. (۱)

وہ (جو) آخرت کا گھر (ہے) ہم نے اسے ان لوگوں کے لئے (تیار) کر رکھا ہے جو ملک میں ظلم اور فساد کا ارادہ نہیں کرتے، اور انجام (نیک) تو پرہیزگاروں ہی کا ہے۔

میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ اپنے ایک مسلمان بھائی کی محبت میں تشریف لائے اور بڑے اطمینان و سکون کے ساتھ آپ نے بات سنی اللہ آپ کی اور آپ کے ایمان کی حفاظت فرمائے اور آپ کی آئندہ نسل بھی مسلمان رہے۔

فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ. (۱)

مرنا تو مسلمان ہی مرنا۔

پر عمل رہے، آپ جب تک اس دنیا میں ہیں، خدا کے سامنے سر جھکاتے رہیں، نمازوں کے پابند رہیں، کلمہ کے آپ حلقہ بگوش ہوں، جب آپ اس دنیا سے جائیں تو اس حالت میں کہ آپ کے دل کے اندر نور ایمان ہو، اور آپ کی زبان پر کلمۂ شہادت۔

واخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین.

---

(۱) القصص۔۸۳۔

(۱) البقرہ ۱۳۲۔

# اس دنیا کی فلاح وسعادت اور تباہی وہلاکت انسان کے ساتھ وابستہ ہے

نحمدہٗ ونصلی علی رسولہ الکریم۔ اما بعد!

## عالمگیر فساد:

دوستو اور بھائیو! اس وقت تمام دنیا میں سخت اختلاف ہے۔ روزمرہ کی جو حقیقتیں سورج کی طرح روشن ہیں، اور جن میں اختلاف کی کوئی گنجائش نہیں، ان میں بھی اختلاف پایا جاتا ہے، کوئی دعویٰ ایسا نہیں جس کی ہر جگہ سے ہر ادارہ سے اور ہر مکتب خیال سے تائید ہو۔ ایسی کوئی حقیقت نہیں جس پر سب کے سب متفق ہوں، لیکن ایک بات ایسی ہے، جس کی تائید آپ ہر طرف سے سنیں گے، اور جہاں جائیں گے اس کی صدائے بازگشت پائیں گے، وہ یہ ہے کہ اس وقت دنیا میں ایک عالمگیر فساد برپا ہے، اور ایسا بگاڑ ہے، جس سے دنیا کا کوئی گوشہ خالی نہیں ہے، یہاں تک کہ جو ملک اپنی مادی ترقی کے نقطہ عروج پر پہنچ گئے ہیں، وہاں بھی اگر آپ جائیں گے تو اسی کا رونا پائیں گے، کوئی مجلس، کوئی جلسہ، کوئی کتاب، کوئی مباحثہ، کوئی مذاکرہ، کوئی غور وفکر کا حلقہ اس سے خالی نہیں، دنیا کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک سفر کر جائیے، ہر جگہ آپ اسی کا شکوہ پائیں گے کہ بگاڑ بہت پھیل گیا ہے، اور دنیا میں ایک عالمگیر فساد برپا ہے، یہ وہ حقیقت ہے، جس پر قریب قریب اس وقت دنیا کے تمام سوچنے اور سمجھنے والے، یہاں تک کہ جو سوچنے سمجھنے کی صلاحیت نہیں رکھتے، وہ بھی متفق ہیں، جو کتابوں کے پڑھنے والے ہیں، وہ کتابوں کے واسطہ سے جانتے ہیں، جن لوگوں کو اس کا اتفاق نہیں ہوتا، یا اس کی فرصت نہیں ملتی، ان کے کانوں میں بھی یہ بات پڑتی رہتی ہے۔ ہمارا ملک ہو یا کوئی باہر کا ملک، یورپ ہو یا امریکہ افریقہ ہو یا ایشیا، اور یہاں تک کہ وہ سرزمین جو خیر وبرکت

کی سرزمین ہے، وہاں بھی اگر آپ جائیں گے تو اس کا احساس کامل پائیں گے۔

یہ ایک ایسی الجھی ہوئی ڈور ہے جس کا سرا کسی کو نہیں ملتا، بگاڑ تو ضرور ہے لیکن بگاڑ کا سبب کیا ہے؟ اور جس قدر اس ڈور کو سلجھانے کی کوشش کی جاتی ہے، وہ الجھتی ہی چلی جارہی ہے، اس لئے کہ سرا ہاتھ میں لینے، اور سرا تلاش کرنے کا جو فطری طریق ہے، اور جو خدا نے پیدا کیا وہ کھو گیا ہے، اور اس کی کسی کو خبر نہیں۔

## دنیا کی فلاح وسعادت اور تباہی وہلاکت انسان کے ساتھ وابستہ ہے

حقیقت یہ ہے کہ ہم مسلمانوں کے عقیدہ کے مطابق اور ان سب لوگوں کے عقیدہ کے مطابق جو خدا کے وجود پر یقین رکھتے ہیں، اور خدا کی صفات کا کوئی نہ کوئی تصور ان کے اندر پایا جاتا ہے، وہ سب جانتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اس دنیا کی اصلاح اور اس دنیا کا فساد، اس دنیا کی سعادت اور اس دنیا کی شقاوت اور اس کا بناؤ بگاڑ، اس کی خوش حالی اور اس کی بربادی، سب کو انسان کے ساتھ وابستہ کیا ہے، انسان اگر اچھا ہے تو یہ دنیا اچھی ہے، اور اگر انسان بگڑا ہوا ہے، راستہ چھوڑ چکا ہے، خودکشی پر آمادہ ہے، تباہی وبربادی پر کمربستہ ہے، اس کو اپنی قیمت معلوم نہیں وہ خدا کو بھول چکا ہے، اور اس کے نتیجہ میں اپنے کو بھی بھول چکا ہے، اس کو اپنے آغاز و انجام کی خبر نہیں، یا فکر نہیں، تو پھر اس دنیا کے بگاڑ کو، کوئی روک نہیں سکتا، اور اس بگڑی ہوئی دنیا کو بنا نہیں سکتا، اللہ تعالیٰ کی ذات غنی ہے، وہ انسان کا محتاج نہیں، لیکن اس نے ایک قانون مقرر کردیا ہے، یہ سنت الٰہی ہے، اور سنت الٰہی کبھی تبدیل نہیں ہوتی۔ (وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلاً . وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَحْوِيْلاً) قرآن شریف میں بار بار یہ مضمون بیان کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو قانون، جس کے لئے بنا دیا، جس میں جو خواص رکھ دیئے، ہزاروں، لاکھوں برس گذر جانے کے بعد بھی وہ خواص ان کے اندر پائے جاتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ کا قانون اسی طرح سے جاری وساری اور کارفرما ہے، جیسے ہزاروں برس پہلے تھا۔

اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمت بالغہ سے، اپنے ارادہ واختیار سے، اپنی قدرت سے دنیا کی سعادت وشقاوت کو انسان کے ساتھ وابستہ فرمادیا ہے، خدا کا یہ قانون ہے کہ یہ دنیا انسان کے

دم سے ہے، انسان اچھا ہے، تو یہ دنیا اچھی ہے، انسان اگر برابر ہے تو یہ دنیا فساد کا گہوارہ ہے، آپ اگر تاریخ میں اس کا سراغ لگائیں گے، اور تاریخ کی تاریکیوں میں دور تک جائیں گے تو آپ کو معلوم ہوگا کہ دنیا کا بگاڑ انسان کی وجہ سے ہے، انسان سرچشمہ ہے دنیا کی فلاح و سعادت کا، اور انسان سرچشمہ ہے دنیا کی تباہی و ہلاکت کا، اس لئے اصل چیز جس پر محنت صرف کرنے اور توجہ کرنے کی ضرورت ہے، وہ انسان ہے، اللہ تعالیٰ نے انبیاء علیہم السلام کی صحیح تربیت فرمائی، اور ان کو مامور فرمایا، ان کو اللہ تعالیٰ نے جو عقل سلیم اور نبوت کا نور عطا فرمایا تھا، اس کی روشنی میں انہوں نے اس حقیقت کو پالیا کہ اس دنیا میں جو کچھ ان کے کرنے کا کام ہے، وہ انسان کی درستگی ہے، اور انسان کی ہدایت ہے، راستے کو سمجھ لینا اور اس پر اپنی طاقت اور صلاحیتوں کو لگا دینا ہے۔

## انبیاء علیہم السلام نے اپنی ساری طاقت انسان کو سدھارنے پر صرف کی:

انبیاء علیہم السلام نے اس حقیقت کو سمجھا، اللہ کی نصرت ان کے شامل حال تھی، اور ارادۂ الٰہی ان کی پشت پر تھا، اللہ تبارک وتعالیٰ کا فیصلہ تھا کہ ان کے ذریعہ سے اس گم کردہ راہ انسانیت کو اور اس تباہ شدہ دنیا کو ایسا امن وسکون اور راحت عطا فرمائے گا کہ اس دنیا میں بھی انسان کو جنت کا مزہ آجائے، اور اپنی زندگی ہی میں وہ جنت کا مشتاق ہو جائے، اور اس دنیا میں اس کو انسان بن کر رہنے کا سلیقہ آجائے اسی لئے انبیاء علیہم السلام نے ایک لمحہ تردد کئے بغیر اور ایک دن بھی تجربے کی ضرورت سمجھے بغیر جس وقت وحی کا پہلا حصہ ان پر نازل ہوا، انہوں نے ساری طاقتیں ایک موضوع پر صرف کر دیں، اور وہ انسان تھا۔

## یہ انسان خود ایک عالم ہے:

لیکن خود انسان ایک عالم ہے، انسان کسی طرح سے اپنی وسعت میں اپنی گہرائی میں، اپنی پیچیدگی میں، اپنے تنوع میں، اپنے راز ہائے سربستہ میں، اپنے تہ بتہ پردوں میں کسی طرح

اس کائنات سے، سیاروں سے نظام شمسی سے، نظام فلکی سے اور ہماری اس لمبی چوڑی دنیا سے کم نہیں، انسان تو اتنی وسیع مخلوق ہے، جس کی تہہ تک پہنچنا ہی ناممکن ہے، جس طریقے سے آپ سمندر میں ایک مٹکی ڈالیں اور پتہ نہ چلے کہ وہ کہاں گئی، انسان کی گہرائی اس سے بھی کہیں زیادہ ہے، اس کی تہہ کو اس کا پیدا کرنے والا ہی جانتا ہے۔ ( اَلاَ یَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ، وَھُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ . )

یہ انسان خود ایک عالم ہے، اس کو اللہ نے دماغ دیا ہے، اس کو اللہ نے دل دیا ہے، اس کو اللہ نے اعضاء و جوارح دیئے ہیں، اس کو اللہ نے مقاصد عطا فرمائے ہیں، بڑے دور از، بڑی بلند، اس کی کیا خواہشات ہیں؟ کیا کیا ضرورتیں ہیں؟ کیا کیا ارادے ہیں؟ اس کی کیا کیا تمنائیں اور آرزوئیں ہیں؟ غرض کہ اتنا بڑا جنگل ہے کہ بڑے سے بڑے محقق، اس میں گم ہو جائیں۔

انبیاء علیہم السلام کے سامنے جب انسان آیا، اور ان کو معلوم ہوا کہ اس انسان پر ان کو محنت صرف کرنی ہے، اور اس کو بنانا ہے، تو اب ان کے لئے بڑا امتحان تھا، اگر اس موقع پر انسانی نفسیات کے ماہر ہوتے، بڑے بڑے مصلح و معلم ہوتے، بڑے بڑے مفکر و فلسفی ہوتے تو ہزاروں ٹھوکریں کھاتے، وہ انسان کی انسانیت کا سراغ لگانے کے لئے نکلتے اور اس کا سرا ڈھونڈنے کے لئے وہ سفر شروع کرتے تو عمر گزر جاتی بلکہ نسلیں گذر جاتیں اور ان کو اس کا سرا نہیں ملتا، یہ انسان ایک ایسی پہیلی ہے، جس کا بوجھنا ہی مشکل ہے، خود انسان اپنی حقیقت سے واقف نہیں، اس کے سینکڑوں شعبے ہیں، کتنے شعبے ہیں، جو معلوم ہو چکے ہیں اور کتنے شعبے ہیں، جو ابھی تک نامعلوم ہیں...... انبیاء علیہم السلام کے ساتھ، اگر اللہ کی رہنمائی نہ ہوتی، اور اللہ کی نصرت شامل حال نہ ہوتی اور تقدیر الٰہی کا فیصلہ نہ ہوتا کہ اللہ کے آخری نبی ہی سے قیامت تک ہدایت کا کام لینا ہے، اور اس دنیا کا بگاڑ ان سے دور کرانا ہے، اور انسان کو اس کے خالق سے ملانا ہے، اور انسان کے مقصد زندگی سے آگاہ کرنا ہے، تو انسان کی ہدایت کا کام آسان نہ تھا۔

## انسان کی اصلاح وتبدیلی کا مرکز:

انسانیت کے محققین کی نسلیں گذر گئیں جو دماغ ہی کے اندر سرگرداں رہیں اور دماغ ہی کا سفر پورا نہیں کر سکیں لیکن اللہ تعالیٰ نے انبیاء علیہم السلام کی رہنمائی فرمائی کہ دنیا کی اصلاح و تبدیلی کا مرکز انسان ہے، اور انسان کی اصلاح وتبدیلی کا مرکز اس کا دل ہے، دل کہنے کو تو ایک لفظ ہے، لیکن اس کا بھی کوئی اور چھور نہیں، اس کی وسعت کا کوئی اندازہ کر سکتا ہے، یہ سارا عالم اس کا لقمہ بن سکتا ہے، یہ سارا عالم اس کے دل کی وسعتوں میں ایسا گم ہو سکتا ہے کہ پتہ ہی نہ چلے، اللہ تعالیٰ نے ان کی ہدایت و رہنمائی فرمائی کہ انسان کے اندر خیر کا ارادہ پیدا ہو جانا، اپنی ہستی سے واقف ہو جانا اور ایثار کا مادہ اس کے اندر پیدا ہو جانا اور اغراض سے اس کا پاک ہو جانا اپنی اور دوسروں کی زندگی کو خدا کی رضا کے راستے پر ڈالنے کی کوشش کرنا تا کہ سب کے سب خدا کی رضا کے جویا بن جائیں، اپنی شہوتوں اور خواہشات کی بندگی سے آزاد ہو جائیں اور ایک خدائے واحد کی بندگی میں لگ جائیں، اور ان پر ان کے معدے کی حکومت نہ ہو، ان کی خواہشات کی حکومت نہ ہو، ان کے سفلی مقاصد کی حکومت نہ ہو، وہ صرف اپنا اور اپنے بچوں کا پیٹ بھرنے کے لئے ہاتھ پاؤں نہ ماریں اور اس دنیا کو صرف اپنے گھر کے اندر محدود نہ سمجھیں، اپنے چار بچوں والی، آٹھ بچوں والی، دس بارہ افراد خاندان والی دنیا نہ سمجھیں کہ ساری دنیا اسی ایک گھر کے اندر آگئی اور یہی میری دنیا ہے، یہیں مجھے مرنا اور جینا ہے، وہ اس قفس سے جس کی تیلیاں کہیں سونے کی ہیں، کہیں لوہے کی، مگر بہر حال یہ ایک پنجرہ ہے، اس پنجرہ سے وہ آزاد ہو جائے اور آفاق کی وسعتوں سے آشنا ہو جائے (وَكَذٰلِكَ نُرِيْ اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لِيَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ) اس کو معلوم ہو جائے کہ میرا خالق کیا ہے؟ اس کی کیا صفات ہیں؟ اس کے پاس کیا ہے؟ اس سے کیا چیز مانگنی چاہئے؟ اس کے خزانے میں کیا کچھ ہے؟ اس کے خزانے سے مجھے کیا مل سکتا ہے؟ وہ کون سے اعمال ہیں، کون سے اخلاق ہیں، کون سے عقائد ہیں، کون سا طرز زندگی ہے، جس سے میں خالق سے وہ نعمتیں حاصل کر سکتا ہوں جن کا کوئی تصور بھی نہیں کر سکتا۔ (ما لا عينٌ رأت ، ولا أذنٌ سمعت ولا خطر على قلب بشر ، نہ کسی آنکھ نے اس کو دیکھا، نہ کسی کان نے اس کو سنا

اور نہ کسی دل میں اس کا خیال گزرا۔)

## انسان کے اندر بے شمار درندے چھپے ہوئے ہیں جب وہ باہر آجاتے ہیں تو دنیا تباہ ہوجاتی ہے:

انسان ایک جنگل ہے، اس میں ہر طرح کے شیر، چیتے، اور تیندوے موجود ہیں، یہ نہ سمجھئے گا کہ یہ اس کے باہر کی دنیا میں موجود ہیں، بلکہ درحقیقت یہ انسان کے اندر موجود ہیں، اور باہر ان کا ظہور ہے، انسان کے اندر کے شیر اور تیندوے، انسان کے اندر کے چیتے اور بھیڑیے، انسان کے اندر کے کتے اور سور باہر کے کتے اور سوروں سے کہیں زیادہ خطرناک، کہیں زیادہ زہریلے، کہیں زیادہ خونخوار اور کہیں زیادہ انسان کے خون کے پیاسے ہیں، اور ان کے اندر ان سے کہیں زیادہ خباثت ہے، یہ انسان کے اندر کے سانپ اور بچھو، جب سے باہر نکل آئے ہیں، تب سے دنیا تباہ ہوئی ہے۔

## باہر کے درندوں نے کبھی دنیا پر حملہ نہیں کیا:

باہر کے سانپ اور بچھوؤں نے دنیا کو کبھی تنگ نہیں کیا، آپ نے یہ کبھی تاریخ میں نہیں پڑھا ہوگا کہ سانپوں اور بچھوؤں نے اپنی تنظیم کی اور اپنے دشمنوں کے خلاف لشکر کشی کی، کبھی آپ نے یہ نہیں سنا ہوگا کہ ساری دنیا کے شیر اکٹھا ہوگئے اور شیروں نے دنیا پر حملہ کردیا، یہاں پر تاریخ کے بہت سے طالب علم ہیں، آپ نے کسی تاریخ میں یہ پڑھا کہ بھیڑیے انسان سے لڑے ہوں، یا بھیڑیئے بھیڑیوں سے لڑے ہوں، چھوڑ دیجئے انسان کو، لیکن کتنی بار آپ نے پڑھا اور پڑھتے پڑھتے آپ تنگ آگئے، اور پڑھنا تو بڑی دور کی بات ہے، ہماری اور آپ کی زندگی میں دو دو جنگیں پیش آئی ہیں، ہم میں سے بہت بڑی تعداد ان لوگوں کی ہے جنہوں نے پہلی جنگ عظیم بھی دیکھی ہوگی، خواہ وہ اس وقت بچے رہے ہوں، یہ دونوں جنگیں، کس نے کس کے خلاف لڑیں؟ خدا کے لئے یہ بتایئے کہ یہ سانپوں اور بچھوؤں کی لڑائی تھی انسان سے، یا سانپوں اور بچھوؤں کی لڑائی تھی سانپوں اور بچھوؤں سے، بچھو بچھو سے لڑتا ہے، سانپ سانپ سے لڑتا ہے، بھیڑیا بھیڑیئے کو کھاتا ہے، مگر بھیڑیوں نے کبھی اپنی تنظیم نہیں کی، بھیڑیوں

نے کبھی اپنی صف آرائی نہیں کی۔

## ایک ملک کے بھیڑیئے کبھی دوسرے ملک پر حملہ آور نہیں ہوتے:

بھیڑیوں میں کبھی قومی عصبیت پیدا نہیں ہوئی کہ ایک ملک کے بھیڑیئے دوسرے ملک کے بھیڑیئے سے لڑیں، لیکن انسانیت کی تاریخ میں ایک دن بھی آپ بتا سکتے ہیں کہ انسان نے، انسان کے خلاف لشکر کشی نہ کی ہو، ایک ملک کا دوسرے ملک سے مقابلہ نہ ہوا ہو، یہاں تو شہر، شہر کے خلاف لڑتے ہیں، محلے، محلے کے خلاف لڑتے ہیں، برادری برادی کے خلاف لڑتی ہے، قومیں، قوموں کے خلاف لڑتی ہیں، لیکن جانوروں کے متعلق کبھی ایسا نہیں سنا گیا۔

انسان کی اندر سے یہ خونخوار جانور کب باہر نکلتے ہیں؟ خدا کے پیغمبروں نے جو حصار تعمیر کیا ہے اور جس کے اندر یاجوج ماجوج کی طرح وہ بند ہیں، انسانوں کے ان خونخوار جانوروں کو لگام دینے کے لئے، ان کے اس جذبے کو کچلنے کے لئے ان کو قابو میں رکھنے کے لئے، بلکہ ان کو انسانوں میں تبدیل کرنے کے لئے، اللہ کے پیغمبروں کے پاس ایک نسخہ ہے، جب انسان اس سے سرکشی کرتا ہے، یا اس نعمت کی ناقدری کرتا ہے تو انسانوں کے اندر جو درندے ہیں، یہ باہر نکل آتے ہیں، اور پوری دنیا میں فساد برپا ہو جاتا ہے۔

جب انسان، انسان کا شکار کھیلنے لگتا ہے، جب انسان، انسان کے خون کا پیاسا ہو جاتا ہے، تو کیا جاتا ہے، یہ آپ کے سامنے ہے۔

اللہ تعالیٰ کی دوسری توفیق یہ تھی کہ اس نے ان کو یہ سمجھ عطا فرمائی کہ انسان کے دل پر اپنی وہ ساری طاقتیں لگا دیں، حدیث شریف میں آتا ہے! "اِنَّ فِی الْجَسَدِ مُضْغَةً اِذَا صَلُحَتْ صَلُحَ الْجَسَدُ کُلُّهٗ، وَاِذَا فَسَدَتْ فَسَدَ الْجَسَدُ کُلُّهٗ اَلَا وَهِیَ الْقَلْبُ" (انسان کے اندر ایک مضغہ گوشت ہے، ایک حقیر سا ٹکڑا ہے انسانی گوشت کا، اگر وہ درست ہو جائے تو سارا جسم درست ہو جائے، وہ بگڑ جائے تو سب بگڑ جائے، یاد رکھو وہ دل ہے) اس لئے انہوں نے دل پر اپنی طاقت صرف کی، انہوں نے اس حقیقت کو پالیا کہ وسائل اور ارادے، ذہانتیں، طاقتیں، کائنات کے سارے خزانے، روپیہ، پیسہ، اور دنیا کے اندر اللہ تعالیٰ نے جتنی بھی نعمتیں پیدا کی ہیں، اور جتنے بھی فائدہ پہنچانے اور نقصان پہنچانے والے ذرائع

پیدا کئے ہیں، وہ سب انسان کے ارادے کے تابع ہیں، انسان کے اندر خیر کا ارادہ پیدا ہو جائے تو اگر وسائل نہ ہوں گے تو وہ وسائل پیدا کرے گا، اور اللہ اس کے لئے وسائل پیدا فرمادے گا، اگر انسان کی طبیعت کا رخ صحیح ہو جائے، اگر انسان، خیر کا طالب ہو، اگر انسان، انسان کی فلاح چاہنے والا ہو، اگر انسان، انسان کو نفع پہنچانے کا خواہش مند ہو، اگر انسان، انسان کا خادم بن جائے، اگر انسان اپنے اغراض سے پاک ہو جائے، اگر انسان، اپنی ہستی کو دوسرے کے لئے مٹانا چاہے، دوسرے کے زندہ رہنے کے لئے اپنی زندگی کو خطرے میں ڈالنے کی ہمت رکھتا ہو، اور اس دنیا سے بدامنی کو دور کرنا چاہے، اس دنیا سے نفرت کو دور کرنا چاہے، اس دنیا کو امن سے خوش حالی سے، اللہ کی محبت سے، انسان کے قدر سے، انسانی جان کی قیمت کے احساس سے بھر دینا چاہے، تو پھر وسائل نہ ہوں گے تو بھی وہ اتنا بڑا کام انجام دے گا جو بڑے سے بڑے وسائل کے ساتھ آج تک نہ انجام پایا ہے، نہ انجام پا سکتا ہے، اصل چیز ہے، انسان کا ارادہ، اگر وہ ارادہ صحیح ہو جائے اور اس کا سرچشمہ صحیح ہو جائے جہاں سے وہ ارادہ نکلتا ہے، تو سب کچھ درست ہو جائے۔

## ساری خرابیوں کا انحصار اس پر ہے کہ انسان کے دل میں کیا ہے؟:

ہمارے اس ہاتھ میں اللہ نے بڑی طاقت رکھی ہے، لیکن یہ ہاتھ خود کوئی چیز نہیں، اس کی کوئی ہستی نہیں، یہ ہاتھ مظلوم پر ظلم کے لئے اٹھ سکتا ہے، ظالم کی مدد کے لئے اٹھ سکتا ہے، اٹھ کیا سکتا ہے، اٹھتا رہتا ہے، اور آج تو صرف اسی کے لئے اٹھ رہا ہے، آج ساری انسانی توانائیاں اور اس کی ساری طاقتیں ظلم کے لئے وقف ہیں، اور یہ کوئی انہونی اور بعید از قیاس بات نہیں، جب انسان کا دل بدل جائے، انسان کے دل میں اور اس کی نیت میں فتور آ جائے، اور اس کے دل کے اندر انسان کی دشمنی گھر کر جائے، اس کو انسان کے خون کی چاٹ لگ جائے تو اس کا ہاتھ یتیم کا سر قلم کرنے کے لئے، بیوہ کے سر سے آخری دوپٹہ، یا اس کے چہرے کو چھپانے کے لئے، اس کی آبرو کی حفاظت کے لئے جو آخری سہارا رہ گیا ہے، اس کو چھین لینے کے لئے غریب ومفلس کے فاقہ زدہ گھر سے جس کو ہفتوں کے بعد چند دانے پکانے کے لئے اپنا اور اپنے یتیم بچوں کا پیٹ بھرنے کے لئے ملے ہیں، یہ چند دانے اور اس کے چولھے،

تو اٹھا لینے اور اس کی آگ کو گل کردینے کے لئے ہمہ وقت تیار رہتا ہے، لیکن مسئلہ صرف ہاتھ کا نہیں، بلکہ اس کا اور اس طرح کی ساری خرابیوں کا انحصار اس پر ہے کہ انسان کے دل میں کیا ہے؟ اس کا ارادہ کیا ہے؟ کیا انسان کے اندر خیر کی طلب پیدا ہوگئی؟ کیا اس کے اندر خوف پیدا ہوگیا، کیا انسانیت کی حقیقت اس پر کھل گئی؟ کیا انسان کو ہستی کا آغاز وانجام معلوم ہوگیا بس سارا انحصار اسی پر ہے۔

انسان کے دل میں اللہ تعالیٰ نے جتنی زرخیزی رکھی ہے، اور اس کے اندر سونا اگلنے کی جو صلاحیت رکھی ہے اس کی سامنے سائبیریا کے میدان، اور ہندوستان کی سرسبز وزرخیز زمین ہیچ ہے، اگر اس کے اندر نیک ارادوں کے اگنے، پھلنے پھولنے اور پرورش پانے کی صلاحیت پیدا ہوگئی، اور انسان کے سفلی اغراض ومقاصد اور اس کی سفلی خواہشات کھاد بننے کے لئے تیار ہے تو انسان ان کو کھاد بنا کر اپنے دل کی سرزمین سے نیک ارادوں کی کھیتی پیدا کرسکتا ہے، اور یہ کھیتی پھل دے سکتی ہے، پک سکتی ہے، اور کاٹی جاسکتی ہے، لیکن اگر یہ دل کی سرزمین اوسر اور بنجر ہوگئی ہے، تو اس کے اندر کانٹے تو پیدا ہوسکتے ہیں، پھول پیدا نہیں ہوسکتے، اس کے اندر تلواریں تو اگ سکتی ہیں، لیکن امن دینے والی چھاؤں نہیں پیدا ہوسکتی، انسان کے دل کی کھیتی ایسی منحوس بن گئی ہے، ایسی الٹی ہوگئی ہے کہ اس کے اندر زہر تو پیدا ہوسکتا ہے، تریاق نہیں پیدا ہوسکتا، بدامنی تو پیدا ہوسکتی ہے، اپنے بچوں کو پالنے کے لئے یتیموں کا پیٹ پھاڑنے کا جذبہ پیدا ہوسکتا ہے، لیکن کسی بے کس، کسی مظلوم اور کسی مصیبت زدہ کی حفاظت اور کسی یتیم کے سر پر شفقت کا ہاتھ رکھنے کا جذبہ نہیں پیدا ہوسکتا۔

## اگر یہ دنیا جنت کا نمونہ بنادی جائے لیکن دل خراب ہے تو پھر جہنم کدہ بن جائے گی

اگر انسان کی فطرت ہی کچھ ایسی ہوگئی ہے کہ اس کی پیاس شربت سے نہیں بجھتی، دودھ سے نہیں بجھتی (جس کو اللہ نے " لَبَناً خَالِصاً سَائِغاً لِلشَّارِبِیْنَ" کہا ہے، اس کی پیاس ٹھنڈے میٹھے پانی سے نہیں بجھتی) (جس کو قرآن مَاءً فُرَاتاً کہتا ہے) اس کی پیاس دجلہ وفرات کے پانی سے نہیں بجھتی، بلکہ اس کی پیاس انسان کے خون سے بجھتی ہے، ایسی حالت

میں اگر یہ چاند اور دوسرے سیارے جن تک پہنچنے اور وہاں کی آب و ہوا اور وہاں کی سطح اپنے مناسب بنانے میں انسان اپنی ساری توانائیاں صرف کر رہا ہے، یہ چاند مریخ اور دوسرے سیارے زمین پر اتر آئیں، انسان کے قدموں کے نیچے آ جائیں اور یہ ساری دنیا جنت کا نمونہ بنادی جائے، لیکن انسان کے دل کی کھیتی خراب رہے، اور اس سے خیر پیدا کرنے کی صلاحیت جاتی رہی ہے تو یاد رکھو انسان کی تقدیر میں تباہی ہی تباہی لکھی ہوئی ہے، اس کی حالت کبھی سدھر نہیں سکتی، اور یہ دنیا انسانوں ہی کے ہاتھوں پھر جہنم کدہ بن جائے گی۔

## دل کی کھیتی کی طرف توجہ کیجئے:

حضرات! دنیا میں ہر طرف پھیلے ہوئے فساد کو، بدامنی کو سروں پر منڈلاتے ہوئے مہیب جنگ کے خطرہ کو دور کرنے کے لئے اور انسان کو امن و سکون، اور باہمی اعتماد و محبت کے ساتھ زندگی گزارنے کے لئے ضروری ہے کہ انسان کے دل کی کھیتی میں ہل چلایا جائے، آپ کسانوں کو دیکھتے ہیں، خدا کے بنائے ہوئے صحیح اور فطری قانون کے مطابق کسان زمین میں ہل چلاتا ہے، تو زمین کتنا خزانہ اگل دیتی ہے، اسی طرح اگر دل کی کھیتی میں ہل چلایا جائے، اور خدا کے پیغمبروں کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق چلایا جائے اور اس میں تھوڑی سی محنت صرف کی جائے اور یہ دل کی کھیتی لہلہا اٹھے، اور پھلنے پھولنے لگے تو آپ سمجھ سکتے ہیں کہ اس وقت دنیا کا نقشہ کیا ہوگا؟ یہ حقیر زمین جو آپ کے قدموں تلے روندی جاتی ہے، اس سے آپ نے اتنا بڑا فیض پایا، اگر آپ دل کی کھیتی میں خدا کے پیغمبروں کے دیئے ہوئے ہل چلاتے، اور ان کے بتائے ہوئے قانون کے مطابق آپ اس کی خدمت کرتے اور اس میں ریاض کرتے اور وہ کھیتی برگ و بار لاتی، تو پھر آپ دیکھتے کہ دنیا میں کیسی بہار آئی ہے، اور جب دل کی کھیتی خزانہ اگلتی تو دنیا کا دامن کیسے کیسے موتیوں سے بھر جاتا کیسے کیسے ولی کامل، کیسے کیسے خادم انسانیت، کیسے کیسے بے لوث و بے غرض انسان، اور انسانوں کے لئے اپنا خون پانی ایک کرنے والے سامنے آتے کہ جن کے کارناموں کا تصور کرنا بھی مشکل ہے۔

## جب دل کی دنیا بدلتی ہے تو کیا ہوتا ہے؟

کوئی باور نہیں کر سکتا کہ کیا انسان کے اندر اتنی بے غرضی پیدا ہو سکتی ہے؟ کیا انسان

دوسروں کی خاطر اپنی اولاد کو قربان کرسکتا ہے؟ کیا انسان وعدہ وفا کرنے کے لئے اپنا گھر لٹا سکتا ہے؟ ایک مظلوم کو بچانے کے لئے اپنے سارے کنبے کو موت کے گھاٹ اتار سکتا ہے؟ ایک انسان خود زخمی ہے، اور پیاس سے حلق میں کانٹے پڑ گئے ہیں، مر رہا ہے، پھر بھی دوسرے زخمی کی پیاس بجھانے کے لئے اپنا پانی پیش کرسکتا ہے؟ دنیا کی عقل اس کا تصور کرنے سے بھی عاجز ہے، یہ سب کرشمہ تھا خدا کے پیغمبر کی محنتوں کا، انہوں نے دل کی کھیتی پر صحیح طریقے سے محنت کی اور اس کے اندر اللہ کے رکھے ہوئے مخفی خزانوں اور دفینوں کو نکالا اور عالم انسانیت کو اس سے مالا مال کردیا۔

خدا کے پیغمبروں نے اس زمین کو چھوڑا، بڑے بڑے ماہرین کو چھوڑا کہ وہ صنعتوں کو ترقی دیں، نہ ان کو روکا نہ ان کی رہنمائی کا دعویٰ کیا، بلکہ انہوں نے صاف کہہ دیا" انتم اعلم بامور دنیا کم "صنعت والے صنعت کے میدان میں ترقی کریں، زراعت والے زراعت کے میدان میں اور علم والے علم کے میدان میں، اللہ نے ہم کو ایک اور میدان دیا ہے، وہ انسانیت کا میدان ہے، اور انہوں نے اس میدان میں محنت صرف کی تو دنیا کا نقشہ کیا سے کیا ہوگیا؟ صرف ایک دور کی تاریخ پڑھئے، صحابہ کرام کے دور کی، جب حضور ﷺ کو اللہ نے یہ موقع دیا کہ وہ دل کی سرزمین میں کھیتی کریں تو آپ دیکھئے کہ اس دنیا میں کیسی بہار آئی۔؟

## ارادہ نیک ہو تو راہ کی صعوبتیں اور دشواریاں حائل نہیں ہوتیں:

اس وقت ہزاروں مشکلات تھیں، تمدن اپنے بالکل ابتدائی دور میں تھا، انسانیت نے بہت سے میدانوں کا انکشاف ہی نہیں کیا تھا، سائنس نے گویا اپنا سفر ہی شروع نہیں کیا تھا، قدم قدم پر رکاوٹ تھی، سفر کی دشواریاں تھیں، ایک جگہ سے دوسری جگہ آدمی کے پہنچنے کے لئے سخت مشکلات درپیش تھیں، لیکن جب نیک ارادہ پیدا ہوا اور ان کے اندر انسانوں کو خدا کا پیغام پہنچانے کا، انسانوں کو تاریکی سے نکالنے کا، اور ترحم کا سچا جذبہ پیدا ہوا کہ انسان اپنی ہستی کو کس طرح خاک میں ملا رہا ہے؟ اور ان کو اپنی آنکھوں سے صاف نظر آیا کہ جہنم کے شعلے بھڑک رہے ہیں، اور انسان اس میں چھلانگ مارنا چاہتے ہیں، جیسے کہ حدیث شریف میں آتا ہے کہ میری اور تمہاری مثال ایسی ہی کہ جیسے کسی شخص نے آگ روشن کی اور پروانے اس میں

گرنے لگے، وہ ہٹاتا ہے، مگر ہٹا نہیں پاتا، پروانوں کی طرح لوگ اس میں کودنے اور چھلانگ مارنے کے لئے تیار ہیں، اور میں تمہاری کمر پکڑ پکڑ کر تمہیں اس سے ہٹانا چاہتا ہوں، جب صحابہ کرام پر یہ حقیقت منکشف ہوگئی تو پھر سفر کی صعوبتیں اور اس کی دشواریاں ان کی راہ میں حائل ہوئیں اور نہ اس وقت کی دقتیں اور سفر کی طوالت، راستوں کے خطرات، ان میں سے کوئی چیز بھی، ان کے عزم کے سامنے نہیں ٹک سکی، اس لئے ...... کہ ایک تو نیک ارادہ پیدا ہوا، دوسری یہ کہ وہ ارادہ ان پر مستولی ہوگیا، ان کے اعصاب پر اور ان کی دل ودماغ پر چھا گیا، اب کھانا پینا مشکل ہوگیا وہ لقمہ توڑتے تھے اور کہتے تھے کہ میں لقمہ توڑتا ہوں اور اللہ کے ہزاروں بندے بالکل (علی شفا حفرة من النّار) جہنم کے کنارے کھڑے ہوئے ہیں جتنی دیر میں لقمہ منہ میں رکھوں گا اور اتاروں گا، اتنی دیر میں کتنے خدا کے بندے جہنم کے گڑھی میں گر پڑیں گے۔؟

## آج ہر چیز موجود ہے لیکن انسانیت کا سچا درد مفقود ہے:

آج کس چیز کی محتاجی ہے؟ کیا چیز دنیا سے کھوگئی ہی؟ خدا کے لئے غور کیجئے، کیا چیز اس وقت دنیا کے ہاتھ میں نہیں ہے؟ نیک ارادہ نہیں، انسان کی قدر نہیں، انسانیت کی فکر نہیں، خطرات ہمارے سر پر منڈلا رہے ہیں۔ ان کی کسی کو پروا نہیں، اپنی اپنی تو فکر ہے، لیکن کسی کو عام انسانیت کی فکر نہیں، اگر تیسری جنگ عظیم چھڑ گئی اور یہ ہائیڈروجن بم، اور ایٹم بم چلادیئے گئی تو دنیا کا کیا حشر ہوگا؟ باتیں تو اس کی بہت کی جارہی ہیں، چرچے تو اس کے ہر طرف ہیں لیکن کسی کو اس کا سچا درد نہیں ہے، اور جو لوگ کچھ کر سکتے ہیں، اور انسانیت کو بچا سکتے ہیں، وہ سب سے زیادہ ان وسائل کی تیاری ہی میں منہمک ہیں، یہ سمجھ لیجئے کہ نئی جنگ کے لئے ساری قومیں اور دنیا کی ساری طاقتیں پر تول رہی ہیں، اور ساری دنیا میں جو چکھ رلیس ہے وہ اسی کی ہے، کسی کو بدی سے نفرت نہیں کسی کو انسان کی تباہی کا غم نہیں، جو حقیقی دکھ اور صدمہ ہونا چاہئے، جیسے باپ کو اولاد کا صدمہ ہوتا ہے، بھائی کو بھائی کا صدمہ ہوتا ہے، وہ صدمہ کسی کو نہیں، صرف زبانی باتیں ہیں، امریکہ سے لے کر آپ ایشیا کے آخری سرے تک چلے جائیے آپ کو ہر جگہ باتیں ملیں گی، لیکن اس کے اندر درد مفقود ہے، جو درد کراہ اور کسک ہوتی ہے، وہ کسی میں آپ نہیں پائیں گے، اس میں سارا حصہ عقل کا ہے، سارا حصہ ذہانت کا ہے، دنیا کے خطرات

سے واقفیت اور اس کی تحلیل اور تجزیہ ایسا کریں گے کہ معلوم ہوگا کہ جیسے کسی معمل میں کسی چیز کے الگ الگ اجزاء کئے جاتے ہیں، بالکل ہندی کی چندی کر کے آپ کو بتادیں گے کہ کیا خطرہ درپیش ہے، لیکن اس کے اندر جو انسانیت کا درد ہے، یا دل کی کسک ہے، وہ نہیں ہوتی جیسے آدمی اپنے گھر کا کوئی واقعہ بیان کرتا ہے تو اس کا لہجہ اور ہوتا ہے، آنسو، اس کی آنکھوں میں ڈبڈبائے ہوئے ہوتے ہیں، آواز مرتعش ہوتی ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ اس کا دل رورہا ہے۔

آج دنیا کے بڑے بڑے فلسفی نہایت اطمینان سے دنیا کے خطروں کو بیان کرتے ہیں، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جیسے وہ کوئی بہت خوش آئند بات ہو، کوئی مبارک واقعہ ہو، جس کو مزہ لے لے کر بیان کیا جائے، اس لئے کہ انسانیت سے کسی کو حقیقی اور قلبی تعلق نہیں ہے، سب زبانی باتیں اور دماغی تعیشات ہیں۔

آج دنیا کی ساری کمی پوری ہو چکی ہے، کرنیکو سب کچھ...... ہمارے پاس ہے اگر ہم نیک بننا چاہیں، اگر ہم انسان کی خدمت کرنا چاہیں، اگر ہم انسان کو ان خطرات سے نکالنا چاہیں، اگر ایک فرد بھی قطب شمالی یا قطب جنوبی میں ہے، ہم اس کی مدد کرنا چاہیں تو اللہ نے ہم کو وہ وسائل دیئے ہیں کہ ہم ان کی مدد کو پہنچ سکتے ہیں، لیکن ہمارے اندر سچا ارادہ نہیں، ہمارے اندر اس کا شوق نہیں، ایک شخص کے پاس سب کچھ ہے، وہ لاکھوں روپے سے مدد کر سکتا ہے، لیکن وہ خسیس ہے بخیل ہے، اس کو پیسے کی محبت ہے، یا سست ہے اور کاہل الوجود ہے، وہ بالکل ہاتھ ہلانا نہیں چاہتا تو بتایئے، اس کی دولت کیا کام آئے گی؟ ایک شخص حج کو جاسکتا ہے، خدا نے اس کو ایسے ذرائع دیئے ہیں، لیکن حج کا ارادہ نہیں ہے، حج کا شوق نہیں، تو بتایئے، پھر کون اس کو حج پر آمادہ کر سکتا ہے۔؟

## آج انسان سب کچھ کر سکتا ہے، لیکن کرنا نہیں چاہتا:

اسی طرح آج انسان کے نیک بننے اور انسان کی خدمت کرنے اور اس دنیا کو امن کا گہوارہ بنادینے، اس دنیا کو جنت کا نمونہ بنادینے اور اس دنیا کو مسجد و معبد میں تبدیل کر دینے کا جیسا زریں موقع، جیسا آسان راستہ اس وقت ہے، ایسا کبھی نہیں تھا، آج بدقسمتی سے انسان سب کچھ کر سکتا ہے، لیکن کرنا نہیں چاہتا، کیوں نہیں چاہتا؟ کرنے کا فائدہ اس کے سامنے

نہیں، فائدہ کیوں سامنے نہیں؟ اس کو یقین نہیں! سوائے اپنی آسائش کے سوائے اپنے معدے کے تجربوں کے اپنے جسم کے تجربوں کے اور اپنے محسوسات کے، وہ اپنی ذات اور اپنی اولاد کے سواسب کچھ بھول گیا ہے ،اور اب مجھے خطرہ ہے کہ شاید ہماری زندگی نے وفا کی اور کچھ دن ابھی باقی ہیں ، وہ وقت بھی کچھ دور نہیں ، جب اپنی اولاد کو بھی بھول جائے گا، خود غرضی میں اور خود پرستی میں ، خود نمائی اور اپنے وجود میں سب کچھ محدود کر دینے کے سلسلہ میں جس رفتار سے انسان ترقی کر رہا ہے ، اگر یہ رفتار جاری رہی تو چند دنوں میں ہم دیکھ لیں گے کہ ماں باپ اپنی اولاد کو بھی بھول جائیں گے اور صرف اپنا پیٹ بھرنے کی کوشش کریں گے ، وہ اگر بھوکے ہیں ، اور بلک رہے ہیں تو ان کو اس کی پرواہ نہیں ہوگی ، دنیا میں جہاں مادیت اپنے صحیح برگ و بار لائی ہے اور نبیوں کی تعلیم ان کو روکنے کے لئے وہاں موجود نہیں تھی ، یہاں تک کہ حضرت مسیح علیہ السلام کی بگڑی ہوئی اور بچی کچھی تعلیمات کلیسائی تعلیمات اور انجیل کی تعلیم ، وہ بھی وہاں سے رخصت ہوگئی ہے ، وہاں تو یہ حال ہے کہ انسانوں کو اپنے سوائے کسی کا ہوش نہیں رہا بلکہ بہت سے لوگوں کو اپنا بھی ہوش نہیں رہا ہے جیسا کہ قرآن مجید نے بیان کیا ہے (**نَسُوا اللّٰہَ فَاَنْسٰھُم انفسھم**) آخری عبرت کا منظر یہ ہے کہ انسان کو اپنا بھی صحیح ہوش باقی نہ رہے ، یعنی اپنے پیٹ کا تو ہوش رہے ، اپنا ہوش نہ رہے۔

ساری تفصیل کا خلاصہ یہ ہے کہ اصل معاملہ ہے انسان کا ، اور انسان کا بھی جو کچھ معاملہ ہے ، وہ اس کے دل کا ہے ، اور دل کا جو کچھ بھی معاملہ ہے وہ اس کے نیک ارادوں کا ہے ، اگر یہ چیز پیدا ہو جائے ۔ یعنی نیک ارادے پیدا ہونے لگیں تو پھر کچھ کہنے کی ضرورت نہیں ، یہ وسائل کا تو صرف نام ہی نام ہے ، وسائل تو انسانی ارادوں کے تابع ہیں ، جن کو خدا کی دی ہوئی طاقت سے انسان خود پیدا کرتا ہے۔

## خرابی صرف یہ ہے کہ دنیا کا رخ غلط ہے:

اس وقت دنیا کے اندر جو انقلاب آیا ہوا ہے ، اس کو خواہ کسی عنوان سے بیان کیا جائے وہ یہ ہے کہ انسان کا رخ خیر سے شر کی طرف مڑ گیا ہے ، ساری طاقتیں ہیں ، لیکن اس کی منزل غلط ہوگئی ہے ، وہ چل رہا ہے ، چلنا ہرگز بند نہیں ہوا ، بلکہ پہلے چلتا تھا پھر دوڑنے لگا ، اور اب اڑنے

لگا ہے، لیکن جس طرف اڑ رہا ہے، وہ شر کی منزل ہے، انسانیت کشی کی منزل ہے، انسان کو برباد کرنے کی منزل ہے۔

## انسانیت کی ساری متاع آج داؤ پر لگی ہے:

سب نے جاہ طلبی میں، اقتدار پسندی میں، حکومت کی کرسی حاصل کرنے میں اپنا سب کچھ داؤ پر لگا دیا ہے، انسانیت کا سارا اثاثہ داؤ پر لگا رکھا ہے، انسانیت کی ساری متاع داؤں پر لگا رکھی ہے، ساری تاریخ داؤ پر لگا رکھی ہے، ساری تہذیب داؤ پر لگا رکھی ہے، بلکہ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ انسانیت کی لاشوں پر اگر انسان کھڑا ہو کر "انا ربکم الاعلی" کہہ سکتا ہے، تو درجنوں کی تعداد میں ہے، سینکڑوں کی تعداد میں نہیں، ہزاروں انسان اس کے لئے تیار نہیں، ان اللہ کے بندوں سے، عقل کے دشمنوں سے پوچھا جائے کہ جب انسان ہی نہ ہوں گے، تو تم کس پر حکومت کرو گے؟ پتھروں پر حکومت کرو گے؟ پہاڑوں اور ٹیلوں پر حکومت کرو گے؟ ریت کے ذروں پر حکومت کرو گے؟ لیکن آج کے انسان کو ان سوالات سے کوئی دلچسپی نہیں، اب تو صرف حکومت مقصود بن گئی ہے، اور دماغوں پر ایسی مستولی ہوگئی ہے کہ محکوم کی بھی فکر نہیں، اقتدار کی ہوس، جس کے لئے فرعون قرآن میں معیاری انسان کے طور پر پیش کیا گیا ہے، اور دولت کی ہوس، جس کے لئے قارون معیاری انسان کے طور پر پیش کیا گیا ہے، وزارت کا شوق، جس کے لئے ہامان معیاری انسان کے طور پر پیش کیا گیا ہے،

تین زندہ جاوید کردار ہیں، فرعون، ہامان، قارون، ان کا سلسلہ ختم نہیں ہوا ؎

نفس مارا کمتر از فرعون نیست
لیک اورا عون مارا عون نیست

فرق ہے کہ فرعون کے پاس ساز و سامان تھا، اور ہم میں سے کتنے آدمی ہیں، جن کے اندر فرعون بول رہا ہے۔

## آج انسان نیلام پر چڑھ چکے ہیں:

لیکن ان کے پاس اپنے مقاصد کو پورا کرنے کے لئے ساز وسامان نہیں، آج ساری دنیا اس راستے کے پیچھے آنکھ بند کر کے چلے جارہی ہے، جیسا کہ میں نے پہلے بھی کہا ہے کہ انسان خربوزوں اور تربوز کی طرح منڈی میں بک رہے ہیں، پارٹیاں بدلی جارہی ہیں، عقیدے بدلے جارہے ہیں، زندگی بھر کے کردار پر زندگی بھر کی تاریخ پر پانی پھیرا جارہا ہے، آدمی ایک کیمپ سے نکل کر...... دوسرے کیمپ میں جانے کے لئے تیار ہے، جس سے ساری عمر دوستی رہی اس سے دوستی ختم کر کے ان سے دوستی کرنے کے لئے تیار ہے، جن سے ساری عمر دشمنی رہی، جن کو ساری عمر برا کہتے تھے، ان کو اچھا کہنے کے لئے تیار، جن کو پاؤں تلے روندتا تھا..... ان کو سر پر بٹھانے کے لئے تیار، جن کو آنکھوں میں جگہ دیتا تھا ان کو پاؤں تلے روندنے اور مسلنے کے لئے تیار، سب کچھ انسان کرنے کے لئے تیار ہے، اور جس سے آپ پوچھیں گے..... ...... اگر وہ صحیح بات کہنے کی ہمت وجرأت رکھتا ہو، منافق نہ ہو تو آپ سنیں گے کہ سب کے دل میں وہی فرعون بیٹھا ہوا ہے، اور دنیا کے فساد کا باعث یہی ہے۔

## دنیا کے فساد کا ذمہ دار مذہب نہیں:

سن لیجئے کہ دنیا کے فساد کا ذمہ دار مذہب نہیں ہے، دنیا کا فساد یہ نہیں ہے کہ مذہب مذہب سے لڑ رہا ہے، مذہب کے مذہب سے لڑنے کا دور ختم ہوا، صدیوں پہلے ختم ہوا، آج بچارے مذہب کو کون موقع دیتا ہے کہ وہ میدان میں آئے، آج غیر مذہبی انسان غیر مذہبی انسان سے لڑ رہا ہے، آج غرض غرض سے لڑ رہی ہے، آج ہوس ہوس سے ٹکرا رہی ہے، آج شیطان شیطان سے ٹکرا رہا ہے، آج مال سے مال ٹکرا رہا ہے، آج اقتدار اقتدار سے لڑ رہا ہے، آج حکومت حکومت سے لڑ رہی ہے، آج وزارت وزارت سے لڑ رہی ہے، آج پارٹی پارٹی سے لڑ رہی ہے۔

## ساری لڑائی اغراض کی ہے:

تم نے دو عظیم جنگوں کا نقشہ دیکھا ہے، ان میں کون سا مذہب کس مذہب کے خلاف لڑا تھا؟ کہاں صلیبی جنگ تھی۔؟ کیا وہ اسلام و عیسائیت کی آویزش تھی؟ حاشا و کلا!۔ مذہب اس سے بری ہے، یہ مذہب کی خوبی ہو یا مذہب کی کمزوری ہو، مجھے اس سے بحث نہیں، مذہب آج اس پوزیشن میں نہیں ہے کہ دوسرے مذہب سے ٹکرائے، خلوص خلوص سے کبھی نہیں ٹکرایا روحانیت روحانیت سے کبھی نہیں ٹکرائی، یہ الزام ہے اتہام ہے، بہتان ہے، میں تاریخ کو چیلنج کرتا ہوں، تاریخ کے پروفیسروں کو چیلنج کرتا ہوں کہ ایک مرتبہ بھی بتادیں کہ خلوص خلوص سے لڑا ہو خلوص میں خلوص سے لڑنے کی صلاحیت ہی نہیں، خلوص جب خلوص کی طرف بڑھے گا، پہچان لے گا، بھائی، بھائی کو پہچان لیتا ہے، نیک نیک کو پہچان لیتا ہے ماں اپنے بیٹے کو پہچان لیتی ہے، بیٹا اپنی ماں کو پہچان لیتا ہے، اس سے زیادہ مخلص مخلص کو پہچانتا ہے، کبھی مخلص مخلص سے نہیں لڑسکتا، کبھی روحانیت روحانیت، سے نہیں لڑسکتی کبھی نیکی نیکی سے نہیں لڑسکتی، کبھی صداقت صداقت سے نہیں لڑسکتی، ہمیشہ جھوٹ جھوٹ سے لڑتا ہے، ہمیشہ نفاق نفاق سے لڑتا ہے، ہمیشہ باطل باطل سے لڑتا ہے، ہمیشہ اغراض اغراض سے لڑتے ہیں، سارا فساد دنیا میں اغراض کا ہے، اغراض کے سوا آج کچھ نہیں ہے، امریکہ میں اغراض کے سوا کچھ نہیں ہے، یورپ میں اغراض کے سوا کچھ نہیں ہے، اور افسوس کی ساتھ کہا جاسکتا ہے کہ ہمارے اس برصغیر ہندوستان و پاکستان میں اغراض کے سوا کچھ نہیں ہے، آج ساری دنیا میں اغراض کی کارفرمائی ہے آج لوگوں کو روٹی نہیں ملتی تو اغراض کی بدولت، آج لوگوں کو تن چھپانے کے لئے کپڑا نہیں ملتا تو اغراض کی بدولت، آج انسان انسان کے خون کا پیاسا ہے، اغراض کی بدولت، آج کل ،جو فرقہ وارانہ فسادات ہوئے ہیں، وہ بھی اغراض کا کرشمہ ہیں، مذہب کا نام بدنام ہے، مذہب کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

## ایک شاہراہ کے سوا آج سارے راستے بند ہیں:

میں صاف کہتا ہوں کہ اسلام کا بھی اس سے کوئی تعلق نہیں، ہندو مذہب کا بھی تعلق

نہیں، عیسائیت کا بھی تعلق نہیں، ایک مذہبی اور انصاف پسند انسان کی حیثیت سے میں اعلان کرتا ہوں کہ مذہب کا کوئی قصور نہیں، احمد آباد میں اغراض اغراض سے لڑے، انسانیت دشمنی تھی، جو سامنے آئی، آج جہاں کہیں بھی کشت وخون ہو رہا ہے، آج جہاں کہیں بدامنی ہے آج جہاں کہیں انسان انسان کو پامال کر رہا ہے گھروں کو تاراج کر رہا ہے، بستیوں کو بے چراغ کر رہا ہے، وہاں صرف اغراض ہیں، اور یہ سلسلہ کبھی بند نہیں ہوسکتا، اس کے بند کرنے کی طاقت دنیا کے کسی فلسفے میں نہیں، اس کے بند کرنے کی طاقت کسی مفکر کے پاس نہیں، راستے گم ہیں، دروازے بند ہیں، انسان کی قسمت پر مہر لگ چکی ہے، صرف ایک راستہ ہے، اور وہ راستہ صرف انبیاء علیہم السلام کا بتایا ہوا راستہ ہے۔

اے یورپ کے داناؤ! اے امریکہ کے لال بجھکڑو! تم راستہ کھو چکے مسیح علیہ السلام نے تم کو ایک راستہ بتایا تھا، جب تک محمد ﷺ کی بعثت نہیں ہوئی وہ راستہ بھی منزل تک پہنچانے کے لئے کافی تھا، مگر اے عقل وانسانیت کے دشمنو! تم نے مسیح علیہ السلام کی تعلیمات کا دامن چھوڑ دیا، کلیسا پر افترا ہے، الزام ہے، کلیسا میں ہزاروں خرابیاں سہی، کلیسا نے بہت غلط کردار ادا کیا، لیکن کلیسا جنگوں کا ذمہ دار نہیں، کلیسا نے وحدت پیدا کی، یورپ کی منتشر طاقتوں کو ملایا اور وہاں کے لوگوں نے صاف صاف کہا ہے کہ جب سے لوتھر کی تحریک دنیا میں آئی اس نے عیسائیت کو جو کچھ بھی فائدہ پہنچایا ہو اس نے یورپ کی وحدت کو پارا پارا کر دیا، ایک کلیسائے اعظم، ایک اسقف اعظم کے نیچے جو یورپی اقوام جمع ہوگئی تھیں اور صدیوں سے زندگی گزار رہی تھیں، ان کا تار بکھر گیا، ان کی لڑی ٹوٹ گئی، وہ ایسی منتشر ہوئیں کہ آج کوئی طاقت، کوئی فلسفہ، کوئی نظام خواہ وہ اقتصادی نظام ہو، خواہ وہ کوئی سیاسی نظام ہو، خواہ وہ جمہوریت ہو، خواہ ڈکٹیٹر شپ ہو، کوئی اس وحدت کو دوبارہ لانے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔

## ہمارا علاج ہمارے اندر ہے:

دنیا کو معلوم ہو جانا چاہئے کہ ہمارا مرض ---- ہمارے اندر ہے، اور ہمارا علاج بھی ہمارے اندر ہے، جس چیز کو ہم باہر تلاش کرتے پھرتے ہیں، وہ ہمارے اندر ہے، وہی قصہ ہے کہ کسی کی کوئی چیز کھو گئی تھی، گھر کے اندر اور باہر اس کو تلاش کر رہا تھا، کسی نے کہا کہ وہ چیز

کہاں گری تھی؟ اس نے کہا گھر کے اندر، اس نے کہا کہ گھر کے اندر کیوں نہیں تلاش کرتے؟ کہنے لگے، گھر کے اندر روشنی نہیں، روشنی باہر ہے، اس لئے جہاں روشنی ہے وہاں میں تلاش کر رہا ہوں۔

آج ساری دنیا کے اہل بجھلو یہی کر رہے ہیں حقیقت گم ہوئی تھی، ہمارے دل کے اندر، ہمارے وجود کے اندر ہمارے ارادوں کے اندر ہمارے یقین کا جو سرچشمہ ہے، اس کے اندر لیکن چونکہ اس میں تاریکی ہے اور تاریکی ہے ایمان نہ ہونے کی وجہ سے، تاریکی ہے، اس وجہ سے کہ نبوت کا دامن ہمارے ہاتھ سے چھوٹ گیا، لیکن ملے گی وہ چیز یں، باہر گیس کے ہنڈے کی روشنی سہی لیکن جو چیز جہاں گری ہے وہ چیز وہیں ملے گی، تم نے جس چیز کو گھر کے اندر کھویا ہے، اس کو گھر کے باہر مت ڈھونڈو، گھر کے اندر آؤ، چراغ جلاؤ ایمان کی مشعل، مانگ کر کے لاؤ، لیکن خدا کے لئے گھر میں آؤ، اور تلاش کرو، جو چیز جہاں گری ہے، قانون خداوندی ہے، عقل کا فیصلہ ہے وہ چیز وہیں ملے گی۔

## دنیا کے دکھوں کا علاج صرف یہ ہے کہ دل میں ایمان کا چراغ روشن کیا جائے:

تم نے دل کی دنیا میں یقین کھویا، تم نے دل کی دنیا میں انسان کی محبت کھوئی، تم نے دل کی دنیا میں ایمان کھویا تم نے دل کی دنیا میں انسان پر اعتماد کھویا، تم نے دل کی دنیا میں خدا کی محبت کھوئی، اب تم اس کو باہر تلاش کر رہے ہو، تم اس کو اقوام متحدہ کے پلیٹ فارم پر تلاش کر رہے ہو، تم اس کو سیاسی کانفرنسوں میں تلاش کر رہے ہو، تم اس کو سیاسی پارٹیوں میں تلاش کر رہے ہو، تم اس کو یونیورسٹیوں کے ایوانوں میں تلاش کر رہے ہو، تم اس کو کتب خانوں کے گوشوں میں تلاش کر رہے ہو، خدا کا قانون ہے، خدا کی غیرت کا فیصلہ ہے کہ جو چیز جہاں کھوئی ہے وہیں ملے گی، یہ کھوئی ہوئی چیز جسے تم نے دل میں کھویا ہے، اور تم جانتے ہو کہ تم نے کھویا ہے، تمہیں یاد ہے وہ دن جس دن تم نے کھویا تھا، تمہیں وہ گھڑی یاد ہے جس گھڑی تم نے اس کو کھویا تھا، وہ چیز جب گری تھی، اس کی آواز آئی تھی، شیشہ گرتا ہے تو اس کی جھنک پیدا ہوتی

ہے، وہ کوئی ایسی چیز نہ تھی کہ ریت میں گر گر کھوگئی ہو، اور آواز نہ آئی ہو، اس کی رسید آئی، اس نے اعلان کیا کہ میں جارہی ہوں، ایمان جب کھویا تم کو معلوم ہے، اس کی صدائے بازگشت تمہارے کانوں میں آئی، محبت جب کھوئی تو اس کی آواز آئی، اس نے پکارا، اس نے تم کو دہائی دی کہ میں جارہی ہوں، نبوت کا دامن ہاتھ سے چھوٹا تو تم کو احساس ہوا اور بتانے والوں نے بتایا، تم نے سنی ان سنی کردی، یورپ کے داناؤ، یورپ کے لال بجھکڑو! تم نے اسوقت ایسا شور مچار کھا تھا، ایسی گھنٹیاں بجا رکھی تھیں، ایسے ناقوس بجار کھے تھے، ایسے جنگ کے گھنٹے بجار کھے تھے کہ جب حضرت مسیح علیہ السلام کی عطا کی ہوئی چیز کھوئی تھی اور زمین پر گر کر اس نے آواز دی تھی تو تم نے اس کی آواز نہیں سنی، لیکن مسلمان تم کو بتاتا ہے کہ وہ چیز تم نے کہاں کھوئی؟ ڈھونڈ ھنے والوں کو وہیں ملے گی، آبِ حیواں کا چشمہ وہیں ملتا ہے، جہاں ہوتا ہے، ہزار دریا سہی، سمندر سہی، راوی و چناب سہی اور گنگا و جمنا سہی لیکن آبِ حیواں کا چشمہ تاریکیوں میں ملے گا، انہی تاریکیوں میں جانا پڑے گا، پہلے تاریکیاں پڑیں گی پھر آبِ حیواں کا چشمہ ملے گا۔

اب دنیا کا کوئی علاج نہیں، سننے والے سن لیں، لکھنے والے لکھ لیں، یاد کرنے والے یاد کرلیں، کہ اب دنیا کا کوئی علاج نہیں ہے، علاج صرف یہی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا دامن پکڑا جائے اور پھر وہ چراغ بھی روشن کیا جائے جس سے دل کی کھوئی ہوئی چیز ملے، دل کا سر گم ہو چکا، دل تک پہنچنے کا راستہ کسی کے پاس نہیں، افسوس یہ ہے کہ راستہ نہیں، دل تک پہنچنے کا راستہ بہت نازک ہے، یہ بہت پتلی گلی ہے مگر راستہ وہی ہے۔

## دماغ ہفت زبان ہے لیکن دل صرف ایک زبان جانتا ہے:

سن لو کہ دماغ ہفت زبان ہے، لیکن دل یک زبان، دماغ انگریزی جانتا ہے، دماغ فرانسیسی جانتا ہے، دماغ عربی جانتا ہے، اعلیٰ سے اعلیٰ تقریریں کرو، لطیف نکتے پیدا کرو، بلند سے بلند فلسفیانہ بحثیں کرو، لیکن دل ایک زبان جانتا ہے، دل انصاف کی زبان جانتا ہے، دل محبت کی زبان جانتا ہے، دل فلسفوں سے نہیں سمجھے گا، باریکیوں سے نہیں سمجھے گا، سائنس سے نہیں سمجھے گا، دل تو ایک ایمان کی زبان جانتا ہے، خدا کا نام لو تو دل جاگ اٹھے گا، خدا کے نام سے پکارو، دل دوڑ پڑے گا، خدا کے نام کی دہائی دو، دل سب کچھ نچھاور کردے گا، اور جب

دل تیار ہو جائے گا تو پھر کسی چیز کی کمی نہیں، وسائل کی کمی نہیں، طاقت کی کمی نہیں، تنظیم کی کمی نہیں، دولت کی کمی نہیں، دانائی کی کمی نہیں، سب قدموں کے نیچے ہیں لیکن دل کو جگاؤ اور دل کو ایک مرتبہ خیر کے راستے پر ڈال دو اور دل میں انسان کی محبت پیدا کر دو، دل کی اس سرد و بنجر زمین میں پھر صلاحیت پیدا کرو، اور وہ صلاحیت پیدا نہ ہوگی، جب تک اپنے سفلی اغراض و مقاصد کی کھاد اس میں نہ ڈالو، یہ تمہاری دولت پرستی، یہ تمہاری جاہ پرستی، یہ تمہاری غرض پرستی یہ تمہاری حکومت پرستی یہ کھاد ہے دل کی، جب اس کی کھاد بنا کر زمین پر ڈالو گے تو دل کی کھیتی خزانہ اگلے گی پھر خلوص پیدا ہوگا، کھاد ہوگی، ...... تم نے دیکھا ہے کہ کھاد ہمیشہ گندی ہوتی ہے، مگر کھاد سے جو چیز پیدا ہوتی ہے، وہ کیسی لطیف و نظیف ہوتی ہے، جب اغراض کی غلط مقاصد کی کھاد، انسانیت دشمنی کی، ...... جاہ پرستی کی، ...... اور حکومت پرستی کی کھاد ڈالو گے تو اس سے خلوص برآمد ہوگا، اس سے صداقت برآمد ہوگی، اس سے انصاف برآمد ہوگا، اس سے انسانیت کی فلاح کی طلب برآمد ہوگی، اور پھر دنیا میں بہار آئے گی، اور یہ دنیا جنت کا نمونہ بن جائے گی۔ اللہ تعالیٰ ہمیں دین کی قدردانی نصیب کرے!

وما علينا الا البلاغ المبين.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# ملک ومعاشرہ کا سب سے خطرناک مرض ظلم وسفا کی

پیام انسانیت کی تحریک حضرت مولانا رحمۃ اللہ علیہ کی وہ عظیم تحریک ہے جس کے ذریعہ ہندوستان جیسے بتکدے میں غیر مسلموں کے درمیان اسلامی پرچار کی وہ قابل تحسین خدمت ہوئی جسے ہندوستانی مسلمان وغیر مسلم صدیوں یاد رکھیں گے، پیام انسانیت کی خوشبو کو وہ مدتوں محسوس کریں گے! اللہ تعالیٰ اس تحریک کو حضرت مولاناؒ کے حق میں رفع درجات کا سبب بنائے۔ ۶ جنوری ۱۹۹۳ء کو مولانا کے شہر لکھنؤ کی مشہور تاریخی عمارت بارہ دری قیصر باغ میں پیام انسانیت کا وہ عظیم الشان فقید المثال جلسہ ہوا جسکی صدارت خود حضرت مولانا نور اللہ مرقدہ نے فرمائی، جس میں بلاتفریق مذہب اور ملت بہت سے نامور دانشور اور رہبرانِ قوم نے شرکت کی۔ اس موقع پر حضرت مولانا قدس سرہٗ کا وہ تاریخ ساز بیان ہوا!

اس اعصابی اور جذباتی دورہ کے دور کرنے کا سب سے مفید و مؤثر طریقہ مذہبی پیشواؤں، ملک کے دانشوروں اور سیاسی قائدین کی جدوجہد اور مہم جوئی......ایک مؤثر خطاب اور دعوت عمل۔

حضرات:

ہم اس وقت لکھنؤ شہر میں ہیں، میں اپنی تقریر کا آغاز اسی لکھنؤ شہر کے ایک معروف شاعر امیر مینائی کے شعر سے کروں گا، ادب کے بہت سے طالب علم شعر وشاعری سے دلچسپی رکھنے والے اور تاریخ کا علم اور اس کا ذوق رکھنے والے حضرات ان کے نام سے واقف ہوں گے وہ

کہتے ہیں

امیرؔ جمع ہیں احباب درددل کہہ لے
پھر التفات دل دوستاں رہے رہے نہ رہے

اوراسی کے ساتھ میں اسی برصغیر (SUB CONTINENT) کے قابل فخر اور مشہورترین شاعروادیب اور فلسفی ومفکرعلامہ اقبال کا بھی شعر پڑھوں گا، وہ کہتے ہیں۔

تاتو بیدار شوی نالہ کشیدم ورنہ
عشق کاریست کہ بے آہ وفغاں نیز کنند

مطلب یہ ہے کہ آپ جاگ جائیں اس لئے کہ میرے دل سے ایک آہ کراہ نکلی ہے ورنہ عشق تو ایسا کام ہے کہ جو آہ وفغاں اور اظہار درد کے بغیر بھی کیا جاتا ہے اور کیا جاتا رہا ہے۔

حضرات:

میں بہت معذرت کے ساتھ اتنا عرض کردوں کہ میں لکھنے پڑھنے والا آدمی ہوں لیکن میری توجہ اور میری دلچسپی کا مرکز دو موضوع (SUBJECTS) ہیں ایک مذہب اور اس میں بھی تقابلی مطالعہ (COMPARATIVE STUDY) اور ایک تاریخ، اور تاریخ صرف ایک حصہ کی نہیں بلکہ تاریخ عالم (UNIVERSAL HISTORY) میں نے عربی، فارسی، اردو اور انگریزی میں اس کا بڑا ذخیرہ دیکھا اور پڑھا ہے، اسی مطالعہ کے نتیجہ میں میں اس حقیقت تک پہنچا ہوں کہ دنیا کی مذاہب میں سب سے زیادہ اگر کسی چیز پر اتفاق ہے تو وہ یہ کہ ظلم بُری چیز ہے، اور ظلم اس دنیا کو پیدا کرنے والے کو پسند نہیں ہے، اور جہاں تک تاریخ کا تعلق ہے وہ بتاتی ہے کہ ظلم سے بعض اوقات بڑی بڑی سلطنتوں کے چراغ گُل ہو گئے ہیں اور معاشرہ پر بادخزاں چل گئی ہے، ان پر مکمل زوال آ گیا ہے اور سارے علمی وادبی کارنامے اور ذخیرے خاک میں مل گئے ہیں۔

تاریخ میں ایسی شہادتیں بھی موجود ہیں کہ بعض اوقات کسی ایک مظلوم مرد کی آہ، اور کسی ایک مصیبت زدہ خاتون کی کراہ سے پورے دور کا خاتمہ ہو گیا ہے، جو بات سب سے زیادہ ملکوں کی خیر خواہی، سچی ہمدردی، حقیقت پسندی انسانیت کے فرض کی ادائیگی بلکہ اس کے احساس کی ہے خواہ اس ملک میں کتنی ترقیاں ہوں اور اس ملک کی تاریخ خواہ کیسی رہی ہو اور

اس میں وسائل و ذخائر ہوں، یہ ہے کہ ظلم نہ ہونے پائے، کسی کمزور آدمی کو روندا نہ جائے کسی گھر کا چراغ بجھایا نہ جائے، کسی بے زبان عورت پر ہاتھ نہ اٹھایا جائے اور کسی مظلوم کی بد دعا نہ لی جائے۔

میں آپ سے کہتا ہوں کہ اس بارہ دری کی (ہندوستان کو چھوڑیئے لکھنؤ شہر کے مقابلے میں) کیا حقیقت ہے؟ لیکن اگر کچھ لوگ آ کر اس بارہ دری میں توڑ پھوڑ شروع کر دیں، کرسیاں پٹخنا شروع کر دیں اور لوگوں پر حملہ آور ہو جائیں، اور یہ جو آپ آرائش کا سامان دیکھ رہے ہیں اس کو برباد کرنا شروع کر دیں، تو اس کا ٹرسٹی، اس کا محافظ، اور اس کی دیکھ بھال کرنے والا اسٹاف، برداشت نہیں کر سکتا، آپ کمہار کی دوکان پر جا کر دیکھئے (میں آسانی سے یہ مشورہ نہیں دوں گا مجھے آپ سے ہمدردی ہے) لیکن آپ سے کہتا ہوں کہ آپ کمہار کی دوکان پر تجربہ کیجئے، ایک کمہار کی کیا حقیقت ہے، اس کے مٹی کے برتنوں کی کیا حیثیت ہے؟ دو پیسے کی چیز ہے! لیکن آپ کمہار کی دوکان پر جا کر اس کے گھڑے توڑنے لگیں اس کے بدھنے توڑنے لگیں، اس کے برتن پھوڑنے لگیں تو وہ آپ کو آسانی سے جانے نہیں دے گا، وہ آپ کو روکے گا، اپنے برتنوں کو بچانے کی کوشش کرے گا اور آپ پر حملہ آور ہو جائے گا، اسی طرح آپ کسی اور دوکان پر چلے جائیے اور اس دوکان کو لوٹنے لگے، اس کا سامان اٹھا کر لے جانے لگے، توڑ پھوڑ شروع کرنے لگے اور اپنی طاقت کا مظاہرہ کرنے لگے، تو وہ برداشت نہیں کر سکتا اگر وہاں زندگی کے آثار ہیں اور واقعی وہ کوئی مہذب جگہ ہے، پڑھے لکھے لوگ وہاں رہتے ہیں تو پورا محلہ آ کر کھڑا ہو جائے گا، گھر کے لوگ باہر آ جائیں گے، لکھنا پڑھنا چھوڑ دیں گے اور آپ کا ہاتھ پکڑ لیں گے کہ اس غریب دوکاندار کا کیا قصور ہے کہ آپ اس کی دوکان اور اس کے سامان کو توڑ پھوڑ کر رہے ہیں اور جلا رہے ہیں؟ یہاں قریب ہی ایک لائبریری ہے، مجھے وہاں کے ایک ایک صفحہ کی قدر ہے، میری بہت سی تحریریں اور کاوشیں اس کی رہین منت ہیں، لیکن میں کہتا ہوں اور دل پر ہاتھ رکھ کر کہتا ہوں کہ وہاں جا کر کوئی کتابیں پھاڑنے لگے، کیا حقیقت ہے کتاب کی، انسان کی لکھی ہوئی کتاب ہے، دوبارہ لکھی جا سکتی ہے، دوبارہ چھپ سکتی ہے اور کئی بار چھپ سکتی ہے تو آپ کو اس ذخیرہ یا اس کے کسی حصہ کو تلف اور برباد کرنے کی کوئی اجازت نہیں دے گا۔

بس کیا آدمی ہی رہ گئے ہیں، ہمارے بھائی مذہبی رہ گئے ہیں، نسل انسانی کے افراد ہی رہ گئے ہیں جن سے ہمارا ملک آباد ہے، جن سے یہاں کی رونق قائم ہے، جن کی وجہ سے ہمارا ملک ملک کہلاتا ہے، جنگل نہیں کہلاتا ہے، یہاں کوئی شکار کھیلنے نہیں آتا، کیوں کہ وہ جانتا ہے کہ یہ لکھنؤ ہے، تہذیب کا مرکز ہے یہ اجودھیا ہے، یہ دہلی ہے تاریخی شہر ہے اور ملک کا دارالسلطنت (Capital) ہے، بمبئی ہے، احمد آباد اور سورت ہے کہاں تک شہروں کے نام لوں، کوئی آپ کو اجازت نہیں دے گا کہ آپ مٹی کے سامان کو، شیشے کے سامان کو بھی برباد کرنے لگیں تو کیسے یہ خیال آ سکتا ہے کہ آدمی جسے اس دنیا کے پیدا کرنے والے نے کس محبت سے، اپنی قدرت وصنعت اور اپنی رحمت سے انسان بنایا وہ انسان شکار بن جائے؟ خود انسانی ہاتھوں کا شکار بن جائے اور اس کا اس طرح شکار کیا جائے جس طرح شکاری جانوروں کا شکار کرتا ہے۔

خلاصہ یہ کہ یہ سارے مذہب اگر کسی بات پر متفق ہیں تو اس پر کہ ظلم بہت بری چیز ہے، اور ظلم خالق کائنات کو ناراض کرنے والی چیز ہے، اور اس کی طرف سے ظلم کرنے والوں پر ایسی ایسی سزائیں، آفتیں اور مصیبتیں آتی ہیں جن کا پہلے سے تصور وتعین بھی نہیں کیا جاسکتا اور ان کے تصور ہی سے رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں، میں کہنا نہیں چاہتا، اسی ملک کا رہنے والا ہوں میری زندگی بھی اس ملک سے وابستہ ہے مگر کہتا ہوں کہ ظلم کرنے والوں پر خدا کی طرف سے آفتیں آتی ہیں، زلزلے آتے ہیں، بجلیاں گرتی ہیں، گرانی بڑھتی ہے، قحط سالی آتی ہے، چیزیں نایاب ہوجاتی ہیں، بیماریاں بھی عام ہوجاتی ہیں اور آگے مجھ سے نہ کہلوایئے۔

میں کہہ رہا ہوں کہ سب سے زیادہ ڈرنے والی چیز جو ہے وہ ظلم ہے دنیا کے سارے مذاہب، سارے کلچر، سارے رفارمرس (Reformers)، سارے صوفی سنت اس بات پر متفق ہیں کہ انسان سب سے زیادہ قیمتی چیز ہے اور ہر مذہب کا انسان ہر شہر کا انسان، ہر قابلیت کا انسان، ہر صلاحیت کا انسان، مفید ہو نا یا غیر مفید وہ خدا کی صفت ہے اور خدا کی رحمت کا مظہر ہے ہم اس کو ...... (MASTER PIECE) نہیں کہہ سکتے ورنہ اس سے بڑھ کر (MASTER PIECE) اور کیا ہوسکتا ہے؟

میرے بھائیو، دوستو! اب میں آپ سے یہ عرض کرتا ہوں کہ آدمی بیمار ہوجاتا

ہے،اس پر اعصابی اور جنون کا دورہ پڑ جاتا ہے اور یہ دورہ فرد (INDIVIDUAL) پر بھی پڑ سکتا اور پڑتا ہے اور تاریخ ہمیں یہ بتاتی ہے کہ مرض کا یہ دورہ، جنون (پاگل پن) کا یہ دورہ ظلم وسفا کی کا یہ دورہ، انسان کی تحقیر وتذلیل کا یہ دورہ صرف افراد ہی پر نہیں بلکہ پورے پورے معاشرہ، پوری پوری سوسائٹی، پورے پورے ملک اور پورے عہد پر پڑا ہے۔ اور یہ دورہ پڑنا کوئی انوکھی اور تعجب خیز بات نہیں ہے لیکن جو چیز ڈرنے کی ہے اور خطرناک بھی ہے وہ یہ ہے کہ اس دورہ کو دور کرنے والے اور اس بیماری کا علاج کرنے والے لوگ نہ ہوں، ہم نے انسانی تہذیب اور نسل انسانی پر ایسے بڑے بڑے دورے پڑتے ہوئے دیکھے ہیں کہ معلوم ہوتا تھا کہ اب یہ تہذیب زندہ نہ رہ سکے گی، اور یہ نسل اب آگے نہ چل سکے گی، لیکن ہمت والے لوگ سامنے آگئے اور انہوں نے واقعات کا رخ بدل دیا۔

اس کی مثالیں میں آپ کو اپنے تاریخ کے مطالعہ کی روشنی میں ایک نہیں دس دے سکتا ہوں لیکن اس موقع پر میں صرف دو مثالیں دوں گا۔ ایک تو جب چین کی سرحد سے ترکستان کے تاتاری اٹھے تو ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اب نسل انسانی سب کچھ کھودے گی، اور اب کچھ باقی نہ رہے گا، معلوم ہوتا تھا کہ اب دنیا کو اپنا تہذیبی سفر دوبارہ شروع کرنا پڑے گا۔ کیونکہ سب کچھ برباد ہو جائے گا، نہ کتب خانے رہیں گے، نہ مدرسے رہیں گے، نہ دانشور رہیں گے، اور حد یہ تھی کہ وہ اٹھے تھے ترکستان سے لیکن یورپ میں لوگ ان سے ڈرتے تھے، یہاں چند تاریخی شہادتیں بیان کرتا ہوں جو یورپ کے مستند ومشہور مؤرخوں کی کتابوں سے ماخوذ ہیں۔

گبن (GIBBON) اپنی مشہور کتاب ''تاریخ انحطاط اور سقوط روما''

(THE DECLINE AND FALL OF TH FOMAN DMPIRE) میں لکھتا ہے۔

''سویڈن کے باشندوں نے روس کے ذریعہ تاتار طوفان کی خبر سنی، ان پر اتنی دہشت طاری ہوئی کہ وہ ان کی خوف سے اپنے معمول کے مطابق انگلستانی سواحل پر شکار کھیلنے کے لئے نہیں نکلے۔''

ایچ.جی.ولز (H.G.WELLS) کا قول ہے کہ:

''اگر کوئی سیاسی پیشین گو ساتویں صدی کے آغاز میں دنیا کا جائزہ لیتا تو اس نتیجہ پر پہنچتا کہ صرف چند صدیوں کی بات ہے کہ پورا یورپ اور ایشیاء منگولوں کے زیر اقتدار آجائے گا۔''

ہیرالڈلیمب (HAROLD LAMB) لکھتا ہے۔

''چنگیز خان کی جہاں آشوبی وغارت گری نے تمدن کو ایسا سخت صدمہ پہنچایا کہ نصف دنیا میں تہذیب وشائستگی کو مرکر از سرتو جنم لینا پڑا، خوارزم کی سلطنت، بغداد کی خلافت روس کی مملکت اور کچھ دنوں کے لئے پولینڈ (پولار) کی حکومتیں ہٹ گئیں۔''

لیکن کیا ہوا، کچھ صوفیاء (سنت لوگ) کچھ اہل دل اٹھے، انہوں نے کوشش کی، ان سے ملے، خدا کی یاد دلائی، اس کے غضب سے ڈرایا، ان کو انسان پر ترس کھانے کی تلقین کی، اور اپنے اخلاق سے، اپنی روحانیت سے، اپنی بے غرضی اور خلوص سے، اپنی ہمدردی نوع انسانی سے ان کے دلوں کو موہ لیا، ان کے دلوں کو بالکل ایسا نرم بنالیا کہ وہ بالکل موم ہو گئے جس کے اتنے قصے ہیں کہ بیان نہیں کئے جاسکتے، ان صوفیوں اور درویشوں کا دولت سے بے پرواہ ہونے اور ان کے خلوص کی حد یہ ہے کہ چند بزرگوں۔ کے علاوہ ان میں سے اکثر کے نام بھی تاریخ میں نہیں ملتے، انہوں نے اپنے نام بھی چھپائے انہوں نے پوری تاتاری نسل کو آدمی بنادیا اور ایسا آدمی بنایا کہ ان میں مصنف بھی پیدا ہوئے، ان میں بڑے بڑے قانون داں پیدا ہوئے، بڑے بڑے بانیان سلطنت پیدا ہوئے، انہوں نے انسانی تہذیب کی حفاظت کی اور صدیوں تک دنیا کی رہنمائی کرنے کے قابل ہوئے۔

تو میرے بھائیو! کسی ملک، پر کسی فرقہ پر، اور مجھے معاف کیجئے۔ میں صاف کہونگا کہ کسی کمیونٹی (COMMUNITY) پر، کسی مکتب خیال پر، (SCHOOL OF THOUQHT) کسی سوسائٹی پر، کسی کنٹری اور سولیزیشن (CIVILISATION) پر یہاں تک کہ کسی ایج (AGE) پر پورے پورے ایج (AGE) پر اس دورہ کا پڑجانا، اس کا بیمار ہوجانا اور جنون کا شکار ہوجانا کوئی بعید بات نہیں ہے یہ بار بار ہوا ہے۔

لیکن اصل ڈرنے کی بات یہ ہے کہ اس دورے کو دور کرنے اور آدمی کو پھر آدمیت کے حدود میں لانے اور آدمی کو آدمی بنانے اور آدمی کو ظلم سے، خون ریزی سے ڈرانے اور آدمی کی آدمی سے دل میں محبت پیدا کرنے اور اپنے ملک کی سچی خیر خواہی اور سچی حب الوطنی سچا نیشنلزم اور اپنے ملک کی محبت پیدا کرنے کی تعلیم دینے کے لئے کوئی پارٹی اور کوئی جماعت کھڑی نہ ہو، یہ چیز ڈرنے کی ہے، ایک آدمی جو فلسفہ تاریخ پر نظر رکھتا ہے اور جس کی مذاہب کی تعلیمات پر

بھی نظر ہے، جس نے آسمانی کتابیں پڑھی ہیں، جس نے روحانی شخصیات کے ملفوظات اور زبان سے نکلے ہوئے الفاظ پڑھے ہیں وہ جانتے ہیں کہ یہ دورے تو پڑتے رہتے ہیں دولت پرستی کا دورہ پڑ گیا، خواہشات نفس کی پرستش کا دورہ پڑ گیا، اور آدمی سے بیزار ہوئے اور آدمی کی صورت دیکھنے کا روادار نہ ہوئے، اور ظلم سے لطف اٹھانے (ENJOY) کرنے کی بیماری پیدا ہو جائے، جن کو جائز تفریحات اور فطری لذتوں میں وہ مزہ نہیں آتا اور دلکش گیت اور عمدہ نغمہ سننے میں مزہ نہیں آتا جو آدمی کو مارنے میں مزہ آتا ہے، یہ ایک بیماری ہے، انسانیت کی آخری حد تک گراوٹ ہے اور آخری درجہ کی ذلت ہے، لیکن انسان اس کا شکار ہوتا ہے اور ہوا ہے اور اگر کہہ دوں کہ ہزاروں بار شکار ہوا ہے تو غلط نہیں ہوگا، پوری پوری تاریخیں لکھی گئی ہیں، ایک قوم کے ظلم پر، ایک سلطنت کے دوسری سلطنت کو غلام بنانے پر، اور ظلم کے نئی نئی طریقے نکالنے پر، اور انسان کشی اور انسان سوزی کے واقعات پر، مگر یہ سب تاریخ کی نذر ہو گیا، تاریخ کے سوا ڈھونڈے سے نہیں ملے گا، صاف معلوم ہو رہا تھا کہ یہ چیز دور نہیں ہو سکتی یہ قہر خداوندی ہے، جس رقبہ کی چیز تھی، اس کی جو حدیں تھیں، اس میں جو انسانی برادری آباد تھی، اب پنپ نہیں سکے گی، اس کے بچے پڑھ نہیں سکیں گے، اس کی خواتین اور عورتیں عزت کے ساتھ رہ نہیں سکیں گی۔

لیکن اچانک ہوا کا رخ بدلا اور بہار کا ایسا جھونکا آیا، روحانیت کا ایک ایسا جھونکا آیا اور قربانی دینے کا ایسا جذبہ پیدا ہوا کہ لوگوں نے اپنی جانوں کی پراہ نہیں کی، عہدے کی پرواہ نہیں کی، عہدے تو عہدے کیا ہیں اپنی صحت کی اپنی زندگی کی پرواہ نہیں کی، خوف کا بادل چھٹ گیا۔ وہ کہر دور ہو گیا، وہ انسان جو بالکل عقل کھو بیٹھا تھا، حواس باختہ ہو چکا تھا اور اس کے منہ کو خون لگ گیا تھا، اس کو کھانے میں وہ مزہ نہیں آتا تھا جو انسان کا خون بہانے میں مزہ آتا تھا وہ انسان اور انسانیت کا محافظ بن گیا، جو رہزن اور حملہ آور تھا وہ معالج اور تیماردار بن گیا۔

ایک ایسا دور بھی گزرتا ہے کہ لوگ اپنے بچوں کو دیکھ کر خوش نہیں ہو پاتے اور آج بھی کہیں کہیں ایسا ہو رہا ہے کہ لوگ اپنے بچوں، پوتوں اور نواسوں کو دیکھ کر خوش نہیں ہوتے، بچے ہنستے ہوئے آتے ہیں کہ دیکھ کر پیار آ جائے گا، مگر پیار کے بجائے آنکھوں میں آنسو آ جاتے ہیں کہ کل نہیں معلوم کہ ان کا کیا حشر ہوگا، کب ہسٹریا کا دورہ پڑ جائے اور ان بچوں کو ان کے ماں

باپ کے سامنے چیر پھاڑ کر رکھ دیا جائے، ہزار افسوس اور شرم ایسی زندگی پر کہ آدمی اپنے جگر کے ٹکڑوں کو، آنکھوں کی ٹھنڈک اور دل کی راحت کو اور ہنستے مسکراتے بچوں، نواسوں، پوتوں اور پوتیوں اور پردہ نشین خواتین کو جن پر کسی کا سایہ نہیں پڑا، جن پر آج تک کسی کی نگاہ نہیں پڑی ان کو دیکھ کر یہ خطرہ محسوس کرے کہ معلوم نہیں کب جنون کا ایک دورہ آئے، دیوانگی کا ایک وبال آئے اور اس کے بعد نہ شریف عورت رہے نہ معصوم بچہ معصوم بچہ رہے، نہ یتیم کو یتیم سمجھا جائے نہ بے کس پر رحم کیا جائے، نہ بیوہ پر ترس کھایا جائے، یہ ایک بیماری ہے اور انسانی فطرت کے بالکل خلاف ہے، خدا کے پیدا کرنے کے منشاء کے خلاف ہے، اور خدا کے پیغمبروں، رسولوں اور ریفارمرس کی تعلیمات کے خلاف ہے لیکن یہ ہوتا ہے اور جو چیز ہوتی ہے اس کا ذکر بھی کرنا پڑتا ہے، دل پر پتھر رکھ کر ذکر کیجئے، آنکھوں پر پٹی باندھ کر ذکر کیجئے، رو کر کہیے، چیخیں مار کر کہیے کراہوں کے ساتھ کہیے، آہوں کے ساتھ کہیے لیکن اس کو کہنا پڑتا ہے اور کہنا ہی نہیں پڑتا ہے، لکھنے پڑھنے والا آدمی ہوں لکھنا بھی پڑتا ہے، تاریخ میں ایسے واقعات درج ہوتے ہیں اور آنے والی نسل انہیں دیکھتی ہے اور کہتی ہے کہ یہ کون لوگ تھے؟ کس نسل کے لوگ تھے؟ کس علاقہ کے لوگ تھے؟ ان کو کیا ہو گیا تھا؟ ان کو یہ دیوانگی کا دورہ کیسا پڑا تھا؟ اور ان کی انسانیت کہاں چلی گئی تھی؟ اور کیا دل نکال کر انہوں نے پھینک دیا تھا؟ کیا آنکھیں انہوں نے پھوڑ لی تھیں؟ کیا ان کو کسی کے دکھ سے تکلیف نہیں ہوتی تھی؟ کیا انسان کے رستے ہوئے خون کو دیکھ کر ان کے آنسو بہنے میں گیا لگتا ہے؟ آنسو بہنے میں کیا جاتا ہے، لیکن نہیں وہ ایسے سنگ دل تھے کہ انسان کے جسم سے خون بہتے ہوئے دیکھتے رہے اور ان کی آنکھوں سے ایک آنسو بھی نہیں ٹپکا، کیونکہ وہ انسان کو جانچتے تھے مذہب سے اور مذہب ہی نہیں انسان کو جانچتے تھے، تاریخی روایت سے انسان کو جانچتے تھے، افسانوں سے اور کہانیوں سے انسان کو جانچتے تھے، لوگوں کی افسانہ طرازیوں سے جس پر سینکڑوں برس نہیں ہزاروں برس گزر گئے، لیکن وہ ان کے نزدیک ایک زندہ چیز تھی اور وہ خدا جو حیٌّ قیُّومٌ ہے وہ ان کے نزدیک زندہ نہیں ہے؟ وہ انسانیت جو دنیا میں پنپ رہی ہے پھل پھول رہی ہے، گل کھلا رہی ہے، شاہ کار بنا رہی ہے، کتابوں کے ڈھیر لگا رہی ہے، کتب خانے بھر رہی ہے اور اب بھی اس کے اندر محبت کا خزانہ ہے، اب بھی اس کے اندر گل کا کھلانا ہے، یہ انسان جس سے دنیا کی بہار

ہے اگر انسان نہ ہو تو دنیا کی کیا قیمت ہے، انسان ہی سے اس کی بہار ہے، انسان ہی سے اس کی رونق قائم ہے، انسان ہی سے اس کی چمک دمک برقرار ہے، چلے جایئے آپ قبرستان میں کیا آپ کا دل وہاں لگے گا، چلے جایئے عجائب گھروں میں کیا وہاں رہنے کو دل چاہے گا، کیسے کیسے جانور ہیں، کیسی کیسی شاہ کار اور صنعت کی چیزیں ہیں، لیکن وہاں آپ ٹھہر نہیں سکتے، دیکھیں گے اور چلے آئیں گے لیکن انسان کی بستی سے انسان نہیں گھبراتا، جنگل سے گزرتا ہے تو ڈرتا ہوا، خدا سے دعا کرتا ہوا کہ خیریت سے گزر جائے اور انسانوں کے پاس صحیح سالم پہنچ جائے، اگر انسان کو انسان سے محبت نہ ہو، انسان کو انسان کے دکھ درد کا احساس نہ ہو، انسان انسان پر ترس نہ کھائے، انسان انسان سے ہمدردی نہ کرے تو وہ انسان نہیں بھیڑیا ہے، اور کون ہے جو بھیڑیے کی تعریف کرتا ہے اور کون ہے جو بھیڑیے سے نفرت نہیں کرتا ہے، اور کون ہے جس کا بھیڑیے کی برائی سے دل نہیں دکھتا ہے، اتنے بڑے مجمع میں ہے کوئی شخص جو یہ کہے کہ آپ بھیڑیے کی برائی کیوں کر رہے ہیں، لیکن جب انسان بھیڑیا بن جائے تو کیوں آپ کا دل نہیں دکھتا، کیوں آپ کے دل پر چوٹ نہیں پڑتی اس کے نام سے نفرت کا اظہار کیوں نہیں ہوتا، انسان بھیڑیا بننے کے لئے بنایا گیا ہے؟ انسان تو فرشتہ بننے کے لئے بنایا گیا ہے، انسان تو ولی بننے کے لئے بنایا گیا ہے، انسان تو ہمدرد خلائق بنایا گیا ہے اور ہماری شاعری ہماری بول چال، ہمارے احساسات اور ہماری مجلسوں میں اسی حیثیت سے اس کا تذکرہ کیا گیا ہے اور بھیڑیا بھیڑیا ہے، آج تک بھیڑیا ہے، سینکڑوں برس سے بھیڑیا ہے اور میں نے نہیں دیکھا کہ کسی شاعر نے بھیڑیے کی شان میں قصیدہ کہا ہو اور کسی صحیح الدماغ آدمی نے بھیڑیے کو اپنا ہیرو بنایا ہو اور اپنا آئیڈیل سمجھا ہو، سانپ بچھو سے تو ہم نفرت کریں اور وہی کام ہم کریں اور ہمیں شرم نہ آئے۔

"دوستو! میں کہتا ہوں کہ ایک انسان کا دوسرے انسان پر ہاتھ اٹھتا کیسے ہے، اس ہاتھ کو دیکھنا چاہئے، اس کو ڈاکٹروں کے پاس لے جانا چاہئے اس کی طبی جانچ کرنی چاہیے، اس کو کاٹ کر دیکھنا چاہئے کہ اس کے اندر کون سی چیز بھری ہوئی ہے اور کس کا خون اس کے اندر دوڑ رہا ہے یہ ہاتھ انسان پر اٹھنے کے لئے نہیں بنایا گیا تھا، یہ ہاتھ بنایا گیا تھا انسان پر ظلم روکنے کے لئے، انسان خواہ یورپ کا ہو، انسان خواہ افریقہ کا ہو، انسان خواہ امریکہ کا ہو، اس پر جہاں بھی

زیادتی ہو ہمارا ہاتھ اٹھنا چاہئے اور زیادتی کو روکنا چاہئے، اگر گھر میں ہے تو وہاں بھی، راستہ میں چل رہا ہے تو وہاں بھی، بازار میں ہے تو وہاں بھی، مولانا حالی کہتے ہیں

درد دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو
ورنہ طاقت کے لئے کچھ کم نہ تھے کروبیاں

اور ہمارے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"الراحمون یرحمهم الرحمن تبارک وتعالیٰ ارحموا من فی الارض یرحمکم من فی السماء."

(ترجمہ) رحم کرنے والوں پر وہ خدا رحم کرتا ہے جس کا نام ہی رحمٰن ہے تم اہل زمین پر رحم کرو تم پر وہ رحم کرے گا جو آسمان میں ہے۔

مولانا حالی نے اس کا ایک شعر میں خوب ترجمہ کیا ہے۔

کرو مہربانی تم اہل زمیں پر
خدا مہرباں ہوگا عرش بریں پر

اور یہ وہ حدیث جو حدیث کے حلقہ میں سب سے پہلے سنائی جاتی ہے اور اہل علم جانتے ہیں کہ اس حدیث کو کتنی اہمیت دی گئی ہے۔

موجودہ صورت حال کے پیش نظر مایوس ہونے کی ضرورت نہیں لیکن اس وقت سب سے زیادہ ضرورت اس کی ہے کہ ہمارے مذہبی پیشوا اور ہمارے پولیٹکل لیڈر نکل آئیں اور ہاتھ پکڑ پکڑ کر کہیں کہ اس ملک کی عزت رکھ لو، اس ملک کی شہرت پر بٹہ نہ لگاؤ، آدمی بن کر رہو، ایک دوسرے سے محبت کرو، زندگی کا سارا لطف اس میں ہے کہ آدمی کو دیکھے، آدمی آدمی کو پہنچانے اور امید رکھے کہ ہم پر اگر کوئی مصیبت آئے گی تو یہ بچائیں گے، اسی کا نام زندگی ہے، اسی کا نام تمدن ہے اور اسی کا نام حب الوطنی ہے اور اسی کا نام سیاست ہے، سیاست بھی یہی ہے کہ ملک میں سب مل جل کر رہیں۔

بس حضرات میں یہ کہتا ہوں کہ ہمارے ملک پر اس وقت جنون کا دورہ پڑا ہے دیوانگی کا جو دورہ پڑا ہے، جذباتیت کا جو دورہ پڑا ہے، مذہبی سیاسی استحصال (EXPLOITATION) کا جو دورہ پڑا ہے یہ دورہ ہے اور دورہ عارضی ہوتا ہے، یہ دورہ چلا جائے گا مگر اس کے دور کرنے

کے لئے علاج کرنے والوں کی ضرورت ہے، ہمدردوں کی ضرورت ہے، دل رکھنے والوں کی ضرورت ہے جو اپنے گھروں سے گھبرا کر نکل آئیں اور اس کا بھی خیال نہ کریں کہ ہم کیا کھائیں گے کیا پئیں گے؟ اور دیوانے بن کر اس ملک میں پھریں، جتھے بنا بنا کر دورے کریں، عوام کو جمع کریں، اور ملک کے نام پر انسانیت کے نام پر عقل وانصاف کے نام پر اور خدا کے خوف اس کی پہچان کے نام پر ان سے اپیل کریں کہ اب اسے ختم کرو، اب ٹھنڈے ہو جاؤ، اور اب جو تعمیری کام ہیں، ترقی کے کام ہیں، ملک کو بنانے والے کام ہیں، ملک کا نام روشن کرنے والے کام ہیں اور ملک کی عزت بڑھانے والے کام ہیں وہ کام کرو، یہ ملک بہت بدنام ہو چکا ہے، آپ کو شاید معلوم نہیں لیکن میں آپ سے کہتا ہوں، مجھے یاد نہیں اور تاریخ کے اندر ریکارڈ موجود ہے اس ملک پر کبھی ایسا دھبہ نہیں آیا تھا، اور یہ ملک باہر کی دنیا میں کبھی اس نظر سے دیکھا نہیں گیا تھا جیسا کہ آج کل دیکھا جا رہا ہے، اس میں ہم سب شریک ہیں، ہندو مسلمان سب شریک ہیں، اس لئے کہ ہم بھی ہندوستانی ہیں اور ہندوستانی رہیں گے۔ انشاء اللہ۔

میرے بھائیو! ہندوستان ہمیں عزیز ہے، یہاں کی آب وہوا ہمیں عزیز ہے، یہاں کی تہذیب ہمیں عزیز ہے، یہاں کا سویلیزیشن ہمیں عزیز ہے اور مسلمانوں نے اس ملک کو چھوڑا نہیں، وہ کہیں بھی جا سکتے تھے، ان کے لئے بہت سی جگہیں تھیں لیکن ان سے اپنا وطن چھوڑا نہیں گیا اور نہ چھوڑا جائے گا، مگر اس کے لئے ہمت سے کام لیں، حوصلہ سے کام لیں، پاور سے کام لیں، تنظیم سے کام لیں، حکومتیں اپنا فرض انجام دیں، پولیس اپنا فرض انجام دیے، اسکول اور کالجز اپنا فرض انجام دیں، پریس اپنا فرض انجام دیں۔

ملک کی تین چولیں اگر بیٹھ جائیں تو ملک باقی رہ جائے گا اور وہ تین چولیں یہ ہیں، ایجوکیشن، پولیس اور پریس، یہ تینوں چیزیں ایسی ہیں کہ اگر یہ درست ہو جائیں تو پھر کوئی بڑا خطرہ نہیں ہے، آدمی پڑھ کر نکلے تو روشنی کا سبق پڑھ کر نکلے، انسان کی عزت کا سبق پڑھ کر نکلے، اور اس کے بعد پولیس، جس میں خدمت کا جذبہ ہو، میں آپ سے صاف کہتا ہوں، مجھے نہیں معلوم کہ یہاں پولیس کی کتنی نمائندگی ہے لیکن میں ایک حقیقت بیان کرتا ہوں، میں کتنے ملکوں میں گیا ہوں، وہاں پولیس کو دیکھ کر اطمینان ہوتا ہے، وہاں پولیس کو رہنما اور مددگار سمجھا جاتا ہے، مجھے خود اتفاق ہوا ہے کہ لندن میں ایک کانسٹیبل سے پتہ پوچھ لیا تو پوچھ کر پچھتایا، صرف

اتنا ہی نہیں کہ اس نے پتہ بتلایا بلکہ ساتھ ساتھ چلا، اور پولیس وہاں ہے ہی اس کام کے لئے کہ زیادتی نہ ہونے دے اور کمزور کی مدد کرے اور یہی نہیں بلکہ رہنمائی کرے، انگریزوں نے اپنا رعب قائم کرنے کے لئے (کہ وہ سمندر پار سے آئے تھے) انہوں نے پولیس ایجنسی بنائی تھی کہ اس کے ذریعہ اپنا رعب قائم کریں، انگریزوں کو پولیس کے ذریعہ مرعوب کرنا تھا، اب آج کل اس کی ضرورت ہے؟ آج کل تو یہ ہونا چاہئے کہ آدمی پولیس کو دیکھ کر خدا کا شکر ادا کرے کہ میں خطرہ میں پڑ گیا تھا، محلّہ خطرہ میں پڑ گیا تھا، عورتیں خطرہ میں پڑ گئی تھیں، بچوں کی جانیں خطرہ میں پڑ گئی تھیں، یہ پولیس والے تھے جنہوں نے بچایا، ایسا ہونا چاہئے تھا، یہ احساس عام ہونا چاہئے تھا، میں کہتا ہوں ایجوکیشن، پولیس اور پریس تین چیزیں اگر درست ہو جائیں تو اس ملک میں اس طرح کے واقعات پھر نہیں ہو سکتے جس طرح کے ہوئے ہیں، اس کے بعد میں کہتا ہوں کہ دورہ پڑنے سے نہ گھبرائیے، بیماری پھیلنے سے نہ گھبرائیے انسان ہے زندگی میں سب کچھ ہوگا، یہ نشیب وفراز ہیں زندگی کی اتار چڑھاؤ ہیں، زندگی کے، لیکن ڈرنے کی بات یہ ہے کہ اس دورہ کا علاج کرنے کے لئے، اس بیماری کا ڈر ختم کرنے کے لئے، اس مریض کو بچانے کے لئے کوئی جماعت نہ ہو، کوئی آرگنائزیشن نہ ہو، کوئی پارٹی نہ ہو اور محبِ وطن، ہمدرد انسانیت، صاحبِ دل اور منصف مزاج لوگ نہ ہوں، کسی بھی ملک کے لئے خواہ اس کی زمین خزانہ اگلے، اس کا آسمان سونا برسائے اور اس کے دریا سونے اور چاندی کے بن جائیں اور اس ملک میں بے کمائے اور بے محنت کئے سب کو روزی ملے، اطمینان نہیں اگر آپ کے تعلقات درست نہیں، اگر ایک دوسرے پر اعتماد اور بھروسہ نہیں ...... یہ کیا بات ہے کہ ہم آدمی کو دیکھ کر گھبرائیں، گھبرانے کی چیز بھیڑیا ہے، گھبرانے کی چیز تیندوا ہے، گھبرانے کی چیز سانپ ہے، گھبرانے کی چیز بچھو ہے، گھبرانے کی چیز آدمی نہیں ہے، کیا یہ آدمی اس لئے پیدا ہوا تھا کہ آدمی آدمی کو مارے، آدمی کے لئے اور اندیشے کم تھے اور خطرات کم تھے۔

حضرات! میں کہہ رہا تھا کہ ان تاتاریوں کو جس نے آدمی بنایا، قانون کا احترام دیا، تہذیب کا محافظ بنایا، وہ اللہ والے لوگ تھے، وہ دل والے لوگ تھے وہ روحانی لوگ تھے، ہندوستان کا آزاد کرانا آسان نہ تھا۔ آپ دیکھئے کہ انگریزوں کی سلطنت برٹش امپائر کہاں تک تھی، ہم نے بچپن میں یہ مثل سنی تھی کہ "انگریزوں کی سلطنت میں آفتاب غروب نہیں

ہوتا''، کہیں نکلو گے کوئی نہ کوئی کونا ایسا مل جائے گا جہاں آفتاب روشن ہوگا، یہاں سے لے کر عدن تک ان کی حکومت تھی اور یہ ایک خواب تھا کہ کبھی یہ ملک آزاد ہوگا، لیکن ہندو مسلمان جو محبان وطن تھے انہوں نے گاندھی جی کے ساتھ، مولانا ابوالکلام آزادؒ کے ساتھ، مولانا محمد علی جوہرؒ اور مولانا شوکت علیؒ کے ساتھ، مولانا عبدالباری فرنگی محلیؒ اور شیخ الہند مولانا محمود حسنؒ کے ساتھ اور ان کے بعد مولانا حسین احمد مدنیؒ اور نہرو خاندان کے ساتھ یہ نعرہ دیا کہ انگریزوں کا بائیکاٹ کرو، گاندھی جی اور مولانا آزادؒ سب سے آگے آگے تھے اور اس وقت ہندو اور مسلمان اپنے کلچر کے اختلاف کے باوجود اس طرح باہم مربوط تھے اور اس طرح ملے ہوئے تھے جس طرح گھی اور شکر اور دودھ اور پانی ملا ہوا ہوتا ہے۔

میرا شروع کا زمانہ تھا، میں نے امین آباد پارک میں گاندھی جی کی تقریر سنی ہے، میں نے موتی لال نہرو کو دیکھا ہے، مولانا آزاد سے تو ہمارے پرانے تعلقات تھے، ان لوگوں نے مل کر ان ہونی بات ہونی کردی کہ ہندوستان آزاد ہوا، اس وقت کوئی کہتا تو اس سے کہا جاتا کہ میاں اپنے دماغ کا علاج کراؤ، اپنے ہوش و حواس کا علاج کراؤ، نارمل حالت میں ہو؟ انگریزوں کو کوئی نکال سکتا ہے لیکن یہ ہندو مسلم اتحاد تھا، یہ حب الوطنی اور مل کی محبت تھی جس نے انگیزوں کو ہندوستان چھوڑنے پر مجبور کیا۔

اس کے بعد تین چیزیں تھیں گاندھی جی نے اور ان کے ساتھیوں نے اور مولانا آزاد نے (مولانا آزاد سب سے نمایاں اور سب سے آگے تھے) تین چیزوں کو پیش کیا تھا کہ یہ تین شرطیں ہیں جب تک یہ رہیں گی، ہندوستان آزاد رہے گا، پرامن رہے گا، خوشحال رہے گا اور محبت کا گہوارہ رہے گا، ایک سیکولرازم، ڈیمو کریسی اور نان ویولنس DEMOCRACY SECULARISM NONVIOLENCE یہ تین چیزیں ہیں جو ضروری ہیں ملک کی بقاء کے لئے یہ رہیں گی ملک رہے گا، اسکالرز بھی سن لیں، ہسٹورین بھی سن لیں اور سب سن لیں، اور لوح دل پر محفوظ کرلیں، کچھ بھی ہو جائے یہ ملک ان تین چیزوں پر باقی رہ سکتا ہے، ایک یہ کہ ڈیموکریٹ اسٹیٹ ہو، نان ویولنٹ ہو اور سیکولر ہو، اس لئے کہ تقدیر الٰہی نے یہ فیصلہ کردیا ہے (اور خدا کا فیصلہ کوئی بدل نہیں سکتا) کہ اس ملک میں ہندو بھی رہیں گے اور مسلمان بھی، جینی بھی رہیں گے اور بودھ بھی، سکھ بھی رہیں گے اور عیسائی بھی، اگر ایسا نہ ہوتا تو خود کیوں نہ آسانی پیدا

ہوتی، یہ ملک اسی طرح رہ سکتا ہے کہ یہاں سیکولرزم ہو، عرب شاعر کہتا ہے کہ" جب آگ کو کچھ کھانے کو نہیں ملتا تو وہ اپنے کو کھانے لگتی ہے۔" یہ اسلام سے پہلے کی شاعری میں ہے کہ آگ اپنے کو کھانے لگتی ہے اگر اسے کچھ کھانے کو نہ ملے، میں آپ سے صاف کہتا ہوں کہ آج اگر آپ نے مسلمانوں سے خدانخواستہ کس منہ سے کہوں مگر کہنا پڑتا ہے۔ فرصت کر لی، آپ نے مسلمانوں کے عزیز اور مقدس مقامات کو اپنی تحویل میں لیا تو یاد رکھئے پھر یہ اختلاف آپ کے اندر چلے گا، یہ بیک وقت ورڈ کلاسز ہیں، جینی ہیں، بدھسٹ ہیں، کھڑے ہو جائیں اور کہیں گے کہ ہماری عبادت گاہیں واپس کرو، آٹھویں صدی عیسوی میں ساؤتھ میں شنکراچاریہ پیدا ہوئے تھے، انہوں نے تمام بودھ عبادت گاہوں کو ہندو مندروں میں تبدیل کر دیا تھا، میں نے وہاں جا کر دیکھا ہے، میں نے نالندہ کی بدھسٹ یونیورسٹی بھی دیکھی ہے جو کھدائی میں نکلی ہے، اور جگہ جگہ میں نے دیکھا ہے کہ جینیوں کے ہزاروں مندر بدل گئے، بدھوں کے سینکڑوں، ہزاروں مندر ہندوؤں کی تحویل میں چلے گئے، راجیو(۱) جی سے لے کر جو پرائم منسٹر (وزیراعظم) آیا میں نے اس کو خط لکھا، میرے وہ خط چھپے ہوئے ہیں، میں نے لکھا کہ تاریخ کو الٹا سفر نہ کرائیے، تاریخ کو الٹا سفر کرانا بڑی غلطی ہے، تاریخ کو آگے بڑھائیے، فرصت کہاں ہے اتنی کتنے دن کی زندگی ہے، کتنے ہمارے وسائل و ذرائع ہیں اور کتنے مواقع و مکانات ہیں، اور دنیا میں کیسے کیسے حوادث پیش آرہے ہیں، اور کتنے لوگ ہیں جن کی عمریں ۱۰۰ سے متجاوز ہوتی ہیں، پھر کیوں وقت ضائع کیا جا رہا ہے، کیوں تاریخ کو الٹا سفر کرایا جا رہا ہے، کیوں اپنی طاقت، اپنی انرجی (Energy) اپنی صلاحیت اور اپنی قابلیت کو برباد کیا جا رہا ہے، تاریخ کو آگے بڑھائیے ملک کو آگے لے جائیے، یہ کیسا دورہ ہے کہ ملک کو پیچھے لے جانے کی کوشش کی جا رہی ہے، اگر یہ ہوتا رہا کہ پہلے یہ تھا، وہ تھا، پھر اس سے فرصت نہیں ملے گی اور پھر ایسی خرابیاں پیدا ہوں گی کہ جینے کا مزہ نہ رہے۔

ہندوستان کا نام ڈوب جائے گا، اس کے نام پر خاک پڑ جائے گی، اور یہاں جو ہیروز، تھنکر اور فلاسفر پیدا ہوئے ہیں وہ سب چھپ جائیں گے اور سامنے صرف یہ رہے گا کہ وہ

(۱) آنجہانی راجیو گاندھی سابق وزیراعظم ہندوستان

ہندوستان جہاں آدمی جلایا جاتا ہے، وہ ہندوستان جہاں آدمی کو ٹکڑے ٹکڑے کیا جاتا ہے، وہ ہندوستان جہاں آدمی کو آرامشین میں لکڑی کی طرح چیر دیا جاتا ہے، وہ ہندوستان جہاں معصوم بچوں کو چلتی ٹرینوں سے اٹھا کر باہر پھینک دیا جاتا ہے۔

یہ باتیں خدا کو پسند نہیں، آپ ستاروں تک پہنچ جائیں، چاند تک پہنچ جائیں، لیکن جیسے کہ ایک انڈین فلاسفر نے کہا تھا، سی ایم جوڈ C M JOAD نے لکھا ہے، وہ لندن میں فلاسفک ڈیپارٹمنٹ کا ہیڈ تھا، اس نے لکھا ہے اور یہ بات ہندوستانیوں کے لئے فخر کی ہے اس نے لکھا ہے کہ انڈین فلاسفر آئے غالباً رادھا کرشنن تھے وہ آئے اور ہمارے یہاں کے ایک ذہین اور بولنے والے نے کہا آپ کو خبر ہے ہم کہاں سے کہاں پہنچ گئے ہم چاند پر پہنچ گئے، ہم نے یہ مسافت اتنے گھنٹوں میں طے کر لی ہم ایک براعظم کے فلاں کنارے سے دوسرے براعظم کے کنارے تک ہوائی جہاز سے پہنچ گئے۔ پہلے وہ سنتے رہے پھر سب سننے کے بعد انہوں نے کہا کہ ہاں! پانی پر تم مچھلیوں کی طرح تیرنے لگے اور فضا میں چڑیوں کی طرح اڑنے لگے مگر زمین پر آدمیوں کی طرح چلنا تم کو نہیں آیا۔

ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب نے اس بات کو کوڈ کیا ہے، جامعہ کی پچاسی سالہ جبلی میں، میں بھی وہاں موجود تھا کہ جو بچہ دنیا میں آتا ہے وہ اس بات کا ثبوت لاتا ہے کہ خدا انسان سے مایوس نہیں ہے ورنہ اس بچہ کو دنیا میں نہ بھیجتا، مگر ہمارا فعل بتاتا ہے (کہ اس زمانے) میں خونریزی کی ایسی وارداتیں ہو رہی تھیں) کہ ہم انسانوں سے مایوس ہیں خدا مایوس نہیں اگر وہ مایوس ہوتا تو بچہ کو اس دنیا میں نہ بھیجتا، آپ انسان کو آزما کے تو دیکھئے کہ وہ ہے کیا چیز اسے آزمایئے تو، اس کو خدا نے وہ دل دیا ہے جو اپنی مخلوقات میں سے کسی کو نہیں دیا۔

میں یہ کہہ دوں کہ مذہب کا جاننے والا اور مذہب کا لکھنے والا ہونے کے باوجود کہ یہ دل فرشتوں کو بھی نہیں دیا گیا، خدا نے جو دل انسان کو دیا ہے، انسان کے درد میں جلنے والا تڑپنے والا، آنکھوں سے آنسو بہانے والا خدا سے مانگنے والا، اس کے سامنے گڑ گڑانے والا دل انسان کو دیا ہے وہ دل کس کو دیا ہے؟ یہ انسان تو اس قابل تھا کہ اس کو بٹھایا جائے، سر پر جگہ دی جائے، اپنے گھر میں اس کو رکھا جائے کہ ہمارا بھائی ہے لیکن اسی انسان پر ہاتھ اٹھتا ہے، اسی انسان کو روندا جاتا ہے، کمزور عورتوں اور معصوم بچوں کو ظلم کا نشانہ بنایا جاتا ہے، بمبئی احمد آباد اور خاص

طور سے سورت میں آپ دیکھئے کہ کیا ہوا، رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں۔

میں آپ سے صاف کہتا ہوں مجھے بہت جگہ جانا ہوتا ہے، میرے دوست واحباب ہر جگہ ہیں کہہ نہیں سکتا وہاں جو ہوا، عورتوں کو برہنہ کر کے سڑکوں پر چلایا گیا، ان کے ساتھ برا سلوک کیا گیا اور اس کے بعد گولی تک ماردی گئی، یہ کسی طرح سے نہ مذہب کے شایانِ شان ہے، نہ انسانیت کے، نہ علم کے، نہ عقل کے، نہ شرافت کے اور نہ ہندوستانیت کے، آپ کو پتہ نہیں کہ ہندوستان کو باہر کی دنیا میں کس نگاہ سے دیکھا جاتا تھا اور اس کو کیا مقام ملا ہوا تھا، یہاں اللہ کے ایسے ایسے بندے پیدا ہوئے کہ بتانے پر آؤں تو شام ہوجائے لیکن آپ کا زیادہ وقت نہیں لوں گا۔

آخر میں پھر یہ کہتا ہوں، پتہ کی بات ہے، نوٹ کرنے کی بات ہے، بیماری ڈرنے کی چیز نہیں ہے، بیماری کا علاج کرنے والوں کا نہ ہونا ڈرنے کی چیز ہے۔ بیمار کی بیماری دیکھ کر تڑپنے والوں کی کمی، بیمار کی بیماری دیکھ کر علاج کا جذبہ رکھنے والوں کی کمی۔ یہ بات ہر ملک، ہر سوسائٹی، ہر تہذیب اور ہر عہد کے لئے خطرناک ہے اور یہ دنیا جواب تک باقی ہے یہ انہیں علاج کرنے والوں کی بدولت باقی ہے، اولاً پیغمبروں کی برکت سے پھر صوفیوں اور دل والوں، ہمدردوں اور انسان دوستوں کی برکت سے قائم ہے، جنہوں نے اپنا آرام چھوڑا، کھانا پینا بھول گئے، گھر والوں کو بھول گئے اور انسانوں کو دُکھ سے بچانے کے لئے، اور انسانوں کو انسانوں کے خنجر سے محفوظ رکھنے کے لئے، اور انسان دشمنی کا علاج کرنے کے لئے گھروں سے باہر آگئے، فاقے کئے، جاگ کر راتیں گزاریں، جان کو خطرہ میں ڈالا اور دیوانہ وار نکل پڑے۔ آج اس ملک میں اسی کی ضرورت ہے۔

ہم امید کرتے ہیں ہمارے یہ معزز بھائی جو یہاں اسٹیج پر بیٹھے ہوئے ہیں اور بہت سے معزز بھائی جن کو اسٹیج پر جگہ نہیں ملی، یہ لوگ ہمت کر کے اور دوسرے پولیٹکل لیڈر اور مذہبی پیشوا باہر نکلیں اور اس صورت حال کو ختم کرنے کی کوشش کریں کہ اب یہ دوبارہ نہ ہونے پائے، کچھ بھی ہوجائے یہ نہ ہونے پائے، خدا اس سے خوش ہوتا ہے کہ آپ اس کا نام لیں، آپ اس کے بندوں کی خدمت کریں، خدا کو اس سے خوشی ہوتی ہے اور یہ بنادیا، وہ بنادیا خدا کو اس کی ضرورت نہیں ہے، انسانوں ہی کے لئے اس نے سب چیزیں بنائی ہیں، یہاں تک کہ

مسجد و مندر بھی انسانوں ہی کے لئے ہیں، کیا وہاں جا کر جانور عبادت کرتے ہیں، میں نے آپ کا بہت وقت لیا لیکن پھر میں وہ شعر پڑھوں گا امیر مینائی کا کہ

امیرؔ جمع ہیں احباب دردِ دل کہہ لے
پھر التفاتِ دلِ دوستاں رہے نہ رہے

نہ زندگی کا بھروسہ، نہ ہمارے آپ کے جمع ہونے کا اطمینان، نہ اس معتدل زندگی کا یقین کہ آپ اس تعداد میں جمع ہوں، جس تعداد میں آج جمع ہوئے، شاید کسی کے دل کو لگ جائے اور کوئی کھڑا ہو جائے اور پھر اس کے ساتھ اور لوگ بھی چلیں گے اور ملک کی صورت حال جو شرمناک بھی ہے اور دردناک بھی بدلے گی۔ اللہ ہمیں توفیق دے۔ آمین۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# ملک کے موجودہ حالات اور ہماری ذمہ داریاں

الحمدللہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سید الانبیاء والمرسلین وعلی آلہ وصحبہ اجمعین ومن تبعھم باحسان ودعیٰ بدعوتھم الی یوم الدین امابعد!

میرے دوستو، عزیزو! ملک کی موجودہ حالات میں ہم کو جائزہ لینا پڑے گا کہ وہ کون سی خرابیاں اور کمزوریاں ہیں جو ہمارے سماج میں نفوذ کرکے اسے کھوکھلا، مفلوج اور ملک کی تعمیر وترقی کی کوششوں کو بے اثر بنا رہی ہیں، اس ملک کے لئے جو حقیقی خطرات ہیں ان کی نشاندہی نہ کی جائے تو یہ ایک بہت بڑی خیانت ہوگی، میں میدان سیاست کا کوئی شہسوار نہیں، مذہب وتاریخ اور اخلاقیات کا ایک طالب علم ہوں۔ اس طرح کے آدمی کی زبان سے تنقید و اصلاح کی کوئی بات نکلے تو اس کی نیت پر شبہ نہیں کرنا چاہئے۔

## ہمارے ملک کے لئے پہلا خطرہ:

اس ملک کے لئے اولین اور اہم ترین خطرہ یہ ہے کہ یہاں انسان کی صحیح قدر و قیمت اور انسانی شرف وعزت کا پورا احساس نہیں۔ اس سلسلے میں میرا نقطہ نظر اور تاثر ایک عملی انسان کا ہے، میری قسمت اس ملک سے وابستہ ہے، میں نے یہاں رہنے کا فیصلہ کیا ہے، میں زندگی کی منجدھار میں ہوں، میں ایسی جگہ کھڑا ہوں جہاں کا ہر مسئلہ مجھ پر براہ راست اثر انداز ہوتا ہے، میں بیرون ملک اگر یہ بات کہتا تو اس کی حیثیت دوسری ہوتی، حقیقت تو یہ ہے کہ انسانی جان کی صحیح قدر و قیمت کو نہ پہچاننا کسی سماج کے لئے سب سے بڑا خطرہ ہے بلکہ انسانی جان کا بے قیمت ہوجانا تہذیب و تمدن اور انسانیت کی مستقبل کے لئے پیام موت ہے ع

غارت گر اقوام ہے یہ صورت چنگیز

## برادر کشی زوال کی علامت ہے:

کسی ملک کی آبادی خواہ کتنی کثیر ہو اس کے پاس قدرتی وسائل کی کتنی ہی بہتات ہو، وہ ملک کتنا ہی زرخیز اور دولت مند ہو، اس میں تعلیم کیسی ہی اعلیٰ مدارج تک پہنچ چکی ہو، کوئی چیز ایسے مل کو محفوظ نہیں رکھ سکتی جو برادر کشی کے مرض میں مبتلا ہو۔

یہ بڑی حیرت اور انتہائی افسوس کی بات ہے کہ وہ ملک جس نے کبھی زمانہ قدیم میں پریم کی سریلی بانسری بجائی تھی اور دل کش لے میں ہندی، سنسکرت، فارسی اور پھر اردو میں محبت کا پیغام دیا تھا، اور آخر دور میں بھی جہاں بیٹھ کر مسلمان صوفیوں نے انسان دوستی اور انسانیت کے احترام کا درس دیا تھا۔ اور جس سرزمین سے گاندھی جی نے عدم تشدد اور اہنسال کا پیغام ساری دنیا کو سنایا تھا اور جس کے پاس آج بھی ہر زبان میں انسان دوستی کا وسیع لٹریچر ہے اس ملک میں آج انسانیت کے شرف اور انسانی جان کی قیمت کا پورا پورا احساس نہیں۔

## ہر چیز انسان ہی کے تعلق سے بامعنی اور قیمتی ہوتی ہے:

یہ احساس وخیال اس ملک میں رچ بس جانا چاہئے تھا کہ زبان کے مسائل، کلچر وتہذیب کے مسائل، رسم الخط کے مسائل، انسان کے مسائل ہیں اور اس کے تابع ہیں۔ انہیں انسانوں نے پیدا کیا ہے، ان کے اندر جو کچھ کشش اور معنویت ہے، وہ انسان کی نسبت سے ہے، اگر انسان کی جان محفوظ نہیں تو کیسی زبان، کہاں کا کلچر، کہاں کے دریا، کیسے پہاڑ کیسا ادب ولٹریچر، کہاں کی شاعری، ان چیزوں میں کوئی معنویت نہیں، معنویت تو انسان میں ہے، میں تفصیلات میں جانا نہیں چاہتا، آپ بخوبی واقف ہیں اور یہ ایک واقعہ ہے کہ اس ملک میں انسانی زندگی کی قدر و قیمت کا جتنا عمیق احساس ہونا چاہئے، وہ نہیں ہے، انگریزوں کی تفرقہ انگیز سیاست، فرقہ پرستی اور جذبہ احیائیت (Revivalism) کا اس میں کتنا حصہ ہے اس کا تعین مورخ کا کام ہے۔

## معمولی واقعات پر قتل وغارت گری کا طوفان:

بعض اوقات ایک درخت یا جانور کی خاطر یا کسی قدیم چیز کو زندہ کرنے کے جوش میں یا

احیائیت کے جذبہ سے سینکڑوں انسانوں کا خون کردیا جاتا ہے، اور ایسے ناخوشگوار، دل آزار اور شرمناک واقعات ظہور میں آتے ہیں جن سے ہماری گردنیں شرم سے جھک جاتی ہیں، ایک لہر اُٹھتی ہے، اور وہ انسانوں کے متاع، جان و مال کو بہالے جاتی ہے۔ جن سے دنیا کی آبرو قائم رہے، جن کی خاطر اس کائنات کا حسن، فلسفہ، شاعری، ادب وثقافت، اور زندگی کی چہل پہل ہے، وہ انسانی ظلم و بربریت کا شکار ہوتا ہے جو خدا کی صنعت کا بہترین نمونہ ہے اور جس کے ساتھ ہم رہتے بستے ہیں، اور جن کے ساتھ پوری زندگی گزرتی ہے، یہ صورت حال ملک کے لئے بڑی خطرناک ہے کہ یہاں کسی انسان کا وجود برداشت نہ کیا جائے۔

اس ملک میں بڑے بڑے دانشور ہیں، یونیورسٹیوں کی تعداد شاید کسی ملک میں اتنی ہو جتنی یہاں ہے، مگر یہ افسوس ناک حقیقت ہے کہ یہاں کبھی کبھی ایسی ذہنی کیفیت پیدا ہوجاتی ہے کہ انسان سے بڑھ کر یہاں کوئی گردن زدنی اور کشتنی نظر نہیں آتا، بنیادی اور اہم بات یہ ہے کہ اس ملک میں انسان کی قیمت کا پورا احساس ہو، یہ عقیدہ ہو کہ سب چیزیں انسان کے لئے ہیں اور انسان کسی کی خاطر نہیں۔

## ایک فلسفی کا قول:

میں نے کہیں ایک فلسفی کا قول نقل کیا تھا کہ "جو بچہ دنیا میں پیدا ہوتا ہے، وہ اس بات کا اعلان کرتا ہے کہ خدا نسل انسانی سے مایوس نہیں، لیکن ہم انسان اپنے طرز عمل سے یہ ثابت کرتے رہتے ہیں، اور وقتاً فوقتاً اعلان کرتے ہیں کہ نسل انسانی زندہ رہنے کی مستحق نہیں، انسان کے اس دنیا میں آنے کا مطلب ہی یہ ہے کہ اسے زندہ رہنا چاہئے خوش وخرم رہنا چاہئے، اور پروان چڑھنا چاہئے، خدا نے جب اس پر اعتماد کیا ہے تو ہم کیوں اس پر بے اعتمادی کریں۔"

## انسانی دستور کی پہلی اور اہم دفعہ:

میرے بھائیو! آج ہندوستان میں لاکھوں کی تعداد میں ایسے مضمون نگاروں، شاعروں، ادیبوں اور دانشوروں کی ضرورت ہے، جو سارے مسائل بالائے طاق رکھ کر گھر گھر، محلے محلے، گلی کوچے میں اس کی تبلیغ کریں کہ دستور ہند کی پہلی دفعہ چاہے جو کچھ ہو مگر ہمارے

دستور زندگی کی سب سے اہم دفعہ یہ ہے کہ انسان کو زندہ رہنے کا حق ہے، ہم اپنی سوسائٹی کے خوش نما چہرے پر بدنما داغ دیکھ رہے ہیں، اور ہم خاموش ہیں۔

## اسلام میں انسان کا مقام:

اب میں آپ سے کہوں گا کہ اسلام کی تعلیمات اس سلسلے میں ہماری بڑی مدد کر سکتی ہیں، اسلام کی بنیادی تعلیم یہ ہے کہ انسان قدرت کا شاہکار ہے، اور اس دنیا کے باغ کا سب سے حسین پھول:۔

لَقَدْ خَلَقْنا الْاِ نْسَانَ فِیْٓ اَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ ۔(سورۃ والتین)

ہم نے انسان کو سب سے اچھی صورت میں پیدا کیا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے انسان کے سر پر تعظیم وتکریم کا تاج رکھا ہے:۔

وَلَقَدْ کَرَّمْنَا بَنِیْٓ آدَمَ (بنی اسرائیل ۷۰)

اور اس کو اپنی خلافت سے سرفراز کیا ہے، جس سے بڑھ کر کوئی اعزاز اور اعتماد کے اظہار کا طریقہ نہیں:۔

اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً (سورۂ بقرہ ۔ ۳۰)

بے شک میں زمین میں (آدم) کو اپنا نائب بنانے والا ہوں۔

خدا نے فرشتوں کو آدم کے سجدے کا حکم دیا جس سے اس کا اظہار ہو کہ اب اس کے لئے خدا کے سوا کوئی ایسی ہستی اور طاقت نہیں ہے جس کے سامنے اس کو جھکنے کی ضرورت ہو۔

انسان کے قدر و قیمت کی انتہاء یہ ہے کہ خدا کی مخلوق کو خدا کا کنبہ کہا گیا ہے۔" الخلق عیال اللہ" (الحدیث)

انسان کا خدا کے ساتھ اور خدا کا انسان کے ساتھ جو نازک تعلق ہے اس کے لئے وہ پیرایہ بیان اختیار کر گیا ہے، جس سے زیادہ طاقتور اور دلنشین پیرایہ بیان نہیں ہو سکتا، ایک حدیث قدسی میں آتا ہے کہ" اللہ تعالیٰ قیامت میں انسان سے کہے گا کہ میرے بندے میں بیمار تھا تو عیادت کو نہیں آیا وہ کہے گا کہ پروردگار تیرے مرض اور عیادت کا کیا سوال؟ تو تو سارے جہاں کا پروردگار ہے، ارشاد ہوگا کہ تجھے معلوم نہیں کہ میرا فلاں بندہ بیمار ہوا تھا، تو اسے

دیکھنے نہیں گیا، اگر تو اس کو دیکھنے جاتا تو مجھے وہیں پاتا، پھر ارشاد ہوگا، اے انسان میں نے تجھ سے غذا طلب کی تھی، تو نے مجھے غذا نہیں دی، وہ کہے گا کہ پروردگار میں تجھے غذا کیا دیتا تو تو رب العالمین ہے، ارشاد ہوگا کہ تجھے معلوم نہیں کہ میرے فلاں بندہ نے چاہا تھا کہ تو اس کا پیٹ بھر دے اسے کھانا نہیں کھلایا اگر تو اس کو کھانا کھلاتا تو مجھے تو اس کے پاس پاتا۔ اے ابن آدم! میں نے تجھ سے پانی مانگا تھا تو نے مجھے پانی نہیں پلایا، بندہ ویسے ہی جواب دے گا ارشاد ہوگا کہ میرے فلاں بندے نے تجھ سے پانی طلب کیا تھا تو نے اسے پانی نہیں پلایا۔ یاد رکھ اگر تو اس کو پانی پلاتا تو اس کو میرے پاس پاتا۔" (صحیح مسلم)

پھر خدا نے انسان کی جان کی قیمت اتنی بڑھا دی کہ وہ فرماتا ہے:۔

اَنَّهٗ مَنْ قَتَلَ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِي الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعًا وَمَنْ اَحْيَاهَا فَكَاَنَّمَا اَحْيَا النَّاسَ جَمِيْعًا. (سورہ مائدہ ۳۲)

جو شخص کسی کو ناحق قتل کرے گا یعنی بغیر اس کے کہ جان کا بدلہ لیا جائے یا ملک میں خرابی کرنے کی سزا دی جائے اس نے گویا تمام لوگوں کو قتل کیا اور جو اس کی زندگانی کا موجب ہوا تو گویا تمام لوگوں کی زندگانی کا موجب ہوا۔

انسان زندگی کی رحمت وعظمت کے مسئلہ میں ایک اور سو، قلت وکثرت، فرد اور جماعت میں کوئی فرق نہیں ایک ایک فرد قیمتی اور ایک ایک جان انسانیت کی عزت متاع ہے، ایک فرد کو پوری سوسائٹی کا قائم مقام بنانا کسی انسانی ذہن میں نہیں آسکتا۔

## ملک کے لئے دوسرا خطرہ:

میرے دوستو! ملک کے لئے دوسرا عظیم خطرہ جو اس کے سر پر منڈلا رہا ہے، تنگ نظری اور تہذیبی، لسانی اور علاقائی عصبیت ہے۔ اسی بیماری نے ہمارے ملک کو ماضی میں ٹکڑے ٹکڑے کیا۔ اور باہر کی طاقتوں کو یہاں آنے کی شہ دی یہ عفریت اب بھی موجود ہے۔ جسے بعض بیرونی اور اندرونی حالات نے دبا رکھا ہے، مگر جاننے والے جانتے ہیں کہ یہ راکشش(۱) الف لیلہ کے افسانوی دیو کی طرح کسی بھی وقت بوتل سے باہر آسکتا ہے۔

---

(۱) شیطان۔

اس ملک کے جنوب وشمال میں بڑی بیگانگی اور بے اعتمادی ہے، جو کسی وقت رنگ لا سکتی ہے، پھر برادریوں اور ملک کے مختلف طبقوں کے درمیان بڑی بڑی دیواریں کھڑی ہیں، ہر طبقہ اور برادری ایک مستقل دنیا ہے، ایک برادری دوسری برادری کے افراد کو اسی غیریت اور اجنبیت کی نگاہ سے دیکھتی ہے، جیسے ایک قوم دوسری قوم کو، اپنی برادری کے لئے وہ ہر طرح کی ناانصافی اور حق تلفی کو روا رکھتی ہے اور اس کو نہ صرف جائز سمجھتی ہے بلکہ ایک بڑی خدمت اور عبادت سمجھتی ہے۔ اگر کسی محکمے میں کسی برادری کا کوئی فرد پہنچ جاتا ہے تو سارے محکمے کو اپنی برادری کے لوگوں سے بھر دیتا ہے، اور اس میں کسی اہلیت اور نااہلیت اور مستحق اور غیر مستحق کا لحاظ نہیں رکھتا ہماری سوسائٹی کا یہ وہ روگ ہے جو اسے گھن کی طرح کھا رہا ہے، اور جس نے تمام انتظامیہ کو کھوکھلا اور کمزور بنا دیا ہے۔

## اسلام ہی رہنمائی کرسکتا ہے:

تنگ نظری اور لسانی ونسلی اختلافات کو دور کرنے اور فراخ دلی و بے تعصبی اور انسانی وحدت کا خیال وجذبہ پیدا کرنے میں بھی اسلام ہی بیش قیمت مدد اور صحیح رہنمائی کرسکتا ہے، حب الوطنی کی صحیح جذبے کے تحت یہ دیکھے بغیر کے یہ اصول ونظریہ اور یہ بات کہاں سے آئی ہے اور اس کا کہنے والا کون ہے؟ صحیح اور مفید بات کو اپنایئے اگر کسی مکان میں آگ لگ جائے تو اسے بجھاتے وقت یہ نہیں دیکھا جاتا کہ بالٹی کس کی ہے اور پانی کہاں کا ہے، کسی مکان یا بستی کی تباہی سے کہیں زیادہ ملک وقوم کی تباہی ہے، ملک کو خطرات سے بچانے، اسے سالمیت اور استحکام بخشنے کے لئے یہ نہ دیکھئے کہ ملک کے لئے مفید نظریات قرآن مجید یا حدیث نبوی ﷺ سے ماخوذ ہیں، اسلام بلاشبہ ملک کو درپیش اس دوسرے خطرے کو رفع کرنے کے لئے بہترین رہنمائی کرسکتا ہے۔

نسل انسانی کی وحدت کا اصول اسلامی تعلیمات کا اولین اصول ہے، اسلام نے بار بار اس حقیقت کا اظہار کیا ہے کہ نسل انسانی کا خالق بھی ایک ہے، اور ان کا مورث اعلیٰ بھی ایک ہے، اسی لئے سب ایک ہی کنبے کے افراد اور ایک ہی ہستی کے پیدا کئے ہوئے ہیں، اور ایک ہی باپ کے بیٹے ہیں:۔

يَاأَيُّهَا النَّاسُ إِنَّا خَلَقْنَاكُمْ مِنْ ذَكَرٍ وَأُنْثَى وَجَعَلْنَاكُمْ شُعُوبًا وَقَبَائِلَ لِتَعَارَفُوا ۔(سورہ حجرات ۱۳)

لوگو! ہم نے تم کو ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا اور تم میں قوم اور قبیلے بنائے تا کہ ایک دوسرے کی شناخت میں آسانی ہو۔

## ملک کے لئے تیسرا اہم خطرہ:

ہمارے ملک پر دولت پیدا کرنے کا ایک ایسا بھوت سوار ہو گیا ہے، جس نے ملک کے حالات اور اقتصادی نظام کو درہم برہم کر دیا ہے، وہ شخص اس فکر میں ہے کہ وہ راتوں رات دولت مند بن جائے، دولت حاصل کرنا برا نہیں، مگر جلد از جلد دولت مند بن جانے اور ہتھیلی پر سرسوں جمانے کا شوق سخت خطرناک اور تباہ کن ہے، یہ شوق ایک لاوے کی طرح بہہ پڑا ہے اور ایک آتش فشاں پہاڑ کی طرح پھٹ پڑا ہے۔ اس مرض کا شکار شہر، قصبات اور دیہات سب ہیں، دولت پرستی کا یہ جنون دیکھ کر بعض مرتبہ کچھ ایسا محسوس ہونے لگتا ہے کہ اس ملک میں ہر چیز دم توڑ چکی ہے، صرف دو چیزیں زندہ ہیں، ایک باہمی نفرت اور دوسرے زیادہ سے زیادہ دولت پیدا کرنے کی ہوس، جیتی، جاگتی حقیقتیں یہی دو ہیں اور باقی سب کچھ فلسفہ اور شاعری ہے باہمی منافرت کے واقعات آئے دن ہماری آنکھوں کے سامنے ہوتے رہتے ہیں، کبھی اس نفرت کا رخ کسی فرقے کی طرف ہوتا ہے، کبھی کسی برادری کی طرف کبھی کسی کلچر، زبان یا علاقے کی طرف تو کبھی کسی سیاسی پارٹی کی طرف ہے۔

سیاسی پارٹیوں کا اختلاف اپنی جگہ، سوسائٹی میں اخلاقی خرابیاں ہر دور میں رہی ہیں مگر دولت پرستی کا اس طرح اعصاب پر سوار ہو جانا کہ اپنے مفاد کے لئے ملک کے مفادات کی ذرا بھی پرواہ نہ ہو یہ کس قدر تشویش ناک بات ہے۔

ہمارے یہاں مختلف تعمیری منصوبوں، پل، باندھ وغیرہ میں اتنی مقدار کا سیمنٹ اور مسالہ استعمال نہیں ہوتا جو اس کی پختگی کے لئے ضروری ہے۔ ٹھکیدار اور عملے کی ملی بھگت اس کی پرواہ نہیں کرتی کہ ان کے اس عمل سے اس شہر کو نقصان پہنچے گا، کوئی محکمہ ایسا نہیں، جس میں رشوت کا بازار گرم نہ ہو، اس بات کو ذمہ دار بھی جانتے ہیں کہ دولت پرستی کا ایسا جنون جو ملک

کے مفادات سے آنکھیں بند کر لے بہت بڑا خطرہ ہے، ایک شخص اپنی زندگی کو خوشحال بنانے اور اپنے گھر کی فرمائش پوری کرنے کے لئے ملک کے عوام کو صریحاً نقصان پہنچاتا ہے چھوٹے سے چھوٹا کام ایمانداری اور سادگی کے ساتھ کرنا مشکل ہو گیا ہے ہر ایک کی قیمت ادا کرنی پڑتی ہے اور ہر قدم پر رشوت دینی پڑتی ہے، خود شہری زندگی کی آسائشوں اور حکومت کے انتظامات کے فائدوں سے محروم ہوتے جا رہے ہیں، ہر شخص کی نظر دوسرے کی جیب پر ہے اور وہ اس کی ضرورت و مجبوری سے ناجائز فائدہ اٹھانا چاہتا ہے۔ اور کہیں انسانی ہمدردی اور سچی حب الوطنی کا نام نہیں۔

## اس خطرے کا علاج:

اس خطرے کا علاج صرف خدا کا خوف، آخرت کی باز پرس کا خطرہ ایسی دانا و بینا ذات کا تصور ہے، جس کے متعلق یقین ہے کہ وہ دیکھ رہی ہے۔

حب الوطنی بھی کسی حد تک اس کا علاج کر سکتی ہے، آپ میں سے بہت سے لوگوں نے یورپ کا سفر کیا ہوگا، مغرب کے لوگ ان رکیک باتوں سے بچتے ہیں، یورپ کے خاص اور مشہور ممالک میں استحصال اور ملکی مفاد کو بالائے طاق رکھ کر دولت اندوزی کا رجحان نہیں پایا جاتا اور یہ جذبہ حب الوطنی ہی کی وجہ سے ہوتا ہے مگر اس مرض کا صحیح علاج آخرت کا تصور ہے، خدا کا خوف اور اس کی باز پرس کا خطرہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# یقین مرد مسلمان کا

الحمدللہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی اشرف الانبیاء والمرسلین. وعلی آلہ وصحبہ اجمعین ومن تبعھم باحسان ودعیٰ بدعوتھم الی یوم الدین. امابعد!

محترم حضرات! کون نہیں جانتا کہ یقین دنیا کی بہت بڑی طاقت ہے، ایک شخص کے یقین نے بعض اوقات ہزاروں لاکھوں انسانوں کے شک وتذبذب پر فتح پائی ہے، جب کبھی کوئی مرد خدا کسی بات پر پہاڑ کی طرح جم گیا ہے اور اس نے حالات کے سامنے سپر ڈالنے سے انکار کردیا ہے اور اپنے یقین کا رشتہ مضبوط ہاتھوں سے تھام لیا ہے تو زمانہ کے بہتے ہوئے دھارے کا منہ پھر گیا ہے، بڑے بڑے دوربینوں اور مبصروں کے اندازے غلط نکل گئے ہیں اور ان کی پیشین گوئیاں جھوٹی ثابت ہوئی ہیں اور اس شخص کا یقین آفتاب کی طرح شکوک واوہام کے بادلوں اور خطرات اور اندیشوں کی کہر میں سے نمودار ہوا ہے۔

تاریخ میں اس یقین اور اس کی فتح یابی کی عجیب عجیب مثالیں ملتی ہیں آسمانی صحیفوں اور انبیاء علیہم السلام کی سیرتوں نے بھی اس کے بہت سے عجائبات پیش کئے ہیں جن کو پڑھ کر عقل دنگ رہ جاتی ہے اور وہ یقین وایمان کا ایک معجزہ معلوم ہوتا ہے خیال فرمایئے حضرت موسیٰ بنی اسرائیل کو مصر سے لے کر جارہے ہیں۔ بحر احمر کی خاکنائے کو عبور کر کے جزیرہ نمائے سینا پہنچنا چاہتے ہیں مگر اللہ کو کچھ اور منظور ہے وہ راہ غلط کرتے ہیں اور حق یہ ہے کہ یہی وہ سیدھا راستہ تھا جو اللہ کو منظور تھا، صبح کا تڑکا ہوتا ہے تو کیا دیکھتے ہیں کہ بجائے شمال میں جانے کے وہ مشرق کی طرف چلتے رہے ہیں اور اب بحر احمر (قلزم) کے کنارے کھڑے ہیں اور سمندر اپنی

پوری طغیانیوں کے ساتھ بہہ رہا ہے، دفعۃً کان میں آواز آتی ہے وہ آ گئے! حضرت موسیٰ مڑ کر دیکھتے ہیں تو فرعون اپنے لشکر کے ساتھ سر پر آیا چاہتا ہے، بنی اسرائیل چیختے ہیں کہ موسیٰ ہم نے تمہارا کیا قصور کیا تھا کہ تم نے چوہوں کی طرح ہمارے مارنے کا انتظام کیا، کیا ہمارے ہلاک ہونے میں کوئی کسر باقی ہے۔ انا لمدرکون ہم تو پکڑ گئے تصور کیجئے وہ کون سا پہاڑ ہے جو اس موقع پر ڈگمگا نہ جائے کون سی طاقت ہے جو ایسی کھلی ہوئی حقیقت کے سامنے ہار نہ مان لے لیکن پیغمبر کا یقین کھلے ہوئے مشاہدات اور عریاں حقائق پر بھی غالب آتا ہے ان کے نزدیک آنکھیں دھوکہ دے سکتی ہیں کان غلط سن سکتے ہیں حواس خطا کر سکتے ہیں مگر اللہ کی بات غلط نہیں ہو سکتی اور اس کا وعدہ جھوٹا نہیں ہو سکتا۔ حضرت موسیٰ نے پورے اطمینان اور یقین کے ساتھ جواب دیا" کلا ان معی ربی سیھدین " ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا۔ میرا رب میرے ساتھ ہے وہ مجھے ضرور راستہ پر لگائے گا اور منزل پر پہنچائے گا، اس کے بعد جو کچھ ہوا وہ سب جانتے ہیں۔

دوسری مثال لیجئے مکہ معظمہ میں مسلمان قریش کے ظلم وستم کا نشانہ بنے ہوئے ہیں، ہر مسلمان کی جان خطرے میں ہے صبح ہوتی ہے تو شام کا بھروسہ نہیں اور شام ہوتی تو صبح کا یقین نہیں، اسلام کا بظاہر دنیا میں کوئی مستقبل نہیں معلوم ہوتا جو دن گزر رہا ہے غنیمت معلوم ہوتا ہے ایسی حالت میں ایک مظلوم غریب مسلمان خباب ابن الارت آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوتے ہیں۔ آپ ﷺ بیت اللہ کے سائے میں بیٹھے ہیں، خباب عرض کرتے ہیں یا رسول اللہ (ﷺ) پانی سر سے اونچا ہو گیا اب تو آپ (ﷺ) اللہ سے ہمارے لئے دعا کیجئے آنحضرت ﷺ کو جوش آ جاتا ہے سنبھل کر بیٹھ جاتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ بس خباب گھبرا گئے، پہلی امتوں میں تو یہ ہوا ہے کہ مومن کو گڑھا کھود کر گاڑ دیا گیا ہے اور سر پر آرا رکھ کر چلایا گیا ہے یہاں تک کہ اس کے بدن کے دو ٹکڑے ہو کر گر گئے ہیں اور لوہے کی کنگھیوں سے اس کے گوشت کو ہڈیوں سے جدا کر دیا گیا ہے پھر بھی وہ اپنے دین سے نہیں پھرتا تھا، خدا کی قسم اللہ اپنے دین کو مکمل کر کے رہے گا۔ یہاں تک کہ (اس دین کی عمومیت اور اس کے غلبہ کا) یہ حال ہوگا کہ سوار صنعاء سے حضر موت تک ( سینکڑوں میل کی مسافت ) چلا جائے گا اور اس کو اللہ کے سوا کسی کا کھٹکا نہیں ہوگا سوائے اس کے کہ اس کو بھیڑیئے سے خطرہ ہو کہ وہ اس کی بکریوں

پر حملہ کرے لیکن تم جلدی بہت کرتے ہو۔ (بخاری)

خیال فرمائیے عرب کی اس وقت کی بدامنی وخونریزی، غارت گری اور پھر اسلام کی مغلوبیت اور کمزوری کو دیکھتے ہوئے ایسی بعید از قیاس پیشن گوئی اس شخص کے سوا کون کر سکتا ہے جس کو نبوت کا یقین حاصل ہو!

دوسرا موقع اس سے کچھ کم نہیں، حالت یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ اور ابوبکرؓ مدینہ جارہے ہیں، کمزوری اور غربت کا یہ حال ہے کہ مکہ جیسا عزیز وطن چھوڑنا پڑ رہا ہے، اور راستہ کا بھی اطمینان نہیں، پیچھے سے قریش کی دوڑ آرہی ہے۔ آخر یہ واقعہ پیش آگیا، سراقہ بن جعشم تیز رفتار گھوڑے پر پورے ہتھیار لگائے سر پر پہنچ گیا۔ حضرت ابوبکرؓ نے گھبرا کر کہا یا رسول اللہ (ﷺ) اللہ دوڑ آگئی۔ فرمایا۔ گھبراؤ نہیں اللہ ہمارے ساتھ ہے، آپ نے دعا فرمائی اور گھوڑا گھٹنوں گھٹنوں زمین میں دھنس گیا۔ سراقہ نے کہا کہ یا محمد (ﷺ) دعا کیجئے میں اس مصیبت سے چھوٹ جاؤں میرا ذمہ ہے کہ تعاقب کرنے والوں کو واپس کردوں گا، آپ ﷺ نے دعا فرمائی گھوڑا نکل آیا، سراقہ نے پھر تعاقب کا ارادہ کیا پھر وہی واقعہ پیش آیا، پھر اس نے درخواست کی، اس مرتبہ نکل کر اس نے اپنے اونٹوں کی پیش کش کی، فرمایا ہمیں تمہارے اونٹوں کی ضرورت نہیں۔ جب جانے لگا تو کہا سراقہ وہ کیا وقت ہوگا جب تمہارے ہاتھ میں کسریٰ کے کنگن ہوں گے سراقہ غریب کی سمجھ میں نہ آیا کہ کبھی ایسا وقت آسکتا ہے کہ شہنشاہ ایران کے کنگن ایک غریب اعرابی کے ہاتھ میں ہوں، اس نے بڑی بے ساختگی سے پوچھا کیا کسریٰ ابن ہرمز کے کنگن؟ فرمایا ہاں! فرمائیے ایسی کمزوری اور بے بسی کی حالت میں وہ کون سی نگاہ ہوسکتی ہے جو عرب کے ایک بدو کے ہاتھ میں شہنشاہ ایران کے کنگن دیکھتی ہے اور اس کی زبان اس کی پیشن گوئی کرتی ہے، کیا ظاہری حالت کے لحاظ سے اس کا کوئی امکان پایا جاتا ہے؟ یہی نگاہ نبوت ہے جو مستقبل کے افق پر دھندلے دھندلے ستارے دیکھ لیتی ہے اور جس کو ظاہری قیاسات اور واقعات کے خلاف پورے یقین کے ساتھ ایک واقعہ کی اطلاع دینے میں کوئی جھجک محسوس نہیں ہوتی۔

اب مدینہ آئیے، مدینہ کے گرد خندق کھودی جارہی ہے، اللہ کا رسول خود کھودنے میں مشغول ہے ایک پتھر ایسا آجاتا ہے جس پر کدالیں اور پھاوڑے کام نہیں کرتے، صحابہ حضور

ﷺ سے عرض کرتے ہیں آپ ﷺ تشریف لے جاتے ہیں، حالت یہ ہے کہ پیٹ پر دو دو پتھر بندھے ہوئے ہیں، کدال مارتے ہیں تو پتھر دو ٹکڑے ہو جاتا ہے اور اس سے ایک چمک نکلتی ہے ارشاد ہوتا ہے کہ اس روشنی میں میں نے ایران کا سفید محل اور شام کا زرد محل دیکھا ہے تم ان محلوں کو فتح کرو گے، تصور کیجئے یہ وہ کہہ رہا ہے جس کے گھر میں کھانے کے لئے بھی نہیں ہے ایسے موقع پر کہہ رہا ہے کہ اسلام کا وجود اور مسلمانوں کی ہستی خطرہ میں ہے عرب کے قبائل مدینہ پر چڑھائی کر رہے ہیں اور موت وزندگی کا سوال ہے مگر پیغمبرانہ یقین کی روشنی ایسی ہی اندھیروں میں چمکتی ہے۔

پیغمبروں کے بعد دنیا کی تاریخ میں یقین کی جو سب سے بڑی مثال ملتی ہے وہ حضرت ابوبکر صدیقؓ کی ہے اور اسی یقین واستقامت اور اتباع میں ان کی صدیقیت کا راز پنہاں ہے ان کے واقعات بتلاتے ہیں کہ وہ صدیق اکبر کے لقب کے پورے مستحق ہیں اور اہل بصیرت کا یہ کہنا بالکل حق ہے کہ ابوبکرؓ پیغمبر نہیں تھے مگر کام انہوں نے پیغمبروں کا سا کیا اور انہیں کی سی استقامت اور پختگی دکھائی۔

صورت یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ کی وفات ہوگئی ہے سارے عرب میں ارتداد کی آگ پھیل گئی ہے، خزاں میں جس طرح پتے جھڑیں اور ٹوٹی تسبیح کے دانے بکھریں اسی طرح قبائل اسلام سے نکلتے جارہے تھے، ایک ایک دن میں بیسیوں قبیلوں کے ارتداد کی خبر آئی تھی، یمن، حضر موت، بحرین، نجد کے تمام علاقے مرتد ہوگئے، اور نوبت یہاں تک پہنچی کہ قریش اور ثقیف صرف دو قبیلے اسلام پر قابض رہ گئے، یہودیت اور نصرانیت نے جو عرب سے جلاوطن ہوگئی تھیں سر اٹھایا، نفاق نے جو پہلے سوسائٹی کا ایک جرم اور پوشیدہ عیب تھا، نقاب الٹ دی اور لوگوں نے کھل کر شرک ونفاق کی باتیں کرنی شروع کر دیں، مسلمانوں کی ہوا سارے عرب سے اکھڑ گئی اور ان کے دشمن شیر ہو گئے عرب مؤرخین نے بڑی بلاغت کے ساتھ اس وقت کے مسلمانوں کی بے بسی اور درماندگی کی تصویر کھینچی ہے وہ کہتے ہیں کہ مسلمانوں کی اس وقت وہ کیفیت ہوگئی تھی جیسے بارش کی رات میں بھیڑوں کی ہو جاتی ہے کہ وہ اپنے باڑہ میں دبک جاتی ہیں اور سردی سے ٹھٹھرنے لگتی ہیں۔

عین اس حالت میں یقین اور اطاعت وفدویت کی ایک عجیب وغریب مثال سامنے آتی

ہے جس کی نظیر پیش کرنے سے دنیا کی تاریخ قاصر ہے، حضرت اسامہؓ کا لشکر جس کو رسول اللہ ﷺ نے بھیجنے کے لئے تیار کیا تھا اور آپ کی وفات کی وجہ سے اس کا سفر ملتوی ہو گیا تھا تیار ہے اس لشکر میں مہاجرین اور انصار کے بڑے بڑے سردار اور میدان جنگ کے آزمودہ کار سپاہی ہیں۔ خود حضرت عمرؓ بھی حضرت اسامہؓ کی ماتحتی میں ہیں، یہ اس وقت کے مسلمانوں کی سب سے بڑی فوجی طاقت تھی، عقل و مصلحت شناسی کا فتوی کیا تھا، اور جس کو سیاست کہتے ہیں اس کا فرمان ناطق کیا تھا؟ یہی کہ لشکر مدینہ میں ٹھہرے اور حملہ آوروں سے جن کا صبح وشام خطرہ تھا، مسلمانوں کی جان و مال اور عزت وآبرو کی حفاظت کرے اس لئے کہ اس وقت اسلام کی بقاء مدینہ پر منحصر ہے لوگوں نے حضرت ابوبکرؓ سے عرض کیا کہ اس وقت اس لشکر کے کوچ کرتے ہی مدینہ پر حملہ ہو جائے گا، اس مشورے میں مدینہ کے تمام عقلا شریک تھے لیکن بارگاہ نبوت کا مجذوب جس کے نزدیک رسول اللہ ﷺ کا منشاء پورا کرنا اور آپ کے ارادے کو عمل میں لانا ہی سب سے بڑی عقلمندی اور سیاست ہے۔ صاف جواب دیتا ہے کہ قسم ہے اس ذات پاک کی جس کے قبضہ میں ابوبکر کی جان ہے اگر مجھے اس کا بھی یقین ہو جائے کہ جنگل کے درندے مجھے اٹھا لے جائیں گے تب بھی میں رسول اللہ ﷺ کا منشاء مبارک پورا کروں گا اور اسامہؓ کا لشکر بھیج کر رہوں گا۔ آپ نے تقریر کی، جہاد کے لئے تیار کیا اور حکم دے دیا کہ جو لوگ لشکر اسامہؓ میں داخل ہیں وہ اس کی قیام گاہ جرف میں پہنچ جائیں، چنانچہ لشکر اپنے مقام پر پہنچ گیا، حضرت ابوبکرؓ نے ان چند گنے چنے آدمیوں کو روک لیا جو ہجرت کر کے آئے تھے، اور ان کو اپنے قبائل کی حفاظت کے لئے مقرر کر دیا۔ جب لشکر کے سب آدمی جمع ہو گئے تو امیر لشکر حضرت اسامہؓ نے حضرت عمرؓ کو حضرت ابوبکرؓ کی خدمت میں بھیجا کہ ان کی طرف سے دوبارہ عرض کریں کہ لشکر کو واپس بلا لیں، ان کے ساتھ تمام معززین صحابہؓ اور سرداران قبائل ہیں۔ لشکر کے کوچ کے بعد اس کا خطرہ ہے کہ دشمن خلیفہ اسلام اور ازواج مطہرات تک پر دست درازی کریں اور مشرکین ان کو مدینہ سے اٹھا لے جائیں، انصار کا پیغام یہ تھا کہ لشکر پر زیادہ سن رسیدہ اور تجربہ کار آدمی کو امیر بنایا جائے، اسامہؓ بہت نوعمر ہیں، حضرت عمرؓ نے اسامہؓ کا پیغام پہنچایا حضرت ابوبکرؓ نے جواب دیا کہ اگر مجھے کتے اور بھیڑیئے اٹھا لے جائیں تو بھی میں لشکر ضرور روانہ کروں گا، رسول اللہ ﷺ جس بات کا فیصلہ فرما گئے ہیں میں اس کو رد نہیں کر سکتا، اگر ساری

بستیوں میں میں تنہا رہ جاؤں گا جب بھی اس فیصلہ پر عمل کروں گا، حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ انصار کا پیغام ہے کہ لشکر پر حضرت اسامہؓ سے زیادہ سن رسیدہ آدمی امیر مقرر کیا جائے۔ یہ سن کر حضرت ابوبکرؓ جوش میں کھڑے ہوگئے اور حضرت عمرؓ کی داڑھی پکڑ کر کہا اللہ کے بندے! رسول اللہ ﷺ اسامہؓ کو مقرر کریں اور تم مجھے مشورہ دو کہ میں ان کو معزول کردوں؟

## مجاہد کے قدم کی فضیلت

اس گفتگو کے بعد حضرت ابوبکرؓ لشکر میں آئے اور ان کو رخصت کرنے کے لئے چلے، آپ پیدل تھے اور حضرت اسامہؓ سوار، انہوں نے عرض کیا کہ اے خلیفہ رسول اللہ ﷺ آپ سوار ہو جائیں ورنہ میں اترتا ہوں، فرمایا نہ میں سوار ہوں گا، نہ تم اترو گے، اس میں کیا حرج ہے کہ میں گھڑی بھر اپنے قدم اللہ کے راستے میں غبار آلود کرلوں، اس لئے کہ مجاہد کے ہر قدم پر سات سو نیکیاں لکھی جاتی ہیں، سات سو درجے بلند ہوتے ہیں اور سات سو گناہ معاف ہوتے ہیں، جب واپس ہونے لگے تو حضرت اسامہؓ سے فرمایا کہ اگر تمہاری رائے ہو تو عمرؓ کو میری اعانت کے لئے چھوڑ جاؤ، انہوں نے بخوشی اجازت دی، پھر آپ نے ان کو وصیت فرمائی کہ دیکھنا خیانت نہ کرنا، عہد شکنی، مال غنیمت میں چوری سے سخت اجتناب کرنا، کسی بچہ، بوڑھے اور عورت کو نہ مارنا، کھجور کے درخت کو اکھاڑنا نہ جلانا نہ کسی پھل دار درخت کو کاٹنا، نہ کسی کی بکری، گائے اونٹ کو ذبح کرنا، اور دیکھو کچھ ایسے آدمی بھی تم کو ملیں گے جو عبادت گاہوں میں گوشہ نشین ہوں گے ان کو ان کے حال پر چھوڑ دینا، کچھ ایسے نظر آئیں گی جو چاند صاف کرتے ہیں اور اس کے گرد اگرد چوٹیوں کی طرح بال بڑھاتے ہیں ذرا تلوار سے ان کو ہوشیار کر دینا، جاؤ اللہ کے نام پر روانہ ہو اور جس کا رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا ہے اس کو عمل میں لاؤ۔

میرے بھائیو! اس کے بعد کیا ہوا؟ اگر اس جگہ تاریخ میں خلا ہوتا اور عقل وقیاس کے قلم کو اس خلا کے پر کرنے کی اجازت دی جاتی تو وہ لکھ دیتا کہ یہ ایک بڑی خطرناک سیاسی غلطی تھی، نتیجہ یہ ہوا کہ مدینہ پر حملہ ہوگیا اور مرکز اسلام دشمنوں کے نرغہ میں آگیا، لیکن اللہ کی قدرت کہ ابوبکرؓ نے تو اپنے عشق اور کمال اتباع میں یہ کام کیا تھا اور ان کو یقین تھا کہ منشائے نبوت پورا کرنے میں کوئی خطرہ پیش نہیں آسکتا بلکہ خطرات کا علاج ہی یہی ہے اور قدرت الٰہی

نے اس کی تصدیق کی۔ مورخین لکھتے ہیں کہ اس لشکر کے روانہ ہونے سے سارے عرب پر مسلمانوں کی دھاک بیٹھ گئی، لوگ کہتے تھے کہ اگر مسلمانوں کے پاس طاقت نہ ہوتی تو اس لشکر کو حملہ کے لئے کیوں بھیجتے، چنانچہ جو لوگ ارادہ بد رکھتے تھے وہ چوکنے ہو گئے اور مدینہ پر حملہ کرنے کا خیال دل سے نکال دیا۔ مورخ ابن اثیر کے الفاظ ہیں **و کان انفاذ جیش اسامۃ اعظم الامور نفعا للمسلمین.** اسامہ رضی اللہ عنہ کے لشکر کا روانہ ہونا مسلمانوں کے لئے سب سے زیادہ مفید ثابت ہوا۔

## دین کی قدر:

حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عزم راسخ کا ایک نمونہ دنیا دیکھ چکی تھی لیکن ابھی عشق و یقین، اور عقل مصلحت اندیش کا ایک معرکہ باقی تھا، وفات نبوی ﷺ کے متصل ہی عرب میں منع زکوۃ کا فتنہ پیدا ہو گیا اور وبا کی طرح سارے ملک میں پھیل گیا، عرب کے سارے قبائل کہنے لگے کہ ہمیں نماز، روزہ، حج سے انکار نہیں مگر ہم زکوۃ میں ایک جانور بھی نہیں دیں گے۔ ایک دو قبیلے ہوں تو خیر، دو چار قبائل کو چھوڑ کر سارا ملک یہی کہہ رہا تھا، حضرت ابوبکرؓ کی نگاہ بصیرت نے دیکھ لیا کہ زکوۃ کا انکار ارتداد کا پیش خیمہ اور دین سے بغاوت کی زنجیر کی وہ کڑی ہے جس کے ساتھ تمام کڑیاں پیوست ہیں، کفر و تحریف کا یہ دروازہ اگر کھلا تو قیامت تک بند نہیں ہو سکتا، آج زکوۃ کی باری ہے تو کل نماز کی اور پھر روزہ حج کا تو اللہ ہی حافظ ہے، مستقبل کا خطرہ اگر نہ بھی ہوتا تو بھی ابوبکرؓ کو یہ گوارا نہ تھا کہ دین کا جو مجموعہ رسول اللہ ﷺ چھوڑ کر گئے ہیں اور ابوبکرؓ اس کے متولی مقرر ہوئے ہیں کوئی نقص واقع ہو، اس موقع پر ان کی زبان سے بے ساختہ جو جملہ نکلا تاریخ نے بے کم و کاست محفوظ کر لیا ہے، وہ ان کے دلی جذبات، دین سے تعلق اور ان کی مقام صدیقیت کا ترجمان ہے انہوں نے فرمایا "**اینقص الدین وانا حی**" (کیا ابوبکرؓ کی زندگی میں اللہ کے دین میں قطع و برید ہوگی؟) انہوں نے فیصلہ کر لیا کہ فتنہ کا یہ دروازہ بند کیا جائے گا، چاہے مسلمانوں کی لاشوں سے، اب سارا مدینہ ایک طرف تھا اور ابوبکرؓ ایک طرف تھے، صحابہؓ کہتے تھے کہ صرف ایک رکن کے ترک سے مانعین زکوۃ کے ساتھ مشرکین و کفار کی طرح کس طرح قتال جائز ہے کچھ لوگ کہتے تھے کہ

سارا عرب اس فتنہ میں مبتلا ہے کس کس سے جنگ کی جائے گی، اس وقت تو یہی غنیمت ہے کہ ہم مدینہ میں رہ کر اللہ کی عبادت کرتے رہیں، لیکن حضرت ابو بکرؓ کہتے تھے کہ خدا کی قسم اگر ایک بکری کا بچہ بھی جو یہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں زکوٰۃ میں دیا کرتے تھے روک لیں گے تو میں ان سے جہاد کروں گا، آخر کار ابو بکرؓ کا یقین اور جذبہ تمام شبہات وتر ددات پر غالب آیا اور سب نے ان کا ساتھ دیا، آپ نے مختلف سمتوں پر گیارہ فوجیں روانہ کیں، تین تو مستقل مدعی نبوت تھے جن کی سرکوبی کرنی تھی عرب کے تمام جنگ آزما اور سورما جنھوں نے بعد میں عراق وایران فتح کیا ہے ان مدعیان نبوت اور مرتدین کے ساتھ تھے اور عرب کی پوری جنگی قوت اور شجاعت اسلام کے مقابلہ میں میدان میں آ گئی تھی بلکہ کہا جا سکتا ہے کہ اتنی بڑی جنگی طاقت اس سے پہلے کبھی اسلام کے مقابلہ میں نہیں آئی تھی۔

ادھر مدینہ خالی ہو گیا تھا، اس کی شہرت ہو گئی کہ مدینہ میں لڑنے والے تھوڑے ہیں۔ حضرت ابو بکرؓ نے مدینہ کی حفاظت کے لئے حضرت علیؓ، طلحہؓ، زبیرؓ اور ابن مسعود رضی اللہ عنہم کو مقرر کیا اور اہل مدینہ کو مسجد نبوی میں حاضر رہنے کا پابند کر دیا اس لئے کہ یہ معلوم نہ تھا کہ دشمن کس وقت حملہ کر دیں گے، تین ہی دن گزرنے پائے تھے کہ رات کو یکا یک حملہ ہوا محافظ دستہ نے حملہ آوروں کو روکا اور ابو بکرؓ کو اطلاع دی۔ حضرت ابو بکرؓ نے اہل مسجد کو اطلاع کی اور دشمن کو پیچھے دھکیلتے ہوئے ذی حسی تک پہنچا دیا، وہاں انہوں نے مشکیزوں میں ہوا بھر کر رسیوں سے باندھ رکھا تھا ان کو انہوں نے زمین پر اس طرح گھسیٹا کہ مسلمانوں کے اونٹ اس طرح بدکے کہ مدینہ پہنچ کر دم لیا، مرتدین کو مسلمانوں کی کمزوری کا احساس ہوا اور انہوں نے اپنے بڑے مرکز ذی القصہ میں اس کی اطلاع کی اور وہاں سے نئے حملہ آور آ گئے حضرت ابو بکرؓ رات بھر جنگ کی تیاری کرتے رہے اور صبح ہی اچانک کھلے میدان میں دشمن کے سر پر پہنچ گئے اور ان کو تلواروں پر رکھ لیا، سورج نکلتے نکلتے دشمن کے قدم اکھڑ گئے، حضرت ابو بکرؓ نے ذی القصہ تک ان کا تعاقب کیا، اس فتح سے ارتداد کی طاقت پر اچھی ضرب پڑی لیکن قبیلہ عبس و ذبیان نے اپنے اپنے قبیلوں کے مسلمانوں کو چن چن کر قتل کر دیا۔ حضرت ابو بکرؓ نے قسم کھائی کہ وہ مسلمانوں کا پورا بدلہ لیں گے اور جتنے مسلمان شہید ہوئے ہیں ان سے زائد مشرکین کو قتل کریں گے، اس عرصہ میں مدینہ طیبہ میں زکوٰۃ کے جانور پہنچے ادھر حضرت اسامہؓ کا لشکر

چالیس دن کی غیر حاضری کے بعد واپس ہوا۔ حضرت ابوبکرؓ نے ان کو مدینہ میں اپنا جانشین بنایا اور ان کے لشکر کو آرام کرنے کا حکم دیا اور اپنے ساتھیوں کو لے کر باہر نکلے مسلمانوں نے ان کو اللہ کا واسطہ دیا کہ وہ مدینہ ہی میں رہیں، انہوں نے فرمایا میں مسلمانوں کے ساتھ پوری مساوات کا سلوک کروں گا اب یہ آرام کریں گے اور میں جاؤنگا، چنانچہ مدینہ سے نکل کر دور تک دشمن کو ہزیمت دیتے چلے گئے اور مسلمانوں کا رعب قائم ہوگیا۔

حضرت ابوبکرؓ کے یقین اور جوش نے مسلمانوں میں جو جذبہ جہاد اور سرفروشی کی روح پیدا کردی تھی اس کا اندازہ کرنے کے لئے بیسیوں معرکوں میں سے صرف یمامہ کی جنگ کے حالات کافی ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اس جذبہ اور روح کے بغیر ارتداد کا فتنہ عالم آشوب اور قبائل عرب کی نسلی عصبیت اور بدوی شجاعت کا مقابلہ (جس نے کچھ ہی عرصہ بعد ایران و شام کی فوجوں کے چھکے چھڑادیئے) ممکن ہی نہ تھا غور سے دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ اس قالب میں ابوبکرؓ کا یقین اور ان کا جذبہ کارفرما تھا۔

یمامہ نجد میں واقع ہے یہ قبیلہ بنی حنیفہ کا مرکز تھا، بنی حنیفہ جو ربیعہ کی ایک شاخ ہے جاہلیت میں سخت ترین عداوت اور موروثی دشمنی اور عصبیت تھی اسی قبیلہ میں مسیلمہ نے نبوت کا دعویٰ کیا اور کچھ لوگوں کو اپنی شعبدہ بازیوں سے اور زیادہ تر خاندانی عصبیت وحمیت کی بناء پر اور قریش کی دینی مرکزیت اور سیاسی طاقت کو توڑنے کے لئے اپنا ہمنوا بنالیا، حضرت ابوبکرؓ نے حضرت خالدؓ کو مسیلمہ کی سرکوبی کے لئے مقرر کیا اور مہاجرینؓ وانصار اور اکابر صحابہؓ کی ایک بڑی جماعت کو ان کے ساتھ کیا، بنو حنیفہ نے یمامہ کو اپنی چھاؤنی بنایا تھا، ان کے لشکر میں چالیس ہزار لڑنے والے تھے، جنگ سے پہلے بنو حنیفہ کے مقرر نے نہایت پر جوش تقریر کی اور سارے قبیلہ کو مرنے مارنے پر آمادہ کردیا، مہاجرین کا جھنڈا سالم مولی ابی حذیفہؓ کے پاس تھا اور انصار کا جھنڈا ثابتؓ بن قیس کے پاس لوگوں نے سالمؓ سے کہا کہ ہمیں تمہاری طرف سے خطرہ ہے انہوں نے فرمایا پھر بھی حافظ قرآن کیسا، تف ہے مجھ پر دوسرے قبیلے اپنے اپنے جھنڈوں کے نیچے تھے، لڑائی شروع ہوئی اور اتنی سخت ہوئی کہ مورخ ابن اثیر کہتا ہے کہ اس سے پہلے مسلمانوں کو اس سے سخت جنگ کبھی پیش نہیں آئی تھی یہاں تک کہ مسلمانوں کے پاؤں اکھڑ گئے، مسلمانوں نے ایک دوسرے کو للکارا کہ کہاں جاتے ہو، انصار کے علم بردار ثابتؓ نے

کہا مسلمانو! پیچھے ہٹنے کا تم نے برا دروازہ کھولا ہے اے اللہ میں بنوحنفیہ (مرتدین) کے عمل سے بیزار ہوں اور مسلمانوں کے عمل سے معذرت خواہ ہوں یہ کہہ کر آگے بڑھے شہید ہوگئے۔ حضرت زید بن الخطابؓ نے جو حضرت عمرؓ کے بھائی تھے، مسلمانوں کو آواز دی کہ نگاہیں نیچی کر لو دانتوں کو دبالو اور دشمن کے قلب میں گھس جاؤ اور مارتے ہوئے بڑھے چلو، حضرت ابو حذیفہؓ نے کہا کہ اے قرآن والو آج اپنے عمل سے قرآن کو آراستہ کرو۔ حضرت خالدؓ نے زور کا حملہ کیا اور دشمن کو بہت پیچھے دھکیل دیا، اب گھمسان کی لڑائی ہورہی تھی، بنوحنیفہ اپنے ایک ایک قبیلہ کا نام لے کر جوش پیدا کررہے تھے اور گھٹنے ٹیک کر لڑ رہے تھے، لڑائی کا یہ طور تھا کہ کبھی مسلمانوں کا پلہ بھاری معلوم ہوتا تھا کبھی مرتدین کا، اسی عرصہ میں سالمؓ مولی ابی حذیفہؓ وزید بن الخطابؓ کام آگئے، حضرت خالدؓ نے لڑائی کا یہ رنگ دیکھا تو کہا لوگو! ذرا الگ الگ ہو جاؤ تا کہ ہم کو ہر قبیلہ کی شجاعت اور سرفروشی کا اندازہ ہو اور اس کا پتہ چلے کہ ہمارا کون سا بازو کمزور ہے جس سے ہم کو نقصان پہنچ رہا ہے، چنانچہ قبیلے قبیلے جدا ہو گئے اور لوگوں نے کہا کہ اب فرار سے شرم آنی چاہئے۔ اس کے بعد سخت خونریز معرکہ ہوا اور میدان لاشوں سے پٹ گیا زیادہ تر مہاجرین وانصار اس معرکہ میں کام آئے۔ مسیلمہ ایک جگہ جما کھڑا تھا اور اس کے گرد لڑائی کی چکی چل رہی تھی۔ حضرت خالدؓ نے بھانپ لیا کہ جب تک مسیلمہ نہ مارا جائے گا بنوحنیفہ کے حوصلے پست نہیں ہوں گے۔ حضرت خالدؓ سامنے آگئے اور یا محمداہ (جو اس وقت مسلمانوں کا شعار تھا) کہہ کر اپنے مقابلہ کے لئے للکارا اور جو سامنے آیا اس کو خاک وخون میں سلا دیا، جب کئی پہلوان مارے گئے تو حضرت خالدؓ نے مسیلمہ کو آواز دی کہ مقابلہ پر آؤ۔ اس نے منظور نہیں کیا، حضرت خالدؓ نے زور کا حملہ کیا، مسیلمہ کے قدم اکھڑ گئے اور جو لوگ اس کے گرد پیش تھے وہ اپنی جگہ پر برقرار نہ رہے حضرت خالدؓ نے مسلمانوں کو للکارا اور مسلماں ہر طرف سے ٹوٹ پڑے اور بنوحنیفہ پسپا ہو گئے اور انہوں نے مسیلمہ کو آواز دے کر کہا کہ جس کا تم ہم سے وعدہ کرتے تھے وہ کہاں ہے؟ مسیلمہ نے کہا کہ اب اس وقت اپنے خاندان اور اپنے قبیلہ کی طرف سے لڑو، اس عرصہ میں بنوحنیفہ کے سردار محکوم نے اپنی قوم کو آواز دی کہ باغ میں آجاؤ، بنی حنیفہ ہر طرف سے سمٹ کر باغ میں آگئے اور دروازہ بند کر لیا، براء بن مالکؓ نے کہا کہ مسلمانو! مجھے اٹھا کر باغ میں پھینک دو، لوگوں نے کہا ایسا نہیں ہو سکتا، انہوں نے خدا کی قسم

دی کہ مجھے باغ کے اندر ڈال ہی دو، چنانچہ لوگوں نے ان کو اٹھالیا اور وہ کسی طرح دیوار پر چڑھ گئے اور باغ میں کود گئے اور دروازہ کھول دیا۔ باغ میں پہنچ کر ایسی گھمسان کی لڑائی ہوئی کہ باید و شاید، فریقین کے کشتوں کے پشتے لگ گئے، خاص طور پر بنی حنیفہ کا سخت جانی نقصان ہوا، انصار کے علمبردار ثابت بن قیسؓ بھی شہید ہوئے، ان کا پاؤں ایک شخص کی تلوار سے کٹ گیا تھا انہوں نے وہی پاؤں اس زور سے اس شخص کے منہ پر مارا کہ وہ مر گیا، وحشیؓ جو حضرت حمزہؓ کے قاتل تھے اور اپنے اس گناہ کے کفارہ کے فکر میں رہا کرتے تھے مسیلمہ کی تاک میں تھے انہوں نے اپنا بھالا پھینک مارا جو ٹھیک نشانہ پر لگا، ایک انصاری نے بڑھ کر مسیلمہ کی گردن اڑا دی، مسیلمہ کا قتل ہونا تھا کہ بنو حنیفہ کے قدم اکھڑ گئے، مسلمانوں نے ان کو تلواروں پر رکھ لیا اور ان کے اکثر آدمی مارے گئے، مسلمانوں میں سے صرف مہاجرین میں سے تین سو ساٹھ آدمی کام آئے، سینکڑوں حافظ قرآن تھے جنہوں نے اس میدان میں شہادت میں اپنے علم و عمل کا حق ادا کیا۔

بنی حنیفہ کے سردار مجاعہ نے غلط بیانی اور فریب دہی سے حضرت خالدؓ سے ایسی صلح کر لی جس میں قبیلہ کی جان محفوظ ہوگئی، بعد میں دربار خلافت سے حکم آیا کہ بنو حنیفہ میں سے کوئی مرد نہ چھوڑا جائے مگر حضرت خالدؓ نے صلح نامہ کی پوری پابندی کی اور اطلاع دیدی کہ صلح ہوگئی تھی اس لئے اس کے خلاف نہیں ہوسکتا۔

حضرت عمرؓ نے اپنے بیٹے عبداللہؓ سے کہا کہ تم اپنے چچا پر قربان نہ ہوگئے، زیدؓ شہید ہوگئے اور تم زندہ موجود ہو، میں تمہارا منہ دیکھنا نہیں چاہتا، عبداللہؓ نے کہا کہ اس میں میرا کیا قصور ہے، ہم دونوں نے شہادت کی تمنا کی تھی ان کی تمنا پوری ہوگئی میری تمنا پوری نہیں ہوئی۔

مسیلمہ کذاب، اسود عنسی، طلیحہ مدعیان نبوت کے یکے بعد دیگرے جب قتل و شکست اور مرتد قبائل کی ہزیمت اور قتل و غارت سے سارا عرب مرتدین سے صاف ہوگیا، حضرت ابوبکرؓ اور ان کے امرائے جیوش نے عرب کا گوشہ گوشہ اور قبیلہ قبیلہ مرتدین سے صاف کر دیا اور مرتدین سے صاف طور پر کہلوا دیا کہ ہم کفر پر تھے، ہمارے مقتول ناری اور تمہارے مقتول شہید ہیں جو کچھ میدان جنگ میں مسلمانوں کے ہاتھ آیا وہ مال غنیمت ہے اور ان کے ہاتھ سے جو مسلمان شہید ہوئے ان کی دیت (خون بہا) دی جائے گی اور جو مرتدین کے ہاتھ آیا ہے وہ مسلمانوں

کو واپس کیا جائے گا اور جواب بھی ارتداد پر باقی رہنا چاہتے ہیں وہ عرب کی سرزمین چھوڑ دیں اور جہاں سینگ سمائے چلے جائیں۔

اس فتنہ ارتداد کا خاتمہ حضرت ابوبکرؓ کا وہ کارنامہ ہے جس کی نظیر سے امتوں کی تاریخ خالی ہے۔ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کی جانشینی کا حق ادا کر دیا۔ آج دنیا میں اگر اسلام محفوظ ہے اور اس کی شریعت بے کم وکاست موجود ہے۔ تو یہ رسول اللہ ﷺ (ارواحنا فداہ) کے بعد حضرت ابوبکرؓ ہی کی استقامت، عزیمت اور جدوجہد کا نتیجہ ہے آج روئے زمین پر جہاں کہیں اسلام کا کوئی رکن ادا ہو رہا ہے، کوئی اسلامی شعار بلند ہے اور کہیں دین پر عمل ہو رہا ہے اس میں حضرت ابوبکرؓ کا حصہ ہے، آج نماز کی ہر رکعت زکوٰۃ کا ہر پیسہ، روزہ کی ہر گھڑی، حج کے ہر رکن کے ثواب میں حضرت ابوبکرؓ کا حصہ ہے، اس لئے کہ اگر زکوٰۃ کے بارے میں ڈھیل دی جاتی تو نہ نماز رہتی نہ روزہ، نہ حج اور جب تک یہ دین دنیا میں باقی ہے (اور وہ قیامت تک باقی ہے) حضرت ابوبکرؓ کو اس امت کے اعمال کا اجر ملتا رہے گا، رضی اللہ عن ابی بکر و ارضاہ۔

میرے دوستو! یہ عزیمت و استقامت حضرت ابوبکرؓ کے اس یقین کا نتیجہ تھا جو ان کو مشکوٰۃ نبوت اور مرکز ایمان و یقین سے ملا تھا اور جس کی بنا پر وہ صدیق اکبرؓ کہلاتے ہیں جس کی بدولت انہوں نے دین کی گرتی ہوئی عمارت کو تھام لیا۔ اور اس کی ڈوبتی ہوئی کشتی کو اپنی ہمت اور قوت سے پار لگا دیا۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد ہم پر ایک ایسا وقت آیا تھا اگر اللہ تعالیٰ بروقت ابوبکرؓ کو کھڑا نہ کر دیتا تو ہماری ہلاکت میں کوئی کسر باقی نہیں رہ گئی تھی، ہم نے اس پر اتفاق کر لیا تھا کہ اونٹ کے بچے (زکوٰۃ کے جانور) کے بارے میں ہم جنگ نہیں کریں گے اور مدینہ میں رہ کر اللہ کی عبادت جو کچھ بن پڑے گی کرتے رہیں گے یہاں تک کہ ہمارا وقت آ جائے لیکن ابوبکرؓ اڑ گئے اور مرتدین کی ذلت وخواری اور ان کے فتنہ کے سد باب سے کم کسی چیز پر رضامند نہیں ہوئے۔

لیکن اس یقین کے سلسلہ میں یاد رہے کہ جو یقین کسی ضد یا نفسانیت کی بناء پر ہوتا ہے یا کسی انسانی طاقت یا بیرونی امداد کے بھروسہ پر ہوتا ہے اور اس کا سرچشمہ ایمان، عمل صالح،

اعتماد علی اللہ نہ ہو، بلکہ مادی اسباب، سیاسی تدبیر اور جوڑ توڑ ہو، اس کا انجام بعض اوقات بہت خراب ہوتا ہے۔ واقعات بتلاتے ہیں کہ ایسا یقین اور ایک شخص کی ضد اور نامعقول اڑ پر قربان ہو گئی ہیں۔ اس یقین کے لئے جس کے ساتھ اللہ کی مدد ہوتی ہے کہ:-

(۱) وہ خالص اللہ کے اعتماد پر مخلوق کے کسی وعدہ یا کسی امید پر نہ ہو۔

(۲) مشورہ تدبیر میں کمی نہ کی جائے۔ پھر بصیرت ایمانی جو کچھ فیصلہ کرے اس پر مضبوطی سے قائم ہو جائے۔

(۳) صاحب یقین ایمان واخلاص کے دولت سے مالا مال اور عمل صالح سے متصف ہو اور اللہ تعالیٰ سے بندگی کا خصوصی تعلق رکھتا ہو۔

(۴) اس کی بنیاد حق اور صداقت پر ہو، اللہ تعالیٰ کے یہاں اس کا مقدمہ جعلی اور کمزور نہ ہو۔

ان صفات کے بعد وہ پیش آئے گا جس کا وعدہ اس آیت میں کیا گیا ہے۔

"اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰہُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَیْھِمُ الْمَلٰٓئِکَۃُ اَنْ لَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَبْشِرُوْا بِالْجَنَّۃِ الَّتِیْ کُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ. نَحْنُ اَوْلِیٰٓؤُکُمْ فِی الْحَیَاۃِ الدُّنْیَا وَفِی الْاٰخِرَۃِ."

آج عالم اسلام پر جو مصائب آرہے ہیں، اور دین کا ایوان جس طرح تزلزل میں ہے مسلمانوں کے حوصلے جس طرح پست اور ان کی طبیعتیں جس طرح افسردہ ہوتی جارہی ہیں اور وہ اسلام کے مستقبل سے گویا ناامید ہوتے جارہے ہیں، یاس وناامیدی کے الفاظ جس طرح زبانوں اور قلم پر آنے لگے ہیں اس میں اسی یقین کی ضرورت ہے، جو گرتے ہوئے دلوں کو تھام لے، بجھتی ہوئی طبیعتوں کو گرما دے اور سوتی ہوئی ہمتوں کو جگادے، خیال فرمائیے، فتنہ ارتداد کی اس صورت حال اور موجودہ صورت حال میں کتنا بڑا فرق ہے۔ مسلمانوں کو رسول اللہ ﷺ کی وفات نے نیم جان اور بے حال کر دیا تھا، ہر شخص یتیمی کی کیفیت محسوس کر رہا تھا، وہ عزیز ترین ہستی جو زخموں کا مرہم اور دلوں کی ڈھارس تھی اور جس کو اپنے میں پاکر تمام مصیبت فراموش اور ہر غم غلط ہو جاتا تھا اور جس کے چہرے کو دیکھ کر نازک دل عورت جس کو باپ، بھائی، بیٹے، شوہر کی شہادت کا تازہ تازہ داغ لگا تھا پکار اٹھتی تھی" کل مصیبة بعدک جلل یا

رسول اللہ“

آپ کے ہوتے ہوئے ہر مصیبت ہیچ ہے یا رسول اللہ (ﷺ) اللہ وہ ان کے درمیان سے اٹھ جاتی ہے اور اس کے اٹھتے ہی ہر طرف سے نرغہ ہوتا ہے اسلام کی وہ پونجی اور راس المال جو اس کا اصل سرمایہ تھا یعنی عرب اور قبائل عرب وہ ان کے ہاتھوں سے نکل جاتا ہے، اسلام جو عرب کے گوشہ گوشہ میں پھیل گیا تھا سمٹ کر صرف مدینہ، مکہ اور طائف میں محصور ہو جاتا ہے، دشمنوں کی مرکز اسلام (مدینہ) پر بھی نگاہیں ہیں اور صبح وشام حملہ کا خطرہ ہے، دائیں بائیں کی ایرانی اور رومی شہنشاہیں بھی تاک میں ہیں ان سے چھیڑ چھاڑ شروع ہو چکی ہے۔ قرآن مجید سینوں میں ہے۔ اس کی تعلیم کی ابھی عالمگیر اشاعت بھی نہیں ہوئی۔ اسلام کی ساری متاع ایک سفینہ پر ہے اور وہ سفینہ تلاطم میں ہے، لیکن اللہ تبارک وتعالیٰ کی ہزار ہزار رحمتیں ابوبکرؓ کی روح پاک پر اور ان کے وفاداروں سرفروش رفیقوں پر کہ نہ ان پر ناامیدی کا غلبہ ہوا نہ ان کے حوصلے پست ہوئے نہ ہمت شکست، انہوں نے ایک طرف رسول اللہ ﷺ کی آخری خواہش اور منشاء کی تکمیل کی، دوسری طرف سارے جزیرہ نمائے عرب کی پھیلی ہوئی ارتداد کی آگ کو بجھایا، پھر ایسے وقت میں دنیا کی دو عظیم ترین سلطنتوں پر حملہ کر دیا وہ اسلامی فوجیں جو مرتدین سے جہاد کر کے بیٹھنے نہ پائی تھیں عراق وشام کی ان سلطنتوں کے سر پر پہنچ گئیں جن کے وسائل وذخائر غیر محدود اور جن کی مملکت ان کے خیال سے زیادہ وسیع تھی اور پھر جب تک عراق سے لے کر ہندوستان تک اور عرب کی شمالی سرحد سے آبنائے طارق اور آبنائے باسفورس تک سارا میدان کانٹوں سے صاف نہیں کر دیا چین سے نہیں بیٹھے، یہاں تک کہ ایشیاء میں چین چھوڑ کر تمام متمدن ممالک، افریقہ کا سارا آباد اور متمدن علاقہ اور یورپ کا ایک حصہ اسلام کا زیر نگین ہو گیا۔

لیکن اس وقت کے مقابلہ میں آج دنیا کا نقشہ کچھ اور ہی ہے اس وقت مسلمان صرف مدینہ مکہ اور طائف میں رہ گئے تھے لیکن آج دنیا کا کوئی حصہ ایسا نہیں ہے جہاں اسلام کے نام لیوا موجود نہ ہوں اس وقت مسلمانوں کی تعداد ہزاروں سے زیادہ تھی لیکن آج وہ اسی کروڑ سے بھی متجاوز ہیں، اس وقت تین شہروں کو چھوڑ کر اور کہیں مسلمانوں کو حاکمانہ اقتدار حاصل نہ تھا لیکن آج ان کی بیسیوں حکومتیں موجود ہیں اور لاکھوں مربع میل زمین ان کے زیر اقتدار ہے،

اس وقت مشکل سے ایسے مسلمان موجود تھے جنہیں اطمینان کے ساتھ دونوں وقت کھانا میسر تھا لیکن آج شاید ہی کوئی ایسا ہو جو بھوکا مر رہا ہو، اس وقت ہزاروں کی دولت رکھنے والے مسلمان بھی انگلیوں پر گنے جا سکتے تھے لیکن آج کروڑوں کی مالیت رکھنے والوں کی تعداد بھی ہزاروں سے متجاوز ہے۔ آج نہ یاس کا موقع ہے نہ ہراس کا۔ ضرورت صرف اس بات کی ہے کہ اللہ کی بندے بن جائیں، اپنے آپ کو ایمان ویقین اور عمل صالح سے آراستہ کریں، اگر ہم نے ایسا کر لیا تو تمام خطرات اور شبہات یقین کی حرارت اور عمل کی قوت کے سامنے اس طرح ناپید ہو جائیں گے جس طرح صبح کا کہر اور رات کی شبنم سورج کی گرمی کے سامنے ناپید ہو جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں دین کی خدمت کی سچی اور حقیقی تڑپ نصیب فرمائے۔ آمین۔

و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

# ترقی پر ایمان کی سلامتی کو ترجیح دیجئے

[یہ تقریر ۲۰ جون ۱۹۷۷ء کو مسلم کمیونٹی سنٹر (M.C.C) شیکا گو (امریکا) میں کی گئی، اس موقع پر امریکہ میں اسلامی تنظیمات اور اداروں کے کارکن بڑی تعداد میں موجود تھے، چونکہ یہ دورۂ امریکہ کی آخری تقریر تھی۔]

الحمد لله رب العالمین و الصلوٰة و السلام علی من لا نبی بعده اما بعد.

## میرے عزیز بھائیو! اور بہنو!:

تین ہفتے ہو رہے ہیں کہ میں شمالی امریکہ اور کنیڈا کے دورے پر ہوں، اس عرصے میں درجنوں تقریریں اردو اور عربی میں ہوئیں، تقریریں تو تقریروں کی طرح ہوتی ہیں، اس میں خطاب کا عنصر بھی تھا، اور مضامین کا اعادہ اور تکرار بھی، لیکن آج کی اس مجلس کی اور میری تقریر کی نوعیت، اس سے مختلف ہے، میں آج تقریر نہیں کروں گا، بلکہ باتیں کروں گا، باتیں بھی ایسی جیسے ایک خاندان کا فرد اپنے خاندان کے دوسرے عزیزوں سے ملنے کے بعد کچھ تاثرات و تجربات بیان کرتا ہے، اس نشست میں چند عملی باتیں اور ذاتی تجربات (POINT BY POINT) پیش کروں گا، میری درخواست ہے کہ آپ انہیں اپنی ڈائری میں قلم بند کریں، یا یاد داشت میں محفوظ کرلیں، میں اس گفتگو میں نہ مبالغہ سے کام لوں گا نہ تواضع سے نہ کچھ حاشیہ آرائی کروں گا اور نہ خوانخواہ خاکساری برتوں گا۔

اس سفر میں مختلف مقامات پر افراد اور جماعتوں کے کارکنوں سے ملنے کے بعد میرے ذہن نے چند باتیں نوٹ کی ہیں، اور کوئی تعجب نہیں کہ یہ سفر جس کا سہرا M.S.A اور ہمارے نیک اور مخلص بھائیوں کے سر ہے، جو دو تین سال سے مجھے یاد کر رہے تھے، یہ باتیں اس سفر کا سرمایہ اور قیمتی تحفہ ہیں، میں بھی اللہ سے دعا کرتا ہوں اور آپ بھی کیجئے کہ اللہ تعالیٰ میری زبان

سے ایسی باتیں کہلوائے جو بہت دنوں تک آپ کو کام دیں، اور میرے اس سفر کو بھی وصول کرادیں، کیوں کہ میں بہت ڈرتا ہوں کہ میں نے اس سفر کا حق ادا کیا یا نہیں؟ میں اتنا لمبا فاصلہ طے کر کے آیا اور سفر کے سلسلہ میں جو ضروری انتظامات اور لوازمات ہوتے ہیں، وہ سب ہوئے، کہیں مجھ سے خدا کے یہاں سوال نہ ہو، ہوسکتا ہے کہ مجھ سے اس سفر میں بہت سی غلطیاں اور کوتاہیاں ہوئی ہوں، میں بالکل اس معیار پر قائم نہ رہ سکا جس پر مجھے قائم رہنا چاہئے تھا، شاید آج کی بات چیت سے اس کے کچھ کفارہ کی صورت پیدا ہو جائے، خدا کرے کہ یہ باتیں آپ کو یاد بھی رہیں، کیوں کہ باتیں بہت کی جاتی ہیں، ہر تقریر کے بعد سوال و جواب کا سلسلہ بھی ہوتا ہے، اور اکثر کام کی باتیں بھلا دی جاتی ہیں، یہ بھی ہوتا ہے کہ مقرر کی تقریر کے دوران ہی ذہن سوال سوچنے لگتا ہے کہ اس پر ہم کیا سوال کریں گے، میری درخواست ہے کہ جس وقت تک میں آپ سے باتیں کروں اس وقت تک آپ اپنے ذہن کو سوال بنانے میں مشغول نہ ہونے دیں۔

## سب سے بڑا خسارہ ہے:

پہلی بات تو یہ ہے کہ آپ اس بات کی بھرپور کوشش کریں گے کہ آپ کے پاس اسلام کا جو سرمایہ ہے، وہ کھونے نہ پائے، اگر آپ کو ذرا سا تصور آ جائے کہ دنیا کی زندگی کتنی مختصر ہے اور آنے والی زندگی کتنی طویل ہوگی اور آخرت میں کن مراحل سے گذرنا پڑے گا تو آپ کے رونگٹے کھڑے ہو جائیں بلکہ ہوسکتا ہے کہ آپ کا شدت پریشانی میں دم نکل جائے، اگر ہم نے اس ملک میں سب کچھ کیا لیکن آخرت کے استحضار اور خدا کے خوف کی یہ کمائی لٹا دی تو ہم سے بڑھ کر کوئی بدنصیب نہ ہوگا، میں ایک حقیقت پسند انسان کی حیثیت سے کہتا ہوں کہ خدا کی قسم دانے دانے کا محتاج ہونا اس سے کہیں بہتر تھا کہ ہم اپنے آپ کو اس خطرے میں ڈالیں، اور اپنی اولاد کے دینی مستقبل کو داؤں پر لگائیں، سب کچھ ملا اور ہم اپنے ایمان کی دولت کھو بیٹھے تو یہ سب سے بڑا خسارہ ہے۔

حضور ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص میں تین باتیں ہوں گی اس کا ایمان مکمل ہوگا، ان میں سے ایک یہ کہ اس تصور سے کہ وہ کفر کی طرف واپس جا سکتا ہے، اس پر ایسی دہشت طاری ہو، کہ جیسے کوئی کسی کو پکڑ کر آگ میں ڈالنے لگے۔

ہم ان آیتوں کے مصداق نہ ہوں کہ۔

قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْأَخْسَرِينَ أَعْمَالًا ۝ الَّذِينَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ يُحْسِنُونَ صُنْعًا. (۱)

ہم تمہیں بتائیں کہ وہ لوگ کون ہیں جو اپنے عمل کے اعتبار سے بڑے نقصان میں رہنے والے ہیں، یہ وہ لوگ ہیں کہ جن کی ساری کوشش دنیا کی زندگی میں بھٹک کر رہ گئی اور وہ سمجھ رہے ہیں کہ وہ بڑا اچھا کام کر رہے ہیں۔

اس میں بڑی عبرت کی چیز یہی ہے کہ وہ بے چارے یہ سمجھتے ہیں کہ ہم بہت اچھا کام کر رہے ہیں، مجھے یہ ڈر ہے کہ یہ آیت ہم لوگوں پر منطبق نہ ہوتی ہو، بہت سے لوگ ایسے ہیں کہ جو غلط کام کرتے ہیں، اور سمجھتے ہیں کہ غلط کام کر رہے ہیں، لیکن موجودہ تہذیب کی خصوصیت یہ ہے کہ آدمی یہ نہیں سمجھتا کہ وہ غلط کام کر رہا ہے، اپنے عمل پر وہ مطمئن ہوتا ہے کہ وہ اچھا...... کر رہا ہے، مثلاً کوئی ہندوستان، پاکستان میں اپنے کسی دوست سے پوچھے کہ تمہارے بھائی کہاں ہیں، اور کیا کر رہے ہیں تو وہ کہے ماشاء اللہ وہ امریکہ میں ہیں اور دونوں ہاتھوں سے دولت لوٹ رہے ہیں، امریکہ میں ان کو اتنے سوڈالر ملتے ہیں، یہ تو وہاں کہا جاتا ہوگا، اور ہم یہاں کہتے ہیں کہ ہم تو بڑے اچھے رہے، حیدرآباد، یوپی، بہار، لاہور اور کراچی میں ہوتے، تو کیا کماتے؟ ہم کو تو یہاں وہ مل رہا ہے، وہ جو وہاں گورنر اور منسٹر کو بھی نہیں ملتا، ”یحسبون انھم یحسنون صنعاً“

پہلی بات تو یہ کہنا ہے کہ اس سے ڈریئے، اور ہر ترقی ہر خوش حالی پر ایمان کی سلامتی کو ترجیح دیجئے کہ ایمان یہاں سے سلامت چلا جائے کہ حشر کے دن ایمان کی حالت میں اٹھیں، میں تو کہتا ہوں کہ جو آدمی امریکہ میں رہتے ہوئے ایمان سلامت لے جائے گا اور حشر کے دن ایمان کے ساتھ اٹھے گا شاید اس کا اجر اس سے بڑا ہو جو عرب کی سرزمین میں ایمان کے ساتھ اٹھے، کیونکہ اس نے اپنی شمع ایمان کی حفاظت آندھیوں کے طوفان میں کی، حدیث میں آتا ہے، آپ ﷺ نے فرمایا، ”میرے کچھ بھائی ایسے ہوں گے جو ایمان پر قائم رہیں گے، اور دین کی پابندی کریں گے“ صحابہ کرامؓ نے کہا یا رسول (ﷺ) اللہ کیا ہم آپ ﷺ کے بھائی نہیں ہیں؟

---

(۱) الکہف ۱۰۳، ۱۰۴۔

آپ ﷺ نے فرمایا تم تو میرے ساتھی ہو، لیکن میرے بھائی وہ ہیں، جنہوں نے مجھے دیکھا نہیں وہ بہت بعد میں آئیں گے انہیں ایمان بالغیب ہوگا۔

## امریکہ میں ولایت کا درجہ:

اس میں بالکل مبالغہ نہیں کہ آپ حضرات امریکہ میں ولایت کا اعلیٰ سے اعلیٰ درجہ حاصل کر سکتے ہیں، اور اللہ کو آپ کا عمل کہیں زیادہ عزیز ہوگا، جب بچہ کہیں دور چلا جاتا ہے تو ماں کا دل اس سے زیادہ الگار ہتا ہے اور وہ دعا کرتی ہے کہ میرا بچہ پردیس میں ہے، اللہ اس کی حفاظت کرے'' آپ اسلام کے وہ فرزند ہیں جو مرکز اسلام سے بہت دور عالم مسافرت اور کفر و مادیت کے نرغے میں ہیں، آپ پر اللہ کی نظر زیادہ ہوگی، آپ خدا کی رحمت سے ہرگز مایوس نہ ہوں۔

ایمان کو ہر حال میں ترجیح دیجئے، فقر و فاقہ کی حالت میں ایمان لاکھ درجے بہتر ہے، اس دولت و سلطنت سے جو ایمان کے بغیر ہو، ماشاء اللہ آپ سب ذہین اور تعلیم یافتہ ہیں، اگر آپ کو ذرا خطرہ محسوس ہو کہ یہاں ایمان کا خطرہ ہے تو چاہے آپ کو اپنے وطن یا جہاں دین و ایمان کی حفاظت کا اطمینان ہو، پیدل جانا پڑے، سب اہل و عیال کو پیدل لے کر چلے جائیں اور فرمان خداوندی۔

وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ.(۱)

اور نہ مرنا مگر اس حال میں کہ تم خدا کے فرمانبردار ہو۔

پر عمل کرنے کی ہر حال میں کوشش کیجئے۔

میں دومنٹ کا وقفہ دیتا ہوں تاکہ آپ اس کو ذہن نشین کرلیں۔

## رضائے الٰہی:

دوسری بات یہ کہ اپنی نیت کی تصحیح کرتے رہیں، جو کام کریں وہ رضائے الٰہی کے واسطے کریں اور کسی جاہ و منصب، عہدہ وغرض کو بیچ میں نہ لائیں، دنیا کا فائدہ تو آپ کو انشاء اللہ آپ کی

---

(۱) البقرہ ۱۳۲۔

قابلیت اور محنت کے مطابق ملے گا، لیکن نیت ہمیشہ درست رکھیں تاکہ عمل کا صحیح ثواب ملے، حدیث میں آتا ہے۔

**انما الاعمال بالنیات وانما لکل امری ما نوی فمن کانت هجرتهٔ الی الله ورسوله فهجرته الی الله ورسوله ومن کانت هجرته الی دنیا یصیبها او امرأةینکحها فهجرته الی ماهاجر الیه.** (۱)

(حضور ﷺ نے فرمایا) تمام اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے اور ہر ایک کو اپنے عمل میں سے اتنا ہی حصہ ملے گا۔ جتنے کی اس نے نیت کی اگر کسی شخص کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول کے سلسلہ میں ہے تو اس کو وہی ملے گا، اگر کسی کی ہجرت دنیا حاصل کرنے کے لئے یا نفس کے تقاضہ کو پورا کرنے کے لئے ہے مثلاً کسی عورت سے شادی کرنے کے لئے جو وہاں رہتی ہے تو اس کی ہجرت اس میں محبوب ہوگی۔

اسی لئے وقتاً فوقتاً اپنی نیت کی تصحیح کرلیا کریں، سب کاموں میں نیت اللہ کی خوشی اور اسلام اور مسلمانوں کی خدمت کی ہو، انشاءاللہ آپ کو جہاد کا اور بعض مرتبہ شہید کا ثواب ملے گا

## دعاء کا وزن:

آپ ایمان واحتساب (خدا کے وعدوں پر یقین اور اس کے اجر وثواب کے لالچ میں کام کرنے) کا اہتمام کریں تاکہ عمل وزنی ہو، خدا کے یہاں وہی عمل وزنی ہوتا ہے، جو ایمان و احتساب کے ساتھ ہو، رمضان المبارک کے متعلق آتا ہے۔

**من صام رمضان ایماناً واحتساباً غفرلهٗ ما تقدم من ذنبه.** (۲)

جو رمضان کے روزے اللہ کے وعدوں پر یقین کرتے ہوئے اور اس کے ثواب کی لالچ میں رکھے گا اس کے تمام پچھلے گناہ معاف ہو جائیں گے۔

کوئی پوچھے بھلا کوئی روزہ بھی بدنیتی سے رکھ سکتا ہے؟ مگر بھائیو! ایک ہوتی ہے بدنیتی ایک ہوتی ہے بے نیتی، میں کہا کرتا ہوں کہ مسلمان بدنیتی کے کم لیکن بے نیتی کی زیادہ شکار

(۱) یہ بخاری شریف کی پہلی حدیث ہے۔ (۲)

ہیں، یعنی کسی عمل کے موقع پر سرے سے غور ہی نہیں کیا کہ یہ عمل رضائے الٰہی کی نیت سے کر رہے ہیں، یا عادتاً اور رواجاً، میکینکل طریقہ پر عمل ہونا کچھ سودمند نہیں۔

## اپنے دل کی بیٹری چارج کرتے رہیں:

تیسری بات یہ ہے کہ اپنی طرف سے غافل نہ رہیں، بلکہ اپنے دل کا، اعمال کا نفس کا محاسبہ کرتے رہیں، خود اپنے ممتحن بن جائیں، اور اس کو ٹٹولتے رہیں، اس کے لئے میں آپ کو مشورہ دوں گا کہ آپ سال دو سال کے بعد اپنے اپنے ملک کچھ عرصے کے لئے ضرور جایا کریں، وہاں سے رابطہ قائم رکھیں، ہندوستان پاکستان اور حرمین شریفین ہو تو اور زیادہ بہتر ہے، اور وہاں رہ کر اچھے حقانی، ربانی لوگوں کے خدمت میں حاضر ہوں، جو بے غرض ہیں، جن کے پاس بیٹھ کر خدا یاد آتا ہو، ان سے ملاقات کریں، یا کسی دینی ماحول میں تھوڑا وقت گذاریں، اگر یہیں رہیں گے تو تعلق باللہ اور ایمانی کیفیات کا سرمایہ خرچ ہوتا جائے گا، جیسے کہ بیٹری برابر استعمال میں رہے تو اس کا مسالہ ختم ہوتا جائے گا اس کو نئے سیلس (CELLS) کی ضرورت ہوگی، اس طرح سے اپنے دلوں کی بیٹری کو بھی ہمیشہ نئے سیل دیتے رہیں، اور تھوڑے تھوڑے وقفے دو برس کے بعد، ڈھائی برس کے بعد سہی مگر آپ وطن چلے جائیں، ہم نے دیکھا ہے کہ جو لوگ اپنے ملک سے تعلق رکھتے ہیں، ان میں کچھ اور بات ہوتی ہے، اور وہاں سے جو لوگ منقطع ہو گئے ان میں وہ بات نہیں رہی، انہیں معلوم نہیں کہ دین کا کیا معیار ہے، کیا کیفیات ہیں، محض خانہ پری ہوتی ہے، نماز کی جگہ نماز روزے کی جگہ روزہ کوئی چیز کم نہیں، یہاں بھی کرتے ہیں، مگر ان کو یہ اندازہ نہیں ہوتا کہ اس میں کتنا خول پیدا ہو گیا ہے، اس کے اندر کتنا بھراؤ ہے، اور اللہ کے مقبول بندوں کا کیا حال ہے کیسی ان کی نمازیں ہوتی ہیں، کیسی ان کی عبادتیں ہوتی ہیں، کیا ان کا ذوق ہے۔

دینی ماحول کو پاور ہاؤس سمجھنا چاہئے ہندوستان پاکستان میں اب بھی خدا کے فضل سے دینی ماحول ہے، اور وہاں ایسے لوگ ہیں، جن کے پاس بیٹھنے سے واقعی دل کا زنگ چھوٹتا ہے، یہ بات میں بڑے تجربے کی بنا پر کہہ رہا ہوں، حجاز میں بھی اس کا تجربہ ہوا ہے، جہاں میں برابر جاتا رہتا ہوں، وہاں میں نے دیکھا کہ جن خاندانوں نے ہندوستان سے تعلق رکھا وہ ان

خاندانوں سے بہتر ہیں جنھوں نے حجازی تمدن اختیار کرلیا اور بالکل ہندوستان سے کٹ گئے ظاہر ہے کہ حرمین شریفین تو اصل مرکز ہیں اسلام کے لیکن وہاں بھی مغربی تہذیب کے اثرات پہنچ رہے ہیں، اور دولت کی ریل پیل ہے، وہاں جا کر یہ اطمینان پیدا ہو جاتا ہے کہ ہمارا کیا کہنا ہم تو اہل حرم ہیں، کعبہ کی دیوار کے سایہ میں ہیں تو جو لوگ ہندوستان سے تعلق رکھتے ہیں، وہاں آتے جاتے رہتے ہیں، اردو سے تعلق رکھتے ہیں، جس میں دینی کتابیں اور دعوتی رسالے نکلتے ہیں، ہندوستان، پاکستان سے علماء حق آتے ہیں، تو وہ اپنے ہاں ٹھہراتے ہیں، ان سے مسائل پوچھتے ہیں ان کی دینی حالت بہتر ہے، وہ حرم شریف زیادہ جاتے ہیں، عمرہ زیادہ کرتے ہیں، ان میں مدینہ طیبہ کی حاضری کی زیادہ شوق اور وہاں کا ادب زیادہ پایا جاتا ہے، رسول اللہ ﷺ (فداہ ابی وامی) کی ذات گرامی سے عاشقانہ تعلق ان میں ہوتا ہے۔

## سلف سے حسن ظن رکھئے:

چوتھی بات یہ ہے کہ آپ امریکہ میں ہیں، آپ کو علمی ذوق اور مطالعہ کا شوق بھی ہے، اسلامی لٹریچر پڑھتے ہیں، میں نے دیکھا کہ یہاں اچھی اچھی کتابیں انگریزی اور اردو کی پڑھی جاتی ہیں، اور مسلم ممالک کے مفکرین، علماء اور قارئین یہاں آتے ہیں، اور ان کی تقریریں ہوتی ہیں، ایک بات میں اپنے تجربہ کی بنا پر کہتا ہوں کہ آپ سلف صالحین اور امت کے ان لوگوں سے جنھوں نے اپنے اپنے دائرہ میں دینی وملی کام کیا ہے، بدگمان نہ ہوں یہ بڑے خطرہ کی بات ہے، یہ بات ہمارے ان بھائیوں میں بہت زیادہ پیدا ہوتی جارہی ہے، جن کا سارا انحصار مطالعہ پر ہے، وہ تنقیدی کتابیں اور مضامین پڑھتے ہیں تو ان کو ایسا نظر آنے لگتا ہے کہ کسی نے اسلام پر مکمل کام ہی نہیں کیا، ان کتابوں کے اثر سے وہ دینی خدمت کے ناپنے کے لئے ایک فتنہ بنا لیتے ہیں، جس سے وہ ہر مصلح اور مجدد کو ناپتے ہیں، جیسے فوج میں بھرتی ہونے والے رنگروٹ ناپے جاتے ہیں، یہ صحیح نہیں۔

آپ کو معلوم نہیں کہ ان اللہ کے بندوں نے کن سخت حالات میں کام کیا، میں مثال کے طور پر کہتا ہوں کہ اگر کوئی یہ کہے کہ "شیخ عبدالقادر جیلانی جو پیران پیر اور بڑے پیر صاحب" کے نام سے مشہور ہیں، اسلامی سلطنت قائم نہیں کر سکے وہ بیٹھے بیٹھے وعظ کہتے تھے، عباسی خلیفہ

نے اسلامی نظام کو معطل کر رکھا تھا، اور خلافت پر قابض تھا، اس وقت خلافت علی منہاج النبوت قائم نہیں تھی، اس وقت شیخ عبد القادر جیلانی نے اس کی کوشش کیوں نہیں کی؟

حضرات! آپ کو معلوم نہیں کہ خدا کے اس شیر نے کیا کام کیا، آج تک افریقہ ان کا احسان مند ہے کہ وہاں اسلام ان کے سلسلہ سے پھیلا، انڈونیشیا، ہندوستان اور ملک ملک میں اسلام ان کے ذریعہ سے داخل ہوا، اور پھیلا اور انہوں نے کتنے مردہ دلوں کی مسیحائی کی، نہ معلوم کتنے لوگوں کو کفر و شرک سے نکالا پھر وہ یہ سمجھتے تھے کہ یہ عباسی خلفاء، رسول اللہ ﷺ کے خاندان کے لوگ ہیں، یہ قرآن مجید اسی طرح سمجھتے ہیں، جس طرح ہم سمجھتے ہیں، عربی النسل ہیں، ہاشمی ہیں، آخر کیا بات ہے کہ یہ خلافت کا حق ادا نہیں کرتے اصل بات یہ ہے کہ دنیا کی محبت ان پر غالب ہے، یہ نفس کے بندے بن گئے ہیں، تو معلوم ہوا کہ ساری خرابی کی جڑ نفس کی بندگی اور دنیا کی محبت ہے، اور وہ اسی مرض کا علاج کرتے تھے، میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ آج پاکستان میں کیا خرابی ہے، کیا یہ ملک اور اس کے سربراہ مسلمان نہیں؟ انہوں نے اسلام کے نام پر ملک بنایا تھا، کل ہی مجھے پاکستان کے ایک دوست نے بتایا کہ ہمارے ایک عزیز کا لڑکا لائلپور میں حکومت کے خلاف مظاہرہ کرنے والے ایک جلوس میں شریک تھا، کسی نے نعرہ لگایا کہ پاکستان کی بنیاد کس پر پڑی؟ تو اس نے کہا کہ " لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ " پر اسی وقت ایک گولی اس کے سینہ کو لگی اور اس کا کام تمام ہو گیا، (۱) بتایئے کہ اس نے مسلمان کے ہاتھ سے گولی کھائی یا کسی غیر مسلم نے کسی ملک سے آ کر اس کو گولی کا نشانہ بنایا؟ یہ جو ہو رہا ہے کہ مسلمان مسلمان کو مار رہا ہے کیوں مار رہا ہے؟ اگر کوئی خدا کا بندہ اس فساد کی جڑ دنیا کی محبت اور نفس پرستی کو سمجھتا ہے، تو اس نے کیا غلط کام کیا کہ ساری عمر اس سے لڑتا رہا؟

## اسلام کے دنیا میں اس وقت باقی اور محفوظ رہنے میں ان سب لوگوں کا حصہ ہے جنہوں نے اس کی خدمت میں حصہ لیا:

میرے بھائیو، بہنو! بعض مرتبہ کسی وجہ سے یہ ذہن بن جاتا ہے کہ ایک ہی کام

(۱) یہ بات ذہن میں رہے کہ یہ قصہ پاکستان کے عمومی انتخابات کے بعد مسٹر ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت کے زمانہ میں پیش آیا۔

ہے، اگر کسی نے اسلامی حکومت قائم کرنے کی کوشش نہیں کی تو گویا اس نے کوئی کام ہی نہیں کیا، چاہے وہ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ ہوں یا حضرت مجدد الف ثانیؒ یا حضرت شاہ ولی اللہؒ یہ تاریخ کے سطحی مطالعہ کا نتیجہ ہے، میں صاف کہتا ہوں کہ اسلام اب جو دنیا میں محفوظ ہے، اور زندہ ہے، اس میں سب کا حصہ ہے، محدثین، فقہاء، صلحاء امت، اولیاء اللہ رحمھم اللہ سب کا اس میں حصہ ہے۔

اگر کوئی یہ کہے کہ ''امام ابوحنیفہؒ کیا کرتے تھے؟ نماز روزے کے مسائل بتاتے تھے، انہیں تو اسلامی خلافت وسلطنت قائم کرنی چاہئے تھی۔'' تو صاحبو! خلافت تو قائم ہو جاتی لیکن آپ کو نماز پڑھنا کون سکھاتا؟ اور وہ خلافت کس کام کی جس میں نماز پڑھنا کسی کو نہ آتا ہو؟

اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ.(۱)

وہ لوگ جن کو ہم زمین میں اقتدار دیں گے تو وہ نماز قائم کریں گے، زکوۃ دیں گے یہ نہیں کہ جن کو ہم نماز پڑھنا سکھائیں گے وہ حکومت قائم کرلیں گے، ترتیب یہ ہے کہ حکومت اس لئے ہے کہ نماز پڑھنے کے لئے فضا ہموار ہو کوئی عذر نہ کر سکے۔

حق تعالیٰ فرماتے ہیں، ''حتی لا تکون فتنة ویکون الدین کله لله'' یہ خیال آپ کے دل میں نہ آئے کہ سب ناقص تھے، کسی نے اسلام کو سمجھا ہی نہیں، کسی نے پورے اسلام کو قائم کرنے کی کوشش نہیں کی، یاد رکھئے سب لوگ اپنے امکان واستطاعت کے مطابق دین کی خدمت اور اس کی حفاظت میں لگے ہوئے تھے، کوئی وعظ کہہ رہا تھا، کوئی تقریر کر رہا تھا، اور کوئی حدیث پڑھا رہا تھا، کوئی فتوے دے رہا تھا، اور کوئی کتابیں لکھ رہا تھا اپنی اپنی جگہ اسلام کی خدمت اور مسلمانوں کی تربیت کا کام کر رہے تھے، اور ہر ایک نے الگ محاذ سنبھال رکھا تھا۔

## صوفیاء کا کارنامہ:

جن لوگوں نے اپنی جگہ بیٹھ کر اللہ کا نام سکھایا اور لوگوں کی تربیت کی ان کے کام کی تحقیر نہ کی جائے، یہ کام انہوں نے کیا جن کو عرف عام میں صوفیائے کرام کہتے ہیں، آپ کو معلوم نہیں

(۱) الحج ۴۱۔

کہ صوفیائے کرام نے کیا خدمت انجام دی؟ انہوں نے اسلامی معاشرہ کو زوال سے بچایا، اس کا میرے پاس ثبوت ہے، انہوں نے ایسا بنیادی کام کیا کہ اگر وہ نہ کرتے تو مادیت کا یہ سیلاب لوگوں کو بہا کر لے جاتا اور تنکے کی طرح امت اسلامیہ بہتی، انہی کی وجہ سے لوگ رکے ہوئے تھے، اور ہوس رانی، نفس پرستی کا بازار گرم نہیں ہونے پاتا تھا، اور جو کوئی اس کا شکار ہو جاتا تھا تو فوراً اس میں احساس پیدا ہوتا تھا کہ ہم غلط کام کر رہے ہیں، ان کے پاس آتا تھا، روتا تھا، استغفار کرتا تھا، پھر یہ صوفیاء و مشائخ کام کے آدمی بناتے تھے، اور اپنی جگہ پر فٹ کرتے تھے، تاریخ ہماری ناقص ہے، میں نے '' تاریخ دعوت و عزیمت '' کے مقدمے میں لکھا ہے، کہ نقص تاریخ نویسی کا ہے، نقص تاریخ اسلام کا نہیں، تاریخ اس طرح لکھی گئی ہے کہ وہ سرکار دربار کے گرد گھومتی رہتی ہے، اس میں ان اصلاحی کوششوں کا پورا جائزہ نہیں لیا گیا ورنہ کوئی خلا نہیں۔

## اسلام و قرآن صدیوں تک معمہ نہیں بنے رہے:

میرے بھائیو اور بہنو! یہ کبھی نہ سمجھئے گا کہ اسلام کو اب کچھ لوگ سمجھے ہیں، اس سے پہلے کوئی پورے اسلام کو سمجھا ہی نہیں، یہ اسلام پر بڑا الزام ہے، یہ اسلام کی صلاحیت پر بڑا دھبہ ہے، اس سے قرآن شریف کی زندگی اور اس کا واضح اور قابل فہم ہونا مشکوک بن جاتا ہے، جس کو ''کتاب عربی مبین'' '' لسان عربی مبین '' کے ذریعہ ثابت کیا گیا ہے، اس کے علاوہ جو کتاب ہزار بارہ سو برس تک نہ سمجھی گئی ہو، اب کیا اطمینان ہے کہ وہ صحیح سمجھی گئی ہو؟ اس لئے میں ہر اس تحریر کو مضر سمجھتا ہوں جو یہ تاثر دے کہ پورے اسلام کو ہزار بارہ سو برس تک نہیں سمجھا گیا، یا بعض بعض اسلامی حقیقتیں اس وقت تک بالکل تاریکی میں ہیں، میں اس کو بالکل ماننے کے لئے تیار نہیں، اسلام کے بنیادی اصول، قرآن کے حقائق، اور دین کے قطعیات، تسلسل کے ساتھ چلے آرہے ہیں، اگر کوئی سمجھتا ہے کہ وہ عرصہ تک نہیں سمجھے تو یہ اس کے نظر کی کوتاہی ہے، ایک بات بھی کوئی ثابت کردے کہ یہ حقیقت بالکل عالم اسلام بھول گیا، شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ نے تو یہاں تک لکھا ہے کہ ایک سنت بھی نہیں ہے جو پورے طور پر عالم اسلام سے کلیتاً اٹھ گئی ہو، اگر اس کونے پر موجود نہیں تھی، تو اس کونہ پر موجود تھی، گویا بقول اقبال

ع　جہاں میں اہل ایماں صورت خورشید جیتے ہیں
ادھر ڈوبے ادھر نکلے، ادھر ڈوبے ادھر نکلے

جیسے سورج حقیقتاً نہیں ڈوبتا، ایک جگہ ڈوب گیا لیکن دوسری جگہ نکلا ہوا ہے، ویسے ہی اسلام کی حقیقتیں کہ اگر ایک جگہ ان پر پردہ پڑ گیا تو دوسری جگہ دوسرے لوگ بیدار ہو گئے اور اس کے لئے جان کی بازی لگادی، یہ بات ذہن میں ہرگز نہیں آنی چاہئے کہ ہزار برس گذر گئے کسی نے اسلام کو پورے طور پر سمجھا ہی نہیں، گویا اسلام کوئی چیستاں ہے، عقیدۂ تثلیث کی طرح ایسی چیز ہے جسے سمجھانے کے لئے بڑا فلسفہ چاہئے نہیں...... ایسا نہیں، ممکن ہے ہمارا آپ کا دوبارہ ملنا نہ ہو، میں یہ باتیں آپ کی خدمت میں عرض کر رہا ہوں، کسی پر حملہ مقصود نہیں صرف اس لئے کہ پوری وضاحت کے ساتھ یہ باتیں آپ کے سامنے آجائیں ایک بات تو یہ کہ سلف سے حسن ظن رکھئے، اوران کے لئے دعا کرتے رہئے، قرآن شریف میں ہے۔

وَالَّذِيْنَ جَآءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْلَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ.(۱)

اور (ان کے لئے بھی) جوان (مہاجرین) کے بعد آئے (اور) دعا کرتے ہیں کہ ہمالے پروردگار ہمارے اور ہمارے بھائیوں کے جو ہم سے پہلے ایمان لائے ہیں، گناہ معاف فرما اور مومنوں کی طرف سے ہمارے دل میں کینہ (وحسد) نہ پیدا ہونے دے اے ہمارے پروردگار تو بڑا شفقت کرنے والا مہربان ہے۔

آپ سلف کے ساتھ حسن ظن رکھئے اس میں ایمان کی بڑی حفاظت ہے، اور نہ آدمی کی زبان بے باک ہو جاتی ہے، اور جو چاہتا ہے کہہ دیتا ہے، بھائی کیا دین کو وہ لوگ نہیں سمجھتے جو ہم سے عمل میں، علم میں، انابت میں، کہیں بڑھے ہوئے تھے، جب وہ نہیں سمجھے تو ہم کیسے اعتبار کریں کہ ہم سمجھ گئے۔

## نمازوں کا اہتمام:

ایک چیز یہ کہ اس ملک میں ایمان کی حفاظت کی صورت یہ ہے کہ آپ نمازوں کو ہاتھ

(۱) حشر ۱۰۔

سے نہ جانے دیں، نمازوں کو وقت پر پڑھنے کی پوری کوشش کریں حضرت عمرؓ نے ایک گشتی فرمان میں لکھتا تھا،تمہارے تمام امور و معاملات میں سب سے اہم نماز ہے، جس نے اس کی حفاظت کی وہ تمام چیزوں کی حفاظت کرے گا اور جس نے اس کو ہاتھ سے جانے دیا اور ضائع کردیا وہ کوئی چیز باقی نہیں رکھے گا، پس نماز کو قائم رکھئے، چاہے بازار میں ہوں یا کہیں بھی ہوں فرض پڑھ ہی لیجئے باقی سنتوں کو بھی حتی الامکان ادا کرنے کی کوشش کیجئے یہ سنتیں اور نوافل فرائض کو بھی محفوظ رکھتے ہیں۔

اور آخری بات یہ ہے کہ یہاں کی تہذیب سے جو اپنے نقطۂ عروج پر ہے، اپنی حفاظت کیجئے، مجھے یہاں بعض باتوں میں بہت تساہل نظر آیا، میں صاف کہے دیتا ہوں کہ یہاں مردوں اور عورتوں کا اختلاط بہت زیادہ ہو گیا ہے، حتی الامکان مخلوط جلسوں، اور مجالس سے بچنے کی کوشش کیجئے، اگر کہیں مجلس ہو جہاں عورتوں کی شرکت ہو، اور وہاں آپ کی شرکت ضروری ہو تو ان کا حلقہ الگ رکھئے، یہاں تک کہ ان کا راستہ تک الگ رکھئے، اس میں بڑی حفاظت ہے، اسلامی معاشرت بڑی حکمتوں پر مبنی ہے، اور حدیثوں میں مردوں اور عورتوں کے تخلیے کے لئے بہت سخت الفاظ آئے ہیں، بہت ڈرایا گیا ہے، امریکی تہذیب کے ان اثرات کو آپ قبول نہ کریں، جہاں تک ہو سکے اسلامی تمدن، اسلامی معاشرت کی حفاظت کریں اور اس کی اچھی خصوصیات اور ان کے اچھے اجزا کو باقی رکھنے کی کوشش کریں۔

آخر میں آپ حضرات سے یہ عرض کروں گا کہ خدا کرے میری گفتگو سے آپ کو غلط فہمی نہ ہو، اور یہ نہ سمجھیں کہ میں کوئی جارحانہ یا منفی بات کہہ رہا ہوں، میں نے جو کچھ کہا ہے، آپ کی ہمدردی میں کہا ہے، اور اپنا فرض سمجھ کر کہا ہے، میرے دل میں سب کا احترام ہے، اور وسعت قلب میں بدنامی کی حد تک مشہور ہوں، میرے تعلقات خدا کے فضل سے مختلف الخیال لوگوں سے ہیں، اور میں سب کی قدر کرتا ہوں، لیکن میں نے اپنا اخلاقی فرض سمجھ کر چند باتیں آپ کے سامنے رکھ دیں، انشاء اللہ بقدر توفیق اور بقدر استطاعت آپ لوگوں کے لئے دعا بھی کرتا رہوں گا، اور آپ سے بھی مجھے یہی امید ہے۔

و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین!

# موجودہ تہذیب کی ناکامی ذرائع ومقاصد کا عدم توازن

۲۴ فروری ۱۹۵۵ء ساڑھے سات بجے شب میں بنارس کے وکٹوریہ پارک میں ایک جلسۂ عام کو خطاب کرتے ہوئے مولانا سید ابوالحسن علی ندوی ؒ نے فرمایا۔

مجھے آپ بھائیوں سے جو کچھ عرض کرنا ہے، اس کے لئے میری آپ سے یہ درخواست ہے کہ آپ توجہ اور غور سے سنیں، اگر آپ کے ذہن اس کو قبول کر لیں تو اس کو آپ دوسروں تک بھی پہنچائیں، ہم اور ہمارے احباب اور رفقاء آپ کے شہر میں آئے، آپ کو یہ پوچھنے کا حق ہے کہ آپ نے یہ زحمت کیوں گوارا کی، آپ کو کون سا احساس یہاں لایا؟ آپ نے یہ تو اندازہ کیا ہوگا کہ کوئی بات تو ہے کہ یہ قافلہ شہر شہر پھر رہا ہے، ہم آپ کے سامنے اپنا دردِ دل پیش کرتے ہیں اور آپ کو اس درد میں شریک کرنا چاہتے ہیں۔

## ذرائع کی آسانی اور فراوانی:

دوستو! اور بھائیو! یہ زمانہ بعض حیثیتوں سے بہت ممتاز ہے، کام کرنے کے ذرائع جہاں تک اس زمانہ میں مہیا ہو گئے ہیں، اتنے کبھی مہیا نہیں ہوئے تھے، تاریخ کا ایک طالب علم ہوں، میں جانتا ہوں کہ اتنے ذرائع کبھی انسان کے پاس اس سے پہلے جمع نہیں ہوئے تھے، ذرائع کی بہتات اس دور کی خصوصیت ہے، ذرائع آج زیادہ سے زیادہ اور بہتر سے بہتر ہیں، ہم لوگ لکھنؤ سے چند گھنٹوں میں سفر طے کر کے پہنچ گئے، اس سے بھی تیز رفتار گاڑی سے یہ سفر کیا جا سکتا ہے، لوگ ہوائی جہازوں سے بھی یہاں آ سکتے ہیں۔ آج سے صرف ۷۰۔۸۰ برس پہلے لکھنؤ سے کوئی بنارس آنا چاہتا تو آپ سوچئے کہ وہ کیا ذرائع اختیار کرتا اور کتنی مدت میں پہنچتا؟

یہ تو سفر کرنے کا معاملہ ہے، ایک زمانہ تھا کہ آدمی اپنے دور افتادہ احباب اور عزیزوں کی خیریت معلوم کرنے کو ترستے تھے، مگر آج دور دراز ممالک کے لوگوں کی آواز ہم گھر بیٹھے سن سکتے ہیں، اور اس طرح کہ گویا وہ ہم سے بات کر رہے ہیں، آج چند دن میں ہندوستان کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک خط پہنچ جاتا ہے، اور تار اس سے بھی پہلے پہنچتا ہے، ایک زمانہ وہ تھا کہ عام حالات میں جو کوئی پردیس جاتا تو واپسی مشکوک تھی اور کہا سنا معاف کرا کے جانا پڑتا تھا، اگر کوئی برسوں میں آتا اور خیریت بتلاتا تو خدا کا شکر ادا کرتا، ورنہ کوئی خیر خبر نہیں ملتی تھی، لیکن آج اگر کوئی طول طویل سفر اختیار کرتا ہے تو وہ ہر جگہ سے اپنی خیریت بتلا سکتا ہے، اور بہت آسانی سے بہت تھوڑے عرصہ میں واپس آجاتا ہے، آج حالت یہ ہے کہ آپ لندن کی آواز یہاں بیٹھے بیٹھے سن سکتے ہیں، نیویارک میں کوئی آدمی بیان دیتا ہے یا تقریر کرتا ہے تو یہاں آپ اس کی زبان سے سنتے ہیں، آج سے پچاس برس پہلے کوئی ایسی بات کہتا تو اس کا سمجھنا بھی مشکل ہوتا، لیکن آج اگر ان ایجادات کے بارے میں کوئی شبہ کرے تو بچے بھی اس پر ہنسیں گے ٹیلی فون، ٹیلی ویژن، وائرلیس، ریڈیو اور مختلف قسم کے خوردبینوں کو آپ ملاحظہ کیجئے کہ جدید علمی تحقیقات اور سائنس نے ہم کو کیسے کیسے ذرائع بخشے ہیں، ہمارے دل میں بار بار یہ حسرت اور تڑپ پیدا ہوتی ہے کہ اگر کوئی بھی اس زمانہ میں نیک بننے کی خواہش، خدا پرست بننے کی خواہش، رحم دلی، انسانی ہمدردی اور ایک دوسرے سے محبت بھی ہوتی اور ان ذرائع سے صحیح کام لیا جاتا تو یہ دنیا جنت کا نمونہ بن جاتی، رہ رہ کر ہمارے دل میں ایک ہوک اور درد اٹھتا ہے کہ کام کرنے کے ذرائع کی تو اس قدر بہتات، مگر ان ذرائع سے کام لینے والوں کا ایسا حال، آپ کو اب ذرائع تلاش کرنے کی ضرورت نہیں، ذرائع خود آپ کو تلاش کرتے ہیں، آج سواریاں خود مسافر کو تلاش کرتی ہیں اور مقابلہ کرتی ہیں، آج ریلوے کی طرف سے ٹائم ٹیبل شائع ہوتے ہیں، سفر کی ترغیب دینے کے لئے صحت افزا مقامات اور تاریخی شہروں کی تصویریں اور مناظر شائع کئے جاتے ہیں، تاکہ سفر کا شوق ہو، ہوائی جہاز کی کمپنیاں اشتہار دیتی ہیں، اسٹیشن پر گاڑی سے اترتے ہی ہوٹل والوں سے سابقہ پڑتا ہے، بعض دفعہ تو وہ جھاڑ کی طرح ساتھ لگ جاتے ہیں اور ان سے پیچھا چھڑانا مشکل ہو جاتا ہے، ایک زمانہ تھا کہ مسافر سرائے ڈھونڈتا پھرتا تھا، اور بھٹیارے یا بھٹیارن کی تلاش کرنی پڑتی تھی، آج معاملہ برعکس

ہے۔

## مقاصد اور نیک خواہشات کا فقدان:

لیکن جس تیزی سے ذرائع نے ترقی کی ہے، ہمارے اخلاق اور آدمیت نے ترقی نہیں کی ،ایک انسان کو یہ دیکھ کر دکھ ہوتا ہے کہ پہلے آدمی بھلائی کرنا چاہتا تھا، اس کے پاس ذرائع نہ تھے، مگر اب ذرائع ہیں تو بھلائی کی خواہش دلوں سے جاتی رہی ، میں اس کی ایک واضح مثال دوں، پہلے ایک غریب گھرانے کا آدمی پردیس کمانے جاتا تھا، وہ جو کچھ کماتا تھا، اس کا گھر بھیجنا مشکل تھا، یا تو وہ خود جائے یا قسمت سے کوئی معتبر جانے والا مل جائے وہ تڑپ کے رہ جاتا تھا ،اس کو اپنے گھر والوں کی تکلیف ،بچوں کی بھوک اور ان کا رونا یاد آتا تھا اور کچھ نہیں کر سکتا تھا، نہ ڈاک خانہ تھا، نہ نقل وحمل کی آسانیاں مگر اب شہر شہر اور قصبہ قصبہ ڈاک خانے کھلے ہیں، روپیہ منی آرڈر کے ذریعہ بھیجا جا سکتا ہے، اور تار کے ذریعے بھی ،لیکن کمانے والے کے دل میں روپیہ بھیجنے کی خواہش ،گھر والوں کی تکلیف اور گاؤں والوں کی غربت کا احساس ہی نہیں ، سینما، تفریح گاہوں، کھیل تماشوں اور ہوٹل اور ریسٹران (Resturant) سے کچھ بچتا ہی نہیں کہ وہ گھر بھیجے ،ڈاک خانہ کا تو یہ کام ہے کہ اگر کوئی روپیہ بھیجے تو اس کو پہنچا دے لیکن اگر کوئی بھیجنا ہی نہ چاہے تو ڈاک خانہ کچھ نہیں کر سکتا، اس کا کام اخلاقی تعلیم یا نیکی کی ترغیب نہیں ہے، پہلے لوگ اپنا پیٹ بھرنے کے لئے بھی مشکل سے رکھتے تھے اور سب غریب گھر والوں کو اور گاؤں کے ضرورت مندوں کو بھیج دینا چاہتے تھے، مگر آج بھیجنے اور مدد کرنے کے تو سب ذرائع موجود ہیں، آدمی کے اندر غریبوں کی مدد کا جذبہ نہیں ، مدد کی خواہش فنا ہو چکی ، ہمارے تمدن میں اس کا ذکر ہی نہیں ، اب یہ ذرائع کیا کارآمد ہو سکتے ہیں؟

## ذرائع اور آسانیاں نیک خواہشات کی خانہ پری نہیں کر سکتیں:

حضرات! ذرائع ، جذبات ، اچھی خواہشات اور نیک ارادوں کی خانہ پری نہیں کر سکتے ، آج منی آرڈر ہے، تار ہے، آمدورفت آسان ہے، دولت کی افراط ہے، مگر اس کا کیا علاج کہ غریبوں کی مدد کا جذبہ اور طبیعت میں انسانوں کی خدمت کا تقاضا نہیں ، دنیا کا کون سا ادارہ اس خواہش کو پورا کر سکتا ہے، اور ایسی حالت میں ذرائع کیا مدد کر سکتے ہیں؟

میں اس کی ایک دوسری مثال دیتا ہوں، آپ پرانی کتابیں اٹھا کر دیکھئے، بڑے بڑے اللہ کے نیک بندے یہ آرزو لئے دنیا سے چلے گئے کہ اللہ ان کو حج نصیب کرے، انہوں نے فرط محبت اور شوق میں سینکڑوں اشعار کہے اور بیسیوں مضمون لکھے، لیکن ان کی یہ آرزو پوری نہ ہوسکی، کیونکہ ان کے پاس اتنا پیسہ تھا نہ سفر کی یہ سہولتیں موجود تھیں، فرض کیجئے کہ روپیہ بھی ہو اور سفر کی سب آسانیاں بھی، لیکن حج کی خواہش اور شوق نہ ہو تو بتائیے کہ یہ ذرائع کیا کر سکتے ہیں؟ پہلے کاشی، گیا اور متھرا کی یاترا کے لئے لوگ سینکڑوں میل سے پیدل آتے تھے، اور سفر کی تکالیف اٹھاتے تھے، فرض کیجئے آج سفر کی سب آسانیاں ہیں، تیز رفتار سواریاں ہیں، مگر تیرا شوق اور جذبہ نہیں ہے تو یہ ذرائع کیا کر سکتے ہیں؟

## ذرائع سے پہلے ان سے کام لینے والے چاہئیں:

پیغمبروں کو یہ معلوم تھا کہ ذرائع سے پہلے ان سے کام لینے والوں کی ضرورت ہے اللہ نے انہیں عقل ایمان اور نور نبوت عطا کیا تھا، انہوں نے ذرائع پیدا کرنے سے پہلے ذرائع سے ٹھیک ٹھیک کام لینے والے پیدا کئے، سواریاں مہیا کرنے سے پہلے ان سے فائدہ اٹھانے والے اور نیک مقاصد سے سفر کرنے والے پیدا کئے، پیسہ کمانے سے پہلے اس کو صحیح مصرف پر صرف کرنے والے اور صحیح طریقہ سے استعمال کرنے والے پیدا کئے، ذرائع پیدا کرنے سے پہلے اپنی قوتوں اور خدا کی پیدا کی ہوئی نعمتوں کا استعمال سکھایا، انہوں نے انسان کے اندر اچھی خواہشیں پیدا کیں، اور اچھی خواہشات یوں ہی نہیں پیدا ہوتیں، وہ یقین اور عقیدے سے پیدا ہوتی ہیں، یقین خواہش پیدا کرتا ہے، خواہش عمل کا ارادہ پیدا کرتی ہے اور عمل ذرائع سے کام لیتا ہے، ذرائع اور انسانی کوششوں کے نتائج ہمیشہ انسان کے ارادہ کے تابع رہے۔ نیک خواہشات اس زندگی کی سب سے بڑی طاقت اور دولت ہے، مگر دنیا کے بڑے بڑے فلسفی لیڈر اور سائنسداں اس نکتہ کے سمجھنے سے قاصر رہے، یہ صرف خدا کی رہنمائی اور پیغمبروں کی فراست تھی کہ انہوں نے پہلے نیک خواہش پیدا کی، انسان کو نیک بننے، دوسروں سے ہمدردی کرنے اور نیکی کو پسند کرنے والا بنایا، ذرائع ان کے قدموں کے نیچے تھے۔ اور ان کی خواہشات کے پیچھے پیچھے، ان کا ذہن صحیح رہبری سے نہیں ہٹتا تھا، وہ انسانوں کے دل بناتے

تھے، وہ انسانوں کے دماغ ڈھالتے تھے۔ اللہ کے پیغمبروں نے دنیا کو سائنس نہیں دی، انسان دیئے، اور انسان ہی اس دنیا کا حاصل ہے۔

## پیغمبروں نے انسان تیار کئے:

پیغمبروں نے وہ انسان تیار کئے جو اپنے نفس پر قابو رکھتے تھے، اور ذرائع سے بجائے اپنی خواہشات کی تکمیل کا کام لینے کے انسانیت کی خدمت کا کام لیتے تھے، ان میں سے بعض ایسے تھے جن کو وہ ذرائع حاصل تھے جن سے وہ دنیا کا بڑے سے بڑا عیش کر سکتے تھے، لیکن انہوں نے نہیں کیا۔ وہ شاہانہ زندگی گذار سکتے تھے، لیکن انہوں نے زہد وقناعت کی زندگی گذاری۔

حضرت عمرؓ کو وہ وسائل بھی حاصل تھے جن سے قیصر روم نے عیش وعشرت کی زندگی گذاری اور وہ وسائل بھی حاصل تھے جن سے شہنشاہ ایران نے وہ داد عیش دی، جو دنیا کے کم بادشاہوں نے دی، حضرت عمرؓ کے قدموں کے نیچے روم کی پوری سلطنت تھی اور ایران کا پورا ملک تھا، مصر اور عراق جیسے پر وسائل اور زرخیز ممالک ان کے قبضے میں تھے، ہندوستان کے قریب تک ان کی فوجیں آ چکی تھیں، ایشائے کوچک کے بعض علاقے ان کے قبضے میں آ چکے تھے، ایسا شخص اگر عیش کرنا چاہتا تو اس کو کیا کمی تھی، مگر انہوں نے اس عظیم سلطنت اور ان کثیر وسائل سے کوئی ذاتی فائدہ نہیں اٹھایا، ان کی سادہ زندگی کا تو یہ حال تھا کہ انہوں نے قحط کے زمانے میں گھی تک کا استعمال چھوڑ دیا تھا اور تیل کھاتے کھاتے ان کا سرخ وسپید رنگ سانولا پڑ گیا تھا، انہوں نے اپنے اوپر اتنی تنگی کی تھی کہ لوگ کہتے تھے کہ اگر یہ قحط جلدی ختم نہ ہوا تو عمرؓ بچتے نظر نہیں آتے۔

انہیں کے ہم نام عمر بن عبدالعزیز بھی بڑی سلطنت کے مالک تھے، ان کا حال یہ تھا کہ حکومت کے خزانے سے سردیوں میں عام مسلمانوں کے لئے جو پانی گرم ہوتا تھا، اس سے غسل کرنا بھی گوارا نہیں کرتے تھے، ایک رات آپ حکومت کا کام کر رہے تھے ایک شخص آیا اور اس نے آپ کی مزاج پرسی کی اور آپ کے ذاتی حالات پر گفتگو کرنے لگا، آپ نے چراغ گل کر دیا، جس میں بیت المال کا تیل خرچ ہو رہا تھا، تا کہ اس گفتگو میں جو حکومت کے کام سے غیر متعلق تھی، حکومت کا تیل خرچ نہ ہو، اگر وہ عیش کرنے پر آتے تو تمام دنیا کے عیش پرست مات ہو جاتے، کیونکہ ہر طرح کے وسائل کے وہ مالک تھے اور اس وقت کی متمدن دنیا کی سب سے

بڑی سلطنت کے حکمراں تھے، یہ رسول اللہ ﷺ کی تعلیم تھی کہ ان ذرائع کے باوجود ان کی زاہدانہ زندگی میں کچھ فرق نہ آیا۔

## یورپ کی بے بسی مقاصد سے محرومی:

دوستو! اور بھائیو! یورپ کی آج سب سے بڑی کمزوری اور بے بسی یہ ہے کہ اس کے پاس وسائل اور ذرائع کا خزانہ موجود ہے لیکن نیک خواہشات اور نیک ارادوں کا فقدان ہے، وہ ایک طرف وسائل اور ذرائع میں قارون ہے، دوسری طرف نیک مقاصد میں محض مفلس اور قلاش! اس نے کائنات کے راز منکشف کیے اور طبعی طاقتوں کو اپنا غلام بنایا، اس نے سمندروں اور فضاؤں پر فرمانروائی حاصل کی...... لیکن وہ اپنی خواہشات اور نفس پر قابو نہ حاصل کر سکا، اس کائنات کے عقدے حل کیے، لیکن اپنی زندگی کی پہیلی نہ بوجھ (۱) سکا۔ اس نے منتشر اجزاء اور طبعی طاقتوں میں نظم و ترتیب قائم کی اور اس نے اس مادی زندگی میں انقلاب برپا کر دیا، لیکن وہ اپنی زندگی کا انتشار دور نہ کر سکا۔

جس نے سورج کی شعاعوں کو گرفتار کیا
زندگی کی شب تاریک سحر کر نہ سکا
ڈھونڈنے والا ستاروں کی گذر گاہوں کا
اپنے افکار کی دنیا میں سفر کر نہ سکا

کاش اس کے پاس اتنے عظیم وسائل نہ ہوتے لیکن نیک خواہش اور انسانیت کی خدمت کا سچا جذبہ ہوتا۔

## وسائل باعث ہلاکت کیوں؟:

ذہن کی کجی اور نیت کی خرابی نے ان وسائل کو انسانیت کے لئے حد درجہ خطرناک بنا دیا ہے، ایک شخص جس کا دل بے رحم اور ظالم ہے، اگر اس کے پاس تیز چھری ہے تو وہ زیادہ نقصان پہنچائے گا، اور کند چھری ہے تو کم نقصان پہنچائے گا، تمدن نے ترقی کی، لیکن انسان کی سیرت

---

(۱) سمجھ

نے ترقی نہ کی جس کا نتیجہ یہ ہے کہ نئے وسائل انسان کے لئے عذاب جان بن گئے، تیز رفتار سواریوں نے ظلم کی رفتار تیز کر دی اور ظالموں کو چشم زدن میں ایک ملک سے دوسرے ملک تک پہنچا دیا، آج سے پہلے ظالم بیل گاڑیوں پر بیٹھ کر جاتے تھے، اور ظلم کرتے تھے، چونکہ پہنچنے میں جتنی دیر لگتی تھی، ظلم میں اتنی ہی تاخیر ہوتی تھی۔ اور کمزوروں کو سانس لینے اور کچھ دن آرام سے سونے کا موقع ملتا تھا۔ زمانہ نے ترقی کی اور نئے دور کے ظالم تیز رفتار سے تیز رفتار سواریوں پر بیٹھ کر دنیا کے ایک کونہ سے دوسرے کونہ تک آسانی سے پہنچ جاتے ہیں اور کمزور قوموں کو دبوچ لیتے ہیں اور ان کو دم کے دم میں فنا کے گھاٹ اتار دیتے ہیں۔

## تہذیب جدید کی ناکامی:

حضرات! یورپ اور امریکہ کے بڑے بڑے مفکر اب اس کا اعتراف کرنے لگے ہیں کہ تہذیب جدید نے وسائل پیدا کئے مگر مقاصد نہیں دیئے، وسائل بغیر مقاصد کے بیکار ہیں ہم ایشیا کے رہنے والے یورپ سے کہہ سکتے ہیں کہ تمہارے وسائل اور تمہاری ترقیاں اور تمہارے انکشافات ناقص ہیں۔ سو ذریعے ایک مقصد کی بھی خانہ پری نہیں کر سکتے، تمہاری تہذیب، تمہارا فلسفۂ زندگی، تمہاری ترقیاں، اچھے مقاصد اور نیک خواہشات پیدا کرنے سے قاصر ہیں، تم یہ تو کر سکتے ہو کہ اچھے سے اچھے کام کے ذرائع پیدا کر دو، مگر اچھے کام کرنے کا رجحان پیدا نہیں کر سکتے، رجحان کا تعلق دل سے ہے، اور تمہارے وسائل اور تمہاری ایجادات کی وہاں تک رسائی نہیں، اور جب تک اچھے کام کا رجحان نہ ہو، ذرائع اور کام کے امکانات کچھ نہیں کر سکتے، اچھے کام کا رجحان اور اس کا شدید تقاضا پیدا کرنا پیغمبروں کا کام تھا، اور ان کی تعلیم اب بھی اس کا واحد ذریعہ ہے، انہوں نے بہت بڑے پیمانہ پر اس کو پیدا کر کے دکھا دیا، لاکھوں انسانوں کے دل میں نیک کام کی خواہش، خدمت کا جذبہ، ظلم اور بدی کی نفرت پیدا کر دی، اور انہوں نے اپنے محدود ذرائع سے وہ کام کر کے دکھا دیئے جو آج وسیع ذرائع سے نہیں ہو رہے ہیں۔

## مذہب کے کرنے کا کام:

بہت سے بھائی اس زمانے میں سمجھتے ہیں کہ مذہب کے پاس کوئی پیغام نہیں، اور

مذہب اس دور کی کوئی خدمت نہیں کرسکتا، مگر میں اس کی تردید کرتا ہوں اور چیلنج کرتا ہوں کہ مذہب آج بھی یورپ کی رہنمائی کرسکتا ہے، صحیح اور طاقتور مذہب ہی ہے جو نیکی کا رجحان اور نیک عمل کی خواہش پیدا کرتا ہے اور یہی زندگی کی کنجی ہے۔ آج دنیا سخت انتشار میں مبتلا ہے، یورپ کے پاس وسائل ہیں، مقاصد نہیں، اگر وسائل اور مقاصد کا جوڑ ہو جائے تو دنیا کا نقشہ بدل جائے۔

## ذرائع کی کثرت نے ملکوں کو غلام بنایا:

آج اس تہذیب نے اتنے وسائل پیدا کردیئے کہ ان سے کام لینے کا میدان نہیں ملتا۔ وسائل اپنے لئے منڈیاں تلاش کررہے ہیں۔ یہ تلاش وجستجو قوموں کو غلام بنانے اور آزاد ملکوں کو اپنی تجارت کی منڈی بنانے پر آمادہ کرتی ہے، کبھی کبھی اس کو جنگ کی ضرورت پڑتی ہے، تاکہ یہ نئے نئے اسلحہ ٹھکانے لگیں۔ جنگ عظیم کی بنیاد ہی ان ہوس پرست اسلحہ سازوں اور کارخانہ داروں نے ڈالی تھی جن کو اپنے سامان کی کھپت جنگ ہی میں نظر آتی تھی۔ آج کپڑوں، جوتوں اور طرح طرح کی صنعت کے نمونے نکلتے ہیں اور ان کی کھپت کے لئے جگہ نہیں، ہماری اس تہذیب کو ذرائع کا تخمہ ہوگیا ہے اور اخلاقی قوت اور یقین کی روشنی اس کے پاس بقدر ضرورت بھی نہیں۔

## ایشیا کا فرض:

ایشیائی ممالک کا فرض تھا کہ وہ یورپ کے مال کی منڈی بننے کے بجائے اور یورپ کے ذرائع ووسائل کی خوشہ چینی کے بجائے اس نازک وقت میں یورپ کی مدد کرتے، اس کو اخلاق کا سبق دیتے، اس میں ایمان ویقین کی روشنی اور اخلاقی رجحان پیدا کرنے کی کوشش کرتے، اس لئے کہ ان کے پاس مذہب کی طاقت ہے اور یورپ صدیوں پہلے اس دولت سے محروم ہو چکا ہے، لیکن افسوس ہے کہ یہ ملک خود اس اخلاقی رجحان اور انسانی صفات میں دیوالیہ ہوتے جارہے ہیں، وہ خود یورپ کی بیماریوں کا شکار ہوتے جارہے ہیں، ان ممالک میں خود فراموشی، خود غرضی کی وبا پھیلی ہوئی ہے اور دولت پیدا کرنے کا ایک جنون سوار ہے، ان ممالک کی سوسائٹی کو گھن لگ گیا ہے، ان ممالک کے لئے یہ سب سے بڑا خطرہ ہے، اس سے

زیادہ تشویش کی بات یہ ہے کہ ملک کا کوئی ادارہ اور کوئی جماعت اس خطرے کو محسوس نہیں کررہی ہے اور اخلاق کی اصلاح ایمان ویقین کی تبلیغ اور سیرت کی تعمیر کا کام انجام نہیں دے رہی ہے، حالانکہ یہ کام ہر کام پر مقدم تھا اور ہر تعمیری کام کی تکمیل اسی پر منحصر ہے۔

## وقت کا سب سے اہم کام:

بھائیو! یہ بات سارے سال کے لئے کافی ہے، اور میں اس امید پر یہ کہہ رہا ہوں کہ شاید کوئی ایک بیدار مغز، زندہ دل، سلیم الفطرت انسان میری بات کو مان لے، کہنے اور کرنے کی بات یہی ہے کہ پیغمبروں کا راستہ اختیار کیا جائے، خدا کی ہستی کا یقین اور مرنے کی بعد کی زندگی پر یقین پیدا کیا جائے، زندگی میں خدا کی فرمانبرداری اختیار کی جائے جن کو خدا نے علم دیا ہے، دولت دی ہے، وسائل دیئے ہیں، وہ دنیا میں نیکی کی زندگی کے لئے کوشش کریں۔ معلومات اور اخلاق میں مناسبت اور توازن قائم کیجئے، معلومات اور زبان تورشیوں کی، اور عمل اور اخلاق راکششوں(۱) کے؟ یہ کہاں کی انسانیت ہے؟ جب تک وسائل اور مقاصد میں ہم آہنگی اور علم اور اخلاق میں تناسب نہیں ہوگا، یہ دنیا اسی طرح برباد ہوتی رہے گی، وسائل آپ کو یورپ سے مل سکتے ہیں، میں ان کے اختیار کرنے سے منع نہیں کرتا، لیکن مقاصد اور اچھے رجحانات اور خواہشات آپ کو ایک پیغمبر ہی سے مل سکتے ہیں، اور آپ کے لئے اس سے فائدہ اٹھانے کا ہر وقت موقع ہے، اس سے یقین کی دولت اور نیکی کا رجحان لے کر آپ اپنی زندگی کو بھی بنا سکتے ہیں اور یورپ کو بھی اس ہلاکت سے بچا سکتے ہیں۔ جو اس کے سر پر اور اس کے ذریعہ ساری دنیا کے سر پر منڈلا رہی ہے۔

وماعلینا الاالبلاغ المبین

---

(۱) شیطان۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# غلطی کو غلطی نہ تسلیم کرنا خطرناک ہے

**الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سید الانبیاء والمرسلین وعلی آلہ واصحابہ اجمعین۔ امابعد۔**

حضرات! غلطی سب سے ہوتی ہے انسان ہی غلطی کرتا ہے، پتھر غلطی نہیں کرتا، درخت غلطی نہیں کرتا، بیمار بھی ہوتا ہے تو انسان ہی بیمار ہوتا ہے، پتھر بیمار نہیں ہوتا۔ غلطی کرنا اور بیمار ہونا کوئی خلاف فطرت بات نہیں۔ تاریخ قوموں، ملکوں اور حکومتوں اور معاشرے کی غلطی کی نظیروں سے بھری ہوئی ہے لیکن جو چیز خطرناک ہے وہ یہ ہے کہ غلطی کو غلطی تسلیم نہ کیا جائے غلطی کو محسوس نہ کیا جائے پھر اس کے بعد دوسرا درجہ یہ ہے کہ پھر اس کو ہمت کر کے غلطی بتایا نہ جائے۔

اب امید بنتی ہے اور آس پیدا ہوتی ہے کہ ہم، آپ سب غلطی کو غلطی سمجھ رہے ہیں کس کی غلطی؟ میں کسی جماعت کسی فریق کا نام نہیں لوں گا ہم کسی کا نام نہیں لیتے لیکن کہتے ہیں کہ غلطی ہوئی۔ دنیا میں سب سے اول مرتبہ مذہبوں کا ہے اس کی بعد تہذیبیں، کلچر، ملک اور سماج یہ سب کے سب اسی طرح بچے ہیں کہ غلطی کو غلطی کہنے والے لوگ وقت پر پیدا ہو گئے۔ میری اس بات پر بھی آپ دھیان رکھیں کہ وقت پر پیدا ہونا بھی ضروری ہے وقت گزر جانے کے بعد تنقید و اعتراف کرنے سے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

حضرات! میرے پاس وقت کم ہے مجھے اس بارے میں معاف کیا جائے کہ میں تاریخ کا ایک طالب علم ہوں میرا ذہن ماضی کی طرف جاتا ہے اور پیچھے کی طرف لوٹتا ہے وہ تاریخ کے گرے ہوئے منظروں کو اپنے سامنے لاتا ہے۔ مجھے وہ دن یاد آرہا ہے کہ ۷ انومبر ۱۹۴۶ء کی تاریخ ہے اور دہلی میں ڈاکٹر حسین خان مرحوم (سابق صدر جمہوریہ ہند) جو اس وقت جامعہ ملیہ

کے وائس چانسلر (شیخ الجامعہ) جامعہ کی سلور جوبلی منائی جارہی تھی ان کی دعوت پر ہندوستان کے دارالحکومت دھلی میں، میں اپنے تاریخی مطالعہ کی بناء پر کہہ سکتا ہوں کہ ایک ایسا چیدہ اور چنیدہ مجمع ڈائس پرنظر آرہا تھا جو میرے علم میں نہ اس سے پہلے اور نہ اس کے بعد دیکھنے میں آیا ہے۔

میری آنکھیں دیکھ رہی ہیں کہ سامنے ایک طرف پنڈٹ جواہر لال نہرو مولانا ابوالکلام آزاد، شری راجے گوپال اچاریہ جی بیٹھے ہوئے ہیں دوسری طرف، مسٹر جناح، نواب زادہ لیاقت علی خان اور سردار عبدالرب نشتر بیٹھے ہوئے ہیں۔ ان کے پیچھے ڈائس پر ہندوستان کے مسلمان تشریف فرما ہیں۔ جن میں علامہ سید سلیمان ندوی، سر شیخ عبدالقادر مدیر ''مخزن لاہور'' محمد اسد صاحب (سابق لیو پورٹو ویس) بابائے اردو ڈاکٹر عبدالحق، مشہور شاعر حفیظ جالندھری اور مسلمان علماء اور زعماء میں سے مولانا قاری محمد طیب صاحب، مولانا حفظ الرحمٰن صاحب ناظم جمعیۃ العلماء ہند اور متعدد عظیم رہنما اور تحریک آزادی کے مجاہدین موجود ہیں۔

یہ عظیم اور وقیع مجمع سامنے بیٹھا ہوا تھا اور حالات یہ تھے کہ دہلی میں فرقہ وارانہ فسادات کے سلسلہ میں چھرے زنی، چاقو بازی کی وارداتیں ہورہی تھیں۔ ہم لوگ جو ہر کے مہمان کی حیثیت سے آئے تھے میں بھی خوش نصیبی سے ان میں شامل تھا ہم لوگ پولیس اور والنٹر یوں کی ...... حفاظت و معیت میں اپنی قیام گاہ تک پہنچائےگئے تھے ڈاکٹر حسین خان مرحوم نے اس وقت اس منتخب اور قابل احترام مجمع کو خطاب کر کے جو کچھ کہا تھا میں سمجھتا ہوں اس سے بہتر اور اس سے زیادہ موثر اور ادبی انداز میں کہنا مشکل ہے۔

مجھے صدر صاحب اجازت دیں کہ میں ان کے خطبہ کا ایک اقتباس (QUTATION) آپ حضرات کو سنادوں معلوم ہوتا ہے کہ بالکل اس موجودہ صورت حال کی عکاسی ہے۔

''آپ سب صاحبان آسمان سیاست کے تارے کے لئے جگہ ہے۔ آپ کے یہاں کی موجودگی سے فائدہ اٹھا کر میں تعلیمی کام کرنے والوں کی طرف سے بڑے ہی دکھ کے ساتھ چند الفاظ عرض کرنا چاہتا ہوں۔

آج ملک میں باہمی منافرت کی آگ جو بھڑک رہی ہے اس میں ہمارا چمن بندی کا کام دیوانہ پن معلوم ہوتا ہے یہ آگ شرافت اور انسانیت کی سرزمین کو جھلسے دیتی ہے۔ اس میں

نیک اور متوازن شخصیتوں کے پھول کیسے پیدا ہوں گے؟ حیوانوں سے بھی بدتر سطح اخلاق پر ہم انسانی اخلاق کو کیسے سنوار سکیں گے اس کے لئے خدمت گذار کیسے پیدا کر سکیں گے؟ جانوروں کی دنیا میں انسانیت کو کیسے سنبھال سکیں گے؟

یہ لفظ شاید کچھ سخت معلوم ہوتے ہیں، لیکن ان حالات کے لئے جو روز بروز ہمارے چاروں طرف پھیل رہے ہیں اس سے سخت لفظ بھی بہت نرم ہوتے ہم جو اپنے کام کے تقاضوں سے بچوں کا احترام کرنا سیکھتے ہیں ان کو کیا بتائیں کہ ہم پر کیا گذرتی ہے جب ہم سنتے ہیں کہ بہمیت کے اس بحران میں معصوم بچے بھی محفوظ نہیں شاعر ہندی نے کہا تھا کہ: "ہر بچہ جو دنیا میں آتا ہے اپنے ساتھ یہ پیغام لاتا ہے کہ خدا بھی انسان سے پوری طرح مایوس نہیں ہوا" مگر کیا ہمارے دیس کا انسان اپنے سے اتنا مایوس ہو چکا ہے کہ ان معصوم کلیوں کو بھی کھلنے سے پہلے ہی مسل دینا چاہتا ہے؟ خدا کے لئے سر جوڑ کر بیٹھئے اور اس آگ کو بجھائیے۔ یہ وقت اس تحقیق کا نہیں کہ آگ کس نے لگائی؟ کیسے لگی؟ آگ لگی ہوئی ہے اسے بجھائیے۔ یہ مسئلہ اس قوم اور اس قوم کے زندہ رہنے کا نہیں تہذیب انسانی زندگی، اور وحشیانہ زندگی میں انتخاب کا ہے خدا کے لئے اس ملک میں مہذب زندگی کی بنیادوں کو یوں کھدنے نہ دیجئے۔" (۱)

حضرات میں محسوس کر رہا ہوں کہ گویا یہ بات آج کہی جارہی ہے اور اس سے بہتر انداز میں کہنی مشکل ہے۔

اس وقت مسئلہ یہ ہے کہ آپ اس ملک کو سنبھالئے اس ملک میں شریفانہ زندگی گذارنے، اس ملک کے باصلاحیت باشندوں کو اپنی ذہانتوں کے اظہار اور اس سے بڑھ کر اپنے خلوص، اپنی خدا ترسی، انسانیت دوستی اور شرافت واخلاق نمایاں کرنے کا موقع دیجئے۔ اس ملک میں خدا کے فضل سے سب کچھ موجود ہے۔ میں نے نہ صرف ہندوستان کی بلکہ باہر کی تاریخ بھی پڑھی ہے اس کی روشنی میں کہتا ہوں کہ کوئی ایسی نعمت و دولت نہیں ہے جو اس ملک میں نہ ہو یا کسی نہ کسی راستہ سے یہاں نہ آئی ہو۔ یہاں کی سرزمین اور فضا نے اس کو ترقی دینے اس کی

---

(۱) ماخوذ از خطبہ ڈاکٹر حسین خان مرحوم بتقریب سلور جوبلی جامعہ ملیہ ۷ نومبر ۱۹۴۶ء۔ بعض دیکھنے والوں نے بتایا کہ اس خطبہ کے پڑھنے کے وقت مولانا آزاد، اور صف اول میں بیٹھے ہوئے بعض معزز رہنماؤں کی آنکھوں میں آنسو دیکھے گئے۔

قدر کرنے اور اس کو آگے بڑھانے کی صلاحیت کا اظہار کیا، آپ، اس ملک کو سنبھالئے اور خدا کی اس نعمت کی قدر کیجئے۔ میں یہاں تک کہوں گا کہ اس ملک کو دنیا کی اخلاقی (MORAL) قیادت کرنی چاہئے۔

دنیا کی بڑی طاقتوں اور بڑے ممالک نے اپنے کو اس قابل نہیں رکھا کہ وہ دنیا کی اخلاقی قیادت کرسکیں۔ بلکہ ایک حقیقت پسند انسان یہ دیکھتا ہے کہ ایشیا کے ان ملکوں میں ان بڑی مغربی طاقتوں کی وجہ سے خرابی پیدا ہو رہی ہے وہ کسی صالح، کسی لائق قیادت کو، کسی اچھی لیڈر شپ کو ابھرنے نہیں دیتے اور اگر وہ قیادت وہاں پیدا ہو جاتی ہے تو اس کو زیادہ دنوں تک باقی رہنے کا موقع نہیں دیتے وہ وہاں کی سیاست میں دخل دیتے ہیں وہاں کی اقتصادیات و اخلاقیات میں دخل دیتے ہیں۔ میں آپ سے صاف کہتا ہوں کہ آج دنیا میں وہ تخت خالی ہے جس پر ایک بڑا ملک بیٹھے اور دنیا کو اخلاق، سچی خدا ترسی، محض اس کے نام پر فائدہ اٹھانے اور مخلوق پرستی　　اور فائدہ اٹھانے کے لئے نہیں بلکہ خدا سے صحیح طور پر ڈر کر اور خدا کی محبت میں (جو خالق کائنات اور خالق بنی نوع انسان ہے) بلا اختلاف رنگ و نسل انسانوں کو سینہ سے لگائے اور ان سے محبت اور ان کی خدمت کیجیے۔

آج یہ تخت خالی ہے۔ روس نے ..... (مجھے معاف کیا جائے) اس بارے میں اپنی نا اہلی ثابت کر دی وہ فیل ہو گیا، امریکہ فیل ہو رہا ہے، برطانیہ فیل ہو چکا، یورپ کی دوسری بڑی طاقتیں سب فیل ہو گئیں۔ جب کوئی قوم کوئی ملک اپنی بے غرضی، اپنی خلوص، اپنی صلاحیت و اہلیت اور اپنی خدا ترسی اور انسانیت دوستی کا ثبوت دیتا ہے تو اس کے لئے جنگ کی ضرورت نہیں ہوتی۔ اس کے لئے بڑے پروپیگنڈے کی ضرورت نہیں اس کے لئے حقائق (FACTS) اور خلوص و صداقت کی ضرورت ہے، اخلاقیات، انسان دوستی اور محبت و خلوص اور روحانیت اس ملک کی روایات میں ہے اور اس نے تاریخ کے مختلف ادوار میں یہ سوغات باہر بھیجی ہے اور اب بھی بھیج سکتا ہے۔

میں اپنے مسلمان بھائیوں سے خاص طور پر کہوں گا کہ ان کی اس سلسلہ میں خاص طور پر بڑی ذمہ داری ہے۔ قیامت کے روز ان سے پوچھا جائیگا کہ دنیا لٹ رہی تھی، برباد ہو رہی تھی مسلی اور پاؤں تلے روندی جارہی تھی، اخلاقیات کا خون کیا جارہا تھا عصمتیں برباد تھیں، عزتیں پامال

تھیں اور انسان کا خون سب سے زیادہ سستا ہو چکا تھا تم بیٹھے کیا کر رہے تھے؟ تمہارا فرض تھا کہ تم اس صورت حال کو بدلنے کی کوشش کرتے۔ تمہاری یہ ذمہ داری صرف ہندوستان میں ہی نہیں ساری دنیا میں تھی۔ ڈاکٹر اقبال نے اس حقیقت کو اس طرح بیان کیا ہے کہ:

ہے حضرت جس کے دین کی احتساب کائنات

حضرات! میں آپ سے صاف کہتا ہوں کہ میں پیام انسانیت (CREDIT) خود نہیں کہتا اس کا سہرا میرے سر بندھا ہوا نہیں ہے میری صلاحیتیں میرا تجربہ، میرے مشاغل، میرا ذوق اور میری صحت، کوئی چیز بھی اس کی متحمل نہیں تھی، لیکن دل میں ایک چٹک تھی جس نے مجھے اس پر آمادہ کیا۔ بعض مرتبہ ایسا ہوتا ہے کہ آگ لگتی ہے اور آگ بجھانے والے بھی ہوتے ہیں لیکن ان کو آواز دینے والا کوئی نہیں ہوتا۔ اس وقت ایک بچہ بھی کھڑا ہو کر آواز لگائے کہ آگ لگی ہے، آگ لگی ہے، اس وقت یہ نہیں دیکھا جاتا کہ کس عمر کے آدمی نے آواز لگائی ہے، کسی قابل آدمی نے آواز لگائی یا نا قابل اور غیر تعلیم یافتہ آدمی نے۔ جب آگ لگی ہو اور گاؤں اور بستی جل رہی تو پھر جو بول سکتا ہے اس کو بولنا چاہئے جو دوڑ سکتا ہے ہے اس کو دوڑنا چاہئے، جو دہائی دے سکتا ہے اس کو دہائی دینا چاہئے۔

اس احساس فرض نے مجھے مجبور کیا کہ اتنے بڑے ملک میں اور اتنے بڑے بڑے لوگوں کی موجودگی میں یہ آواز لگاؤں مجھے اس پر فخر نہیں ہے کہ میں نے یہ آواز لگائی اور میں یہ دعویٰ بھی نہیں کرتا کہ سب سے پہلے میں نے ہی یہ آواز لگائی۔ آواز برابر لگائی جاتی رہی ہے۔ یہ ہمارے ملک کی ناقدری، اس کی تاریخ سے ناآشنائی ہے کہ یہ کہا جائے کہ یہ آواز پہلی مرتبہ لگائی گئی ہے میں نہیں سمجھتا کہ کوئی صدی خالی گئی ہو کہ جب یہاں ایسے جرأت مند انسان موجود ہوں جنہوں نے آواز لگائی۔

میں آپ کے سامنے صاف اقرار کرتا ہوں کہ مجھے اندازہ نہیں تھا کہ میری یہ نحیف آواز اتنے بڑے بڑے آدمیوں کو اور اتنے پڑھے لکھے اشخاص کو جمع کر لے گی یہ اس ملک کی صلاحیت اور زندہ دلی کی دلیل ہے۔

میں اپنے صوبہ کے وزیر اعلیٰ شری ملائم سنگھ یادو کو اس بات کی داد دوں گا کہ انہوں نے ایک ایسے زمانے میں جب صرف سیاسی مقاصد، سیاسی زبان اور سیاسی انداز ہر طرف رائج ہے

انہوں نے ایک اصولی اور اخلاقی آواز بلند کی اور کہا کہ ہم قانون کو اس طرح پامال ہوتے ہوئے نہیں دیکھ سکتے۔ اگر قانون کھیل بن گیا، اگر عدالت کے فیصلے کھیل بن گئے، اگر امن عام بچوں کا مذاق بن گیا تو اس ملک میں نہ پڑھا جا سکتا ہے نہ لکھا جا سکتا ہے نہ انسانیت کی خدمت ہو سکتی ہے اور نہ علم وادب کی۔ اور یہ تو بڑی چیزیں ہیں ایسے سنگین حالات میں گھر میں آدمی آرام سے بیٹھ بھی نہیں سکتا۔

میں ان کو داد دوں گا کہ انہوں نے اصول واخلاق کی آواز لگائی میں ان سے کہوں گا کہ وہ اس پر مضبوطی سے قائم رہیں اس راہ میں بڑے بڑے امتحانات ہوتے ہیں، اصول واخلاق کی قیمت ادا کرنی پڑتی ہے۔ یہ سودا اتنا سستا نہیں ہے اگر انہوں نے اس پر ثابت قدمی دکھائی تو تاریخ میں ان کا نام ہوگا۔ امید ہے وہ عبادت گاہوں کے معاملے میں یہ کھیل نہیں ہونے دیں گے کہ آج اس مسجد کے معاملے میں کل اس مندر کے معاملہ میں تاریخ کو جگایا جا رہا ہے اور ہزار دو ہزار سال پہلے قافلہ جہاں سے چلا تھا پھر قافلہ کو وہاں سے سفر کرنے پر مجبور کیا جا رہا ہے اگر یہ کام ہندوستان میں شروع ہو گیا تو سارے تعمیری کام بند ہو جائیں گے اس لئے میں نے جیسا کہ پہلے کہا تھا آج پھر کہتا ہوں ''تاریخ ایک سویا ہوا شیر ہے اس کو جگانا نہیں چاہئے۔'' آپ اس کے پاس سے نکل جائیے اس کو سوتا چھوڑ دیجئے۔ اگر آپ نے اس کو جگا دیا تو پھر اس غلطی کی قیمت ادا کرنی پڑے گی تاریخ کو پچھلے دور میں واپس لے جانا اور وہاں سے سفر شروع کرنا اس ملک کے مفاد میں نہیں کہ جب ہندوستان میں باہر سے نسلیں آ رہی تھیں، تہذیبیں اور مذاہب آ رہے تھے وغیرہ وغیرہ۔

میں آپ کی اس توجہ، سماعت اور احترام ومحبت کا شکر گزار ہوں اور خدا سے دعا کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ فرقہ وارانہ مفاہمت اور بقائے باہم کے شریفانہ اصول کے لئے جو قدم اٹھایا گیا ہے اور جو کوشش شروع کی گئی ہے وہ بار آور، نتیجہ خیز، اور وسیع ودقیق ہو۔

وما علینا الا البلاغ المبین

والسلام علیکم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# کسی ملک ومعاشرہ کے لئے سب سے خطرناک بات

**الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سید الانبیاء والمرسلین، وعلی آلہ واصحابہ اجمعین. امابعد.**

**ادباء فضلاء اہل قلم اور اہل فکر حضرات واحباب!**

میں آپ سب کی تشریف آوری اور تکلیف فرمائی کا یوپی اردو اکاڈمی کے ارکان اور ذمہ داروں، اور خود اپنی حقیر ذات کی جانب سے خلوص دل سے خیر مقدم کرتا ہوں۔ دور دور سے ہمارے ملک میں سیاسی کانفرنسوں پارٹیوں کے اجلاس، علمی سیمیناروں اور ادبی نشستوں کی کمی نہیں۔ شاید کوئی دن خالی جاتا ہو کہ کوئی ایسی نشست نہ ہوتی ہو۔ پریس کانفرنسوں کی بھی کمی نہیں۔ مگر وہ خاص اغراض کے تحت کی جاتی ہیں اور ان میں بے تکلف تبادلہ خیال کی نوبت کم آتی ہے۔

ضرورت ہے کہ رسوم وتکلفات سے آزاد ہو کر جس طرح ایک خاندان یا ایک محلے کے لوگ کسی جگہ اکٹھے ہو کر بے تکلف بات چیت کرتے ہیں دوستانہ وعزیزانہ گلہ وشکایت ہوتی ہے غلط فہمیاں رفع کی جاتی ہیں۔ اپنے خاندان یا محلے کے فلاح وبہبود کے لئے مشورے ہوتے ہیں، بچھڑے ایک دوسرے سے گلے ملتے ہیں، اس طرح ہم بھی کبھی کبھی کسی مرکزی مقام پر جمع ہو کر دوستانہ وبے تکلفانہ گفتگو وتبادلہ خیال کریں۔ اسی خیال کے تحت آپ حضرات کو آج تکلیف دی گئی ہے۔

حضرات! انسان کے لئے بیماری یا غلطی کوئی غیر فطری چیز نہیں ہے۔ صحت کا اعتدال سے ہٹ جانا، اور بیماری کا شکار ہو جانا، اسی طرح غلط فہمی کا شکار ہونا یا کسی غلطی کا ارتکاب کرنا

انسانی فطرت کے خلاف نہیں ہے بلکہ یہ ایک طرح سے زندگی کی علامت ہے۔ پتھر غلطی نہیں کرسکتا۔ درخت غلطی نہیں کرسکتا انسان ہی غلطی کرتا ہے۔ اس لئے غلطی زیادہ پریشانی کی بات نہیں اور اس پر مایوس ہونے کی ضرورت نہیں۔

انسانوں کی ایک بڑی جماعت کا کسی غلط راستہ پر پڑ جانا، اپنی سفلی خواہشات، اور پست درجہ کے مقاصد کی تکمیل کے پیچھے دیوانا ہو جانا تاریخ انسانی کے لئے بھی اور تقدیر انسانی کے لئے بھی شدید تشویش کی بات نہیں ہے۔

تشویش کی بات یہ ہے کہ بگڑے ہوئے حالات سے پنجہ آزمائی کرنے، فساد و انتشار پیدا کرنے والی طاقتوں سے آنکھ ملانے والے اپنی سہولتوں، عزتوں (اور بعض اوقات حکومت و اقتدار) کو خطرہ میں ڈال کر میدان میں اترنے والے نایاب ہو جائیں۔ اصل تشویش کی بات یہ ہے۔

انسان بار ہا ایسی بدنیت، فساد انگیز، اور انتشار پسند طاقتوں، قیادتوں، سازشوں کے شکار ہو گئے ہیں اور ایسے نظر آنے لگا ہے کہ انسانیت سکرات کے عالم میں ہے وہ جلد دم توڑے گی۔

لیکن تاریخ یہ بتلاتی ہے کہ ایسے ہر موقعہ پر کچھ ایسے افراد میدان میں آگئے جنہوں نے زمانہ کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر حالات کا مقابلہ کیا۔ ان غلط رہنمائیوں اور قیادتوں کے مدمقابل بن کر کھڑے ہو گئے اور انہوں نے جان کی بازی لگا دی۔ انسانی تہذیب کا تسلسل جو ابھی تک قائم ہے محض نسلی تسلسل نہیں بلکہ انسانی خصوصیات کا تسلسل جو ہر دور میں رہا ہے انسانی احساسات و جذبات، اعلیٰ مقاصد، اخلاقی تعلیمات اور ان کی بقاء و ترقی کے لئے ہمت و جرأت اور قربانی کا جذبہ جو اس وقت تک چلا آ رہا ہے یہ درحقیقت انہیں لوگوں کا رہین منت ہے جو بگڑے ہوئے حالات میں میدان میں آئے اور انہوں نے زمانہ کے چیلنج کو مول لیا۔ اور ان بگڑے ہوئے حالات سے پنجہ آزمائی کی اور بعض اوقات زمانے کی کلائی موڑ دی انہیں لوگوں کی بدولت انسانیت زندہ ہے۔

ہر زمانہ کے شاعر ہر زمانہ کے ادیب اور ہر زمانہ کے اہل دل، زمانے کے بگاڑ کی باتیں کرتے چلے آتے ہیں لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ اس کے بعد بھی انسانی خوبیوں کا سرمایہ، انسانی

احساسات وجذبات کی کارفرمائی اور نیک انسان موجود رہے۔ یہ اصل میں انہیں لوگوں کی جدو جہد کا نتیجہ ہے جو اس وقت اپنے مفادات سے آنکھیں بند کر کے میدان میں آگئے انہوں نے اپنے لئے بھی، اپنے خاندان کے لئے بھی اور اپنی آئندہ نسلوں کے لئے بھی خطرہ مول لیا، زمانہ کا رخ موڑ دیا اور انسانیت کی کھیتی ان کی کوششوں اور قربانی کے پانی سے ہری ہوگئی۔

انسانیت کی بقاء کی حقیقی ضمانت وہ جری، دلیر، جاں باز، اور دردمند انسان ہیں جو زخمی دل، اشکبار آنکھیں اور سلگتے اور جلتے ہوئے دل ودماغ رکھتے ہیں، جو ناسازگار حالات کا سامنا کریں۔ چوٹ کو برداشت کریں اور تاریخ کے دھارے کو بدلنے کے لئے جان کی بازی لگادیں۔

جب کبھی جنس کی کمی نظر آتی ہے تو پورا سماج، پورا معاشرہ خطرہ میں پڑ جاتا ہے خواہ دیکھنے میں آپ کو فربہی (موٹاپا) نظر آئے جیسا کہ فربہ جسم کے اندر بیسیوں قسم کی بیماریاں پرورش پاتی ہیں لیکن اس کی فربہی سب پر پردہ ڈالے رہتی ہے، دیکھنے والوں کو دھوکہ ہوتا ہے اور سمجھتے ہیں کہ یہ انسان بہت تندرست ہے لیکن حقیقت میں وہ بیماریوں کا مجموعہ ہوتا ہے۔

کسی سماج کے لئے سب سے بڑا خطرہ (خواہ وہ دنیا کا قدیم سماج ہو) یہ ہے کہ اس کے اندر ظلم کا مزاج پیدا ہو جائے پھر اس سے زیادہ خطرناک بات یہ ہے کہ اس ظلم کو ناپسند کرنے والے اس معاشرے میں انگلیوں پر بھی گنے نہ جاسکتے ہوں۔ دوربین تو دوربین خوردبین پر بھی ان کو نہ دیکھا جاسکتا ہو۔ پورے سماج میں چند درجن آدمی بھی ایسے نہ ہوں جو اس ظلم کو اس سفاکی کو اس قساوت اور سنگ دلی کو، کمزوروں پر دست درازی کو ناپسند کرتے ہوں اور اپنی ناپسندیدگی کا اعلان کرتے ہوں گھر بیٹھ کر ناپسند کرنے والے تو مل جائیں گے جو چار چھ آدمیوں کی موجودگی میں کہہ دیں کہ یہ ٹھیک نہیں ہو رہا ہے بڑے خطرہ کی علامت ہے۔ لیکن جو اپنی ناپسندیدگی کا اعلان کریں اور اس کو لے کر میدان میں آجائیں۔

ایسے افراد کی جب کسی سماج کسی معاشرہ میں کمی ہوتی ہے تو اس سماج، اس معاشرہ میں اور اس سوسائٹی کو کوئی طاقت نہیں بچا سکتی۔ جب کسی معاشرہ میں ظلم پھیلنے لگا ہو اور پسندیدہ نگاہوں سے دیکھا جانے لگا ہو، جب ظلم کے لئے یہ معیار بن گیا ہو کہ ظالم کون ہے؟ ظالم کی

قومیت کیا ہے؟ ظالم کا فرقہ کیا ہے؟ ظالم کی زبان کیا ہے؟ ظالم کس برادری سے تعلق رکھتا ہے؟ تو انسانیت کے لئے ایک عظیم خطرہ پیدا ہو جاتا ہے۔

جب انسانیت کو اس طرح خانوں میں بانٹا جانے لگے اور ظالم کی بھی قومیت دیکھی جانے لگی جب اس کا مذہب پوچھا جانے لگے جب آدمی اخبار میں کسی فساد یا ظلم وزیادتی کی خبر دیکھے تو پہلے اس کی نگاہیں یہ تلاش کریں کہ کس فرقہ کی طرف سے یہ بات شروع ہوئی۔ اس میں نقصان کس کو پہنچا؟

جب ظلم کو ناپنے اور ظالم ہونے کا فیصلہ کرنے کا یہ پیمانہ بن جاتا ہے کہ وہ کس قوم، فرقہ، طبقہ و برادری سے تعلق رکھتا ہے تو اس وقت معاشرے کو کوئی طاقت، کوئی ذہانت، کوئی سرمایہ اور بڑے بڑے منصوبے بھی بچا نہیں سکتے۔

میں مذہب، انسانی تاریخ و فلسفہ اور اخلاق کا ایک طالب علم ہونے کے ناتے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں (اور مجھے اندیشہ ہے کہ شاید دوسرا شخص جس پر سیاسی طرز فکر غالب ہے نہ کہے گا ) کہ اس ملک کے لئے سب سے بڑا خطرہ اور آپ کی پہلی توجہ کا مستحق ظلم وتشدد کا رجحان انسانی جان و مال اور عزت وآبرو کی بے قیمتی ہے ( خواہ اس کا تعلق کسی فرقہ سے ہو۔ )

جس کا ظہور فرقہ وارانہ فسادات، طبقاتی اونچ نیچ کی بنا پر پورے پورے خاندانوں اور محلوں کی صفائی، تھوڑے سے مالی فائدے کے لئے انسان کی جان لے لینا، سفا کانہ جرائم اور مظالم کی کثرت اور سب کے آخر میں ( لیکن سب سے زیادہ شرم ناک حقیقت ) مطلوب و متوقع جہیز نہ لانے پر نئی بیاہی دلہنوں کو جلا دینا یا زہر دے کر مار دینا اور ان سے پیچھا چھڑانا ہے۔

جو لوگ مذہب پر یقین رکھتے ہیں ان کے لئے تو یہ سمجھنا بہت آسان ہے کہ اس کائنات کا پیدا کرنے والا اور چلانے والا جو ماں سے زیادہ محبت کرنے والا اور مہربان ہے، اس عمل سے خوش نہیں ہوسکتا۔ اور اس کو زیادہ دن برداشت نہیں کرے گا اور اس کے نتیجے میں ہزاروں کوششوں اور قابلیتوں کے باوجود کوئی ملک پنپ نہیں سکتا اور وہ معاشرہ زیادہ دن باقی نہیں رہ سکتا۔

خدا کے وجود کے بعد جس حقیقت پر تمام مذاہب، فرقوں اور مکاتب خیال کا اتفاق ہے وہ یہ ہے کہ ظلم خواہ کسی سے سرزد ہو بڑا گناہ ( مہاپاپ ) اور ملکوں اور قوموں کے حق میں سم قاتل

ہے اور اس کا نتیجہ دیر یا سویر نکل کر رہتا ہے اور اس کی موجودگی میں کوئی ملک یا قوم، (خواہ اس کی پاس کیسے ہی قدرتی وسائل، جنگی طاقت، عددی کثرت، شاندار تاریخ اور علم وادب اور فلسفہ کے خزانے ہوں) پھل پھول نہیں سکتی۔

لیکن جو لوگ مذہب پر اعتقاد نہیں رکھتے وہ اس تاریخی حقیقت سے واقف ہیں کہ اس سے کم درجہ کا ظلم اور سفاکی کی وجہ سے بڑی بڑی شہنشاہیاں اور وہ تہذیبیں جن کا کسی زمانہ میں ڈنکا بجتا تھا اور آج بھی تاریخ وادب کے صفحات پر ان کے روشن نقوش ہیں زوال کا شکار ہوگئیں اور داستان پارینہ بن کر رہ گئیں۔

اس صورت حال کی طرف فوری توجہ کی ضرورت ہے۔ سیاسی مسائل اور انتخابی مہم سے زیادہ اس کے خلاف طوفانی مہم چلانے کی ضرورت ہے۔ سخت قوانین، عبرت ناک سزاؤں، ابلاغ عامہ کے ذرائع سے کام لینے اور انتظامیہ کو سخت سے سخت قدم اٹھانے کی ضرورت ہے۔ ورنہ نہ رہے بانس نہ بجے گی بانسری۔

فرقہ پرستی جارحیت اور تشدد کا کھلا رجحان ملک کو زمین دوز اور دھماکہ خیز سرنگوں کے رحم وکرم پر چھوڑ دیتا ہے جو بالآخر ملک کو لے ڈوبے گا۔

گاندھی جی اس حقیقت کو خوب سمجھتے تھے کہ فرقہ وارانہ منافرت تشدد اور جارحیت پہلے ملک کی آبادی کے دو اہم عنصروں (ہندو مسلم فرقوں) کے درمیان اپنا کام کرے گی پھر یہی ذیلی مذہبی اختلافات، طبقات، اور برادریوں کی صف آرائی اور نسلی، لسانی، صوبائی و علاقائی تعصّبات کی شکل میں ظاہر ہوگی اور جب یہ کام بھی ختم ہو جائے گا تو وہ آگ کی طرح (جب اس کو جلانے کے لئے ایندھن نہ ملے تو اپنے کو کھانے لگتی ہے) ملک کو اور امن پسند شہریوں کو اپنا لقمہ بنالے گی اور یہ ملک تباہ ہو کر رہ جائے گا۔

حضرات! انسانیت کے حال اور مستقبل اور سارے تمدنی، معاشی، سیاسی حتیٰ کہ اخلاقی اور مذہبی مسائل کا انحصار اور تمام فلسفوں و افکار و نظریات کا دارومدار تمام تر اس پر ہے کہ انسان موجود اور محفوظ ہے اس کو اپنی زندگی کی طرف سے اطمینان، انسانی کی قدر و قیمت کا احساس اور اس کے تقدس پر غیر متزلزل عقیدہ ہے۔

اس عقیدے نے، کہ انسان ہی اس دنیا کی پیدائش کا مقصود اور اس کائنات کا سب

سے بیش قیمت وجود ہے اور اس کے اندر بہتر سے بہتر بننے کی صلاحیت موجود ہے، دنیا کے ذہین ترین، شریف ترین اور لائق ترین انسانوں کو انسانوں پر محنت صرف کرنے پر آمادہ کیا اور انہوں نے ان کی ذہنی صلاحیتوں اور ان کے ذہن و دماغ کے سوتوں کو چھیڑا اور وہ تمام اصلاحی، تعمیری، تخلیقی، علمی، ادبی، تمدنی، اور روحانی شاہکار وجود میں آئے جن پر قدیم و جدید دنیا کو فخر ہے۔

تاریخ کے قدیم ترین دور سے لے کر ہمارے زمانہ تک جس چیز نے انسانیت کی شمع مسلسل طور پر روشن رکھی وہ خدا کی یہ نعمت ہے کہ اچھے انسان، انسان سے مایوس نہیں ہوئے انہوں نے اس کو ناقابل علاج مریض اور ناقابل اصلاح حیوان نہیں سمجھا وہ کبھی اس کے وجود سے ایسے متنفر نہیں ہوئے کہ اس کی صورت دیکھنے تک کے روادار نہ ہوں۔ انہوں نے کبھی اس کے زندہ رہنے کیلئے استحقاق کا انکار نہیں کیا۔

انسانیت کا چراغ بے تیل، بتی کے جل سکتا ہے وہ ہوا کے تیز جھونکوں اور طوفانوں کے تھپیڑوں میں روشن رہ سکتا ہے۔ اور انسانیت کی تاریخ بتاتی ہے کہ ہمت والوں اور انسانیت کا درد رکھنے والوں نے برسوں بے تیل، بتی کے انسانیت کا چراغ روشن رکھا انہوں نے پیٹ پر پتھر باندھ کر اور مسلسل فاقہ کر کے جنگلوں اور بیابانوں، کڑاکے کے جاڑوں کی راتوں اور تپتی ہوئی دوپہریوں میں انسانیت کی خدمت کی۔ ان میں سے کوئی چیز ان کی ہمت توڑنے اور ان کو ان کے مقدس کام سے روکنے کے لئے کافی نہ تھی۔ ان کی نہ ختم ہونے والی قوت کے مقابلہ کا راز اور ان کی حیرت انگیز قوت عمل کی بنیاد یہ تھی کہ وہ انسان کو دست قدرت کا شاہکار (MASTER PIECE) سمجھتے تھے۔

ان کو انسان کی فطرت سلیم پر یقین و اعتماد تھا۔ ان کو یقین تھا کہ انسان کے لئے برائی عارضی اور بھلائی اصلی اور فطری ہے۔ ان کو یقین تھا کہ وہ انسان پر جو محنت کریں گے وہ کبھی نہ کبھی رنگ لائے گی۔ ان کے عقیدہ میں اس باغ کی ہر کلی کو کھلنا اور حسین بننا چاہئے۔

عالم انسانی میں کوئی چیز اس سے زیادہ خطرناک اور تشویش انگیز نہیں کہ انسان انسان سے ناامید ہو جائے۔ اور اس سے زیادہ افسوس ناک بات یہ ہے کہ وہ اس نفرت اور یاس کے جنون میں بے زبان عورتوں اور معصوم بچوں پر دست درازی کرے اور غنچوں کو کھلنے اور مسکرانے سے

پہلے ہی مسل کر رکھ دے۔

تعلیم و تربیت ہو یا اصلاح و ترقی، معاشی خوشحالی ہو یا سیاسی استحکام، یہ نشیمن جس شاخ پر قائم ہے اور ہمیشہ جس شاخ پر قائم رہے گا وہ انسانی زندگی کے تحفظ اور امن وامان کی فضا ہے اس لئے نشیمن کو سجانے اور بنانے کے منصوبوں اور اس کی ترتیب و تنظیم کی بحثوں سے پہلے اس شاخ کی حفاظت کی ضرورت ہے۔

آخر میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ سینکڑوں اور ہزاروں برس کی سوئی ہوئی بلکہ مری ہوئی تاریخ کو دوبارہ جگانا اور زندہ کرنا، جو تبدیلیاں صدیوں پہلے (اچھی یا بری) ہوئیں اور ان کو اس ملک کے فراخ دل اور غیرت مند شہریوں نے صدیوں گوارہ کیا، ان کے سفر کو پہلے قدم سے شروع کرنا اور ان کی تلافی کی کوشش اس ملک کو ان نئے مسائل ومشکلات سے دوچار کرے گی جن کا مقابلہ کرنے کی اس ملک کو نہ فرصت ہے نہ ضرورت۔

اور اس طرح حکومت، انتظامیہ، اور دانشور طبقہ کی توانائی (ENERGY) بے محل صرف ہوگی یہ محض اصول پسندی کا تقاضا نہیں ہے دور بیں، حقیقت پسند اور گہری سیاست کا بھی تقاضا ہے۔

حضرات! کوئی کام شدید جدوجہد خطرات اور قربانیوں کے بغیر نہیں ہوسکتا۔ قوم کی صحیح تعمیر اور انسانیت کا احترام اور باہمی اعتماد ومحبت پیدا کرنے کے لئے ہم کو ایک مجنونانہ اور سرفروشانہ جدوجہد کی ضرورت ہے۔

ہندوستان تاریخ کے ایک نازک موڑ اور فیصلہ کن دوراہے پر کھڑا ہے ایک راستہ ہمیشہ کی تباہی نہ مٹنے والے انتشار اور نہ ختم ہونے والے زوال کی طرف لے جاتا ہے۔ ایک راستہ ہمیشہ کے امن وامان اتحاد و یکجہتی کی طرف لے جاتا ہے۔

ہر ایسے موڑ پر کچھ ایسے لوگ سامنے آجاتے ہیں جو تاریخ کا رخ موڑ دیتے ہیں اور واقعات کا دھارا بدل دیتے ہیں ان کی دلیری ان کی صاف گوئی اور ان کی جانبازی پورے پورے ملک اور قوم کو بچا لے جاتی ہے یہی لوگ ملک کے معمار ہوتے ہیں۔ اردو کے کسی پرانے شاعر نے صحیح کہا ہے

اولوالعزماں دانشمنداں جب کرنے پہ آتے ہیں
سمندر پاٹتے ہیں کوہ سے دریا بہاتے ہیں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# اسلام ہر دور میں قیادت ورہنمائی کی صلاحیت رکھتا ہے

الحمد لله رب العالمين والصلاة والسلام على سيدنا ونبينا محمد وعلى آله وصحبه اجمعين ومن تبعهم باحسان ودعى بدعوتهم الى يوم الدين، وبعد! فاعوذ بالله من الشيطان الرجيم، وما كان المومنون لينفروا كافة، فلو لانفر من كل فرقة منهم طائفة ليتفقهوا فى الدين ولينذروا قومهم اذا رجعوا اليهم لعلهم يحذرون .

حضرات! میں نے آپ کے سامنے قرآن کریم کی آیت پڑھی ہے، اگر میرا قرآن شریف کے ایک طالب علم کی حیثیت سے، ایک عربی داں، ایک مطالعہ کرنے والے کی حیثیت سے امتحان لیا جائے کہ یہ بتائیے کہ جن کی دنیا میں شہرت اور عزت پھیلی، جن کی اہمیت بلند آواز سے، اور بڑی فصاحت و بلاغت سے واضح کی جاتی ہے، اور جن کے لئے بڑی بڑی جانفشانیاں کی جاتی ہیں، اور ان کو دین اور اسلام کا قلعہ کہا جاتا ہے، قرآن مجید میں کہیں اس کا تذکرہ بھی ہے، قرآن مجید میں بہت سی ایسی حقیقتیں بیان کی گئی ہیں جو کسی کتاب میں شکل سے ملتیں، یہ بتائیے کہ کس چیز کی بڑی اہمیت ہے دین کی نگاہ میں، اور دین والوں، اور علماء اور دانشوروں کی نگاہوں میں، اور مؤرخوں اور ناقدین نے بھی اس کو بہت بڑا حق دیا ہے قرآن مجید میں بھی ان کا ذکر ہے، تو میں کہوں گا کہ ہاں اس آیت میں ان کا ذکر ہے، اگر آپ غور کریں، ایسی بہت سی حقیقتیں ہیں جن پر غور کرنے کی نوبت نہیں آتی، روزمرہ کی زندگی میں بھی، اور ان مدارس میں بھی بعض چیزیں ایسی بدیہی سمجھ لی جاتی ہیں اور حقیقت روزمرہ کی سمجھ لی جاتی ہیں، جن کے لئے دلیل کی ضرورت نہیں ہوتی، اور آدمی کو غور کرنے کی نوبت ہی نہیں

آتی ،ایسا بھی ہوسکتا ہے کہ کسی کے ذہن میں یہ سوال ہی نہ پیدا ہوا ہو،اس میں صاف مدارس کے نام لئے بغیر اس لئے کہ نام لینے میں ،الفاظ بدلتے رہتے ہیں، مدارس ہی کو لے لیجئے ،کسی کو معاہد، کسی کو مراکز ،کسی کو جامعات کہا جاتا ہے،مختلف اداروں میں ،مختلف الفاظ میں ،لیکن جو مدارس کی خصوصیت اور مقصد ہے،اوراس کی افادیت ہے،وہ اس آیت میں بیان کردی گئی ہے ،یہ وہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے، جو خالق فطرت اور خالق کائنات ہے،اور وہ انسان کی کمزوریوں اور ضرورتوں سے بھی واقف ہے،اوردین کے متضاد تقاضوں سے بھی واقف ہے،عالم الغیب ہے ،وہ اپنے ان تمام صفات کے ساتھ جس طرح اس آیت میں اشارہ کیا ہے،ایسے مراکز جہاں دین کا گہرا علم حاصل کیا جائے ،دین کا عمیق اور وسیع آفاقی علم حاصل کیا جائے ، جو ہر زمانہ میں کام دے سکے،اس آیت میں اگر چہ مدارس کا نام نہیں لیا،اوراس میں اللہ تبارک وتعالیٰ کی شان اس سے بہت بلند تھی،لیکن اس آیت میں بالکل مدارس کی تصویر آ گئی ہے،اور مدارس کی ضرورت اور افادیت بھی آ گئی ،اوراس میں مدارس کا فرض بھی بیان کر دیا گیا،فرماتا ہے کہ ایسا تو نہیں ہوسکتا کہ اہل ایمان سب کے سب گھروں سے نکل جائیں ،اور زندگی کی ضروریات سے بالکل آنکھیں بند کرلیں ،یہ تو ہونے والی اور ممکن العمل بات نہیں ،پھر ایسا کیوں نہیں ہوتا کہ ان میں سے ایک جماعت اس کام کے لئے تیار ہوجائے ،تاکہ وہ دین میں فقہی سمجھ حاصل کریں،عربی زبان میں سمجھنے کے لئے بیسیوں لفظ ہوسکتے ہیں،فہم،معرفت،علم تعقل کا لفظ بھی ہے،لیکن تفقہ کا لفظ خاص معنیٰ رکھتا ہے،اس کے معنیٰ ہیں دین میں گہری سمجھ حاصل کریں،دین کے ذخیرہ پر پورے طور پر حاوی ہوجائیں ،زمانے کی ضرورت کو سمجھ سکیں ،اور بدلتے ہوئے زمانہ اور دائمی دین کے دور میں رشتہ پیدا کرسکیں۔

ایک بات یاد رکھئے کہ یہ دین تو دائمی ہے،زمانہ بدلنے والا ہے، جو ظرف ہے اور ظرف بدلتا رہتا ہے،لیکن دین کی حقیقت ،دین کا مطالعہ دین کی بنیادی باتیں نہیں بدلتیں،تو نہ بدلنے والا دین ہے اوراس کا بدلنے والے زمانہ کے درمیان رشتہ پیدا کرنا ،پیوند لگانا یہ معمولی کام نہیں ہے۔

"دین کی اصلیت اور حقیقت ، دین کے واجبات و فرائض،دین کے صحیح حقائق اور مطالبات میں تو ذرہ برابر بھی فرق نہ آنے پائے ،لیکن وہ دین زمانہ کا ساتھ دے سکے،زمانہ کی

رہنمائی کر سکے، زمانہ کتنا ہی بدل جائے، تمدن کتنا ہی وسیع ہو جائے مختلف علوم کی کتنی ہی ترقیاں ہو جائیں، انسان ہوا میں اڑنے لگے، اور پانی پر چلنے لگے، اور زمانہ لاکھوں میل کے حساب سے آگے بڑھ جائے، ذہنی، فکری، عقلی طور پر وہ ثابت کر سکتا ہے کہ دین اس زمانے میں رہنمائی کر سکتا ہے، آج بھی وہ تمام مسائل وضروریات، یہاں تک کہ زمانہ کے معموں اور پہیلیوں کو بجھا سکتا ہے، زمانے کے ساتھ چلنے ہی نہیں بلکہ قیادت کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے اور زمانہ کو بے راہ روی اور نسل انسانی کو اپنی خودکشی سے بچا بھی سکتا ہے، وہ اپنی جگہ اپنے تعلیم اور حقائق میں ابدی ہے، زمانہ کتنا ہی ترقی کر جائے اس میں فرسودگی اور قدامت پیدا نہیں ہو سکتی، آؤٹ آف ڈیت جسے کہتے ہیں، دین (Out of date) آؤت آف ڈیٹ ہو چکا ہے، یہ تو کبھی نہیں ہو سکتا، البتہ زمانہ بدلنے والا ہے یہ اس کی تعریف ہے برائی نہیں ہے، زمانہ کہتے ہی اسے ہیں جو بدل سکے، اور وہ تو ایک پرانی عمارت ہے یا ایسی چیز ہے جس میں زندگی نہیں، زندگی کے ساتھ تغیر وتبدل بھی لگا ہوا ہے، نمو وارتقاء بھی لگا ہوا ہے، نئے نئے تجربے بھی لگے ہوئے ہیں، زمانہ تو بدلے گا اور بدلنا چاہئے، لیکن دین زمانہ کی طرح بدلتا بھی نہیں اور زمانہ سے پیچھے بھی نہیں رہ جاتا۔

یہ کام بڑا نازک اور بڑا اہم ہے، اور یہ بات بھی تاریخ کے ایک طالب علم ہونے کی حیثیت سے کہتا ہوں کہ مذاہب کی تاریخ بتاتی ہے اور انصاف پسند لوگوں نے اس کا اعتراف کیا ہے، ہندوستان کے بے لاگ مصنفوں نے اس کا اعتراف کیا ہے، ہمارے ملک کے مذاہب زمانہ کا ساتھ نہیں دے سکے اور صدیاں ایسی گذر گئیں جن میں خلا رہا، کوئی ایسا آدمی پیدا نہیں ہوا جو زمانہ کا دین سے رشتہ جوڑ سکے، اور زمانہ کو دین کا تابع بنا سکے اور زمانے کو دین کا قال بنا سکے، اور زمانے میں خلا نہ پیدا ہونے دے، اس سلسلہ میں میں نے اپنی کتاب "تاریخ دعوت وعزیمت" کے پہلے حصہ کے مقدمہ میں صاف صاف ان مغربی فضلاء ہندوستانی مؤرخین کی کتابوں کے صفحے کے حوالہ سے نقل کیا ہے، کہ صدیاں گذر گئیں اور ہمارے یہاں کوئی ایسا ریفارمر پیدا نہیں ہوا، کوئی مجدد پیدا نہیں ہوا جو اس دین کو ضرورت کے تابع کر سکے، اور جو اس میں رخنہ پیدا ہو گیا ہے، اس کو بھر سکے، اور انہوں نے یہ بات بڑی دیانت داری اور جرات کے ساتھ کہی ہے، میں تاریخی ذوق رکھنے والے کی حیثیت سے کہتا ہوں، یہ دو خصوصیتیں ایک تو یہ کہ دین کوئی فرسودہ

چیز ،کوئی زمانہ قدیم کی یادگار نہیں بلکہ زمانے کی رہنمائی کرنے والا اور صحیح راستہ پر چلانے والا ،اور افراط وتفریط اور اس میں مبالغہ جو پیدا ہوجاتا ہے،اسلام کی تاریخ شہادت دیتی ہے وہ کسی زمانہ میں یہ خلا نہیں ہونے پایا، مجھے معاف کیا جائے ،میں مجبوراً اپنی کتاب کا نام لیتا ہوں، تاریخ دعوت وعزیمت کی پانچ جلدیں ہیں، اس میں میں نے یہ دکھایا ہے کہ شاہ ولی اللہ صاحبؒ کے زمانہ تک کوئی ایسا زمانہ نہیں گذرا،کسی ملک میں ایسا نہیں ہوا کہ وہاں ایک خلا محسوس ہوا ہو ،ایک برائی پیدا ہوئی ہو،اس کو کوئی برائی کہنے والا نہیں ،کوئی ضرورت پیدا ہوئی ہو اور ضرورت کی تکمیل کرنے والا اور دعوت دینے والا پیدا نہ ہوا ہو،کوئی تحریف ہوئی ہو اس کی تردید کرنے والا ،اور سازش ہوئی ہو ،اور اس کی قلعی کھولنے والا اور طشت از بام کرنے والا پیدا نہ ہوا ہو ،میں نے تسلسل کے ساتھ بتایا ہے کہ جس چیز کی ضرورت ہوئی اس ضرورت کو پورا کرنے والا پیدا ہوا ،اور یہ حضور ﷺ کا اعجاز ہے،آپ نے یہ فرمایا ہے کہ ہر زمانہ میں قیامت تک اس امت میں وہ لوگ پیدا ہوتے رہیں گے۔ "ینفون عنه تحريف الغالين وانتحال المبطلين، وتاويل الجاهلين" یہ الفاظ بالکل معجزانہ ہیں، اگر آپ گمراہیوں کو،جو ان امتوں کو پیش آتی ہیں،سلطنتوں اور نظامہائے حکومتوں کو پیش آتی ہیں،اس کے لئے جو چیزیں چیلنج کرتے والی ہیں اور خطرناک ہیں ،اور ان تینوں میں سے کسی عنوان میں داخل کر سکتے ہیں ،جو غلو پسند لوگوں کی تحریف کو دور کرسکیں ،اور جو لوگ خواہ مخواہ دعاء کرتے ہیں،ان کی وہ قلعی کھولتے رہیں گے ،اور جو لوگوں کو خوش کرنے کے لئے اپنی عزت رکھنے کے لئے اور اپنی ذہانت ظاہر کرنے کے لئے تاویل کرتے ہیں،اب آپ اسلامی تاریخ کو شروع سے لے کر اب تک دیکھیں،کسی زمانہ میں جو فتنہ پیدا ہوا،میں تفصیل میں جانا نہیں چاہتا وقت بھی زیادہ ہو چکا ہے،کسی میں امام حسن بصری پیدا ہوئے یا،کسی میں امام احمد بن حنبل کو پیدا کیا،امام ابوالحسن اشعری اور امام غزالی کو پیدا کیا،اس کے بعد سوسائٹی میں کچھ کمزوریاں پیدا ہوئیں، کچھ تجارت اور کمائی کے سلسلہ میں،تعلقات کے سلسلے میں جب ذرا اصولوں سے،اسلام کے معیار اور اسلام کی تعلیمات سے لوگ ہٹنے لگے تو ابن الجوزی کو پیدا کیا،اور ایمان میں کمزوریاں پیدا ہونے لگیں تو ابن تیمیہ کو پیدا کیا،جب لوگ خدا کو سلطنتوں کو اثر سے،عہدوں کی لالچ میں اور اپنی انسانی کمزوریوں کو دبا کر بھولنے اور بھلانے لگے اور ملک پرستی میں لگ گئے،تو امام وقت، مصلح اور داعی پیدا کیا،

جن کی وجہ سے لوگوں نے کہا ہے کہ ہزاروں ہزار اس زمانہ میں جو جرائم پیشہ لوگ تھے، وہ تائب ہوئے بعض لوگوں پر اثر پڑتا تھا وہ تاب نہیں لا سکتے تھے وہ جان دے دیتے تھے، تاریخ بتاتی ہے کہ صرف بغداد ہی نہیں بلکہ براعظم افریقہ تک جنوبی ایشیا تک اس کے اثرات پیدا ہوئے، ہندوستان میں آیئے، تاریخ شاہد ہے کہ مجدد الف ثانی جن کو اقبال کہتے ہیں

اس خاک کے ذروں سے ہیں شرمندہ ستارے
اس خاک میں پوشیدہ ہے وہ صاحب اسرار
گردن نہ جھکی جس کی جہانگیر کے آگے
جس کے نفس گرم سے ہے گرمی احرار
وہ ہند میں سرمایۂ ملت کا نگہبان
اللہ نے بروقت کیا جس کو خبردار

مجدد الف ثانی پیدا ہوئے، جب ہندوستان کا رخ پھیرا جانے لگا، دانشوروں نے یہ پٹی پڑھائی کہ ہر مذہب کی عمر ایک ہزار سال ہوتی ہے، قریب تھا کہ ہندوستان کا رشتہ اسلام سے ٹوٹ جائے، اور مسلمان بالکل آزاد ہو جائیں، اکبر نے پادریوں کو بلوایا، مناظرہ کروایا، ان کی باتیں سنیں، اور مذاہب کے پیشواؤں کو بھی موقع دیا، اور ہندوستان کے مسلمانوں کی آبادی ایک علمی اضطراب میں، ایک ذہنی تضاد اور پریشانی میں مبتلا ہوگئی، اس وقت مجدد الف ثانی کھڑے ہوئے اور انہوں نے اسلام کی دعوت دی، پھر اس کے بعد ایک وقت آیا، اسلامی علوم، خاص طور پر قرآن و حدیث کی تعلیم کم ہوگئی، اور عوام کا تعلق ان سے ٹوٹنے لگا، اس وقت شاہ ولی اللہ صاحبؒ کو پیدا کیا، اس کے بعد ان کے اخلاف سید احمد شہیدؒ، شاہ اسماعیل شہید وغیرہ پیدا ہوئے، آپ کو معلوم ہوگا لوگوں نے احتیاط کے ساتھ کہا ہے کہ کم از کم تین لاکھ افراد ان کے ہاتھ پر تائب ہوئے، اور غازی پور بھی تشریف لائے اور ان کے ساتھ یہاں بھی ایسا تعلق پیدا ہوا کہ جان دینے کے لئے تیار ہوئے، اور یہاں بہت مخلص لوگ پیدا ہوئے۔

میں عرض کر رہا ہوں کہ کسی مذہب کے لئے دو چیزیں بہت ضروری ہیں، ایک چیز یہ ہے کہ وہ اپنی اصلیت پر قائم رہے، اس کی اور تجلٹی نہ جائے، اور اصلیت سے دست بردار نہ ہونا پڑے۔

ابھی حال ہی میں ایک کتاب آئی ہے اس میں بتایا ہے کہ موجودہ عیسائیت حضرت مسیحؑ کی لائی ہوئی نہیں ہے، حضرت مسیحؑ کے سات برس کے بعد سینٹ پال کے زمانہ سے اب تک کی تحقیق یہ ہے کہ رومن امپائر نے اس کو ایجنٹ بنایا تھا کہ اس میں رومن میتھالوجی داخل کر کے اس سے سیاسی فائدہ اٹھایا جائے، چونکہ عیسائیت ایک طاقت کی طرح ابھر رہی تھی اور رومن امپائر اس سے ڈر رہا تھا، ان کو خطرہ پیدا ہوا کہ اگر یہ وسیع اور طاقتور مذہب بن گیا، تو رومن اس پر اس طرح حکومت نہیں کر سکتے، یہ ایک بہت گہری سازش تھی کہ عیسائیت کے نام سے، عیسائی بنوا کر عیسائی مذہب اور قوم میں داخل کر دیا۔ اس کا اس طرح تعارف کرایا اور عزت دی کہ گویا وہ عیسائیت کا ترجمان بن جائے چنانچہ تحقیق سے ثابت ہو چکا ہے کہ موجودہ عیسائیت حضرت مسیحؑ کی لائی ہوئی نہیں ہے، بلکہ سینٹپال کی لائی ہوئی عیسائیت ہے، اور میں دوسرے مذاہب کے متعلق نہیں کہہ سکتا، وقت بھی نہیں ہے، مثلاً بودھسٹ ہے۔ ایک سوشل یونیفارم کے طور پر اور مذہب میں جو افراط وتفریط پیدا ہو گئی تھی اس کو دور کرنے کے لئے پیدا ہوئی جیسا کہ ہمارے ہندوستان کے بہت سے مورخوں نے لکھا ہے کہ وہ چیزیں باہر سے آ گئیں جن کو گوتم بدھ مٹانا چاہتے تھے، اور بت پرستی بھی آ گئی میں نے خود دیکھا ہے، لاہور اور پشاور کے درمیان ایک شہر ہے وہاں اتفاق سے ایک ذمہ دار ہمارے اضلاع کے تھے، ہم پشاور جار ہے تھے تو انہوں نے وہ میوزیم دکھایا، اتنے مجسمے گوتم بدھ کے تھے کہ آدمی کو متلی آنے لگے کہ کوئی حد ہے، اور یاد رکھئے بعض زبان دانوں نے کہا ہے کہ اردو اور فارسی میں بت کا جو لفظ آیا ہے، وہ بدھ کا بگڑا ہوا لفظ ہے، یعنی بدھسٹ میں اتنی بت پرستی آ گئی تھی کہ بودھ کے بجائے بت کہہ دینا کافی تھا، تو مذاہب کی تاریخ میں آپ کو بہت سے ایسے خلا ملیں گے، اس کی وجہ یہ تھی کہ ان کو وقت پر کوئی ایسا آدمی اس میں جان ڈالنے والا اور پیغمبر یا تعلیم دینے والا جو اس کی تعلیم کے مطابق بنائے، بالکل اس کو وہاں پر کھڑا کر دے جہاں اس نے چھوڑا تھا لیکن یہ بات نہیں ہوئی، یہ بات ایک تاریخی حقیقت کے طور پر، ایک انسانی فطرت کے طور پر کہ انسان جدت پسند ہے، اور وہ زمانہ سے متاثر ہوتا ہے۔

میرے بھائیو! میں یہ کہہ رہا ہوں کہ مدارس کے جو خاص کام ہیں، اور مدارس کے علم برداروں نے، مدارس تو عمارتوں کا نام ہے، لیکن جو انسانی مدارس تھے، یعنی انسانی شکل میں جو

مدارس اور معلم تھے اور تعلیم گاہیں تھیں۔ ان لوگوں نے دو کام کئے ایک تو یہ ہے کہ وہ اسلام کو اس شکل پر لے آئے، جس شکل پر رسول اللہ ﷺ نے چھوڑا تھا، اور صحابہ کرام اور خلفائے راشدین کے زمانہ میں جس شکل میں تھا۔ اور یہ تاریخ بتاتی ہے کہ بڑی کامیابی ہوئی، اور بعض بعض بدعات اور نئی نئی چیزیں ایسی مٹیں کہ اس کا تاریخ کے ذریعہ سمجھنا مشکل ہے کہ وہ کیا تھے اور اب کیا ہوئے، وہ ایک تاریخی داستان کے طور پر رہ گئے، دوسری بات یہ ہے کہ زمانہ کو جس رہنمائی کی ضرورت تھی وہ رہنمائی ملی، اجتہاد یعنی زمانے کے جو نئے مسائل ہیں اس کو سامنے رکھ کر اجتہاد کیا جائے، اور خالص دین کی تعلیم اور دن کے اصول کے ماتحت ان کو منطبق کیا جائے اور ان کو یہ بتایا جائے کہ زمانہ کی تبدیلی میں خلا معلوم ہوتا ہے اسی خلا کو دور کیا جائے اور اس کو بتایا جائے کہ اسلام کی تعلیم فلاں موقع پر یہ رہنمائی کرتی ہے، فلاں موقع پر یہ رہنمائی کرتی ہے، اور یہاں تک جایا جا سکتا ہے، اور پھر اس سے بچنے کی ضرورت ہے، اجتہاد کا کام مسلسل ہوتا رہا، اور علماء نے اس میں اتنا احتیاط کیا، اس کو بھی میں ایک نکتہ کے طور پر بتاؤں، علامہ اقبالؒ نے کہا ہے کہ صرف تارتاریوں کے ابتدائی دور میں مسائل کا استنباط اور اجتہاد کا کام، اللہ نے محفوظ رکھا، تاتاریوں نے اثر چھوڑا اور وہ اثر ڈال کر مسائل نکلوائیں گے اور اس سے امت گمراہ ہوگی کہ اس پر عمل کرو، اس کو موقع نہ مل سکے کہ وہ اس سے استنباط کریں اور سیاسی فائدہ اٹھائیں، یہ دو کام ہیں جس کو صرف مدارس کے علماء کر سکتے ہیں، ماہرین علم وفن، ماہرین تفسیر وحدیث، اور ماہرین فقہ واصول فقہ، اور ماہرین ادب وزبان کر سکتے ہیں، بلکہ ان سب کے جامع وہ یہ کہ مذہب اپنی اصل روح، اپنی اصل حقیقت، اپنی اصل طاقت اپنی اصلی تعلیم کے ساتھ باقی رہے، ذرہ برابر فرق نہ آنے پائے، بادشاہوں کی طرف سے رشوتیں دی جائیں، چاہے دھمکیاں دی جائیں، اور چاہے خطرات پیدا ہوں، چاہے بڑے بڑے منافع اس کے سامنے ہوں، بالکل اس کی پرواہ نہ کریں، اس لئے کہ ایک نہیں دو نہیں، پچاس نہیں، سینکڑوں انسان ہیں، ان کا یہ حال ہے کہ بادشاہ وقت نے) چاہا کہ علماء کچھ بھی قبول کر لیں، لیکن انہوں نے انکار کر دیا، یہاں تک احتیاط کیا، میں چھوٹا سا واقعہ سناتا ہوں۔

ابن طاؤس بیٹھے ہوئے تھے منصور خلیفہ کے پاس، خلیفہ کو کچھ لکھنا تھا کہ ذرا قلم اٹھا دیجئے، ان کا ہاتھ ہلا نہیں، انہوں نے کہا کہ میں قلم نہیں دے سکتا ہوں، کہا کیوں؟ جواب دیا کہ معلوم

نہیں آپ کیا لکھیں، اور میں گنہگار ہوں۔ ایک نہیں سینکڑوں صفحات علماء کے تذکروں پر ملیں گے انہوں نے ایک حرف کی تبدیلی بھی گوارہ نہیں کی، اور کہا کہ مسئلہ یوں ہی ہے اور یونہی رہیگا قول حق کے خاطر اپنی جان اور خاندان کا خطرہ سمجھتے ہوئے بھی اور خودکشی کا خطرہ سمجھتے ہوئے بھی انہوں نے حق بات کہی، ان ہی کی بات مانی گئی، یہ دو چیزیں ہیں وہ یہ ہیں کہ اسلام اپنی اصلیت پر رہے، اپنی اصلی تعلیمات پر رہے، اس میں ذرہ برابر فرق نہ ہو۔ اور زمانہ کی ضرورت کو پورا کرنا، زمانے کے تقاضے کی تکمیل کرنا، امت اور دین اور زمانہ کے درمیان کوئی فرق یا تصادیا خلا پیدا نہ ہونے دینا، اس لئے کہ جو دین اپنے زمانہ سے ٹوٹ جائے، زمانہ سے اسکا پیوند جدا ہو جائے اور زمانے والے کہنے لگیں اور زمانہ خود اپنے زبان حال سے کہنے لگے کہ یہ دین اب چلنے والا نہیں ہے، پھر وہ دین چلتا نہیں ہے، یہ معمولی بات نہیں ہے کہ یہ دین ابھی تک اپنی اصلی حالت ہی پر نہیں بلکہ اپنے ارکان اور عقائد کے ساتھ، عبادات کے ساتھ، طریقہ عبادت کے ساتھ موجود ہے، اس کی عیدیں اسی طرح منائی جاتی ہیں جس طرح منائی جانی چاہئے، اس کے فرائض ادا کئے جاتے ہیں، ساری دنیا میں کفن دیا جاتا ہے، نماز جنازہ پڑھائی جاتی ہے، عقیقہ اسی طرح سے ہوگا، ختنہ اسی طریقہ سے ہوگا۔ شادی اسی طریقہ سے ہوگی، ایجاب وقبول اسی طریقہ سے ہوگا، مہر باندھا جائے گا۔ طلاق کے لئے بھی احکام ہیں، یہ معمولی بات نہیں ہے، اس میں سب سے پہلے ہاتھ تو ان علماء ربانیین کا ہے، نائبین رسول کا ہے، اور پھر ان کے مرکزوں کا ہے جس میں مدارس عربیہ اور دینیہ ہیں، دوسری بات یہ ہے کہ زمانہ کی ضرورت کو پورا کرنا، زمانے کے چیلنج کا مقابلہ کرنا، زمانہ کے تغیر سے متاثر نہ ہونا اور اس سے دین میں تحریف اور امت میں کوئی انحراف اور ضلالت برپا نہ ہونے دینا۔ یہ دو چیزیں ہیں، ایسے دین کے لئے ضروری ہیں جس کو قیامت تک کے لئے بھیجا گیا ہے اور قیامت تک رہنا ہے۔ اور اس کے متعلق کہہ دیا گیا ہے۔

"اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا"

حدیث میں آتا ہے کہ ایک یہودی آیا حضرت عمرؓ کے پاس، اس نے کہا امیر المومنین! ایک آیت آپ قرآن شریف میں پڑھتے ہیں، اگر یہ آیت ہم یہودیوں کی کتاب میں آئی

ہوتی تو ہم اس دن خوشی میں تہوار منایا کرتے، حضرت عمرؓ نے پوچھا کون سی آیت ہے؟ کہا " الیوم اکملت لکم دینکم ." حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ کسی تہوار کی ضرورت نہیں، یہ تو عرفہ کے دن، اور جمعہ کے دن نازل ہوئی، ہمارے یہاں عید کی ضرورت نہیں، یہ تو عید سے بڑھ کر ہے، یہ دو عیدیں ہیں، عید الاضحیٰ یہ تو بالکل سادے طریقے پر منائی جاتی ہے۔

حضرات! تو یہ ہے ہمارے مدارس کی افادیت، اس خصوصیت اور امتیاز کو اور خدا کی اس نعمت کو باقی رکھیں، ایک تو دین اپنی اصلی حالت میں ہو جو اللہ کے رسول لے کر آئے، اور خلفاء راشدین اور سابقین اولین، اور عمومی طور پر اس پر پوری امت چلتی رہی، تمام دنیا میں دین پر عمل ہوتا رہا، دوسری یہ کہ زمانے سے اس کو پیچھے نہ رہنے دیں، اور زمانہ کی وجہ سے نہ تو اس میں کوئی ایسی تبدیلی کریں کہ دین میں تبدیلی ہو، اور نہ بالکل زمانہ کی ضرورت کو نہ سمجھیں اور کان بند کر لیں کہ ہم کچھ نہیں سنتے، ایسا نہیں، بلکہ زمانہ کی تبدیلی کو دیکھیں اور اس کا جائزہ لیں، کہ کس حکم سے اس کا تضاد اور ٹکراؤ ہے، اور کتنی چیز سے فائدہ اٹھانا چاہئے۔ مثلاً دین میں وہ حکم موجود ہے، کتنی رخصت ہے کتنی رعایت ہے، وہ رعایت بتا دیں، لیکن مسئلہ نہ بدلے گا، یہ چیز دین اور امت کی بقا کے لئے اتنا ہی ضروری ہے جتنا ہمارے اور آپ کے لئے سانس لینا ضروری ہے، اور ہمارے اور آپ کے لئے روح کا ہونا ضروری ہے، دین اپنی اصل پر بھی رہے اور زمانہ کی رہنمائی بھی کر سکے، اور زمانہ کا احتساب بھی کر سکے، اور زمانہ کے جائز تقاضوں کو سمجھ سکے، اور بقدر جواز جتنا اسلام اجازت دیتا ہے، ترمیم کرے اور اس کی رعایت کرے، اس کے لئے مدارس ہیں، جو تفقہ اور رسوخ فی الدین اور اجتہاد کی صلاحیت بھی پیدا کرتے ہیں اور ان کے اندر دین کی حمیت بھی ہے اور دین کی حفاظت کا جذبہ بھی ہے، اس کے ساتھ ساتھ وہ نسل انسانی کو بھی سمجھتے ہیں اور زمانہ کا مطالعہ بھی کرتے رہتے ہیں اور وہ زمانہ کے جائز تقاضوں کو بھی سمجھتے ہیں، اس حد تک کہ شریعت میں اس کی رعایت کی گنجائش ہے، اس کا نام تفقہ ہے اور اس سے بڑھ کر اجتہاد ہے، اور اسی کا نام صحیح رہنمائی ہے، ہمارے مدارس دین کے مراکز ہیں، اس لئے ان کا قائم رکھنا، ان کی حفاظت فرض ہے، دین کی حفاظت تو اللہ کے ذمہ ہے، انا نحن نزلنا الذکر وانا له لحافظون. لیکن ہمارے ذمہ بھی کچھ کیا ہے، اسی کے ہمیں احکام دیئے گئے، دین کی تبلیغ کرو، حالات کا مقابلہ کرو، یہ مدارس کا قیام اور بقا اور اس کی ترقی اور مدارس سے

محبت اور ان کی سر پرستی دین کا ایک تقاضا ہے، اور دینی غیرت کا تقاصا ہے، اور دین سے محبت کا تقاضا ہے، دین سے محبت اور بقاء کے جذبہ کا تقاضا ہے، ان ہی کی اصل قیمت ہے، اور افادیت ہے، اور یہی اس کی اصل ضرورت ہے۔ اللہ تعالیٰ دین کے تقاضوں کو پورا کرنے والا بنائے آمین

و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین .

**والسلام علیکم**

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# خواص امت

حضرت مولانا کی یہ تقریر مورخہ ۳۰/ اکتوبر بروز جمعہ ۱۹۸۱ء کو بعد نماز عصر علماء مساجد اور خواص کے ایک موقر مجمع کے سامنے کی گئی تھی!

الحمد للہ رب العالمین، والصلوٰۃ والسلام علی سید الانبیاء والمرسلین، وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین. امابعد.

میرے بھائیو! کسی زمانہ میں خواص کا عالم تو یہ تھا کہ اللہ کا ایک بندہ ایک جگہ بیٹھا ہوا ہے اور وہ وہاں کے بادشاہوں اور حاکموں کو منہ نہیں لگاتا، ایک بزرگ کا میں واقعہ سناتا ہوں، ان کا نام ہے، شیخ الاسلام عز الدین بن عبدالسلام، سلطان العلماء ان کا خطاب تھا، اپنے زمانے کے بہت بڑے (شاید سب سے بڑے) شافعی عالم تھے، دمشق میں قیام تھا، بادشاہ وقت کی کسی بات پر خطبہ میں نکیر کی، بادشاہ کو ناگوار ہوا۔ بادشاہ نے ان کے ساتھ وہ معاملہ کیا جو علماء کے ساتھ نہیں کرنا چاہئے تھا، بے رخی اور بے توجہی، اس کے بعد وہاں کہیں سے اس کے معزز مہمان آئے، وہ بھی اپنے یہاں کے بادشاہ اور حاکم تھے ان کو معلوم تھا کہ اس ملک کے سب سے بڑے عالم شیخ عز الدین بن عبدالسلام ہیں، اور آج کل وہ معتوب ہیں، انہوں نے کہا کہ ہمارے ملک میں ایسا کوئی عالم ہوتا تو ہم اس کو سر پر بیٹھاتے، تعجب ہے کہ آپ اپنے یہاں کے ایسے عالم کے ساتھ ایسا سلوک کررہے ہیں، بادشاہ نے برا نہیں مانا، اس کو اپنی غلطی کا احساس ہوا، لیکن بادشاہ تو بادشاہ ہی ہوتے ہیں، اس کو یہ خیال ہوا کہ اگر میں ایسے ہی چپ چاپ معافی مانگ لوں اور کہوں کہ مجھ سے غلطی ہوئی تو میری سبکی ہوگی، اور میرا رعب کم ہو جائے گا، تو خواص میں سے کسی کو بلایا، اور کہا کہ دیکھو حضرت سے یہ کہنا کہ میں کسی مجلس

میں بیٹھا ہوا ہوں تو وہ تشریف لائیں اور دست بوسی کرلیں ، میرا احترام قائم رہے گا، لوگ بھی دیکھ لیں گے، اس کے بعد بات رفع دفع ہو جائے گی ، جب کسی نے ان سے جا کر کہا تو انہوں نے کہا کہ تم کس خیال میں ہو؟ واللہ میں تو اس پر بھی راضی نہیں کہ وہ میری دست بوسی کرے ، چہ جائیکہ میں اس کی دست بوسی کروں ، یہ لفظ تاریخ میں موجود ہے بالکل ان کی الفاظ۔

''لا ارضی ان یقبل یدی فضلا عن ان اقبل یده ''

ایسے ہی ہمارے دہلی کے (جو حقیقی سلاطین دہلی کہلانے کے مستحق ہیں) بہت سے مشائخ عظام کا بھی یہی حال تھا ، بادشاہ دہلی نے ایک مرتبہ حضرت مرزا مظہر جان جاناںؒ سے کہا اللہ نے مجھے بڑی دولت دی ہے ، کچھ قبول فرمائیں ، فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ

''قل متاع الدنیا قلیل''

دنیا کی متاع قلیل ہے تھوڑی ہے بہت کم ہے ،، اس قلیل میں سے ایک ٹکڑا ہندوستان ہے ، پھر اس میں سے ایک قلیل ٹکڑا وہ جو آپ کے قبضہ میں ہے ، (مثل مشہور تھی ، سلطنت شاہ عالم از دہلی تا پالم) اگر اس اقل قلیل میں سے میں بھی حصہ بٹاؤں تو کیا رہ جائے گا؟ ایسے ہی ایک مرتبہ بادشاہ نے کہا کہ میں ایک رقم پیش کرتا ہوں ، آپ نے معذرت کی ، بادشاہ نے کہا غربا ء میں تقسیم فرمائیں ، فرمایا ، مجھے اس کا بھی سلیقہ نہیں ، آپ اپنے لوگوں کے ذریعے تقسیم کرا دیں ، یہاں سے بانٹتے چلے جایئے قلعہ تک پہنچتے پہنچتے ختم ہو جائے گی ، نہ ختم ہوگی تو وہاں جا کر ختم ہو جائے گی ایسے ہی سینکڑوں قصے ہیں۔

یہ مثالیں تھیں ، جو لوگوں کے دلوں میں گرمی پیدا کرتی تھیں ، دنیا کی ، مال کی محبت فطرت انسانی ہے۔

''وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَیْرِ لَشَدِیْدٌ''

مال کی محبت انسان کی فطرت میں داخل ہے، لیکن اس کے مقابلہ میں یہ مثالیں جب آتی تھیں ، استغنا کی ، بے نیازی کی ، دنیا کے جاہ و حشم سے بے رغبتی کی تو لوگوں میں ایمان تازہ ہو جایا کرتا تھا ، اور قوت مقابلہ ابھر آتی تھی ، اور پھر مسلم معاشرہ تنکے کی طرح نہیں بہتا تھا ، جیسے آج بہتا ہے۔

خواص کے لئے صرف حیات و حرکت ہی کافی نہیں ، بلکہ حرارت بھی ضروری ہے ، اور

حرارت کہاں سے پیدا ہوتی ہے، حرارت پیدا ہوتی ہے ذکر اللہ سے، حرارت پیدا ہوتی ہے، دعا اور مناجات وتوکل سے، اللہ کے راستہ میں تکلیف اور کچھ مجاہدہ کرنا پڑے تو دل میں حرارت پیدا ہوتی ہے، یہ فقر وقناعت کے قصے جو آپ تاریخ میں پڑھتے ہیں ،انہوں نے کسی مجبوری سے اس کو نہیں اختیار کیا تھا، یہ ان کے دل کی آواز تھی، اور اس مجبوری سے ضرور اختیار کیا تھا کہ وہ اپنے دل سے مجبور تھے، یعنی اندر سے کوئی ان سے یہ کہتا تھا کہ نہیں یہ نہیں ہوسکتا، ہم دولت کے بندے نہیں ہیں، ہم طاقت واختیار کے بندے نہیں ہیں۔

اس کی ضرورت ہے کہ یہ خواص کا طبقہ باقی رہے، اپنی خصوصیات کے ساتھ اس میں زندگی رہے۔ اس میں حرکت رہے، اس میں حرارت ہے، اور کوئی جگہ کوئی مقام اللہ کے ان بندوں سے خالی نہ ہو، جن کو کوئی تہمت نہیں لگا سکتا تھا کہ یہ بک گئے، ہزار تہمتیں سہی، فلاں نے غلطی کی، فلاں کے علم میں فلاں کمی ہے، فلاں چیز نہیں بتائی، لیکن یہ کہ بک گئے، کسی کو یہ تہمت نہ لگائی جاسکے، یہ سمجھئے کہ امت کی حفاظت کا گر ہے کہ ایک ہی دو آدمی چاہے ہوں، لیکن ایسے ہوں کہ شکوک وشبہات سے بالاتر ہو چکے ہوں۔

''مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ مِنْ سُوْءٍ''

جو حضرت یوسفؑ کے متعلق امراۃ العزیز نے یہ بات کہی تھی، جب بادشاہ نے پوچھا کہ آخر قصہ کیا ہے؟ تمام شہر میں چرچا ہے، تو اس نے کہا۔

سچی بات یہ ہے کہ کوئی کمزوری ہم نے اس میں نہیں دیکھی، تو آج بھی امراۃ العزیز ہی کا مقابلہ ہے، دولت کو امراۃ العزیز زلیخا کہہ لیجئے، طاقت کو زلیخا کہہ لیجئے، اور یوسفؑ مصری، یوسف عزیز کون ہیں؟ دین! کو ایسا ہونا چاہئے کہ کوئی اس کو خرید نہ سکے، اور سب شہادت دیں کہ۔

''مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ مِنْ سُوْءٍ''

در و دیوار سے یہ آواز آئے کہ کھرا سونا ہے، جس کا جی چاہے پرکھ لے، سچی بات یہ ہے کہ امت کا مزاج جو اس وقت تک باقی ہے، یہ انہیں بندگان خدا، اور اہل دل کی وجہ سے ہے کہ جن کی وجہ سے یہ امت ہوا میں اڑ نہیں گئی جیسی اور امتیں خشک پتوں، تنکے کی طرح اڑ گئیں، یا پانی میں بہہ نہیں گئی جیسی اور امتیں خس وخاشاک کی طرح بہہ گئیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ اس ملت کی ہدایت اور اس کا دینی احتساب کا کام جاری ہو، نمازوں میں ترقی ہو رہی ہے، اس پر نظر ہو کہ تناسب کم ہو رہا ہے؟ یا بڑھ رہا ہے، مسجدیں خالی ہو رہی ہیں کہ بھر رہی ہیں؟ قمار خانے زیادہ آباد ہیں کہ مسجدیں زیادہ آباد ہیں؟ مسلمانوں میں کوئی نئی بیماری تو نہیں پھیل گئی، مثلاً شراب نوشی، قمار بازی کی، یا کسی خراب عادت اور بیماری کی ترقی تو نہیں ہے؟ اس سب کی فکر رکھنا، اور اس سے متفکر اور غمگین ہونا، اس کا صدمہ ہونا کہ مسلمانوں میں یہ چیز غلط پھیل رہی ہے، اچھی چیز ختم ہو رہی ہے، خواص امت کا فریضہ اور طبعی وظیفہ ہے، یہ تبلیغی جماعت کا بڑا کارنامہ ہے کہ اس نے خواص کو عوام تک پہنچا دیا، پہلے عوام کو خواص کے پاس لاتے تھے، اس نے خواص کو عوام سے جوڑ دیا، میں یہ نہیں کہتا کہ یہی واحد طریقہ ہے لیکن عوام سے ربط ہونا چاہئے، ان کے پاس جانا چاہئے محلوں اور گلیوں میں جانا چاہئے۔ تاکہ دیکھا جا سکے کہ دین بڑھ رہا ہے، یا گھٹ رہا ہے، ترقی ہے کہ تنزلی ہے، کیا چیز نئی پیدا ہوئی، اکبر الہ آبادی مرحوم نے کہا ہے۔

نقشوں کو تم نہ جانچو لوگوں سے مل کے دیکھو
کیا چیز جی رہی ہے کیا چیز مر رہی ہے

اسی پر اپنی بات کو ختم کرنا چاہتا ہوں اللہ پاک ہمیں اپنے دین کی خدمت کیلئے قبول کرے!

**اللھم آمین و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین**

# سیاسی آزادی لیکن تہذیبی غلامی

یہ تقریر ۲۶ جون ۱۹۶۹ء یوم پنجشنبہ آٹھ بجے شب کولیڈس یونیورسٹی (۱) کی یونین ہال میں کی گئی۔ ہال برصغیر ہندو پاک کے طلبہ اور عرب نوجوانوں سے بھرا ہوا تھا، حضرت مولانا قدس سرہ نے عرب نوجوانوں کو الگ خطاب کیا۔ یہاں پر صرف اردو تقریر ٹیپ کی مدد سے پیش کی جاتی ہے۔

الحمد للہ رب العٰلمین والصلٰوۃ والسلام علی سید الانبیاء والمرسلین وخاتم النبیین محمد وعلی آلہ وصحبہ اجمعین ومن تبعھم باحسان ودعیٰ بدعوتھم الی یوم الدین .امابعد !

میرے بھائیو ! مجھے بڑی مسرت ہے کہ آج آپ کی موقر یونیورسٹی میں آپ سے گفتگو کرنے کا موقع مل رہا ہے، مجھ جیسا طالب علم اور ایک ایسا آدمی جو خاص خیالات رکھتا ہے اور کچھ باتیں اپنے عزیز دوستوں سے کہنا چاہتا ہے وہ ایسے موقع کو غنیمت سمجھے گا ہوسکتا ہے کہ ایسے مواقع آپ کے لئے نادر نہ ہوں، لیکن میرے لئے یقیناً بہت غنیمت ہے کہ مجھے ایک تعلیم یافتہ مجمع سے اور اپنے عزیز دوستوں سے بات کرنے کا موقع مل رہا ہے۔

## مشرق سے مغرب کا تعارف:

آپ کو معلوم ہے کہ مغربی تہذیب کا تعارف ہمارے مشرقی ممالک سے انیسویں صدی کی ابتدا میں ہوا، مغربی تہذیب درحقیقت اسی صدی کے اوائل میں اس قابل ہوئی تھی کہ مشرق کی طرف بڑھے اور اس کو کچھ دے سکے، اس وقت قرون مظلمہ کی (جس کو تاریخ میں

(۱) یہ انگلستان کے مشہور شہر لیڈس (LEEDS) میں واقع ہے، اور اسی کی طرف منسوب ہے۔

<DARK AGES> کے نام سے یاد کیا جاتا ہے )یورپ میں تاریکی چھٹی اور اس کو آزادی کے ساتھ اپنا سفر طے کرنے اور علم و تجربہ کے میدان میں پیش قدمی کرنے کا موقع ملا، اس کے بعد اس نے مشرق کی طرف نظر اٹھائی اس سے پہلے بعض عرب ممالک یعنی خلافت عثمانیہ کے بعد مقبوضات کی طرف کچھ مغربی طاقتیں بڑھ چکی تھیں لیکن وہ زیادہ قابل ذکر واقعہ نہیں، مغربی تہذیب کا اصل تعارف اس وقت ہوا جب ہندوستان اور مصر براہ راست ایک عظیم مغربی قوم کے تسلط میں آئے، ہندوستان، مصر اور ترکی یہ تین ممالک ایسے تھے، جو مختلف حیثیتوں سے نہ صرف دنیائے اسلام میں بلکہ اس وقت کی معاصر دنیا میں بڑی اہمیت رکھتے تھے۔

## ہندوستان:

ہندوستان کی اہمیت یہ تھی کہ وہ ایسی کثیر تعداد مسلمان قوم کا وطن تھا، مسلمان وہاں ایک بڑی تعداد میں رہتے تھے، اور بڑی شان وشوکت کے ساتھ صدیوں تک وہاں حکومت کر چکے تھے، انہوں نے اسلامی علوم میں بہت بڑا اضافہ کیا تھا، انہوں نے اپنی ذہانت اور اپنے علم و فضل اپنے علمی شغف اور اپنی صلاحیت کا مختلف میدانوں میں بڑا ثبوت دیا تھا، ۱۸۵۷ء میں جب باقاعدہ انگریزی حکومت کا اقتدار ہندوستان پر قائم ہوگیا، اور ایسٹ انڈیا کمپنی (EAST INDIA COMPANY) کے بجائے وہاں پر منظم اور باقاعدہ حکومت قائم ہوگئی تو یہ سمجھا جانے لگا کہ اب ہندوستان انگریزی اقتدار کے قبضے میں رہے گا۔

## مصر:

مصر کی اہمیت یہ تھی کہ وہ عربی زبان اور عربی علوم کا بہت بڑا مرکز تھا وہاں جامع (ازہر موجود تھا) اور وہاں کے علماء، ادباء، شعراء اور وہاں کی کتابیں عالم اسلام میں بہت وقعت کی نگاہ سے دیکھی جاتی تھیں۔

## ترکی:

ترکی کے متعلق بھی مجھے زیادہ کہنے کی ضرورت نہیں، وہ خلافت کا مرکز تھا اور بڑی حوصلہ مند باصلاحیت اور جواں مرد قوم وہاں رہتی تھی جس نے دنیا کی تاریخ میں بہت بڑا کردار ادا کیا تھا　ان تین ملکوں کا جب مغربی تہذیب سے تعارف ہوا تو ان کے لئے یہ ایک نیا تجربہ اور

تاریخ کا ایک نیا موڑ تھا، اس کو آپ خوش قسمتی کہئے یا بدقسمتی، بلکہ شاید خوش قسمتی بھی تھی اور بد قسمتی بھی۔ بدقسمتی اس لحاظ سے کہ یہ تینوں ممالک قریب قریب ایک ہی وقت میں انگریزی اقتدار سے متاثر ہوئے ہندوستان پر تو براہ راست انگریزوں کا قبضہ ہوگیا اور مصر میں بھی انتداب کے نام سے اور قرض وصول کرنے کے عنوان سے انگریزوں نے اپنے نمائندے مسلط کردیئے، ترکی پر براہ راست اثر تو نہیں پڑا لیکن انگریزی سیاست کا یہ ملک بھی بڑا شکار ہوا ،اس لئے حقیقت میں مشرق کا تعارف مغربی تہذیب سے اسی قوم کے ذریعہ ہوا جس قوم کا یہ وطن ہے جہاں آج ہم آپ جمع ہیں آج مؤرخین اسی قوم کے متعلق یہ بات کہہ رہے ہیں کہ مشرق کو پہلا زخم اس سے لگا، اس کو اپنی پستی، اپنی پسماندگی اور سیاسی وفوجی کمزوری کا پہلا احساس اسی قوم کے ذریعہ ہوا جو اس سرزمین سے تعلق رکھتی ہے، یہ انیسویں ۱۹ صدی کے اوائل یا وسط کا زمانہ تھا اس کے بعد آپ کو معلوم ہے کہ ہمارے ان ممالک میں آزادی کی تحریک شروع ہوئی اور اس میں تقریبا تمام ملکوں نے براہ راست مغربی اقتدار سے نجات حاصل کرلی، ان میں ہندوستان کو میں اس لئے اہمیت دیتا ہوں کہ اس وقت حاضرین کی بڑی تعداد اس برصغیر سے تعلق رکھتی ہے، یہ دور تو ختم ہوگیا اور اس کو ختم ہوجانا چاہئے تھا اس لئے کہ یہ دور غیر فطری تھا، سات سمندر پار سے کوئی قوم آئے اور کسی زرخیز ملک، کسی بڑی وسیع رقبہ پر اس ملک کے باشندوں کی مرضی کے خلاف حکومت کرے یہ بالکل غیر فطری عمل تھا اور اس میں باقی رہنے کی قدرتی صلاحیت نہ تھی اور اگر اس وقت تھی، تو کچھ دنوں کے بعد ختم ہونے والی تھی اور اس لحاظ سے انگریز بھی اپنے معاصر فرانسیسیوں کے مقابلہ میں حقیقت پسند کہے جاسکتے ہیں کہ انہوں نے جلد ہی اس حقیقت کو تسلیم کرلیا اور ان ملکوں کو آزادی دے دی۔

## سیاسی آزادی لیکن تہذیبی غلامی:

ان ملکوں نے سیاسی آزادی تو حاصل کرلی اور اس آزادی سے آج ہندوستان اور پاکستان دونوں فائدہ اٹھارہے ہیں، لیکن اس تہذیب کی ذہنی، اخلاقی اور دماغی غلامی سے ابھی تک ان کو نجات نہیں حاصل ہوئی، آپ میں سے جن حضرات کا موجودہ حالات کا گہرا مطالعہ ہے وہ اس سے اتفاق کریں گے کہ سیاسی آزادی حاصل کرنے کے بعد ذہنی غلامی اور علمی غلامی کی زنجیریں اور زیادہ مضبوط ہوگئیں، اس کے اسباب کیا تھے، یہ بحث طویل ہے اور بعض لوگوں

نے اپنی کتابوں میں اس کو تفصیل سے لکھا ہے مجھے بھی اپنی ایک ناچیز تصنیف (۱) میں اس پر اظہار خیال کرنے کا موقع ملا ہے لیکن یہ واقعہ ہے کہ جتنے ممالک آزاد ہوتے چلے جارہے ہیں ،وہ سیاسی طور پر تو آزاد ہو رہے ہیں ،لیکن ذہنی فکری اور علمی طور پر زیادہ غلام ہوتے جارہے ہیں، اب آپ یہ فیصلہ کر سکتے ہیں کہ ان دونوں راستوں میں سے کون سا راستہ بہتر تھا، یعنی سیاسی آزادی اہم تھی یا ذہنی اور فکری آزادی زیادہ اہم تھی، میں سیاسی غلامی کی تو کسی طرح حمایت نہیں کر سکتا، بلکہ کوئی شخص اس کے سوچنے کی جرأت بھی نہیں کر سکتا، ایک شخص بھی ایسا نہیں ملے گا جو بدیشی اقتدار اور غیر ملکی حکومت کی طرف سے مدافعت کرے اور اس کو حق بجانب ثابت کرے یا اس کے لئے کلمۂ خیر کہے اگر ایسا ہوگا تو یہ قوم کی طفلانہ اور غلامانہ ذہنیت سمجھی جائے گی ،میں ایک منٹ بھی اس کا تصور نہیں کر سکتا۔

لیکن بڑے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ تمام مشرقی ممالک جس میں ہندوستان پاکستان بھی شامل ہیں ،اور کسی حد تک (عرب دوستوں سے معذرت کے ساتھ ) وہ عرب ممالک اس میں پیش پیش ہیں ، جواب تک حقیقی آزادی کے مفہوم سے آشنا نہیں ،ان کو ابھی تک حقیقی آزادی کا ذائقہ چکھنے کا موقع نہیں ملا ،وہ جس دن بلکہ جس گھڑی سے آزاد ہوئے اس گھڑی سے انہوں نے اپنے گلے میں غلامی کے ایسے بھاری طول وسلاسل ڈال لئے اور فکری ،علمی، سیاسی اور اقتصادی حیثیت سے انہوں نے اپنے کو مغرب کا ایسا دست نگر بنا دیا کہ سوائے اس کے کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ اس ملک میں اس ملک کی رہنے والی قوم حکومت کر رہی ہے اور عہدے کسی غیر قوم کے پاس نہیں ہیں ،اس کے سوا کسی معنی میں بھی ان قوموں کو آزاد نہیں کہا جا سکتا۔

## ہم دینی تحقیقات میں بھی مغرب کے دست نگر ہیں:

اس وقت صورت حال یہ ہے کہ ہم علم مغرب سے لیتے ہیں ،زندگی کا معیار مغرب سے لیتے ہیں ، یہاں تک کہ ہم دینی نظریات اور دینی تحقیقات بھی مغرب سے لیتے ہیں اس وقت علوم اسلامیہ میں بھی انہی مغربی یونیورسٹیوں کی نظر دیکھی جاتی ہے، مستشرقین کا لوہا نہ صرف

(۱) مسلم ممالک میں اسلامیت و مغربیت کی کشمکش۔

مغرب میں بلکہ مشرق میں بھی مانا جاتا ہے اور یہ سمجھا جاتا ہے کہ مستشرقین جو کچھ کہہ دیں وہ حرف آخر ہے، اور اس پر کسی تبصرہ کا کوئی جواز نہیں، یہ وہ صورت حال ہے، جس سے اس وقت کوئی اسلامی ملک مستثنیٰ نہیں، اس کا نتیجہ یہی ہے کہ حقیقی آزادی سے فائدہ اٹھانے کا ان ملکوں اور قوموں کو ابھی تک موقع نہیں مل سکا، ان کے دماغوں پر مغرب کا تفوق، مغرب کے نظریات، اور زندگی کے مغربی نقطہ نظر کا اتنا بڑا بوجھ رکھا ہوا ہے کہ اس بوجھ کے نیچے یہ قومیں دبی بلکہ پچلی جارہی ہیں، بعض ایسے بھی خوش قسمت ملک ہیں کہ وہاں کی کل آبادی مسلمان ہے، لیکن انہوں نے ابھی تک اپنی زندگی کا کوئی ایسا نقشہ نہیں بنایا جو ان کے معتقدات اور ان کے مسلمات (یعنی جن چیزوں کو وہ تسلیم کرتے ہیں اور طے شدہ عقیدہ سمجھتے ہیں) اس کے وہ مطابق ہو، ذہنی انتشار میں مبتلا ہیں، جس کا نتیجہ سوائے کمزوری اور پراگندگی اور سوائے بے اعتمادی اور کشمکش کے کچھ اور نہیں ہوسکتا۔

## فاسد قیادت:

ایک اور بڑی کشمکش ان ملکوں میں یہ برپا ہے کہ ان ملکوں کی زمام قیادت یعنی ان کی باگ ڈور جن کے ہاتھ میں ہے وہ مغربی نظریات پر پورا پورا عقیدہ رکھتے ہیں گو ان کا نام مسلمانوں کا ہے ان کی رگوں میں مسلمانوں کا خون ہے وہ بہت اچھے اور قابل فخر خاندانوں سے تعلق رکھتے ہیں، ان کو اسلام سے انکار بھی نہیں لیکن ان کا ذہن ان کا عقیدہ بالکل مغربی سانچہ میں ڈھلا ہوا ہے، اور جن قوموں سے ان کا واسطہ ہے ان کی بدقسمتی کہئے یا خوش قسمتی کہئے سیدھے سادے مسلمان ہیں، وہ اللہ رسول پر عقیدہ رکھتے ہیں، ان کو یہ یقین ہے کہ مرنے کے بعد ایک زندگی آنے والی ہے وہاں جنت ہے دوزخ ہے، وہاں ہر عمل کا حساب دینا ہوگا، یہاں کا عیش بھی فانی یہاں کی راحت بھی فانی اور یہاں کی تکلیف بھی فانی ہے، ان کے سامنے وہ مقاصد ہیں جو مادی مقاصد سے بالاتر ہیں، وہ سمجھتے ہیں کہ صرف کھاپی لینا اور صرف اچھی مرفہ الحال اور آسودہ زندگی گزار لینا منزل مقصود نہیں بلکہ اچھا انسان بننا، خدا سے ڈرنا، نیکی اختیار کرنا، برائی سے بچنا اور صاف ستھری پاکیزہ زندگی اختیار کرنا، رسول اللہ ﷺ کی سنت اور شریعت کے مطابق عمل کرنا ان کے اسوہ اور نمونے پر چلنا، انسانیت کی خدمت کرنا، ساری دنیا میں اسلام کا پیغام پہنچانا، انسانیت جن مشکلات سے دوچار ہے اس میں اس کی مدد کرنا وہ اصل کام ہے جو

ایک مسلمان کا شایان شان ہے۔

لیکن جن لوگوں کے ہاتھ میں حکومت کی باگ ڈور ہے، وہ زندگی کا بالکل ایک دوسرا نقطۂ نظر رکھتے ہیں، ان کا عقیدہ بہت سی اسلامی حقیقتوں پر سے متزلزل ہو چکا ہے۔ ان کو بہت سی چیزوں میں شک ہے یہ جو کچھ ہم دیکھ رہے ہیں اس کے پیچھے کوئی اور دنیا ہے، اس شہود کے پیچھے کوئی غیب ہے، اس زندگی کے بعد کوئی اور زندگی ہے اور ان چیزوں کے علاوہ جن سے آدمی کو لذت وعزت حاصل ہو رہی ہے کچھ اور حقیقتیں ہیں جن سے آدمی کو لذت حاصل ہو سکتی ہے، جن سے اس کو سکون اور خوشی حاصل ہو سکتی ہے، اس قسم کی کوئی چیز ان کے سامنے نہیں ہے، اس وقت ہمارے مشرقی ممالک میں ایسی معمولی کشمکش بلکہ زیادہ صحیح الفاظ میں غیر ضروری کشمکش برپا ہے، جس میں بہت بڑی انرجی ضائع ہو رہی ہے، کل میں اپنے عرب دوستوں سے کہہ رہا تھا کہ ہماری مشرقی قومیں وہ ہیں کہ اگر ان کو صحیح قیادت مل جائے اور صحیح رہنما میسر آ جائیں جو ان کی اندرونی صلاحیتوں سے واقف ہوں، ان کے اندر خدا نے جو نا قابل تسخیر طاقتیں رکھی ہیں، ان کے اندر زندگی کا جو جوش ہے، قربانی کا جو جذبہ ہے، ایثار کا جو مادہ ہے، جس چیز کو یہ صحیح سمجھ لیں اس پر مٹ جانے کی جو صلاحیت ہے اگر ہمارے ان ممالک کے رہنما ان کی ان مخفی اور پوشیدہ طاقتوں سے واقف ہو جائیں اور وہ اس سے باخبر ہوں کہ ان قوموں کا مزاج کیا ہے؟ ان کا خمیر کیا ہے؟ ان قوموں کا نشوونما کس طرح ہوا ہے؟ ان کی تاریخ کیا ہے؟ تو یہ اتنی بڑی طاقت بن سکتی ہیں کہ اس طاقت کا کوئی مقابلہ نہیں کر سکتا۔

## ایمان کی طاقت:

ان مشرقی ممالک کے اندر اگر کوئی طاقت ہے تو وہ ایمان کی طاقت ہے وہ طاقت اس بات کی ہے کہ خدا کا نام لے کر ان سے بڑے سے بڑا کام لیا جا سکتا ہے خدا کے نام میں انکے لئے اب بھی اتنی کشش ہے کہ یہ قومیں اس پر اپنی جان، اپنی اولاد، اپنا گھر بار سب قربان کر سکتی ہیں، خدا کے نام میں، شہادت میں، جہاد کے لفظ میں، اسلام کی خدمت کے نعرہ میں ان کے اندر اتنی کشش ہے، اور ایسی مقناطیسی طاقت ہے کہ اس موقع پر ان کو اپنا ہوش باقی رہ سکتا ہے اور اس وقت ان کا مقابلہ آسان نہیں ہوتا۔

## عالم اسلام کے قائدین:

لیکن افسوس ہے کہ جولوگ ان یونیورسٹیوں سے تیار ہوکر جاتے ہیں وہ سب سے واقف ہوتے ہیں، لیکن خود اپنی قوموں کی صلاحیتوں سے واقف نہیں ہوتے بلکہ اپنے سے بھی واقف نہیں ہوتے، مجھے آپ اس صاف گوئی پر معاف کریں، اقبال نے شائد اسی موقع کے لئے کہا تھا ...... ع

اپنے من میں ڈوب کر پا جا سراغ زندگی
تو اگر میرا نہیں بنتا نہ بن اپنا تو بن

یہاں سے جولوگ جاتے ہیں، وہ جہاں تک دنیا کے جغرافیہ، تاریخ اور جدید نفسیات، قوموں کی نفسیات، انسان کی نفسیات کا تعلق ہے اور جو کچھ بھی یہاں انہوں نے پڑھا ہے، اس کی باریک سے باریک باتوں سے وہ واقف ہوتے ہیں لیکن اگر کسی چیز سے واقف نہیں ہوتے تو اپنی قوموں کی فطرت سے، جس سوسائٹی میں وہ جارہے ہیں، جس ماحول میں ان کو کام کرنا ہے، جن انسانوں میں ان کو رہنا ہے، جن لوگوں سے ان کو کام لینا ہے، جوان کے ہاتھ پاؤں ہیں، جوان کے ہتھیار ہیں ان سے وہ پورے طور پر واقف نہیں ہوتے، وہ یہ نہیں جانتے کہ ان کے اندر کون سا خزانہ دفن ہے ان کے اندر وہ کیا برقی طاقت ہے، جس نے دنیا کا تختہ ہلا کر رکھ دیا تھا، اوراس کا مقابلہ دنیا کی ساری طاقتیں مل کر بھی نہیں کرسکی تھیں۔

## دل کی زبان:

آج بھی ہماری ان مشرقی قوموں میں وہ طاقت موجود ہے، ایمان کی طاقت! لیکن یا تو ہمارے یہ قائدین ایمان سے آشنا نہیں ہوتے یا پھر وہ ایمان کی زبان نہیں جانتے یعنی ان کے دل کی زبان نہیں جانتے، وہ ان کے دماغ کی زبان تو جانتے ہیں وہ زبان تو وہ جانتے ہیں جن سے وہ ان کے دماغوں کو سنا سکیں اور مجھے تو اس میں بھی شبہ ہے کہ وہ ان کے دماغوں کو بھی سنا سکتے ہیں؟ ہاں البتہ ان کے کانوں کو ضرور سنا سکتے ہیں، مگر دل کی زبان سے وہ بالکل نا آشنا ہیں، وہ ان سے اس زبان میں بات نہیں کرسکتے جو سیدھی ان کے دل کی گہرائیوں میں اتر جائے جوان کے دل کے ساز چھیڑ دے، جوان کو دیوانہ اور مجنوں بنادے، جوان کو ہتھیلی پر سر رکھ کر

میدانوں میں لے آئے ، ایمان کی زبان ، قرآن کی زبان ، صحابہ کی زبان ، جب تک کوئی شخص کسی کی زبان نہ جانے وہ اس سے کیسے بات کر سکتا ہے ، میں اگر یہاں کے انگریزی فضلاء سے بات کرنا چاہوں اور مجھے انگریزی پر قدرت نہ ہو اور وہ میری زبان نہ سمجھتے ہوں تو ''زبان یار من ترکی و من ترکی نمی دانم'' کا منظر ہوگا۔

ان قائدین کا حال بھی کچھ یہی ہے ، وہ ان سے اس طرح بات کرتے ہیں جیسے مغربی قوموں سے بات کرنا چاہئے حالانکہ ان کو سمجھنا چاہئے کہ وہ رسول اللہ ﷺ پر ایمان رکھنے والوں سے بات کر رہے ہیں ، وہ ان قوموں سے بات کر رہے ہیں جن کو سب سے زیادہ جو چیز تڑپانے والی ، حرکت میں لانے والی ان میں جوش پیدا کرنے والی ، بیماروں کو بستر مرگ سے اٹھا کر اور ضعیفوں اور اپاہجوں کو جوانوں کی طرح سرپٹ دوڑانے والی ہے ، وہ یہی ایمان کی زبان ہے ، وہ یہ ہے کہ ان کو یہ معلوم ہو کہ آپ بھی ان حقیقتوں پر ایمان رکھتے ہیں ، آپ کے لئے بھی یہ حقیقتیں لذیذ ہیں ، یہ مقاصد عزیز ہیں آپ بھی مسلمان ہیں وہ بھی مسلمان ہیں ، مسجدوں میں جا کر آپ ان سے بات کر سکیں آپ ان سے ان کے محلوں میں جا کر بات کر سکیں اور صرف بات کرنا نہیں بلکہ اس زبان میں بات کر سکتیں جس کو وہ خوب سمجھتے اور چودہ سو برس سے سمجھتے چلے آرہے ہیں۔

میں ہرگز یہ پوزیشن اپنے لئے قبول نہیں کر سکتا کہ میں جدید علوم کی مخالفت کروں ، آپ کو ان یونیورسٹیوں میں زیادہ سے زیادہ تعلیم حاصل کرنا چاہئے بلکہ ہم تو آپ کو اور آپ کے والدین کو مبارکباد دیں گے بلکہ دیتے ہیں واقعہ یہ ہے کہ ہمارے مسلمان نوجوان کو جدید علوم میں بڑے سے بڑا مرتبہ حاصل کرنا چاہئے ، ان کو ان میں اتھارٹی بننا چاہئے اور بڑے محقق کا درجہ حاصل کرنا چاہئے یہ موجودہ وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔

## مقصد اور وسائل کا فرق :

لیکن میرے عزیزو اور دوستو آپ جانتے ہیں کہ مقصد اور وسیلہ میں زمین و آسمان کا فرق ہوتا ہے میری یہ چھڑی بڑی کارآمد چیز ہے ، میں اس سے ٹیک لگاتا ہوں مجھے یہ سہارا دیتی ہے ، میں اس سے مدافعت بھی کر سکتا ہوں مگر چھڑی بجائے خود مقصد نہیں اگر اس سے بہتر چیز مجھے ملے یا میں اس سے بے نیاز ہوسکوں تو میں خود بخود اس کو چھوڑ دوں گا ایک زمانے میں اس سے

ہتھیار کا کام لیا جاتا تھا لیکن اس سے زیادہ کارگر اور موثر ہتھیار ایجاد ہوئے تو لوگوں نے اس کو چھوڑ کر بندوق لے لی۔

## قدیم وجدید کا فلسفہ:

اس لئے یہ جدید اور قدیم علم کی تقسیم بالکل غلط ہے، میں کبھی اس کا قائل نہیں رہا کہ علم جدید اور قدیم ہوتا ہے، علم ہمیشہ تازہ ہی ہوتا ہے وہ جس کو آپ قدیم کہہ رہے ہیں اپنے زمانے میں بالکل جدید تھا اور جسے آپ جدید کہہ رہے ہیں بالکل ممکن ہے وہ پچاس برس بعد ایسا قدیم ہوجائے کہ اس کا نام لینا بھی بڑے عیب اور شرم کی بات ہوجائے، یہ قدیم وجدید کی بحث بالکل لایعنی اور بہت سطحی بحث ہے، آپ زبانوں میں مہارت پیدا کریں، علوم میں کمال پیدا کریں، یہاں کے جتنے شعبے ہیں کیمسٹری سے لے کر انجینئری تک اور آرٹ، تاریخ، فلسفہ اور نفسیات سب میں بہت شوق سے آپ کمال پیدا کریں لیکن آپ اس کو ایک ذریعہ سمجھیں، آپ یہ سمجھیں کہ جس میدان میں آپ کو کام کرنا ہے، اس میدان میں آپ کو اس سے کام لینا ہے۔

## جسم مشرق میں لیکن دل ودماغ مغرب میں:

اس وقت ہمارے مشرقی ممالک میں جو انتشار ہے اور جس کو میں نے غیر ضروری کشمکش سے تعبیر کیا تھا اور جس پر بڑی طاقت ضائع ہورہی ہے، اس کی اصل وجہ یہی ہے کہ ہمارے قائدین مغربی دنیا میں رہتے ہیں یعنی وہ مشرق میں رہتے ہوئے بھی مغرب میں رہتے ہیں وہ جسم کے ساتھ مشرق میں رہتے ہیں، مگر دل ودماغ کے ساتھ مغرب میں رہتے ہیں، جن قوموں سے ان کا واسطہ ہے، جن میں ان کو جینا اور مرنا ہے، جن کے ساتھ ان کی قسمت وابستہ کردی گئی ہے وہ قومیں پکی مسلمان ہیں، اور ان سے اگر کوئی کام لیا جاسکتا ہے تو مسلمان کی حیثیت سے، آپ صحرائے افریقہ کی کسی ایسی قوم کے فرد نہیں ہیں، جس نے ابھی ابھی آنکھیں کھولی ہیں ایسی بہت سی قومیں افریقہ میں ہیں، میں ان کی تحقیر نہیں کرتا جنھوں نے ابھی ابھی دنیا دیکھی ہے ابھی ان کو معلوم ہوا ہے کہ دنیا میں کچھ اور بھی ہے، اب بھی بہت سی مردم خور قومیں موجود ہیں، کل ہی ایک صاحب مجھ سے فرمارہے تھے کہ فیجی (FEEJI) میں جب پہلا پادری پہنچا تو اس کو وہاں کے لوگوں نے بر کتا کباب بنا کر کھالیا اور اس پادری کے بوٹ کو

برکت کے طور پر ابال ابال کر اس کا سوپ پیتے رہتے ،تو آپ کسی ایسی قوم کے فرد نہیں جس کی کوئی تاریخ نہ ہو، کوئی عقیدہ نہ ہو، کوئی ماضی کوئی تہذیب نہ ہو کوئی ایسی قوم نہیں جو ایک دم سے تاریکی سے روشنی میں آ گئی ،اور یہاں آتے ہی اس کی آنکھیں خیرہ ہوگئیں کہ یا اللہ یہ ترقیاں ،یہ ایجادیں ،یہ بجلی کی روشنی، یہ ہوائی جہاز ،یہ آٹو میٹک کرشمے اور یہ نئی تحقیقات اور یہ لندن کا شہر اور یہ انسان کا ترقی یافتہ ملک کیا عجوبہ ہے! آپ یقین کیجئے آپ کسی خانہ بدوش اور صحرائی قوم کے فرد نہیں ہیں۔

## آپ اس امت کے فرد ہیں جس نے انسانیت کو نجات دی:

میرے بھائیو ! آپ اس قوم کے فرد ہیں جس نے ایک زمانہ میں عام دنیا کی قیادت کی ہے جس نے انسانیت کی ڈوبتی ہوئی کشتی کو تیرایا ہے، میں کل ہی اپنے عرب دوستوں سے کہہ رہا تھا کہ جس وقت انسانیت کی کشتی ڈوب گئی اور دلدل میں پھنس گئی اور کوئی اس کا نکالنے والا نہ تھا تو یہی امت مسلمہ اور یہی عرب جو سب سے پہلے اسلام قبول کرنے والے تھے آگے بڑھے اور انہوں نے اس کشتی کو دلدل سے نکالا اور آج ہم آپ اس کشتی میں بیٹھے ہوئے اپنا سفر طے کر رہے ہیں، آپ ایک ایسی قوم کے فرد ہیں جس کو مغرب سے اصولی اختلاف ہے، جو اس مغرب کی حقیقتوں پر آنکھ بند کر کے ایمان نہیں لائی ، ہمارے قائدین کی کوتاہی اور مشرقی قوموں کی پست ہمتی کہ ہم نے علوم کے میدان میں ترقی نہیں کی ،اس کے برخلاف یورپ نے اس میں خاطر خواہ فتوحات حاصل کیں ، یہ ہماری بدقسمتی تھی ،ورنہ اصل میں دنیا کی رہنمائی اور دنیا کی اتالیقی اور نگرانی ہمارے سپرد تھی اور میں دعویٰ کے ساتھ آپ سے کہتا ہوں کہ آج بھی صرف مسلمان ہی اس قابل ہیں کہ وہ دنیا کی رہنمائی کریں ان مغربی قوموں کی رہنمائی کا حشر تو ہم نے آپ نے دیکھ لیا، انہوں نے انسانیت کا دامن ایجادات سے بھر دیا انہوں نے ناممکن کو ممکن کر کے بتا دیا، ایک یورپین فلاسفر نے بہت فخر کے ساتھ ایک ہندوستانی فلسفی سے کہا کہ اب ہم نے ایسے تیز رفتار ہوائی جہاز نکالے ہیں، جو بحر اٹلانٹک کو چند گھنٹوں میں طے کر لیتے ہیں ، وہ اس طرح دیر تک مغربی تہذیب کی کامیابی اور فتوحات کا قصیدہ پڑھتے رہے اور وہ ہندوستانی فلسفی بہت صبر وسکون سے سنتے رہے جب وہ کہہ چکے تو ہندوستانی فلسفی نے کہا ٹھیک ہے آپ نے فضائے آسمانی میں چڑیوں کی طرح اڑنا سیکھ لیا، اور پانی میں مچھلی کی طرح تیرنا

سیکھ لیا مگر ابھی تک آپ کو زمین پر آدمیوں کی طرح چلنا نہیں آیا، تو آج مغربی قوموں کا حال یہی ہے، بیشک انہوں نے ترقی کی ہے، لیکن ان کو اپنی منزل معلوم نہیں۔

## بنیادی حقیقت:

اصلی اور بنیادی حقیقت یہ ہے کہ انسان کیا ہے؟ اور انسان کی زندگی کا مقصد کیا ہے؟ انسان کس طرح زندگی گزار سکتا ہے؟ اس معاملہ میں یہ قومیں بالکل مفلس ہیں جس کا نتیجہ یہ ہے کہ آج یہ تمام فتوحات بچوں کا کھیل ہو کر رہ گئیں، مغربی تہذیب ایک ڈرامہ کھیل رہی ہے، جیسے کہ شکسپیر کے ڈرامے ہوتے تھے ہم اور آپ تماشائی ہیں دیکھ دیکھ کر خوش ہوتے ہیں کہ واہ واہ کیا ہوا میں اڑے اور کیا پانی پر چلے! لیکن ہوا کیا؟ انسان نے کتنی ترقی کی؟ انسانیت نے کتنی ترقی کی؟ دنیا میں امن کتنا پھیلا؟ محبت و بھائی چارہ کتنا عام ہوا؟ ایک دوسرے سے کتنا قریب ہوا؟ انسان نے انسان کو کتنا پہنچانا؟ دل کتنے روشن ہوئے؟ قلب کو سکون کتنا حاصل ہوا؟ انسان کو اپنی منزل کا کتنا پتہ چلا؟ انسان کے اخلاق درست ہوئے یا نہیں؟ ان کے اندر جو خراب اخلاق تھے دوسرے کو پھاڑنا اپنے بچوں کو پالنا، دوسرے کے گھروں کو لوٹ کر اپنا گھر بھرنا دوسروں کی جیب کاٹ کر اپنی جیب بھرنا، دوسروں کو ذلیل اور غلام بنا کر خوش ہونا اور اپنی فتح کے جھنڈے اڑانا اس میں کتنی کمی آئی ان قوموں نے اس دنیا کو منڈی سمجھ لیا ہے یا اقبال کے الفاظ میں ایک قمار خانہ اور جوا خانہ سمجھ لیا ہے، اور اس کے نتیجے میں دو جنگیں پہلی اور دوسری جنگ عظیم ہوئیں، میں پوچھتا ہوں کہ آخر اس کا نتیجہ کیا نکلا؟ ان ساری فتوحات سے، انسانیت کو کیا حاصل ہوا میں بالکل حقیقت پسند اور عملی آدمی کی طرح آپ سے پوچھتا ہوں کہ اس سے انسانیت نے اپنا اصلی سفر کتنا طے کیا اور دنیا کو کیا امن و سکون حاصل ہوا، اور انسان نے اپنے حقیقی مقصد میں کتنی کامیابی حاصل کی؟ آج آپ دیکھ رہے ہیں کہ قوموں کی باہمی عداوتیں کم نہیں ہوئیں بلکہ ایسی شدید ناانصافیاں ہو رہی ہیں، جسے کہتے ہیں ہاتھی نگل جانا، ایک فلسطین کا مسئلہ لے لیجئے زبردستی ترقی یافتہ قوموں نے اس سرزمین کے اصلی رہنے والوں کو جلاوطن کر کے ایک ایسی قوم کو وہاں لاکر بسایا اور ان کو وہاں رہنے اور اس کو اپنا قومی بنانے کا موقع دیا جو سینکڑوں نہیں ہزاروں برس سے اس ملک سے باہر ٹھوکریں کھا رہی مختلف ملکوں میں جا کر بس گئی تھیں ان کو لا کر عربوں کو چھاتی پر سوار کر دیا اور بار بار د

سے حق وانصاف کی اپیل کے باوجود دنیا کی عدالت سے آج تک انصاف نہیں ہوسکا، جس دنیا میں فلسطین جیسا واقعہ پیش آجائے ایسی صریح ناانصافی اور کھلی دھاندھلی کی جائے کیا پھر اس کے بعد بھی یہ ترقی یافتہ دنیا کہی جاسکتی ہے؟ پھر آج یہ امریکہ اور روس اور آپ کا برطانیہ، ان میں سے کسی کو یہ ہمت نہیں کہ کھڑے ہوکر حق سمجھ کر یہ کہے کہ عربوں کے ساتھ ناانصافی ہورہی ہے، اور ہم بالکل صریح ظلم کررہے ہیں، اور کیا آج برطانیہ میں انگلیوں پر گنے جانے والے بھی ایسی ہمت والے ہیں، جو کہیں کہ ہم نے عربوں سے جو وعدے کئے تھے، وہ بالکل بھلا دیئے اور یہ ایک ایسی بداخلاقی ہے جس کی نظیر دنیا کی تاریخ میں نہیں ملتی، ایسی کھلی ہوئی ناانصافیاں قوموں کے ساتھ، ملکوں کے ساتھ، بلکہ پوری انسانیت کے ساتھ ہورہی ہیں، اور انسانیت کے ساتھ نہایت خطرناک کھیل کھیلا جارہا ہے، یعنی وہ تخریبی طاقتیں تیار کی جارہی ہیں، اور ان میں ایک دوسرے سے مقابلہ اور ریس ہے جو ساری دنیا کو ایک گھنٹے میں نہیں چند منٹ میں ختم کرسکتی ہیں۔

آپ کو معلوم ہے کہ امریکہ کے پاس وہ ذرائع ہیں جن سے ایک گھنٹے میں پانچ چھ مرتبہ ساری دنیا تباہ ہوسکتی ہے، روس کے پاس اتنے نہیں تو اس سے کچھ کم ہیں اور اب تو چین نے بھی بنالئے ہیں، برطانیہ اور فرانس کے پاس بھی موجود ہیں، یعنی آگ کا کھیل شروع ہوگیا ہے، ابھی تک تو بچوں نے ہوا میں پتنگ (کنکوے) اڑائے تھے یہ ان کے ہوائی جہاز اور فضائی فتوحات تھیں، لیکن اب انہوں نے آگ اور آتش بازی کا کھیل شروع کردیا ہے، کسی ظالم نے ان کے ہاتھ میں چھرے اور ریزر دے دیئے ہیں جن سے وہ ایک دوسرے پر حملہ کر رہے ہیں، خدا جانے کس وقت کون کس کا گلا کاٹ دے۔

## اگر ہم یورپ سے کچھ لے سکتے ہیں تو اس سے بہتر دے بھی سکتے ہیں:

آج جن قوموں سے تعلق رکھتے ہیں، ان کا ایک معیار ہے، ایک مقصد زندگی ہے کچھ عقائد ہیں، ان کے سامنے ایک منزل ہے، وہ اس مغربی تہذیب پر کبھی مطمئن نہیں ہوسکتے، بے شک آپ اہل مغرب سے علوم حاصل کیجئے ان کی زبانوں میں مہارت پیدا کیجئے یہاں آکر تاریخ کا وسیع مطالعہ کیجئے میں یہاں تک بھی آپ سے کہہ سکتا ہوں کہ اسلامی علوم کے

بارے میں آپ ان کے نظریات معلوم کیجئے اس سے بھی آپ فائدہ اٹھا سکتے ہیں، لیکن آپ یہ نہ سمجھئے کہ یہ امام برحق ہیں، اور آخری مثال ہیں، انسانیت اور دنیا ان کی رہنمائی کے بغیر رہ نہیں سکتی، اور مشرق کی جاہل نیم وحشی اور پسماندہ اقوام کے لئے یہ فرشتۂ رحمت ہیں، انہوں نے ہم کو سکھایا پڑھایا اور آدمی بنایا، اگر آپ ایسا سمجھیں گے تو اس سے بڑھ کر آپ کا اپنے او پر اور جن سے آپ کا انتساب ہے کوئی ظلم اور اپنی قوموں اور اپنی تاریخ کے ساتھ کوئی ناانصافی نہ ہوگی، آپ بے شک ان سے وہ چیزیں لیجئے جو آپ کو وہاں نہیں مل سکیں، لیکن آپ یہاں رہتے ہوئے بھی یہ سمجھئے کہ یہ بہت سی چیزوں میں کھوکھلے ہیں اور جیسے ہم ان سے بہت سے چیزیں سیکھ سکتے ہی، یہ بھی ہم سے بہت سی چیزیں سیکھ سکتے ہیں، اگر چہ اس کا فیصلہ اس وقت نہیں ہوسکتا اور شاید آپ کے لئے اس کا سمجھنا اور اس سے اتفاق کرنا آسان نہ ہو کہ آیا وہ چیزیں جو یہ بیماری مشرقی قوموں (مسلمانوں) سے سیکھ سکتے ہیں، زیادہ قیمتی ہیں یا وہ چیزیں جو ہم ان سے سیکھ سکتے ہیں؟ ہم جو چیزیں ان سے سیکھنے آئے ہیں وہ زیادہ قیمتی اور اہم ہیں یا وہ چیزیں جن کو سیکھنے کے لئے انہیں ہمارے پاس آنا چاہئے؟ میں اس وقت اس نکتہ پر زیادہ اصرار نہیں کروں گا آپ یہی مان لیں کہ جو چیزیں ہم ان کو سکھا سکتے ہیں وہ زیادہ قیمتی اور اہم ہیں اور جو چیزیں ہم ان سے سیکھتے ہیں وہ بہت غیر اہم اور حقیر ہیں، لیکن میں اس موقع پر اتنا ضرور کہوں گا کہ دو چیزیں ہم ان سے سیکھ سکتے ہیں　　تو چار چیزیں ہم ان کو سکھا سکتے ہیں، اس لئے کہ آپ جو ان کو دے سکتے ہیں اس سے ان کی زندگی یہاں بھی کامیاب ہوسکتی ہے، اور آخرت میں بھی (اس پر ہمارا عقیدہ ہے، اور عیسائیوں کا بھی عقیدہ ہے) کامیاب ہوسکتی ہے، اور یہ جو ہم کو دے رہے ہیں، اگر　　ملے تو زیادہ سے زیادہ ہمارا سفر ذرا دیر میں طے ہوگا ہم کو تھوڑی دقتیں ہوں گی ہمارا وقت ذرا زیادہ صرف ہوگا یہ حاصل ہے، ان کے دین کا اور وہ نتیجہ ہے ہمارے دین کا، اب آپ انصاف کیجئے کہ ہماری دین بڑھی ہوئی ہے یا ان کی؟ اسی پر اکتفا کرتے ہوئے آپ سے اجازت چاہونگا!

وماعلینا الا البلاغ المبین

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# زندگی گزارنے کا بہترین دستور عمل

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین وخاتم النبیین وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین اما بعد!

ایک ایسے عزیز بھائی اور دوست کے لئے یہ پیغام ریکارڈ کرا رہا ہوں جو یہاں سے بہت دور ہیں جن کو دیکھ کر بات چیت کرنی مشکل ہے۔

اصل میں ہماری کتاب ''دستور حیات'' کو مطالعے میں رکھنا چاہئے اس میں زندگی کا دستور العمل اور طریق کار آ گیا ہے، لیکن خصوصیت کی بناء پر اور پھر ان کی طلب اور خواہش پر چند متفرق باتیں ریکارڈ کرا رہا ہوں۔

پہلی بات یہ ہے کہ فرائض کی پابندی کی جائے، نمازیں اپنے وقت پر پڑھی جائیں اور بڑے اہتمام، بلکہ احترام کے ساتھ پڑھی جائیں۔ اللہ کی نعمت سمجھتے ہوئے ان کو ادا کیا جائے اور جہاں تک ہو سکے سنتوں کے مطابق ہو، صرف عبادات ہی میں نہیں، بلکہ عادات میں بھی ''ایمان واحتساب'' کی نیت شامل ہو۔ یعنی یہ استحضار اور ذہن میں یہ بات تازہ ہو کہ اس پر اللہ تعالیٰ کے کیا کیا وعدے ہیں اور اس پر اس نے کتنا ثواب مقرر کر رکھا ہے تو وہی عادت عبادت میں تبدیل ہو جاتی ہے صرف روزہ ہی کو لیجئے۔ کوئی بھی شخص روزہ شوقیہ یا تفریحاً یا عادۃً نہیں رکھتا اس لئے کہ اس میں کھانا پینا چھوڑنا ہوتا ہے۔ بھوک تکلیف گوارہ کرنی پڑتی ہے، بہت سی احتیاطیں برتنی پڑتی ہیں لیکن اگر یہی روزہ ماحول کے دباؤ سے یا لوگوں کی تعریف کے خیال سے یا عادۃً محض اس لئے کہ ہر مرتبہ رمضان میں روزہ رکھتے ہی ہیں اب کے روزے کیوں چھوڑے جائیں تو ایسے روزے میں وہ اجر و ثواب نہیں ہے، جس کا حدیث شریف میں وعدہ آیا ہے کہ:

من صام رمضان ایماناً واحتساباً غفر له ما تقدم من ذنبه .

جو شخص رمضان کے روزے رکھے گا اللہ کے وعدوں پر یقین جماتے ہوئے اور اس کے اجر وثواب کی لالچ میں تو اس کے سب پچھلے گناہ معاف ہو جائیں گے۔ معلوم ہوا کہ روزہ جیسا مجاہدہ اور پر مشقت چیز بھی آدمی عادۃ کر سکتا ہے اور اس سے غفلت ہو سکتی ہے کہ اس پر اللہ تعالیٰ کے کیا وعدے ہیں مثلاً یہ وعدہ کہ ہر چیز کا بدلہ ایک نیکی سے لے کر دس نیکیوں تک دیا جائے گا بلکہ سات سو نیکیوں تک بھی دیا جائے گا۔ سوائے روزے کے کہ وہ خاص میرے لئے ہے اور میں ہی اس کا اجر دوں گا تو معلوم ہوا کہ روزہ بھی اس طرح ہو سکتا ہے کہ آدمی کو نہ تو اللہ تعالیٰ کے وعدوں پر یقین ہو اور نہ اس کے اجر وثواب کا لالچ اور شوق ہو، بلکہ عادۃ یا ماحول کے اثر سے رکھے۔ یا اس ڈر سے رکھے کہ لوگ کیا کہیں گے کہ یہ آدمی روزہ خور ہے۔ اس کو شرم نہیں آتی۔ تو اگر روزہ بغیر کسی نیت کے ہو اور اللہ تعالیٰ کے وعدوں کا استحضار نہ ہو۔ اور اس کے اجر وثواب کی طمع اور لالچ نہ ہو، تو اس پر کوئی اجر وثواب نہیں۔

مجھے یاد ہے کہ ایک مرتبہ لکھنؤ ریڈیو اسٹیشن سے ہماری ایک تقریر جو ہم نے ریکارڈ کرائی تھی وہ سنائی جارہی تھی اور اتفاق سے اس وقت ہم کوئٹہ میں تھے۔ یہ تقسیم سے پہلے یعنی ۱۹۴۶ء کا ذکر ہے وہاں کے ایک بڑے ملٹری آفیسر نے جو مسلمان تھے انہوں نے افطار کی دعوت کی وہ بریلی کے رہنے والے تھے۔ ہم گئے تو وہ ہماری تقریر سن کر آئے تھے ہم تو نہیں سن سکے تھے تو انہوں نے کہا کہ آج ہم نے آپ کی تقریر سنی۔ بڑی کام کی باتیں ہیں آپ نے سب باتوں کا ذکر کیا ایک بات کا ذکر نہیں کیا کہ روزہ کھولتے وقت جو مزہ آتا ہے اس کا آپ نے ذکر نہیں کیا میں تو روزہ رکھتا ہی اس لئے ہوں جو مزہ افطار کے وقت آتا ہے۔ وہ مزہ کسی دعوت میں کسی بڑے سے بڑے کھانے میں بھی نہیں آتا ہے۔ بعد میں معلوم ہوا کہ وہ اتھیسٹ ہیں ایمان ان کو حاصل نہیں ہے بلکہ وہ پیدائشی مسلمان ہیں اور عقیدہ ان کو بھی حاصل نہیں ہے، لیکن روزہ بڑے اہتمام سے رکھتے تھے اس لئے کہ روزہ کھولنے میں مزہ آتا ہے۔

اس طریقے سے مسجد جاتے وقت خیال کرے کہ مسجد میں جانے کا کیا ثواب ہے؟ اس کی مسنون دعا بھی پڑھے۔ اور مسجد میں دایاں قدم رکھے اور اس وقت یہ خیال کرے کہ یہ حضور ﷺ کی تعلیم ہے اور سنت ہے اور پھر اس کے بعد وہاں بھی جو تھوڑا سا وقت ملے وہ ادب اور احترام کے ساتھ گذارے۔ اسی طریقے سے صبح وشام کی دعائیں۔ اور جو آداب ہیں کھانے

پینے کے، بلکہ ملنے جلنے میں بھی کپڑے پہننے میں بھی، اور اپنے معمولات میں اللہ تعالیٰ کی رضا کی نیت رکھے۔

اس پر یاد آیا کہ ایک مرتبہ حضرت سید احمد شہید رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا۔ اس وقت ان کی عمر تیس سال سے متجاوز ہو چکی تھی اور کل عمر ہی ان کی ۴۶ سال ہوئی۔ تو فرمایا کہ جب سے شعور آیا ہے اور جب سے سمجھ آئی ہے اس وقت سے لے کر اب تک کوئی کام چاہے وہ امور طبعیہ میں سے بھی ہو، مثلاً ہنسنا، بولنا، کھانا، پینا، لوگوں سے ملنا، کپڑے پہننا، رات کو سونا، دن کو آرام کرنا، کوئی کام بھی ایسا نہیں کیا جس میں اللہ تعالیٰ کی رضا کی نیت نہ ہو، کتنی بڑی بات ہے کہ آدمی امور طبعیہ میں بھی جن کو آدمی دن رات میں پچاس مرتبہ کرتا ہے اور بعض مرتبہ تو خیال بھی نہیں ہوتا۔ بالکل عام طور پر غفلت میں سب کام ہوتے ہیں بعض اوقات کسی کے ڈر سے یا کسی کی لالچ میں۔ یا آداب محفل کے طور پر یا طبعی امور کے طور پر کرتے ہیں۔ یہاں تک وضو بھی بہت سے لوگ ایسے کرتے ہیں جیسے آٹومیٹک طریقے پر مشینی وضو ہوتا ہے اور آج کل ہر مسجد میں ٹونٹیاں لگ گئی ہیں۔ ٹونٹی کھولی ان میں سے پانی آ رہا ہے اور اعضاء اس طرح دھل رہے ہیں جیسا کہ مشین میں کوئی چیز آدمی ڈال دے اور دھلی دھلائی چیز باہر آ جائے تو بہت سے لوگ اس طرح وضو کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کو معاف کرے اور ہمیں بھی معاف کرے کہ وضو تو ہو جاتا ہے کوئی فتویٰ نہیں دے گا کہ وضو نہیں ہوا۔ لیکن وضو کا جو ثواب ہے اور وضو سے جو روحانی ترقی ہوتی ہے وہ حاصل نہیں ہوگی اس لئے کہ اس وقت اس کا استحضار نہیں ہوتا کہ وضو پر کیا ثواب ملتا ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ جس وقت آدمی ہاتھ دھوتا ہے تو پانی کے آخری قطرے کے ساتھ وہ سب گناہ یا بے احتیاطیاں جو ان اعضاء سے تعلق رکھتی ہیں پانی کے ساتھ دھل جاتی ہیں۔ (مشکوۃ کتاب الطہارۃ)

جب منہ پر پانی ڈالتا ہے تو اس وقت آنکھ کان سے جو تقصیریں اور کوتاہیاں ہوتی ہیں وہ سب معاف ہو جاتی ہیں اور اسی طرح اور اعضاء کا بھی یہی حال ہے تو ایک وضو سے انسان اتنی بڑی کمائی کر سکتا ہے اور اتنی بڑی روحانی ترقی کر سکتا ہے جو بلا نیت کے کسی بڑے سے بڑے مشکل کام سے بھی حاصل نہیں کر سکتا۔ بس یہ خیال کی بات ہے اور دھیان کی بات ہے کہ اس چیز کے بارے میں پہلے تو جاننا مفید ہوگا کہ اس پر کیا اجر و ثواب ہے؟ کیا وعدے ہیں اور اس

کے بعد اس کو تازہ کر لینا اس کو حاضر کر لینا کہ یہ جو میں کام کر رہا ہوں، اللہ تعالیٰ کی طرف سے مجھے یہ ثواب ملے گا۔ اللہ تعالیٰ اس سے اتنا خوش ہوتا ہے اور یہ رسول اللہ ﷺ کی سنت ہے اور میں سنت کے مطابق ادا کر رہا ہوں۔

ایسے ہی اعزہ کے حقوق ادا کرنا، دوسروں کے ساتھ معاملات کرنا، تجارت ہے، دوکان داری ہے یا اور جو ضرورت زندگی ہیں وہ ادا تو کی جاتی ہیں اور ان کی تکمیل تو کی جاتی ہے ان سے تو چارہ نہیں۔

لیکن کسی دھیان کے بغیر ہوتا ہے کون سا دھیان؟ اس کا دھیان ہوتا ہے کہ اس کو اچھے طریقے سے انجام دیں۔ لیکن اس کا دھیان نہیں ہوتا کہ اس پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے کیا وعدے ہیں۔ کیا اجر وثواب ہے اور اس سے ہم کیا کما سکتے ہیں۔ کھانے کو ہی لیجئے۔ کھانے پر بیٹھ گئے۔ بسم اللہ بھی کہہ لی۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ لوگ بغیر بسم اللہ کے کھاتے ہیں، لیکن اس کے آگے کچھ نہیں اول سے آخر تک غفلت کے ساتھ جب کھانا کھانا ہی ہے اور کھانا کھائے بغیر تو زندہ نہیں رہ سکتے، لیکن یہ خیال نہیں لاتے کہ کھانا کھائیں گے تو اس سے طاقت آئے گی اور طاقت آئے گی تو اچھی طرح نماز پڑھیں گے۔ اور حقوق العباد ادا کریں گے اور زندگی کے فرائض اللہ اور اللہ کے رسول کی ہدایت اور حکم کے مطابق ادا کریں گے اور یہ قوت اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل میں کام آئے گی تو اس کھانا کھانے پر اجر وثواب مرتب ہو جائے گا۔ اسی طریقے سے اور چیزوں کو قیاس کر لیجئے۔ والدین کی خدمت ہے یہاں تک کہ اپنے گھر میں اہل خانہ کے ساتھ بات اور موانست اور خوشی حاصل کرنا۔ ان سب کی نیت کو تازہ کر لے۔ اور یہ مشق کر لے کہ یہ کام نیت کے ساتھ ہو تو بات کہیں سے کہیں پہنچ جائے گی یوں سمجھ لیجئے کہ تحت الثریٰ سے ثریا تک پہنچ جائے گی۔ زمین سے اٹھ کر آسمان پر پہنچ جائے گی۔ اس لئے کسی عمل میں بلندی اور قیمت اللہ تعالیٰ کی نسبت سے پیدا ہوتی ہے اور دین کی نسبت سے پیدا ہوتی ہے ورنہ کافر اور مومن سب ایک طرح کام کرتے ہیں وہ بھی زراعت کرتے ہیں وہ بھی تجارت کرتے ہیں محنت مزدوری کرتے ہیں اور بعض اوقات دوسروں کی خدمت بھی کرتے ہیں اور بڑی محنت کے کام کرتے ہیں اور بڑی رقم بھی خرچ کرتے ہیں مگر بغیر کسی نیت کے اور بغیر کسی اجر وثواب کی امید میں، بھائی یہ ایک اصول کے طور پر عرض کیا جا رہا ہے اللہ تعالیٰ ہمیں بھی توفیق دے اور

سننے والوں کو بھی توفیق دے۔

ہر کام اللہ کے اجر و ثواب کی نیت کی ساتھ اور ذہن کو حاضر کر کے کرنا چاہئے اور ہو سکے تو اس پر قرآن و حدیث میں جو کچھ آیا ہے اس کو تازہ کر کے وہ کام کیا جائے تو اس سے ولایت کا درجہ تک حاصل ہو سکتا ہے۔

بس میں اس وقت تو اس پر اکتفا کرتا ہوں وقت کم ہے خدا کرے کہ اس سے کہنے والے کو بھی نفع ہو اور سننے والوں کو بھی نفع ہو۔

و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

# ملک کی حقیقی آزادی

۲۲ فروری ۱۹۵۵ء کو امین الدولہ پارک لکھنؤ (ہندوستان) میں مرکز دعوت اصلاح و تبلیغ کے زیر اہتمام ایک جلسۂ عام منعقد ہوا جس میں اندازاً ۶ تا ۷ ہزار کی تعداد میں ہر مذہب وخیال کے لوگوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر حضرت مولانا قدس سرہ کا ایمان افروز بیان ہوا

دوستو اور بھائیو!

ہم اور آپ جس جگہ جمع ہیں، یہ پارک ہندوستان کی تاریخ میں بڑی اہمیت رکھتا ہے، جنگ آزادی کا مورخ اس کو فراموش نہیں کرسکتا۔ جب تحریک خلافت اور تحریک آزادی کا عروج تھا تو یہ پارک بڑے بڑے سیاسی جلسوں کا مرکز تھا، میری آنکھوں نے یہاں بڑے بڑے تاریخی مناظر دیکھے ہیں، میں نے یہاں گاندھی جی اور بڑے بڑے لیڈروں کی تقریریں سنیں اور سول نافرمانی کے دور میں یہاں انگریزی فوج کا تسلط بھی دیکھا، جس زمانہ میں ہندوستان کی آزادی کا خواب دیکھا گیا تھا، اس وقت بڑے بڑے سمجھدار لوگوں کو یقین نہیں آتا تھا کہ یہ خواب کبھی شرمندۂ تعبیر ہوگا، جو لوگ ۲۰-۳۰ سال پہلے یقین دلاتے تھے کہ آزادی ضرور حاصل ہوگی، ان کی بات پر تعلیم یافتہ طبقہ کو بھی یقین نہیں آتا تھا، ۴۲ء کے فیصلے تک ایسے لوگ اس ملک میں موجود تھے، جو ان باتوں پر ہنستے تھے اور کہتے تھے کہ برطانیہ اس ملک سے جو اس کے تاج کا کوہ نور ہے، اور جس سے دنیا میں اس کی ساکھ قائم ہے، کس طرح دستبردار ہوسکتا ہے، لیکن یہ انہونی بات ہو کر رہی، واقعہ یہ ہے کہ دنیا میں کوئی بات ناممکن نہیں ہے، صرف انسانوں کا فیصلہ اور عزم شرط ہے۔

جس طرح آپ نے یہ فیصلہ کیا کہ ملک کو انگریز کی غلامی سے آزاد کرانا ہے، اور اپنے رہنماؤں کی قیادت میں جدوجہد کی اور یہ خواب پورا ہو کر رہا، اسی طرح اگر آپ اس سے بڑھ کر کوئی منصوبہ بناتے اور اس کے لئے بھی قربانیاں دیتے تو وہ بھی پورا ہوسکتا تھا، مگر اس وقت

آزادی ہی سب سے بلند اور آخری چیز معلوم ہوتی تھی، یقیناً آزادی بڑی نعمت اور زندگی کی اہم ترین ضرورت ہے اور اس کے لئے جو قربانیاں کی جائیں وہ بجا ہیں، ہم کو ان رہنماؤں کا بھی شکر گزار ہونا چاہئے جنہوں نے آزادی کی جنگ لڑی اور ملک کو آزاد کرایا، لیکن میں نہایت صفائی سے عرض کروں گا۔ ہماری یہی طاقت اور فیصلہ کی قوت جس کی بدولت ہمارے ملک سے غلامی کی لعنت ختم ہوئی، اگر اس سے زیادہ حقیقی اور مکمل آزادی کے حصول اور انسانیت کی تعمیر اور ترقی اور انسان کو انسان بنانے کے کام پر صرف کی جاتی تو یہ دنیا کا سب سے اہم کام اور مشکلات و مسائل کا اصلی اور مستقل حل ہوتا۔

## آزادی کے آگے:

میں آزادی کی تحریک کی تحقیر اور ناشکری نہیں کرتا مگر یہ کہے بغیر بھی نہیں رہ سکتا کہ دنیا کا سب سے عظیم الشان کام اور انسانیت کی سب سے بڑی خدمت یہ ہے کہ انسان حقیقی انسان بن جائے، اس کے بغیر آزادی اور خودمختاری کے بعد بھی زندگی کا حقیقی لطف اور مسرت اور صحیح خوش حالی حاصل نہیں ہوسکتی اور انتشار، کش مکش اور بے اطمینانی ختم نہیں ہوسکتی، مصیبت، پریشانی اور ذلت ہمیشہ دوسروں ہی کی شکل میں نہیں آتی، وہ کبھی اپنے اندر سے بھی ابھرتی ہے، ظلم وستم اور لوٹ کھسوٹ کے لئے پردیسی ہونا شرط نہیں، ایک ملک کے رہنے والے خود اپنے ملک کے اندر بطور خود بھی یہ خدمت انجام دینے لگتے ہیں۔ میں غلامی سے نفرت ہرگز کم نہیں کرنا چاہتا، لیکن ذرا جذبات وتعصبات سے الگ ہوکر سوچئے کہ ہم انگریز کو اپنا دشمن کیوں سمجھتے تھے، اور غلامی سے ہمیں کیوں نفرت تھی، اس لئے کہ ہمیں زندگی کا حقیقی لطف میسر نہ تھا، ہم کو سکون و اطمینان حاصل نہ تھا۔ ہم کو ہماری ضروریات زندگی آسانی سے میسر نہیں ہوتی تھیں، ہم ہمدردی خلوص وتعاون اور محبت سے محروم تھے جس کے بغیر زندگی تلخ اور یہ دنیا ایک جیل خانہ ہے، دوستو! فرض کرو اگر باہر کی غلامی چلی گئی، لیکن ہم کو خود ایک دوسرے کو غلام بنانے کا چسکا پڑ گیا، ہم کو خود ایک دوسرے پر ظلم کرنے میں مزا آنے لگا، ہم بھی ایک دوسرے سے بے گانہ واجنبی ہیں، ہمدردی اور تعاون سے ناآشنا ہیں، ایک شہری دوسرے شہری کی ساتھ وہی برتاؤ کرنے پر آمادہ ہے، اور موقع کا منتظر ہے، جو ایک فاتح ایک غلام کے ساتھ اور ایک دشمن دوسرے دشمن کے ساتھ کرتا ہے، میں اپنے فاضل سامان میں آپ کی ضروریات زندگی کا بھی اضافہ کرنے ) پر مصر

اور بضد ہوں، ملک میں اس ذہنیت کا رواج زور پکڑ رہا ہے، جس کو قرآن نے ایک قصہ کے پیرایہ میں بیان کیا ہے۔

قرآن کہتا ہے کہ حضرت داؤدؑ کے پاس دو فریق مقدمہ لے کر آئے، ایک نے کہا کہ اے پیغمبر خدا اور اے بادشاہ وقت ہمارا انصاف کیجئے، میرے اس بھائی کے پاس ۹۹ بھیڑیں ہیں اور میرے پاس لے دے کر صرف ایک، مگر یہ ظالم کہتا ہے کہ اپنی ایک بھیڑ بھی دے دو تاکہ میری سو کی گنتی پوری ہو جائے، میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ اگر کسی ملک کے شہریوں کی یہی ذہنیت بنتی چلی جائے تو کیا اس ملک کو آزادی کی حقیقی دولت حاصل ہے، اور کیا یہ واقعہ نہیں ہے کہ ملک کا ہر شہری وہی پارٹ ادا کرنا چاہتا ہے جو دوسرے ملک کی ایک قوم اس ملک کے باشندوں کے ساتھ ادا کرتی تھی، اور کیا وہ ساری تکلیفیں کسی صورت میں موجود نہیں؟ یہ سب اس لئے کہ ملک کی آزادی کے لئے جان توڑ کوشش کی گئی اور ملک آزاد ہو گیا، لیکن انسان کے دل و دماغ اور اس کی روح کی آزادی کے لئے کوئی کوشش نہیں کی گئی، اور وہ بدستور غلام رہے، ملک سے ظالم کو نکال دیا گیا، لیکن دل سے ظلم کی خواہش کو نہیں نکالا گیا، وہ بدستور موجود ہے اور اپنا کام کر رہی ہے۔

## قلب کی روشنی:

پیغمبروں نے خدا کی دی ہوئی تمام طاقت اور اپنی ساری توجہ حقیقی اور مکمل انسان کے بنانے پر صرف کی، انہوں نے صرف ملک کی آزادی کو اپنا مطمحِ نظر نہیں بنایا بلکہ ان احساسات کو پیدا کرنے پر اس عقیدے اور ایمان کو قلب و دماغ میں جاگزیں کرنے پر اور ان اخلاق کو پیدا کرنے پر اپنی توجہ مرکوز کی جن کے ساتھ نہ باہر کی غلامی کی گنجائش تھی نہ اندر کی غلامی کی، جن کی موجودگی میں آدمی نہ دوسروں کا ظلم سہ سکتا تھا، نہ دوسروں پر ظلم کرنا گوارا کر سکتا تھا، جن کی بدولت نہ دوسروں کا شکار ہو سکتا تھا، نہ غیروں کا شکاری بن سکتا تھا، محمد رسول اللہ ﷺ کی مثال لیجئے، آپ کے گرد جانبازوں اور سرفروشوں کی جو جماعت اکٹھی ہو گئی تھی، اس کے ذریعہ سے آپ ہر قسم کا کام کرا سکتے تھے، لیکن آپ نے سیرت و کردار کی تعمیر میں اپنی ساری قوت صرف کی آپ نے یقیناً انسانیت کو وہ ایجادات و ذرائع اور آلات نہیں عطا فرمائے جو یورپ کے سائنس دانوں نے اس اخیر دور میں دیئے، لیکن آپ نے ابوبکرؓ و عمرؓ، عثمانؓ و علیؓ جیسے انسان عطا کئے جو

انسانیت کے حق میں رحمت و برکت ثابت ہوئے، آج بھی اگر انسانیت سے سوال کیا جائے کہ اس کو ابوبکرؓ جیسا انسان حکومت و انتظام کے لئے چاہئے یا کوئی بہتر سے بہتر ایجاد تو یقیناً اس کا جواب یہی ہوگا کہ اس کو ابوبکرؓ جیسا انسان چاہئے، اس لئے کہ اس نے ان ایجادوں کا خوب تجربہ کرلیا ہے کہ حقیقی انسانوں کی غیر موجودگی میں وہ دنیا کے لئے ایک مصیبت اور پیغام ہلاکت بن گئی ہیں۔

## شاہ کلید:

دوستو! ہم نے بار بار کہا ہے، اور ہمیشہ کہیں گے کہ سب سے اہم اور مقدم کام یہ ہے کہ انسان کو حقیقی معنی میں انسان بنایا جائے، اس کے اندر سے گناہ اور ظلم کی خواہش ختم ہو، نیکی اور خدمت کا جذبہ پیدا ہو، انسانی زندگی کے رشتے ہیں ہزار گرہیں پڑتی ہیں، انسانی زندگی کے ہزاروں مشکلات اور مسائل ہیں، ان پر بھاری بھاری تالے پڑے ہوئے ہیں، ان سب قفلوں کے کھولنے کی ایک ہی کنجی ہے، اس کو شاہ کلید کہئے یا "ماسٹر کی (MASTER KEY) یہ کنجی خدا کے پیغمبروں کو ملتی ہے اور جس کو ملتی ہے، اسی کے ذریعے ملتی ہے۔ یہ کنجی کیا ہے، خدا کی ہستی کا یقین اور اس کا خوف، اس کنجی سے انسانی زندگی کا ہر قفل آسانی سے کھل جاتا ہے اور اس کی گرہیں سلجھتی چلی جاتی ہیں، یہ سمجھئے کہ پیغمبروں کا ہاتھ بجلی کے بٹن پر ہوتا ہے، انہوں نے سوئچ (SWITCH) دبایا اور سارا گھر روشن ہوگیا، جس کا ہاتھ اس سوئچ تک نہیں پہنچا وہ روشنی نہیں لاسکتا۔

## سیرت سازی اور اخلاق کی اصلاح کے بغیر کوئی منصوبہ کامیاب نہیں:

آج ہر ملک کی تعمیر و ترقی اور جدید تنظیم کے لئے نئے پلان اور منصوبے (PROJECTS) بنائے جارہے ہیں، ہمارے ملک میں بھی یہ کام تیزی سے ہورہا ہے، خدا ان منصوبوں کو کامیاب کرے، لیکن یہ منصوبے ہماری نگاہ میں ابھی تک ادھورے اور ناقص ہیں، ان میں انسانیت کی تعمیر، سیرت سازی اور اخلاق کی اصلاح کا کوئی خانہ نہیں، ہمارا یقین ہے کہ جب تک طبیعتوں میں حرص و ہوس کی آگ سلگ رہی ہے، دولت کا بھوت سوار ہے، انسان صرف روپیہ پیدا کرنے اور اس سے عیش کرنے ہی کو زندگی کا مقصد سمجھتا ہے، اس وقت تک کوئی نقشہ

اور کوئی منصوبہ کامیاب نہیں ہوسکتا، جن ملکوں میں یہ منصوبے پورے طور پر کامیاب ہو چکے ہیں اور وہ ملک عرصہ ہوا ان منزلوں کو طے کر چکے ہیں، کیا ان کو حقیقی امن و اطمینان حاصل ہے؟ کیا وہاں جرائم نہیں ہوتے؟ جرائم میں تو وہ ملک ہمارے ملک سے کہیں زیادہ ترقی یافتہ ہیں، وہاں دن دہاڑے ڈاکے پڑتے ہیں، بڑے بڑے دولت مندوں اور کارخانہ داروں کو راستہ چلتے اڑا لیا جاتا ہے، اور پھر ان کے عزیزوں کو دھمکا کر بڑی بڑی رقمیں وصول کی جاتی ہیں۔ آج ان ملکوں کا اخلاقی زوال اس حد تک پہنچ گیا ہے کہ ان کو اپنی ہستی قائم رکھنا بھی مشکل ہو رہا ہے، ایک قوم پرستی اور وطنیت کا شور ہے جو ان کو تھامے ہوئے ہے۔ پھر بھی ان کا زوال کچھ دور نہیں اور اقبال کا یہ کہنا کوئی مبالغہ نہیں

خود بخود گرنے کو ہے پکے ہوئے پھل کی طرح
دیکھئے گرتا ہے آخر کس کی جھولی میں فرنگ

## کردار کی ضرورت:

حضرات! یہ دولت ستانی، یہ مجرمانہ ذہنیت، یہ ظلم و ستم کی خواہش کسی مذہب کی قائل اور کسی فرقہ کی حامی نہیں، چور و مجرم کا مذہب نہ ہندو ہے نہ مسلمان، جس کے اندر یہ سیرت اور کیریکٹر پیدا ہو جائے، اس کو کوئی پرواہ نہیں ہوتی کہ وہ کس کا گلا کاٹ رہا ہے، وہ کس مذہب و ملت کا ہے، وہ تو بھائی کو بھائی نہیں دیکھتا، کوئی حادثہ اس سے بڑھ کر نہیں اور کوئی خطرہ اس سے زیادہ سنگین نہیں کہ خدا کے نام پر اس ملک میں کوئی آواز بلند کرنے والا نہ ہو، کہیں کوئی اخلاق کی اصلاح اور حقیقی انسانیت کی دعوت اور تحریک نہ ہو، آج ہمارے ادب، ہماری صحافت اور ہماری سوسائٹی پر یا تجارت کا تسلط ہے یا سیاست کا، ملک کے بڑے بڑے اخبارات اٹھا کر پڑھ لیجئے، سوائے ان دو موضوعوں کے کوئی چیز ایسی نہ ملے گی جس کا تعلق روحانیت یا اخلاق یا انسانیت سے ہو، اس بارے میں تمام سیاسی پارٹیوں اور تحریکوں کا ایک ہی مزاج ہے، کسی کو اس صورت حال سے اختلاف اور جنگ نہیں، ان کی ساری کش مکش اس لئے ہے کہ ان کو قیادت اور لیڈر شپ (LEADER SHIP) حاصل ہو، اور جو کچھ ہو رہا ہے، وہ سب ہماری رہنمائی اور نگرانی میں ہو۔

## اخلاقی زوال:

اخلاقی زوال بڑھتے بڑھتے اس حد کو پہنچ گیا ہے کہ اب انسان کی انسانیت کی تذلیل سے تفریح ہوتی ہے بلکہ مذاق اتنا بگڑ گیا ہے کہ انسانیت جتنی پست سطح پر اترے اتنی ہی آسودگی اور تفریح ہوتی ہے، یہ فلم اور پکچر یہ ناول اور افسانے، یہ عریاں تصویریں اور فحش گانے کیوں آپ کی تفریح کا سامان ہیں، کیا ان میں انسانیت، کو ذلیل شکل میں نہیں دکھلایا جاتا، کیا یہ آدم کے بیٹوں اور حوا کی بیٹیوں کو جو آپ کے بھائی اور بہنیں ہیں ایسی شکل میں نہیں پیش کرتیں جو انسانیت کے لئے باعث ننگ و عار ہیں، کیا آپ کو ان تصویروں اور کھیلوں، ان فلموں اور ناولوں میں انسانیت کی ذلت اور رسوائی نظر نہیں آتی؟ پھر آپ کی طبیعت میں کیوں اشتعال اور نفرت پیدا نہیں ہوتی، آپ ان کو کس طرح گوارا کرتے ہیں؟ جب کوئی سوسائٹی اخلاقی حیثیت سے معیاری ہوتی ہے تو اس کا کوئی فرد کسی فرد کی ذلت برداشت کرنا تو الگ رہا اس کے متعلق کسی بداخلاقی کا سننا بھی گوارا نہیں کرتا، قرآن مجید میں ایک غلط الزام کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا گیا ہے، کہ تم نے سنتے ہی کیوں نہ اس کی تردید کی اور کیوں نہ صاف کہہ دیا کہ یہ محض ایک طوفان اور اتہام ہے، تم نے اپنے متعلق نیک گمان کیوں نہیں کیا، اور اپنے اوپر اعتماد سے کام کیوں نہیں لیا۔ یہ ہے اس سوسائٹی کی بات جو آئیڈیل (IDEAL) سوسائٹی کہلانے کی مستحق ہے، جس میں ہر فرد دوسرے کا آئینہ دار ہوتا ہے۔ اس کا مقابلہ اس گری ہوئی سوسائٹی سے کیجئے جس کے کچھ افراد دوسرے افراد کی اخلاقی گراوٹ اور خلاف شرافت و انسانیت حرکات سے لذت اور تفریح حاصل کرتے ہیں، ایک انسان اپنے جسم کو عریاں کرتا ہے، ہوا و ہوس کا شکار بنتا ہے، اپنی عزت اور ضمیر کو فروخت کرتا ہے اور سینکڑوں اور ہزاروں آدمی اس کا تماشہ دیکھتے اور تفریح حاصل کرتے ہیں، اخلاقی گراوٹ اور بے حمیتی کی عبرت ناک مثال اس سے زیادہ اور کیا ہوسکتی ہے، یہی وہ حالات اور آثار ہیں جن سے خطرہ ہوتا ہے کہ یہ ملک اپنی تمام مادی ترقیوں اور ظاہری خوشحالیوں کے باوجود کہیں زوال کا شکار نہ ہوجائے۔ یہ بداخلاقیاں گناہ اور تعیشات کا رجحان بیماریوں اور وباؤں سے کہیں زیادہ خطرناک ہے، آپ کسی ایک گزشتہ قوم کا نام بتلا دیجئے جس کے متعلق تاریخ میں یہ درج ہو کہ وہ پوری کی پوری قوم فلاں بیماری یا وبا کی نذر ہو کر بالکل فنا ہوگئی، لیکن میں آپ کو ایسی بیسیوں قوموں کا نام بتلا سکتا ہوں جو بداخلاقیوں کا شکار ہو

کر صفحہ ہستی سے مٹ گئیں۔

## انسانیت:

حضرات! آپ نے اس ملک کی آزادی کے لئے جدو جہد کی، اس کے لئے قربانیاں پیش کیں اور اس کے لئے وہ راستہ اختیار کیا جس کا آپ کے رہنماؤں نے مشورہ دیا، وہ کام اتنا ہی تھا کہ یہ ملک آزاد ہو جائے، چنانچہ یہ ملک آزاد ہو گیا، اب انسانوں میں صحیح انسانیت پیدا کرنے کے لئے از سر نو جدو جہد کرنی پڑے گی، اس کا یہی ایک راستہ ہے اور وہ وہی راستہ ہے جو خدا کے پیغمبروں نے بتلایا اور اس پر چل کر ان کے ماننے والے منزل مقصود کو پہنچے اور انہوں نے دنیا میں حقیقی انسانیت کا نمونہ پیش کیا، اس کا سرا وہی ایمان ویقین اور خدا کا خوف ہے، یہ سچی خدا پرستی اور یہ زندہ یقین اور یہ ضمیر کی بیداری پیغمبروں کے علاوہ کسی اور جگہ دستیاب نہیں ہو سکتی، اس کا خزانہ وہیں ہے اور ہم کو اس خزانے سے حاصل کرنے میں شرم اور عار محسوس نہیں ہونی چاہئے، اگر آج اس کے حصول اور اس کی دعوت و اشاعت کے لئے وہی جدو جہد شروع ہو، ملک کی آزادی کے لئے جو قربانیاں کی گئی تھیں، وہی قربانیاں اس راستہ میں ہوں، بدیشی حکومت کو نکالنے کے لئے جو تکلیفیں برداشت کی گئی تھیں، وہی سب تکلیفیں برداشت کی جائیں تو ملک کا نقشہ ہی کچھ اور ہو، حقیقی امن واطمینان حاصل ہو، ہر طرح کی غلامیوں کا سلسلہ بند ہو، اور ملک کو حقیقی آزادی اور زندگی کا حقیقی لطف اسی وقت حاصل ہو سکتا ہے۔

# صورت اور حقیقت

یہ تقریر مولانا نے لکھنو کے ایک بڑے تبلیغی اجتماع میں کی

## صورت اور حقیقت میں بڑا فرق ہے:

ہر ایک چیز کی ایک صورت ہوتی ہے اور ایک حقیقت، ان دونوں میں بہت بڑی مشابہت کے باوجود بہت بڑا فرق بھی ہوتا ہے آپ روزمرہ کی زندگی میں صورت اور حقیقت اور ان کے فرق سے خوب واقف ہیں، میں اس کی دو مثالیں دیتا ہوں۔ آپ نے مٹی کے پھل دیکھے ہوں گے جو بالکل اصلی پھل معلوم ہوتے ہیں لیکن صورت وحقیقت میں زمین وآسمان کا فرق ہے۔ اصلی آم کوئی اور چیز ہے اور مٹی کا نقلی آم کوئی اور چیز، مٹی کے آم میں نہ اصلی ذائقہ ہے نہ خوشبو، نہ رس، نہ نرمی، نہ اس کی خاصیتیں، صرف آم کی شکل ہے، اور اس کا رنگ وروغن، اس لئے اس کو آم کہیں گے مگر مٹی کا آم، یہ مٹی کا آم دیکھنے بھر کا ہے، نہ کھانے کا، نہ سونگھنے کا، نہ ذائقہ، نہ خوشبو۔

آپ مردہ عجائب خانہ میں گئے ہوں گے۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ وہاں سب درندے اور سب جانور موجود ہیں۔ شیر بھی ہے اور ہاتھی بھی تیندوا بھی، اور چیتا بھی مگر بے حقیقت، بھس بھری ہوئی کھالیں جن میں نہ کوئی جان ہے نہ طاقت شیر ہے مگر نہ اس کی آواز ہے نہ غصہ، نہ طاقت ہے، نہ ہیبت۔

## حقیقت کے مقابلہ میں صورت کی شکست:

اب میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ صورت کبھی حقیقت کے قائم مقام نہیں ہوسکتی صورت سے حقیقت کے خواص کبھی ظاہر نہیں ہوسکتے، صورت کبھی حقیقت کا مقابلہ نہیں کرسکتی، صورت کبھی حقیقت کا بوجھ سنبھال نہیں سکتی، جب صورت کسی حقیقت کے مقابلے میں آئے گی اس کو

شکست کھانا پڑے گی، جب صورت پر کسی حقیقت کا بوجھ ڈالا جائے گا صورت کی پوری عمارت زمین پر آ رہے گی۔

صورت اور حقیقت کا یہ فرق ہر جگہ نمایاں ہوگا۔ ہر جگہ صورت کی حقیقت کے سامنے پسپا ہونا پڑے گا۔ یہاں تک کہ عظیم سے عظیم اور مہیب سے مہیب صورت اگر حقیر سے حقیر حقیقت کے مقابلہ میں آئے گی تو اس کو مغلوب ہونا پڑے گا اس لئے ہر چھوٹی سے چھوٹی حقیقت ہر بڑی سے بڑی صورت کے مقابلہ میں زیادہ طاقت رکھتی ہے، حقیقت ایک طاقت ہے ایک ٹھوس وجود ہے، صورت ایک خیال ہے دیکھئے ایک چھوٹا سا بچہ اپنے کمزور ہاتھ کے اشارے سے ایک بھس بھرے مردہ شیر کو دھکا دے سکتا ہے اس کو زمین پر گرا سکتا ہے اس لئے کہ بچہ خواہ کتنا ہی کمزور سہی ایک حقیقت رکھتا ہے، شیر اس وقت صرف صورت ہی صورت ہے، بچہ کی حقیقت شیر کی صورت پر آسانی سے غالب آ جاتی ہے۔

## نفس کا دھوکا:

یہ عالم حقائق کا مجموعہ ہے اللہ تعالیٰ نے ہر چیز میں ایک حقیقت رکھی ہے مال کی بھی ایک حقیقت ہے اس کی محبت طبعی اور اس کی خواہش فطری ہے اگر حقیقت نہ ہوتی تو اس سے متعلق احکام کیوں ہوتے اس میں کشش کیوں ہوتی؟ اولاد ایک حقیقت ہے اس سے طبعی محبت اور فطری تعلق ہوتا ہے اگر اولاد ایک حقیقت نہ ہوتی تو شریعت میں اس کی پرورش ونگہداشت کے احکام وفضائل کیوں ہوتے؟ اسی طرح طبعی ضروریات اور خواہشات کی بھی ایک حقیقت ہے، ان حقیقتوں پر ایک بالاتر، قوی تر حقیقت ہی غالب آ سکتی ہے، کوئی صورت غالب نہیں آ سکتی، یہ حقائق کتنے باطل آمیز سہی ان پر فتح حاصل کرنے کے لئے اسلام وایمان کی حقیقت درکار ہے۔ اسلام کی صورت کتنی ہی مقدس سہی ان پر فتح حاصل نہیں کر سکتی، اس لئے کہ ادھر حقیقتیں ہیں ادھر صرف صورت، آج ہم یہی دیکھ رہے ہیں کہ صورت اسلام ادنیٰ ادنیٰ حقائق پر غالب نہیں آ رہی ہے اس لئے کہ صورت دراصل کچھ بھی طاقت نہیں۔ ہماری صورت اسلام صورت کلمہ، صورت نماز ہم سے ادنیٰ ترغیبات چھڑانے سے قاصر ہے، ادنیٰ عادات پر غالب آنے سے عاجز ہے، ہم کو موسم کی ادنیٰ سختی اور حقیر ترین خواہش کا مقابلہ کرنے کی طاقت عطا نہیں کرتی آپ کا یہ کلمہ جو کبھی گردن کٹوا دینے کی طاقت رکھتا تھا جو مال اور اولاد کو اللہ تعالیٰ کی راہ میں بے

تکلف قربان کرا دینے کی قوت رکھتا تھا جو وطن چھڑا دینے اور تختہ دار پر چڑھا دینے کی قوت رکھتا تھا، آج وہ ان سردیوں میں صبح کی نماز کے لئے اٹھانے کی طاقت نہیں رکھتا جو کلمہ زندگی بھر کی منہ لگی شراب کو شریعت کے حکم پر ہمیشہ کے لئے چھڑا سکتا تھا، آج اگر ضرورت پڑ جائے تو آپ کی ادنیٰ مرغوب چیز یا معمولی عادت بھی نہیں چھڑا سکتا اس لئے کہ وہ کلمہ کی حقیقت تھی جس کے کارنامے آپ تاریخ اسلام میں پڑھتے ہیں یہ کلمہ کی صورت ہے جس کی بے اثری آپ دن رات دیکھتے ہیں۔ ہم غلطی یہ کرتے ہیں کہ صحابہ کرامؓ کی تاریخ کو اپنے اوپر اوڑھنا چاہتے ہیں اس کو اپنے اوپر منطبق کرنا چاہتے ہیں جب وہ منطبق نہیں ہوتی، جب وہ لباس ہمارے اوپر راست نہیں آتا جب جگہ جگہ جھول پڑ جاتے ہیں تو ہم شکایت کرتے ہیں تعجب کرتے ہیں کہ وہ بھی پڑھتے تھے ہم بھی پڑھتے ہیں نماز وہ بھی پڑھتے تھے ہم بھی پڑھتے ہیں پھر کیوں اسی طرح کے واقعات ظہور میں نہیں آتے کیوں اسی طرح کے نتائج وثمرات برآمد نہیں ہوتے؟ دوستو اور بزرگو! اپنے نفس کو دھوکہ نہ دو وہاں کلمہ کی حقیقت تھی، ایمان کی حقیقت تھی۔ یہاں کلمہ کی صورت ہے ایمان کی صورت ہے نماز کی صورت ہے۔ جس طرح املی کے بیج سے آم کے پھل کی توقع فضول ہے اسی طرح صورت سے حقیقت کے خواص کی امید بے کار ہے اور فریب نفس ہے۔

## حقیقت اسلام:

حضرت خبیبؓ کا واقعہ آپ نے سنا ہے پھانسی کے تخت پر ان کو چڑھایا گیا، چاروں طرف سے کی نیزوں کے نوکوں نے ان کو نوچنا شروع کیا، برچھیوں نے ان کے جسم کو چھلنی کر دیا، وہ صبر واستقامت کے ساتھ مقابلہ کرتے رہے، عین اس حالت میں ان سے کہا جاتا ہے کیا تم اس پر راضی ہو کہ تمہاری جگہ رسول اللہ ﷺ ہوں؟ وہ تڑپ کر جواب دیتے ہیں کہ میں تو اس پر بھی راضی نہیں کہ مجھے چھوڑ دیا جائے اور حضور ﷺ کے تلوہ میں کوئی کانٹا بھی چبھے، حضرات! کیا یہ صورت اسلام تھی جس نے ان کو تختہ دار پر ثابت قدم رکھا اور ان کی زبان سے یہ الفاظ کہلوائے؟ نہیں، وہ اسلام کی حقیقت تھی جو ان کے ہر زخم پر مرہم رکھتی تھی جو ہر نیزے کی چبھن پر ان کے سامنے جنت کا نقشہ لاتی تھی اور انہیں دکھاتی تھی کہ یہ تمہاری اس تکلیف کا صلہ ہے بس چند لمحوں کا معاملہ ہے یہ جنت تمہاری منتظر ہے، یہ خدا کی رحمت تمہاری منتظر ہے، اگر تم نے اس فانی جسم کی اس فانی تکلیف کو گوارا کر لیا تو غیر فانی زندگی کی غیر فانی راحت تمہارا حصہ

ہے یہ عشق ومحبت کی حقیقت تھی، جب ان سے کہا گیا کہ کیا تم کو یہ منظور ہے کہ تمہاری جگہ رسول اللہ ﷺ ہوں؟ تو حضور ﷺ کی صورت بن کر ان کے سامنے آ گئی اور ان کو گوارا نہیں ہوا کہ اس جسم اقدس ﷺ کو ایک کانٹے کی بھی تکلیف ہو۔

یہ چند پاک اور بلند حقائق تھے جو درد و تکلیف کی حقیقت پر غالب آئے، صورت اسلام میں اس حقیقت درد و تکلیف کا مقابلہ کرنے کی طاقت نہ پہلے تھی، نہ اب ہے، صورت اسلام تو تکلیف کے تصورات اور خیالات کا بھی مقابلہ نہیں کر سکتی، ہم کو اور آپ کو معلوم ہے کہ گذشتہ فسادات کے موقع پر خیالی خطرات کی بنا پر لوگوں نے صورت اسلام بدل دی مسلمانوں نے سروں پر چوٹیاں رکھیں اور غیر اسلامی شعار اختیار کئے۔ اس لئے کہ ان غریبوں کے پاس صرف صورت اسلام تھی جو اس میدان میں ٹھہر نہیں سکتی تھی۔

آپ نے سنا ہے کہ حضرت صہیب رومیؓ ہجرت کر کے جانے لگے تو کفار مکہ نے ان کو راستہ میں روکا اور کہا کہ صہیبؓ تم جا سکتے ہو، مگر یہ مال نہیں لے سکتے جو تم نے ہمارے شہر میں پیدا کیا ہے، اب حقیقت مال سے مقابلہ تھا۔ حقیقت اسلام اپنی مقابل حقیقت پر غالب آئی، صورت اسلام ہوتی تو وہ حقیقت مال کا مقابلہ نہیں کر سکتی تھی۔

آپ نے سنا ہے کہ حضرت ابو سلمہؓ جب ہجرت کر کے جانے لگے تو کفار ان کا راستہ روک کر کھڑے ہو گئے۔ انہوں نے کہا کہ تم جا سکتے ہو مگر ہماری لڑکی ام سلمہؓ کو نہیں لے جا سکتے، اب حقیقت اسلام کا ایک حقیقت سے مقابلہ تھا وہ حقیقت کیا تھی؟ بیوی کی محبت، جو ایک حقیقت تھی، لیکن اسلام کی حقیقت مومن کے لئے دل میں ہر حقیقت سے زیادہ طاقتور اور گہری ہوتی ہے۔ انہوں نے بیوی کو اللہ کے حوالہ کیا اور تن تنہا چل دیئے، کیا صورت اسلام میں اتنی طاقت ہے کہ آدمی بیوی کو چھوڑ دے؟ ہم نے تو دیکھا ہے کہ لوگوں نے بیوی اور بچوں کے لئے کفر تک اختیار کر لیا اور صورت اسلام کی ذرا پروا نہیں کی ہے۔

آپ نے سنا ہے کہ حضرت ابو طلحہؓ نماز پڑھ رہے تھے کہ ان کے باغ میں ایک چھوٹی سی چڑیا آ گئی اور اس کو پھر جانے کا راستہ نہ ملا، حضرت ابو طلحہؓ کی توجہ بٹ گئی۔ نماز کے بعد انہوں نے پورا باغ صدقہ کر دیا۔ اس لئے کہ حقیقت نماز اس شرکت کو گوارا نہیں کر سکتی تھی۔ باغ کی بھی ایک حقیقت ہے اس کی سرسبزی، اس کی فصل، اس کی قیمت ایک حقیقت ہے اس حقیقت کا

مقابلہ کرنے کی صورت نماز نہیں کر سکتی تھی، اس کا مقابلہ کرنے کی طاقت حقیقت صلوٰۃ ہی میں ہے۔ آج ہماری آپ کی نماز ادنیٰ ادنیٰ حقیقتوں کا مقابلہ اس لئے نہیں کر سکتی کہ وہ حقیقت سے خالی اور ایک صورت ہے۔

آپ نے سنا ہوگا کہ یرموک کے میدان میں چند ہزار مسلمان تھے، اور کئی لاکھ رومی، ایک عیسائی (جو مسلمانوں کے جھنڈے کے نیچے لڑ رہا تھا) کی زبان سے بے اختیار نکلا کہ رومیوں کی تعداد کا کچھ ٹھکانہ ہے؟ حضرت خالدؓ نے کہا خاموش خدا کی قسم اگر میرے گھوڑے اشقر کے سم درست ہوتے تو میں رومیوں کو پیغام بھیجتا کہ اتنی ہی تعداد اور میدان میں لے آئیں۔

حضرات! حضرت خالدؓ کو یہ اطمینان واعتماد کیوں تھا۔ اور وہ رومیوں کی تعداد کو بے حقیقت کیوں سمجھتے تھے؟ اس لئے کہ وہ حقیقت اسلام رکھتے تھے اور سمجھتے تھے کہ اس کے مقابل صرف رومیوں کی صورتیں ہیں جو ہر طرح کی حقیقت سے خالی ہیں، یہ لاکھوں صورتیں اسلام کی حقیقت کے سامنے ٹھہر نہیں سکتیں۔

ہم یقیناً کلمہ پڑھتے ہیں، ہم میں سے بہت سے لوگ کلمہ کے معنی سے واقف ہیں، لیکن حقیقت کلمہ کوئی اور چیز ہے، وہ ان الفاظ اور معنی سے بہت بلند ہے۔ کلمہ کی یہ حقیقت صحابہ کرامؓ کو حاصل تھی، جب وہ کہتے تھے۔ **لا الـــہ الا اللّٰہ** تو واقعتہً سمجھتے تھے کہ اللہ کے سوا کوئی حاکم و بادشاہ نہیں۔ اللہ کے سوا کوئی محبت وخوف کے لائق نہیں، اللہ کے سوا کسی کی ہستی کوئی ہستی نہیں۔ کیا یہ حقیقتیں ہم سب کے دل میں اتری ہوئی ہیں، ہمارے دماغ کے اندر بسی ہوئی ہیں ہماری زندگی کے اندر جڑ پکڑے ہوئے ہیں؟ اگر ہم ان حقیقتوں سے واقف بھی ہوتے تو **لا الـــہ الا اللّٰہ** کہتے ہوئے ہمیں احساس ہوتا کہ ہم کتنی بڑی بات کہہ رہے ہیں جس کو اس حقیقت کا ذرا بھی احساس ہے اسلام کا دعویٰ کرتے ہوئے سمجھتا ہے کہ وہ کتنا بڑا دعویٰ کر رہا ہے ؎

چومی گویم مسلمانم بلرزم
کہ دانم مشکلات لا الٰہ را

ہم جب جانتے ہیں کہ آخرت برحق ہے۔ جنت ودوزخ برحق ہیں مرنے کے بعد یقیناً زندہ ہونا ہے۔ لیکن کیا سب کو ایمان کی وہ حقیقت حاصل ہے جو صحابہ کو حاصل تھی؟ اس حقیقت کا نتیجہ یہ تھا کہ صحابیؓ کھجور کھاتے پھینک دیتا ہے اور کہتا ہے کہ ان کے ختم ہونے کا انتظار کرنا

میرے لئے بہت مشکل ہے اور فوراً بڑھ کر شہادت حاصل کرتا ہے۔ اس لئے کہ جنت اس کے لئے ایک حقیقت تھی اور وہ حقیقت اس کے سامنے تھی۔ اس کی حقیقت جس کو حاصل تھی وہ قسم کھا کر کہتا تھا کہ مجھے احد پہاڑ کے اس طرف سے جنت کی خوشبو آرہی ہے۔ یرموک کے میدان میں ایک صحابی ابوعبیدہؓ کے پاس آتے ہیں اور کہتے ہیں کہ امیر! میں سفر کے لئے تیار ہوں کوئی پیغام تو نہیں کہنا ہے؟ وہ کہتے ہیں، ہاں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ہمارا سلام عرض کرنا اور کہنا کہ آپ نے ہم سے جو وعدے فرمائے تھے وہ سب پورے ہورہے ہیں یہ ہے یقین کی حقیقت اس حقیقت پر کون سی قوت غالب آسکتی ہے، اور ایسی حقیقت رکھنے والی جماعت پر کون سی جماعت غالب آسکتی ہے؟

## صورت اسلام حفاظت کرنے کے لئے کافی نہیں:

امت میں جو سب سے بڑا انقلاب ہوا وہ یہ کہ اس کی ایک بڑی تعداد اور شاید سب سے بڑی تعداد میں صورت نے حقیقت کی جگہ لے لی۔ یہ آج کی بات نہیں، یہ صدیوں پرانی حقیقت ہے صدیوں سے صورت نے حقیقت کی جگہ حاصل کررکھی ہے عرصہ تک دیکھنے والوں کو صورت پر حقیقت کا دھوکا ہوتا رہا اور حقیقت کے ڈر سے اس صورت کے قریب آنے سے بچتے رہے لیکن جب کسی نے ہمت کرکے اس صورت کو چھوا تو معلوم ہوا کہ اندر سے پول ہے اور حقیقت غائب ہوچکی ہے۔

آپ نے دیکھا ہوگا کبھی کبھی کاشتکار کھیت میں ایک لکڑی گاڑ کر اس پر کوئی کپڑا ڈال دیتا ہے جس کو دیکھ کر پرندوں اور جانوروں کو شبہ ہوتا ہے کہ کوئی آدمی رکھوالی کررہا ہے، لیکن اگر کبھی کوئی سیانا کوا یا ہوشیار جانور ہمت کرکے کھیت میں جا پڑے تو ظاہر ہے کہ وہ بے جان شبیہ کچھ نہیں کرسکتی پھر نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جانور اس کھیت کو روند ڈالتے ہیں اور پرندے اس کا ستیاناس کردیتے ہیں۔

مسلمانوں کے ساتھ یہی واقعہ پیش آیا ہے، ان کی صورت حقیقت بن کر برسوں ان کی حفاظت کرتی رہی، قومیں ان کے قریب آنے سے ڈرتی تھیں حقیقت اسلام کے واقعات ان کے ذہن میں تازہ تھے اور کسی کو مسلمانوں پر حملہ کرنے کی جرات نہیں ہوتی تھی، لیکن کب تک؟ جب تاتاریوں نے بغداد پر چڑھائی کی جس پر حملہ کرنے سے وہ برسوں احتیاط کرتے رہے تو

اس صورت کی حقیقت کھل گئی اور مسلمانوں کا بھرم جاتا رہا، اس وقت صورت اسلام حفاظت کرنے کے لئے کافی نہیں ہے اب صرف حقیقت اسلام ہی اس امت کی حفاظت کرسکتی ہے۔

## ہماری خطا:

آپ تاریخ اسلام میں مسلمانوں کی ناکامی کی تلخ داستانیں پڑھتے ہیں یہ حقیقت کی شکست کے واقعات نہیں یہ سب صورت کی شکست و ہزیمت کے واقعات نے ہم کو ہر معرکہ میں رسوا و ذلیل کیا ہے لیکن خطا ہماری تھی ہم نے غریب صورت پر حقیقت کا بوجھ رکھنا چاہا وہ اس بوجھ کو سہار نہ سکی۔ خود بھی گری اور عمارت کو بھی زمین پر لے آئی۔

## حقیقت اسلام مدتوں سے میدان میں آئی ہی نہیں:

عرصہ دراز سے صورت اسلام معرکہ آزما ہے اور شکست پر شکست کھا رہی ہے اور حقیقت اسلام مفت میں بدنام اور دنیا کی نگاہوں میں ذلیل ہو رہی ہے، دنیا سمجھ رہی ہے کہ ہم اسلام کو شکست دے رہے ہیں، اس کو خبر نہیں کہ حقیقت اسلام تو مدت سے میدان میں آئی ہی نہیں اس کے مقابلہ میں مسلمانوں کی صرف صورت ہے نہ کہ اسلام کی حقیقت۔

یورپ کی قوموں کے مقابلہ میں ترکی میدان میں آیا لیکن اسلام کی ایک نڈھال صورت لے کر یہ نحیف و نزار صورت مقابلہ میں ٹھہر نہ سکی، فلسطین میں تمام عرب قومیں اور سلطنتیں مل کر یہودیوں کے مقابلہ میں آئیں لیکن حقیقت اسلام شوق شہادت جذبہ جہاد اور ایمانی کیفیات سے اکثر عاری، عربی قومیت کے نشہ میں سرشار صرف اسلام کے نام و نسب سے آراستہ، نتیجہ یہ ہوا کہ اس بے روح صورت نے یہودیوں کی جنگی قوت و تنظیم و اسلحہ کی حقیقت سے مات کھائی، اس لئے کہ صورت حقیقت کا مقابلہ نہیں کرسکتی، یہودی ایک حقیقت رکھتے تھے۔ اگرچہ سرتاپا مادی، عرب صرف ایک صورت رکھتے تھے اگرچہ مقدس لیکن صورت صورت ہے اور حقیقت حقیقت ہے۔

## رحمت و نصرت تائید و اعانت کے وعدے حقیقت سے متعلق ہیں:

اسلام کی صورت اللہ کے یہاں ایک درجہ رکھتی ہے اس لئے کہ اس میں مدتوں اسلام کی حقیقت بسی ہوئی رہی ہے اور یہ کہ حقیقت کا قالب ہے اسلام کی صورت بھی اللہ کو پیاری ہے

اس لئے کہ اس کے محبوبوں کی پسندیدہ صورت ہے، اسلام کی صورت بھی اللہ کی ایک بڑی نعمت ہے اس لئے کہ اس صورت سے حقیقت اسلام کی طرف منتقل ہونا نسبتاً آسان ہے، جہاں صورت بھی نہیں وہاں حقیقت پر پہنچنا بہت مشکل ہے لیکن دوستو اللہ تعالیٰ کی رحمت و نصرت کے وعدے دنیا میں اور مغفرت ونجات اور ترقی درجات کے وعدے آخرت میں سب حقیقت سے متعلق ہیں نہ کہ صورت سے، حدیث میں ہے:

ان اللہ لا ینظر الیٰ صور کم واموالکم ولکن ینظر الی قلوبکم واعمالکم. (مشکوۃ کتاب الایمان)

اللہ تعالیٰ تمہاری صورتوں اور مالوں کو نہیں دیکھتا ہے وہ تمہارے دلوں اور اعمال کو دیکھتا ہے جو لوگ صرف صورت کے حامل تھے اور حقیقت سے یکسر خالی تھے، ان کو وہ ان لکڑیوں سے تشبیہ دیتا ہے جو کسی سہارے رکھی ہوئی ہیں، وہ فرماتا ہے:۔

وَإِذَا رَأَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ أَجْسَامُهُمْ وَإِنْ يَقُولُوا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ كَأَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ، يَحْسَبُونَ كُلَّ صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ.

(سورہ منافقون ۴)

اگر تم ان کو دیکھو تو تم کو ان کے جسم بڑے بھلے معلوم ہوں گے، وہ بات کریں گے تو تم کان لگا کر سنو گے لیکن واقعہ یہ ہے کہ وہ لکڑیاں ہیں جو سہارے سے رکھی ہوئی ہیں، ہر آواز کو وہ اپنے خلاف ہی سمجھتے ہیں۔

## دین کے اقتدار اور امن واطمینان کا وعدہ:

دنیا میں بھی فتح ونصرت وتائید واعانت کے وعدے حقیقت ایمان کے ساتھ مشروط ہیں اللہ تعالیٰ صاف فرماتا ہے:۔

وَلَا تَهِنُوا وَلَا تَحْزَنُوا وَأَنْتُمُ الْأَعْلَوْنَ إِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِينَ.

(آل عمران ۱۳۹)

(ترجمہ) سست وغمگین نہ ہو تم ہی سربلند ہو، اگر تم (حقیقۃً) صاحب ایمان ہو۔

ظاہر ہے کہ اس آیت میں خطاب مسلمانوں ہی کو ہے لیکن پھر بھی شرط لگائی ہے کہ اگر تم میں حقیقت ایمان پائی جاتی ہے تو پھر تمہاری سربلندی میں شک نہیں۔

دوسری آیت میں بھی صفت ایمان ہی پر اپنی مدد کا وعدہ فرمایا:۔

اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ يَقُوْمُ الْاَشْهَادُ (المومن ۵۱)

ہم ضرور ضرور اپنے پیغمبروں کی مدد کریں گے اور ان لوگوں کی جو صفت ایمان سے متصف ہیں، دنیا کی زندگی میں بھی اور آخرت میں بھی جب اللہ کے گواہ کھڑے ہوں گے۔

اسی حقیقت ایمان پر خلافت ارضی دین کے اقتدار اور امن واطمینان کا وعدہ فرمایا ہے:۔

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا.

(سورہ نور ۵۵)

ان لوگوں کے ساتھ جو ایمان رکھتے ہیں اور جن کے عمل صالح ہیں اللہ کا وعدہ ہے کہ ان کو زمین کی خلافت سے سرفراز کرے گا جیسے ان لوگوں کو سرفراز کیا جو ان سے پہلے تھے اور ان کے دین کو جو اللہ کا پسندیدہ ہے اقتدار عطا فرمائے گا اور ان کے خوف کو امن سے بدل دے گا۔

لیکن باوجود اس کے کہ یہ سارے وعدے ایمان وعمل صالح کی بنیاد پر تھے پھر یہ شرط فرمائی کہ یہ ضروری ہے کہ ان میں اسلام کی حقیقت (توحید کامل) پائی جائے۔

يَعْبُدُوْنَنِيْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْئًا . (النور)

(اس شرط سے) کہ میری عبادت کریں گے میرے ساتھ کسی کو شریک نہ کریں گے۔

## امت کی سب سے بڑی خدمت:

پس اس وقت سب سے بڑا کام اور امت کی سب سے بڑی خدمت یہ ہے کہ اس کے علوم اور سواد اعظم کی صورت سے حقیقت کی طرف سفر کرنے کی دعوت دی جائے، صورت اسلام میں روح اسلام اور حقیقت اسلام پیدا کرنے کی کوشش کی جائے، اس وقت امت کی سب سے بڑی احتیاج یہی ہے کہ اسی سے اس کے حالات اور اس کے نتیجہ میں دنیا کے حالات بدلیں گے، دنیا کے حالات اس امت کے حالات کے اور اس امت کے حالات اس حقیقت کے تابع ہیں، یہ امت حضرت مسیح (علیہ السلام) کے الفاظ میں زمین کا نمک ہے، دیگ کا مزا

نمک کے تابع ہے اور نمک کا مزا اس کی نمکینی پر موقوف ہے اگر نمک کی نمکینی ختم ہو جائے تو وہ نمک کس کام کا؟ اور پھر کھانے کو خوش ذائقہ بنانے والی چیز کہاں سے آئے گی؟ آج ساری زندگی بے کیف اور بے روح ہے اس لئے کہ اس امت کی بڑی تعداد حقیقت سے عاری اور روح سے خالی ہے پھر زندگی میں روح اور حقیقت کہاں سے آئےگی؟

## اقوامِ عالم کی جڑیں خشک ہو چکی ہیں:

دنیا کی اور قومیں بھی ہیں جو ہزاروں برس سے اپنے مذہب اور روح سے خالی ہو چکی ہیں اور ان میں صرف چند بے روح رسمیں اور چند بے حقیقت صورتیں رہ گئیں ہیں لیکن ان قوموں کی دینی و روحانی زندگی ختم ہو چکی ہے ان کی زندگی کے سوتے خشک ہو چکے ہیں آج دنیا کی کوئی طاقت کوئی شخصیت کوئی اصلاح ان میں دینی زندگی اور حقیقی روح پیدا نہیں کرسکتی ایک نئی قوم کا بن جانا ان قوموں کی دوبارہ زندگی سے آسان ہے جن لوگوں نے ان قوموں میں از سرِ نو دینی زندگی اور اخلاقی روح پیدا کرنے کی انتہائی جدو جہد کی، وہ زمانہ حال کے وسائل اور سہولتوں کے باوجود سخت ناکام رہے، اس لئے کہ درحقیقت ان میں ایمان و یقین اور دینی روح پیدا کرنے کا سرچشمہ عرصہ ہوا خشک ہو چکا ہے، زندگی کا سرا اور رشتہ کٹ چکا ہے جب کسی درخت کی جڑ خشک ہو چکی ہو اور اس کی رگیں زمین چھوڑ چکی ہوں تو اس کی پتیوں کو پانی دینے سے کچھ نہیں ہوتا۔

## مسلمان کے لئے حقیقت کی طرف ترقی کرنے کی ضرورت:

لیکن اس امت کی زندگی کا سرچشمہ موجود ہے اس امت کی زندگی کا سرا موجود ہے اور یہ امت اس سے وابستہ ہے وہ ہے اللہ اور اس کے رسول پر ایمان، آخرت اور حساب کتاب کا یقین لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا اقرار اس امت کا اس گئی گذری حالت میں بھی اللہ اور اس کے رسول سے جو تعلق ہے وہ دوسری قوموں کے خواص کو بھی نصیب نہیں، اس انحطاط کے زمانہ میں بھی جتنی حقیقت اس میں پائی جاتی ہے وہ دوسری قوموں میں مفقود ہے، اس کی کتاب آسمانی (قرآن مجید) محفوظ ہے اور اس کے ہاتھوں میں ہے، اس کے پیغمبر کی سیرت اور زندگی جو آج بھی ہزاروں لاکھوں دلوں کو گرما دینے اور زمانے کے خلاف لڑا دینے کی

طاقت رکھتی ہے، مکمل طریقہ پر موجود ہے اور آنکھوں کے سامنے ہے، صحابہ کرامؓ کی زندگی اور ان کی زندگی کا انقلاب اور ان کی کوششوں سے دنیا کا انقلاب نظر کے سامنے موجود ہے یہ سب زندگی کے سرچشمے ہیں، یہ حرارت اور روشنی کے مرکز ہیں صرف اس کی ضرورت ہے کہ اس امت میں صورت سے حقیقت کی طرف ترقی کی ضرورت کا عام احساس پیدا ہو، زندگی کے ان مرکزوں سے تعلق پیدا ہو، اور مادی و معاشی انہماک سے ان کو مرکزوں سے اکتساب فیض کی فرصت ملے اور وہ اپنی اصلی زندگی کے چند دن گذار کر اپنی زندگی میں انقلاب اور اپنی پوری زندگی میں ایمان واحتساب اور اللہ کے وعدوں پر یقین اور اس کی رضا کے شوق میں کام کی روح پیدا کرے۔

ہماری دعوت صرف یہ ہے کہ:۔

یا ایھا الذین آمنوا آمنوا۔

(ترجمہ) اے مسلمانو صورت اسلام سے حقیقت ایمان کی طرف ترقی کرو۔

ہمارے مستقل ہفتہ وار اجتماعات جن کی ہم شہر شہر اور قصبہ قصبہ دعوت دیتے ہیں اسی لئے ہیں کہ ہر آبادی میں ایسے مرکز قائم ہوں جہاں مسلمان جمع ہو کر اپنی زندگی کا بھولا ہوا سبق یاد کریں، جہاں سے انہیں حقیقت اسلام کا پیغام ملے جہاں سے ان کو اپنی کھوئی ہوئی زندگی کا سراغ لگے، جہاں سیرت نبوی ﷺ اور اصلی اسلامی زندگی کے واقعات اور دین کی بنیادی واصولی دعوت کے ذریعہ ان میں دینی انقلاب کی خواہش پیدا ہو، اگر یہ مرکز اور اس طرح کے اجتماعات نہ ہوئے تو بڑے پیمانے پر اور طاقتور اور موثر طریقہ پر امت کی اکثریت میں ''حقیقت اسلام'' اور روح اسلام پیدا ہونے کی کیا توقع ہے؟

پھر ہم مسلمانوں کو اس کی دعوت دیتے ہیں کہ وہ کچھ دن حقیقت اسلام کو حاصل کرنے اور اس کو اپنے میں راسخ کرنے کے لئے اپنے اوقات فارغ کریں اور اس ماحول سے نکل کر جس میں حقیقت اسلام پنپنے اور ایمانی کیفیات ابھرنے نہیں پاتیں، ایک ایسے ماحول میں وقت گزاریں جہاں اصلی زندگی کی جھلک موجود ہو، جہاں علم وذکر، دعوت وتبلیغ، خدمت وایثار، تواضع وخلق، محنت وجفاکشی کی زندگی ہو، ہم اس وقت مسلمانوں کو اس مقصد کے لئے جماعتوں کی شکل میں نکلنے کی دعوت دیتے ہیں، اگر مسلمانوں کی بڑی تعداد اس کو جزء زندگی بنالے

اور اس کا رواج پڑ جائے تو ہم کو اللہ کی ذات سے امید ہے کہ کروڑوں مسلمانوں تک، حقیقت اسلام کا یہ پیغام پہنچ جائے گا۔ اور لاکھوں مسلمانوں کی زندگی میں دینی روح ایمان واسلام کی حقیقت اور اس کی صفات وکیفیات پیدا ہو جائیں گی۔

## حقیقت اسلام دوبارہ پیدا ہو سکتی ہے:

حضرات! ہم اس سے بالکل مایوس نہیں ہیں کہ اس زمانہ میں حقیقت اسلام پیدا نہیں ہو سکتی ہم کسی ایسے زمانہ اور انقلاب کے قائل نہیں جس میں حقیقت اسلام دوبارہ پیدا نہیں کی جا سکتی، آپ پیچھے مڑ کر دیکھئے، تاریخ کے سمندر میں آپ کو حقیقت اسلام کے جزیرے بکھرے ہوئے نظر آئیں گے، بارہا حقیقت اسلام ابھری اور ایمانی کیفیات پیدا ہوئیں، وہی اللہ اور رسول پر یقین واعتماد، وہی شہادت کا ذوق، جنت کا شوق، وہی دنیا پر آخرت کی ترجیح، جب کبھی اور جہاں کہیں حقیقت اسلام پیدا ہوگئی اس نے ظاہری قرائن وقیاسات کے خلاف حالات اور مخالف طاقتوں پر فتح پائی ہے، تمام گزرے ہوئے واقعات کو دہرادیا ہے اور قرن اول کی یاد تازہ کردی ہے۔

## حقیقت اسلام میں آج بھی طاقت ہے:

حقیقت اسلام اور حقیقت ایمان میں آج بھی وہی طاقت ہے جو ابتدائے اسلام میں تھی آج بھی اس سے وہ تمام واقعات ظاہر ہو سکتے ہیں جو اس سے پہلے ظاہر ہوئے ہیں آج بھی اس کے سامنے دریا پایاب ہو سکتے ہیں سمندر میں گھوڑے ڈالے جا سکتے ہیں، درندے جنگل چھوڑ کر جا سکتے ہیں، بھڑکتی ہوئی آگ گلزار بن سکتی ہے، لیکن شرط یہ ہے کہ حقیقت ابراہیمی موجود ہو

آج بھی ہو جو ابراہیم کا ایمان پیدا
آگ کر سکتی ہے انداز گلستاں پیدا

# اعلیٰ اخلاقی قدریں دل کے اندر کھوئی ہیں ان کی باہر تلاش ہے

> یہ تقریر ۲۷ جنوری ۱۹۵۴ء کی شب میں گورکھپور (ہندوستان) کے ٹاؤن ہال میں کی گئی تھی اس موقع پر شہر کے تعلیم یافتہ ہندو مسلمان حضرات موجود تھے۔

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سیدالانبیاء والمرسلین، وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین. امابعد.

## ایک کہانی:

دوستو! بچپن میں ایک کہانی سنی تھی۔ ایک صاحب سڑک پر کچھ تلاش کررہے تھے، لوگوں نے پوچھا صاحب آپ کیا تلاش کررہے ہیں؟ انہوں نے کہا جیب سے اشرفی گرگئی تھی، اسے تلاش کررہا ہوں کچھ بھلے مانس بھی ان کے ساتھ تلاش میں لگ گئے، تھوڑی دیر کے بعد کسی نے پوچھا، حضرت وہ اشرفی کہاں گری تھی؟ کہنے لگے گری تو گھر کے اندر تھی مگر مشکل یہ ہے کہ گھر میں روشنی نہیں ہے، سڑک پر روشنی ہے، اس لئے یہاں تلاش کررہا ہوں۔

## انسان کی سہولت پسندی:

بظاہر تو یہ ایک افسانہ یا لطیفہ معلوم ہوتا ہے مگر واقعات کی دنیا میں دیکھیں گے تو یہی نظر آئے گا کہ جو چیز گھر میں کھوئی ہے، اس کی آج باہر تلاش ہے۔ بڑے بڑے میدانوں میں آج یہی ہو رہا ہے کہ گھر کی چیز باہر تلاش کی جارہی ہے، کوئی چیز کھوئی تو ہے اپنے اندر مگر تلاش اس کی باہر ہے، کیونکہ باہر روشنی ہے، آج بہت سی ایسی چیزوں کی کمیٹیوں اور جلسوں میں تلاش ہے،

سکون، امن، اطمینان اندر کی چیزیں ہیں لیکن ان کی تلاش باہر ہے، انسانیت کی قسمت اندر سے بگڑی ہے لیکن باہر اس کو بنانے کی کوشش کی جارہی ہے، جس امن وسکون اور اطمینان قلب کی ہمیں ضرورت ہے، جس محبت کی فضا، ہمدردی کی فضا، اخلاق کی فضا کی ہمیں اور آپ کو ضرورت ہے، زندگی کا جوجوہر اور زندگی کا جو قیمتی سرمایہ آج مفقود ہے، وہ سب دل کی دنیا میں کھویا ہے، لیکن وہاں اندھیرا ہے، وہاں ہماری گزر نہیں، اس لئے ہم اس کو باہر ڈھونڈتے پھرتے ہیں ہم نے بڑا ظلم کیا کہ پہلے ہم نے دلوں میں جانے کا راستہ کھویا۔ اب اس کی چیزوں کو باہر تلاش کررہے ہیں، آج دنیا کے اسٹیج پر یہی ڈرامہ کھیلا جارہا ہے، دل کی دنیا میں اندھیرا ہے، وہاں برسوں سے گھٹاٹوپ اندھیاری ہے، ہاتھ کو ہاتھ سجھائی نہیں دیتا، انسانی فطرت سہولت پسند ہے، اس نے کبھی یہ زحمت برداشت نہیں کی کہ دل کے اندر ڈوب کر کھوئی ہوئی قیمتی چیز کو تلاش کرلے، اس نے اس کو آسان سمجھا کہ باہر روشنی میں اپنے گم شدہ مال کو تلاش کرے، آج قومیں حیران ہیں، بڑے بڑے حکیم ودانا سرگرداں ہیں، لیکن اس کا سرا نہیں ملتا کہ ہمارا مال کھویا کہاں ہے لوگوں نے جب دیکھا کہ دل کا دروازہ نہیں ملتا اور اس پر بس نہیں چلتا، اس کو روشن اور گرم کرنے کا سامان ہمارے پاس نہیں تو انہوں نے دماغ کی طرف توجہ کی اور انسانوں کی معلومات بڑھانا شروع کردیں جو بات آسان تھی وہ کرنے لگے۔ دماغ تک پہنچنا آسان تھا، انہوں نے دل کو چھوڑ کر دماغ کا راستہ اختیار کرلیا۔

آج ہر ایک اسی قافلہ کا شریک ہے، جو آرہا ہے وہیں جارہا ہے، دل کے اندر پہنچنے کی کوشش نہیں، دنیا کی چول جب تک اپنی جگہ پر نہ آئے سدھارنا ممکن ہے، گھر میں اندھیرا ہے تو روشنی باہر سے لانا پڑے گی اور گھر میں کھوئی ہوئی پونجی اور من کی لٹی ہوئی دولت کو وہیں تلاش کرنا پڑے گا، اگر ایسا نہ کیا تو زندگی ختم ہوجائے گی اور اس کا سراغ نہیں ملے گا۔

## حقیقتوں سے کشتی نہیں لڑی جاسکتی:

آج ضرورت تھی کہ ان حقیقتوں کو ابھارا جاتا، انسانوں کو زندگی کا مقصد بتایا جاتا، تعلقات درست ہوتے، انسان حیوانی سطح سے بلند ہوتے، ایک دوسرے سے محبت ہوتی، ایک دوسرے کے لئے قربانی کا جذبہ ہوتا، ایک دوسرے کو بھائی کی نظر سے دیکھا جاتا، رقابت کی نظریں بند ہوتیں، اعتماد اور محبت کی نظریں پیدا ہوتیں، حقیقتیں گم ہوگئیں، سب سے بڑی حقیقت حقیقتوں

کی جان یہ تھی کہ کسی نے اس دنیا کے کارخانے کو بنایا ہے، وہ اسی کی مرضی اور ہدایت کے مطابق ٹھیک ٹھیک چل سکتا ہے، اگر اس سے لڑنے کی کوشش کی جائے گی اور اس کی ہدایات (DIRECTIONS) کے مطابق کام نہیں ہوگا، تو کارخانہ درہم برہم ہو جائے گا، گھڑی کی مثال لے لیجئے جو اس کا ماہر خصوصی (SPECIALIST) ہے، اس کی ساخت سے واقف ہے، وہی اس کی کل درست کر سکتا ہے، کوئی شخص کتنا ہی بڑا عالم و فاضل ذہین اور فلسفی ہو، لیکن گھڑی اس کی ذہانت اور علم سے درست نہیں ہو سکتی، وہ تو ماہر فن کے چلانے سے چلے گی، یہ دنیا جس نے بنائی ہے، اسی کی ہدایت سے ٹھیک ٹھیک چلے گی، حقیقتوں سے کشتی نہیں لڑی جا سکتی، ان کے سامنے سر جھکانا ہی پڑے گا۔

## انسان دنیا کا ٹرسٹی ہے:

میں اس وقت آپ سے کچھ بے لاگ باتیں کرنا چاہتا ہوں، لعنت ہے ایسی زندگی پر جس میں کبھی سچی بات نہ کہی جا سکے، آج ہر آدمی فائدہ دیکھتا ہے، اور فائدے کے پیش نظر سچ یا جھوٹ بولنے میں ذرا پس و پیش نہیں کرتا، دنیا میں ایسے آدمیوں سے سدھار ناممکن ہے، جو دو چار ایسے آدمی دنیا میں موجود ہیں، انہیں سے دنیا قائم ہے، جو ہمیشہ سچی بات کہتے ہیں چاہے جان جائے۔

آج دنیا کے رخ پر جو نکھار اور تابانی ہے یہ ان حق گو پیغمبروں، اللہ کے بھیجے ہوئے انسانوں کے خون جگر کا نتیجہ ہے جنہوں نے انسانیت کی فلاح اور قیام کے لئے اپنی زندگیاں نثار کر دیں۔ اور اس طرح سے اس مقدس ورثہ اور گران قدر متاع کے ہم وارث ہوئے۔ انسانیت کی نجات کا راستہ وہی درخشاں راستہ ہے جسے ان لوگوں نے دکھایا، آج بھی جب تک ہم یہ نہ سمجھیں کہ دنیا ہمارے لئے ہے اور ہم خدا کے لئے ہیں، ہم اس کے متولی (TRUSTEE) اور امین ہیں اور خدا کے سامنے ذمہ دار و جوابدہ ہیں، انسانیت کی مشکلیں حل نہیں ہو سکتیں، یہ تھا راستہ مشکل اور کانٹوں بھرا، لیکن یہی انسانیت کا راستہ تھا، یہ ایک ذمہ داری کی بات تھی، لوگوں نے اس سے گریز کیا، اور کلچر اور تہذیب کا نام لینا شروع کر دیا۔

## انسانیت کا مسئلہ پرانی تہذیبوں سے حل نہیں ہو سکتا:

دنیا کی تمام تہذیبیں قابل احترام ہیں خصوصاً اپنے ملک ہندوستان کی تہذیب ہمیں عزیز ہے ، یہ ہماری میراث ہے اور ہم اس کی قدر کرتے ہیں، لیکن انسانیت کا صحیح ارتقاء پرانی تہذیبوں سے نہیں ہو سکتا، ان چیزوں میں اب جان نہیں رہی، ان کی صلاحیت اب ختم ہوگئی۔ یہ اپنا مشن (MISSION) پورا کر چکیں یہ اپنا پارٹ ادا کر چکیں، ان کے بہت سے پہلو اب بھی بہت اچھے ہیں، لیکن آج انسانیت کے عروج کے لئے اور عام اخلاقی گراوٹ کو روکنے کے لئے ان میں کوئی جان نہیں، ان کے پاس کوئی پیغام نہیں، جس طرح ایک جگہ کی چیز دوسری جگہ نصب (ADJUST) نہیں کی جا سکتی، دو ہزار برس کی چیز آج کے ماحول میں کام نہیں دے سکتی، عربوں کی پرانی تہذیب رومیوں اور یونانیوں کی تہذیب اپنے اپنے وقت کی زندہ اور ترقی یافتہ تہذیبیں تھیں، لیکن اب وہ اپنا نمو اور شادابی کھو چکیں، اب ان کی جگہ صرف آثار قدیمہ میں ہے

## تہذیبیں انسانیت کا لباس ہیں انسانیت لباس تبدیل کرتی رہتی ہے:

انسانیت تہذیبوں سے بالاتر ہے، یہ سب تہذیبیں مل کر بھی آدمیت کو جنم نہیں دیتیں، آدمیت تہذیبوں کو جنم دیتی ہے، آدمیت کسی مخصوص زمانے اور کسی مخصوص مقام سے مخصوص نہیں، تہذیبیں اس کا لباس ہیں اور اپنا لباس بدلتی رہتی ہے، اور اپنے سن اور اپنے ذوق کے مطابق اپنے کو آراستہ کرتی رہتی ہے اور یہ بالکل قدرتی اور ضروری ہے، جو بچہ ہے وہ بچوں کا لباس پہنے گا، جو جوان ہے وہ جوانوں کا چولا بدلے گا، بچوں کا لباس جوان کو نہیں پہنایا جا سکتا، انسانیت کو کسی خاص دور یا کسی خاص ملک کے کلچر کا پابند نہ کیجئے۔ انسانیت کو بڑھنے دیجئے، انسانیت آب حیات کا چشمہ ہے اسے ابلنے دیجئے، یہ صحرا، ریگستان اور میدانوں میں دوڑنا چاہتا ہے، اسے بڑھنے اور پھیلنے دیجئے۔ مذہب کے عالمگیر اور زندہ اصولوں اور اپنی ذہانت اور ذوق سے انسانیت کا ایک نمونہ اور ایک نیا پیکر پیدا کیجئے، انسانیت کو اخلاق کا ایک نیا گلدستہ بنائیے، وہ تازہ اور شاداب گلدستہ ہوگا، جو پھول سوکھ گئے، مرجھا گئے، ان کو گلے کا ہار بنانے پر اصرار نہ کیجئے۔

## مذہب روح دیتا ہے، کلچر ایک ڈھانچہ:

مذہب اور تہذیب کا راستہ الگ ہے، مذہب روح دیتا ہے اور کلچر ایک ڈھانچہ (MODLE)

مذہب طریقہ حیات اور زندگی کا ایک ضابطہ دیتا ہے، کچھ پابندیاں عائد کرتا ہے، پھر آزاد چھوڑ دیتا ہے، مثال کے طور پر تہذیب کہتی ہے کہ سینٹھے کا قلم مقدس ہے اور مذہب کو اس سے بحث نہیں کہ لوہے کے قلم سے لکھا جائے یا فونٹن پن سے، اس کا مطالبہ صرف یہ ہے کہ جو کچھ لکھا جائے وہ سچ ہو اور اچھا، مذہب مقصد حیات عطا کرتا ہے اور زندگی کو روح دیتا ہے، وہ انسانی زندگی پر کنٹرول قائم رکھتا ہے مگر اس سے حرکت اور نشوونما کی صلاحیت نہیں چھینتا کلچر کا احیاء انسان کی نجات نہیں چاہے یہ کام ہندو کرے یا مسلمان یا عیسائی۔

## رسم الخط یا ضمیر واخلاق:

آج اس پر بڑا معرکہ برپا ہے کہ ملک کی زبان کیا ہونی چاہئے، کس رسم الخط میں لکھنا چاہئے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ انسانیت کے درد کا مداوا اسی میں ہے، ملک کا سدھار اسی پر موقوف ہے، دوستو! پیغمبروں کے سوچنے کا طریقہ یہ نہیں۔ ان کو اس سے کوئی دلچسپی نہیں کہ تحریر کہاں سے شروع کی جائے اور کہاں ختم کی جائے، دائیں سے شروع ہوکر بائیں طرف یا بائیں سے شروع ہوکر دائیں طرف۔ ان کو تو اس سے دلچسپی ہے کہ لکھنے والا سچا، خدا سے ڈرنے والا، امانت دار اور فرض شناس ہو۔ پھر وہ کسی طرح لکھے، وہ اچھا ہوگا۔ میں نے بنارس میں کہا تھا کہ اگر دستاویز جھوٹی ہے تو کیا دائیں سے شروع کرنے اور اردو یا فارسی میں لکھنے سے یا بائیں سے شروع کرنے اور ہندی یا انگریزی میں لکھنے سے وہ سچی ہو جائے گی؟ جھوٹی اور جعلی دستاویز کو جس طرح اور جس طرف سے لکھو گے وہ جھوٹی اور جعلی اور پاپی رہے گی، سچی دستاویز کو جس طرح اور جس طرف سے لکھو گے وہ سچی رہے گی، پیغمبر رسم الخط کے پیچھے نہیں پڑتے، وہ اس ہاتھ کو درست کرنا چاہتے ہیں جو قلم سے کام لیتا ہے، بلکہ وہ اس دل کو درست کرنا چاہتے ہیں جو ہاتھ کو حکم دیتا ہے۔

## پیغمبر وسائل نہیں پیدا کرتے مقاصد عطا کرتے ہیں:

پیغمبروں کا کام یہ نہیں کہ اپنے اپنے زمانہ میں نئی نئی ایجادیں کریں اور آلات اور مشینیں تیار کریں، وہ اس طرح کے انسان پیدا کرتے ہیں جو ان مصنوعات اور وسائل کو صحیح مقصد کے لئے صحیح طریقے پر استعمال کرسکیں، یورپ وسائل پیدا کرتا ہے، پیغمبر مقاصد عطا کرتے ہیں،

انہوں نے مشینیں نہیں ڈھالیں، آدمی ڈھالے تھے، یورپ نے مشینیں بنائیں مگر انہیں استعمال کون کرے؟ درندہ صفت انسان؟ آج ساری مصیبت یہ ہے کہ وسائل بہت ہیں، ایجادات بہت ہیں، سامان بہت ہے مگر صحیح طریقے پر استعمال کرنے والا آدمی نایاب ہے۔

## انسانیت کو غمخوار انسانوں کی ضرورت ہے:

انسانیت کو آج ایمان ویقین، سچائی اور پاکیزگی، محبت ومروت اور ہمدردی، غمخواری کی ضرورت ہے، اس کا مداوا تہذیب نہیں، تحریر نہیں، اس کو ضرورت ہے غمخوار انسانوں کی، دردمند انسانوں کی، جو دوسروں کے لئے گھلیں اور اپنے کو مٹا کر دوسروں کو بنائیں، تحریروں اور تہذیبوں سے انسانیت نہیں پیدا ہوتی، یورپ نے ہم سے اخلاق اور روحانی اقدار (VALUES) چھین لئے، اس معاملہ میں وہ خود خالی ہاتھ تھا، اس نے ہمیں بھی دیوالیہ بنادیا، اس نے ہماری جھولیوں کو اخباروں سے بھر دیا، معلومات سے بھر دیا، مصنوعات سے بھر دیا اس نے ہماری راتوں کو چراغوں سے جڑ دیا، بجلی کی قمقموں سے جگمگا دیا، ہمیں دل کی روشنی کی ضرورت تھی، اس نے دل کا چراغ گل کر دیا، مبارک تھا وہ زمانہ جب دل کی روشنی تھی، بجلی کی روشنی نہیں تھی، آپ خود سوچیں آپ سے کوئی سودا کرنا چاہے تو آپ کو کون سا زمانہ پسند ہے؟ انسانیت کا ہمدردی کا، غمخواری کا زمانہ جس میں آدمیت کی قدر اور فکر تھی، یا وہ زمانہ جس میں انسانیت کا کوئی احترام نہیں، مگر اس میں پریس ہیں، بجلی کی روشنی ہے اور برقی پنکھے ہیں، آج سکون قلب میسر نہیں، لیکن پیسہ کی افراط ہے، آج سب کچھ ہے، لیکن روحانی قدریں عنقا ہیں، آج سب کچھ ہے، لیکن مقصد نہیں، جس کے حلق میں کانٹے پڑ رہے ہوں، پیاس سے تڑپ رہا ہو، اسے چلو بھر پانی چاہئے، اس کے لئے سب کچھ، کچھ نہیں، اس کے لئے اشرفیاں موجود ہوں تو کیا؟ بس تمدن میں محبت کا ذرہ نہیں، ایثار و ہمدردی کا نام نہیں، جسے دیکھو غرض کا بندہ، اس تمدن کو لے کر کیا کریں۔

## ہم نے دل کا راستہ کھو دیا:

ساری غلطی یہ ہو رہی ہے کہ صحیح دروازے سے آنے کی کوشش نہیں کی جاتی، چور دروازے سے داخل ہوتے ہیں، دل کا پھاٹک بند ہے اور اندر جانے کا راستہ وہی تھا، دل کا

راستہ ہم کھو چکے، ہم خودغرضیوں کے ساتھ وہاں نہیں پہنچ سکتے، دنیا کا بگاڑ، بیجا غرور اور خواہشات کا اقتدار اور ان سب کا دہانہ دل ہے، اس دل میں جب ایک خدا کا اقتدار نہیں، اسے اس کی بالادستی تسلیم نہیں، یہ اپنے کو اس کے سامنے جواب دہ نہیں سمجھتا تو پھر اس کی شکایت کیا، کسی کو پھر کیا غرض ہے کہ وہ کسی کی مدد کرے اور دوسرے کے لئے اپنے کو خطرے میں ڈالے، آج کی دنیا میں بھائی بھائی کو تاجرانہ ذہن سے دیکھتا ہے، ہر ایک نے دوسرے کو گاہک اور فریق سمجھ لیا ہے، سب طرف لوٹ کھسوٹ (EPLOITATION) کا بازار گرم ہے، فطرت انسانی مسخ ہو گئی ہے، باپ بیٹوں سے نالاں ہیں، استاد شاگردوں سے ناخوش ہیں۔

## نظامِ تعلیم کا نقص:

آج یونیورسٹیوں میں کہرام مچا ہوا ہے کہ شاگرد ادب نہیں کرتے اور استاد شفقت و ہمدردی نہیں برتتے، تمام لوگ اس سے پریشان ہیں اور اس کی اصلاح کی طرح طرح کی کوششیں ہوتی ہیں، لیکن اس کی جڑ اور بنیاد پر غور نہیں کیا جاتا کہ تعلیمی نظام جس کا سارا ڈھانچہ مادہ پرستی ہو۔ آخر اس کے نتائج کیا ہو سکتے ہیں، تعلیم کا کون سا اسٹیج ہے، جہاں اخلاق اور کردار کی تعمیر کی کوشش کی جاتی ہے؟ یہ تمام برائیاں تو متوقع نتائج ہیں اس نظام تعلیم کے، تمہارا ادب، تمہارا آرٹ نفسانی خواہشات کو بیدار کرتا ہے، اور انسان کو موقع پرست (OPPORTUNIST) بناتا ہے اور پھر تمہارا ماحول ایسے مواقع بہم پہنچاتا ہے کہ خواہشات اور خودغرضیوں کی تسکین ہو سکے، وہ تمہیں دولت مند، ساہوکار بننے کا جذبہ دیتا ہے، اس وقت ضرورت ضمیر اور ذہن بدلنے کی ہے، ان کے بدلے بغیر کوئی تبدیلی نہیں ہو سکتی۔

## ذہنیت کی تبدیلی کی ضرورت:

آج ہمارے ملک میں کئی اصلاحی اور سماجی تحریکیں چل رہی ہیں، ہم ان کی قدر کرتے ہیں اور ہمارا بس چلے تو ہم ان کی مدد کریں، خصوصاً بھودان تحریک، لیکن زمین لینے سے پہلے والوں میں یہ بات پیدا کرنے کی ضرورت ہے کہ کوئی زیادہ زمین رکھ ہی نہ سکے، لوگ خود بخود زمین دینے کو تیار ہو جائیں، ایسی ذہنیت بن جائے کہ لوگ ضرورتمندوں کو اپنی چیزیں دے کر خوشی محسوس کریں۔

ہم نے تاریخ میں یہ واقعہ پڑھا ہے کہ مکہ اور مدینہ میں پشتینی رقابت تھی، ان کے کلچر اور (SOCIAL LIFE) میں اختلاف تھا، لیکن جب مکہ سے لوگ مدینہ آنے پر مجبور ہوئے اور انہیں اپنا سارا اثاثہ اور مال و دولت چھوڑ کر خالی ہاتھ مدینہ آنا پڑا تو جن کے پاس کچھ نہ تھا، وہ مدینہ کے مالدار کھاتے پیتے لوگوں کے بھائی بنا دیئے گئے، انہوں نے اپنے ان بھائیوں کو سینے سے لگایا اور جن سے کوئی خونی رشتہ نہیں تھا، ان کے سامنے اپنے گھر کی آدھی دولت لاکر رکھ دی، ادھر آنے والوں کے دل ایسے بنائے گئے تھے اور ان کی ایسی تربیت کی گئی تھی کہ انہوں نے ان کو دعا دی اور ان کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ہمیں اس کی ضرورت نہیں، آپ ہمیں کچھ تھوڑا سا قرض دے دیجئے اور بازار کا راستہ بتلا دیجئے، ہم مکہ میں بھی تجارت کرتے تھے اور یہاں بھی تجارت کریں گے، پیغمبر اسلام نے مدینہ والوں میں ایثار و ہمدردی اور قربانی کا جذبہ بیدار کیا اور مکہ والوں میں خود اعتمادی اور خودداری کا، انہوں نے گھر کی دولت آنے والوں کے قدموں پر ڈال دی اور آنے والوں نے دولت پر نگاہ نہ کی، اور اپنے ہاتھ پاؤں اور اپنی محنت سے کمانے کا فیصلہ کیا۔

ہمارا سر نیچا ہو جاتا ہے، جب آج کی ہجرت پر نظر ڈالتے ہیں، نہ ایک طرف ایثار و ہمدردی ہے، نہ دوسری طرف خود اعتمادی اور خودداری۔

ہم کہتے ہیں کہ ذہنیت بدلئے، محبت پیدا کیجئے، ایسے دل پیدا کیجئے جو دوسروں کے غم میں گھلنے کی آرزو کریں، زمین کی تقسیم سے پہلے انسان کے اندر یہ آگ پیدا کرنی تھی کہ اس سے کسی کی مصیبت نہ دیکھی جائے، کمیونزم انتظام اور اسٹیٹ سے کام لیتا ہے، مذہب دل کی کیفیت ایسی بناتا ہے کہ اشرفیاں سانپ بچھو معلوم ہونے لگیں، محمد رسول اللہ ﷺ نماز کے لئے کھڑے ہوئے، وہ نماز جس کے لئے آپ کہتے ہیں کہ میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے، جس کے لئے آپ بے چین رہتے تھے اور بلالؓ موذن سے کہتے تھے کہ اذان دے کر میری تسکین کا سامان کرو، اسی نماز کے لئے کھڑے ہوتے ہیں لیکن اچانک گھر میں جاتے ہیں پھر واپس آکر نماز ادا کرتے ہیں، پوچھا گیا کہ آپ کو کون سا ضروری کام یاد آیا کہ نماز چھوڑ کر واپس تشریف لے گئے؟ فرمایا کہ تھوڑا سا سونا رکھا تھا، میں اسے غریبوں میں تقسیم کرنے کی ہدایت کر آیا۔

## کوئی زبان غیر نہیں:

میں مسلمانوں سے کہوں گا کہ ہمت بلند کرو، تمہارا کسی زبان سے بیر نہیں، تمہیں کسی زبان سے وحشت نہیں ہونی چاہئے، تم نے فارسی کو اپنایا، تم ہندی کو کیوں نہ اپناؤ، ایسی سندر زبان جو ہمارے ملک کی زبان ہے، لیکن میں اپنے ہندو بھائیوں سے کہوں گا کہ وہ ٹھنڈے دل سے سوچیں کہ انسانیت کا سدھار نہ اس زبان میں ہے نہ اس زبان میں، نہ اس کلچر میں ہے، نہ اس کلچر میں، نہ اس تہذیب میں نہ اس تہذیب میں، آپ انسان میں قربانی کا جذبہ، نیکی کا جذبہ پیدا کیجئے، اسے انسان بنائیے، انسانیت کا احترام سکھائیے، آج انسانیت کا ضمیر (CONSCIENCE) بگڑ چکا ہے، وہ اپنی قوم اور اپنے ملک ہی کو دیکھنے کا عادی بن چکا ہے، سفید فام کہتے ہیں کہ بحر اوقیانوس (ATLANTIC OCEAN) سے اس طرف انسان ہی نہیں، ہر ملک کے باشندے اپنے سوا کسی کو انسان نہیں سمجھتے، ہر طرف جتھہ بندی ہے اور خود غرضی، روس کے کیمونسٹوں کے سامنے ایک طبقہ کا مفاد ہے، امریکہ کے سرمایہ داروں (CAPITALISTS) کے سامنے دوسرے طبقے کا مفاد، ایک کو سرمایہ دار نظر نہیں آتا، ایک کو کاشتکار، ایک کے نزدیک دنیا میں مزدور ہی مزدور ہیں، دوسرے کے نزدیک کاشتکار ہی کاشتکار، تیسرے کے نزدیک سرمایہ دار ہی سرمایہ دار، یہ قوم پرستی یہ تنگ نظری بڑی خطرناک چیز ہے۔

## خدا پرستی کی تحریک کی ضرورت:

آج خدا پرستی اور انسانیت دوستی کی تحریک کی ضرورت ہے، آج اس کے لئے ایک زبردست مہم (CAMPAIGN) کی ضرورت ہے، ایک زلزلے کی ضرورت ہے، خدا پرستی کی آندھی کی ضرورت ہے، جو بڑی بڑی خود غرضیوں کے پہاڑوں کو ہلا دے، خواہشات کے ٹیلوں کو اڑا دے، شہر شہر، گاؤں گاؤں یہ کہتا ہے کہ حیوانی زندگی باقی رکھنے کے لائق نہیں، مادہ پرستی کا درخت کھوکھلا ہو چکا ہے، نفس پرستی کا درخت جو دنیا پر چھایا ہوا ہے، جڑیں چھوڑ چکا ہے، انسانو! اپنی قدر پہچانو، زندہ حقیقتوں سے اپنی قسمت باندھو، اللہ کی زبردست طاقت سے جڑ جاؤ۔

## علم و اخلاق کے تعاون کی ضرورت:

ہم کو وہ سنیاسیت اور جوگ مطلوب نہیں جو دنیا سے کنارہ کشی کی تعلیم دے اور اپنی جگہ

غاروں اور پہاڑوں پر تلاش کرے، ہم اس روحانیت کی دعوت دیتے ہیں جو زندگی کے ساتھ چلتی ہے، بلکہ زندگی کی رہنمائی کرتی ہے، میں رجعت پسند نہیں، میں (REACTION) کا قائل نہیں، انسانیت کے لئے یہ ضروری ہے اور انسانیت کا تقاضا اور اس کی مانگ ہے، کہ اخلاق، علم و سائنس اور خدا پرستی مل جل کر چلیں، آج اس کا توازن بگڑ گیا، ان میں تعاون اور اعتماد (CO-OPERATION) نہیں رہا، سائنس ایک طرف جارہی ہے تو اخلاق ایک طرف، دونوں انتہا پسند (EXTREMIST) ہیں۔

## مادہ پرستی اور روحانیت:

یہی حال مادہ پرستی اور روحانیت کا ہے، ایک دنیا کو نگل لینا چاہتا ہے، اسے پوجتا ہے، ایک اس سے نفرت کرتا ہے اور اس سے بیزار ہے، ہم یہ کہتے ہیں کہ اسے خدا کا عطیہ سمجھ کر، اللہ کی نعمت سمجھ کر اس کے قانون کے مطابق استعمال کرو، اسے اپنا غلام سمجھو، خود اس کے غلام نہ بن جاؤ، نہ اس زندگی کی پرستش کرو، نہ اس سے نفرت کرو، خدا کے سامنے اپنے کو جواب دہ سمجھو اور اس کی عدالت کے سامنے حاضر ہونے کا اور جزا وسزا کا یقین کرو، اس کے بھیجے ہوئے بے غرض اور مخلص پیغمبروں پر اعتماد کرو اور انہیں سے اس زندگی کے اصول اور ضوابط حاصل کرو، اپنے کو خدا کا بناؤ، یہ دنیا تمہاری بن جائے گی۔

و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

# دنیا کی موجودہ کشمکش یہ نہیں کہ برائی دور ہو بلکہ یہ کہ برائی ہماری نگرانی اور انتظام میں ہو

(یہ تقریر یکشنبہ ۲۴ جنوری ۱۹۵۴ء کو مئو ضلع اعظم گڑھ (ہندوستان) میں (جو ایک بڑا صنعتی مرکز ہے) ہندو مسلمانوں کے ایک مشترک جلسہ میں کی گئی تھی، جس میں مختلف سیاسی پارٹیوں اور عقیدوں کے لوگ شریک تھے۔)

نحمدہ' ونصلی علی رسولہ الکریم اما بعد.

سامعین محترم! اس دنیا کی تقسیمیں بڑی بے رحم ہیں، پہلے قوموں اور سلطنتوں نے ملکوں کو بانٹا تھا، مگر اب سیاسی تحریکوں نے قوموں اور محلوں کو بانٹ دیا ہے، مذہب کی آڑ میں ایسے فتنے نہیں تھے، جتنے آج کی مہذب دنیا اور جمہوری دور میں نظر آ رہے ہیں، آج کے سیاسی پلیٹ فارم لوگوں کو جدا کرنے کے لئے یا اپنے گروپ بڑھانے کے لئے مخصوص ہیں، لیکن اب بھی بے غرضی سے پکارا جاتا ہے تو لوگ اب بھی جواب دینے کو تیار ہیں، ابھی اس کا امکان ہے کہ سیاسی پلیٹ فارم کے علاوہ بھی لوگ جمع ہو جائیں، ہم نے خالص انسانی مسئلوں پر غور کرنے کی دعوت دی، ہمارا دل بہت خوش ہے کہ آپ نے دعوت قبول کی، آپ کا سیاسی تحریکوں سے گھبرانا تعجب نہیں، انسان اپنے تجربوں ہی سے نتیجہ نکالتا ہے، آدمی بار بار جن چیزوں کو ہوتے دیکھتا ہے، اس سے فائدہ بنالیتا ہے، آج اغراض کے لئے جمع کرنے کی عادت ہے، آپ ہم پر بھروسہ کریں۔ ہم کسی پارٹی کے ماؤتھ پیس (MOUTH PIECE) یا لاؤڈ اسپیکر نہیں ہیں، ہمارے سامنے خالص انسانیت کا مسئلہ ہے۔

## سب ٹھیک ہو رہا ہے لیکن میرے اہتمام سے ہونا چاہئے:

دوستو! اس وقت کا انسان اصل بگاڑ سے آنکھیں بند کر کے کہتا ہے کہ سب ٹھیک ہو رہا ہے، لیکن میرے اہتمام سے ہونا چاہئے۔ جو کچھ ہو میری نگرانی اور چودھراہٹ میں ہو۔ بد اخلاقی و بے مروتی، چور بازاری، دولت سمیٹنے کی ہوس سب ٹھیک ہے، لیکن اس کی تولیت (TRUSTEESHIP) ہمارے سپرد ہو تو خوب ہے، آج سب کے دل کی خواہش یہی ہے اور جب بھی کسی کے ہاتھ میں انتظام آیا ہے تو اس نے لوٹ پھیر کر وہی نظام قائم رکھا اور تھوڑی سی ترمیم کے بعد بات وہیں رہی جہاں تھی۔ بگاڑ کے سمجھنے میں مختلف پارٹیوں میں کچھ زیادہ بنیادی اختلاف نہیں، کوئی نہیں کہتا کہ جو سب کچھ ہو رہا ہے نہیں ہونا چاہئے بلکہ سب کا کہنا یہ ہے کہ جو ہو رہا ہے ہمارے ماتحت اور ہماری سرپرستی میں ہونا چاہئے۔ گویا اس پر اعتراض نہیں کہ کارخانہ غلط ہے بلکہ اس پر غصہ ہے کہ ہمارا سایہ اس کے سر پر نہیں۔

## یورپ اور ایشیا میں آج یہی جذبہ کام کر رہا ہے:

دنیا کی بڑی جنگیں اسی بنیاد پر لڑی گئیں، فرانس، انگلستان، جرمنی، روس اور امریکہ وغیرہ سب اسی جذبہ کو لے کر اٹھے۔ انہوں نے لفظوں کو آڑ بنا کر یہ مطالبہ کیا کہ نو آبادیات (COLONIES) کا انتظام دوسروں کے سپرد کیوں ہے، اور دوسری ہی قوم ہمیشہ کیوں حاوی رہے۔ انسانیت کے درد سے بے قرار ہو کر ان میں سے کوئی نہیں اٹھا تھا، ان میں کوئی حضرت مسیحؑ کا مذہب جاری کرنے اور دنیا کے ساتھ انصاف کرنے، فسق و فجور، فحاشی اور عیاشی اور ظلم اور زیادتی مٹانے نہیں اٹھا تھا، نہ انگریز، نہ جرمن، نہ روس، نہ امریکہ، انہیں اچھے برے، ظلم و انصاف، حق و باطل سے کچھ بحث نہ تھی، حاشا وکلا انہوں نے کبھی یہ نہیں سوچا تھا کہ ہم دنیا کو صحیح نظام زندگی دیں گے اور انسانیت کی خدمت کریں گے، ان کے پیش نظر یہ تھا کہ ہم لوگ سونے چاندی کی گنگا بہائیں گے اور ملکوں کے ذخیروں اور دولتوں سے فائدہ اٹھائیں گے۔ وہ دنیا پر اپنی اجارہ داری (MONOPOLY) قائم کرنا چاہتے تھے، یہ سب ایک نظام زندگی پر ایمان لائے تھے کہ تمام دنیا کو پامال کر کے انسانوں کی لاشوں پر عیش و عشرت کی محفل رچائیں گے اور آدمیت کے ملبہ پر اپنی شان و شوکت کا محل تیار کریں گی۔ سب ترسے ہوئے ندیدے،

دولت کے بھوکے خواہشات کے غلام، شرابخوار، قمار باز، خدا کو بھولے ہوئے، فطرت صحیح کے خلاف بغاوت کرنے والے تھے دل رحم سے خالی، انسانیت کے درد سے عاری، انہیں کے نقش قدم پر آج قوم اور ملک، ذاتیں اور برادریاں، سیاسی پارٹیاں، قومی ادارے اور قوم پرست حکومتیں چل رہی ہیں۔ سب کا جذبہ یہ ہے کہ ہم اور ہمارے رفیق اور ساتھی اور عزیز و احباب موج کریں۔ وہ موجودہ حالت کو ACCEPT کر لیتے ہیں۔ ان کو صورت حال سے کوئی اختلاف نہیں، صرف ان لوگوں سے اختلاف ہے جن کے ہاتھ میں باگ ڈور ہے۔ وہ دنیا بدلنا نہیں چاہتے صرف اس کی امامت و قیادت (LEADERSHIP) بدلنا چاہتے ہیں، ان کی کوشش صرف یہ ہے کہ دوسروں کی جگہ پر ہم آ جائیں۔ آپ کے یہاں مقامی انتخابات ہوتے ہیں۔ ڈسٹرکٹ بورڈ، میونسپلٹی، ٹاؤن ایریا وغیرہ کے نئے نئے انتخابات میں نئے نئے لوگ آتے ہیں لیکن کیا کوئی نئی ذہنیت، نیا اصول زندگی، نیا جذبہ خدمت اور نیا جذبہ اصلاح لے کر آتا ہے، کیا کوئی نیا بورڈ، نئی کمیٹی بداخلاقیوں کی روک تھام کرتی ہے، انسانوں کی بے لاگ خدمت کرتی ہے، ہم تو یہ جانتے ہیں کہ، یہ سب ایک ہی ذہن، ایک ہی اصول زندگی اور ایک ہی جذبہ لے کر آتے ہیں، اسی کا نتیجہ ہے کہ صورت حال میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی، زندگی کی خرابیاں اور سوسائٹی کے جھول جوں کے توں رہتے ہیں۔

## پیغمبروں کا مطالبہ، زندگی کا نقشہ غلط ہے:

اس کے برخلاف پیغمبر کہتے ہیں کہ سرے سے زندگی کا نقشہ غلط ہے، اسے ادھیڑ کر پھر سے بناؤ اس میں پھر سے رنگ بھرو، اس کی مثال ایسی ہے جیسے کسی نے ایک شیروانی سلی سلائی لے لی، وہ اس کے جسم پر چست نہیں ہوتی، وہ اس کو ادھر ادھر سے کترتا ہے، کھینچتا ہے، پیغمبر کہتے ہیں کہ یہ بخیے غلط لگ گئے ہیں۔ جب تک یہ بخیے رہیں گے اس میں جھول ہی جھول رہیں گے، اسے ادھیڑ کر پھر سے بناؤ۔

## قوموں کو رشوت دی جا رہی ہے:

آج ساری دنیا نے انسان کو اپنی خواہشات میں آزاد مان لیا ہے، ان غلط خواہشات کے خلاف جذبہ پیدا کرنے کے بجائے آج ساری پارٹیاں اسے رشوت دے رہی ہیں، خواہشات

کی رشوت، اخلاقی رشوت اور ایک دوسرے سے بڑھ بڑھ کر کہہ رہی ہیں کہ ہمارے ہاتھ میں نظام حکومت آ گیا تو ہم تمہاری خواہشات کو پورا کریں گے اور تم کو عیش و ترقی کا پورا پورا موقع دیں گے۔ اگر اپنی خواہشات کی تکمیل اور آزادی چاہتے ہو تو ہمیں ووٹ دو، آج ہر ایک یہ کہہ رہا ہے کہ ہم اقتدار پا کر تمہاری تعیشات میں اضافہ کریں گے، تمہارا معیار زندگی اونچا کریں گے، گویا انہوں نے مٹھائیاں دے کر بچوں کی عادتیں بگاڑ دیں، انہوں نے ان کو مٹھائیوں پر لگا دیا دنیا کے انسان بچے ہیں، پارٹیاں اور حکومتیں انہیں خواہشات کی ہوا دے رہی ہیں، اور ان کی عادتیں بگاڑتی جا رہی ہیں، انسان کا یہ حال ہے کہ جتنا اسے دیئے جاؤ وہ اور مانگتا جاتا ہے، فلم آتے ہیں تو اس کی ہوس اور بڑھتی ہے، یہ اور زیادہ ہیجان (EXCITEMENT) چاہتا ہے اور زیادہ عریاں تصویریں مانگتا ہے، یہ دنیا کے منتظم انسانی خواہشات پر لگام نہیں لگاتے، بلکہ ان کی ہوس کے مطابق دیتے جاتے ہیں۔

پیغمبروں کا یہ راستہ نہیں، وہ خواہشات میں توازن و اعتدال پیدا کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہر شخص کی خواہش کو پورا کرنے کی کوشش غیر فطری ہے، پیغمبر کہتے ہیں کہ انسانوں کا چٹورپن خطرناک ہے، اس کو چھڑانا چاہئے، چاہے بچے کا دل برا ہو، چاہے وہ کچھ دیر روئے اور مچلے اس کو برداشت کرنا چاہئے اور صحیح راستہ پر لگانا چاہئے۔ یہ غلط فلسفہ ہے کہ خواہشات کو بریک نہ لگایا جائے، اور ان کو شہ دی جاتی رہے۔ اور جب ان کا فساد ظاہر ہو جائے تو پھر حیرت سے دیکھا جائے اور شکایت کی جائے۔

## منہ زور اور بے لگام گھوڑوں کی ریس:

سیاسی پارٹیوں کا نظام غلط ہے کہ اس زندگی کے نظام کو قبول کر لیا جائے، منہ زور گھوڑا، بے لگام اور غلط رو گھوڑا انسانیت کی کھیتی کو روندتا چلا جا رہا ہے، آج تمام پارٹیاں اس کا سائیس بننا چاہتی ہیں، منہ زور بے لگام گھوڑوں کی ریس ہے، کیا ان کے سامنے انسانی ضمیر کی کوئی قیمت ہے؟ انسانی ہمدردی کا کوئی جذبہ ہے؟ یورپ اور امریکہ ہمدردی اور مساوات کا نام لیتے ہیں۔ ان کی ہمدردی کے پیمانے ہم سب کو معلوم ہیں، بے چارے باہر سے ہمدردی کرنا چاہتے ہیں اور اندر وہی ہوس کا بھوت ہے، ظلم کے وہاں بڑے عجیب و غریب طریقے ہیں۔

## حکومت اور عہدہ کا کون اہل ہے؟:

دوستو! ہم کہتے ہیں کہ زندگی کا راستہ منزل سے بہت دور جاپڑا، جب تک خدا کا یقین (BELIEF) نہ پیدا کیا جائے سدھار نہیں ہوسکتا۔ اس کے بغیر ہم ظالم کو محتاط اور ہمدرد نہیں بنا سکتے ہیں، میں الل ٹپ آپ کے سامنے نہیں آ گیا۔ اس مطالعہ کے بعد کہہ رہا ہوں کہ جب تک آپ یقین نہ پیدا کریں انسانیت کے اصلی ماڈل (MODEL) تک نہیں پہنچ سکتے، اس کے اندر سے عزت وعہدہ کی محبت، دولت کی محبت نکال دیجئے اور ایثار وقربانی اور دوسروں کے لئے گھلنے کا جذبہ پیدا کیجئے۔ محمد رسول اللہ ﷺ نے کہا تھا کہ عہدہ اسے ملے گا جو اس کا خواہش مند نہ ہو، وہاں یہ QUALIFICATION تھی، آج اس کے برخلاف بے حیائی سے خود اپنی قصیدہ خوانی کر کے حکومتیں بنائی جاتی ہیں، صحابہؓ کرام اس سے بھاگتے تھے۔ حضرت عمرؓ معافی چاہتے ہیں کہ اس ذمہ داری کے بوجھ سے مجھے معاف رکھا جائے۔ انہیں مجبور کیا جاتا تھا کہ آپ دست بردار ہو گئے تو کون انتظام کرے گا؟ وہ جب تک کرتے تھے اسے بڑی ذمہ داری اور بوجھ سمجھتے تھے، اور جب سبکدوش ہوتے تو بڑا سکون (RELIEF) محسوس کرتے تھے، حضرت خالدؓ کو سپہ سالار اعظم (COMM ONDER IN CHEAF) بنایا گیا تھا۔ سب طرف ان کی دھاک بیٹھی تھی، عین محاذ پر ایک معمولی سا پرچہ مدینہ سے آتا ہے کہ خالد برطرف کئے جاتے ہیں، اور ان کی جگہ ابوعبیدہ مقرر کئے جاتے ہیں، تو ذرا بھی ملال نہیں ہوتا، بڑی فراخ دلی سے کہتے ہیں کہ اگر میں اس کام کو عبادت وفرض سمجھ کر کرتا تھا، تو اب بھی انجام دوں گا اور اگر عمرؓ کے لئے کرتا تھا تو کنارہ کش ہو جاؤنگا، پھر لوگوں نے دیکھا کہ وہ اسی ذوق وشوق سے اپنے کام میں مشغول رہے اور کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔

## جاہ طلب سیاسی:

آج سیاسی پارٹی سے کسی کو الگ کر دیا جاتا ہے تو پہلے تو نکلنے کا نام نہیں لیتا اڑا رہتا ہے، فتنہ مچاتا ہے، اور اگر الگ ہوتا ہے تو دوسری سیاسی پارٹی بنالیتا ہے، یہ کیوں؟ اس لئے کہ عزت کی ہوس، دولت کا شوق اور بڑائی کا خیال دل ودماغ پر چھایا ہوا ہے، پس جب تک موجودہ زندگی کا سانچہ نہیں بدلتا سدھار مشکل ہے۔ میں آپ کو صاف صاف زندگی کی حقیقتیں بتلا

رہا ہوں خدا کا خوف اوراس کی رضا کا شوق پیدا کیجئے، روحانی اور اخلاقی زندگی پیدا کیجئے۔ زندگی سے لطف اندوز ہونے (ENJOY) کرنے کا شوق جو زندگی کا آئیڈیل (IDEAL) بن گیا ہے، اسے چھوڑیئے۔

## انسانی ضروریات کی فہرست بہت طویل نہیں:

انسانی ضروریات کی فہرست بہت لانبی نہیں، فضولیات (LUXURIES) کی فہرست بہت لانبی ہے، سب نے اپنی بنیاد LUXURIES پر رکھی ہے، زندگی کے تعیش کو مقصود بنالو، معدہ اور نفس کو معبود مان لو، خدا کو نہ مانو، اس کی بالادستی کا انکار کرو، انسانوں کو ایک ترقی یافتہ جانور تسلیم کرو اوراس کی زیادہ سے زیادہ خواہشات کو پورا کرو، یہ سب اسی کا فساد ہے، جب تک یہ بنیاد باقی ہے ہزار کوششوں کے باوجود سدھار ناممکن ہے، کسی شہر اور ملک کی تو کیا ایک میونسپلٹی کے رقبہ کی بھی اصلاح نہیں ہوگی۔

## خراب اجزا اور اکائیوں سے اچھا مجموعہ تیار نہیں ہوسکتا:

آج انسانی افراد اور سوسائٹی کے اجزا خراب اور ناقص ہیں، غلط بنیادوں پران کا اٹھان ہوا ہے اور غلط طریقوں پران کی تربیت اور نشو ونما ہوا ہے، نتیجہ یہ ہے کہ آج سارے انسانی مجموعے خراب و ناقص اور کمزور ہیں، جماعتیں افراد سے بنتی ہیں۔ جب تک افراد درست اور صالح نہیں ہوں گے جماعتیں اور جماعتی کام کیسے درست ہوسکتے ہیں، افراد کا سوال چھیڑا جائے تو لوگ چڑتے ہیں اور ناراض ہوتے ہیں اوراس مسئلہ کو ٹال دینا چاہتے ہیں، اوراس خیال خام میں مبتلا ہیں کہ اجتماعی حالت میں یہ نقص خود بخود دور ہو جائے گا، عجب لطیفہ ہے کہ جب اینٹیں بھٹہ سے نکلیں تو کہنے والے نے کہا کہ یہ پیلا ہے، یہ کھنجر ہے، یہ اینٹیں اچھی نہیں، یہ عمارت کا بوجھ نہیں اٹھا سکیں گی۔ آپ نے جواب دیا محل بن جانے دو وہ سب اینٹیں اچھی ہو جائیں گی، لیکن خراب اور ناقص اجزاء سے ایک اچھا مجموعہ کیسے تیار ہوسکتا ہے؟ بہت سے خراب ممبروں سے ایک اچھی باڈی (BODY) کیسے بن سکتی ہے، خراب تختوں سے ایک اچھا جہاز کیسے بن سکتا ہے، ہم کہتے ہیں، یونٹ (UNITS) خراب ہیں، مسالہ (MATERIAL) خراب ہے، اس سے اچھی گورنمنٹ کیسے بنے گی؟ آج ساری دنیا میں یہی ہورہا ہے، (MATERIAL) تو کوئی

نہیں دیکھتا اور نتیجہ کو دیکھ کر کوفت ہے۔ کیا یہ ناسمجھی کی بات نہیں، پیغمبر تختے بناتے ہیں، یونٹ (UNITS) بناتے ہیں، ان کی تعمیر پائیدار، صالح اور جاندار ہوتی ہے، وہاں دھوکا نہیں ہوتا۔ آج تعلیم گاہوں میں بھی اس حقیقت کو نظر انداز کیا جارہا ہے، یقین اور اخلاق پیدا کرنے کی کوشش کہیں نہیں کی جارہی ہے، افراد کی تربیت کا انتظام کہیں نہیں، ہر جگہ غیر تربیت یافتہ افراد کے کھیپ کے کھیپ نکل رہے ہیں، آج طالب علم ہر کام کر سکتا ہے، اس لئے کہ اس کی کوئی تربیت نہیں کی گئی، میونسپلٹی میں کون لوگ ہیں؟ ڈسٹرکٹ بورڈ میں کون لوگ ہیں؟ حکومت میں کون لوگ ہیں؟ سارے نظام پر اس طرح کے لوگ حاوی ہیں۔ انہیں کے ہاتھ میں زندگی کی باگیں ہیں۔ آج اکثر انسان انسان نہیں، انسان نما ہیں۔

## حقیقت ظاہر ہو کر رہتی ہے:

حقیقت ظاہر ہو کر رہتی ہے چاہے اس پر کتنا ملمع چڑھاؤ گدھے نے شیر کی کھال پہن لی تھی، لیکن جب خطرہ سامنے آیا تو ہیبت سے اپنی بولی بول دی، آج سب جگہ یہی ہو رہا ہے۔ اندر کی چیز باہر آرہی ہے، آپ میں سے بہت سے بھائی انتھک کوشش کر رہے ہیں، آپ میں سے بہت سے مخلص (SINCERE) ہیں، لیکن کیا کبھی آپ نے نیچے سے سدھار کر کوشش کی، لوگ پارٹی کے اقتدار کے پیچھے پڑے ہیں، لیکن کرنے کا کام یہ تھا کہ آدمیت کا احترام پیدا ہو، خدا کا خوف پیدا ہو۔

## خدا کی بستی دکان نہیں ہے:

خدا کی بستی کو دکان سمجھ لیا گیا، ہر ایک دوسرے سے گاہک سمجھ کر معاملہ کرتا ہے، یہ تاجرانہ ذہنیت تباہ کن ہے، آج سب طرف لینا ہی لینا عام ہے، کہیں استاد شاگردوں کی کشمکش، کہیں مزدوروں اور کارخانہ داروں میں چپقلش یہ سب کیوں؟ یہ سب اسی تاجرانہ ذہنیت کا نتیجہ ہے۔ پیغمبر کہتے ہیں کہ سب کے ایک دوسرے پر حقوق ہیں اور سب کے ذمہ فرائض ہیں، فرائض ادا کرنے میں مستعد ہوں اور حقوق حاصل کرنے میں فراخ دل، ہم یہی کہتے ہیں کہ آپ لوگ بھی یہی کرنے لگیں تو فضا بدلے گی، زندگی کا لطف آئے گا، آج لوٹ کھسوٹ کا بازار گرم ہے ،ہر ایک کی نگاہ تجوری پر ہے، انسان کی مجبوری پر نہیں۔

## ہمارا پیغام:

ہم اپنے پیغام کو ہر پارٹی کے لئے ضروری سمجھتے ہیں، اور ہمارا وجود ہر پارٹی سے زیادہ ضروری ہے، کیوں کہ ہمارا کام ہوگیا تو انسانیت کا مہکتا ہوا گلدستہ بنے گا، آج کانٹے پیدا ہو رہے ہیں، آج انسان عنقا ہے، ہم کہنے آئے ہیں کہ انسانیت کی بہار لاؤ، انسانیت کو نکھارو، آج انسانیت کے درخت سے کانٹے اور کڑوے کسیلے پھل پیدا ہو رہے ہیں، آپ انسانیت کے میٹھے پھل پیدا کیجئے، ہم آپ کے کاموں میں روڑا اٹکانے نہیں آئے، ہم یہ کہنے آئے ہیں کہ انسانیت کی خبر لیجئے، ہم اس بگڑی ہوئی دنیا کے خلاف خلش پیدا کرنے کے لئے آئے ہیں۔ کاش یہ چبھن پیدا ہو، یہ پیغمبروں کا کام اور ان کا پیغام ہے، ہم اسے یاد دلانے آئے ہیں، کوئی دماغ تک رہ جاتا ہے، کوئی پیٹ تک پہنچ جاتا ہے، کوئی کپڑوں اور مکان میں اٹک کر رہ جاتا ہے لیکن مذہب خدا کے یقین اور محبت کے ساتھ دل میں اتر جاتا ہے، وہ آنکھوں کی کھٹک اور جلن دور کرتا ہے، آنکھوں کی سوئیاں نکالنا پیغمبروں ہی کا کام ہے، انہیں کی محنتوں سے دل کی پھانسیں نکلیں اور قلوب کو اطمینان ملا۔

ہم مسلمانوں سے کہتے ہیں کہ تم نے پیغمبروں کے کام اور پیغام کی بڑی ناقدری کی، تم مجرم ہو، تم اصل سرمایہ کو چھوڑ کر ذلیل سرمایہ داروں کے ایجنٹ بن گئے، تم نے بھی تاجرانہ ذہنیت اپنا لی اور بیوپاری بن گئے تمہاری حیثیت بیوپاری اور ملازم کی نہیں تھی، تم یہاں داعی کی حیثیت سے آئے تھے، تم نے داعیانہ حیثیت اور اپنے آنے کا مقصد کھو دیا، تم دعوت ومحبت کے پیام کے ساتھ جیتے تو عزت سے جیتے اور کامیاب و بامراد جیتے رہتے، اب تمہاری فلاح اسی میں ہے کہ تم اپنی کھوئی ہوئی حیثیت اختیار کرو۔ دنیا کی فلاح اس میں ہے کہ وہ پیغمبروں کے پیغام کی قدر کرے، سیاسی پارٹیاں اور مختلف جماعتیں قیادت کی جنگ اور غلبہ واقتدار کی کشمکش چھوڑ کر زندگی کے اس بگڑے ہوئے نقشہ کو بنانے کی کوشش کریں اور اپنے اپنے متعلقین اور دوستوں کے بجائے ساری انسانیت کی فکر کریں کہ اس کے سدھار کے بغیر کسی کو چین اور امن حاصل نہیں ہوسکتا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# اللہ کی سب سے بڑی نعمت ایمان ہے

**الحمد للہ رب العالمین و الصلوٰۃ و السلام علی سیدنا محمد وعلیٰ آلہ وصحبہ اجمعین ومن دعا بدعوتھم الیٰ یوم الدین ۔**

حضرات :۔ یہ موقع بار بار نہیں آتا، میں آپ سے کیا کہوں ۔ اللہ نے اہل جنت کی زبان سے کہلوایا ہے۔ **الحمدللّٰہ الذی ھدانا لھذاوما کنا لنھتدی لو لا ان ھدا نا اللہ** سب شکر اور سب احسان ہے اس پروردگار کا جس نے ہم کو یہاں تک پہنچایا، ہم یہاں تک نہیں پہنچ سکتے تھے اگر اللہ ہماری دستگیری اور رہنمائی نہ فرماتا، پھر اللہ تعالیٰ ان کی زبان سے بڑے کام کی بات ادا کروا رہا ہے، کہ کوئی یہ نہ سمجھے کہ ہم اپنی ذہانت، اپنے علم، اپنی محنت اور نسبی شرافت سے اپنی دولت اور بلندی کے ذریعہ یہاں تک پہنچے ہیں، لقد جاءت رسُل ربنا بالحق۔ یہ سب فیض اور صدقہ ہے ان پیغمبروں کا جن کو اللہ نے ہماری ہدایت کے لئے بھیجا، اور جنہوں نے ہمیں یہ راستہ دکھایا اور پھر اللہ نے توفیق دی کہ ہم اس رستے پر پڑے۔

بھائیو اور بزرگو! اللہ تعالیٰ کے ہم پر بہت سارے انعامات ہیں، پہلی بات تو یہ ہے کہ جو انعامات اور احسانات کی جڑ ہے، وہ زندگی ہے کہ اللہ نے ہم کو اس دنیا میں بھیجا، اگر وہ نہ بھیجتا اور ہم اس دنیا میں نہ آتے تو کچھ بھی نہ ہوتا، نہ ہدایت ہوتی نہ اللہ کے رسول کی اطاعت ہوتی، نہ مدرسے قائم ہوتے، نہ قرآن مجید حفظ کیا جاتا، نہ دین کی تعلیم حاصل کرتے، نہ اللہ کا قرب حاصل کرتے نہ حج کرتے، نہ زکوٰۃ دیتے، دیکھئے جب آدمی کسی جگہ پہنچ جاتا ہے تو اس کو خیال آتا ہے کہ یہ ہمارا کمال ہے اور یہ ہماری محنت، ہماری بصیرت، ہماری ذہانت ہے اور ہماری جفاکشی ہے، ہماری خوش قسمتی ہے، یہ سب خیالات آدمی کو آتے ہیں لیکن لوگ جنت میں پہنچیں گے تو کہیں گے الحمد للہ الذی ھدانا، سب شکر ہے اللہ کا، یہاں اپنی ذہانتوں اپنی

عبادتوں اور ریاضتوں اور اپنے مطالعے سے نہیں پہنچے اس لئے کہ دنیا کو ہم دیکھ رہے ہیں دنیا والوں کے پاس سب چیزیں موجود ہیں روس اور امریکہ والوں کے پاس کیا کچھ نہیں ہے علم نہیں ہے؟ ذہانت نہیں ہے؟ کمالات نہیں ہیں؟ ایجادات نہیں ہیں؟ تجربے نہیں ہیں؟ بڑے بڑے ماہرین فن نہیں ہیں، لیکن ہدایت سب کو نصیب نہیں، ہدایت بھی ان ہی لوگوں کو نصیب ہوتی ہے جن کو کوئی ایسا ہدایت والا مل جاتا ہے، اور اللہ ہی ان کو ہدایت دینا چاہتا ہے، تو یہ پورا جملہ بالکل ایک معجزہ ہے جو اللہ نے کہلوایا ہے، اللہ نے اس کو قرآن مجید میں اس لئے جگہ دی ہے، جو بات اہل جنت، جنت میں پہنچ کر کہیں گے اللہ نے وہ بھی اپنے کلام میں داخل کر دیا، اسے سکھانے کے لئے۔ پہلی بات یہ ہے کہ ہم اسے سمجھیں، یہ سب اللہ کا احسان ہے، یہ دیکھئے کہ جس علاقے میں آپ ہیں، سارا ہندوستان، جیسے آپ کا ضلع غازی پور اور پھر پورا یوپی۔ پھر اور بڑھ کر ایشیا اور پھر بڑھ کر دنیا، کتنے آدمی ہیں جن کو ہدایت ملی، کتنے آدمی ہیں جو کلمہ پڑھتے ہیں، کتنے آدمی ہیں جو خدا کو پہچانتے ہیں، اور اس کو پیدا کرنے والا سمجھتے ہیں، **الا لہ الخلق والامر، رب العلمین** سمجھتے ہیں، کیا ذہانت، علم اور مطالعہ کی کمی ہے، محنت کی کمی ہے کس چیز کی کمی ہے، کمی ہے صرف توفیق الٰہی کی، پہلے تو آپ یہ شکر کریں کہ اللہ نے آپ کو زندگی عطا کی، انسانوں کا یہ جنگل ہے، یہ انسانوں کی آبادی ہے، جس میں کیسے کیسے پڑھے لکھے لوگ ہیں، بڑے بڑے اسکالر اور اسپشلسٹ ہیں بڑے بڑے ذہین ہیں لیکن ہدایت سے محروم، کلمہ بھی نصیب نہیں، دنیا کے پیدا کرنے والے کی پہچان و معرفت بھی نہیں کہ دنیا کو کس نے پیدا کیا، اور کون چلا رہا ہے، سب کر رہے ہیں مگر یہ ہی نہیں معلوم، اگر ہم یہ نہیں جانتے کہ یہ کون سی جگہ ہے، یہ مدرسہ ہے یا ایسے ہی کسی کا گھر ہے، ہم تھوڑی ہی دیر ٹھہرے ہیں اور کون ہمیں ٹھہرا رہا ہے اور کون ہمیں آرام پہنچا رہا ہے اور کون ضرورت کی چیزیں مہیا کر رہا ہے اور کون ہمارا استقبال کر رہا ہے، تو آپ کیا کہیں گے، سوچئے تو لوگ اس دنیا میں ساٹھ ساٹھ برس، ستر ستر برس گزار رہے ہیں، کتب خانے کے کتب خانے موجود ہیں، سائنس کی بڑی سے بڑی تجربہ گاہیں موجود ہیں، لیکن کسی کو خبر نہیں کہ دنیا کو بنانے والا کون ہے، چلانے والا کون ہے، اور ہدایت کیا چیز ہے کون سا عقیدہ صحیح ہے، کون سا غلط ہے، اس دنیا کا پیدا کرنے والا کون ہے، اس کی کیا صفات ہیں، اس کا ہم پر کیا حق ہے، یہ بھی نہیں جانتے ہم آپ کو مبارک باد

دیتے ہیں، کہ اللہ نے آپ سب پر اتنا بڑا انعام فرمایا کہ اس جنگل اور اس علاقہ میں اللہ نے اپنے نیک بندوں کو بھیجا، انہوں نے آپ کو دین کی دعوت دی اور رشتے قائم کئے، تھوڑا سا ہمارا بھی رشتہ ہے کہ آپ کے یہاں جو بزرگ آئے جن کا نام بار بار لیا گیا ہے، شیخ صلاح الدین صاحب کڑا مانک پور سے آئے، اور کڑا مانک پور ہمارا وطن ہے، ہمارا جدی وطن ہے، قطب الدین چشتی جو مدینہ طیبہ سے آئے تھے، جو قطب مدنی کہلاتے ہیں ہم سب لوگ ان کی اولاد میں ہیں، ہمارا یہ رائے بریلی، فتح پور ہنسوا، مانک پور، الہ آباد پھر پاکستان میں بیسوں نہیں بلکہ سینکڑوں ہوں گے ہمارے خاندان کے، یہ سب قطب الدین کی اولاد میں ہیں، کوئی اپنے کو قطبی، کوئی حسنی اور کوئی مدنی لکھتا ہے تو ہمارا آپ کا ایک رشتہ بھی نکلا، آپ کے بزرگ محسن اور مربی صلاح الدین صدیقی صاحب کڑا مانک پور سے آئے، اور ہم لوگ پہلے کڑا مانک پور ہی میں بسے، وہیں قطب الدین رحمۃ اللہ علیہ کا مزار ہے، ان کی اولاد میں بڑے چوٹی کے عالم، اور بڑے بڑے مجاہد پیدا ہوئے بڑے بڑے مصلح پیدا ہوئے، جن میں سید احمد شہید (رحمۃ اللہ علیہ) سب سے زیادہ مشہور ہیں، جن کی وجہ سے ایک نیا دور شروع ہوا، اس سے اندازہ کیجئے کہ تیس لاکھ تو ان لوگوں کی تعداد ہے جنہوں نے ان کے ہاتھ پر بیعت کی اور شرک و کفر سے توبہ کی اور چالیس ہزار ان کے ہاتھ پر مسلمان ہوئے یہ معتبر اور اعداد و شمار ہیں جو کتابوں میں لکھے ہوئے ہیں، حد تو یہ تھی کہ جس نے ان کے ہاتھ میں ہاتھ دیا، اسی وقت اس کو شرک سے نفرت ہو جاتی تھی، بدعت اور بد اخلاقیوں سے نفرت ہو جاتی تھی، کچھ کہنے کی ضرورت نہیں تھی، اس کی زندگی نئے سانچے میں ڈھل جاتی تھی، یہ بات تو تسلسل سے سنی گئی ہے اور لکھی گئی ہے اور ہم نے کتابوں میں پڑھا ہے اور بزرگوں سے سنا ہے اور جتنے محقق اور انصاف پسند لوگ ہیں سب اس کو مانتے ہیں، سب سے اہم چیز یہ ہے کہ آپ اس دولت کی حفاظت کریں، اس دولت ہدایت کی حفاظت کریں، **الحمد للہ الذی ھدانا لھذا** شکر ہے اس خدا کا جس نے ہم کو یہاں تک پہنچایا، اور ہمیں ہدایت دی، آپ کا یہاں آنا مبارک، آپ کے مکانات مبارک، آپ کی کھیتیاں مبارک، اولاد بھی مبارک، بیٹے پوتے، نواسے سب مبارک، اللہ ان کی زندگیوں میں برکت دے اور ان کو توفیق دے، لیکن سب سے جو بڑی نعمت آپ کے پاس ہے وہ کلمے کی نعمت ہے، آپ اس کو خوب اچھی طرح سے لکھ لیجئے کہ یہ سب چیزیں کام

آنے والی نہیں تھیں اور یہ زندگی کتنی ہے، اسی، نوے برس کی عمر ہوئی، اس کے بعد کچھ نہیں وہاں یہی کلمہ کام آئے گا، یہی نمازیں کام آئیں گی، یہی ہدایت کام آئے گی، نہ جائیداد نہ اولاد، نہ گھر کام آئیں گے، نہ شہرت نہ عزت کام آئے گی، کوئی چیز کام نہیں آئے گی، اس وقت ہم جو کچھ بھی آپ سے تھوڑے وقت میں کہہ سکتے ہیں وہ یہ کہ اپنے ایمانوں کی خوب حفاظت کیجئے، اور اپنی اولاد کے ایمان کی بھی حفاظت کیجئے اور اس کی فکر رکھئے، ہم نے کئی بار اپنی تقریروں میں کہا کہ حضرت یعقوب علیہ السلام خود پیغمبر، باپ پیغمبر، اور ان کی اولاد پیغمبر کی چوتھی پشت تھی، جیسے ہی انہوں نے آنکھ کھولی اور ہوش سنبھالا اور کان میں جو آواز پہنچی وہ یہ کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، کوئی اس کارخانے کو چلانے والا نہیں، کوئی روزی دینے والا نہیں، اور کوئی جلانے اور مارنے والا نہیں بچپن سے دین گھٹی میں پڑا تھا، لیکن یعقوب علیہ السلام کی نبوت کی شان تھی اور دین سے محبت تھی اور اولاد سے بھی محبت کا تقاضا تھا، انہوں نے کہا جب وہ سمجھ گئے کہ اب زیادہ رہنا نہیں بالکل آخری وقت ہے، سب بچوں کو جمع کیا، بیٹے بھی ہوں گے، پوتے بھی ہوں گے، نواسے بھی ہوں گے، انہوں نے اچھی عمر پائی، انہوں نے کہا "ما تعبدون من بعدی" بیٹو پوتو نواسو یہ بتادو کہ میرے بعد تم عبادت کس کی کروگے، اگر کوئی پوچھتا کہ حضرت یہ بات پوچھنے کی ہے، یہ کس کے بیٹے ہیں، کس کے پوتے ہیں، کس کے پڑپوتے ہیں، کس کی اولاد ہیں، آپ کے گھر میں سوائے اللہ کی عبادت کے دیکھا گیا، کیا بت کبھی گھسنے بھی پائے تھے، اس کو ٹھوکر مار کر ایک گندگی کی طرح نکال دیتے، اللہ کے علاوہ کسی کا نام لیتے تو طمانچے مارتے اور اس کو گھر سے نکال دیتے، تم ہمارے گھر میں اللہ کے علاوہ غیر اللہ کا نام لیتے ہو، اس گھر میں دیکھا گیا ہے سنا گیا ہے اس گھر میں کسی سے پوچھنے کی ضرورت کیا، جب محبت ہوتی ہے تو فکر ہوتی ہے۔

عشق است وہزار بد گمانی

دین سے وہ محبت نہیں رہی، سب کچھ کریں گے اپنی اولاد کے لئے، کہاں سے کھائیں گے، کیا ان کو پڑھانا چاہئے، کوئی ذرا سا بیمار ہو تو حکیم، ڈاکٹر اور سب کچھ لائیں گے لیکن اس کی فکر نہیں کہ اس کا ایمان باقی رہے گا یا نہیں، ہمارے بعد اس راستے پر رہیں گے یا کسی اور راستے پر چلے جائیں گے، اب مسلمانوں کو اس کی فکر بہت کم ہوگئی ہے، اس کا نتیجہ ہے کہ آئندہ نسل کی

کوئی ضمانت نہیں ،اطمینان نہیں کہ یہ بھی توحید کی قائل ہوگی، خدا کے علاوہ کسی کو خالق ، رازق نہیں سمجھے گی ، ہماری اولاد اسی سے مانگے گی ، اسی کے سامنے ہاتھ پھیلائے گی ، اسی سے ڈرے گی ، پھر دین اسلام پر فخر کرے گی ، اور سب کچھ دینے کے لئے تیار ہوگی جائیداد تک ، لیکن دین وایمان کا سودا کرنے کے لئے تیار نہیں ہوگی ، سر کاٹ دیا جائے مگر اللہ کے سوا کسی کے سامنے سر جھکانے کو تیار نہ ہوگی اس وقت ہندوستان میں خطرہ پیدا ہوگیا ہے کہ " ما تعبدون من بعدی" کوئی کہنے والا نہیں رہ گیا ہے، اپنی اولاد سے پوچھے کہ ہمارے بعد تم کس راستہ پر چلو گے، کس دین میں رہو گے ، یہ سب سے ضروری ہے ، یہ تو زندگی میں کرنے کا کام ہے ، ایسا نظام بنا کر جائیں کہ آپ کی اولاد اس دین پر قائم رہے ، صرف قائم ہی نہ رہے ، بلکہ دین کی غیرت اور دین کا جوش ہو اس کے اندر ، اور اس کو دین پر فخر ہو ، خدا کا شکر ہے یہ دیکھ کر اطمینان ہوا کہ انشاء اللہ یہاں سے یہی چیز پھیلے گی اور پیدا ہوگی ، اللہ تعالیٰ مبارک فرمائے اب کچھ زیادہ کہنا نہیں چاہتا ، بہت دیر سے پروگرام چل رہا ہے ، اپنے عقیدے کی حفاظت کریں ، اور اپنی آئندہ نسل کے متعلق اطمینان حاصل کرلیں ، اللہ نے حضرت یعقوب علیہ السلام کو موقع دیا ، ہر ایک کو یہ موقع نہیں ملتا ، معلوم نہیں آپ کہاں ہوں ، آپ کی اولاد کہاں ہو ، یہیں رہ کر اور ابھی سے اس کا اطمینان کریں ، اللہ نے حضرت یعقوب علیہ السلام کا قصہ سنا کر ہمیں غیرت دلائی اور احساس دلایا کہ دیکھو ، یہ ہوتی ہے محبت دین کے ساتھ ، حضرت یعقوب علیہ السلام نے کہا دیکھو بیٹو ، پوتو ، نواسو ، میری پیٹھ قبر سے لگے گی نہیں ، جب تک میں نہ سن لوں اور یہ سن کر نہ جاؤں کہ تم لوگ صحیح دین ، اللہ کے دین اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دین پر قائم رہو گے یہ بتادو ، پھر ہم قبر میں چین سے سوئیں گے ، ان سب نے کہا نعبد الٰھک و الہ آبائک ابراھیم واسماعیل واسحق الٰھا واحدا (سورہ بقرہ ۱۳۳) ہم عبادت کریں گے آپ کے معبود کی ، آپ کے باپ اور چچا اور دادا کے معبود کی ، تب ان کو اطمینان ہوا۔

بس اسی پر اکتفا کرتا ہوں ، اپنے دین کو قائم رکھنے کی کوشش کریں ، اس پر ذرا آنچ نہ آنے پائے ، اپنے عقیدہ توحید پر ، عقیدہ آخرت پر دھبہ نہ آنے پائے ، پھر اچھے اخلاق پر ، جو غیر مسلموں کے لئے باعث کشش ہوں ، اور وہ اسلام کے مطالعہ کے لئے آمادہ ہوں کہ یہ کون سا دین ہے ، جس کی وجہ سے ان لوگوں میں یہ بات ہے ، آپ کی نگاہیں نیچی ہوں ، آپ کے

اخلاق درست ہوں، آپ کے اندر انسانی ہمدردی ہو، آپ کے اندر اس فساد سے نفرت ہو جو اس وقت ہندوستان میں پھیلا ہوا ہے، کیا ہورہا ہے، روپیہ پوجا جارہا ہے، دلہنیں ماری اور جلائی جارہی ہیں، کم جہیز لے کر آئی، ابھی ایک مسلمان نے اپنی ایک بہو کو جلادیا کہ وہ کم جہیز لے کر آئی تھی، حالانکہ خبر میں لکھا ہے کہ جتنا زیادہ سے زیادہ جہیز دیا جاسکتا تھا، لے کر آئی تھی، ان چیزوں سے آپ کو نفرت ہو آپ کا نمونہ ہندو بھائی کے سامنے ایسا آئے کہ وہ کہیں کہ تم نے یہ کہاں سے سیکھا، تم کو یہ کس نے بتایا مجھے بھی بتاؤ، تمہاری نگاہیں نیچی رہتی ہیں، تم میں خدا کا ڈر ہے، تمہارے اخلاق درست ہیں، تم کسی اور کے پجاری نہیں ہو، تم اللہ کی پجاری ہو، اگر آپ یہ کریں گے تو اسلام پھیلے گا، اور آپ کے دائرہ سے نکل کر دوسرے لوگوں کے دائرہ تک پہنچے گا، اور اس دائرہ میں پہنچنے سے آپ کے دائرہ کی بھی حفاظت ہوگی، اور آپ کی اولاد کے متعلق اطمینان ہوگا، ان کے چاروں طرف سے دین کا احترام اور دین کی قدر ہے، سب مسلمان نہ ہوں، لیکن سب اسلام کا احترام کریں اور دین کی قدر کریں، اللہ ہم سب کو توفیق دے۔

# نفس پرستی یا خدا پرستی

حضرت نور اللہ مرقدہ کی وہ تقریر جو دعوت اصلاح و تبلیغ کے زیر اہتمام ۲۸ نومبر ۱۹۵۴ء کی شب میں امین الدولہ پارک میں ہوئی تھی، اس اجتماع میں ہر مذہب وخیال کے لوگ موجود تھے، بڑی تعداد میں غیر مسلم بھی شریک تھے، حاضرین کا اندازہ دس بارہ ہزار کا کیا جاتا ہے۔

الحمد للہ نحمدہ ونستعینہ ونستغفرہ ونؤمن بہ ونتوکل علیہ ونعوذ باللہ من شرور انفسنا ومن سیئات اعمالنا من یھدہ اللہ فلا مضل لہ ومن یضللہ فلاھادی لہ. واشھدان لاالٰہ الااللہ وحدہ لاشریک لہ، واشھد ان سیدنا وسندنا ومولانا محمداً عبدہ ورسولہ، ارسلہ بالحق بشیرا ونذیرا وداعیا الی اللہ باذنہ وسراجاً منیرا. امابعد!

امیر جمع میں احباب دردِ دل کہہ لے!
پھر التفاتِ دلِ دوستاں رہے نہ رہے

## صاف اور کھری باتیں:

دوستو! میں اس وقت آپ سے کچھ دل کی باتیں کہنا چاہتا ہوں، اور اس طرح کہنا چاہتا ہوں جیسے میں آپ میں سے ہر ایک کے ساتھ تنہا بیٹھا ہوا گفتگو کر رہا ہوں، فی الواقع اگر کوئی اس کا امکان ہوتا کہ آپ میں سے ہر دوست سے الگ ہی الگ اپنے دل کی بات کہہ سکتا تو ضرور ایسا ہی کرتا، تاکہ آپ اسے تقریر سمجھ کر نہیں، بلکہ ایک دوست کا درد دل سمجھ کر سنتے، مگر کیا کروں ایسا ممکن نہیں ہے، اگر یہ چیز ممکن ہوتی تو الیکشن میں کھڑے ہونے والے امیدوار ضرور

اس پر عمل کرتے اور وہ اپنی انتخابی مہم کے سلسلے میں جلسے منعقد نہ کرتے، اس لئے کہ انہیں ان جلسوں میں وہ باتیں کہنی ہوتی ہیں جو تنہائیوں میں لے جاکر کسی کے کان میں بھی کہنا گراں ہوتی ہیں، یعنی اپنی تعریف، اپنی اہلیت کا اظہار اور اپنی شان میں آپ ہی قصیدہ خوانی، اس لئے میں بس اتنا ہی کہہ سکتا ہوں کہ آپ سے یہ درخواست کروں کہ براہ کرم میری گذارشات کو اسٹیج کی نہیں، بلکہ دل کی باتیں سمجھ کر سنیئے۔

## نفس پرستی یا خدا پرستی:

دوستو، اور بزرگو! دنیا میں زندگی کے بہت سے طرز رائج ہیں، اور اس کی بہت سی قسمیں سمجھی جاتی ہیں۔ مشرقی زندگی، مغربی زندگی، جدید طرز زندگی، قدیم طرز زندگی وغیرہ وغیرہ لیکن حقیقت میں زندگی کی بنیادی قسمیں صرف دو ہیں، ایک نفس پرستانہ زندگی، دوسری خدا پرستانہ زندگی، باقی جتنی قسمیں جتنے مختلف ناموں سے مشہور ہیں وہ سب ان ہی دو کی شاخیں ہیں۔

پہلی قسم کی زندگی یہ ہے کہ آدمی اپنے آپ کو ایک شتر بے مہار سمجھ کر زندگی گذارے اور جو من میں آئے وہ کر گزرے، اس کو من مانی زندگی بھی کہہ سکتے ہیں، دوسری قسم کی زندگی ایسے آدمی کی زندگی ہے جو یقین رکھتا ہے کہ اسے کسی نے پیدا کیا ہے، وہ پیدا کرنے والا ہی اس کی زندگی کا مالک اور حاکم ہے، وہ اس کی ضرورتوں اور مصلحتوں کو سب سے زیادہ جانتا ہے، اس کی طرف سے زندگی گذارنے کے کچھ ضابطے اور قاعدے ہیں جن کی پابندی کرنا ضروری ہے۔

## نفس پرستی خدا پرستی سے ہمیشہ برسر پیکار رہی ہے:

ہندوستان میں مہابھارت ایک بڑی تاریخی لڑائی ہوئی ہے۔ مجھے اس کی تاریخی حیثیت سے انکار نہیں ہے، مگر اس دنیا میں ایک دوسری مہابھارت بھی پائی جاتی ہے یہ ہندوستان کی مشہور مہابھارت سے زیادہ قدیم ہے، یہ وہ لڑائی ہے جو خدا پرستی اور نفس پرستی کے درمیان ہمیشہ سے جاری ہے، یہ لڑائی کسی ایک ملک ہی تک محدود نہیں رہی ہے، بلکہ دنیا کے ہر ہر ملک میں پہنچی اور نہ یہ جنگ کے میدانوں ہی تک محدود رہی، بلکہ اس کے معرکے گھروں کے اندر بھی ہوئے ہیں، یہ زندگی کے دو اصول ہیں جو ہمیشہ ایک دوسرے پر غالب آنے کی کوشش کرتے

رہے ہیں، حضرات پیغمبران نے اپنے اپنے وقتوں میں ہر جگہ خدا پرستانہ زندگی کی دعوت دی ہے، اوران کی کامیابی کے دور میں اسی قسم کی زندگی کا دور دورہ رہا لیکن نفس پرستی ہمیشہ کے لئے کبھی فنا نہیں ہوئی، بلکہ اسے جب بھی موقع ملا وہ زندگی پر قابض ہوگئی۔ بد قسمتی سے ہمارا زمانہ وہ ہے جس میں نفس پرستی زندگی پر پوری طرح مسلط ہے، زندگی کا ہر شعبہ اور ہر میدان اس کی گرفت میں آیا ہوا ہے، گھروں میں نفس پرستی، بازاروں میں نفس پرستی، دفتروں میں نفس پرستی، کارخانوں میں نفس پرستی، گویا ایک سمندر ہے، جو خشکی میں پورے زور شور سے بہہ رہا ہے، اور ہم اس میں گلے گلے اترے ہوئے ہیں۔

## نفس پرستی مستقل ایک مذہب ہے:

نفس پرستی اب مستقل ایک مذہب بن چکا ہے نہیں! بلکہ ہمیشہ سے اس کی یہ نوعیت رہی ہے اوراس مذہب کے ماننے والوں کی تعداد سب سے زیادہ رہتی ہے، ہر چند کہ مذاہب کی فہرست میں اس نام کا کوئی مذہب نہیں بتلایا جاتا اور نہ اس نام سے کسی مذہب کے ماننے والوں کی تعداد کا شمار کیا جاتا ہے، مگر یہ اپنی جگہ بالکل حقیقت ہے کہ یہ دنیا کا سب سے بڑا مذہب ہے، اوراس کے ماننے والے سب سے زیادہ تعداد میں پائے جاتے ہیں، آپ کے سامنے مختلف مذاہب کے ماننے والوں کے اعداد و شمار آتے ہیں کہ عیسائی مذہب کے پیرو اتنے، اسلام کے پیرو اتنے اور ہندو دھرم کے ماننے والے اتنے، مگران میں سے ہر ایک میں ایک بڑی تعداد ان لوگوں کی ہے جو کہلاتی تو ہیں مذہبا عیسائی، ہندو اور مسلمان، لیکن درحقیقت اسی مذہب اس نفس پرستی کے پیرو ہیں۔

نفس پرستی کی زندگی کا رواج اوراس مذہب کی مقبولیت صرف اس وجہ سے کہ آدمی کو اس میں مزہ بہت آتا ہے، مانا کہ نفس پرستی کی زندگی بڑے مزے کی اور بڑے لطف کی زندگی ہے اور ہر آدمی کی طبعی خواہش لطف اندوزی ہوتی ہے، لیکن اگر دنیا کے تمام انسانوں کو سامنے رکھ کر سوچنا چاہئے تو پھراس قسم کی زندگی دنیا کے لئے ایک لعنت ہے، اوراس کی ساری مصیبتیں اور سارے دکھ اسی نفس پرستی کا نتیجہ ہیں اور دنیا کی ساری تباہیوں تمام قحطوں اور ناانصافیوں کی ذمہ داری انہیں لوگوں پر عائد ہوتی ہے، جو اس منحوس مذاہب کے پیرو ہیں۔

اس دنیا میں اس مذہب کی گنجائش صرف اس صورت میں نکل سکتی ہے کہ پوری دنیا میں صرف ایک انسان کا وجود ہو، اسی صورت میں وہ اپنے نفس کی مانگوں کو من مانے طور پر پورا کرنے کا حق دار ہوسکتا ہے، لیکن واقعہ یوں نہیں ہے، اس دنیا کے پیدا کرنے والے نے اس میں کروڑوں اربوں انسانوں کو بسایا ہے، اور ان میں سے ہر ایک کے ساتھ نفس، خواہشات نفس اور ضروریات نفس لگی ہوئی ہیں، ایسی صورت میں جو شخص بھی من مانی زندگی گذارنے کی کوشش کرتا ہے وہ گویا اس واقعہ سے آنکھ بند کرتا ہے کہ اس کے ساتھ اس کے اور بھی ہم جنس رہتے ہیں، لیکن واقعہ سے آنکھیں بند کرنے سے واقعہ غلط نہیں ہوجاتا، وہ اپنی جگہ پر رہتا ہے، اس لئے کچھ لوگوں کی نفس پرستی کا نتیجہ لامحالہ دوسروں کی مشکلات اور مصائب کی شکل میں نکلے گا۔

## نفس پرست من کا راجہ ہوتا ہے:

نفس پرستی کی زندگی گذارنے والا من کا راجہ ہوتا ہے، من کا راجہ وہ راجہ ہے کہ ساری کائنات میں بھی اس کی خواہشات کا سکہ چلے تو اس کا پیٹ اتنے میں بھی نہیں بھر سکتا، وہ اس سے اور زیادہ کا خواہش مند رہے گا۔ غور فرمایئے کہ جب یہ ساری کائنات بھی ایک من کے راجہ کی تسکین کے لئے ناکافی ہے تو آج جو ایک ایک گھر کی محدود سی دنیا میں کئی کئی من کے راجہ پائے جاتے ہیں، وہ کیونکر تسکین اور چین پاسکتے ہیں، اس نفس پرستی کے مرض نے ایک ایک گھر میں چار چار من کے راجہ پیدا کردیئے ہیں، باپ بھی راجہ، ماں بھی رانی، بیٹا بھی راجہ اور بیٹی بھی من کی رانی تو کیونکر گھروں میں چین اور سکون رہ سکتا ہے؟ یہ نفس پرستی کی زندگی جس کو ہر شخص حاصل کرنا چاہتا ہے، ایک آگ بنی ہوئی ہے، جس میں ایک گھر کے افراد بھی جل رہے ہیں، ایک ملک کی قوم بھی جل رہی ہے اور دنیا کی پوری آبادی جھلس رہی ہے۔

## نفس پرستی کی زندگی مصیبتوں کی جڑ ہے:

دوستو! دنیا کی مصیبتوں کی جڑ یہی ہے کہ ہر شخص اپنے نفس کی اطاعت کرنا چاہتا ہے اور ان مصیبتوں کا علاج یہ ہے کہ من کا کہا ماننے کے بجائے خدا کی اطاعت کرو، یہ دنیا کروڑوں کی تو کیا دو آدمیوں کی بھی من مانی کی گنجائش اپنے اندر نہیں رکھتی، اس لئے من مانی زندگی گزارنے

کے خیال کو چھوڑ دو اور اس طرح زندگی گذارنے کی کوشش کرو جس کا پیغام اللہ کے پیغمبر نے دیا تھا۔ یعنی خدا پرستی کی زندگی، اس دنیا کے پیدا کرنے والے نے ہر زمانہ میں اس زندگی کے پیغامبر پیدا کئے، کیونکہ اسی طرز زندگی سے دنیا کا انتظام چل سکتا تھا۔ ان پیغمبروں نے پوری طاقت سے اس طرز زندگی کی دعوت دی اور نفس پرستی کا زور توڑنے کی اپنی طاقت بھر پوری کوشش کی، لیکن جیسا کہ میں شروع میں عرض کر چکا ہوں کہ پھر بھی نفس پرستی کا رواج دنیا میں مٹا نہیں، اور جب بھی خدا پرستی کی دعوت کمزور پڑی، نفس پرستی کا رواج بڑھ گیا اور اس کا سیلاب آتے ہی دنیا کے عام لوگوں کی مصیبتیں بھی بڑھ گئیں اور ناقابل برداشت حد تک پہنچ گئیں، مثال کے طور پر چھٹی صدی عیسوی کا زمانہ دیکھئے۔ اس صدی میں نفس پرستی کی زندگی کا رواج انتہائی عروج کو پہنچ گیا تھا، ملک ملک اس کا دور دورہ تھا، یہ ایک بہتا ہوا دریا تھا، جس کے دھارے پر ہر چھوٹا بڑا بہہ رہا تھا، بادشاہ اپنی نفس پرستی میں مبتلا تھے، رعایا ان کی نقل میں نفس پرستی کا شکار تھی، مثال کے طور پر ایران کا حال بیان کرتا ہوں:۔ وہاں قوم کا ہر طبقہ نفس پرستی کا بیمار تھا۔ شاہ ایران کی نفس پرستی کا یہ حال تھا کہ اس کی بیویوں کی تعداد بارہ ہزار تھی، جب مسلمانوں نے اس ملک کو اس مصیبت سے نجات دلانے کے لئے حملہ کیا اور ایران کا بادشاہ تخت چھوڑ کر بھاگا تو ایسے نازک وقت میں بھی یہ حال تھا کہ اس کی ہمراہ ایک ہزار باورچی تھے، ایک ہزار گویئے تھے اور ایک ہزار باز اور شکرے کے محافظ منتظم تھے، مگر اس پر بھی اس کو افسوس تھا کہ بڑی بے سروسامانی میں نکلنا ہوا ہے، اس زمانے کے جنرل اور سپہ سالار ایک ایک لاکھ کی ٹوپی اور ایک ایک لاکھ کا پٹکا لگاتے تھے، اونچی سوسائٹی میں معمولی کپڑے پہننا گویا جرم تھا۔ لیکن اس طبقے کی نفس پرستی نے عوام کو کن مشکلات میں مبتلا کر دیا، اس کا اندازہ اس سے کیجئے کہ کسانوں کا یہ حال تھا کہ وہ لگان بھی نہیں دے سکتے تھے اور زمینیں چھوڑ چھوڑ کر خانقاہوں اور عبادت گاہوں میں جا بیٹھتے تھے، متوسط طبقہ کے لوگ امراء کی ریس میں دیوالیہ ہوئے جارہے تھے، چنانچہ معاشی لوٹ کھسوٹ برپا تھی، غرض زندگی کیا تھی، ایک ریس کا میدان تھی، ظلم وزیادتی عام تھی، ہر بڑا اپنے چھوٹے کو اور حاکم اپنے محکوم کو لوٹنے اور اس کا خون چوسنے کی کوشش میں لگا ہوا تھا۔ اور پوری سوسائٹی میں ایک سڑاہند پھیلی ہوئی تھی۔ آپ سمجھتے ہیں کہ ایسی سوسائٹی میں اخلاق، عقائد اور کیریکٹر کیسے پنپ سکتا ہے اور کس کو آخرت کی فکر اور اخلاقی ذمہ

داریوں کا احساس رہ سکتا ہے، ان تمام اعلیٰ چیزوں کو تو نفس پرستی کا سیلاب بہائے لئے چلا جا رہا تھا، لیکن کوئی نہ تھا جو اس سیلاب پر بند باندھتا اور اس دھارے کو روکتا، علماء، ادباء اور فلاسفہ سب اسی کے رخ پر تنکوں کی طرح بہہ رہے تھے۔

## رسول اللہ ﷺ نے ہی نفس پرستی کے دھارے کو موڑا:

کسی میں ہمت نہ تھی جو دھارے کے رخ کے خلاف پیر کر دکھاتا اور دھارا بھی کون سا؟ پانی کا نہیں، عام رواج کا دھارا؟ اس کی ہمت ایک شیر دل انسان ہی کر سکتا ہے، اللہ کو منظور تھا کہ اس دھارے کا رخ موڑا جائے، اس کام کے لئے اس نے عرب میں ایک انسان کو پیدا کیا اور اس کو نبوت عطا کی، جس کو ہم محمد رسول اللہ ﷺ کے نام سے یاد کرتے ہیں، جنہوں نے دھارے کے خلاف صرف پیر کر ہی نہیں، بلکہ اس کا رخ موڑ کر دکھا دیا۔ اس وقت کسی ایسے آدمی سے کام نہیں چل سکتا تھا جو دھارے کا رخ تو نہ موڑ سکے، بلکہ اس میں بہنے والی چیزوں کو نکال لائے، اس لئے کہ اس وقت کوئی ایسا محفوظ مقام نہ تھا، جہاں اس سیلاب کا دھارا نہ چل رہا ہو۔ عبادت گاہوں اور کلیساؤں تک کو اس سیلاب نے اپنی زد میں لے رکھا تھا۔ اس سمندر میں کوئی ٹاپو نہ تھا، اور اگر تھا تو وہ ہر آن خطرے کی زد میں تھا، ایمان، اخلاق، شرافت، تہذیب اور مختصر الفاظ میں انسانیت کی روح کو اس سیلاب سے بچانے کا کام اگر کوئی شخص کر سکتا تھا تو وہی شخص کر سکتا تھا جس میں دھارے کا رخ موڑ دینے کی ہمت ہو، ایسی ہستی اس وقت صرف اللہ کے اسی آخری پیغمبر کی تھی جس نے رواج عام کے اس دھارے کو جو ایک طوفانی انداز میں نفس پرستی کی سمت بہہ رہا تھا، چند سال کی کوشش سے خدا پرستی کی طرف پھیر دیا، ہمیں جو چھٹی صدی عیسوی کی دنیا کی تاریخ میں ایک دم سے ایک حیرت انگیز انقلاب نظر آتا ہے جس نے ساری زندگی اور بالآخر ساری دنیا کو متاثر کیا اور اب بھی جو کچھ انسانیت اور خدا پرستی کا بچا کھچا سرمایہ ہے وہ سب انہیں کی محنت کا فیض ہے۔

بہار اب جو دنیا میں آئی ہوئی ہے
یہ سب پود، انہیں کی لگائی ہوئی ہے

ممکن ہے کہ آپ میں سے کسی کو یہ شبہ گذرے کہ یہ کہنا تو صحیح نہیں ہے کہ اس زمانے میں

عام طور پر لوگ صرف نفس پرست تھے، کیونکہ وہاں دوسری ''پرستیاں'' بھی موجود تھیں، کچھ لوگ سورج پرست تھے، کچھ آگ کو پوجتے تھے، کچھ صلیب پوجتے تھے، کچھ درختوں کو پوجتے تھے اور کچھ پتھروں کی پرستش کرتے تھے، ٹھیک ہے، یہ بات اپنی جگہ صحیح ہے مگر یہ تمام ''پرستیاں'' اسی ایک پرستی کی قسمیں تھیں جس کے رواج کا میں دعویٰ کر رہا ہوں، یہ ساری ''پرستیاں'' اس لئے کی جاتی تھیں کہ یہ نفس پرستی کے مخالف نہ تھیں، یہ ''پرستیاں'' من مانی زندگی گذارنے میں رکاوٹ نہیں ڈالتی تھیں، آگ، پیڑ، پتھر، سورج وغیرہ ان سے نہ کہتے تھے کہ یہ کام کرو اور یہ مت کرو، اس لئے وہ ان کی پرستش کے پہلو بہ پہلو اپنے نفس کی اطاعت بھی کرتے رہتے تھے، ان دونوں میں کوئی تناقض نہیں پاتے تھے، بہر حال ہمارے پیغمبر ﷺ نے اس سیلاب سے لڑنے اور اس کا رخ موڑ دینے کا بیڑا اٹھایا اور پوری سوسائٹی سے لڑائی مول لی، حالانکہ آپ اپنی اس سوسائٹی میں بہت مقبول و ہر دلعزیز تھے، صادق و امین کے معزز لقب سے یاد کئے جاتے تھے اور اس لئے آپ کو ترقی کے بڑے سے بڑے مواقع حاصل تھے، آپ کو اپنی قوم کا اتنا اعتماد حاصل تھا کہ ترقی کا کوئی اونچے سے اونچا مقام نہ تھا جو آپ کو مل نہ سکتا۔ مگر یہ سب کچھ جب ممکن تھا جب آپ ان کی زندگی کے رخ کو غلط نہ کہتے اور اس کو ایک دوسرے رخ پر موڑ دینے کے عزم و ارادہ کا اظہار نہ فرماتے، مگر آپ کو تو اللہ نے کھڑا ہی اس لئے کیا تھا کہ بہاؤ کے رخ پر نہ خود بہیں اور نہ کسی کو بہنے دیں، اس لئے سب سے پہلے تو آپ نے اپنی زندگی کو خدا پرستی کی زندگی کا نمونہ بنا کر پیش کیا اور بالفاظ دیگر دھارے کے خلاف پیر کر دکھایا اور پھر پوری سوسائٹی کے رخ کو نفس پرستی سے ہٹا کر خدا پرستی کی طرف موڑ دینے کی کوشش شروع کی۔

## خدا پرستی پیدا کرنے کی تین بنیادی چیزیں:

اس کوشش کو کامیاب بنانے کے لئے آپ نے تین بنیادی چیزیں لوگوں کے سامنے پیش کیں۔ (۱) یہ یقین کرو کہ تمہارا اور اس ساری دنیا کا پیدا کرنے والا اور اس پر حکومت کرنے والا ایک ہے (۲) یہ یقین کرو کہ اس زندگی کے ختم ہونے کے بعد ایک دوسری زندگی ہے جس میں اس زندگی کا حساب و کتاب دینا ہے (۳) یہ یقین کرو کہ میں اللہ کا بھیجا ہوا (پیغمبر) ہوں، اس نے اس زندگی کے متعلق احکام دے کر مجھے بھیجا ہے، جن احکام پر مجھے بھی چلنا ہے اور

تمہیں بھی ۔ آپ نے جب ان چیزوں کا اعلان فرمایا تو سوسائٹی میں ایک بل چل مچ گئی ، مخالفتیں اٹھ کھڑی ہوئیں، اس لئے کہ یہ نعرہ ان کی زندگی میں خلل ڈالنے والا تھا، سارا زمانہ جس رخ پر بہہ رہا تھا اس کو چھوڑ کر دوسرا رخ اختیار کرنا آخر کوئی آسان کام تو تھا نہیں ، زندگی کی کشتی بہاؤ پر بلا دقت کے چلی جارہی تھی ، انہیں کیا پڑی تھی کہ بہاؤ کے خلاف اپنی کشتی چلا کر دقتیں اور خطرات مول لیں ، اس لئے انہوں نے چاہا کہ یہ آواز دب جائے ، کچھ لوگوں نے آپ کی نیت ہی پر شبہ کیا ، ان کی سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ دیکھنے میں ایک انہیں جیسا انسان اتنا صاحب عزم بھی ہوسکتا ہے کہ زندگی کے اس طوفانی دھارے کا رخ موڑنے کی ٹھانے جس میں صرف ہم ہی نہیں دنیا کی ساری قومیں ان کے علماء اور حکماء ان کے احبار ورہبان ، ان کی ائمہ تہذیب وسیاست ، ان کے عقائد واخلاق ، ان کے علوم وفلسفے اور ادب وسیاست خس و خاشاک کی طرح بہے چلے جارہے ہیں ۔ وہ اس دعوے میں کسی شخص کو مخلص ماننے سے قطعاً عاجز تھے ، اس لئے انہوں نے سمجھا کہ اس دال میں کچھ کالا ضرور ہے ، ہو نہ ہو اس بلند بانگ دعوے کے پیچھے کچھ اور مقصد اور کوئی اور خواہش کام کر رہی ہے ، اس لئے انہوں نے ایک وفد رسول اللہ (ﷺ) کے پاس بھیجا ، جس نے اپنے خیال کے مطابق تین بڑی چیزیں آپ کے سامنے پیش کیں ، اس نے کہا کہ اگر آپ کا مقصد اس قسم کی باتوں سے یہ ہو کہ ہم آپ کو اپنا سردار تسلیم کر لیں تو چھوڑیئے ان باتوں کو ہمیں یہ منظور ہے ، یا اگر آپ بہت سے مال ودولت کے طالب ہوں تو ہمیں یہ بھی منظور ہے ، اور یا اگر آپ کسی حسین عورت کے خواہش مند ہوں تو ہمیں یہ بھی منظور ہے ، ہم ملک کی سب سے حسین عورت آپ کو پیش کریں گے ، آپ نے جو یہ نئی بات اٹھائی شروع کی ہے تو اس سے دستبردار ہو جایئے ، مگر اللہ کے اس سچے رسول ﷺ اور خدا پرستی کے سب سے بڑے علمبردار نے نہایت بے نیازی سے جواب دیا کہ میں تم سے کچھ لینا نہیں چاہتا ، تمہیں کچھ دینا چاہتا ہوں اور وہ میری یہی تین باتیں ہیں جن کی میں تمہیں دعوت دے رہا ہوں ، میں چاہتا ہوں کہ تمہیں موت کے بعد والی زندگی میں راحت ملے اور وہ میری ان تین باتوں پر موقوف ہے ۔ آپ کی زبان ہی نہیں بلکہ آپ کی پوری زندگی نے ان لوگوں کے اس خیال کی تردید کی کہ آپ دنیا کی کس چیز کے خواہش مند ہیں ، مخالفت نے اتنی شدت اختیار کی کہ آپ کو مکہ چھوڑ کر مدینہ جانا پڑا ، مگر خدا پرستی کی دعوت کو نہیں چھوڑا ۔

## بے نفسی اور خدا پرستی کی عجیب مثال:

مخالفین کو اندازہ نہیں تھا کہ آپ نفس پرستی سے کتنا دور تھے، اور اس دھارے کے مخالف سمت تیرنے کی آپ میں کتنی طاقت تھی اور کتنا عزم تھا، آپ نفس پرستی سے اتنا دور تھے کہ جب مکہ چھوڑنے کے کچھ سال بعد آپ پھر مکہ میں آئے اور فاتحانہ حیثیت سے آئے اپنے مخالفوں کو مغلوب کرکے آئے تب بھی آپ کی خدا پرستانہ شان میں ذرا تغیر نہ ہوا، فتح کا نشہ آپ پر ذرا بھی نہیں چڑھا، مکہ میں آپ کا فاتحانہ داخلہ اس شان سے ہوا کہ اونٹ پر سوار تھے، بدن پر غریبانہ لباس تھا، اور زبان پر خدا کا شکر اور اپنی عاجزی کا اظہار تھا، اس موقعہ پر ایک آدمی آپ کے سامنے آیا اور رعب سے کانپنے لگا، آپ نے فرمایا، گھبراؤ نہیں، میں قریش کی اس غریب عورت کا بیٹا ہوں جو سوکھا گوشت کھایا کرتی تھی، سوچئے! کیا کوئی فاتح ایسے وقت میں ایسی بات کہہ سکتا ہے، جس سے اس کا رعب لوگوں پر سے اٹھ جائے، ایسے وقت میں تو کوشش کی جاتی ہے کہ زیادہ سے زیادہ رعب ڈالا جائے۔ آپ آج بھی دیکھتے ہیں اور آج سے پہلے کا حال تاریخ میں پڑھ سکتے ہیں کہ جن لوگوں کے ہاتھ میں حکومت واقتدار آ جاتا ہے، ان کی آل اولاد اس سے کتنا نفع اٹھاتے ہیں اور اس کے بل پر کیسے کیسے عیش وآرام کے مزے لوٹتے ہیں، مگر خدا پرستی کے اس سب سے بڑے علمبردار کا حال اس معاملہ میں بھی دنیا سے مختلف تھا، آپ کی صاحبزادی اپنے گھر کا سارا کام اپنے ہاتھ سے کرتی تھیں جس کی وجہ سے آپ کے ہاتھوں میں گٹے پڑ گئے تھے اور جسم پر مشکیزہ اٹھانے کے نشانات ہو گئے تھے، ایک دن انہوں نے سنا کہ میدان جنگ سے کچھ غلام اور کنیزیں ابا جان کی خدمت میں لائی گئی ہیں، خیال کیا کہ میں بھی اپنے لئے ایک آدھ غلام یا کنیز مانگ لاؤں، تشریف لے گئیں، اپنی پریشانی کا حال بیان کیا، ہاتھوں کے گٹے دکھائے حضور ﷺ نے فرمایا'' میں تمہیں غلام اور باندی سے اچھی چیز دیتا ہوں، غلام اور باندی اور مسلمانوں کے حصے میں جانے دو، تم سوتے وقت تینتیس (۳۳) مرتبہ سبحان اللہ تینتیس (۳۳) مرتبہ الحمد للہ اور چونتیس (۳۴) مرتبہ اللہ اکبر پڑھ لیا کرو!'' بے نفسی اور خدا پرستی کی عجیب مثال ہے، بے شک آپ خدا پرستوں کے سردار تھے، کیا کوئی پھر بھی آپ کی بے نفسی پر حرف لا سکتا ہے، دوسروں کے حق میں یہ فیاضی اور

اپنے اور اپنی اولاد کے لئے فقر و غربت کو ترجیح دینا پیغمبر ہی کی شان ہے

عدیل ہمت ساقی ست فطرت عرفی
کہ حاتم و گراں گدائے خویشتن است

آج ایسے لوگ آپ کے سامنے ہیں جنھوں نے پچھلے کچھ دنوں میں چند روز یا چند سال جیلیں کاٹ لی ہیں تو آج اقتدار حاصل ہونے پر ان تکلیفوں کا سارا حساب مع سود کے چکا لینے کا درپے ہیں۔ جب کسی شخص کو اقتدار اور قانون کی طاقت مل جاتی ہے تو وہ اپنے اعزہ اور اپنی اولاد کو قانون سے بچانے کی سعی کرتا ہے، مگر خدا پرستوں کے سردار کی شان اس معاملہ میں بھی بالکل نرالی تھی، ایک عورت پر جو چوری کا جرم ثابت ہوا، آپ نے ہاتھ کاٹ دیئے کا حکم دے دیا، لوگوں نے حضور ﷺ کے ایک مقرب اور بہت محبوب صحابی سے سفارش کرائی کہ معاف فرما دیا جائے، حضور ﷺ کا چہرہ غصہ سے سرخ ہو گیا اور فرمایا "خدا کی قسم! اگر خود محمد ﷺ کی (لاڈلی) بیٹی فاطمہؓ سے بھی یہ جرم سرزد ہو جائے تو محمد ﷺ اس کا بھی ہاتھ کاٹے گا۔"

اپنے آخری حج کے موقع پر مسلمانوں کے عظیم تر اجتماع میں آپ نے کچھ قوانین اور احکام کا اعلان فرمایا تو ان کو سب سے پہلے اپنے رشتہ داروں اور اپنے خاندان پر جاری کیا، آپ نے مجمع عام میں کھڑے ہو کر اعلان فرمایا کہ جاہلیت کے تمام دستور ختم کئے جاتے ہیں، منجملہ ان کے سودی لین دین آج سے ختم اور سب سے پہلے میں اپنے چچا عباسؓ کے سودی قرضے کو باطل قرار دیتا ہوں، اب ان کا سود کسی پر واجب نہیں، اب وہ سود کا روپیہ کسی سے وصول نہیں کر سکتے، یہ تھی خدا پرستی، ورنہ آج کل کے قانون ساز اگر اس قسم کا قانون بنانے والے ہوں تو اپنے رشتہ داروں اور ملنے والوں سے پہلے سے کہہ دیں کہ فلاں قانون آنے والا ہے، ذرا جلدی جلدی اپنی فکر کر لو، زمینداری کے خاتمہ کا قانون پاس ہونے والا ہے، جتنی جلدی زمین نکال سکتے ہو نکال لو یا بیچنا چاہو تو بیچ دو۔ ایسے ہی موقع پر آپ نے اعلان فرمایا کہ زمانہ جاہلیت (یعنی قبل اسلام) کے تمام خون باطل کئے جاتے ہیں، اب ان کا انتقام نہیں لیا جا سکتا اور اس کے ماتحت میں سب سے پہلے (اپنے خاندان کا خون) ربیعہ بن الحارث کا خون باطل قرار دیتا ہوں۔ ہمارے حضور ﷺ اس بے مثال خدا پرستی کے ساتھ (جس کی صرف چند مثالیں میں نے بیان کی ہیں) نفس پرستی کے اس سیلاب سے لڑتے رہے جو دنیا کی ساری قوموں کو بہائے

لئے چلا جا رہا تھا، آخر کار اس کو روکنے میں کامیاب ہوئے اور لوگ مجبور ہوئے کہ آپ کی بات پر کان دھریں اور مانیں۔

## حیرت انگیز انقلاب:

چنانچہ جن لوگوں نے آپ کی ان تین بنیادی باتوں کو کما حقہ قبول کرلیا جو خدا پرستی کی زندگی کی بنیاد ہیں، تو پھر ان لاکھوں کروڑوں انسانوں کی زندگیوں کا رخ ایک دم ایسا بدلا کہ آج دنیا میں یقین آنا مشکل ہے کہ کیا ایسے بھی انسان ہو سکتے ہیں۔ میں مثال کے طور پر ان میں سے چند کا ذکر کرتا ہوں:۔

• آپ کی دعوت قبول کرنے والوں میں سے ایک ابو بکر صدیقؓ بھی تھے، جو آپ کی وفات کے بعد آپ کے پہلے جانشین اور اسلامی حکومت کے ذمہ دار بھی ہوئے، آپ کی بے نفسی کا یہ حال تھا کہ گو اسلامی سلطنت کے سب سے بڑے عہدیدار تھے مگر زندگی اس طرح گذارتے تھے کہ آپ کے گھر والے منہ میٹھا تک کرنے کے لئے ترستے تھے، ایک دن اہلیہ نے عرض کیا کہ بچوں کا جی کچھ میٹھا کھانے کو چاہتا ہے تو فرمایا کہ سرکاری خزانہ تو ہمارا منہ میٹھا کرنے کا ذمہ دار نہیں ہے، ہاں جو کچھ وہاں سے ہمیں روزانہ ملتا ہے، اسی میں سے اگر تم کچھ بچا سکو بچا لو اور کوئی میٹھی چیز پکالو، چنانچہ انہوں نے روزانہ کے خرچہ میں سے تھوڑا تھوڑا بچا کر تھوڑے سے پیسے جمع کر لئے اور ایک دن حضرت ابو بکرؓ کو دیئے کہ اس کا کچھ سامان لا دیجئے، تاکہ آج کچھ میٹھی چیز پکالوں، آپ وہ پیسے لئے ہوئے خزانچی کے پاس چلے گئے اور وہ پیسے بیت المال کو واپس کر دیئے اور فرمایا کہ یہ اسی خرچہ میں سے جو ہمیں بیت المال سے ملتا ہے، اتنے دنوں میں بچایا ہوا ہے، معلوم ہوا کہ ہمارا کام اس سے کم میں چل سکتا ہے، لہذا اب ہمیں اتنا کم کر کے دیا جایا کرے۔

خلیفہ دوم حضرت عمر فاروقؓ کے دور خلافت میں جب مسلمانوں نے بیت المقدس فتح کیا اور حضرت عمرؓ وہاں تشریف لے گئے، ساتھ میں ایک غلام تھا، لیکن اسلامی حکومت کے اس سب سے بڑے شخص کے پاس سواری صرف ایک تھی تھوڑی دور خود سوار ہوتے تھے، تھوڑی دور غلام کو سوار کر کے خود پیدل چلتے تھے، جس وقت بیت المقدس میں داخل ہو رہے تھے، غلام

سواری پر تھا اور خود پیدل، اور کپڑوں میں کئی پیوند، آپ ہی کے زمانہ میں ایک دفعہ سخت قحط پڑا، تو آپ وہ کھانا اپنے لئے جائز نہ سمجھتے تھے جو قحط کی وجہ سے عام رعایا کو میسر نہ تھا۔

حضرت خالدؓ جو مسلمان فوجوں کے کمانڈر انچیف تھے اور خود حضور ﷺ نے ان کو سیف اللہ (اللہ کی تلوار) کا اعزازی خطاب عنایت فرمایا تھا، ایسے بے نفس اور نفس پرستی سے اس قدر آزاد تھے کہ ایک مرتبہ ان کی کسی غلطی کی بنا پر عین میدان جنگ میں ان کے پاس حضرت عمرؓ کی طرف سے معزولی کا پروانہ پہنچا تو ماتھے پر شکن تک نہ آئی اور کہا کہ اگر میں اب تک عمرؓ کی خوشنودی کے لئے یا اپنی ناموری کے لئے لڑتا تھا تو اب نہ لڑوں گا، لیکن اگر میں اللہ کے لئے لڑتا تھا تو سپہ سالار کے بجائے ایک معمولی سپاہی کی حیثیت سے بھی بدستور لڑتا رہوں گا۔ اس کے برعکس اس زمانہ کی ایک تازہ مثال جنرل میک آرتھر کی ہے جنہیں ٹرومین نے کوریا میں لڑنے والی افواج کی سپہ سالاری سے معزول کر دیا تو وہ سخت ناراض ہوئے اور ٹرومین کی صدارت کے درپے ہو گئے۔

## خدا پرست سوسائٹی:

اور یہی صرف چند افراد نہیں، بلکہ آپ نے پوری قوم اور سوسائٹی کی اسی اصول پر تربیت کی تھی کہ وہ ایک خدا پرست سوسائٹی ہو، آپ کا اصول یہ تھا کہ جو کسی عہدے کا طالب اور خواہش مند ہو اس کو عہدہ نہیں دیتے تھے، ایسی سوسائٹی میں عہدے کے امیدوار بننے، اپنی تعریف و توصیف کرنے اور حکومت کے لئے ایک دوسرے کا مقابلہ کرنے کی کیا گنجائش تھی، جس جماعت کے سامنے ہر وقت قرآن مجید کی یہ آیت رہتی ہو:۔

تِلْكَ الدَّارُ الْآخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْأَرْضِ وَلَا فَسَادًا وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ.

(ترجمہ) یہ آخرت کا گھر ہم ان لوگوں کے لئے مخصوص رکھیں گے جو زمین میں اپنی بلندی نہیں چاہتے اور نہ فساد پھیلانا چاہتے ہیں۔ اور انجام خدا سے ڈرنے والوں کا ہے۔

جس جماعت کا اس حقیقت پر ایمان ہو وہ کیا اپنی سربلندی اور فتنہ و فساد کے جرم کا ارتکاب کر سکتی ہے؟

دوستو اور بزرگو! یہ خدا پرستی کی دعوت تھی جو حضور ﷺ نے دنیا میں پیش کی تھی اور نتائج کے لحاظ سے یہ دنیا کی سب سے زیادہ نفع بخش کوشش ہے، کوئی شخص دنیا کی کسی اور دعوت کا نام لے کر نہیں بتلا سکتا کہ اس نے دنیا کو اتنا فائدہ پہنچایا، حالانکہ اس دعوت کے حصہ میں انسانوں کی اتنی کوششیں اور اتنے وسائل نہیں آئے جو عصر حاضر کی معاشی، اقتصادی اور سیاسی تحریکوں کے حصے میں آئے، مگر پھر بھی ان تمام تحریکوں کے فائدے مل کر بھی اس ایک دعوت کے فائدوں کا دسواں حصہ بھی نہ ہو سکے۔

## خدا پرستی کے علمبردار نفس پرستی کے شکار:

آج بھی دنیا میں معاشی اور سیاسی ظلم اور اخلاقی برائیاں جب ہی دور ہو سکتی ہیں، جب دنیا اس دعوت کو قبول کر لے، لیکن اور کسی کے متعلق کیا کہا جائے جب کہ خود اس دعوت کے علمبردار ہی نفس پرستی میں مبتلا ہو گئے، نفس پرستی تو چوٹ کھائے ہوئے بیٹھی تھی، اس نے موقع پا کر خدا پرستی کے علمبرداروں سے خوب انتقام لیا، جنہوں نے اسے شکست دی تھی اور وہ مسلمان جس کا امتیاز تھا: "کنتم خیر امة اخرجت للناس تامرون بالمعروف وتنهون عن المنکر" افسوس! آج نفس پرستی کا خود شکار ہے۔

مسلمانو! تم نے بڑا ظلم کیا ہے، تمہارا کام تو خدا پرستی کا نمونہ بننا تھا اور ساری دنیا کو اس کی دعوت دینا تھی، تم نے نفس پرستی کو اختیار کر کے اپنا بھی نقصان کیا اور ساری دنیا کو بھی مشکلات میں پھنسا دیا، اگر تم اپنا فرض ادا کرتے رہتے تو نہ یہ نفس پرستی دنیا میں دوبارہ غالب ہوتی اور نہ دنیا کا یہ حشر بنتا۔

## دنیا کی سب سے بڑی مصیبت نفس پرستی ہے:

آج دنیا کی سب سے بڑی مصیبت نفس پرستی ہے، دنیا کے بڑے بڑے لیڈر اور امن کے علمبردار (ٹرومین، چرچل، اور اسٹالن) سب سے بڑے نفس پرست ہیں، یہ اپنی نفس پرستی میں اور قومی غرور میں (جو نفس پرستی کی ایک ترقی یافتہ اور وسیع شکل ہے) دنیا کو خاک سیاہ کرنے کے لئے ہر وقت تیار ہیں، ایٹم بم سے زیادہ خطرناک نفس پرستی ہے جس نے دنیا کو تباہ کر دیا، لوگوں کو ایٹم بم پر غصہ آتا ہے کہ قیامت برپا کر دے گا، میں کہتا ہوں ایٹم بم کا کیا قصور، اصل

مجرم تو اس کا بنانے والا ہے اور اس سے بھی پہلے وہ درسگاہیں اور وہ تہذیب ہے جو اس ایٹم بم کو وجود میں لائی ہے اور اس سب کی جڑ وہ نفس پرستی ہے جس نے اس تہذیب کو جنم دیا ہے۔

## ہماری دعوت:

دوستو! ہماری دعوت اور ہماری تحریک بس یہی ہے اور اسی مقصد کے لئے ہے کہ نفس پرستی کے خلاف محاذ قائم کیا جائے، خدا پرستی کی زندگی کا طریقہ دنیا میں عام کیا جائے، ہم نے اسی خاص مقصد کے لئے یہ اجتماعات کئے ہیں اور محض اسی مقصد کے لئے ہفتہ وار اجتماع کرتے ہیں، جہاں ہم قوم کے ہر طبقے کو جمع ہونے کی دعوت دیتے ہیں اور ان کے سامنے خدا پرستی کے سب سے بڑے علمبردار حضرت محمد (ﷺ) کی تعلیمات اور ان کے حالات زندگی اور ان کے ساتھیوں کے واقعات پیش کرتے ہیں جو سچی خدا پرستی کا راستہ دکھانے والے ہیں اور ہمارے یقین کے مطابق انہیں میں انسانیت کی نجات اور دنیا کی مشکلات کا حل ہے، ہمارا کام اور ہماری دعوت ایک کھلی ہوئی کتاب ہے، جس کا جی چاہے پڑھ لے۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العٰلمین.

# امریکہ اور کنیڈا میں مقیم مسلمانوں کی ذمہ داریاں اور فرائض

یہ وہ خطاب ہے جو ۱۰ جون ۱۹۷۷ء کو ٹورنٹو (کنیڈا) میں مقیم مسلم نو جوانوں اور تعلیم یافتہ حضرات سے کیا گیا۔

**الحمد لله رب العالمين والصلوٰة والسلام على اشرف الانبياء والمرسلين وعلى آله واصحابه اجمعين.**

**اما بعد فقد قال الله تعالىٰ يعبادى الذين امنوآ ان ارضى واسعة فاياى فاعبدون.** (۱)

اے میرے بندو! جو ایمان لائے ہو، میری زمین فراخ ہے تو میری ہی عبادت کرو۔

## ذرائع اور مقصد!:

میرے بھائیو اور بہنو! اللہ تعالیٰ کے یہاں انسان کی زندگی کا مقصد بندگی ہے، یعنی اللہ تعالیٰ کی صحیح معرفت اور اس کے احکام کے مطابق زندگی گذارنا اور آخرت کے لئے کوشش اور اللہ تعالیٰ کو راضی کرنا اور رسول اللہ ﷺ کے طریقہ پر چل کر اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنا اصل مقصد یہ ہے، اس کے علاوہ جتنی چیزیں ہیں، سب وسائل اور ذرائع ہیں، مقصد اور ذریعہ کا مطلب آپ سمجھتے ہیں، اللہ کے قرب کے ذرائع کو تلاش کرنا، مناسب ماحول تیار کرنا، قوت تنفیذ حاصل کرنا تا کہ اللہ تعالیٰ کے حکموں پر عمل آسان ہو جائے، اور کوئی مجبوری کی شکایت نہ کر سکے، اور کوئی دوسری طاقت اور دوسرا اقتدار اس میں خلل اندازی نہ کر سکے اور اس کے

(۱) عنکبوت ۵۶

مقابل دوسری کوئی متوازی دعوت نہ دے سکے، اس کو قرآن مجید نے اپنے معجزانہ الفاظ میں بیان کیا ہے کہ۔

حَتّٰی لَاتَکُوْنَ فِتْنَةٌ وَّیَکُوْنَ الدِّیْنُ لِلّٰہِ ۔ (بقرۃ ۱۹۳)

(ترجمہ) کہ فساد نابود ہو جائے اور (ملک میں) خدا ہی کا دین ہو جائے۔

یہاں تک کہ کشمکش جاتی رہے، یعنی دو طاقتوں کے درمیان جو تصادم، ٹکراؤ (CLASH) ہوتا ہے، وہ جاتا رہے، جس کی وجہ سے لوگ خواہ مخواہ انتشار میں پڑیں، (CONFSION) کا شکار ہوں، کوئی کہے ادھر چلو، کوئی کہے ادھر چلو۔

"یکون الدین للہ" یعنی طاعت وفرماں برداری صرف اللہ تعالیٰ کی ہو، اسی کے لئے دعوت کا کام ہے، اسی کے لئے "امر بالمعروف" اور "نہی عن المنکر" ہے ضرورت ہو اور وقت آئے تو جہاد ہے، اسی کے لئے اسلام کو ایسی طاقت مہیا کرنا اور اس کو اقتدار پر لانا ہے کہ کمزور لوگوں کو بھی خدا کے بتائے ہوئے راستے اور اللہ اور رسول کے بتائے ہوئے راستے پر چلنا ایسا مشکل نہ ہو جائے کہ وہ کہیں کہ " لا یکلف اللہ نفساً الا وسعھا" یہ تو ہماری طاقت سے باہر ہے۔

## اصل مقصد اللہ کی بندگی !:

لیکن ان تمام ذرائع کا مقصد اللہ کی بندگی ہے " وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون" اس کے بارے میں ذہن کو پورے طور پر صاف کر لینا چاہئے، میں نے یہاں یورپ میں اور امریکہ میں لکھے پڑھے لوگوں کے ذہن میں اچھا خاصا الجھاؤ پایا کہ وہ ذرائع اور مقاصد کے درمیان فرق نہیں کر پاتے، مقصد صرف یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ راضی ہو اور اللہ تعالیٰ نے جو زندگی دی ہے، صلاحیتیں دی ہیں، انہیں ہم ایسے کاموں میں استعمال کریں کہ اللہ کی رضا ہم کو حاصل ہو، اور زندگی کا مقصد پورا ہو، آخرت میں اللہ تعالیٰ ہم سے خوش ہو، اور ہمیں اپنا قرب عطا فرمائے، اور ہم ان کے سامنے سرخرو ہوں اور جنت میں ہمیں اونچے سے اونچا مقام حاصل ہو، یہ اصل مقصد ہے، یہ مقصد اگر کہیں پورا ہو رہا ہے، تو بہت مبارک ہے، اور اگر یہ مقصد خاص اپنے وطن میں بھی پورا نہ ہو تو اسے خیر باد کہنا چاہئے، وطن جہاں آدمی پیدا ہوا ہے، اور اس کے

ذرے ذرے سے محبت ہے، اور جہاں کا کانٹا بھی انسان کو پھول سے زیادہ پیارا ہوتا ہے۔

خارِ وطن از سنبل و ریحاں خوشتر

کسی نے کہا ہے کہ وطن کا کانٹا بھی سنبل و ریحاں اور عطر بیز پھولوں سے زیادہ محبوب اور خوشنما ہوتا ہے اس کی خاک بھی کیمیا اور مٹی بھی اکسیر سمجھی جاتی ہے، آدمی اس کو آنکھ کا سرمہ بناتا ہے، ایسا وطن جہاں الفت و محبت کے تمام اسباب موجود ہیں، والدین موجود ہیں، بھائی بہن، خاندان کنبہ اور اولاد موجود ہے، وطن اور مسافرت میں جو فرق ہے، وہ ان مالوفات کی وجہ سے ہے، وطن مجموعہ ہے، مالوفات کا، یعنی جس سے آدمی کے دل کو لگاؤ، تعلق اور وابستگی ہوتی ہے، وہ چیزیں وہاں زیادہ جمع ہیں، طبعی، شرعی مالوفات اور فطرت جن چیزوں سے لگاؤ رکھتی ہے ،اللہ تعالیٰ نے ان سب کو اس آیت میں جمع کر دیا ہے۔

قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ نِ اقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ○(۱)

کہہ دو کہ اگر تمہارے باپ اور بیٹے اور بھائی اور عورتیں اور خاندان کے آدمی اور مال جو تم کماتے ہو، اور تجارت جس کے بند ہونے سے ڈرتے ہو اور مکانات جن کو پسند کرتے ہو خدا اور اس کے رسول سے اور خدا کی راہ میں جہاد کرنے سے تمہیں زیادہ عزیز ہوں تو ٹھہرے رہو یہاں تک کہ خدا اپنا حکم (یعنی عذاب) بھیجے، اور خدا نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا۔

## حضور ﷺ کی ہجرت:

مکہ مکرمہ کی سرزمین جس کے اندر قدرتی طور پر ایسی محبوبیت اور دلآویزی ہے کہ خود قرآن مجید میں حضرت ابراہیمؑ کی دعا نقل کی گئی ہے جو یقیناً قبول ہوگئی ہے، **"فاجعل افئدة من الناس تهوى اليهم."** اے اللہ لوگوں کے دلوں کو ایسا کر دے کہ اس کی طرف ایسی کھنچیں (جیسے مقناطیس کی طرف لوہا کھنچتا ہے) یہ محبوبیت حرم شریف کو حاصل ہے، اس میں بیت اللہ

(۱) توبہ ۲۴۔

ہے، زمزم ہے، اس میں صفا اور مروہ ہیں، پھر اس کے نزدیک منیٰ اور عرفات ہیں، لیکن جب رسول اللہ ﷺ نے دیکھا کہ یہاں مسلمانوں کے لئے خدا کی بندگی مشکل ہو رہی ہے تو فرمایا ''حبشہ چلے جاؤ'' یہ کیوں فرمایا؟ دین پر قائم رہنے کے لئے فرمایا کہ یہاں نماز نہیں پڑھ سکتے، خدا کی عبادت نہیں کر سکتے، ان کا سر بتوں کے سامنے زبردستی جھکایا جاتا ہے، ان کے سامنے خدا کی توہین کی جاتی ہے، زبردستی ان سے کفر کرانے کی کوشش کی جاتی ہے تو فرمایا کہ ''حبشہ چلے جاؤ'' دو مرتبہ حبشہ کو ہجرت ہوئی، آخر میں خود آپ کو حکم ہوا کہ مکہ چھوڑ دو اور مدینہ چلے جاؤ، اللہ کے نام پر مکہ جیسا شہر چھوڑا جا سکتا ہے تاکہ خدا کی عبادت آزادی کے ساتھ ہو سکے تو دنیا کے اور شہر کس شمار قطار میں ہیں، نیویارک و لندن ہو یا ٹورنٹو اور شیکاگو ہو، ہلکی و لکھنؤ ہو، کوفہ و بصرہ ہو، قرطبہ و غرناطہ ہو، یا قاہرہ و دمشق ہو، اصل یہ ہے کہ جہاں اللہ تعالیٰ کے احکام پر عمل کیا جا سکتا ہو، وہ جگہ محبوب ہے، اور رہنے کے قابل ہے، اور جہاں ایسا ممکن نہ ہو وہ جگہ چاہے، وطن ہو یا کوئی محبوب اور حسین سر سرزمین رہنے کے قابل نہیں۔

## مسرت اور تشویش:

میں نے ریاست ہائے متحدہ امریکہ کا سفر کیا، میں یہاں آیا میں نے بہت سے شہر دیکھے اور اب آپ کے یہاں کینڈا آیا ہوں، ایک طرف تو مجھے مختلف ممالک کے مسلمانوں کو یہاں دیکھ کر خوشی ہوئی، فطری بات ہے کہ آدمی کو اپنے ہم جنس اور ہم مذہب لوگ ملتے ہیں تو خوشی ہوتی ہے، لیکن دوسری طرف مجھے اس کی فکر ہے کہ کیا آپ کو یہاں پورے طور پر اسلامی زندگی گذارنے کا موقع ہے؟ اور کیا آپ کی آئندہ نسلیں اسلام پر قائم رہیں گی؟ آپ کے اندر جو اسلامی جذبہ تھا کیا وہ ویسا ہی روشن اور فروزاں رہے گا؟ یہ بات سوچنے کی ہے، آپ برا نہ مانیں، یہاں ہمارے اکثر بھائی مادی اغراض سے آئے ہیں، ہمارے ایک بھائی نے کہہ بھی دیا تھا کہ ''صاحب، ہم تو یہاں کھانے کمانے کے لئے آئے ہیں۔''

یہ کوئی حرام بات نہیں ہے، کوئی گناہ کی بات نہیں، لیکن جہاں خالص مادیت کی زندگی اور غفلت کا دور دورہ ہو وہاں جانے میں تو خیر حرج نہیں، لیکن وہاں رہنے کا فیصلہ کرنا یہ بات سوچنے کی ہے۔ میں آپ سے صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ کو یہ اطمینان ہے کہ آپ

یہاں اپنی زندگی اللہ تعالیٰ کے منشاء کے مطابق گذار سکتے ہیں، اور دعوت کے کام میں مشغول ہیں، اور یہاں آپ کے رہنے سے دین کو فائدہ پہنچ رہا ہے، اور اس بات پر آپ کا دل گواہی دے کہ آپ اپنا ایمان بھی بچا رہے ہیں، اور دوسروں کے ایمان کی فکر بھی کر رہے ہیں، اور بقدر ضرورت معاشی جدوجہد میں مشغول ہیں، تب تو ٹھیک ہے، میں بھی کہوں گا کہ آپ کا رہنا مبارک ہے، شاید آپ کے ذریعہ سے اللہ یہاں ہدایت عام کرے اور اسلام کی روشنی پھیلائے، اور یہ خطہ بھی اسلام کی دولت وسعادت سے ہم کنار ہو جائے۔

یہ کوئی تعجب کی بات بھی نہیں مسلمان عرب سوداگر جب مشرق بعید انڈونیشیا، ملیشیا اور بحر ہند کے جزیروں میں پہنچے تو جزیرے کے جزیرے مسلمان ہو گئے، وہاں آج مسلمانوں کی کھلی ہوئی اکثریت ہے، آپ تحقیق کریں گے تو معلوم ہوگا کہ اسلام زیادہ تر عرب تاجروں کے ذریعہ پھیلایا، پھر صوفیائے کرام کے ذریعہ پھیلا ہے۔

ہمارے برصغیر ہندوپاک میں بھی سندھ وغیرہ کے علاقوں میں یا مسلم اکثریت کے علاقے مثلاً کشمیر و مشرقی بنگال صرف صوفیائے کرام کے شرمندۂ احسان ہیں۔

یہاں رہنے کے بعد اپنے ایمان اور اپنی آئندہ نسلوں کے اسلام کی حفاظت کا انتظام اور اطمینان آپ نے کر لیا ہے، اور یہاں رہ کر آپ دعوت کا کام کرتے ہیں، اور ایسی اسلامی زندگی کا مظاہرہ کرتے ہیں، جو دوسروں کے لئے کشش کا باعث ہو تو آپ کے یہاں رہنے کا جواز ہے، جواز ہی نہیں، بلکہ یہ بہت بڑا اجہاد اور بہت بڑی خدمت ہے۔

اگر ایسا نہیں ہے، اور آپ کا مطمح نظر صرف کھانا کمانا ہے، تو یہ مقصد مسلمانوں کے مقام اور مقصد حیات سے میل نہیں کھاتا، صرف کھانے کمانے کے لئے اتنی دور دراز کی مسافت طے کرنا کسی مسلمان کے شایاں شان نہیں۔

اللہ تعالیٰ کی رزاقی جغرافیائی حد بندی کی پابند نہیں، میں یہ سراسر عملی باتیں کر رہا ہوں، علمی نکات اور موشگافیاں کسی دوسرے موقع پر کسی دوسرے عالم سے سن لیجئے گا، میں نے جو کچھ یہاں دیکھا اس کی روشنی میں یہ چند عملی باتیں بے تکلف عرض کر رہا ہوں، اگر آپ کی زندگی اور آپ کا یہاں قیام اسلام کے لئے مفید ہے، اور اس کی راہ ہموار کرتا ہے تو میں یہ فتویٰ دیتا ہوں کہ آپ کا یہاں رہنا نہ صرف جائز بلکہ ایک عبادت ہے، اگر اپنے ایمان اور اپنے بچوں کی دینی

زندگی کی طرف سے اطمینان نہیں تو مجھے اس سے بہت ڈر معلوم ہوتا ہے کہ نہ جانے یہاں کس حال میں موت آئے ہم خدا کو کیا جواب دیں گے کہ صرف کھانے کمانے کے لئے وہاں گئے تھے، یہ نہ اسلامی کردار ہے، نہ مسلمان کی شان ہے، ہاں اگر آپ نے یہ انتظام کرلیا کہ آپ کے ایمان پر ذرہ برابر آنچ نہ آئے، آپ کسی دینی دعوت اور اسلام کی تبلیغ کرنے والی تنظیم میں شریک ہیں، آپ نے ماحول بنایا ہے، کوئی ایسا حلقہ بنایا جس میں دینی باتیں ہوتی ہیں، اور تذکیر ہوتی ہے، آخرت کی فکر ہوتی ہے، آپ یہاں غیر مسلموں کے سامنے ایسی زندگی پیش کر رہے ہیں، جس میں چارم (CHARM) ہے، کشش ہے، اور آپ نے اپنے بچوں کی دینی تعلیم کا انتظام کرلیا ہے، یہ بہت اہم بات ہے، قیامت کے دن بچوں سے جب پوچھا جائے گا کہ تم کیسے اس حالت میں آئے ہو؟ نہ ہمارا نام جانتے ہو نہ ہمارے رسول کا نام جانتے ہو نہ نماز جانتے ہو تو وہ کہیں گے کہ۔

رَبَّنَآ اِنَّآ اَطَعْنَا سَادَتَنَا وَ كُبَرَآءَ نَا فَاَضَلُّوْنَا السَّبِيْلَا ۔(۱)

(ترجمہ) ہمارے پروردگار ہم نے اپنے بڑوں کی بات مانی، انہوں نے جس راستہ پر لگایا اسی راستہ پر ہم لگ گئے، انہوں نے ہمیں کہیں کا نہیں رکھا۔

قرآن مجید میں آتا ہے۔

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا ۔(۲)

(ترجمہ) اے ایمان والو! اپنے کو اور اپنے بچوں کو آگ سے بچاؤ۔

آپ کے بچے بے شک اسکول جاتے ہوں گے، لیکن کیا آپ نے ان کے لئے ایک وقت مقرر کیا ہے، جس میں توحید و رسالت اور دین کی تعلیم حاصل کریں؟ جس کے بغیر آدمی مسلمان ہو نہیں سکتا، اور آپ انہیں بتائیں کہ " ولا تموتن الا وانتم مسلمون" خبردار اسلام کے علاوہ کسی اور راستے پر مرنا حرام ہے، کسی مسلمان بچے کی دینی تعلیم و تربیت کے بغیر زندگی سے اس کی موت بہتر ہے۔

اس صاف گوئی پر مجھے معاف کریں لیکن یہ عملی چیزیں جنہیں یہاں رہ کر آپ کو برتنا

(۱) الاحزاب ۶۷۔ (۲) التحریم ۶۔

ضروری ہے، بچوں کی تعلیم اور یہاں اسلامی ماحول بنانے میں اگر آپ تھوڑا سا وقت دیتے ہیں تو آپ یہاں رہئے، شاید اللہ نے اسی لئے آپ کو یہاں بھیجا ہے۔

ہندوستان و پاکستان اور ایشیائی ممالک سے ذہین نوجوانوں کی جوار بھاٹا کی طرح جو لہریں چلی آرہی ہیں، اور وہ یہاں کا رخ کر رہے ہیں تا کہ اپنا دامن اور جھولی بھر لیں تو ان ملکوں کا کیا ہوگا جہاں سے اچھے تعلیم یافتہ اور ذہین لوگ مادی منافع کی خاطر اپنے ملکوں کو چھوڑ دیں۔

## چند عبرت انگیز واقعات:

میں صرف ان لوگوں کا یہاں رہنا جائز سمجھتا ہوں جنہوں نے اپنے ایمان کی حفاظت کا انتظام کر لیا ہے، اور غیر مسلموں میں دینی دعوت کو اپنا مقصد بنایا ہے، ورنہ یہاں تو اس کا بھی اطمینان نہیں کہ ایک مسلمان کی، مرنے پر اسلامی طریقہ پر تجہیز وتکفین وتدفین بھی ہوگی! یہاں بوسٹن میں مقیم ہمارے ایک عزیز مولوی مدثر نے بتایا کہ یہاں ایک حاجی صاحب کا انتقال ہوگیا تو انہیں فون آیا کہ آخری رسوم میں شریک ہوں، وہاں پہنچ کر انہوں نے دیکھا کہ لاش تابوت میں رکھی ہوئی ہے، سوٹ پہنا رکھا ہے، ٹائی لگی ہے، سونے کی انگوٹھی پہنے ہوئے ہیں، عیسائی مرد عورتیں آرہے ہیں، اور KISS کر رہے ہیں، تابوت پر پھول ہار وغیرہ ڈال رکھے ہیں، اللہ تعالیٰ نے اس نوجوان کی عمر میں برکت دے، آخر عربی مدرسوں میں پڑھنے سے فائدہ ہی ہوتا ہے، اس نے ان مرحوم کے لڑکے کو بلایا اور کہا کہ میں جاتا ہوں، انہوں نے پوچھا کیوں؟ انہوں نے کہا کہ میں جو کچھ کہوں گا آپ کریں گے نہیں۔

ان صاحب نے کہا کہ ہم نے آپ کو بلایا ہے، ہم آپ کی بات مانیں گے، مدثر نے کہا ''پہلے تو ان کا سوٹ اتاریئے، لوگوں کو یہاں سے علیحدہ کیجئے ہم ان کو شرعی طریقہ سے غسل دیں گے، کفن پہنائیں گے، یہ انگوٹھی بھی نکال دیجئے'' ان صاحب نے کہا انگوٹھی نہ اتاریئے گا، ورنہ ہماری والدہ کا ہارٹ فیل ہو جائے گا انہوں نے کہا کہ ہم انگوٹھی ضرور علیحدہ کریں گے اگر آپ کی والدہ کا ہارٹ فیل ہونے کا خطرہ ہو تو انہیں ابھی نہ بتایئے بعد میں بتا دیجئے گا، خیر وہ راضی ہوئے۔

وہ تو اتفاق تھا کہ ہمارے یہاں کا وہ پڑھا ہوا بچہ وہاں پہنچ گیا ورنہ خدا جانے کتنے مسلمان

اس ملک میں ایسے دفن ہو جاتے ہوں گے۔

ایک اور واقعہ سنا جس سے بڑی عبرت ہوئی کہ ایک مصری عالم کا انتقال ہوا، جنہوں نے اسلام پر انگریزی میں ایک اچھی کتاب لکھی ہے، ان کی بیگم امریکن تھیں، مسلمانوں کا قبرستان ذرا دور تھا، عیسائیوں کے قبرستان میں انہیں دفن کر دیا گیا، یہ چیزیں وہ ہیں، جنہیں ایک مسلمان خواب میں دیکھ لے تو چیخ اٹھے کہ یا اللہ خیر فرما، تو ہی حفاظت فرما، چہ جائیکہ یہ واقعات عام ہو جائیں اور ہم سن کر کوئی فکر نہ کریں۔

## دوہرا خطرہ:

بھائیو! اپنی فکر کرو، اپنی اولاد کے اسلام پر قائم رہنے کا بندوبست کرو، ورنہ آپ لوگوں کا یہاں رہنا ہماری سمجھ میں نہیں آتا، ایک تو آپ خطرے میں ہیں، دوسرے آپ کا ملک خطرے میں ہے، ہندوستان و پاکستان کے جو تعلیم یافتہ نوجوان یہاں آرہے ہیں، اگر وہاں رہتے تو جو دس بیس آدمی ان کے ماتحت کام کرتے، ان کو تقویت ہوگی، ان کے والدین اور ہم قوم افراد کو تقویت ہوتی، عرب ممالک کے نوجوان کثرت سے یہاں ہیں، اگر یہ اپنے وطن میں ہوتے تو اسے منظم بناتے، طاقت ور بناتے اور اپنی صلاحیتوں سے فائدہ پہنچاتے، محض تنخواہ کی زیادتی، اچھے مکان اور بہتر خورد ونوش کے لئے یہاں آنا سمجھ میں نہیں آتا، یہ بات بہت سوچنے کی ہے، آپ کو مجھ سے یہ توقع ہوگی کہ میں آپ کے لئے دل خوش کن باتیں کرتا، میں نے وہ باتیں کہیں جس سے آپ کے دل کو چوٹ لگے، اور آپ اس مسئلہ پر سنجیدگی سے غور کریں۔

# دعوت کا کام کرنے والوں کے درمیان خوشگوار تعلق اور باہمی محبت کسی خارجی ذریعہ سے نہیں پیدا کی جاسکتی

یہ تقریر امریکہ اور کناڈا کے مسلم طلباء کی تنظیم (M.S.A) کے پندرہویں سالانہ سہ روزہ کنونشن کے افتتاحی اجلاس میں ''اسلام کی نشاۃ ثانیہ کے کارکنوں کے باہمی تعلقات و روابط'' کے موضوع پر کی گئی، اس موقع پر مختلف ممالک کے اسلامی اسکالر، ماہرین تعلیم، مصنفین، تاریخ داں، اور ماہر اقتصادیات موجود تھے، اس تقریر کا انگریزی ترجمہ جناب ممتاز احمد صاحب نے کیا۔

نحمده و نصلی علی رسوله الکریم . امابعد!

## مصنوعی کوشش کارگر نہیں ہوتی:

حضرات! آج کی مجلس کا موضوع ہے کہ ''اسلام کی نشأۃ ثانیہ کے لئے کام کرنے والوں کے درمیان کیا شخصی تعلق اور رابطہ ہونا چاہئے۔''

میں اس موضوع پر روشنی ڈالنے کی کوشش کروں گا، لیکن میرے لئے شاید ان الفاظ کے دائرہ میں مقید ہونا ضروری نہ ہوگا، میں ایک حقیقت پسند انسان اور ایک طالبعلم کی حیثیت سے جس کی تاریخ اسلام پر نظر ہے، اور اس نے اس کا مطالعہ کیا ہے، اس ربط و تعلق کے اصل سر چشموں کی نشاندہی کرنے کی کوشش کروں گا۔

حضرات! میں سمجھتا ہوں کہ دعوت کا کام کرنے والوں کے درمیان تعلق اور باہمی محبت کسی خارجی ذریعہ سے نہیں پیدا کی جاسکتی، میرے علم میں ابھی تک کوئی ایسا مادہ یا کیمیاوی مرکب نہیں آیا جو گوندیا لئی کی طرح انسانوں کے دلوں کو جوڑ دے، اس میں کوئی مصنوعی کوشش

کارگر نہیں ہوتی، آپس کی محبت کا سرچشمہ انسان کے دل اور انسان کے اندرون میں پایا جاتا ہے ، ایسا کوئی ذریعہ نہیں ہے کہ ان ٹوٹے ہوئے دلوں کو جن کے درمیان کوئی کشش، کوئی قوت جاذبہ نہیں ہے، اور جن کے اوپر کسی حقیقت کا، کسی احساس کا غلبہ نہیں ہوا ہے، ان کے درمیان کوئی اتحاد پیدا کردے، کاغذوں کو ایک دوسرے سے چپکانا آسان ہے، اور کسی عمارت کی اینٹوں کو مسالے سے جوڑا جا سکتا ہی، مگر انسانی دلوں کا معاملہ اس سے کہیں زیادہ نازک، کہیں زیادہ دشوار ہے، خود قرآن مجید میں آتا ہے۔

لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعاً مَّا اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِھِمْ.(۱)

(ترجمہ) اگر تم دنیا بھر کی دولت خرچ کرتے تب بھی ان کے دلوں میں الفت پیدا نہ کرسکتے۔

کہ تمہارے پاس جو مالی سرمایہ ہے، ذرائع ہیں، وہ سب کے سب خرچ کردو تب بھی ان کے دلوں کو نہیں جوڑ سکتے تھے، اللہ اگر ان کے اندر اتحاد نہ پیدا کرتا، ان کو ایک دوسرے سے نہ جوڑتا تو دنیا کی کوئی طاقت نہیں تھی کہ ان کے دلوں کو جوڑے۔

## اخوت کا کرشمہ:

آپ حضرات کو معلوم ہے، جب مکہ مکرمہ سے مدینہ طیبہ کی طرف ہجرت ہوئی تو مہاجرین وانصار کے درمیان سوائے انسانیت اور سوائے عربی زبان کے رشتہ کے نسلی رشتہ تک نہیں تھا، میں تفصیل میں جانا نہیں چاہتا، انصار کا تعلق بنی قحطان یمنی قبائل سے تھا، اور حجازی مہاجرین کا بنی عدنان حجازی قبائل سے تھا، لیکن ان کے درمیان ایک بے نظیر اتحاد پیدا ہوگیا، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

وَاذْكُرُوا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖ اِخْوَانًا.(۲)

(ترجمہ) اللہ تعالیٰ کے اس احسان کو یاد کرو جب تم آپس میں ایک دوسرے کے دشمن تھے تو تم اس کی نعمت سے آپس میں بھائی بھائی ہوگئے۔

اور اسی اخوت کا کرشمہ تھا کہ جب مہاجرین مدینہ پہنچے ہیں تو حضرات انصار نے ان کو

(۱) الانفال ۶۳۔ (۲) آل عمران ۱۰۳۔

گھروں ہی میں نہیں جگہ دی بلکہ دلوں میں جگہ دی، آنکھوں پر بٹھایا، انصاری مہاجر سے کہتا ہے، یہ میرا گھر ہے، آدھا حصہ آپ کا، آدھا میرا، آپ جونسا حصہ پسند فرمالیں شوق سے لے لیں، ایسے ہی کھیتی باڑی میں، جائیداد واملاک میں آدھا آدھا حصہ دینے کے لئے تیار ہو گئے اور حد یہ ہے کہ بعض انصاریوں نے کہا کہ میری دو بیویاں ہیں، میں ان میں سے ایک کو طلاق دیتا ہوں آپ اس کو اپنی زوجیت کے لئے قبول فرمالیں، مہاجرین نے اس کے جواب میں کیا کیا؟ انہوں نے ایثار کا اور غیرت کا مظاہرہ کیا، انہوں نے کہا کہ بھائی! اللہ برکت دے، ہمیں بازار کا راستہ بتادیجئے ہم وہاں قسمت آزمائی کرلیں گے، جو ہمارے نصیب میں ہوگا وہ ہمیں ملے گا۔

یہ چیز کسی مصنوعی طریقہ سے نہیں پیدا ہوسکتی ہے، انسانی تنظیمات کے سامنے (زمانۂ قدیم میں بھی اور آج بھی) یہ بڑا مسئلہ رہا ہے کہ کام کرنے والوں کو شیر وشکر کس طرح بنایا جائے، جس طرح دودھ اور شکر مل کر مفید بن جاتے ہیں، اور پھر شکر اس میں اس طرح تحلیل ہوجاتی ہے کہ اس کو الگ کرنا مشکل ہوتا ہے، اسی طرح کام کرنے والوں کو ایک دوسرے سے کس طرح پیوست کیا جائے کہ ان کی انفرادیت ختم ہوجائے اور اس سے زیادہ صحیح الفاظ میں انانیت ختم ہوجائے۔

## چند مثالیں:

اس ضمن میں ایک دو مثالیں پیش کروں گا اور پھر عرض کروں گا کہ اس کا اصل سرچشمہ کیا ہے؟ میں اس کی مثال سیرت نبوی سے دیتا ہوں کہ اس سے بہتر مثال انسانی دنیا کے علمی سرمایہ میں اور اس کے کتب خانوں میں موجود نہیں۔

بدر کے موقعہ پر مشرکین مکہ میں سے کچھ لوگ قید کئے گئے، ان میں ایک ابوعزیز بن عمیر تھے ان کے حقیقی بھائی مصعب بن عمیرؓ، بدر میں اسلامی افواج کے علمبردار تھے، وہ پہلے سے مدینہ آچکے تھے، جب ابوعزیز بن عمیر کی مشکیں باندھی جانے لگیں تو مصعب بن عمیرؓ کھڑے دیکھ رہے تھے، انہوں نے اس شخص کو جو مشکیں باندھ رہا تھا، مخاطب کر کے کہا ''اس کو اچھی طرح کس کے باندھنا، اس سے اچھی رقم وصول ہوگی'' ابوعزیز بن عمیر نے کہا، ''بھائی صاحب! آپ سے اس کی توقع تھی کہ آپ میرے لئے کوئی کلمۂ خیر کہتے، میری سفارش

کرتے کہ میرا بھائی، ذرا خیال کر کے اس کی مشکیں باندھنا، ذرا ڈھیلی باندھنا آخر میرا ماں جایا بھائی ہے، میرے باپ کا لخت جگر ہے، آپ الٹا یہ کہتے ہیں کہ مشکیں ذرا اچھی طرح باندھی جائیں تا کہ فدیہ کی رقم اچھی وصول ہو۔"

مصعب بن عمیرؓ نے اس کا جو جواب دیا وہ دنیا کی تعمیری کوششوں اور دینی و اخلاقی انقلابات کی تاریخ میں ہمیشہ کے لئے یادگار رہے گا، انہوں نے کہا" تم میرے بھائی نہیں ہو، میرا بھائی وہ ہے جو تمہاری مشکیں باندھ رہا ہے۔"

## عقیدے کی وحدت اور مقصد کا عشق:

عقیدہ کی وحدت، اور مقصد کے عشق نے ایسی قلب ماہیت کر دی تھی، اور ایسا انقلاب پیدا کر دیا تھا کہ مصعب بن عمیرؓ جو اعلیٰ انسانی اقدار کے مالک تھے، جس کا اندازہ ان کی سیرت اور حالات زندگی سے ہوتا ہے، لیکن مقصد کے عشق نے ان کو ایسا خود فراموش بنا دیا تھا کہ انہوں نے یہ کہا کہ" تم اس وقت میرے بھائی نہیں میرا بھائی وہ ہے جو تمہاری مشکیں باندھ رہا ہے"اس لئے کہ ایک نئے رشتہ ایک نئی چیز نے ہم لوگوں کو جھوڑ دیا ہے، وہ خون کا رشتہ نہیں ہے لیکن وہ خون کے رشتہ سے زیادہ عظیم زیادہ مبارک، زیاہ مفید اوز یادہ قابل قدر ہے۔"

ایک اور مثال پیش کرتا ہوں جو بہت مشہور ہے شام کی فتوحات میں یرموک کی لڑائی کے موقع پر ایک صحابی ابوجہم بن حذیفہؓ بیان فرماتے ہیں کہ" میں اس خیال سے میدان میں نکلا کہ میدان جنگ میں اپنے چچازاد بھائی کو تلاش کروں گا، عام طور پر جو لوگ زخمی ہوتے ہیں، ان کو پیاس شدت سے لگتی ہے، میں پانی کا مشکیزہ لے کر نکلا کہ شاید وہ جاں بلب ہو تو پانی ان کے ہونٹوں میں ٹپکا دوں گا اور ان کا منہ دھلا دوں گا میں بھائی کے پاس گیا اور دیکھا کہ وہ جاں کنی کی حالت میں ہیں، ہونٹوں پر پیڑیاں جمی ہوئی ہیں چہرے پر خشکی ہے، میں نے پانی کا پیالہ پیش کیا، اتنے میں کسی کے کراہنے کی آواز آئی، انہوں نے کہا کہ" میرا یہ بھائی پانی کا زیادہ مستحق ہے، یہ پانی کا پیالہ آپ اس کو پیش کر دیں خواہ مجھ پر جو گذرے" جب اس کے پاس گئے تو اتنے میں کسی دوسرے کے کراہنے کی آواز آئی تو انہوں نے کہا کہ یہ پیالہ فلاں بھائی کو پیش کر دو، یہاں تک کہ معتبر راوی بیان کرتا ہے، اور اسلامی عہد کی تاریخ میں (جس میں ایرانی

مبالغہ آرائی اور عجمی شاعری کا اثر نہیں ہے، وہ خالص واقعات وحقائق کی دستاویز ہے) لکھا ہے کہ یہ پیالہ گردش کرتا رہا اور میں برابر چکر کھاتا رہا، جب کسی زخمی کے پاس لے جاتا وہ کسی اور زخمی کی طرف اشارہ کر دیتا کہ میری بجائے فلاں زخمی کو پیش کر دیا جائے، یہاں تک کہ میں اپنے بھائی کی طرف لوٹ کر آیا جب تک وہ جان جان آفریں کے سپرد کر چکے تھے، جب دوسرے کے پاس گیا تو وہ واصل بحق ہو چکے تھے، جب تیسرے کے پاس گیا تو وہ بھی مرتبہ شہادت کو پہنچ چکے تھے، میرا پیالہ بھرا کا بھرا رہا اور یہ سب اللہ کے بندے اللہ کو پیارے ہو گئے، یہ واقعہ ہے جو تاریخی طور پر پیش آیا ہے، یہ کوئی فرضی واقعہ نہیں ہے۔

تیسرا واقعہ جس کو میں ان دونوں واقعات سے زیادہ اہمیت دیتا ہوں وہ زندہ جاوید واقعہ ہے، جس کو دنیا کی تاریخ کبھی فراموش نہیں کر سکتی اور جس کا تجربہ پہلے کبھی نہیں ہوا، جب یرموک کے میدان میں خلیفۃ المسلمین حضرت عمر فاروقؓ کو یہ مصلحت معلوم ہوئی کہ حضرت خالدؓ کو اسلامی افواج کی سپہ سالاری (ہائی کمانڈ) سے سبکدوش کر دیں اور ان کی بجائے حضرت ابو عبیدہؓ کو مقرر کریں تو پہلی بار دنیا کے سامنے یہ مثال آئی کہ عین میدان جنگ میں جب تمام نگاہیں خالدؓ پر جمی ہوئی تھیں اور ان کو فتح کا رمز (SYMBOL) سمجھا جاتا تھا، اور غالباً حضرت عمرؓ کی یہی مصلحت تھی کہ ذہنوں سے یہ نکل جائے کہ جہاں خالدؓ ہوں گے وہاں فتح ہوگی، خالدؓ اور فتح لازم وملزوم نہیں، خدا پر سے توکل ہٹ کر کہیں خالدؓ کی ذات پر مرکوز نہ ہو جائے، جس وقت خالدؓ کی معزولی کا فرمان خلافت پہنچا ہے، اس وقت فیصلہ کن جنگ کے لئے تیاری ہو رہی تھی، اور حضرت عمرؓ نے یہ فرمادیا تھا کہ خالدؓ کی پگڑی اتار کر (معزولی کی علامت کے طور پر) ان کے گلے میں ڈال دی جائے تاکہ لوگ سمجھ لیں کہ اب خالدؓ اس منصب سے سبکدوش کئے جا چکے ہیں، حضرت خالدؓ کو یہ پیغام سنایا گیا، تو انہوں نے کہا " آمنا وسلمنا" فرمان خلافت سر آنکھوں پر، میرے طرز عمل میں کوئی فرق واقع نہ ہوگا، اگر میں خدا کے لئے لڑتا تو اب بھی لڑوں گا اور اگر عمرؓ کے لئے لڑتا تھا تو بے شک اب مجھے حق حاصل ہے کہ بیٹھ جاؤں اس لئے کہ عمرؓ نے مجھ پر بے اعتمادی کا اظہار کیا ہے، مجھے اتنے بڑے اعزاز سے محروم کر دیا ہے، دیکھنے والوں نے دیکھا اور تاریخ کی شہادت ہے کہ حضرت خالدؓ اسی جانبازی سے ہتھیلی پر سر رکھ کر لڑتے رہے، اتنے بڑے اعزاز سے کسی کو معزول کر دیا جائے اور اس کی جوش وخروش میں، اس

کی مصروفیت میں فرق نہ آئے، آج ترقی یافتہ جمہوریتوں میں ہم دیکھ رہے ہیں کہ کسی سے، کوئی عہدہ لے لیا جاتا ہے تو اس پر افسردگی طاری ہو جاتی ہے، اور وہ بجھ کر رہ جاتا ہے۔

## مقصد کا عشق:

عقیدہ کی وحدت، مقصد کی وحدت اور محبت کی وحدت حیرت انگیز نتائج پیدا کرتی ہے، مقصد اور عقیدہ ایسا جو رگ و ریشہ میں سرایت کر گیا ہو، ذوق و مزاج بن گیا ہو، وہ پیشہ، مشغلہ، مصلحت، اور مفاد کی حیثیت نہ رکھتا ہو بلکہ وہ زندگی کا مسئلہ ہو، محبوب حقیقی ہو وہی یہ اعجاز دکھا سکتا ہے، مقصد سے صرف وابستگی کافی نہیں، مقصد سے صرف اتفاق کافی نہیں، لوگ اتفاق کو کافی سمجھتے ہیں، یہ بڑی غلط فہمی ہے، مقصد سے عشق ہو، مقصد میں اور مقصد کے لئے کام کرنے والوں میں جب شمع اور پروانے کا رشتہ قائم ہو جاتا ہے، تب ایسی مثالیں سامنے آتی ہیں، میں نے اسلامی عہد کی چند مثالیں آپ کے سامنے پیش کی ہیں، تاریخ اسلام میں بیسیوں ایسی مثالیں آپ کو ملیں گی۔

## تیرہویں صدی ہجری کی تاریخ دعوت وعزیمت سے خلوص و ایثار کی دو مثالیں

میں نے آپ کے سامنے عہد رسالت اور دور صحابہؓ کے چار واقعات پیش کئے جن سے پتہ چلتا ہے کہ عقیدہ کی وحدت، اس کی گہرائی، اور مقصد کے عشق نے ایک دین کے ماننے والوں اور اسلام کی سربلندی کے لئے کام کرنے والوں میں کیسا خلوص و اتحاد اور کیسا جذبہ ایثار پیدا کر دیا تھا، آپ کہہ سکتے ہیں کہ یہ تو اسلام کا عہد زریں اور عہد سعادت تھا، جب نفوس و قلوب، نفسانیت اور اخلاق رذیلہ سے پاک و صاف ہو گئے تھے، قرآن شریف میں آتا ہے۔

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَزَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ. (حجرات ۷)

(ترجمہ) لیکن خدا نے تم کو ایمان عزیز بنا دیا اور اس کو تمہارے دلوں میں سجا دیا اور کفر اور گناہ اور نافرمانی سے تم کو بیزار کر دیا۔

لیکن کیا اس دور کے بعد جس کو خیر القرون کہا گیا ہے، اور جس میں آفتاب نبوت کی ضیا پاشی موجود تھی، ایسے خلوص وایثار اور بے نفسی کی مثالیں ملتی ہیں؟ یہ مثالیں ہمارے اندر جو زمانہ نبوت سے بہت بعید ہیں، پیروی اور تقلید کا زیادہ جذبہ پیدا کر سکیں گی، اور ہمارے اندر بھی یہ حوصلہ پیدا ہوگا کہ ہم اس بیسوی صدی میں اس خلوص وایثار کا مظاہرہ کر سکتے ہیں، اور ان کے نقش قدم پر چل سکتے ہیں، میں کہوں گا جب عقیدہ کی گرفت مضبوط اور مقصد کا عشق گہرا اور پختہ ہوگا اور کوئی داعی ومربی اور مصلح ایسا مل جائے گا، جو سب کو اس رنگ میں رنگ دے گا تو تاریخ اپنے آپ کو دہرائے گی اور اسی طرح کے واقعات اور نمونے ظہور میں آئیں گے۔

میں اس وقت آپ کے سامنے مجاہد کبیر سید احمد شہیدؒ (شہادت ۲۴ ذی قعدہ ۱۲۴۶ھ ۶ مئی ۱۸۳۱ء) کی جماعت اور ان کی تاریخ وجہاد کے صرف دو واقعات پیش کروں گا، جن کو ابھی کچھ زیادہ زمانہ نہیں گذرا ہے اور جو اس دور میں پیش آئے جب انگریزوں کے قدم ہندوستان میں جم گئے تھے، اور غیر اسلامی تہذیب اور مادیت کا اثر مسلمانوں کی تہذیب و معاشرہ پر اچھی طرح پڑ چکا تھا۔

مولوی عبدالوہاب صاحب لکھنوی سید صاحب کے لشکر کے مجاہدین (پنجتار) میں قاسم غلہ تھے، ان کا ہر روز یہ معمول تھا کہ قرآن شریف پڑھتے جاتے تھے، اور غلہ یا آٹا لوگوں کو تقسیم کرتے جاتے تھے، بعض اوقات بیس ۲۰ بیس ۲۰ پچیس ۲۵ پچیس ۲۵ آدمیوں کا آٹا غلہ ایک ایک کو دیتے اور زبان سے نہ گنتی مگر کبھی کسی کے آٹے غلے میں کسی قسم کی کمی بیشی نہ آتی۔

ایک روز آٹا تقسیم کر رہے تھے، میر امام علی عظیم آبادی آٹا لینے کو آئے، وہ نو وارد تھے، اور بڑے قوی اور جسیم تھے، آٹا باری سے تقسیم ہوتا تھا، جو پہلے آتا، وہ پہلے پاتا، جو پیچھے آتا، وہ پیچھے پاتا، وہ پہلے مانگنے لگے، مولوی صاحب نے کہا کہ تمہارا ابھی وار آتا ہے، ٹھہر جاؤ! وہ جلدی کرنے لگے، انہوں نے نہ مانا، آخر میر امام علی نے مولوی صاحب کو دھکا دیا، اور وہ گر پڑے، وہاں قندھاری بھی آٹا لینے کو بیٹھے تھے، ان کو برا معلوم ہوا اور سب مل کر میر امام علی کو مارنے پر تیار ہوئے، مولوی صاحب نے قندھاریوں کو روکا اور کہا "وہ ہمارا بھائی ہے، دھکا دیا، تو ہم کو دیا، تم سے کیا مطلب؟" وہ سب نادم ہو کر چپ ہو رہے، مولوی صاحب نے ان کو آٹا دیا، وہ اپنے ڈیرے کو گئے، لوگوں نے سید صاحب سے جا کر یہ قصہ بیان کیا، جب اس دن مولوی صاحب

رات کو حضرت کے پاس گئے، آپ نے پوچھا کہ مولوی صاحب، آج میر امام علی نے تم سے کیا قصہ کیا؟ انہوں نے کہا، ''میرے نزدیک انہوں نے کچھ نہیں کیا، وہ تو بڑے نیک بخت آدمی ہیں، وہ آٹا لینے کو آئے اور مجھ سے مانگا، ان کا وارنہ تھا، انہوں نے جلدی کی، اس میں ان کا دھکا میرے لگ گیا، بس اتنی بات تھی۔'' سید صاحبؒ یہ بات سن کر خاموش ہور ہے، کسی نے یہ بات میر امام علی کو پہنچائی کہ مولوی عبدالوہاب نے تمہارے متعلق سید صاحبؒ سے ایسی گفتگو کی، وہ اپنی حرکت پر بہت نادم ہوئے اور اسی وقت سید صاحبؒ کے سامنے آکر مولوی عبدالوہاب سے اپنی خطا معاف کرائی اور مصافحہ کیا۔'' (۱)

اس سے زیادہ مؤثر واقعہ جماعت مجاہدین کے ایک فرد اور لشکر کے ایک خادم لاہوری کا ہے، جو ایک دوسرے رفیق جہاد شیخ عنایت اللہ کے ساتھ پیش آیا، اور جس میں لاہوری نے اپنا قصاص کا حق معاف کر کے اس بے نفسی اور ایثار کا ثبوت دیا جو قرون اولیٰ کی یاد تازہ کرتا ہے، یہ واقعہ ''سیرت سید احمد شہید'' کے الفاظ میں نقل کیا جاتا ہے۔

''ایک مرتبہ ایک خادم لاہوری نام کے جو بہت سادہ مزاج اور غریب شخص تھے، اور شیخ عنایت اللہ کے ساتھ مل کر گھوڑوں کا چارہ تیار کرنے کا کام ان کے سپرد تھا، شیخ عنایت اللہ خاں سے کسی بات پر ناراض ہوئے، عنایت اللہ خاں سید صاحبؒ کے قدیم رفقاء میں سے تھے، اور ان کو سید صاحبؒ کے ہاں خاص منزلت حاصل تھی، شیخ عنایت اللہ میں بھی کچھ زائد تیزی آ گئی اور بات بڑھی تو انہوں نے لاہوری کو ایک ایسا گھونسہ مارا کہ وہ زمین پر گر پڑے اور تکلیف سے کراہنے لگے، جب سید صاحبؒ کو اس کا علم ہوا تو عنایت اللہ خاں کو آپ نے سخت سست کہا، اور بہت ملامت کی اور کہا کہ تم اپنے دل میں یوں جانتے ہو گے کہ ہم سید صاحبؒ کے پرانے رفیق اور ان کے پلنگ کے پاس رہتے ہیں، تم کو یہ خیال نہیں ہے کہ ہم یہاں اللہ کے واسطے آئے ہیں، اور کام ایسے نکمے کرتے ہو، تم سمجھتے ہو کہ لاہوری قاضی مدنی کا سائیس اور کم رو اور حقیر ہے یہی جان کر تم نے اس کو مارا، یہ تم نے بڑی زیادتی اور حرکت بیجا کی، ہمارے نزدیک تم اور لاہوری بلکہ سب برابر ہیں، کسی کو کسی پر فوقیت نہیں ہے، سب لوگ یہاں خدا کے واسطے آئے ہیں۔

---

(۱) ''سیرت سید احمد شہید جلد دوم ص ۹۴ (ماخوذ از وقائع احمدی قلمی)۔

اس کے بعد آپ نے حافظ صابر تھانوی اور شرف الدین بنگالی سے فرمایا کہ ان دونوں کو قاضی حبان کے پاس لے جاؤ عنایت اللہ کی زیادتی ہے، ان سے کہنا کہ اس معاملہ میں کسی کی رورعایت نہ کریں، شرع شریف کے موافق فیصلہ کریں۔

اگلے روز دو تین گھڑی دن چڑھے حافظ صابر اور شرف الدین، لاہوری اور عنایت اللہ کو لے کر قاضی صاحب کے پاس گئے، انہوں نے عنایت اللہ اور لاہوری کو سامنے بٹھایا پہلے عنایت اللہ کی طرف مخاطب ہو کر خوب ملامت کی کہ تم نے بہت برا کیا اور تم سزا کے قابل ہو" پھر لاہوری کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا کہ" بھائی صاحب! تم بہت نیک بخت اور بے شر آدمی ہو تم سب صاحب ہندوستان اپنا گھر بار چھوڑ کر محض جہاد فی سبیل اللہ کے واسطے آئے ہو کہ اللہ تم سے راضی ہو اور آخرت میں ثواب ملے، اور دنیا کا کارخانہ تو چند روز کے لئے خواب و خیال کی طرح ہے، سو بات یہ ہے کہ عنایت اللہ تمہارا بھائی ہے، اور اس سے شامت نفس کے سبب یہ قصور ہو گیا اس نے تم کو مارا ہم اگر اس کا قصور معاف کر دو اور دونوں مل جاؤ تو بہت خوب بات ہے، اللہ تعالیٰ کے یہاں اس کا اجر پاؤ گے، اور جو تم اس کا عوض لو گے تو برابر ہو جاؤ گے جو معاف کرنے میں ثواب ہے، وہ نہ ملے گا، معاف کرنا بھی خدا اور رسول ﷺ کا حکم ہے، اور عوض لینا بھی، مگر معاف کرنے میں ثواب اور عوض لینے میں اپنے نفس کی خوشی ہے۔

یہ باتیں سن کر لاہوری نے کہا کہ قاضی صاحب ہم عنایت اللہ کو معاف کر دیں تو ثواب پا ئیں اور جو اپنا عوض لے لیں تو برابر ہو جاویں گے بھلا کسی طرح کا گناہ تو نہیں ہے؟ انہوں نے کہا کچھ گناہ نہیں ہے دونوں حکم خدا رسول کے ہیں، جو چاہو منظور کرو! لاہوری نے کہا میں تو اپنا حق چاہتا ہوں، قاضی صاحب نے کچھ دیر سکوت کر کے فرمایا کہ" بھائی لاہوری! حق تو تمہارا یہی ہے کہ تم بھی عنایت اللہ کو اسی جگہ مارو" اور عنایت اللہ کو لاہوری کے سامنے کھڑا کر دیا کہ اپنا عوض لے لو، لاہوری نے کہا حق ہمارا یہی ہے کہ ہم بھی اسی جگہ دو گھونسے ماریں؟ قاضی صاحب نے کہا بے شک یہی بات ہے!

اس وقت جو لوگ موجود تھے، سب کی امیدیں منقطع ہو گئیں، اور یقین ہو گیا کہ لاہوری بے عوض لئے نہ چھوڑے گا، لاہوری نے کہا" اچھا بھائیو! تم سب گواہ ہو کہ قاضی صاحب نے ہم کو ہمارا عوض دلایا ہم لے سکتے ہیں، مگر ہم نے محض اللہ کی رضامندی کے لئے چھوڑ دیا،

پھر اس نے عنایت اللہ کو اپنے سینہ سے لگایا اور مصافحہ کیا، تمام لوگ جو وہاں تھے، لاہوری کو آفریں کرنے لگے اور شاباشی دینے لگے کہ تم نے بڑے دینداروں کا کام کیا۔"(۱)

## قرآن وسنت کی حیات آفرینی:

یہ بات خدا اور رسول سے سچی محبت کے بغیر پیدا نہیں ہوسکتی، خدا اور رسول کی محبت محض مطالعہ سے محض غور وفکر اور ذہانت سے تقریریں مقالے سننے سے حاصل نہیں ہوسکتی، یہاں جو تقریریں کی گئیں اور مقالات پڑھے گئے، میں ان کا معترف ہوں، لیکن اگر ہم جائزہ لیں تو معلوم ہوگا کہ ان سے محبت پیدا نہیں ہوسکتی، محبت وایثار پیدا ہونے کے لئے سیرت نبوی کا گہرا مطالعہ ضروری ہے، اس طرح مطالعہ کہ سیرت نبوی ﷺ غذا بن جائے، مشعل راہ بن جائے، ہمارے پاس قرآن اور سیرت سے زیادہ کوئی طاقت ور چیز نہیں۔

آپ حضرات نے میری جو عزت افزائی کی ہے، اور جس اعتماد ومحبت کا اظہار کیا ہے، اور جتنا فاصلہ طے کر کے میں یہاں آیا ہوں اس کا حق ہے کہ میں آپ کے سامنے اپنے مطالعہ کا نچوڑ اور اپنے تجربوں کا خلاصہ پیش کر دوں کہ آج ہمارے پاس اسلام کے خزانۂ عامرہ میں، اسلام کی جھولی میں قرآن مجید اور سیرت نبوی سے زیادہ طاقت ور ومسیحا نفس بلکہ حیات آفریں، انقلاب انگیز اور معجزنما کوئی چیز نہیں ہے، ہم جس چیز پر فخر کر سکتے ہیں، ہمارے پاس طاقت کا جو سب سے بڑا سرچشمہ ہے جس سے ہم دلوں کو مسخر کر سکتے ہیں، ہم جس سے انانیتوں کو، نفس کی شرارتوں کو، جذبات کو مغلوب کر سکتے ہیں، جس سے دل کی دنیا بدل سکتی ہے، جس سے ہم زمین کی پستی سے آسمان کی بلندی تک پہنچ سکتے ہیں، شیطان کا مقابلہ کر سکتے ہیں، وہ اللہ کی کتاب قرآن ہے، قرآن مجید سے آج بھی وہ طاقت ابل رہی ہے، حیات آفرینی کے چشمے ابل رہے ہیں، اور ابھر رہے ہیں ...... جو عہد اول میں ابلے اور پھیلے دوسرے درجہ میں سیرت نبوی ہے، میں آپ حضرات سے خواہ آپ کا تعلق کسی بھی طبقہ سے ہو، پُر زور اپیل کروں گا کہ زیادہ سے زیادہ تعلق اور وابستگی اولاً قرآن مجید سے، اس کے بعد سیرت نبوی سے رکھیں،

---

(۱) "سیرت سید احمد شہید" ص ۱۵۷ (ماخوذ از وقائع احمدی قلمی۔)

سیرت نبوی میں آج بھی ایک نئی امت پیدا کرنے کی صلاحیت ہے، سیرت نبوی ﷺ آج بھی دنیا میں ایک نیا انقلاب لانے کی طاقت رکھتی ہے، سیرت نبوی میں وہ واقعات ملیں گے جو ہم کو خود فراموش بنادیں اور ہمارے اندر ایک نیا جذبہ پیدا کر دیں۔

## نفسانیت، سب سے بڑا المیہ:

تاریخ اسلام کا سب سے بڑا المیہ نفسانیت کا وہ کھیل ہے جو ہمیشہ اپنا تماشہ دکھاتا رہا، ہم نے کبھی اپنے دشمنوں سے شکست نہیں کھائی، تاریخ عالم اور تاریخ اسلام پر نظر رکھنے والے ایک طالب علم کی یہ بات سن لیجئے اور اس کو اپنے دلوں اور دماغوں میں امانت رکھ لیجئے کہ ہم نے کبھی اپنے دشمنوں سے شکست نہیں کھائی ہے، ہم نے اپنے اندرونی اختلافات سے شکست کھائی ہے، اسی نفسانیت کی بدولت ہم نے سلطنتیں کھوئی ہیں، ہمارے ملکوں کے چراغ گل ہو گئے ہیں، اور اسلام بعض اوقات پورے پورے ملکوں سے خارج کر دیا گیا ہے۔

اس کی میں صرف ایک مثال دوں گا، وہ مثال اسپین کی ہے، اسپین سے اسلام کو نکالنے والی سب سے بڑی طاقت نفسانیت اور باہمی خانہ جنگی تھی۔

میں اسے تسلیم نہیں کرتا کہ تنہا عیسائی طاقت نے اندلس سے اسلام اور مسلمانوں کو نکالا اور ان کا چراغ گل کر دیا، اس میں بہت کچھ دخل تھا، شمالی عربوں، حجازیوں اور یمنی عربوں کی باہمی آویزش اور داخلی نزاعات کا جو عرصہ سے چل رہے تھے، یمنی اور حجازی، ربیعہ اور مضر کی باہمی جنگ سے یہ نوبت آئی کہ اسلام اسپین سے آخری طور پر نکال دیا گیا اور یہ ملک اقبال کے الفاظ میں اذانوں سے محروم ہو گیا۔

دیدۂ انجم میں ہے تیری زمیں آسماں
آہ کہ صدیوں سے ہے تیری فضا بے اذاں

یہی داستاں اکثر اسلامی ملکوں کی ہے، برصغیر ہند میں مغلوں کا شیرازہ بکھیرنے والی، مسلمانوں کو اقتدار سے محروم کر دینے والی اور ان کی طاقت کا چراغ گل کر دینے والی چیز یہی نفسانیت تھی۔

## اسلام کے فروغ کو مقصد بنائیے:

نفسانیت کا مرض محض نصیحتوں سے، مقالات سے، سیمینار سے اور علمی بحث ومباحثہ سے دور نہیں ہوسکتا، کوئی بھی چیز ہمیشہ اپنے سے زائد طاقت ور چیز سے مغلوب ہوا کرتی ہے، آگ کو اگر بجھانا ہے تو پانی ڈالئے، اگر کسی چیز کو گرم کرنا ہے تو آگ جلائیے، باتوں سے نفسانیت دور نہیں ہوگی اور ہمارے درمیان اتحاد، باہمی ربط ومحبت نہیں ہوگا، جب اسلام کے فروغ پر ذاتی فروغ، قبائلی فروغ اور جماعتی فروغ کو ترجیح دی جائے گی، تو وہی ہولناک نتائج نکلیں گے جس کا تجربہ ہندوستانی مسلمان کر چکے ہیں۔

## رسول اللہ ﷺ دامن گیر ہوں گے:

میں نے یورپ میں بار بار یہ بات کہی ہے کہ دوستو! تمہارے سامنے بہت بڑا امتحان ہے، قیامت کے دن تمہارا دامن ہوگا، اور رسول اللہ ﷺ کا ہاتھ ہوگا، رسول اللہ ﷺ یہ پوچھیں گے، اور خدا تم سے یہ محاسبہ کرے گا کہ ''ہم نے ایک بہت بڑا میدان دیا تھا، جہاں تم احیائے اسلام اور دعوت اسلامی کا جھنڈا بلند کر سکتے تھے، اور دنیا کے فاتحوں کو اپنا مفتوح بنا سکتے تھے، لیکن تم آپس میں لڑ مرے، تم باہمی نزاعات، میز وکرسی کی جنگ اور اقتدار وعہدوں کی رسہ کشی میں مبتلا ہوئے'' تو بتائیے اس روز ہم کیا جواب دے سکیں گے؟

حضرات! محبت کا سرچشمہ ہمارے دل میں ہے، خارج میں نہیں، اللہ تعالیٰ کی محبت کے بغیر کسی خارجی چیز سے باہمی الفت ومحبت نہیں پیدا کی جا سکتی، اور اللہ تعالیٰ کی محبت کے حصول کا ذریعہ نماز پڑھنا، آنسو بہانا، دعا کرنا، راتوں کو اٹھ کر اپنے رب کے حضور اپنے بھائیوں کے اعلیٰ مراتب کی دعا کرنا اور یہ کہنا کہ:

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِیْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِیْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِیْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَا اِنَّکَ رَؤُفٌ رَّحِیْمٌ.(۱)

(ترجمہ) اے پروردگار ہمارے اور ہمارے بھائیوں کے جو ہم سے پہلے ایمان لائے ہیں گناہ

---

(۱) حشر:۱۰۔

معاف فرما اور مومنوں کی طرف سے ہمارے دل میں کینہ (وحسد) نہ پیدا ہونے دے، اے ہمارے پروردگار تو بڑا شفقت کرنے والا مہربان ہے۔

اسلام کے مفاد کو، اسلام کی مصلحت کو ہر مفاد اور ہر مصلحت پر ترجیح دیجئے۔

## اہل اللہ کا عمل:

شنیدم که مردان راه خدا
دل دشمناں ہم نہ کردند تنگ
ترا کے میسر شود ایں مقام
کہ بادو ستانت خلاف است و جنگ

لوگوں نے اپنے خون کے پیاسوں اور جانی دشمنوں کو معاف کر دیا ہے، میں ایک واقعہ آپ کو سناتا ہوں کہ ایک بڑے بزرگ پر کسی کو شبہ ہو گیا کہ انہوں نے اس کے روپے کی تھیلی چرالی ہے، اور اس نے بلا تحقیق بے تحاشہ ان بزرگ کو مارنا شروع کر دیا، جب لوگوں کو خبر ہوئی تو انہوں نے بیچ بچاؤ کیا، اور مارنے والے کو ملامت کی کہ تو کس کو مار رہا ہے، یہ تو اولیاء اللہ میں سے ہیں، وہ شخص بہت شرمندہ ہوا اور معافی مانگی کہ خدا کے لئے مجھے معاف کر دیجئے۔ ان بزرگ نے جواب دیا کہ ''میرے بھائی معافی کا کیا سوال ہے؟ جب تم مجھے مار رہے تھے، تو میں خدا سے یہ دعا کر رہا تھا کہ خدایا! تو نے اگر یہ فیصلہ کیا ہے کہ میں جنت میں داخل ہو جاؤں تو اس وقت تک جنت میں قدم نہ رکھوں گا جب تک تو اس مارنے والے کو میرے ساتھ جنت میں داخل نہ کرے،'' میں تو یہ دعا کر رہا تھا، چہ جائیکہ مجھے تجھ سے کوئی شکایت ہو۔

## اصل سرچشمہ:

حضرات! ہمارے سامنے یہ نمونہ ہونا چاہئے، یہ مثالیں ہمیں سیرت نبوی ﷺ، حالات صحابہؓ میں ملیں گی، سیرت نبوی ﷺ کا زیادہ سے زیادہ مطالعہ کیجئے، آپ M.S.A کی اس مبارک کانفرنس سے یہ پیام لے کر جائیں کہ اب ہمیں سیرت نبوی ﷺ کو اپنا رفیق بنانا ہے، ہمیں اس سے رہنمائی حاصل کرنا ہے، آپ صحابہ کرامؓ کے حالات کا زیادہ سے زیادہ مطالعہ کریں

، اپنی نمازوں کو درست کریں، خدا کے بندے ہیں اگر خدا کے ساتھ ہم نے تعلق درست نہیں کیا ، اگر خدا کے ساتھ ہمارے دل کا رشتہ استوار نہیں ہوا، خدا کی محبت اگر ہماری رگ و پے میں سرایت نہ کرگئی، اگر خدا کو ہم نے راضی نہیں کیا تو آپ یقین مانئے کہ خدا کے بندوں سے کبھی ہمارا دل نہیں مل سکتا، ہم کبھی ایثار اور قربانی کے قابل نہیں ہوسکتے، اس لئے کہ اسلام میں ہر چیز کا سرچشمہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی سچی محبت ہے۔

# دنیا کی موجودہ کشمکش اور اس کا علاج

یہ یادگار تقریر جنوری ۱۹۵۴ء میں مئو ضلع اعظم گڑھ ہندوستان میں مسلمان و ہندوؤں کے ایک مشترک جلسہ میں کی گئی تھی جس میں مختلف سیاسی جماعتوں اور عقیدوں کے حضرات شریک تھے!

الحمد لله نحمده و نستعينه و نستغفره و نعوذ بالله من شرور انفسنا و من سيئات اعمالنا من يهده الله فلا مضل له و من يضلله فلا هادى له . و اشهد ان لا اله الا الله وحده لاشريك له و اشهد ان محمداً عبده و رسوله . امابعد!

## ہمت شکن تجربے:

حضرات گرامی! اس وقت دنیا کی تقسیمیں بڑی بے رحم ہیں، پہلے سلطنتوں اور قوموں نے ملکوں کو بانٹا تھا، مگر اب سیاسی تحریکوں نے قوموں اور محلوں کو بانٹ دیا ہے، مذہب کی آڑ میں ایسے فتنے نہیں تھے، جتنے آج کی مہذب دنیا اور جمہوری دور میں نظر آرہے ہیں، آج کے سیاسی پلیٹ فارم لوگوں کو جدا کرنے کے لئے یا اپنے گروپ بڑھانے کے لئے مخصوص ہیں، لیکن اب بھی بے غرضی سے پکارا جاتا ہے تو لوگ اب بھی جواب دینے کو تیار ہیں، ابھی اس کا امکان ہے کہ سیاسی پلیٹ فارم کے علاوہ بھی لوگ جمع ہو جائیں، ہم نے خالص انسانی مسئلوں پر غور کرنے کی دعوت دی، ہمارا دل بہت خوش ہے کہ آپ نے دعوت قبول کی، آپ کا سیاسی تحریکوں سے گھبرانا تعجب نہیں، انسان اپنے تجربوں ہی سے نتیجے نکالتا ہے، آدمی بار بار جن چیزوں سے فائدہ ہوتے دیکھتا ہے، اس سے قاعدہ بنا لیتا ہے، آج اغراض کے لئے جمع کرنے کی

عادت ہے، آپ ہم پر بھروسہ کریں ہم کسی پارٹی کے ماؤتھ پیس (MOUTH PIECE) یا لاؤڈ اسپیکر نہیں ہیں۔ ہمارے سامنے خالص انسانیت کا مسئلہ ہے۔

## اقتدار کی ہوس:

اس وقت کا انسان اصل بگاڑ سے آنکھیں بند کر کے کہتا ہے کہ سب ٹھیک ہو رہا ہے، لیکن میرے اہتمام سے ہونا چاہئے، جو کچھ ہو، میری نگرانی اور چودھراہٹ میں ہو، بد اخلاقی بے مروتی، چور بازاری، دولت سمیٹنے کی ہوس سب ٹھیک ہے، لیکن اس کی تولیت ہمارے سپرد ہو تو خوب ہے، آج سب کے دل کی خواہش یہ ہے اور جب بھی کسی کے ہاتھ میں انتظام آیا ہے تو اس نے لوٹ پھیر کر وہی نظام قائم رکھا اور تھوڑی ترمیم کے بعد بات وہی رہی جہاں تھی، بگاڑ کے سمجھنے میں مختلف پارٹیوں میں کچھ زیادہ بنیادی اختلاف نہیں، کوئی نہیں کہتا کہ وہ سب کچھ جو ہو رہا ہے، نہیں ہونا چاہئے، بلکہ سب کا کہنا یہ ہے کہ جو ہو رہا ہے، ہمارے ماتحت اور ہماری سر پرستی میں ہونا چاہئے گویا اس پر اعتراض نہیں کہ کارخانہ غلط ہے بلکہ اس پر غصہ ہے کہ ہمارا سایہ اس کے سر پر نہیں۔

## عالمی جنگوں کی حقیقت:

دنیا کی بڑی جنگیں اسی بنیاد پر لڑی گئیں، فرانس، انگلستان، جرمنی، روس، امریکہ وغیرہ سب اسی جذبہ کو لے کر اٹھے، انہوں نے لفظوں کو آڑ بنا کر یہ مطالبہ کیا کہ نو آبادیات (COLONIES) کا انتظام دوسروں کے سپرد کیوں ہے، اور دوسری قوم ہمیشہ کیوں حاوی رہے، انسانیت کے درد سے بے قرار ہو کر ان میں سے کوئی نہیں اٹھا تھا ان میں کوئی حضرت مسیح کا مذہب جاری کرنے اور دنیا کے ساتھ انصاف کرنے، فسق و فجور اور ظلم و زیادتی مٹانے نہیں اٹھا تھا، نہ انگریز نہ جرمن نہ روس، نہ امریکہ، انہیں اچھے برے ظلم و انصاف، حق و باطل سے کچھ بحث نہ تھی، حاشا و کلا انہوں نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ ہم دنیا کو صحیح نظام زندگی دیں گے اور انسانیت کی خدمت کریں گے، ان کے پیش نظر یہ تھا، کہ ہم لوگ سونے چاندی کی گنگا بہائیں گے اور ملکوں کے ذخیرے اور دولتوں سے فائدہ اٹھائیں گے۔

## انسانیت کے مجرم:

وہ دنیا پر اپنی اجارہ داری (MONO POLY) قائم کرنا چاہتے تھے، یہ سب ایک نظام زندگی پر ایمان لائے تھے، کہ تمام دنیا کو پامال کر کے انسانوں کی لاشوں پر عیش و عشرت کی محفل رچائیں گے اور آدمیت کے ملبہ پر اپنی قومی شوکت کا محل بنائیں گے، سب ترسے ہوئے ندیدے، دولت کے بھوکے، خواہشات کے غلام، شرابخوار، قمار باز، خدا کو بھولے ہوئے، فطرت صحیح کے خلاف بغاوت کرنے والے تھے، دل رحم سے خالی، انسانیت کے درد سے عاری، انہیں کے نقش قدم پر آج قوم اور ملک، ذاتیں اور برادریاں، سیاسی پارٹیاں، قومی ادارے اور قوم پرست حکومتیں چل رہی ہیں، سب کا جذبہ یہ ہے کہ ہم اور ہمارے رفیق اور ساتھی اور عزیز و احباب موج کریں، وہ موجودہ حالت کو ACCEPT کر لیتے ہیں، ان کو صورت حال سے کوئی اختلاف نہیں، صرف ان لوگوں سے اختلاف ہے، جن کے ہاتھ میں باگ ڈور ہے، وہ دنیا بدلنا نہیں چاہتے صرف اس کی امامت وقیادت (LEADER SHIP) بدلنا چاہتے ہیں ان کی کوشش صرف یہ ہے کہ دوسروں کی جگہ ہم آجائیں، آپ کے یہاں مقامی انتخابات ہوتے ہیں، ڈسٹرک بورڈ، میونسپلٹی، ٹاون ایریا وغیرہ کے نئے انتخابات میں نئے نئے لوگ آتے ہیں، لیکن کیا کوئی ذہنیت، نیا اصول زندگی، نیا جذبہ خدمت اور نیا جذبہ اصلاح لے کر آتا ہے، کیا کوئی نیا بورڈ نئی کمیٹی، بداخلاقیوں کی روک تھام کرتی ہے، انسانوں کی بے لاگ خدمت کرتی ہے، ہم تو یہ جانتے ہیں کہ یہ سب ایک ہی ذہن، ایک ہی اصول زندگی اور ایک ہی جذبہ لے کر آتے ہیں، اسی کا نتیجہ ہے کہ صورت حال میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی، زندگی کی خرابیاں اور سوسائٹی کے جھول جوں کے توں رہتے ہیں۔

## زندگی کا نقشہ سرے سے غلط ہے:

اس کے برخلاف پیغمبرؑ کہتے ہیں کہ سرے سے زندگی کا نقشہ ہی غلط ہے، اسے ادھیڑ کر پھر سے بناؤ، اس میں پھر سے رنگ بھرو، اس کی مثال ایسی ہے جیسے کسی نے ایک شیروانی سلی سلائی لے لی وہ اس کے جسم پر چست نہیں ہوتی، وہ اس کو ادھر ادھر سے کترتا ہے، کھینچتا ہے،

پیغمبر کہتے ہیں کہ یہ بخئے غلط لگ گئے ہیں، جب تک یہ بخئے رہیں گے، اس میں جھول ہی جھول رہیں گے اسے ادھیڑ کر پھر سے بناؤ۔

## سیاسی رشوت:

آج ساری دنیا نے انسان کو اپنی خواہشات میں آزاد مان لیا ہے، ان غلط خواہشات کے خلاف جذبہ پیدا کرنے کے بجائے آج ساری پارٹیاں اسے رشوت دے رہی ہیں، خواہشات کی رشوت، اخلاقی رشوت اور ایک دوسرے سے بڑھ کر کہہ رہی ہیں کہ ہمارے ہاتھ میں نظام حکومت آ گیا تو ہم تمہاری خواہشات کو پورا کریں گے اور تم کو عیش و ترقی کا پورا پورا موقع دیں گے، اگر اپنی خواہشات کی تکمیل اور آزادی چاہتے ہو تو ہمیں ووٹ دو، آج ہر ایک یہ کہہ رہا ہے کہ ہم اقتدار پا کر تمہارے تعیشات میں اضافہ کریں گے، تمہارا معیار زندگی اونچا کریں گے، گویا کہ انہوں نے مٹھائیاں دے کر بچوں کی عادت بگاڑ دی، انہوں نے ان کو مٹھائیوں پر لگا دیا، دنیا کے انسان بچہ ہیں، پارٹیاں اور حکومتیں انہیں خواہشات کی ہوا دے رہی ہیں، اور ان کی عادتیں بگاڑتی جا رہی ہیں، انسان کا حال یہ ہے کہ جتنا اسے دیئے جاؤ وہ اور مانگتا جاتا ہے، فلم آتی ہیں تو اس کی ہوس اور بڑھتی ہے، یہ اور زیادہ ہیجان (EXCITEMENT) چاہتا ہے، اور زیادہ عریاں تصویریں مانگتا ہے، یہ دنیا کی انسانی خواہشات پر لگام نہیں لگاتے بلکہ ان کی ہوس کے مطابق دیئے جاتے ہیں۔

## پیغمبروں کا طریقہ:

پیغمبروں کا یہ راستہ نہیں، وہ خواہشات میں اعتدال و توازن پیدا کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ ہر شخص کی خواہش پورا کرنے کی کوشش غیر فطری ہے، پیغمبر کہتے ہیں کہ انسانوں کا چٹورپن خطرناک ہے، اس کو چھڑانا چاہئے چاہے بچہ کا دل برا ہو، چاہے وہ کچھ دیر روئے اور مچلے اور اس کو برداشت کرنا چاہئے اور صحیح راستہ پر لگانا چاہئے، یہ غلط فلسفہ ہے کہ خواہشات کو بریک نہ لگایا جائے اور ان کو شہہ دی جاتی رہے، اور جب ان کا فساد ظاہر ہو جائے تو پھر حیرت سے دیکھا جائے اور شکایت کی جائے۔

## بے لگام بازی:

سیاسی پارٹیوں کا نظام غلط ہے کہ اس زندگی کے نظام کو قبول کرلیا جائے ،منہ زور گھوڑا، بے لگام اور غلط گھوڑا انسانیت کی کھیتی کو روندتا چلا جارہا ہے، آج تمام پارٹیاں ،اس کا سائیس بننا چاہتی ہیں ،منہ زور بے لگام گھوڑوں کی ریس ہے، کیا ان کے سامنے انسانی ضمیر کی کوئی قیمت ہے،انسانی ہمدردی کا کوئی جذبہ ہے، یورپ وامریکہ، ہمدردی اور مساوات کا نام لیتے ہیں ،ان کی ہمدردی کے پیمانے ہم سب کو معلوم ہیں، بے چارے باہر سے ہمدردی کرنا چاہتے ہیں اور اندر وہی ہوس کا بھوت ہے، ظلم کے وہاں بڑے عجیب وغریب طریقے ہیں۔

## عہدہ کا اہل کون؟:

ہم کہتے ہیں کہ زندگی کا راستہ منزل سے بہت دور جا پڑا، جب تک خدا کا یقین (BELIEF) نہ پیدا کیا جائے ،سدھار نہیں ہوسکتا ،اس کے بغیر ہم ظالم کو محتاط اور ہمدرد نہیں بنا سکتے ، میں الل ٹپ آپ کے سامنے نہیں آ گیا میں مطالعہ کے بعد کہتا ہوں کہ جب تک آپ یقین نہ پیدا کریں ،انسانیت کے اصل ماڈل (MODEL) تک نہیں پہنچ سکتے ،اس کے اندر سے عزت وعہدہ کی محبت ،دولت کی محبت نکال دیجئے اور ایثار وقربانی اور دوسروں کے لئے گھلنے کا جذبہ پیدا کیجئے محمد رسول اللہ ﷺ نے کہا تھا کہ عہدہ اسے ملے گا جو اس کا خواہش مند نہ ہو یہ کوالیفکیشن (QUALIFICATION) تھی ،آج اس کے برخلاف بے حیائی سے خود اپنی قصیدہ خوانی کر کے حکومت بنائی جاتی ہے۔

## صحابہ کرام کا کردار:

صحابہ کرام اس سے بھاگتے تھے ،حضرت عمرؓ معافی چاہتے ہیں کہ اس ذمہ داری کے بوجھ سے مجھے معاف رکھا جائے ،انہیں مجبور کیا جاتا تھا کہ آپ دست بردار ہوگئے تو کون انتظام کرے گا ،وہ جب تک کرتے تھے، تو اسے بڑی ذمہ داری اور بوجھ سمجھتے تھے اور جب سبکدوش ہوتے تو بڑا سکون (RELIEF) محسوس کرتے تھے ، حضرت خالدؓ کو سپہ سالار اعظم (COMMONDER INCHIEF) بنایا گیا تھا ،سب طرف ان کی دھاک بیٹھی تھی ،عین محاذ پر ایک

معمولی سا پرچہ مدینہ سے آتا ہے کہ خالد برطرف کئے جاتے ہیں، اوران کی جگہ ابوعبیدہ مقرر کئے جاتے ہیں، تو ذرا بھی ملال نہیں ہوتا، بڑی فراخ دلی سے کہتے ہیں کہ اگر میں اس کام کو عبادت سمجھ کر کرتا تھا تو اب بھی انجام دوں گا، اور اگر عمر کے لئے کرتا تھا، تو کنارہ کش ہو جاؤں گا، پھر لوگوں نے دیکھا کہ وہ اسی ذوق وشوق سے اپنے کام میں مشغول رہے، اور کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔

## عزت کی ہوس اور دولت کا بھوت:

آج سیاسی پارٹی سے کسی کو الگ کر دیا جاتا ہے تو پہلے نکلنے کا نام نہیں لیتا اڑا رہتا ہے، فتنہ مچاتا ہے، اور اگر الگ ہوتا ہے تو دوسری سیاسی پارٹی بنالیتا ہے یہ کیوں! اس لئے کہ عزت کی ہوس، دولت کا شوق اور بڑائی کا خیال، دل ودماغ پر چھایا ہوا ہے، پس جب تک موجودہ زندگی کا سانچہ نہیں بدلتا، سدھار مشکل ہے، میں آپ کو صاف صاف زندگی کی حقیقتیں بتلا رہا ہوں، خدا کا خوف اور اس کی رضا کا شوق پیدا کیجئے، روحانی اخلاقی زندگی پیدا کیجئے، زندگی سے لطف اندوز ہونے کا شوق جو زندگی کا آئیڈیل بن گیا ہے اسے چھوڑ یئے۔

## ضرورت اور خواہش:

انسانی ضروریات کی فہرست بہت لانبی نہیں، فضولیات کی فہرست بہت لانبی ہے، سب نے اپنی بنیاد اسی پر رکھی ہے کہ زندگی کے تعیش کو مقصود بنالو، معدہ اور نفس کو معبود مان لو، خدا کو نہ مانو اس کی بالادستی کا انکار کرو، انسان کو ایک ترقی یافتہ جانور تسلیم کرو اور اس کی زیادہ سے زیادہ خواہشات کو پورا کرو، یہ سب اسی کا فساد ہے، جب تک یہ بنیاد باقی ہے، ہزار کوششوں کے باوجود سدھار ناممکن ہے، کسی شہر اور ملک کی تو کیا ایک میونسپلٹی کے رقبہ کی اصلاح بھی نہیں ہوگی۔

## غلط اجزا سے صحیح مجموعہ کیسے بن سکتا ہے:

آج انسانی افراد اور سوسائٹی کے اجزا خراب اور ناقص ہیں، غلط بنیادوں پر ان کا اٹھان

ہوا ہے، اور غلط طریقہ پر ان کی تربیت اور نشو ونما ہوئی ہے، نتیجہ یہ ہے کہ آج سارے انسانی مجموعے خراب، ناقص اور کمزور ہیں، جماعتیں افراد سے بنتی ہیں، جب تک افراد درست اور صالح نہیں ہوں گے، جماعتیں اور جماعتی کام کیسے درست ہو سکتے ہیں، افراد کا سوال چھیڑا جائے تو لوگ چڑھتے ہیں اور ناراض ہوتے ہیں اور اس مسئلہ کو ٹال دینا چاہتے ہیں، وہ اس خیال خام میں مبتلا ہیں کہ اجتماعی حالت میں یہ نقص خود بخود دور ہو جائے گا، عجب لطیفہ ہے کہ جب اینٹیں بھٹہ سے نکلیں تو کہنے والے نے کہا کہ یہ پیلا ہے، یہ کھنجڑ ہے، یہ اینٹیں اچھی نہیں، یہ عمارت کا بوجھ نہیں اٹھا سکیں گی آپ نے جواب دیا محل بن جانے دو وہ سب اینٹیں اچھی ہو جائیں گی لیکن خراب وناقص اجزاء سے ایک اچھا مجموعہ کیسے تیار ہو سکتا ہے، بہت سے ممبروں سے ایک اچھی باڈی کیسے بن سکتی ہے، خراب تختوں سے ایک اچھا جہاز کیسے بن سکتا ہے، ہم کہتے ہیں یونٹ (UNITS) خراب ہیں، مسالہ (MATERIAL) خراب ہے، اس سے اچھی باڈی کیسے بنے گی، اس سے اچھی میونسپلٹی اور ڈسٹرک بورڈ کیسے بنے گا آج ساری دنیا میں یہی ہو رہا ہے میٹریل تو کوئی نہیں دیکھتا اور نتیجہ کو دیکھ کر کوفت ہے، کیا یہ ناسمجھی کی بات نہیں پیغمبر تختے بناتے ہیں، یونٹ بناتے ہیں، اینٹیں بناتے ہیں، ان کی تعمیر پائیدار، صالح اور جاندار ہوتی ہے، وہاں دھوکہ نہیں ہوتا۔

آج تعلیم گاہوں میں بھی اس حقیقت کو نظر انداز کیا جا رہا ہے، یقین اور اخلاق پیدا کرنے کی کوشش کہیں نہیں کی جا رہی ہے، افراد کی تربیت کا انتظام کہیں نہیں، ہر جگہ سے غیر تربیت یافتہ افراد کی کھیپ کی کھیپ نکل رہی ہے آج طالب علم ہر کام کر سکتا ہے، اس لئے کہ اس کی کوئی تبدیلی نہیں کی گئی میونسپلٹی میں کون لوگ ہیں، ڈسٹرک بورڈ میں کون لوگ ہیں، سارے نظام پر اس طرح کے لوگ حاوی ہیں، انہیں کے ہاتھ میں زندگی کی باگیں ہیں، آج اکثر انسان انسان نہیں، انسان نما ہیں۔

## خوف خدا کی اہمیت:

حقیقت ظاہر ہو کر رہتی ہے، چاہے اس پر کتنا ملمع چڑھا دو، گدھے نے شیر کی کھال پہن لی تھی، لیکن جب خطرہ سامنے آیا تو ہیبت سے اپنی بولی بول دی، آج سب جگہ یہی ہو رہا

ہے، اندر کی چیز باہر آرہی ہے آپ میں سے بہت بھائی انتھک کوشش کررہے ہیں، آپ میں سے بہت سے مخلص ہیں، لیکن کیا کبھی آپ نے نیچے سے سدھار کی کوشش کی، لوگ پارٹی کے اقتدار کے پیچھے پڑے ہیں، لیکن کرنے کا کام یہ تھا کہ آدمیت کا احترام پیدا ہو، خدا کا خوف پیدا ہو۔

## خدا کی بستی دکان نہیں ہے:

خدا کی بستی کو دکان سمجھ لیا گیا، ہر ایک دوسرے سے گاہک سمجھ کر معاملہ کرتا ہے، یہ تاجرانہ ذہنیت تباہ کن ہے آج سب طرف لینا ہی لینا عام ہے کہیں استاد شاگردوں کی کشمکش، کہیں مزدوروں اور کارخانہ داروں میں چپقلش، یہ سب کیوں؟ یہ سب اسی تاجرانہ ذہنیت کا نتیجہ ہے، پیغمبروں کا کہنا ہے کہ سب کے سب کا ایک دوسرے پر حق ہے، اور سب کے ذمہ فرائض ہیں، فرائض ادا کرنے میں مستعد ہوں اور حقوق حاصل کرنے میں فراخ دل، ہم یہی کہتے ہیں کہ آپ لوگ بھی یہی کرنے لگیں تو فضا بدلے گی زندگی کا لطف آئے گا، آج لوٹ، کھسوٹ کا بازار گرم ہے، ہر ایک کی نگاہ تجوری پر ہے، انسان کی مجبوری پر نہیں۔

## ہمارا وجود ہر پارٹی سے زیادہ ضروری ہے:

ہم اپنے پیغام کو ہر پارٹی کے لئے ضروری سمجھتے ہیں، اور ہمارا وجود ہر پارٹی سے زیادہ ضروری ہے، کیونکہ ہمارا کام ہو گیا تو انسانیت کا مہکتا ہوا گلدستہ بنے گا، آج کانٹے پیدا ہو رہے ہیں، آج انسان عنقا ہے، ہم کہنے آئے ہیں کہ انسانیت کی بہار لاؤ، انسانیت کو نکھارو، آج انسانیت کے درخت سے کانٹے اور کسیلے پھل پیدا ہو رہے ہیں، آپ انسانیت کے میٹھے پھل پیدا کیجئے، ہم آپ کے کاموں میں روڑے اٹکانے نہیں آئے، ہم یہ کہنے آئے ہیں کہ انسانیت کی خبر لیجئے، ہم اس بگڑی ہوئی دنیا کے خلاف خلش پیدا کرنے آئے ہیں، کاش یہ چبھن پیدا ہو، یہ پیغمبروں کا کام ہے، جسے ہم یاد دلانے آئے ہیں، کوئی دماغ تک رہ جاتا ہے، کوئی پیٹ تک پہنچ جاتا ہے، کوئی کپڑوں اور مکان میں اٹک کر رہ جاتا ہے، لیکن مذہب خدا کے یقین اور محبت کے ساتھ دل میں اتر جاتا ہے، اور وہ آنکھوں کی کھٹک اور جلن دور کرتا ہے، آنکھوں کی سوئیاں نکالنا پیغمبروں ہی کا کام ہے، انہیں کی محنتوں سے دل کی پھانسیں نکلیں اور دلوں کو

اطمینان ملا۔

## تمہاری حیثیت ایجنٹ یا ملازم کی نہیں داعی اور رہبر کی ہے:

ہم مسلمانوں سے کہتے ہیں کہ تم نے پیغمبروں کے کام اور پیغام کی بڑی ناقدری کی، تم مجرم ہو، تم دراصل سرمایہ کو چھوڑ کر ذلیل سرمایہ داروں کے ایجنٹ بن گئے، تم نے بھی تاجرانہ ذہنیت اپنائی اور بیوپاری بن گئے۔ تمہاری حیثیت بیوپاری اور ملازم کی نہیں تھی، تم یہاں داعی کی حیثیت سے آئے تھے تم نے داعیانہ حیثیت اور اپنے آنے کا مقصد کھو دیا، تم دعوت ومحبت کے پیام کے ساتھ جیتے تو عزت سے جیتے اور کامیاب وبامراد جیتے رہتے، اب تمہاری فلاح اسی میں ہے کہ اب تم اپنی کھوئی ہوئی حیثیت اختیار کرو، دنیا کی فلاح اس میں ہے کہ وہ پیغمبروں کے پیام کی قدر کرے، سیاسی پارٹیاں اور مختلف جماعتیں، قیادت کی جنگ اور غلبہ واقتدار کی کشمکش چھوڑ کر زندگی کے اس بگڑے ہوئے نقشہ کو بنانے کی کوشش کریں اور اپنے اپنے متعلقین اور دوستوں کے بجائے ساری انسانیت کی فکر کریں کہ اس کے سدھار کے بغیر کسی کو چین اور امن حاصل نہیں ہوسکتا۔

# زندگی میں فرد کی اہمیت ہمارے اصلاحی کاموں کا

# ایک بڑا خلاء

۲۱ فروری ۱۹۵۵ء کو جونپور ٹاؤن ہندوستان ہال میں ہندو مسلمانوں کے ایک مخلوط اجتماع میں یہ تقریر کی گئی۔ جس میں علماء، طلبہ اور دانشوروں کی بڑی تعداد موجود تھی!

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سید الانبیاء والمرسلین، وعلی آلہ واصحابہ اجمعین اما بعد۔

دوستو اور بھائیو!:

سب جانتے ہیں کہ ہمارے سماج اور موجودہ نظام زندگی میں کوئی خرابی یا کمی ہے، جس کی وجہ سے زندگی کی کلی صحیح نہیں بیٹھتی اور اس کا جھول نہیں نکلتا، ایک خرابی دور کیجئے تو چار خرابیاں اور پیدا ہو جاتی ہیں، آج دنیا کے بڑے بڑے ملک بھی اس خرابی کے شاکی ہیں، اور محسوس کرنے لگے ہیں کہ بنیاد میں کوئی خرابی ہے مگر ان کو اپنے چھٹکل مسائل سے فرصت نہیں ہم ان مسائل کی ضرورت سے انکار نہیں کرتے مگر ان سب مسئلوں سے زیادہ اہم مسئلہ انسانیت اور آدمیت کا مسئلہ ہے، اس لئے کہ ہماری پہلی حیثیت انسان ہی کی ہے، اور یہ مسائل اس کے بعد آتے ہیں، جن لوگوں کے ہاتھوں میں زندگی کی باگ ڈور ہے، انہوں نے زندگی کی گاڑی اتنی تیزی سے چلا رکھی ہے کہ ایک منٹ کے لئے اس کو روک کر خرابی دیکھنے کے لئے تیار نہیں، وہ نہیں دیکھتے کہ وہ ٹھیک پٹری پر جا رہی ہے یا نہیں، اور اس خرابی سے اس کے مسافروں اور آئندہ نسلوں کے لئے کیا خطرہ درپیش ہے، ان کو صرف اس کی فکر ہے کہ اس گاڑی کے چلانے والے وہ ہوں، ان میں سے ہر ایک دنیا کو اس بات کی رشوت دیتا ہے کہ اگر گاڑی کا ہنڈل اس کے ہاتھ میں ہوگا تو وہ زیادہ سے زیادہ تیز رفتاری سے گاڑی چلائے گا، امریکہ اور روس دونوں میں

سے ہر ایک کا دعویٰ ہے، اور ہر ایک کا وعدہ ہے کہ وہ اس گاڑی کو زیادہ تیز رفتار سے چلائے گا، لیکن کسی کو سمت سفر اور مقصد سفر سے بحث نہیں۔

## اجتماعیت کا رجحان:

اب میں بتلاتا ہوں کہ وہ چوک کیا ہے، اور غلطی کہاں ہورہی ہے، آج دنیا میں بڑی بڑی تنظیمیں ہورہی ہیں، اس وقت اجتماعیت پر بڑا زور ہے، ہر کام اجتماعی اور عالمگیر پیمانہ پر کیا جارہا ہے، یہ اجتماعیت ایک خوشگوار اور ترقی پسند رجحان ہے، لیکن افراد اور ان کی صلاحیت ہر اجتماعی کام کی اور ہر تنظیم کی بنیاد ہے، اور اس کی اہمیت سے کسی دور میں انکار نہیں کیا جاسکتا، اس زمانہ کی خطرناک غلطی یہ ہے کہ افراد کی اہمیت اور ان کی سیرت وصلاحیت کو بالکل نظر انداز کیا جارہا ہے، عمارت بنائی جارہی ہے، مگر جن اینٹوں سے وہ بنے گی، ان کو کوئی نہیں دیکھتا، اگر کوئی یہ سوال چھیڑتا ہے کہ اینٹیں کیسی ہیں؟ تو کہا جاتا ہے کہ اینٹیں ناقص سہی، کمزور سہی، مگر عمارت مضبوط اور اعلیٰ ہوگی۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ سو خراب چیزوں سے ایک اچھا مجموعہ کیسے برآمد ہوگا؟ کیا خرابی جب بڑی تعداد میں جمع ہوجاتی ہے اور ایک دوسرے میں شامل ہوجاتی ہے تو معجزہ کے طور پر اس سے ایک عمدہ چیز ظاہر ہوجاتی ہے؟ کیا سو ۱۰۰ مجرموں اور ظالموں کے مل جانے سے ایک انصاف پرور جماعت اور ایک معدلت شعار ادارہ وجود میں آجاتا ہے؟ ہمیں تو یہ معلوم ہے کہ نتیجہ ہمیشہ مبادی اور مقدمات کے تابع ہوتا ہے اور کل ہمیشہ اجزاء کی خصوصیتوں کا نمائندہ اور مظہر ہوتا ہے۔ آپ صحیح میزان نکالنا چاہتے ہیں تو جب تک اکائیاں ٹھیک نہ ہوں میزان غلط رہے گی، یہ کہاں کی منطق اور کہاں کا فلسفہ ہے کہ افراد کو بنانے کی فکر نہیں اور ایک اچھے مجموعہ کی توقع کی جارہی ہے۔

## مجرمانہ غفلت:

آج کالجوں، تحقیقاتی اداروں، تجربہ گاہوں، تفریحی مرکزوں میں انسانی زندگی کی ہر حقیقی اور فرضی ضرورت کا انتظام کیا جارہا ہے مگر ان آدمیوں کے بنانے کا کوئی انتظام نہیں سوچا جارہا ہے، جن کے لئے یہ سب انتظامات ہیں، کیا یہ سب تیاریاں ان انسانوں کے لئے ہیں جو سانپ بچھو بن کر زندگی گزاریں گے، جن کا مقصد زندگی بوالہوسی اور عیش پرستی کے سوا کچھ نہیں،

اس دور کے انسان نے ظلم اور جرم کو منظم کیا ہے اور اس بارے میں وہ جانور سے بازی لے گیا، کیا کبھی سانپوں اور بچھوؤں اور جنگل کے شیروں اور بھیڑیوں نے انسانوں پر کوئی منظم اور متحد حملہ کیا؟ لیکن انسان اپنے جیسے انسانوں کو فنا کرنے کے لئے تنظیمیں اور ادارے قائم کرتا ہے اور پوری پوری دنیا کو تباہ کر دینے کی اسکیمیں بناتا ہے، اس وقت افراد کی تربیت، سیرت کی تعمیر اور انسانیت کی صفات اور اخلاق پیدا کرنے کی طرف سے مجرمانہ غفلت برتی جارہی ہے، یہی کام سب سے غیر اہم سمجھا گیا ہے، مشین ڈھالنے کی کتنی فیکٹریاں ہیں، کاغذ بنانے کے کتنے کارخانے ہیں، کپڑے کے کتنے مل ہیں، مگر حقیقی انسان بنانے کا بھی کوئی ادارہ، کوئی تربیت گاہ ہے؟ آپ کہیں گے کہ یہ تعلیم گاہیں، کالج اور یونیورسٹیاں! لیکن بے ادبی معاف، وہاں انسانیت کی تعمیر اور فرد کی تکمیل پر کتنی توجہ کی جاتی ہے، یورپ اور امریکہ نے کتنے بڑے صرف اور کتنے بڑے ساز و سامان سے ایٹم بم بنایا، اگر اس کے بجائے وہ ایک فرد کامل کو بناتا تو دنیا کے لئے کتنا مبارک ہوتا، مگر ادھر کسی کا ذہن نہیں جاتا۔

## ہماری غفلت کا خمیازہ:

ہمارا ملک ہندوستان تاریخ میں بڑا مردم خیز ملک رہا ہے اس نے بڑے کامل افراد پیدا کئے ہیں، مگر اب صدیوں سے اس کی طرف سے غفلت برتی جارہی ہے، ہمیں کہنا پڑتا ہے کہ مسلمانوں نے بھی اپنے دور حکومت میں اس فرض کے ادا کرنے میں کوتاہی سے کام لیا، ان کی حکومت اگر خلافت راشدہ کا نمونہ ہوتی اور وہ اس ملک کے منتظم اور حکمراں ہونے سے زیادہ اس ملک کے مربی اور اخلاقی معلم ہوتے تو آج اس ملک کی اخلاقی حالت یہ نہ ہوتی اور وہ اس ملک کی تولید اور انتظام سے سبکدوش نہ کئے جاتے، پھر انگریز آئے، ان کی حکومت تو صرف اسپنج (SPONGE) کی طرح تھی، جس کا کام یہ تھا کہ گنگا کے دہانے سے دولت چوس کر ٹیمز (TAMES) کے کنارے اگل دے، ان کے عہد میں اس ملک کا اخلاقی انحطاط کہیں سے کہیں پہنچ گیا، اب ہم کو آزادی ملی ہمیں چاہئے تھا کہ ہم سب سے پہلے اسی بنیادی مسئلہ کی طرف توجہ کرتے، کیا یہ ملک کبھی آزاد نہیں تھا، پھر وہ آزادی کی دولت سے کیوں محروم ہوا؟ اپنی اخلاقی پستی اور اخلاقی کمزوریوں سے! مگر افسوس ہے کہ سڑکوں اور روشنی کی طرف بھی جتنی توجہ

ہے اتنی بھی توجہ اس بنیادی کام کی طرف نہیں ہے۔

## ہر اصلاحی کام کی بنیاد:

میں "شرم دان" اور "جیون دان" تحریک کا بڑا قدر دان ہوں، لیکن میں اس عقیدہ کو نہیں چھپا سکتا کہ اس سے بھی پہلے کرنے کا کام اخلاقی اصلاح اور صحیح احساس پیدا کرنا تھا، ہمیں تاریخ سے پتہ چلتا ہے کہ بہت قدیم دور میں زمینیں واجبی طور پر تقسیم کی جاتی تھیں، اور کوئی کوئی دور تو ایسا گذرا ہے کہ ہوا اور پانی کی طرح زمین کو بھی ایک ضرورت کی چیز اور انسانوں کا حق سمجھا جاتا تھا، لیکن پھر انسانوں کی حرص نے ضرورت مندوں کو محروم اور بے ضرورت اشخاص کو اس کا مالک بنا دیا، اگر اخلاقی احساس اور انسانیت کا احترام نہ پیدا ہوا تو پھر اس کا خطرہ ہے کہ تقسیم شدہ زمین پر پھر قبضہ کر لیا جائے اور ضرورت مندوں کو بے دخل کر دیا جائے، اس لئے جب تک یہ احساس نہ پیدا ہو، اور ضمیر بیدار نہ ہو اس وقت تک ان کوششوں کے نتائج اور وعدوں پر بھروسہ نہیں کیا جا سکتا، آج اخلاقی انحطاط حد درجہ کو پہنچا ہوا ہے، رشوت، چور بازاری، غبن اور خیانت میں کمی نہیں، بلکہ لوگوں کا کہنا ہے کہ کچھ زیادتی ہی ہے، دولت مند بننے کی خواہش جنون کو پہنچ گئی ہے، کوئی اپنی ذمہ داری محسوس نہیں کرتا، ذہنی کیفیت یہ ہے کہ ایک دوسرے کی نیکی کی آڑ لے کر بدی کرنا چاہتا ہے، جب سب کا یہ حال ہو جائے تو وہ نیکی پھر کہاں سے آئے گی جس کی آڑ میں اور جس کے دامن میں بدی چھپ سکے، میرے ایک مصری دوست نے اپنی تقریر میں اس کی ایک بڑی اچھی مثال دی، انہوں نے کہا کہ ایک بادشاہ نے ایک رات اعلان کیا کہ ایک حوض دودھ کا بھروانا چاہئے، ہر شخص ایک گھڑا دودھ اس میں ڈال دے اور صبح اپنے دام لے لے، اندھیری رات تھی، ہر شخص نے یہ خیال کیا کہ میں نے اگر ایک گھڑا پانی ڈال دیا تو اتنے بڑے حوض میں کیا پتہ چلے گا، سب لوگ تو دودھ ڈالیں گے لیکن اتفاق سے ہر شخص نے یہی سوچا اور دوسرے کی نیکی اور دیانت کے اعتماد پر بددیانتی کرنی چاہی، نتیجہ یہ نکلا کہ صبح جب بادشاہ نے دیکھا تو پورا حوض پانی سے بھرا تھا، دودھ کا نام ونشان نہ تھا، جب کسی بستی کی یہ حالت ہو جائے تو پھر اس کی کوئی حفاظت نہیں کر سکتا۔

## اصل خطرہ:

یاد رکھئے اس ملک کے لئے کوئی بیرونی خطرہ نہیں، اس ملک کے سب سے بڑا خطرہ یہ اخلاقی انحطاط، یہ مجرمانہ ذہنیت، یہ دولت پرستی اور برادر کشی ہے، کیا یونان اور روما کو کسی دشمن نے تباہ کیا، نہیں بلکہ ان اخلاقی بیماریوں نے جن کا گھن ان کو لگ گیا تھا، پھر اس وقت ایک ملک کا اخلاقی انحطاط تمام دنیا کے لئے خطرہ ہے، دنیا جب ہی خوش حال اور پرامن ہو سکتی ہے جب ہر ملک خوش حال اور پرامن ہو۔

## پیغمبروں کا کارنامہ:

پیغمبروں کا یہی کارنامہ ہے کہ انہوں نے صالح افراد تیار کئے، خدا سے ڈرنے والے، انسان سے محبت کرنے والے، دوسروں کے لئے تکلیف اٹھانے والے، اپنے پرائے کے معاملے میں انصاف کرنے والے، سچ بولنے والے، حق کا ساتھ دینے والے، مظلوم کی مدد کرنے والے، دنیا کے کسی فرد کسی ادارہ اور کسی تربیت گاہ نے ایسے صالح افراد تیار نہیں کئے، دنیا کو اپنی ایجادوں پر ناز ہے، سائنس دانوں کو اپنی خدمات پر فخر ہے، لیکن پیغمبروں سے بڑھ کر کس نے انسانیت کی خدمت انجام دی، ان سے زیادہ بیش قیمت چیز کس نے دنیا کو عطا کی، ان افراد نے دنیا کو گلزار بنا دیا، ان کی وجہ سے دنیا کی ہر چیز کارآمد بن گئی اور ہر دولت ٹھکانے لگی، آج بھی دنیا میں جو نیکی کا رجحان، جو سچائی، انصاف اور انسانیت کی محبت پائی جاتی ہے وہ انہیں پیغمبروں کی کوشش اور تبلیغ کا نتیجہ ہے، موجودہ دنیا بھی محض ایجادات اور ہمہ ما ترقیات پر نہیں چل رہی ہے، یہ محض اسی سچائی، امانت داری، انصاف اور محبت پر قائم ہے جو پیغمبر پیدا کر گئے۔

## پیغمبروں کا طریقہ کار:

پیغمبروں نے یہ صالح ترین افراد کس طرح پیدا کئے؟ یہ بات کچھ کم حیرت انگیز نہیں، انہوں نے ان کے اندر ایک نیا یقین پیدا کر دیا، وہ یقین جس سے دنیا اس وقت محروم تھی، جس

کے فقدان نے ساری دنیا کے نظام کو درہم برہم کر رکھا تھا، اور انسان اس کو کھو کر ایک خونخوار درندہ، ایک حریص چوپایا بن گیا تھا۔ یعنی خدا کی ہستی کا یقین اور مرنے کے بعد کی زندگی اور جواب دہی کا یقین اور اس بات کا یقین کہ یہ سچے انسان خدا کا پیغام لانے والے اور انسان کی صحیح رہنمائی کرنے والے ہیں، اس یقین نے انسان کی کایا پلٹ دی اور اس کو ایک بے لگام جانور سے ایک ذمہ دار انسان بنا دیا۔

## تاریخ کا تجربہ:

ہزاروں برس کا تجربہ بتاتا ہے کہ انسان سازی کے لئے اس سے بڑی طاقت نہیں، آج دنیا کی سب سے بڑی بدقسمتی یہ ہے کہ جماعتیں موجود ہیں، قومیں موجود ہیں، تنظیمیں اور ادارے موجود ہیں، لیکن صالح افراد نایاب ہیں اور دنیا کے بازار میں سب سے زیادہ اسی جنس کی کمی ہے، خطرناک بات یہ ہے کہ ان کی تیاری کی فکر بھی نہیں ہے اور سچ پوچھیے تو اگر تیاری کی کوشش بھی کی جاتی ہے تو اس کے لئے صحیح راستہ نہیں اختیار کیا جاتا، اس کا راستہ صرف ایک ہے اور وہ یہ کہ یہ یقین پھر پیدا کیا جائے اور سب سے پہلے انسان کو انسان بنایا جائے، اس کے بغیر جرائم بند نہیں ہو سکتے، خرابیاں دور نہیں ہو سکتیں، آپ ایک چور دروازہ بند کریں گے دس چور دروازے کھل جائیں گے، افسوس ہے کہ جن کو اس بنیادی کام کی طرف توجہ کرنے کی ضرورت ہے اور جن کے توجہ کرنے سے اثر ہو سکتا ہے، ان کو دوسرے مسائل سے فرصت نہیں، اگر وہ اس مسئلہ پر توجہ کرتے تو اس سے پوری زندگی پر اثر پڑتا اور سینکڑوں مسائل اس سے حل ہو جاتے جن پر علیحدہ علیحدہ کوشش کی جا رہی ہے اور خاطر خواہ نتیجہ برآمد نہیں ہوتا۔

## ہماری جدوجہد کا محرک:

ہم نے جب دیکھا کہ اتنے لمبے چوڑے ملک میں کوئی اس کی صدا بلند کرنے والا نہیں، اور کوئی اس کو اپنی زندگی کا مقصد اور مہم بنانے والا نہیں تو ہم اور ہمارے چند بے سروسامان ساتھی اس دعوت کے لئے اپنے گھر سے نکلے، ہم آپ کے شہر میں آئے، آپ نے ہماری پذیرائی کی اور دلچسپی اور سکون سے ہماری بات سنی، اس کے ہم بڑے شکر گذار ہیں اور اس سے ہماری بڑی

حوصلہ افزائی ہوئی ہے، ہم اسی امید پر نکلے ہیں کہ انسانوں کی اس وسیع بستی میں ضرور کچھ زندہ دل پائے جاتے ہیں، دنیا کا ہر کام انہیں انسانوں کے وجود کے یقین اور ان کے زندہ دلی کے اعتماد پر کیا گیا ہے، اتنے بڑے مجمع میں ہمیں امید ہے کہ بہت سے دلوں نے ہماری اس بات کو قبول کیا ہوگا، ہم اس بات کی بھی امید کرتے ہیں کہ وہ اپنے کو وہ فرد بنانے کی کوشش کریں گے جس کی آج دنیا کو ضرورت ہے اور جس کے بغیر اس زندگی کی چول بیٹھ نہیں سکتی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# دین پر عمل کرنے کی برکتوں کو دیکھنے کے لئے دنیا سفر کر کے آئے گی!

نومبر ۱۹۸۳ء میں حضرت مولانا سید ابو الحسن علی ندوی نے مالوہ، اجین اور اندور کا دورہ کیا تھا، اس میں آپ نے ملک کے تیزی سے بدلتے ہوئے حالات، اخلاقی بحران، مسلم معاشرے کی تشویش انگیز کمزوریوں اور بیماریوں کی نشاندہی اور ان کا علاج بھی بتایا تھا، اس سلسلہ کی آخری تقریر ۲۸ نومبر کو آپ نے کی تھی وہ یہی تاریخی تقریر ہے جو ہدیۂ قارئین کی جا رہی ہے۔

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سید الانبیاء والمرسلین، وعلی آلہ واصحابہ اجمعین، اما بعد۔

## دین کا اصل موضوع اور رضائے الٰہی کی قیمت:

میرے بھائیو اور دوستو! آپ جانتے ہیں کہ اللہ کا یہ دین جو خدا کے پیغمبر اپنے اپنے زمانہ میں اور اشرف المرسلین وسید الاولین والآخرین خاتم النبیین محمد رسول اللہ ﷺ آخر میں ہمیشہ کے لئے لے کر آئے، اس دین کا اصل موضوع ہے آخرت میں انسان کو نعمتوں اور اس کے انعام سے سرفراز کرنا اور آخرت کی ابد الآباد کی زندگی کو، ہمیشہ رہنے والی زندگی کو، اس فنا ہونے والی زندگی کو پر راحت نہیں، پر عشرت بنانا اور آخری ترقیوں تک اور ان لذتوں تک جن کا تصور بھی اس دنیا میں ممکن نہیں ہے اور جن کے متعلق آتا ہے کہ نہ کسی آنکھ نے دیکھا ہے،

کسی کان نے سنا، نہ کسی دل میں خیال گزرا، ان نعمتوں تک پہنچانا، اصل موضوع اس کا اس آخرت میں اس زندگی کے بعد کی زندگی میں راحت اور لذت اور عزت اور دوام عطا کرنا ہے پھر " لا خوف علیهم ولا هم یحزنون" کا معاملہ ہوگا یعنی نہ وہاں کوئی خوف ہوگا نہ غم خوف کیا ہے؟ آئندہ کا کھٹکا کل کیا ہوگا؟ پیسہ نہ رہا تو کیا ہوگا؟ کوئی بیمار ہوگیا تو کیا ہوگا؟ کوئی عزیز مر گیا تو کیا ہوگا؟ کوئی حملہ ہوگیا تو کیا ہوگا؟ قحط سالی ہوئی تو کیا ہوگا طوفان آ گیا تو کیا ہوگا؟ کوئی ذلیل کرنے کی در پے ہوا تو کیا ہوگا؟ اور حزن ہوتا ہے ماضی پر، گزشتہ پر، ہائے حسرت یہ کام کیوں کیا، یہ چوک کیوں ہوئی، یہ انتظام کیوں نہیں کرلیا، یہ بات پہلے کیوں سمجھ میں نہیں آئی تو جنت میں دونوں چیزیں نہیں ہوں گی۔ " لا خوف علیهم ولا هم یحزنون " نہ آئندہ کا کھٹکا، نہ پچھلے کا افسوس، اس کی کھٹک اور خلش اور پھر اس کے ساتھ سب سے بڑھ کر " رضوان من الله اکبر "اللہ تعالیٰ کی رضا سب سے بڑی ہوگی اس کا ذائقہ تو وہی سمجھ سکتا ہے جس کے دل میں کسی کی محبت ہو اور کسی کی عزت ہو محبت تو اس لئے کہ محبوب کی ذرا سی پسندیدگی، اس کا دیکھ لینا، یہی انسان کے لئے جس کو اللہ تعالیٰ نے محبت سے حصہ عطا فرمایا ہو، بس آخری کامیابی ہے اور عزت اس لئے کہ جب کوئی معزز آدمی کسی سے خوش ہو جاتا ہے، خوشی کا اظہار کرتا ہے، تعریف کرتا ہے، تو پھر آدمی پھولے نہیں سماتا اس کے پاؤں زمین پر نہیں پڑتے، بہت سی اس کی مثالیں ہیں، پہلے انگریز حکام کے زمانہ میں ریاستوں کے زمانہ میں ایسا ہوا کرتا تھا کہ وہاں سے آئے اور کہا" مہاراجہ صاحب ہنس کر بولے تھے اور مہاراجہ صاحب نے یہ کہا تھا کہ خیریت ہے؟ کہتے ہوئے ہاتھ بھی ذرا سا اٹھ گیا تھا اور ہونٹوں پر تھوڑی مسکراہٹ بھی تھی، اس وقت بہت آدمی بیٹھے تھے لیکن مہاراجہ صاحب نے میری ہی طرف دیکھا اور فرمایا کہ کہو قاضی صاحب مزاج اچھا ہے؟ بال بچے اچھے ہیں؟" ایک صاحب کا واقعہ ہے کہ گھر آئے تو بات نہیں کرتے تھے، بیوی بچوں نے کہا کہ کیا بات ہے؟ کوئی تکلیف ہوگئی؟ بہت مشکل سے بولے کہ میں حاکم سے بات کر کے آیا ہوں، اب اس منہ سے کسی سے بات کرنے کو جی نہیں چاہتا، جیسے کوئی بہت مزے دار چیز کھائی ہو تو اس کے بعد کوئی کڑوی چیز یا دوا کھلائیے تو آدمی کہتا ہے منہ کا مزا خراب ہو جائے گا ابھی مزا آرہا ہے، اس کا تو انہوں نے کہا کہ اب حاکم سے بات کر کے آیا ہوں اب کس سے بات کروں، بات کرنے کو جی نہیں

چاہتا، یعنی وہ جو عزت ملی تھی وہ جاتی رہے گی، وہ لذت جو حاصل ہوئی تھی جاتی رہے گی۔

## آخرت کی عظمت و وسعت:

میرے دوستو! وہ آخرت اس کا تو ہم تصور ہی نہیں کر سکتے، ماں کے پیٹ میں جو بچہ ہو اس سے آپ کہیے یا ابھی پیدا ہوا ہو، اس سے کوئی اگر بات کر سکتا ہو، اور وہ بات سمجھ سکتا ہو تو اس سے کہے کہ بیٹا! جب تم دنیا میں آؤ گے تو بڑا وسیع میدان ہوگا، ہزاروں ہزار میل کا، وہاں باہر ہوائیں چل رہی ہوں گی، اور پانی برسے گا، وہاں پر ریلیں چلتی ہیں، اور وہ بچہ بے چارہ ماں کے پیٹ میں کیا سمجھے کہ ریل کیا بلا ہوتی ہے، ریل کا ہے پر چلتی ہے اور کتنی تیز چلتی ہے، اور تو اور ہوائی جہاز اڑیں گے، بچہ ماں کے پیٹ میں ہے اور یہ اس سے کہہ رہا ہے کہ ایسا بھی وقت آسکتا ہے کہ ہوائی جہاز میں بیٹھو گے۔ بالکل ایسے ہی بلکہ اس سے بھی بڑھ کر آخرت کا معاملہ ہے۔

یہ تو اللہ تبارک تعالی کی قدرت ہے اور اس کی مصلحت ہے کہ اتنا بھی ہماری سمجھ میں آگیا، ورنہ ہماری سمجھ میں آنے والی بات ہی نہیں ہے کہ اس زندگی کے بعد کی زندگی میں کیا ہوگا، کیا ملے گا، وہ کتنی وسیع ہوگی "عرضها السموات والارض" اس کی وسعت میں زمین و آسمان ایسے ہیں جیسے سمندر میں کوئی کنکری تنکی ڈال دے، یہ بھی پتہ نہیں چلے گا، گئی کہاں؟ تو ایسے ہی یہ ساری دنیا حدیث میں آتا ہے "موضع سوط فی الجنة خير من الدنيا وما فيها" ایک کوڑا رکھنے کی (پھیلا کر نہیں، کھڑا کر کے) رکھنے کی جگہ ساری دنیا سے وسیع ہے، تو اس آخرت کا تو کیا کوئی تصور کر سکتا ہے اور پھر آخری بات یہ ہے کہ "ورضوان من الله اكبر" اللہ کی رضا کہ جب بندوں کو معلوم ہوگا، جنت میں اللہ راضی ہو، میرا مالک یہاں راضی ہے رب مجھ سے خوش ہے، اب ناراضگی کا کوئی کھٹکا نہیں اسکی لذت کو، اس کی عزت کو تو کوئی سمجھ ہی نہیں سکتا۔

تو دین کا اصل موضوع ہے اس آخرت میں کامیابی دلانا، اس آخرت کے خطروں سے بچانا، اچھی طرح سمجھ لیجئے، اس آخرت کا عیش نصیب کرنا، اس آخرت میں زندگی دوام، ہمیشہ رہنے والی کبھی فنا نہ ہونے والی زندگی عطا کرنا ہے، اللہ فرماتا ہے" لا يذوقون فيها الموت

الا الموتة الاولی'' جب اس دنیا سے جانے لگیں گے تو ایک ہی مرتبہ موت کا تجربہ ہوگا، اور اس کے بعد موت کا کوئی امکان نہیں، پھر موت نہیں آئیگی، یہ دین کا اصل موضوع ہے، اس لئے کہ دین جتنا بڑا ہے، اور اللہ تعالیٰ اس سے جتنا خوش ہوتا ہے، اس کے انعام کی اس دنیا میں کوئی گنجائش نہیں، اس دنیا میں تو بہت چیزوں کی گنجائش نہیں، کتنے آدمی ہیں جن کو شادی مرگ ہو جاتی ہے۔ ایسی خوشی حاصل ہوئی کہ برداشت نہیں کر سکے اور دم نکل گیا، تو اللہ تعالیٰ کے اصل انعامات کی تو اس دنیا میں گنجائش نہیں، اس لئے اس نے آخرت رکھی ہے۔

وہ جنت حقیقی جنت ہے، اور وہ زندگی حقیقی زندگی ہے، اور وہ گھر حقیقی گھر ہے۔

## دین پر عمل کرنے سے دنیا میں بہشت کا مزہ:

لیکن اللہ تعالیٰ نے اس دین میں یہ خاصیت رکھی ہے کہ اگر اس پر عمل کیا جائے تو اس زندگی میں بھی جنت کا کچھ لطف آنے لگے۔ عارفوں کو تو چھوڑیئے وہ تو کہتے ہیں کہ اگر لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ ہم کیا عیش کر رہے ہیں، کس لطف میں ہیں تو ہمیں بیٹھنے نہ دیں، تلوار لے کر ہم پر حملہ کریں اور کوئی اللہ کا بندہ کہتا تھا کہ میرا کوئی کیا بگاڑ سکتا ہے، مجھ سے کیا چھین سکتا ہے، میری جنت میرے سینہ کے اندر ہے، میں کھڑا ہوں تو جنت، میں بیٹھوں تو جنت، '' جنتی فی صدری '' میری جنت میرے سینہ کے اندر ہے، متوسط درجہ کے مسلمانوں کو بھی اس زندگی میں وہ راحت وہ عزت، وہ سکون حاصل ہو سکتا ہے کہ جس کی غیر مسلم جو دین سے ناآشنا ہیں، تصور نہیں کر سکتے، مگر شرط یہ ہے کہ اس دین پر عمل کریں، اور وہ دین محض قومیت کا دین نہ ہو، رجسٹر میں نام لکھانے کا دین نہ ہو، اور فائدہ حاصل کرنے کا دین نہ ہو کہ مسلمان کے گھر میں اس کی وجہ سے شادی ہو جاتی ہے۔ رشتہ ہو جاتا ہے، اور عید بقر عید میں ملنے کا مزہ آتا ہے، اور شادی بارات میں پوچھے جاتے ہیں بلائے جاتے ہیں، یہ دین اس کا نہ ہو، اس دین سے راحت نہیں حاصل ہوگی۔ اس دین سے کوئی سکون نہیں ہوگا، اس دین سے کسی بستی میں رحمت و برکت نازل نہیں ہوگی، اور آفتیں دور نہیں ہوں گی، دین جو محض فائدہ اٹھانے کے لئے نہ ہو بلکہ بندگی کا دین ہو، شریعت میں جو حکم ہو اس کو مانے ایسی بستیوں کا پھر حال یہ ہوگا جو اللہ تعالیٰ بیان فرماتا ہے۔

وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰٓى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ. (الاعراف: ۹۶)

(ترجمہ) اگر بستیوں والے کچھ ہم سے ڈرتے اور ہمارا پاس کرتے اور ایمان لاتے اور تقویٰ اختیار کرتے تو ہم ان پر آسمانوں اور زمین کی برکتوں کے دہانے کھول دیتے۔

اور کہیں آتا ہے۔

لَاَكَلُوْا مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ. (المائدہ: ۶۶)

(ترجمہ) اپنے اوپر سے بھی کھاتے اور پاؤں کے نیچے سے بھی کھاتے۔

یہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے اس دنیا میں بھی، دین کا جو مقام ہے، جو مرتبہ ہے، اللہ تعالیٰ کے یہاں جو اس کی عزت ہے، اس کا تو تقاضا یہ ہے کہ آخرت تو، اور آخرت میں وہ سب پچھ ہے، اس لئے اللہ تعالیٰ نے ان انعامات کی اس کی خوشنودی کی یہاں سمائی نہیں، آپ ایک سیارہ پر آباد ہیں، جو سب سے چھوٹا سیارہ ہے، اگر دوسرے سیاروں کو آپ دیکھیں، ان کے رقبہ کو آپ معلوم کریں، اور ان کی تعداد معلوم کریں تو معلوم ہو کہ یہ زمین ایک ذرہ ہے، اس نظام شمسی میں، یہ زمین حقیر ترین چیز ہے، اس پر ہم اور آپ اتنے رتجھ رہے ہیں، معلوم نہیں کیا کیا دعوے کر رہے ہیں، تو اللہ تعالیٰ کی کائنات اتنی وسیع ہے کہ جس کا آپ کوئی تصور ہی نہیں کر سکتے " في يوم كان مقداره خمسين الف سنة" وہ فاصلہ ہے کہ یہاں کی ہر چیز جب وہاں جاتی ہے تو آپ کے حساب سے پچاس پچاس ہزار برس، اور کم سے کم ایک ہزار برس لگ جاتا ہے اور ابھی خلا میں جو لوگ ہیں وہ اس طرح کے حسابات بتاتے ہیں۔

وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰٓى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ. (الاعراف: ۹۶)

(ترجمہ) اگر ان بستیوں کے لوگ ایمان لے آتے اور پرہیز گار ہو جاتے، تو ہم ان پر آسمان اور زمین کی برکات (کے دروازے) کھول دیتے۔

## دین پر عمل کرنے کی برکتوں کو دیکھنے کے لئے دنیا سفر کر کے آئے گی!

خدا کی قسم، اگر مسلمان کسی بستی میں خلوص کے ساتھ، سنجیدگی سے اور ایمانداری کے ساتھ

شریعت پر عمل کریں تو جنت کا ایک نمونہ یہیں اللہ تعالی دکھادے آپس میں وہ محبت ہو، دلوں میں وہ اعتماد ہو، وہ اطمینان ہو، ایسی سکھ کی نیند سوئیں، ایسے آرام کے ساتھ اپنا کام کریں، ہر کام بنتا چلا جائے، ہر چیز میں برکت ہو کہ لوگ باہر سے آآ کر جیسے سینٹوریم میں لوگ جاتے ہیں، صحت افزا مقامات پر جاتے ہیں، اسی طرح یہ دنیا کے مارے ہوئے لوگ، یہ جن کا قیمہ کردیا گیا ہے، جن کے دل و دماغ کا قیمہ کردیا گیا ہے، جن کو سکون نصیب نہیں ہے، امریکہ و یورپ کے لوگ جن پر خدا کا عذاب نازل ہوا ہے بشکل دولت، بشکل طاقت، بشکل وسائل، بشکل ترقیات، وہ لوگ سانس لینے کے لئے آئیں گے ایسی بستیوں میں اور بڑی سے بڑی قیمت ادا کریں گے کہ ایک درخت کے نیچے ہم کو آپ چار گھنٹے رہنے دیجئے کہ ہم اس فضا میں سانس لے لیں تاکہ جب ہم یہاں سے جائیں تو ہمارے اندر ایک طاقت ہو۔

## دین پر ناقص عمل اور شریعت کے حصے بخرے:

مگر کیا کہیں کس سے فریاد کی جائے کہ مسلمانوں نے اس شریعت کی قدر ہی نہیں کی، اللہ کے رسول کی لائی ہوئی اس نعمت کی قدر ہی نہیں کی، کہیں ایک چیز ہے تو چار ۴ چیزیں نہیں، کہیں چار ۴ چیزیں ہیں تو دس ۱۰ چیزیں نہیں۔ نماز ہے تو روزہ نہیں، کہیں روزہ ہے تو نماز نہیں۔ کہیں نماز روزہ دونوں ہیں تو زکوۃ نہیں، اور کہیں نماز، روزہ، زکوۃ ہے تو حج نہیں، اور کہیں یہ چاروں چیزیں ہیں تو آپس میں جو حقوق ہیں مسلمانوں کے جن کا ادا کرنا ضروری ہے، ان کا ذکر نہیں، کہیں عقائد درست ہیں تو عبادات درست نہیں اور اگر عقائد و عبادت درست ہیں تو معاملات درست نہیں، گھر گھر نا چاقی بھائی بھائی کے خون کا پیاسا، اس کی عزت و آبرو کے درپے کہیں جعلی مقدمہ، کہیں افیون رکھوادی، کہیں چرس اور بھنگ رکھوادی، کہیں کوکین رکھوادی، پکڑوادیا۔ یہ مسلمانوں کی بستیوں میں ہو رہا ہے، انشاء اللہ آپ کی بستی اس سے محفوظ ہوگی اور مجھے کچھ معلوم بھی نہیں، میں تو اچھی ہی باتیں یہاں کے متعلق سنتا رہا، بہت سفر کرتا رہتا ہوں، جس بستی میں گیا وہاں شکایت سنی کہ صاحب بس یہاں پوچھئے نہیں، جو حالت ہو رہی ہے۔ ایک دوسرے کو دیکھ نہیں سکتا، اللہ کی شریعت کی یہ قدر، رسول اللہ ﷺ کی لائی ہوئی شریعت کی یہ قدر، کہ ایک چیز پکڑی اور چار چیزیں چھوڑیں، آج کوئی بستی دنیا میں، روئے زمین پر یہ کر کے

دکھا دے ، تو دیکھئے وہاں ٹکٹ لگ جائے ،سینکڑوں ہزاروں روپے کا ٹکٹ جائے داخلہ کا ، یہ بھی مجبوری ہے کہ اگر سب کو آنے دیا جائے تو پھر آدمی بیٹھ کیسے سکے گا ،عورتیں کیسے رہ سکیں گی ، بچے کیسے کھیل سکیں گے ، اس لئے ٹکٹ لگایا جائے ، انتظاماً کہ یہاں قدم رکھنے کے لئے پانچ سو ۵۰۰ روپیہ کی فیس داخل کرو ، تو یہاں تم آسکتے ہو اور یہاں سے گزر جاؤ ایک مرتبہ ، ایسی وہ زمین متبرک بن جائے گی ، مگر افسوس ہے کہ سب کچھ کریں گے مسلمان ، ہزار تدبیر کریں گے کافر بھی بتادے کہ یہ آرام کا طریقہ ہے تو اس کو اختیار کریں گے لیکن اللہ کا رسول ﷺ جو کہتا ہے کہ اس میں آرام ہے ، اس میں راحت ہے ، اس میں عزت ہے ، اسی کو نہیں اختیار کریں گے ، بھلا بتلائیے ! اس ناقدری کی بھی کوئی حد ہے کہ اگر کوئی حکیم کہہ دے ، ڈاکٹر کہہ دے ، کوئی غیر مسلم اکسپرٹ کہہ دے ، کوئی سیاسی لیڈر کہہ دے کہ دیکھو یہ کرو تو کرنے کے لئے تیار ، ہزاروں روپے خرچ کرنے کے لئے تیار ، لیکن اللہ کا محبوب رسول ﷺ یہ کہتا ہے کہ اس میں تمہارا فائدہ ہے ، اس میں تمہارا نقصان ہے اس کو نہیں مانیں گے ۔

## امت محمدیہ کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا معاملہ :

ہمیں شکایت ہے صاحب مسلمان ہی ہر جگہ ذلیل ہیں ، مسلمان ہی ہر جگہ مارے جاتے ہیں ، مسلمان ہی ہر جگہ پریشان ہیں ، وہ جیسے کوئی اپنا مریض ہوتا ہے تو اس کو بدپرہیزی نہیں کرنے دی جاتی ، اس طریقہ سے اس امت مرحومہ امت محمدی ﷺ کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا معاملہ یہ ہے کہ پاؤ گے تو اس راستہ سے پاؤ گے ، تمہارے لئے راستہ یہ مقرر ہے ، یہ محبت کا راستہ تھا ، یہودیوں کا مرض کیا تھا ؟ ان کو جو کچھ ملا وہ دین کے راستے سے ملا ، نبوت کے راستے سے ملا ، لیکن خدا کے بندے اسی راستے کے باغی تھے ، وہ دوسرے راستوں سے عزت چاہتے تھے ، اسی لئے "المغضوب علیھم" کہا کہ خدا کا غضب ان پر ہو ، ہم نے ان کو عزت دی ،

يٰبَنِىٓ اِسۡرَآءِيۡلَ اذۡكُرُوۡا نِعۡمَتِىَ الَّتِىۡٓ اَنۡعَمۡتُ عَلَيۡكُمۡ وَاَنِّىۡ فَضَّلۡتُكُمۡ عَلَى الۡعٰلَمِيۡنَ ۔ (البقرہ ۱۲۲)

(ترجمہ) اے بنی اسرائیل میرے وہ احسان یاد کرو جو میں نے تم پر کئے اور یہ کہ میں نے تم

کو اہل عالم پر فضیلت بخشی۔

دو۲ مرتبہ تین۳ مرتبہ کہا اور اس کے بعد **"اَوْ فُوا بِعَهْدِی اُوفِ بِعَهْدِ کُم"** (تم میرے عہد کو پورا کرو، میں تمہارے عہد کو پورا کروں گا) انہوں نے کہا، اب آپ ہی اپنا عہد پورا کیجئے، ہم تو نہیں عہد پورا کریں گے۔

## عقائد و عبادات میں مسلمانوں کا طرز عمل:

مسلمانوں کا حال یہ ہو رہا ہے کہ پوری شریعت پر نہیں چلتے، بھئی ایک حکیم کے نسخہ ہی میں آپ ترمیم کر کے دیکھ لیجئے کہ کیا انجام ہوتا ہے، کیا حکیم اور کیا اس کا نسخہ؟ لیکن چار۴ چیزیں دی تھیں، ہر دوا جو اس میں تھی، ہر جز جو تھا وہ کسی مصلحت سے تھا اب آپ نے اس میں کتر بیونت شروع کر دی اور کہا چار۴ چار۴ چیزیں کیا کریں، بس دو ہی چیزیں کافی ہیں، اب کہتے ہیں کہ صاحب نزلہ نہیں گیا، پیٹ کا درد نہیں گیا، تو حکیم کے نسخہ میں ترمیم کرنے سے تو آپ کو یہ نقصان پہنچتا ہے اور کوئی عقلمند آدمی نہیں کرتا اور اللہ کے رسول ﷺ کے بتائے ہوئے نسخہ میں ترمیم صاحب عقائد لیں گے، عبادات سے مطلب نہیں، عبادات لیں گے، عقائد سے مطلب نہیں، عقیدہ اور عبادت کا حال یہ ہے کہ

کرے غیر گر بت کی پوجا تو کافر
جو ٹھہرائے بیٹا خدا کا تو کافر
جھکے آگ پر بہر سجدہ تو کافر
کواکب میں مانے کرشمہ تو کافر
مگر مومنوں پر کشادہ ہیں راہیں
پرستش کریں شوق سے جس کی چاہیں

وظیفے جتنے چاہو پڑھوا لو، لیکن اگر یہ کہو کہ نہیں اس میں شرک ہے، یہ بدعت ہے، یہ خلاف شریعت ہے، تو آپ کو اس سے مطلب نہیں یہ شریعت پر چلنا ہے، اس کا نام اطاعت ہے؟ یہی تو یہودیوں نے کیا تھا، اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے اہل کتاب تمہارا کام نہیں چلے گا جب تک کہ تم پوری کتاب پر نہ چلو، سورۂ مائدہ میں دیکھئے، فرمایا کہ نہیں، تمہیں پوری کتاب

پر عمل کرنا ہے، تمہیں پورے دین پر چلنا ہے، جب جا کر کام بنے گا، تو میں یہ کہہ رہا ہوں کہ دین کی قدر تو آئے گی آخرت میں اس کو تو کوئی بیان ہی نہیں کر سکتا، دنیا میں بھی اس کا مزہ دیکھئے۔

## ہم نے اپنی زندگی سے لوگوں کو اسلام سے روکا:

آج ہم مسلمانوں کی زندگی اگر اسلامی ہوتی تو یہ ملک اسلام سے اتنا ناآشنا ہوتا؟ یہ اسلام سے اتنا متنفر ہوتا؟ ہرگز نہ ہوتا، مگر لوگ کہتے ہیں کہ تمہاری ہی زندگی مسلمانوں کی نہیں، تمہارے گھر جو نااتفاقیاں ہیں، جو مقدمہ بازیاں ہیں، وہ ان سے زیادہ ہیں، ہم جتنی ناسمجھی کرتے ہیں، اور جتنے عقل کے خلاف کام کرتے ہیں، وہ نہیں کرتے، ہم جتنے سست ہیں، غافل ہیں بے کار ہیں، وہ نہیں ہیں، ہم جتنے جاہل ہیں، بے پڑھے ہیں، وہ نہیں ہیں، تو کیا کشش ہو کہ وہ اسلام کی طرف راغب ہوں، جہاں کہیں کوئی بستی ایک نمونہ کی بستی بن جاتی تھی، وہاں دیکھ لیجئے، اسلام کس طرح پھیلتا تھا، انڈونیشیا میں کیا ہوا؟ یہ جو آپ سنتے ہیں کہ مسلمان اکثریت میں ہیں، یہ صورت کیا ہمیشہ سے تھی؟ یہ تو بحر ہند کے جزیرے ہیں۔ عرب سے ان کا کوئی تعلق نہیں تھا، اور جزیرے کی طرح جزیرے ہیں، تو یہ تو یہ سینکڑوں، ہزاروں جزیرے ہیں، جن کے مجموعہ کا نام انڈونیشیا ہے، اور وہاں اسلام ایسا پھیلا کہ تھوڑے سے وہاں غیر مسلم ہیں، باقی سب مسلمان ہیں، وجہ کیا؟ وہاں جو عرب تاجر گئے، دکان کھول لی، وہاں بیٹھ گئے، ان کی صورت و سیرت دیکھ کر، ان کے اخلاق دیکھ کر، ان کی ایمانداری دیکھ کر، ان کی اللہ کے یہاں مقبولیت دیکھ کر اور ان کی دعاؤں کی مقبولیت دیکھ کر، ملک کا ملک مسلمان ہو گیا، عرب تاجر اور عرب صوفی، اللہ کا نام سکھانے والے دو ہی طبقے ہیں، جنہوں نے ہر جگہ اسلام پھیلایا ہے...... وہاں انڈونیشیا میں، ملیشیا میں اور یہاں ہندوستان میں انہی دو طبقوں نے اشاعت اسلام کا کام کیا، خود مشرقی بنگال جو ہندوستان کا بالکل مشرقی حصہ ہے، انہیں لوگوں کی کمائی ہے

## احکام شریعت پر عمل نہ کرنے کی نحوست:

یہ بھی شرفاء کی ایک بستی ہے یہ بھی سمجھ دار لوگوں کی اور تعلیم یافتہ لوگوں کی ایک بستی ہے،

اور بھی ہر طرح کے لوگ ہیں، دین پر پورا عمل تو بہت بڑی بات ہے، اللہ نصیب کرے لیکن دین پر عمل کرنے کی سنجیدہ کوشش کریں، ایمانداری کے ساتھ دین کے تمام شعبوں پر، ہم نے اچھے اچھے گھروں میں دیکھا ہے، سب کچھ ہے لیکن ترکہ تقسیم نہیں ہوتا شرعی طریقہ پر، نتیجہ یہ ہے کہ فساد کا ایسا بیج بودیا گیا ہے کہ پشتوں تک وہ ختم نہیں ہوتا۔

بس بھائیو! یہی کہنا ہے کہ اصل تو اس دین کا فائدہ اور اس دین کی برکت تو ظاہر ہوگی مرنے کے بعد، آنکھ بند ہوئی اور پتہ چل گیا کہ نماز کیا دلا رہی ہے اور کلمہ کیا دلا رہا ہے، اور کہاں ہو تم، اللہ نصیب کرے ہر مسلمان کو، ہم کو اور آپ کو خاص طور پر، لیکن اس دنیا میں بھی اس شریعت کی برکت ظاہر ہو کر رہتی ہے۔

## عقائد اور اعمال کی تاثیر اور معاصی کے نتائج واثرات:

جب اللہ تعالیٰ نے سنکھیا میں اثر رکھا ہے ہزاروں برس سے، آج بھی کوئی سنکھیا کھائے، صاحب پرانی باتیں ہیں، کسی نے لکھ دیا ہوگا، سنکھیا کو بہت عرصہ ہوگیا اب کہاں کوئی سنکھیا سے مرتا ہے، کوئی تجربہ کر کے دیکھے اس کا تجربہ تو کوئی نہیں کرے گا، میں کہتا ہوں کہ گل بنفشہ اور برگ گاؤزباں اور عناب ولائتی سینکڑوں برس سے یہ بتایا جاتا ہے کہ گل بنفشہ کی یہ تاثیر ہے، اور برگ گاؤزباں کی یہ، اور خطمی کی یہ، اور خبازی کی یہ اور فلاں کی یہ اور آج تک اس میں تاثیر موجود ہے اور جب ان دواؤں میں یہ تاثیر سینکڑوں ہزاروں برس سے چلی آرہی ہے، طب یونانی کب تھی، یونان کہاں تھا؟ کب تھا؟ یہ حضرت مسیح علیہ السلام سے بھی پہلے کا زمانہ ہے، یونان کے عروج کا زمانہ، حضرت مسیح کو دو ہزار برس کے قریب ہوگئے، تو حضرت عیسیٰ سے بھی معلوم نہیں کتنے سو برس پہلے یونان کا عروج ہوا ہے، اس وقت ان لوگوں نے یہ خاصیتیں دریافت کی تھیں دواؤں کی، ہمارے یہاں طب یونانی چلی آرہی ہے، بعد میں عربوں نے اس میں بڑا اضافہ کیا، مگر اس کی اصل جو ہے وہ یونانی ہے، تو یونانی حکماء جو کہیں وہ تو آج تک پورا ہو، اور اللہ کے رسول ﷺ جو کہیں، اور ابھی جن کو زمانہ بھی اتنا نہیں گزرا اور اس میں ہم کو شک ہو، یہ کیسا ایمان ہے؟ کہاں کا ایمان ہے؟ کہ گل بنفشہ کے اثر پر تو تمہیں ایمان ہے اور اللہ کے رسول ﷺ کا کہنا کہ "**سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم**" جو ہے "**کلمتان خفیفتان**

**علی اللسان ثقیلتان فی المیزان حبیبتان الی الرحمٰن** "یہ زبان پر ہلکے اور اللہ کی ترازو میں بھاری اور اللہ کو بہت محبوب ہیں یہ۔" **سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم**" اس پر ہمیں اعتماد نہیں؟ ترک تقسیم کرنے سے یہ برکت ہوتی ہے، ہمارا اس پر عقیدہ نہیں گناہ میں یہ یہ خاصیت ہے، بعض گناہ ایسے ہیں جن سے وبائیں پیدا ہوتی ہیں، بعض گناہ ایسے ہیں جن سے رزق میں برکت اٹھ جاتی ہے، بعض گناہ ایسے ہیں ان سے موتیں جلدی ہونے لگتی ہیں، زندگیاں کم ہوتی ہیں۔ حضرت تھانوی قدس سرہٗ کا رسالہ دیکھئے "**جزاء الاعمال**" اس میں دیکھئے کہ کن کن اعمال پر کیا اثرات شریعت کی طرف سے بتائے گئے ہیں کہ اس کی یہ نحوست، اس کی یہ نحوست آج دیکھ رہے ہیں، ہم دنیا میں، اس پر ہمارا ایمان ہے جس خطہ زمین پر، جس زمانہ میں، جتنی دیر کے لئے، جتنے وقت کے لئے شریعت پر عمل ہوا کھلی ہوئی برکتیں خدا کی نظر آئیں، اس کے خلاف۔

وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ۔ (النساء۔ ۱۱۵)

(ترجمہ) اور جو شخص سیدھا راستہ معلوم ہونے کے بعد پیغمبر کی مخالفت کرے اور مومنوں کی رستے کے سوا اور رستہ پر چلے تو جدھر وہ چلتا ہے ہم اسے ادھر ہی چلنے دیں گے اور (قیامت) کے دن جہنم میں داخل کریں گے۔

جو اس کے خلاف کرے گا وہ دیکھ لے گا چاہے سو ۱۰۰ سرکار ہو جائے اور سر کاٹ کر رکھ دے اور ساری دنیا کے سامنے ناک رگڑے، تب بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے نہ عزت ملے گی، نہ راحت ملے گی نہ سکون، مسلمان کے لئے ایک ہی راستہ ہے اور وہ دین و شریعت کا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# ایک چونکا دینے والی آیت

ذیل میں ہم حضرت مولانا سید ابوالحسن علی حسنی ندوی مدظلہٗ کی وہ تقریر پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں جو مولانا نے ۲۷ نومبر ۸۸ء کو سفر حجاز کے موقع پر جدہ میں ان ہندوستانیوں پاکستانیوں کے سامنے فرمائی تھی جو وہاں برسرروزگار ہیں اور عرصہ سے وہاں رہ رہے ہیں۔

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سید الانبیاء والمرسلین وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین . امابعد. فاعوذباللہ من الشیطان الرجیم O یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِی السِّلْمِ كَآفَّةً ، وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ ، فَاِنْ زَلَلْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْكُمُ الْبَیِّنٰتُ فَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ"

میرے بھائیو! اور میرے دوستو! میں نے آپ کے سامنے قرآن کریم کی ایک آیت پڑھی ہے اس کا ترجمہ یہ ہے۔

اے ایمان والو! داخل ہو جاؤ اسلام میں پورے کے پورے اور شیطان کے نقشہائے قدم کی پیروی نہ کرو۔ وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔ اگر تم سے لغزش ہوئی صاف صاف باتیں آ جانے کے بعد تو یاد رکھو کہ خدائے تعالیٰ غالب اور حکیم ہے۔

حضرات: یہ آیت بڑی چونکا دینے والی ہے، اللہ سے جنگ کا کیا مطلب ہے۔ کیا اسکا کوئی امکان ہے۔ کیا اس کا کوئی تصور کر سکتا ہے، بھلا اللہ سے بندہ جنگ کر سکتا ہے۔ لیکن قرآن میں لفظ یہی استعمال کیا گیا ہے۔ جس سے ہمارے کان کھڑے ہو جانے چاہئیں بلکہ

جسم لرز جانے چاہئیں۔ کہ اللہ تعالیٰ جو مالک الملک، خالق کائنات، قادر مطلق اور محسن و منعم ہے وہ اپنے بندوں سے کہے کہ اے ایمان والو صلح میں داخل ہو جاؤ، پورے کے پورے، ہم سے جنگ، محاذ آرائی اور مقابلہ کی کوئی گنجائش نہیں ہونی چاہئے!

بظاہر ذہن میں یہ بات آتی ہے کہ " فی السلم" کے بجائے " فی الا سلام" کہا جاتا یعنی اسلام میں داخل ہو جاؤ۔ مگر نہیں یہاں سلم میں داخل ہونے کو کہا گیا یعنی خدا کے ساتھ تمہارا معاملہ فرمانبردارانہ مصالحانہ مطیعانہ اور مکمل ہونا چاہئے۔ عقائد میں بھی، فرائض و عبادات میں بھی، طرز معاشرت اور طریقہ زندگی میں بھی، تمہیں اللہ کی تعلیمات اور سید المرسلین خاتم النبیین ﷺ کے لائے ہوئے اور بتائے ہوئے احکام کا پابند ہونا چاہئے اور تعلقات میں بھی اس کا لحاظ رکھنا چاہئے۔ کہ اللہ کے دشمن سے وفاداری اور اطاعت و فرمانبرداری کا تعلق نہ ہو۔'' اسلام'' کا لفظ ''سلم'' ہی سے نکلا ہے، عربی زبان ولغت کے لحاظ سے ''اسلام'' کے معنی ہیں اپنے کو حوالہ کر دیا، سلنڈر کر دیا۔ اپنی ہر چیز سے دستبردار ہو گیا۔ اپنی ملکیت سے، خواہش، مصالح و مفادات سے فوائد ضرر میں فرق کے لحاظ سے اور احساس سے دستبر ہو گیا، اپنے کو خدا کے احکام کے قدموں میں ڈال دیا اور اپنے کو بالکل سپرد کر دیا۔ اور سلم کے معنی صلح کے ہیں۔ قرآن میں دوسری جگہ آیا" وان جنحوا للسلم فاجنح لها" اگر یہ لوگ صلح کے طرف مائل ہوں تو آپ بھی صلح کی طرف مائل ہو جائیے۔" اسالم من سالم واحارب من حارب " مصالحانہ رویہ اختیار کرتا ہوں، اس کے لئے جو مجھ سے مصالحانہ رویہ اپنائے اور مقابلانہ و محاربانہ رویہ اختیار کرتا ہوں، اس کے لئے جو جنگ کرے اور اسی طرح اللہ تعالیٰ نے دیگر مقامات پر اپنے لئے ایسے پر جلال اور باعظمت الفاظ استعمال کئے ہیں جو لرزا دینے والے اور تھرا دینے والے ہیں مثلاً سود کے بارے میں آیا۔

''يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰوٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ''

(ترجمہ) اگر تم نے سود نہیں چھوڑا تو تیار ہو جاؤ اللہ سے لڑنے کے لئے، جنگ کرنے کے لئے۔ اور اسی طرح حدیث میں آیا ہے۔ من آذی لی ولیا فقد آذنته بالحرب۔ میرے کسی دوست اور مقبول بندے کو جو ستائے گا ایذا پہنچائے گا تو

میں نے اس کے لئے اعلان جنگ کر دیا؟

تو بظاہر یہ دور اور بہت دور کی بات معلوم ہوتی ہے کہ وہ کون سا شامت زدہ اور بدنصیب ہوگا جو خدا سے جنگ کی ٹھانے گا جو خدا سے برسر مقابلہ ہوگا۔ لیکن انسانوں کی نفسیات، انسانوں کی زندگی کے تجربات، اللہ ورسول کی تعلیمات کے مقابلہ میں طرز عمل اور ان کے کردار کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ایسا ہو سکتا ہے۔

اس کا امکان ہے کہ ایک آدمی اسلام کا دعویٰ بھی کرے، اللہ کا بندہ ہونے کا دعویٰ اور اعتراف کرے۔ اور پھر بعض چیزوں میں اللہ تعالیٰ سے (معاذ اللہ سو بار معاذ اللہ) برسر جنگ ہو یعنی کچھ مانے اور کچھ نہ مانے اللہ کے یہاں رزرویشن اور تحفظ کے ساتھ اور اپنی مرضی کو دخل دیتے ہوئے کوئی بندگی کا تعلق قائم کرے کہ اچھا صاحب، ہم عقائد کو تو مانتے ہیں، بے شک توحید برحق، معاد اور آخرت کا عقیدہ برحق، حساب و کتاب برحق، لیکن معاشرہ میں، تہذیب میں، اپنی گھریلو زندگی میں، اپنے عزیزوں کے ساتھ تعلقات میں، لین دین میں، کاروبار میں، تجارتی معاملات میں ہم آزاد ہیں۔ تو اللہ تعالیٰ اس کو قبول کرنے کے لئے تیار نہیں ہے، یہ آیت اسی لئے نازل ہوئی ہے۔ اور یہ آیت گویا تازیانہ عبرت ہے۔ ایک بہت بڑے خطرے کا اعلان ہے کہ خدا فرماتا ہے، اے وہ لوگو جن کو ایمان لانے کا دعویٰ ہے۔ ادخلوا فی السلم کافۃ اللہ کے ساتھ پورے طور پر صلح میں داخل ہو جاؤ، یہاں یہ نہیں چلے گا کہ اتنا ہم مانتے ہیں اتنا ہم نہیں مانتے ہیں۔ میٹھا میٹھا تو ہپ ہے کڑوا کڑوا تھو، یہ نہیں آپ یہی دیکھ لیجئے کہ مسجد میں داخل ہوتا ہے آدمی تو اپنے پورے جسم کے ساتھ داخل ہو جاتا ہے کوئی کہنے لگے کہ صاحب! ہم تو پورے جسم کے ساتھ نہیں آتے، پاؤں رکھتے ہیں مسجد میں، اور بدن رکھتے ہیں باہر، ہم اپنا سر جھکا دیتے ہیں مگر ہمارا بقیہ جسم باہر رہے گا، یا کوئی نماز کے بارے میں کہے کہ قیام تو سر آنکھوں پر، سو بار قیام کرا لیجئے لیکن جھکنا مشکل ہے رکوع اور سجود سے ہمیں معاف رکھئے۔ اس میں ہمیں انسانیت کی توہین معلوم ہوتی ہے۔ ہمیں اپنی شکست کا احساس ہوتا ہے۔ ہمیں اپنی خودی سے دستبردار ہونا پڑتا ہے۔ تو دوستو! ایسی عبادت نماز کہلانے کی مستحق نہیں، بلکہ یہ کفر کا ایک کلمہ اور کفر کا ایک رویہ ہوگا۔

آپ مجھے معاف کریں، معلوم نہیں کہ آپ کیا توقع رکھتے ہوں گے کہ میں آپ کو

خوشخبریاں دوں، بزرگوں کے واقعات سناؤں اور ایسی چیزیں سناؤں کہ آپ یہاں سے اور زیادہ مطمئن ہوکر جائیں۔ ہم مسلمانوں کی کمزوری یہ ہے کہ ہم اطمینان چاہتے ہیں۔ اپنی زندگی کی تصدیق چاہتے ہیں کہ ہماری زندگی پر کوئی مہر تصدیق ثبت کردے کہ ہم اس مقدس سرزمین پر ہیں، ہم سے زیادہ کون خوش قسمت ہوگا، ہم یہ سننا چاہتے ہیں کہ مبارک ہو آپ کو اللہ تعالیٰ آپ کو ہمیشہ یہاں رہنا نصیب فرمائے۔ آپ بڑے خوش نصیب ہیں لاکھوں اولیا اللہ اس کی تمنا کرتے تھے کہ اللہ ہمیں ارض مقدس تک پہنچادے ایک اپنے زمانے کے امام الاولیا مجاہد اعظم اور مجدد وقت جس کے ہاتھ پر ۴۰ ہزار لوگ مسلمان ہوئے۔ اور جس کے ہاتھ پر براہ راست بیعت وتوبہ کرنے والوں کی تعداد تین لاکھ سے کم نہیں اور بالواسطہ سلسلہ بیعت میں داخل ہونے والوں کی تعداد تو کروڑوں بیان کی جاتی ہے۔ اس زمانے کے بڑے مبصر، بڑی مصنف، اور صاحب نظر عالم نے یہ لکھا ہے کہ دوسرے ملکوں میں ایسا (۱) صاحب کمال اور صاحب تاثیر سنا نہیں گیا وہ شخص جس کی وجہ سے ہزاروں کو ولایت ملی ہو تو تعجب نہیں۔ ان کا حال یہ تھا کہ جب وہ آرہے تھے حج کے لئے پہلی بار (اس زمانے میں حج کرنا بڑا مشکل تھا۔ بادبانی جہاز ہوتے تھے) تو ایک جگہ پر کسی نے کہا کہ وہ رہا جزیرۃ العرب، وہ کھجور کا درخت نظر آرہا ہے۔ (خدا جانے وہ جزیرۃ العرب کا کون سا حصہ تھا اور جس کی وجہ سے جزیرۃ العرب محبوب ومکرم ہے اس جگہ سے وہ کتنی دور تھی) تو وہ تاب نہ لاسکے وضو سے تھے، سجدے میں گر گئے دو رکعت نماز پڑھی اور فرمایا اللہ کا شکر ہے کہ اس نے مرنے سے پہلے ہمیں یہ سرزمین دکھا دی۔ اسی طرح بہت سے عابدین وزاہدین یہ تمنا لے کر دنیا سے رخصت ہوگئے کہ ہمیں اس جگہ پہنچنا نصیب ہو تو ہم اپنی پلکوں سے وہ زمین جھاڑیں گے، اپنے آنسوؤں سے وہ خاک دھوئیں گے تو آپ کہیں گے کہ ہم اس سرزمین میں ہیں۔ اس لئے ہمیں خوشخبری سنایئے، ہمیں مبارک باد دیجئے اور دعائیں دیجئے کہ ہم یہاں رہیں پھر کیا بات ہے؟ یہ بے وقت کی شہنائی کیسی؟ ایسی سخت آیت ہمارے سامنے پڑھی گئی جس میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے، اے ایمان والو! ہمارا معاملہ کسی دنیاوی حاکم و بادشاہ کا نہیں ہے کہ تھوڑا دے دیا تھوڑا سا ٹیکس ادا کردیا اس کی

---

(۱) اشارہ ہے حضرت سید احمد شہید کی طرف المتوفی ۱۲۴۶ھ بمطابق ۱۸۳۱ء۔

تھوڑی سی بادشاہت مان لی۔ اس کی بڑائی تسلیم کرلی تو خوش! اور آپ کے سب کے گناہ معاف، ہماری ذات تو غنی ہے۔ ہم قوی ہیں۔ ہم عزیز ہیں، ہم غالب ہیں، ہم اس دنیا کے پیدا کرنے والے ہیں۔ ہم قسمتوں کے مالک ہیں ہم تقدیر کے بنانے بگاڑنے والے ہیں۔ ہم قسمتوں کے مالک ہیں ہم تقدیر کے بنانے بگاڑنے والے ہیں۔ ہم بیماری اور صحت دینے والے ہیں۔ ''قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ'' اے اللہ اے سلطنت کے مالک تیرے اختیار میں ہے تو جسے کو چاہے سلطنت سے نوازے اور جس سے چاہے آن کی آن میں پلک جھپکانے میں سلطنت چھین لے۔ اور تاریخ بتاتی ہے کہ ہزاروں برس کی شہنشاہیت جن کا ڈنکا بج رہا تھا۔ جن کا طوطی بول رہا تھا۔ جن کے والیان سلطنت کی ایک نگاہ پڑ جانا سمجھا جاتا تھا۔ گویا ''ھما'' اس کے سر پر بیٹھ گئی اور وہ جس کے سر پر سے ہو کر اڑ گئی۔ اس کی تقدیر بدل جاتی تھی۔ مٹی پر ہاتھ رکھ دیں تو سونا ہو جائے پلک جھپکانے میں اللہ نے ان کی سلطنتوں کا آفتاب غروب کر دیا اور ایسا غروب کیا کہ اس کے بعد کبھی طلوع نہیں ہوا۔ رومۃ الکبریٰ کی تاریخ بتاتی ہے گبن (Gibbon) کی کتاب ڈکلائن اینڈ فال آف دی رومن امپائر (Decline and fall of the Roman Empire) آپ پڑھ لیجئے کہ وہ کیا سلطنت تھی، کیا شہنشاہیت تھی۔ کس طرح اس کو زوال ہوا، ساسانی کی سلطنت کی تاریخ پڑھ لیجئے کہ کیسا اس کا ڈنکا بجتا تھا۔ اس کا درفش کاویانی اور اس کی آتش مقدس، ہندوستان کی سرحدوں تک اس کی سلطنت پہنچی ہوئی تھی اس کے بارے میں ارشاد ہوتا ہے '' جعلنا هم احاديث و مزقنا هم كل ممزق'' ہم نے اس کو افسانہ پارینہ بنا دیا اور ان کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے وہ اللہ کہتا ہے کہ صرف اتنا کافی نہیں کہ آپ نماز پڑھ لیجئے، آپ ایک سجدہ کر لیجئے۔ ایک مرتبہ اللہ کا نام لے لیجئے اور اب آپ سے کچھ نہیں پوچھا جائے گا، نہیں ہماری غلامی میں پورے طور پر داخل ہونا پڑے گا، رزرویشن یہاں نہیں ہے، یہ نہیں کہ اتنا ہمارا، اتنا آپ کا یہاں تو سب ہمارا تمہاری دولت، ہماری عزت، صحت ہماری، تمہارا بدن ہمارا، تمہارا سر ہمارا تمہارا دین وایمان ہمارا تمہاری وفاداریاں ہماری۔ گویا ساری کی ساری ہمارا حق ہیں۔ کسی کا حق نہیں ہے۔ ہم جس کی اجازت دے دیں اتنی تم کسی کی اطاعت کرو، ورنہ اصل

اطاعت ہماری ہے۔

یہ بڑی چونکا دینے والی آیت ہے جو ہم نے آپ کے سامنے پڑھی۔ معلوم نہیں کہ پھر کبھی ملنا ہو کہ نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ عین وقت پر یا کچھ پہلے ذہن میں ڈالتا ہے وہی میں کچھ کہہ سکتا ہوں، یہ آیت میرے ذہن میں آئی ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِي السِّلْمِ كَآفَّةً"

داخل ہو جاؤ صلح میں پورے کے پورے۔ ''کافۃ'' کا تعلق دونوں سے ہے، یعنی سارے احکام کو مانو، اور تم سب مانو۔ ایک نے مانا اور دوسرے نے نہیں۔ اور ایک کو مانا دوسرے کو نہ مانا، یہ نہیں ہو سکتا۔ بلکہ یہ سب ہمارا ہے۔ ہمیں دے دو، سب ہمارے حوالہ کر دو، عقائد وہ ہوں جو اللہ اور اس کے رسول نے بتائے ہیں۔ اس میں ذرہ برابر فرق نہ ہو۔ کائنات میں کسی اور کا حکم چلے ایسا نہیں۔ ''الا لہ الخلق و الامر'' یاد رکھو اس کا کام ہے پیدا کرنا، اور اسی کا کام ہے حکم دینا، وہی پیدا کرتا ہے وہی صحت دیتا ہے، وہی رزق دیتا ہے وہی طاقت دیتا ہے وہی دولت دیتا ہے، وہی عزت دیتا ہے، وہی بیمار کرتا ہے وہی شفا دیتا ہے۔ وہی اولاد کا دینے والا ہے۔ وہی قسمت کا بنانے بگاڑنے والا ہے، اللہ کے متعلق یہ عقیدہ پورا کا پورا ہو کہ اس کی سلطنت میں اس کے اختیارات میں کوئی بڑی ہستی بھی شریک نہیں ہے نہ انبیاء شریک ہیں نہ اولیاء۔ اللہ تعالیٰ کو سمجھ کہ وہ قادر مطلق ہے اس کے یہاں کسی کی سفارش نہیں چلتی، اسی طرح اللہ کے رسول ﷺ کو مطاع مطلق مانو، قرآن مجید میں ہے کہ جو لوگ اللہ کے رسول ﷺ کی کچھ بات مانتے ہیں کچھ نہیں مانتے وہ رسول ﷺ کے مطیع نہیں ہیں۔

مَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ.

کہ کسی مسلمان کو یہ اجازت نہیں کہ جب اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا کوئی حکم شرعی معلوم ہو جائے تو اس کا کوئی اختیار باقی رہ جائے اور یہ کہے کہ ہمیں ذرا سوچنے اور غور کرنے کا موقع دیجئے۔ فوراً ہم جواب نہیں دے سکتے کہ ہم ضرور مانیں گے نہیں جب معلوم ہو جائے کہ یہ اللہ کے رسول ﷺ کا منشا اور فرمان ناطق ہے۔ یہ ان کا قول ہے صحیح طریقہ سے ہم تک پہنچا ہے تو انسان کا اختیار اور آزادی ختم، اب تو وہی کرنا ہوگا جو اللہ کے رسول ﷺ کہتے ہیں۔

آپ مجھے معاف کریں، میں تو ایک اڑتی چڑیا ہوں آیا اور اس شجرۂ طور پر بیٹھ گیا اور اڑ گیا کل ہی یہاں سے خدا کو منظور ہوا تو اڑ جاؤں گا۔ آپ مجھے یہ نہ سمجھئے کہ میں جاسوسی کرتا ہوں یا میں یہاں آ کر عیب ڈھونڈھتا ہوں، میں یہاں کے مسلمانوں کے حالات سے واقف ہوں اور زندگی کا جو دھارا بہہ رہا ہے میں اس سے کچھ دور نہیں ہوں، اس لئے میں دیکھتا ہوں کہ عقائد درست ہیں، نمازوں کی پابندی ہے فرائض کی پابندی ہے، لیکن معاشرہ بالکل بگڑا ہوا ہے گھر کی زندگی بالکل اسلام سے بدلی ہوئی ہے۔ وہاں تعیّشات کی باتیں ہیں۔ وہاں اسراف ہے۔ حقوق کی پامالی ہے، وہاں بے محل خرچ کرنا ہے۔ اس میں تفریحات کا سامان ہے۔ وہاں ویڈیو ہے جو دن رات کا مشغلہ ہے مسجد میں ہم مسلمان، وہاں کوئی کچھ نہیں کہہ سکتا لیکن دوستو! مسلمان صرف مسجد میں نہیں ہوتا، مسلمان تو روئے زمین کے کسی چپے پر ہو، بر و بحر میں ہو اور اگر کبھی خدا چاند پر پہنچا دے (اور اس نے پہنچایا ہے انسانوں کو اپنے دیئے ہوئے علم و طاقت کے ذریعے) وہاں بھی وہ عبد ہے خدا کا بندہ ہے۔ یہاں تک کہ تمام علمائے امت کا اتفاق ہے کہ اس پر تکلیف ساقط نہیں ہوتی۔ پیغمبروں سے بھی تکلیف ساقط نہیں ہوتی اور تکلیف کا مطلب کیا ہے شرعی پابندیاں۔ اور قرآن کی آیت **واعبد ربک حتی یاتیک الیقین** کی تفسیر تمام مفسرین نے یہی لکھی ہے۔ کہ اپنے رب کی بندگی کرتے رہو۔ جب تک کہ وفات کا وقت نہ آ جائے، چنانچہ حضور ﷺ وفات کے وقت تک نمازوں کی ویسی ہی پابندی کرتے رہے پوچھتے رہے کہ کیا لوگوں نے نماز پڑھ لی، کہا گیا نہیں، یا رسول اللہ! آپ کا انتظار ہے۔ فرمایا پانی لاؤ، غسل فرمایا، مگر چلنے کی طاقت نہیں تھی دو دو مرتبہ، تین تین مرتبہ غسل آپ ﷺ نے فرمایا۔ تیاری نہیں ہو سکی تو فرمایا: **مروا ابابکر فلیصل باالناس** ابوبکرؓ سے کہو کہ نماز پڑھائیں۔ پھر آپ ﷺ نے بھی نماز پڑھی، اس وقت آپ کا مسواک کرنا ثابت ہے، آپ کا وصیت کرنا ثابت، آپ کا امت کو ہدایت دینا ثابت ہے، یہاں تک کہ **اللھم رفیق الا علی** . **اللھم رفیق الا علی** کہتے ہوئی دنیا سے تشریف لے گئے۔

اور آج ہم مسلمانوں کی حالت یہ ہے کہ اگر عقائد درست ہیں تو عبادات میں خلل ہے اور اگر عقائد و عبادات دونوں درست ہیں تو اخلاق و معاملات میں بڑی بڑی خندقیں ہیں۔ یعنی رخنے نہیں، شگاف نہیں خندقیں ہیں۔ کھائیاں ہیں پوری پوری خلیج۔ میں نے شارقہ میں

تقریر کرتے ہوئے کہا کہ آپ لوگ جتنا خلیج سے واقف ہیں شاید دنیا کے کم لوگ واقف ہوں گے۔ آپ خلیج کے رہنے والے ہیں۔ مگر آپ ایک ہی خلیج کو جانتے ہیں اور یہ وہ خلیج ہے جو "جزیرۃ العرب" کو ایران سے الگ کرتی ہے۔ بیچ میں پانی ہے۔ میں آپ کو اس سے بھیانک خلیج کی خبر دیتا ہوں۔ وہ خلیج جو اسلام اور مسلمانوں کے درمیان پڑی ہوئی ہے۔ اسلام اور مسلمانوں کے درمیان کئی کئی خلیجیں ہیں۔ عقائد اور عبادات میں خلیج، کتنے لوگ ہیں جو مسلمان ہیں، کلمہ پڑھتے ہیں، لیکن نماز سے ان کو کوئی غرض نہیں، اور بہت سے ہیں جن کے عقائد وعبادات دونوں درست ہیں۔ لیکن اخلاق و معاملات کو وہ فہرست سے بالکل خارج سمجھتے ہیں۔

جھوٹ بولتے ہیں۔ بے ایمانی کرتے ہیں۔ ناپ تول میں کمی کرتے ہیں۔ ملاوٹ کرتے ہیں۔ جھوٹی قسمیں کھا کر اپنی تجارت کو چمکاتے ہیں۔ کسی کے حق کو ہضم کر لیتے ہیں۔ مگر ان کو کوئی باک نہیں ہوتا کیونکہ وہ ان سب باتوں کو دین سے خارج سمجھتے ہیں، اور کتنے لوگ ہیں جو اپنے ماں باپ کے حق کو گھر والوں کے حقوق کو پامال کر رہے ہیں۔ پڑوسیوں سے ان کو کوئی مطلب نہیں کتنے ہیں جن کی بان میں نہ سچائی ہے نہ راستی وصداقت ہے نہ حلاوت وشیرینی ہے۔

ان کے آس پاس کے لوگ شاکی ہیں، اور شاکی نہیں تو کم از کم شکر گزار نہیں ہیں۔ پھر اس کے بعد کتنے ہیں جن کے نزدیک تعلقات میں سیاسیات میں خدا کے دوست اور دشمن میں، کوئی فرق نہیں ہے۔ ان کے نزدیک صالح اور فاسد میں کوئی فرق نہیں۔ ان کے نزدیک دیندار اور بے دین میں کوئی فرق نہیں، حالانکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔" وَلَا تَرْكَنُوٓا إِلَى ٱلَّذِينَ ظَلَمُوا فَتَمَسَّكُمُ ٱلنَّارُ " یہاں "رکون" کا لفظ آیا ہے، ان کا ساتھ دینا اور حمایت کرنا تو بڑے دور کی بات ہے۔ ان کی طرف تمہارا جھکاؤ اور میلان بھی نہ ہو جنھوں نے ظلم کا شیوہ اختیار کر رکھا ہے، جنھوں نے حد سے تجاوز کیا ہے، جن کے اندر بے اعتدالی پائی جاتی ہے۔ جن کی اندر حقوق کی پامالی پائی جاتی ہے، جن کے دلوں میں خدا کا خوف نہیں ہے۔ جو دنیا ہی کو سب کچھ سمجھتے ہیں جو دولت کے پرستار ہیں۔ جو اقتدار کے پرستار ہیں۔ جو اپنی بات چلانا جانتے ہیں، یہ سب باتیں ظلموا کے تحت آجاتی ہیں۔ یہ بات وآیت ہم میں سے بہت سے مسلمانوں کے لئے شاید نئی

ہوگی کہ اچھا کہ یہ بات بھی ہے، بہت سخت لفظ ہے" لا تـر کـنوا "یہ نہیں کہا گیا کہ ان کے ہاتھ پر بیعت نہ کرو، یہ نہیں کہا کہ ان کے غلام نہ بن جاؤ بلکہ ادنیٰ جھکاں بھی نہیں ہونا **چاہئے**۔ان کی طرف جنہوں نے ظلم کواپنا شیوہ بنارکھا ہے۔

کتنے مسلمان ہیں جواس کوبھی دین کا کوئی شعبہ سمجھتے ہیں وہ تو کہتے ہیں کہ صاحب! یہ باتیں تو زندگی کی ہیں۔ یہ باتیں تو دین سے باہر ہیں آپ دین کی باتیں کیجئے۔آپ یہ بتایئے کہ فلاں چیز پڑھنے میں کتنا ثواب ہے۔فلاں وظیفہ میں کتنا ثواب ہے۔ذکر وتسبیح کا کوئی طریقہ بتایئے۔کوئی نفل نماز بتایئے، باقی باتوں میں ہم بالکل آزاد ہیں۔ جو ہماری سمجھ میں آئے گا وہ ہم کریں گے۔اس سے بحث نہیں کہ اس کا ساتھ دینے سے دین کا نقصان ہوگا یا دین کا فائدہ ہوگا۔اس کا ساتھ دینے سے دین میں سہولت پیدا ہوگی یا دشواری پیدا ہوگی، ان ساری چیزوں کوہم نے دین کے دائرے سے الگ سمجھ رکھا ہے۔

## احکام اسلام پر ہی چلنا چاہئے

میرے بھائیو! ہم تمام چیزوں میں اللہ کے بندے ہیں، ہمیں احکام اسلام پر چلنا چاہئے اوراسی کے ساتھ ساتھ ہمیں دیگر مسلمانوں کی بھی فکر رکھنی چاہئے۔اسلام کے غلبہ کے لئے ہم دعا کریں، فکر کریں، کوشش کریں، یہ نہیں کہ ہم تو بڑے عابد وزاہد، اپنی ذات سے ہم بڑے دیندار، شریعت کے پابند، لیکن اسلام کس طرف جارہا ہے۔مسلمان کس طرف جارہے ہیں۔ اس وقت اسلام پر کیا گذر رہا ہے؟اور کیا مسائل مسلمانوں کو درپیش ہیں ؟ کن کن ملکوں میں اسلام پرادبار آیا ہوا ہے؟ کن کن ملکوں میں اسلام آزمائش کے درسے گزر رہا ہے۔ اس سے ہمیں کوئی بحث نہیں۔حالانکہ **من لـم يهم بأ مر المسلين فليس منهم**. جن کو مسلمانوں کے معاملات کی فکر نہ ہووہ مسلمان نہیں اور **مثـل الـمسلمين فى توا دهم و تراحـمهـم وتعا طفهم كمثل الجسد الواحد اذا اشتكى منه عضو تدا عى له سائر الـجسد بالسهر والحمى** . سارے مسلمان جسدواحد کی طرح ہیں۔اگر کسی عضوکوتکلیف ہوتو سارے جسم پر بخار چڑھ آئے سارے جسم کواس کی تکلیف محسوس ہو!

یہاں اللہ کا فضل ہے، رزق میں فراخی ہے، اللہ مبارک کرے ہمیں اس پر کوئی رشک

نہیں۔

لیکن آپ کو اپنے ملک کی بھی فکر کرنی چاہئے، اپنے ملک کے اداروں کی بھی فکر کرنی چاہئے۔ ملت اسلامیہ جس کے لئے تڑپ رہی ہے۔ اس کی بھی آپ کو فکر کرنی چاہئے۔ خواجہ معین الدین چشتیؒ نے جس ملک کی فضا کو گرم کیا اس کراہ کی گرمی آج بھی محسوس کی جاسکتی ہے اس برصغیر میں، اس پاکستان وہندوستان میں، جس کے آپ فرزند ہیں۔ اس میں آج بھی اگر اللہ کا کوئی بندہ جائے جس کو خدا نے فہم وادراک عطا فرمایا، ہو، وہ محسوس کرے کہ خواجہ معین الدین چشتیؒ خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ، خواجہ باقی باللہ اور وہ داعیان اسلام جن کی آہوں کی گرمی اب بھی اس کی فضا میں ہے اور زمین میں دیکھا جائے تو ان کی آنکھوں سے نکلی ہوئی تری زمین کی اوپر نہیں تو زمین کے اندر تو نظر آئے گی۔ ان کی وجہ سے اسلام کا درخت آج بھی موجود ہے اگر چہ اس کے سامنے نئے نئے مرحلے پیش آرہے ہیں۔ لیکن اللہ کا شکر ہے کہ اب بھی وہ درخت باقی ہے۔ اس سرزمین کی بھی آپ کو فکر کرنی چاہئے کہ آئندہ نسل مسلمانوں کی اسلام پر قائم رہے گی یا نہیں۔ آپ نے اگر اپنی اولاد کے لئے کوئی منصوبہ بنا رکھا ہے آپ نے ان کے لئے کوئی فضا ساز گار کر رکھی ہے۔ مبارک ہم اس میں کچھ نہیں بولتے۔ کوئی دخل نہیں دیتے، مگر آپ جہاں سے آئے ہیں جہاں سے آپ کے اعزہ ہیں، جہاں آپ کے خاندان کے افراد ہیں۔ جہاں آپ کی پیدائش ہوئی ہے۔ اس سرزمین کو بھی نہیں بھولنا چاہئے۔

## آئندہ نسلوں کی فکر کریں

میں کسی مدرسہ کے چندہ کے لئے نہیں آیا۔ کوئی خدا کا بندہ کچھ کہے گا بھی تو میں اس وقت بالکل توجہ نہیں کروں گا۔ اللہ کا شکر ہے کہ اللہ رازق حقیقی ہے۔ جو آپ کو رزق پہنچاتا ہے یہاں، وہی وہاں بھی رزق پہنچاتا ہے۔ اور اس پر وہ قادر ہے کہ آپ سے زیادہ رزق دے اور اس نے یہ کر کے دکھایا ہے اور سو بار کر کے دکھایا ہے تو میں اس لئے نہیں کہہ رہا ہوں کہ آپ کو کسی ادارے یا کسی تنظیم کی طرف متوجہ کروں۔ لیکن آپ کو وہاں کی ملت اسلامی کی ہم وطنوں کے آئندہ نسلوں کے ایمان کی فکر ہونی چاہئے۔ کہ وہاں کیا کیا خطرے پیدا ہو رہے ہیں کس کس

طرح ان کا ایمان خطرے میں پڑ رہا ہے وہاں کیا کیا پروگرام چل رہے ہیں، رامائن کا سیریل کئی مہینہ تک چلتا رہا۔ خود عینی مشاہدہ کرنے والوں نے مجھ سے پٹنہ میں بتاتے ہوئے کہا کہ ہم نے دیکھا کہ رحل پہ قرآن شریف رکھے ہوئے ہیں، ان میں کچھ کھلے ہوئے ہیں کچھ بند ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ ابھی لڑکے پڑھ رہے تھے۔ ارے بھئی لڑکے کہاں گئے؟ آج جمعہ تو نہیں ہے۔ آج تو اتوار کا دن ہے۔ آخر لڑکے ہیں کہاں؟ تو کسی نے کہا کہ رامائن دیکھنے گئے ہیں۔ یہ اس بہار کے شہر پٹنہ کا واقعہ ہے جس نے ملا محبّ اللہ بہاری جیسے رأس العلماء استاذ العلماء اور امام العلماء پیدا کئے۔ کتنے اولیاء اللہ پیدا کئے؟

تو آپ کو تھوڑی بہت ملک کی فکر ہونی چاہئے۔ اور وہ فکر، میں معاشی و مالی فکر نہیں کہتا۔ آپ کو ذہنی فکر ہونی چاہئے آپ کے دل میں درد ہونا چاہئے کہ آئندہ نسل اسلام پر قائم رہے گی یا نہیں جس سر زمین نے ایسے ایسے مجددین پیدا کئے۔ جن کا فیض ہندوستان ہی نہیں ہندوستان کے باہر تک پہنچا۔ میں تاریخ کے حوالے سے کہہ سکتا ہوں کہ حضرت مجدد الف ثانی کا فیض ترکی تک پہنچا۔ آج بھی ترکی میں ان کے سلسلے کے لوگ موجود ہیں۔ مولانا خالد رومیؒ دہلی کا سفر کر کے گئے۔ انہوں نے اپنا واقعہ لکھا ہے کہ مکہ میں ہندوستان سے آئے ہوئے قافلہ سے میں نے حضرت شاہ غلام علی صاحب کا حال پوچھا دہلی کے لوگ تھے۔ انہوں نے لاعلمی ظاہر کی۔ مجھے تعجب ہوا۔ اتنا بڑا شیخ وقت، مربی روحانی، اس سے یہ لوگ ناواقف ہیں اس کے بعد وہ سفر کر کے دہلی آئے اور پھر حضرت شاہ غلام علی صاحب کی مدح میں انہوں نے عربی و فارسی میں قصیدے کہے۔ مولانا رومی علامہ شامی کے استاد تھے۔ اس لئے ان کا نام سن کر حضرت شاہ عبد العزیز صاحبؒ محدث دہلوی جو اس زمانے کے مسند الہند، استاد العلماء اور امام وقت تھے۔ ان سے ملنے گئے تو حضرت شاہ ابو سعید صاحب (جو شاہ دہلوی کے شاگرد تھے) نے کہا کہ ہمارے شہر کے سب سے بڑے عالم آپ سے ملنے آئے ہیں۔ انہوں نے فرمایا کہ ان سے ہمارا سلام کہنا، میں جس مقصد سے آیا ہوں اس کو پہلے حاصل کر لوں۔ تزکیہ نفس میرا ہو جائے تو میں خود ہی حضرت کی خدمت میں حاضر ہوں گا۔ خیر۔ اس کے بعد جب تکمیل روحانی کرا کر وہ واپس گئے ہیں۔ اپنے ملک کی طرف تو حالت یہ ہوئی کہ عراق میں مور و ملخ کی طرح اور شمع پر پروانوں کی طرح سینکڑوں کی تعداد میں علماء و عوام گرے۔ کہ ہمیں اللہ کا نام

سکھائیے۔ ہمیں نماز پڑھنا بتائیے ہمارے اندر روحانیت پیدا ہو اور احسان کی کیفیت پیدا ہو۔ تو مولانا رومیؒ جو ترکی و شام کے سب سے بڑے عالم تھے۔ وہ نماز پڑھنا سیکھنے کے لئے دہلی گئے، یہ وہ ملک ہے، اس ملک کو فراموش نہیں کرنا چاہئے۔

تو میرے بھائیو! ایک تو یہ کہ دین کے کامل ہونے کا پہلو آپ اپنے ذہن میں رکھیں۔ اس میں عقائد بھی ہیں ایک ایسا عقیدہ ہے جو شرط ہے اسلام کے لئے اس سے انحراف ارتداد کے مترادف ہے۔ عبادات و فرائض کی پابندی کیجئے۔ ایسا نہ ہو کہ آپ یہاں رہیں اس کے باوجود نماز کی پابندی نہ ہو اس سے بڑھ کر بدنصیبی کیا سکتی ہے، پھر اس کے ساتھ؟ آپ کی تہذیب و معاشرت بھی اسلامی ہو یہ نہیں کہ آپ رہیں سرزمین مقدس میں اور آپ کے گھروں میں ہر وقت ٹی وی (TV) چل رہا ہو، نمازوں کے اوقات میں لڑکے وہ دیکھ رہے ہوں۔

## لہو الحدیث کا مطلب

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جیسے صرف نام لینا رہ گیا ہو، وڈیو اور ٹی وی کا۔ قرآن تو عربی زبان میں ہے۔ اس میں انگریزی کا لفظ کیسے آتا۔ عقل کی بات نہیں تھی۔ لیکن قرآن کریم کا اعجاز معلوم ہوتا ہے کہ آج سے چودہ سو سال پہلے جو کتاب نکلی، اگر میں مسجد میں بیٹھ کر کہوں کہ اس میں ٹی وی وڈیو کا ذکر ہے تو میں غلط نہیں کہوں گا۔ اس لئے کہ قرآن میں کہا گیا کہ مــن یشتری لھوا لحدیث جو لوگ عربی کی بلاغت سے واقف ہیں اور اس کی زبان کا صحیح ذوق رکھتے ہیں، اہل زبان کی طرح، اور محض اللہ کے شکر و انعام ہے کہ ہم اس قابل ہوئے، ہمارے استاد عرب تھے۔ ہم نے ساری عربی عربوں سے پڑھی۔ **الحمد للّٰہ**! تو ہم **لھو الحدیث کا** لطف لے رہے ہیں۔ ہمارا عربی کا ذوق لہو الحدیث کے دائرے کی وسعت کو دیکھ رہا ہے۔ میں لفظ کا ترجمہ نہیں کر سکتا۔ حالانکہ میں لکھنؤ کا رہنے والا ہوں، میں اقرار کرتا ہوں کہ میں لہو الحدیث کے ترجمہ کا حق ادا نہیں کر سکتا۔

اس کے معنی ہیں باتوں کا کھیل۔ اب بتائیے ریڈیو اور وڈیو وغیرہ میں کیا ہے، اگر ہوتا کہ بہت سے لوگ جو کھیل کو پسند کرتے ہیں۔ کھیل کو خریدتے ہیں۔ تو اس میں وڈیو اور ٹی وی

نہ آتا۔ مگر باتوں کا کھیل کہا گیا وہ یہ ہے جو میں دعوے سے کہہ سکتا ہوں کہ قرن اول، قرن ثانی، قرن ثالث، قرن رابع اور پانچویں، چھٹی ساتویں، آٹھویں یہاں تک کہ میں کہوں شیخ الاسلام ابن تیمیہ کا ذہن بھی یہاں تک نہیں گیا ہوگا (یعنی ریڈیو اور ٹی وی کی طرف) یہ قرآن کا معجزہ ہے، حدیث کا لہو۔ باتوں کا کھیل، اور وہ کیا ہے یہ وڈیو کا پروگرام، ٹی وی کی بولتی تصویریں، یہ وڈیو یہ ریکاڈ جو سنے جاتے ہیں، سب لہوالحدیث ہیں۔ آج سے چودہ سو برس پہلے جب یہ سب چیزیں ایجاد ہونا تو درکنار کسی نے خواب میں بھی نہیں دیکھا تھا۔ اس وقت کوئی تصور بھی نہیں کرسکتا تھا۔ اس وقت اللہ کی کتاب نے کہہ دیا۔ بہت سے لوگ ہیں جو لہوالحدیث خریدتے ہیں۔

میرے عزیز! آپ کو کم از کم اپنے گھروں کی حفاظت کرنی چاہئے۔ اور یہ سمجھنا چاہئے کہ عقائد میں بھی ہم کو پورا مسلمان ہونا چاہئے۔

عبادات میں پورا مسلمان ہونا چاہئے۔ اور یہاں نہ ہوئے تو ہم کہاں ہوں گے۔ اس کے بعد میں یہاں تک کہتا ہوں (مجھے معاف کریں آپ حضرات) آپ جب چھٹیوں میں کسی زمانے میں ہندوستان اپنے وطن جائیں تو غیر مسلم پہچان جائیں کہ بھائی معلوم ہوتا ہے کہ یہ لوگ ہندوستان میں نہیں اس سے کسی بہتر فضا میں رہ کر آئے ہیں۔ ان کی صورت سے معلوم ہوتا ہے کہ نور ٹپک رہا ہے۔ ان کی باتوں سے شہد ٹپک رہا ہے۔ ان کی نگاہوں سے حرمت اور احترام ٹپک رہا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ عرب سے آئے ہیں۔ یہ ہونا چاہئے، نہ یہ کہ دور سے دیکھ کر آدمی کہے کہ ان کے پاس بڑا قیمتی بریف کیس ہے لگتا ہے عرب سے آئے ہیں اور پیچھے پڑ جائیں لوگ کہ کہیں سے اڑالینا چاہئے اس میں ہزاروں لاکھوں روپے کی رقم ہوگی۔ آپ بریف کیس اور لباس سے نہ پہنچانے جائیں۔ بلکہ آپ پہچانے جائیں اپنی صورتوں سے سجدہ کے نشانوں سے چہرہ کی نورانیت سے، الفاظ کی حلاوت سے، خیر خواہی سے، سنجیدگی ومتانت سے اور تہذیب سے، آپ سے آپ کے گھر والے متاثر ہوں، آپ جتنے دن رہیں اپنے گھروں میں (خدا مبارک کرے) ان دنوں میں ان گھروں کی فضا بدل جائے۔ اگر قرآن کی تلاوت نہیں ہوتی تھی۔ تو ہونے لگی، وہاں اگر بہت سی سنتیں متروک تھیں تو شروع ہوگئیں، وہ لوگ آپ سے شرمائیں اور کہیں کہ بھائی مکّہ کے لوگ آئے ہیں، مدینہ کے لوگ

آئے ہیں، دیکھو! ریڈیو نہیں بجنا چاہئے ٹی وی یہاں نہیں ہونا چاہئے چہ جائے۔ کہ لوگ کہیں (ارے بھائی مکہ مدینہ کے لوگ آئے ہیں وہاں بہت سخت ہوتی ہے ان کو دکھاؤ ان کے زمانے میں تو اور ہونا چاہئے) یہ بڑی بے حرمتی ہے اس جگہ کی، آپ کی وجہ سے وہ چیزیں بند ہو جانی چاہئیں، آپ کے جانے سے ان لوگوں کو شرم آنی چاہئے کہ اب موقع نہیں رہا؟

آپ جب جائیں تو جس طرح روشنی تاریکی کو چیرتی ہے اور چیرتی ہوئی چلی جاتی ہے۔ آپ کی صورتیں وہاں کے بحرظلمات میں روشنی کا کام دیں، آپ کی زندگیوں میں یہیں انقلاب آنا چاہئے۔ وہاں جانے سے پہلے آپ کے اندر تبدیلیاں آنی چاہیں۔

آپ جانتے ہیں کہ صلح حدیبیہ کے بعد فتح مکہ اور حجۃ الوداع کے درمیان تین چار برس کے عرصہ میں جتنی کثرت سے لوگ مسلمان ہوئے۔ امام زہریؒ جو سید التابعین ہیں ان کا قول ہے کہ مکہ معظمہ کے تیرہ برس کے قیام میں اور مدینہ طیبہ کے دس برس کے مبارک قیام میں اتنی کثرت سے لوگ مسلمان نہ ہوئے اس کی وجہ یہ بیان کرتے ہیں کہ صلح حدیبیہ کی وجہ سے راستہ کھل گیا اور بے تکلف قریش آنے لگے مکہ معظمہ اپنے عزیزوں کے یہاں، اب ان کی جتنی راتیں گزرتیں ان کو دیکھ کر مکہ والے حیران تھے۔

اور کہتے کہ ان کا تو عالم ہی دوسرا ہے، یہاں راتوں کو لوگ اٹھتے ہیں، یہاں تو بچے بھی اٹھتے ہیں، ان کے یہاں تو جھوٹ بولنا کیا کوئی لغویات کرنا نہیں جانتا، ہر وقت اللہ رسول کی باتیں ہوتی ہیں یہاں تو اتنا ایثار ہے کہ مہمان کے لئے تھپکا کر بچوں کو بھوکا سلا دیتے ہیں، بس وہ مسلمان ہونا شروع ہوئے کیونکہ انہوں نے اسلام کا نقشہ اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا۔

حضرات! آپ لوگوں کے ذریعہ بھی آپ کے ملکوں میں اسلام پھیلنا چاہئے۔ یہاں سے آپ اگر مراسلہ اور رابطہ کریں تو یہی اثر دیں، خود جائیں تو پورے طور پر اثر ڈالیں ان لوگوں پر کہ آپ اس جگہ سے آئے ہیں، اپنے ساتھ برکتوں کا خزانہ لے کر آئے ہیں۔

اب میں اس سے زیادہ طول دینا نہیں چاہتا آپ اس آیت کو اپنے دل پر نقش کر لیں۔

"یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِی السِّلْمِ كَآفَّةً"

اے ایمان والو! خدا کے ساتھ صلح کرنے میں پورے پورے داخل ہو جاؤ اور شیطان

کے نقشہائے قدم کی پیروی نہ کرو وہ تمہارا کھلا دشمن ہے، دیکھئے یہاں نقش قدم (واحد) استعمال نہیں کیا گیا، بلکہ خطوات الشیطان جمع کا صیغہ لایا گیا۔ معلوم ہوا کہ اس کے بہت سے نقش قدم ہیں ۔ اس میں وسعت آ گئی ،خواہ اعتقادی چیزیں ہوں خواہ عملی چیزیں ہوں ،خواہ اخلاقی چیزیں ہوں خواہ تہذیبی چیزیں ہوں ،خواہ سیاسی چیزیں ہوں سب اس میں شامل ہیں اور اس بات کا آپ خیال رکھیں کہ آج اگر ہمارے مسلم معاشرے میں یہ باتیں ہوئیں تو وہ خرابیاں پیش آ رہی ہیں کہ کوئی فرق نہیں ہے صالح اور غیر صالح میں دین دار اور بے دین میں ،شریعت پر چلنے والے اور نہ چلنے میں۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو توفیق عطا کرے، یہاں کا رہنا قبول فرمائے ،اس کی برکتوں سے مالا مال کرے اور آپ کی برکتوں سے فیض پہنچے ،آپ کے ملکوں میں ، جہاں سے آپ آئے ہیں جن کا حق آپ پر قائم ہے اور قائم رہے گا چاہے آپ یہیں کے ہو جائیں۔

**وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العٰلمین**

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# سیرت وکردار کی تبدیلی کی ضرورت

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین.

حضرات! ابھی قاری صاحب نے جو آیات تلاوت کی ہیں، ان میں ایک آیت یہ تھی:
اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم O وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ . (سورہ الا سراء ۸۰)
اور کہو کہ اے پروردگار مجھے اچھی طرح داخل کیجیو اور اچھی طرح نکالیو۔

یہاں اورنگ آباد آ کر مجھ جیسے تاریخ کے طالب علم پر کچھ پرانی یادوں کا اثر تازہ ہو جاتا ہے۔ یہ کوئی غیر معمولی اور عجیب بات نہیں ہے۔ مورخوں کی ایک بڑی دشواری یہ ہے کہ وہ اپنے تاریخی مطالعہ سے کسی جگہ علیحدہ ہو نہیں سکتے۔ تاریخ کے نتائج بدلی بن کر سامنے آ جاتے ہیں، وہ کتنا ہی چاہیں کہ وہ اس سے ہٹ جائیں، ہٹتے نہیں ہیں۔

اورنگ آباد کو میں ہندوستان کا غرناطہ کہتا ہوں، جو لوگ تاریخ اسلام سے واقف ہیں وہ اس تشبیہ کو سمجھیں گے۔ ان دونوں میں مماثلت ہے، اس میں عربی اسلامی سلطنت تھی، جس نے صدیوں یورپ میں ڈنکا بجایا، اس کے بار احسان سے وہ کبھی سبکدوش نہیں ہو سکتا اس نے یورپ کو بہت کچھ دیا، کاش کہ وہ پورے یورپ کو اسلام کی دعوت دیتا، اس سے یہ بڑی کوتاہی ہوئی اس کوتاہی کے جرمانے میں اللہ تعالیٰ نے اس سے ملک ہی لے لیا۔

عربوں نے یورپ کو علم کی روشنی دی، حقیقت پسندی اور استقراء کا طریقہ دیا جس کو یورپ کی علمی ترقی میں بہت بڑا دخل ہے، اندلس ہی ہے، جو یورپ کو قیاس سے استقراء پر لایا۔

قیاس یہ ہے کہ آپ اپنی طرف سے کوئی اصول وکلیہ، اپنی ذہانت ومطالعہ سے بنالیں، اور اس کے بعد جزئیات کو اس کے ماتحت کرلیں اور استقراء یہ ہے کہ آپ جزئیات پر غور کریں، پھر ان کے عمومی اور اجتماعی مطالعہ سے آپ ایک کلیہ بنائیں، جزئیات اس کی شہادتیں گواہی دیتی ہیں کہ یہ کلیہ ہونا چاہئے۔

یورپ نے جو ترقی کی ہے، اور فلسفۂ مابعد الطبیعات سے ہٹ کر سائنس ٹیکنالوجی اور تجربہ پر آیا ہے وہ استقراء کے اصول کو مان لینے کی وجہ سے، اور یہ دین اور عطیہ ہے۔ اندلس اسلامی (اسپین) کا۔ اس نے طب کا فن دیا، اور یونان کا فلسفہ منتقل کر کے یورپ کو دیا۔ انہوں نے یونان کے فلسفہ کو سمجھا، اس کو ہضم کیا، اور پھر اس کی شرح کی، پھر اسی کے ترجمے انگریزی اور دوسری زبانوں میں ہوئے ...... لیکن ان سے کوتاہی یہ ہوئی کہ انہوں نے خالص اسلام کی دعوت یورپ میں نہیں پھیلائی۔ وہ علوم وفنون کی ترقی، اور ادب وشاعری کی ترقی میں لگ گئے۔ یہ اس وقت کا موضوع نہیں۔ اورنگ آباد آکر یہ زخم کہن تازہ ہوجاتے ہیں وہاں اسلامی عرب سلطنت کا زوال ہوا، اور اس کی آخری فصل (Chapter) لکھا گیا، یہاں ہندوستان میں مغلیہ سلطنت کا زوال شروع ہوا جو بہر حال مسلمانوں کے اقتدار کی ایک نشانی تھی، مورخ و ناقد اس پر کتنی تنقید کریں ہمیں اس کے بہت سے کارناموں کو ماننا پڑے گا...... لیکن میں متوجہ کرنا چاہتا ہوں کہ حکومت سلطنت اللہ تعالیٰ کی بڑی نعمت ہے اور خود قرآن پاک میں اس کو ایک بڑی نعمت کے طور پر بیان کیا گیا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم سے کہتے ہیں:

يٰقَوْمِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَعَلَ فِيْكُمْ اَنْۢبِيَآءَ وَجَعَلَكُمْ مُّلُوْكًا وَّاٰتٰىكُمْ مَّا لَمْ يُؤْتِ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ O (المائدہ ۲۰)

(ترجمہ) بھائیو! تم پر جو احسان کئے ہیں ان کو یاد کرو کہ اس نے تم میں پیغمبر پیدا کئے اور تمہیں بادشاہ بنایا، اور تم کو اتنا کچھ عنایت کیا کہ اہل عالم میں سے کسی کو نہیں دیا۔

حکومت وسلطنت ایک نعمت ہے لیکن حکومت وسلطنت کوئی ایسی خارجی اور مصنوعی چیز نہیں ہے جو کہیں سے لاکر کہیں ٹھونک دی جائے، یا خود بخود پیدا ہوجائے، حکومت وسلطنت تو ایک خاص کردار، احساس ذمہ داری، ہمدردی خلائق اور جذبہ خدمت کا مظہر ہے یعنی جب کسی جماعت یا ملت کا خاص مزاج وکردار پیدا ہوجاتا ہے تو اس مزاج وکردار کی وسعت اور گہرائی

کے مطابق اس کو موقعہ دیا جاتا ہے کہ وہ کسی خطہ زمین پر اپنی صلاحیتوں کا اظہار کرے۔

ثُمَّ جَعَلْنٰكُمْ خَلٰٓئِفَ فِي الْأَرْضِ مِنْ بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ۝ (یونس ۱۴)

پھر ہم نے ان کے بعد تم لوگوں کو ملک میں خلیفہ بنایا تا کہ دیکھیں کہ تم کیسے کام کرتے ہو۔

اصل چیز ہے سیرت وکردار، اور وہ طرز زندگی ہے جو ایک سلطنت ہی نہیں بلکہ سلطنت سے بڑی چیزیں، یعنی معرفت الٰہی، اللہ کی یہاں کی مقبولیت، نظر کی تاثیر اور خیر عام اور ہدایت ورحمت الٰہی کا دروازہ کھولنے کا کام کرتی ہے، سلطنت تو اس کا ایک ہلکا اور ایک پھیکا سا نشان ہے۔ ایمانی سیرت وہ چیز ہے جو آفاق وانفس کی فتوحات عطا کرتی ہے، جس کے سامنے سلطنتیں ہیچ ہیں وہ اصل چیز جو ہر خیر کا منبع وسرچشمہ ہے، وہ ہے سیرت۔ میں نے کسی موقعہ پر کہا تھا کہ ارادے اداروں کو پیدا کرتے ہیں، ادارے ارادوں کو پیدا نہیں کرتے۔ اصل چیز ہے صحیح ارادہ، جب صحیح ارادہ ہو جاتا ہے تو پھر سینکڑوں ادارے وجود میں آتے ہیں، ادارے جیتے ہیں، مرتے ہیں، پیدا ہوتے ہیں اور ختم ہو جاتے ہیں لیکن ارادہ انسانی جب صحیح ہو جائے اور انسان کی نیت نیک ہو جائے، انسان کی سیرت شریعت کے سانچہ میں ڈھل جائے، انسان کے اعمال وتصرفات منشائے الٰہی کے تابع ہو جائیں۔ منشائے الٰہی کے سانچہ میں ڈھل کر نکلیں اور ذہن کا رخ صحیح ہو جائے کہ ہر بن مو سے صدا آئے۔

وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطَانًا نَّصِيْرًا.

تو ان کے قدموں کے نیچے کسریٰ وقیصر کے تاج آتے ہیں

در شبستان حرا خلوت گزید
قوم و آئین وحکومت آفرید
ماند شبہا چشم او محروم نوم
تا بتخت خسروی خوابیدہ قوم

اقبالؒ کہتے ہیں آپ ﷺ کی امت تخت خسروی پر آ کر سوگئی، یعنی اس نے تخت خسروی کو ایک معمولی چارپائی اور ایک سریر سمجھا، اس کو خاطر میں نہیں لائی، جہاں بیٹھنا چاہئے تھا، جاہ و

جلال کا اظہار کرنے کے لئے وہاں سوگئی۔

تو اصل چیز کیا ہے؟ خدا کو جب منظور ہوگا، اور خدا کی حکمت کا تقاضا ہوگا تو سلطنت وجود میں آئے گی اور جب خدا کی حکمت کو کچھ اور تقاضہ ہوگا تو اس سے بھی بڑی چیزیں وجود میں آئیں گی، یہ درویشان بے نوا، یہ فقیران کج کلاہ، آپ کی سرزمین میں آرام فرما ہیں۔ انہوں نے بادشاہوں پر حکمرانی کی ہے، حضرت خواجہ برہان الدین غریبؒ...... کے واقعات پڑھئے، حضرت خواجہ زین الدینؒ کے واقعات پڑھئے ...... ایک مرتبہ کا واقعہ ہے کہ شیخ زین الدینؒ کو بادشاہ وقت نے طلب کیا، جو اس وقت کا سب سے بڑا بادشاہ تھا، کسی بات پر اس کو ناگوار ی ہوئی، تو انہوں نے خواجہ برہان الدین غریبؒ کی قبر پر آ کر اپنی لاٹھی گاڑ دی اور کہا، اب جس میں دم اور ہمت ہو وہ یہاں سے اٹھا کر دیکھے، تو اس کے سامنے بادشاہ ہی جھکا، وہ اس کے سامنے نہیں جھکے، ایسی نظیروں سے پوری تاریخ بھری ہوئی ہے۔

اصل چیز کیا ہے، وہ ہے سیرت کا پیدا کرنا، جس کا عنوان ہے **ادخلنی** میں داخل ہوں تو تیرے حکم کے مطابق، نکلوں تو تیری تعلیم اور منشاء کے مطابق جس کو "**مدخل صدق**" اور مخرج صدق کہا گیا: **واجعل لی من لدنک سلطاناً نصیراً** (الاسراء۔۸۰ اور اپنے ہاں سے زور قوت کو میرا مددگار بنائیو) کہا گیا، آپ کے سوا مدد کرنے والی کوئی ذات نہیں ہے، میرے لئے آپ اپنی طرف سے طاقت پیدا کر دیجئے، اصل مسلمانوں کی طاقت اس میں مضمر ہے، کس کی سلطنت رہی ہے؟ اگر کسی کی سلطنت رہتی تو خلافت راشدہ رہتی اور اس کے بعد کوئی شہنشاہ رہتی تو سلطنت عباسیہ جو پورے متمدن افریقہ اور ایشیا کے عظیم ترین ممالک پر حکومت کرتی تھی۔ یہ مغلوں کی سلطنت خود کتنی بڑی سلطنت تھی، یہ چیز یعنی نعمت اللہ تعالیٰ کسی کو دے تو فائدہ اٹھانا چاہئے، میں اس کی تحقیر نہیں کرتا لیکن یہ مسلمان کے لئے موت وزندگی کا سوال نہیں ...... یہ نہیں کہ سلطنت ختم ہو جائے تو یہ امت مرگئی اور جب سلطنت آئے تو یہ امت زندہ ہوگئی، امت سلطنت سے بالاتر ہے، سلطنت امت سے بالاتر نہیں۔ سلطنت امت کے لئے ہے، امت سلطنت کے لئے نہیں، سیرت سلطنت بھی پیدا کرتی ہے اور سلطنت سے بھی عظیم تر چیز پیدا کرتی ہے اور وہ سیرت خود خدا کو پسند ہے، جس کے انعام میں وہ ساری دنیا بھی عطا کر دے، اور ہفت اقلیم کی سلطنت بھی عطا فرما دے ...... اور عطا بھی فرمائی ہے، کبھی

حضرت سلیمان علیہ السلام کو اور کبھی اپنے کسی اور محبوب بندے کو۔

"وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ."

میرا چلنا، پھرنا، اٹھنا بیٹھنا، مرنا جینا سب تیرے لئے ہو اور الفاظ قرآنی میں وہ کہا جاسکے جس کی نبی کو تعلیم دی گئی ہے۔

قُلْ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَبِذٰلِکَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِیْنَ.

(الانعام ۱۶۲)

(ترجمہ) (یہ بھی) کہہ دو کہ میری نماز اور میری عبادت اور میرا جینا اور میرا مرنا سب خدائے رب العالمین ہی کے لئے ہے، جس کا کوئی شریک نہیں، اور مجھ کو اسی بات کا حکم ملا ہے اور میں سب سے اول فرمانبردار ہوں۔

مسلمان کی زندگی شریعت کے سانچہ میں قرآن وحدیث کے سانچہ میں سیرت نبوی ﷺ کے سانچہ میں ڈھل کر نکلے، نہ اپنی خواہش سے جانا نہ اپنی خواہش سے آنا نہ اپنی خواہش سے اٹھنا، نہ اپنی خواہش سے بیٹھنا، نہ اپنی خواہش سے حکم چلانا، نہ اپنی خواہش سے حکم ماننا، اور نہ اپنی خواہش سے کسی کو زیر کرنا، نہ اپنی خواہش سے کسی کے سامنے زیر ہونا، یہ ہے ادخلنی مدخل صدق واخرجنی مخرج صدق۔

ہر کام کے لئے شریعت کی دلیل چاہئے، خدا تعالیٰ کیا چاہتا ہے، اس وقت کا فرمان کیا ہے، اس وقت کا حکم کیا ہے؟ اس وقت خدا کا حکم ہے کہ ہم جھک جائیں، اس وقت خدا کا حکم ہے کہ ہم رک جائیں، حالی نے صحابہ کرامؓ کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے۔

بھڑکتی نہ تھی خود بخود آگ ان کی
شریعت کے قبضہ میں تھی باگ ان کی
جہاں کردیا نرم نرما گئے وہ!!
جہاں کر دیا گرم گرما گئے وہ!!

حضرات! مجھے ایک تاریخ کے طالب علم کی حیثیت سے، پرانی یادیں ستائیں اور میرے

دل میں چٹکی لیں۔ یہ الگ بات ہے، لیکن قرآن ازلی وابدی کتاب ہے، اور وہ خدا کا فیصلہ ناطق ہے، اصل چیز ہے اسلام کی سیرت بنانا، یعنی نفس کی خواہش اپنے ذاتی مفادات اور وقتی تقاضوں کو شریعت کے سامنے جھکا دینا اور اس کے تابع بنا دینا ، یہ جھوٹی عزت، یہ ناموری، یہ شہرت، ہم چشموں میں عزت کوئی چیز نہیں ہے، اصل چیز ہے امر الٰہی! اور امر الٰہی کیا ہے؟ اس کو تلاش کرنا کہ اللہ تعالیٰ ہماری کیسی زندگی چاہتا ہے، اس وقت اسلام کی مصلحت کا تقاضا کیا ہے؟ معیار اور کسوٹی یہ ہے کہ ہمیں کیا ملے گا؟ ساری جدو جہد، سیاسی جدو جہد سے لے کر معاشی جدو جہد تک اسی مرکز کے گرد گھومے وہ کیا؟ کہ ہمیں اس سے کیا ملے گا؟

آج تمام دنیا میں مسلمان ہیں، کون سا ملک ہے، جہاں آپ کے ملک کے لوگ موجود نہیں؟ لیکن کس کے لئے ہیں، بس یہی مسئلہ ہے دعوت پھیلانے کے لئے نہیں۔ ایسا نہیں ہے کہ انسانیت پر رحم کھا کر، انگلستان، کینیڈا، امریکہ خود عرب ملکوں کی موجودہ خطرناک دیکھ کر وہ بے چین ہو کر اپنے گھروں سے نکلے ہو، یہ اخرجنی مخرج صدق نہیں ہے اور وہاں جو گئے تو یہ " ادخلنی مدخل صدق نہیں ہے، معاشی مصلحت کے مفاد نے ان کو نکالا، معاشی مفاد نے ان کو وہاں داخل کیا، معاشی وذاتی وخاندانی مفاد نے ان کو وہاں رکھا، جب اس کا تقاضا ہوگا کہ مکہ کے بجائے نیویارک چلے جائیں تو وہ چلے جائیں گے۔ آپ جب چاہیں امتحان لے کر دیکھ لیجئے، اور جب اس کا تقاضا ہوگا کہ مکہ چلے آئیں تو وہاں چلے آئیں گے۔ اس لئے نہیں کہ ہاں حرم ہے، بلکہ اس لئے کہ معاشی مسئلہ کا تعلق وہاں سے ہے یہ نہ مدخل صدق پر عمل کر رہے ہیں اور نہ مخرج صدق پر چل رہے ہیں۔ یہ اللہ کا حکم ہے، اپنے نبی کو تعلیم دی جارہی ہے، اور آپ ﷺ کے ذریعہ آپ کے طفیل میں امت کو تعلیم دی جارہی ہے، ہم دعا کریں رب ادخلنی مدخل صدق واخرجنی مخرج صدق ہمارا جینا مرنا، ہمارا کسی سے خوش ہونا، کسی سے ناراض ہونا، ہمارا ٹوٹنا اور جڑنا، ہمارا بگڑنا اور بننا، یہ سب خدا کے حکم اور امر الٰہی کے تابع ہو، پھر دیکھئے کہ اللہ تعالیٰ کیا عطا کرتا ہے؟ شکوہ اس سیرت کے بدل جانے کا ہے، اس ذہن کے بدل جانے کا ہے کہ شریعت ہماری امام نہ رہی، شریعت ہمارا فیصلہ کرنے والی طاقت نہ رہی جو ہمارے مسائل میں ایک حکم کی حیثیت رکھے۔ ہم نے شریعت کو حاکم نہیں بنایا، ہم نے اپنی خواہشات کو اپنے مفادات کو حکم بنایا، بس اس وقت اصل

انقلاب جو مسلمانوں کے لئے ضروری ہے، وہ ہے سیرت کا اختیار کرنا کہ ہماری زندگی اللہ اور اس کے رسول کے منشاء کے مطابق بن جائے، وہ ہم سے جو کرائے وہ ہم کریں، وہ جو چھڑائے وہ ہم چھوڑیں۔

آج امتحان لے لیجئے ہم سب مسلمان کہلاتے ہیں، اللہ کا شکر ہے اللہ تعالیٰ کا ہزار ہزار انعام ہے، ایمان کی دولت ہمارے پاس ہے۔ میں ہرگز اس کا انکار نہیں کرتا، اور نہ اس کی اہمیت کم کرتا ہوں لیکن اس کے بعد ہماری سیرت کیا ہے؟ جس میں فائدہ دیکھا اس کو کیا، سیاسی جدوجہد کو لے لیجئے کہ ہمارے سامنے اسمبلیوں اور پارلیمنٹوں کی ممبریاں ہیں۔ اس کے بعد کی کمیٹیاں ہیں، اس کے بعد کے کمیشن ہیں اور اس کے بعد کے فوائد ہیں۔ عزتیں ہیں، سرخ روئی ہیں اور دوسرے میدانوں میں دیکھ لیجئے۔ شادی بیاہ ہے، بس اس میں جو کچھ ہو رہا ہے، غلط ہو کر صحیح، اس کا مقصد یہ ہے کہ برادری میں تعریف ہو، نام روشن ہو، دھوم مچے کہ فلاں کی شادی اس طرح سے ہوئی فلاں کام اس دھوم دھڑکے سے ہو، یہ تو ادخلنی مدخل صدق واخرجنی مخرج صدق نہیں ہے۔ مسلمان کو پہلے یہ پوچھنا چاہئے کہ شریعت کا حکم کیا ہے، یہ ہمارے لئے جائز ہے کہ نہیں؟ صحابہ کرامؓ نے تو یہی کیا کہ شراب جیسی چیز ہے ...... اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے ہم سب کو محفوظ رکھا ہے ...... کسی نے کہا ہے ...... ؏

چھٹتی نہیں ہے منہ سے یہ کافر لگی ہوئی

امریکہ میں پریذیڈنٹ ہوور (HOOWER) کے زمانہ میں اس بات کی بھرپور کوشش کی گئی کہ امریکہ سے شراب چھوٹ جائے، دیکھ لیجئے اس کی تمام تر تفصیلات کہ اس کے لئے کیا کیا ذرائع استعمال کئے گئے، اس کے لئے جان تک کی بازی لگادی، پروپیگنڈہ کیا، ترغیبات دیں، اس کے نقصانات بیان کئے گئے۔ تاریخ کی شہادت موجود ہے کہ بجائے کم ہونے کے مزید لت پڑ گئی اور ضد ہوگئی کہ شراب نہیں چھوٹ سکتی۔ آخر میں صدر اور حکومت کو ہار ماننی پڑی انہوں نے ہار نہیں مانی، اس کے مقابلہ میں مدینہ میں بوریہ پر بیٹھ کر اللہ کا بندہ اور اللہ کا رسول ﷺ کہتا ہے:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْأَنْصَابُ وَالْأَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ. (المائدہ. ۹۰)

(ترجمہ) اے ایمان والو! شراب اور جوا اور بت اور پانسے (یہ سب) ناپاک کام اعمال شیطان سے ہیں، سوان سے بچتے رہنا تا کہ نجات پاؤ۔

یہ کہنا تھا کہ ادھر سے آواز آئی " انتھینا انتھینا " لوگوں کا بیان ہے کہ ہونٹوں پر جتنی شراب گئی، اس سے آگے نہ بڑھنے پائی، ایک قطرہ بھی نہیں گیا، اسی وقت انڈھیل دی جو جہاں بیٹھا تھا اس نے وہیں انڈیل دی، دیکھنے والوں کا بیان ہے کہ مدینہ کی گلیوں اور نالیوں میں شراب اس طرح بہہ رہی تھی جیسے پانی بہتا ہے۔ اب اس کے بعد دیکھئے کہ شراب پینے کے کتنے واقعات حضرت عمرؓ کے زمانے میں پیش آئے جب کہ تمدن بھی آ گیا تھا، اور روم وایران اور شام کی دولت کے خزانے امنڈ آئے تھے۔

اس وقت جس چیز کی کمی ہے اور جو چیز فیصلہ کن اور انقلاب انگیز ہے وہ ہے اسلامی سیرت کا اختیار کرنا اور اگر ایسا اجتماعی طور پر ہو تو کیا کہنے ہیں۔ اجتماعی طور پر الحمدللہ کوششیں ہو رہی ہیں۔ انفرادی طور پر کوشش کر کے دیکھئے اور آپ سب لوگ الحمدللہ یہاں پر موجود ہیں، ہم میں سے ہر ایک شخص یہ طے کرے کہ شریعت کو مقدم رکھنا ہے، حکم الٰہی اور حکم شرعی پوچھنا ہے کوئی بھی کام ہو، سیاسی انتخاب والیکشن سے لے کر شادی بیاہ، ختنہ، عقیقہ، مکان کی تعمیر، جائیداد کی تقسیم اور کھانے پینے تک یہ دیکھنا ہے کہ شریعت کی اجازت ہے کہ نہیں، اور شریعت کا حکم کیا ہے؟ اگر یہ بات پیدا ہو جائے تو تمام کوششیں حاصل، آپ کا یہاں آنا حاصل، اور میرا یہاں آنا اور کچھ کہنا حاصل ورنہ:

نشستند و گفتند و برخواستند

یہ برسوں سے ہو رہا ہے نہ ہمیں کہنے سے فرصت ملتی ہے اور نہ آپ کے سننے کی عادت جاتی ہے، اس کا کچھ حاصل ہونا چاہئے، جو نمازی نہیں ہے وہ اب اس نماز سے جو ظہر کے وقت آنے والی ہے، مرتے مرجائے عہد کرے کہ نماز نہیں چھوڑیں گے۔ اگر خدانخواستہ آپ کسی ناجائز چیز کے عادی ہیں تو یہیں توبہ کیجئے کہ اب اسے ہاتھ نہیں لگانا ہے۔ مسلمان سیاسی طور پر اتنے پیچھے ہیں۔ ہر جگہ اسی بات کا رونا ہے۔ سنتے سنتے کان پک گئے، جان لبوں پر آ گئی...... بس ہو چکا...... کم سے کم اپنے شعور کے وقت سے سن رہا ہوں، کوئی مجلس کوئی جلسہ اس سے خالی نہیں، سیاسی رونا، اقتصادی رونا لیکن کوئی عزم نہیں، کوئی فیصلہ نہیں۔ ضرورت ہے کہ

ہم اپنی سیرت بدلیں اس کی بغیر کام نہیں چلتا، اور جب اللہ اپنے محبوب رسول ﷺ سے یہ کہے اور اس کو تلقین کرے اور یہ وظیفہ بتائے کہ تم یہ دعا کرو کہ رب ادخلنی مدخل صدق واخرجنی مخرج صدق تو ہم کس شمار قطار میں ہیں۔ قانون تو معمولی آدمی نہیں بدلتا، اور یہ تو اللہ تعالیٰ کا قانون ہے، اور قانون یہ ہے کہ پہلے تم بدلو۔

**يَٰبَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ ٱذۡكُرُواْ نِعۡمَتِيَ ٱلَّتِيٓ أَنۡعَمۡتُ عَلَيۡكُمۡ وَأَوۡفُواْ بِعَهۡدِيٓ أُوفِ بِعَهۡدِكُمۡ** (البقرہ۔ ۴۰)

(ترجمہ) اے بنی اسرائیل! میرے وہ احسان یاد کرو جو میں نے تم پر کئے تھے اور اس وقت اقرار کو پورا کرو جو تم نے مجھ سے کیا تھا میں اس اقرار کو پورا کروں گا جو میں نے تم سے کیا تھا۔

اے بنی اسرائیل! (جو اس وقت کی معزز و مکرم قوم تھی) اللہ کے احسان کو یاد کرو جو تم پر کیا، اور میرے عہد کو پورا کرو میں تمہارا عہد پورا کروں گا، ترتیب یہ ہے، لیکن ہم چاہتے ہیں کہ اللہ میاں اپنا عہد پورا کردیں، باقی پھر دیکھا جائے گا، اور اللہ میاں **علیم و خبیر** ہے۔ دل کے حالات جاننے والا ہے، پہلے سے دل میں یہ بات بیٹھی ہوئی ہے، سارا شکوہ خدا سے ہے، ارے صاحب یہ امت مرحومہ، یہ اشرف الامم کس طرح ذلیل کیسی خوار ہے، ہر جگہ پٹ رہی ہے اور یہ نہیں دیکھتے کہ ہم کیا کررہے ہیں۔ آپ اپنی زندگی میں کون سی تبدیلی لائے۔ اتنے دنوں سے وعظ ہورہے ہیں، تبلیغی جماعت کام کررہی ہے، ہم یہ دیکھ رہے ہیں کہ نہ شادی بیاہ کے رسم ورواج میں کوئی فرق ہے اور نہ مسلمانوں کے اسراف میں کوئی فرق ہے، اسی شہر میں کسی جگہ سے گزر رہا تھا، وہ روشنی دیکھی وہ روشنی، خطرہ ہوا کہ شاید یہ گھر کسی مسلمان کا ہو۔ بس ایسا معلوم ہوتا تھا کہ تمام روشنی یہیں آگئی ہے۔ کسی بات میں فرق لانے کو تیار نہیں۔ بیس برس پہلے اور دس برس پہلے جو طرز زندگی تھا، وہی آج ہے جو نماز کے پابند نہیں، وہ نماز کے پابند نہیں جو پینے پلانے کا عادی تھا وہ پینے پلانے کا عادی ہے۔ جو مال میں، حقوق العباد میں، معاملات میں دیانت داری کو ضروری نہیں سمجھتا تھا وہ اب بھی ضروری نہیں سمجھتا۔ جو ہاتھ لگ جائے وہ اپنا مال۔ یہی ہندوستان کا ملک ہے، اگر آپ میں صداقت آجائے، انصاف آجائے، آپ میں خلوص آجائے۔ آپ میں ہمدردی آجائے۔ انسانی جان و مال کا پورا احترام اور ملک کو بچانے کے لئے پوری فکر پیدا ہوجائے تو کوئی زبردستی کی بات نہیں، سنت خداوندی تو بڑی چیز

ہے فطرت انسانی ہے کہ یہ کہا جائے گا، اب آپ ہی انتظام سنبھالیے کہ یہ ملک تباہ ہو رہا ہے اب گاڑی چلتی نہیں ہے۔ ہر آدمی آپ ہی کو چاہتا ہے۔ اپنا کام کرانا چاہتا ہے۔ اپنا وقت بچانا چاہتا ہے، نقصان سے بچنا چاہتا ہے، انسانی فطرت ہے۔ اگر اسے معلوم ہو جائے کہ یہ کام آپ ہی کے ذریعہ سے ہوسکتا ہے تو پھر کہاں کا قومی تعصب اور کہاں کی فرقہ وارانہ عصبیت ، سب کہیں گے، لیجئے بس اب آپ ہی ذمہ داری قبول کیجئے۔ قوموں کی لیڈر شپ اس طرح ہاتھ میں نہیں آتی کہ آپ لڑتے بھی رہیں اور کام کچھ نہ کریں، اور شکوہ شکایت کریں، اور اس کے بعد کہیں کہ اقلیت میں ہونے کے باوجود ہمیں وہ حقوق ملیں، اور ہماری مرضی پوری ہو اقلیت تو اقلیت ، فرد واحد اپنی دیانت سے اپنی خدا ترسی سے اپنی قابلیت سے سب کو جھکا لیتا ہے اور اپنا لوہا منوالیتا ہے، سیاسی شکوے سیاسی مظاہرے اور احتجاج بہت ہیں لیکن ہم اپنی سیرت نہیں بدلتے، ہم میں کا ہر آدمی جس جگہ ہے جس محکمہ میں ہے، جس محاذ پر ہے، وہ ثابت کردے کہ آپ ایک سچے، راست باز انسان ہیں حق وانصاف کے معاملہ میں آپ ہندو مسلم کی بھی کوئی تفریق نہیں کرتے، آپ کے لئے حرام ہے کہ آپ کسی ناجائز پیسے کو نظر اٹھا کر بھی دیکھیں، یہ آپ کچھ دن کر کے دیکھئے پھر ہندوستان کا نقشہ کیا ہوتا ہے، اور آپ کس مقام پر نظر آتے ہیں؟

اللہ تعالیٰ ہم سبھوں کو پورا پورا دین پر چلنے کی توفیق بخشے۔ آمین۔

واخر دعوانا ان الحمد للّٰہ رب العالمین۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# ذہنی اور اعتقادی ارتداد ایک اہم مسئلہ فوری توجہ کا حامل

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سید الانبیاء والمرسلین، وعلی آلہ واصحابہ اجمعین. امابعد.

## نیا ارتداد:

حضرات! اسلام کی تاریخ میں ارتداد کے متعدد واقعات پیش آئے ہیں سب سے بڑا اور سخت سانحہ ارتداد عرب قبائل کا ارتداد تھا جو رسول اکرم ﷺ کی وفات کے معاً بعد پیش آیا یعنی وہ زبردست باغی تحریک جس کو ابوبکر صدیق نے اپنے بے نظیر عزم وایمان سے سر اٹھاتے ہی کچل دیا تھا۔ دوسرا بڑا ارتدادی واقعہ نصرانیت اختیار کرلینے کی وبا تھی۔ جو ہسپانیہ سے مسلمانوں کے اخراج کے بعد پھیلی اور بعض ان دوسرے ملکوں میں بھی رونما ہوئی جو مسیحی مغربی طاقتوں کے زیر نگین تھے اور عیسائی پادری اور مشنری وہاں اس مقصد کے لئے سرگرم عمل تھے۔ ان معتدبہ واقعات کے علاوہ اکادکا واقعات بھی ہیں کہ مثلاً ہندستان میں کسی خفیف العقل اور پست طبیعت فرد نے اسلام کو چھوڑ کر دوسرا مذہب اختیار کرلیا۔ لیکن ایسے واقعات شاذونادر ہی ہوئے ہیں، بلکہ حقیقت یہ ہے کہ...... اگر بدنصیب ہسپانیہ کے فتنہ نصرانیت کو ارتداد کہنا صحیح ہے تو اس کو مستثنیٰ کر کے کہا جاسکتا ہے کہ...... مسلمانوں کی تاریخ کسی عام ارتداد سے آشنا نہیں ہوئی ہے۔ جیسا کہ مؤرخین مذاہب کا اعتراف ہے۔

یہ واقعات جب کبھی پیش آئے۔ ان پر ہمیشہ دو اثرات مرتب ہوئے:۔

(۱) مسلمانوں کی طرف سے سخت ناراضگی اور ناپسندیدگی۔

(۴) اسلامی سوسائٹی سے قطع تعلق یعنی جو کوئی اپنے دین سے منحرف ہوتا تھا وہ مسلمانوں کے سخت غیض وغضب کا نشانہ بنتا تھا اور اس اسلامی معاشرے سے خود بخود منقطع ہو جاتا تھا۔ جس میں اس کی بود و باش ہوتی مجرد ارتداد سے اس کے اور اس کے اہل قرابت کے درمیان تمام رشتے اور تعلقات کٹ جاتے تھے اور ارتداد کا مطلب یہ ہوتا تھا کہ آدمی گویا ایک دوسرے معاشرے اور ایک دوسری دنیا میں منتقل ہو گیا۔ مرتد کا خاندان اس کا بالکلیہ بائیکاٹ کر دیتا تھا۔ اب نہ رشتہ رہتا تھا۔ نہ نکاح، نہ اخوت نہ وراثت۔ ارتداد کی اگر کوئی لہر کبھی اٹھتی تھی تو اس سے بین الادیانی کشمکش برپا ہوتی اور مسلمانوں میں مقاومت اور اسلام کے دفاع کی روح بیدار ہو جاتی تھی جس اسلامی ملک میں ایسے واقعات پیش آ جاتے تھے وہاں کے علماء و داعیان اسلام اور اہل قلم پر جوش طریقے سے ان کے خلاف صف آراء ہو جاتے ان کے اسباب کا کھوج لگاتے اور اسلام کے محاسن وفضائل کو سامنے لاتے تھے۔ اس مسلمان معاشرے کا یہ حال ہو جاتا جیسے قلق واضطراب اور غیظ وغضب کی ایک موج آ کر سب کو تہ و بالا کر گئی ہو۔ یہ حوادث مسلمانوں کو جھنجھوڑ کر رکھ دیتے اور کیا خواص کیا عوام سب کے لئے ایک ہی بات اور ایک ہی فکر ہوتی تھی...... یہ ہوتا تھا کہ اسلامی سوسائٹی پر واقعات ارتداد کا ردعمل اور ان کی لازمی خصوصیت حالانکہ نہ یہ کسی وسیع پیمانے پر پیش آتے تھے اور نہ زندگی پر ان کے کچھ اثرات ہی پڑتے۔

لیکن اب کچھ عرصے سے دنیائے اسلام کو ایک ایسے ارتداد سے سابقہ پیش آیا ہے جس نے اس کے سرے سے اس سرے تک ایک لہر پیدا کر دی ہے یہ اپنی شدت وقوت اور وسعت وعمق میں اب تک کی تمام ارتدادی تحریکوں سے بازی لے گیا ہے کوئی ملک نہیں ہے جو اس کی غارت گری سے بچا ہوا ہو بلکہ ملک تو ملک خاندانوں میں ایسے مشکل ہی سے تھوڑے بہت ہوں گے جو اس کی دست برد سے محفوظ ہوں۔ یہ وہ ارتداد ہے جو شرق اسلامی پر یورپ کی سیاسی اور تہذیبی تاخت کے پیچھے پیچھے آیا ہے۔ یہ سب سے عظیم ارتداد ہے جو عہد رسالت سے لے کر آج تک کی اسلامی تاریخ میں رونما ہوا ہے۔

شریعت اسلامی کی اصطلاح میں ”ارتداد کے کیا معنی ہیں؟ ایک دین کی جگہ پر دوسرا دین اور ایک عقیدے کے بجائے دوسرا عقیدہ اختیار کرنا رسول جو تعلیمات لے کر آیا جو کچھ

اس سے تواتر منقول ہے اور جو کچھ اسلام میں قطعی طور پر ثابت ہے اس سے انکار کرنا اور ایک مرتد کیا رویہ اختیار کرتا تھا ؟ رسالت محمدی (علی صاحبھا الصلوٰۃ السلام) کا انکار کرتا تھا اور مسیحیت، یہودیت یا ہندو مذہب کی طرف منتقل ہو جاتا تھا۔ یا الحاد کی راہ اختیار کرتا اور وحی و رسالت اور آخرت سے منکر ہوتا تھا۔ یہ ارتداد کے وہ معنیٰ ہیں جن سے پرانی دنیا یا پرانی سوسائٹی واقف تھی ہر وہ شخص جو اپنا دین چھوڑتا تھا اگر مثال کے طور پر نصرانی بن جاتا تو کلیسا میں داخل ہوتا یا ہیکل میں جاتا یا اگر ہندو مذہب اختیار کرتا تو بت خانے کی راہ لیتا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا تھا کہ یہ ارتداد سب پر روشن ہو جاتا تھا اور مرتد دور سے پہچان لیا جاتا تھا۔ اس کی طرف انگلیاں اٹھتی تھیں اور مسلمان اس شخص سے تمام امیدیں منقطع کر لیتے تھے۔ الحاصل عام طور پر کسی کا ارتداد کوئی راز نہیں ہوا کرتا تھا۔

## یورپ کا لایا ہوا فلسفہ

یورپ نے مشرق میں وہ فلسفے پہنچائے جو دین کی بنیادوں کے انکار پر مبنی تھے جن کی بنیاد اس عالم میں کارفرما (متصرف) قوت کے انکار پر تھی، وہ باشعور قوت جو اس دنیا کو عدم سے وجود میں لائی اور جس کے دست تصرف میں کائنات کی زمام کار ہے۔

الا له الخلق والا مر

(ترجمہ) خبردار اسی نے تخلیق کی اور اسی کا حکم چلتا ہے وہ فلسفے جو عالم غیب، وحی، نبوت، شرائع سماویہ اور روحانی و اخلاقی قدروں کے انکار پر مبنی تھے یہ تھی مغرب کے لائے ہوئے تمام فلسفوں کی مشترک بنیاد جن میں کوئی علم النفس تھا اور کسی کا موضوع بحث سیاست و اقتصاد، فلسفے اپنے موضوعات میں خواہ باہم کتنے ہی مختلف تھے۔ تاہم اس نقطے پر سب ملتے تھے کہ انسان کائنات کو محض مادی نظر سے دیکھیں اور ان دونوں کے ظاہری احوال و افعال کی مادی توجیہہ کریں۔

یہ فلسفے مشرقی اسلامی معاشرے پر حملہ آور ہوئے اور اس کے وطن تک گھس گئے۔ یہ فلسفے سب سے بڑا دین تھے جو تاریخ میں اسلام کے بعد پیدا ہوئے سب سے بڑا دین اپنی وسعت اشاعت کے لحاظ سے سب سے گہرا دین اپنی جڑوں کے لحاظ سے اور سب سے طاقتور

دین دلوں اور دماغوں کو مسخر کرنے کے لحاظ سے اسلامی ملکوں کا وہ طبقہ جو علم وفہم کے لحاظ سے، ممتاز تھا اس دین پر فریفتہ ہو گیا۔ اس نے اسے نہایت خوشگواری کے ساتھ حلق سے اتارا اور اطمینان کے ساتھ ہضم کرلیا وہ اس دین کا ٹھیک اسی طرح پیرو بن گیا جس طرح ایک مسلمان اسلام کا اور ایک مسیحی مسیحیت کا حتی کہ وہ اس پر جان دیتا ہے۔ اس کے شعائر کی عزت کرتا ہے۔ اس کے رہنماؤں اور داعیوں کی عظمت کا کلمہ پڑھتا ہے۔ اپنے ادب اور تالیفات میں اس دین کی دعوت دیتا ہے اور جو دین، جو نظام اور جو طرز فکر اس کے معارض ہوتا ہے اس کی تحقیر کرتا ہے۔ اس دین کے ہر پیرو سے وہ اخوت کا رشتہ استوار کرتا ہے اور اس طرح یہ تمام افراد ایک امت ایک خاندان اور ایک گروہ بن گئے ہیں۔

## دین یا لادینیت:

یہ نیا دین..... اگر چہ اس کے پیرو اس کو ''دین'' کا نام دینے سے انکار کرتے ہوں۔ کیا ہے؟ کائنات کو وجود میں لانے والی اس علیم وخبیر ہستی کا انکار جو مالک تقدیر بھی ہے اور رہنمائے حیات بھی (الذی قدر فھدیٰ) حیات بعد الموت، حشر، جنت ودوزخ، ثواب وعذاب کا انکار، نبوت ورسالت کا انکار، شرائع سماویہ اور حدود شرعیہ کا انکار اور اس حقیقت کا انکار کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی تمام مخلوق پر اپنے برگزیدہ رسول (خاتم الرُسُل) کی اطاعت فرض کی ہے اور ہدایت وسعادت کو اس کی پیروی میں منحصر کر دیا ہے اور اس بات کا انکار کہ اسلام وہ آخری اور دائمی پیغام ہے جو دین ودنیا کی تمام سعادتوں کا کفیل ہے اور زندگی کا ایک نظام ہے جو سب سے اعلیٰ اور افضل ہے اور وہی وہ دین ہے جس کے علاوہ کوئی دین اللہ کے یہاں مقبول نہیں، اور جس کے بغیر دنیا کی فلاح وسعادت کا کوئی امکان نہیں اور اس کا انکار کہ دنیا انسان کے لئے پیدا کی گئی ہے اور انسان اللہ کے لئے۔

آج جس طبقے کے ہاتھ میں اکثر ممالک اسلامیہ کی زمام حیات ہے، اس کے افراد کی ایک بڑی تعداد اسی دین کی پیرو ہے، اگر چہ یہ سب پختگی ایمان اور سرگرمی عمل میں ایک درجے کے نہ ہوں، بحمد اللہ اس طبقے میں خاصی تعداد میں ایسے افراد بھی ہیں جو اللہ پر ایمان رکھتے ہیں اور اسلام کی پیروی کرتے ہیں۔ مگر اس طبقے کا وہ وصف جو افسوس ہے کہ اس پر

غالب ہو گیا ہے اور اس کے بہت سے مقتدر افراد کا دین یہی مادہ پرستی اور زندگی کا مغربی فلسفہ ہے جو الحاد پر مبنی ہے۔

میں پھر کہتا ہوں کہ یہ وہ ارتداد ہے جس نے عالم اسلامی کو اس سرے سے اس سرے تک تاراج کیا ہے گھر گھر اور خاندان خاندان اس کا حملہ ہوا ہے۔ یونیورسٹیوں کالجوں اور اداروں سب پر اس دین کا کوئی پیروکار، پرستار اور عقیدت گزار نہ ہو۔ آپ جب ذرا اس سے تنہائی میں باتیں کریں گے، کچھ چھیڑیں گے اور اندر کی بات اگلوائیں گے تو دیکھیں گے کہ وہ ایمان باللہ سے محروم ہوگا یا ایمان بالآخرت سے خالی ہوگا یا رسول اللہ ﷺ پر ایمان نہ رکھتا ہوگا یا قرآن کو ایک معجزہ وابدی کتاب اور دستور حیات نہ مانتا ہوگا اور ان میں سب سے غنیمت وہ ہوگا، جو کہے گا کہ میں اس قسم کے مسائل پر غور نہیں کرتا اور ان کو کوئی بڑی اہمیت نہیں دیتا۔

## ایک لاوارث مسئلہ:

بلاشبہ یہ ارتداد ہے لیکن وہ مسلمانوں کی توجہ اپنی طرف مبذول نہیں کرسکا، کیوں؟ اس لئے کہ اس ارتداد کا مارا ہوا کلیسا یا ہیکل میں نہیں جاتا اور نہ اپنے ارتداد اور تبدیلی مذہب کا اعلان کرتا ہے۔ نہ معاشرہ اس پر چونکتا ہے کہ احتساب وعتاب کی صورت پیش آئے اور فصل و انقطاع کا معاملہ درپیش ہو، پس وہ بدستور اسی سوسائٹی اور معاشرے میں رہتا ہے۔ اپنے تمام حقوق حاصل کرتا ہے بلکہ معاشرے پر حاوی ہونے تک کا موقع اس کو مل جاتا ہے۔ یہ عالم اسلامی کا نہایت اہم مسئلہ اور بڑا قابل فکر معاملہ ہے۔ ارتداد پھیلتا ہے۔ اسلامی معاشرے پر حملہ آور ہوتا ہے اور کوئی اس پر چونکتا تک نہیں۔ علمائے امت اور رجال دین اس سے کوئی پریشانی اور بے چینی محسوس نہیں کرتے۔ پہلے جب کوئی پیچیدہ مسئلہ پیش آتا تھا تو لوگ اس کو حل کرنے کے لئے حضرت علیؓ کو یاد کیا کرتے تھے۔ ایسے موقع پر ضرب المثل تھی۔

قضية ولا ابا حسن رضی الله عنه لها.

ایک پیچیدہ فقہی مسئلہ درپیش ہے لیکن کوئی نہیں جو اس کو حضرت علیؓ کی ذہانت کے ساتھ حل کرے۔

اس ارتداد کے موقع پر بے ساختہ حضرت ابوبکرؓ کی شان عزیمت یاد آتی ہے اور کہنا پڑتا

ہے:۔

قضية ولا ابا بكر رضي الله عنه لها.

ارتداد کی آگ پھیل رہی ہے۔ لیکن کوئی نہیں جو ابو بکر صدیقؓ کی قوت ایمانی اور شان عزیمت کے ساتھ اس پر قابو پائے۔

لیکن یاد رکھئے اس مسئلہ کا علاج جنگ نہیں اور نہ اس پر رائے عامہ کو بھڑکانا درست ہے۔ یہ برافروختگی اور سختی سے حل نہیں ہوسکتا۔ بلکہ سختی الٹا نقصان پہنچائے گی۔ اور فتنے کو اور بھڑکا دے گی اسلام خفیہ تحقیقاتی عدالتوں (INQUISITION) سے آشنا نہیں ہے۔ اور نہ وہ جبر وظلم کا روادار ہے۔ یہ معاملہ عزم وحکمت اور صبر وتحمل چاہتا ہے اور اس سے نمٹنے کے لئے غور وفکر اور گہرے مطالعہ کی ضرورت ہے۔

## لادینیت کی عالمگیر اشاعت کا راز:

یہ نیا دین اسلامی دنیا میں کیوں کر پھیل سکا؟ کیسے اسے یہ طاقت حاصل ہوسکی کہ مسلمانوں پر عین ان کے گھر کے اندر حملہ آور ہوسکے؟ اور کیونکر اس کے لئے ممکن ہوا کہ لوگوں کی عقلوں اور طبیعتوں پر اس قدر قوت کے ساتھ مستولی ہوجائے؟ یہ سب سوالات ہیں جو بڑی گہری اور دقیق فکر اور بڑے وسیع مطالعہ کو چاہتے ہیں۔

قصہ یوں ہوا ہے کہ انیسویں صدی عیسوی میں دنیائے اسلام پر تھکاوٹ اور بڑھاپے کے آثار طاری ہونے لگے۔ دعوت وعقیدہ اور علم وعقلیت کے لحاظ سے وہ شدید ضعف وانحطاط کی کیفیت میں مبتلا ہوگئی۔ اسلام تو بے شک بڑھاپے کی منزل سے آشنا نہیں ہے۔ اس کی مثال سورج کی سی ہے کہ قدیم ہونے کے باوجود ہر وقت جدید اور ہر دم جوان۔ لیکن وہ مسلمان تھے جو ضعف وپیری کا شکار ہوگئے۔ علم میں وسعت، فکر میں ندرت، عقل کی عبقریت دعوت کے جوش وولولہ اور اسلام کو مؤثر طریقے پر پیش کرنے کے سلیقہ میں بڑا خلاء محسوس ہوتا تھا۔

مزید برآں یہ ہوا کہ تعلیم یافتہ نوجوانوں سے ربط نہیں رکھا گیا اور نہ ان کے ذہن کو متاثر کرنے کی کوشش کی گئی، حالانکہ آنے والا دور انہیں کا تھا۔ اس نوخیز نسل کو اس بات کا قائل کرنے کی بہت کم کوشش کی گئی کہ اسلام ایک سدا بہار پیغام اور دین انسانیت ہے۔ قرآن ہی،

تنہا معجزہ اور ابدی کتاب ہے۔ جس کے عجائبات کی انتہا نہیں۔ جس کے ذخائر فکر یہ کا اختتام نہیں اور جس میں جدت اور کہنگی کا گزر نہیں رسول اللہ ﷺ اپنی ذات سے ایک زبردست معجزہ، تمام نسلوں کے رسول اور تمام زمانوں کے امام ہیں۔ اسلامی شریعت قانون سازی کا ایک معیاری نمونہ ہے۔ اس میں زندگی کے ساتھ چلنے اور اس کے صحیح مطالبات کا جواب دینے کی صلاحیت ہے۔ ایمان وعقیدہ اور اخلاق وروحانی اقدار ہی وہ بنیادیں ہیں۔ جن پر ایک شریف سوسائٹی اور پاکیزہ تمدن کی عمارت کھڑی کی جاسکتی ہے۔ نئی تہذیب کے پاس صرف ذرائع ووسائل ہیں۔ اخلاق وعقائد اور غایات ومقاصد کا سرچشمہ صرف انبیاء علیہم السلام کی تعلیمات ہیں اور ایک متوازن اور صالح تمدن کا قیام صرف اسی طرح ہوسکتا ہے کہ مقاصد ووسائل صحیح تناسب کے ساتھ جمع ہوں۔

یہ صورت حال اور یہ وقت تھا جب یورپ اپنے فلسفوں کا لشکر لے کر اسلامی دنیا پر حملہ آور ہوا۔ وہ فلسفے جس کی تدوین اور تراش وخراش بڑے بڑے فلاسفر اور یگانہ روزگار شخصیتوں کی ذہنی کاوشوں کا ثمرہ تھی۔ جنہوں نے ان پر ایسا علمی اور فلسفیانہ رنگ چڑھایا تھا کہ معلوم ہو یہ فکر انسانی کی معراج ہے۔ مطالعہ وتحقیق اور عقل انسانی کی پرواز اس پر ختم ہے اور غور وفکر کا یہ وہ تجوڑ ہے۔ جس کے بعد کچھ اور سوچا نہیں جاسکتا۔ حالانکہ ان فلسفوں میں کچھ چیزیں وہ تھیں جو محض ظن وتخمین اور مفروضات وتخلیات پر مبنی تھیں۔ گویا ان میں حق بھی تھا اور باطل بھی، علم بھی تھا اور جہل بھی، محکم حقائق بھی تھے اور شاعرانہ تخیلات بھی ..... شاعری، یہ نہ سمجھئے کہ نظم اور قافیہ بندی ہی میں منحصر ہے، یہ فلسفہ وعلم کے میدان میں بھی ہوتی ہے۔

یہ فلسفے مغربی فاتحین کے جلو میں آئے اور مشرقی عقل وطبیعت نے فاتحین کے ساتھ ساتھ ان کی اطاعت بھی قبول کرلی۔ مشرق کے تعلیم یافتہ طبقے نے بڑھ کر ان کو قبول کرلیا۔ ان لوگوں میں وہ بھی تھے جنہوں نے سمجھ کر قبول کرلیا تھا۔ مگر وہ کم تھے زیادہ تر وہ تھے جو ذرا بھی نہیں سمجھتے لیکن اس پر ایمان بالغیب رکھتے تھے یہ سب ایک سرے سے مسحور تھے۔ ان فلسفوں پر ایمان لانا ہی عقل وخرد کا معیار بن گیا اور اس کو روشن خیالوں کا شعار سمجھا جانے لگا۔

اس طرح یہ الحاد وارتداد اسلامی ماحول اور اسلامی دائروں میں بغیر کسی شورش اور کشمکش کے پھیل گیا۔ نہ باپ اس انقلاب پر چونکے، نہ اساتذہ اور مربیوں کو خبر ہوئی اور نہ غیرت ایمانی

رکھنے والوں کو کوئی جنبش ہوئی۔ اس لئے کہ یہ ایک خاموش انقلاب تھا، اس الحاد وارتداد کو اختیار کرنے والے کسی کلیسا میں جا کر نہیں کھڑے ہوئے نہ کسی معبد میں داخل ہوئے۔ نہ کسی بت کے آگے انہوں نے ڈنڈوت کی اور نہ کسی استھان پر جا کر قربانی پیش کی، اگلے دور میں یہی سب علامات تھیں جن سے کفر وارتداد اور زندقہ کا علم ہوتا تھا۔

## نفاق والحاد:

اگلے مرتدین اس سوسائٹی سے منسلک ہو جایا کرتے تھے جس کا دین وہ قبول کرتے تھے اور اپنے عقیدے کی تبدیلی کا صراحت اور جرأت کے ساتھ اعلان کر دیتے تھے، پھر جو کچھ نئے مذہب کی راہ میں انہیں برداشت کرنا پڑتا تھا۔ برداشت کرتے تھے۔ انہیں اس پر اصرار نہیں ہوتا تھا کہ پرانی سوسائٹی میں جو حقوق اور منافع انہیں حاصل تھے۔ ان کو محفوظ رکھنے کے لئے اس سوسائٹی سے چپکے ہیں۔ لیکن آج جو لوگ دین اسلام سے اپنا تعلق منقطع کرتے ہیں، وہ اس پر تیار نہیں ہوتے کہ اسلامی سوسائٹی سے بھی اپنا رشتہ کاٹ لیں۔ حالانکہ دنیا بھر میں اسلامی معاشرہ ہی تنہا وہ معاشرہ ہے جس کی تاسیس وترکیب عقیدے کی بنیاد پر ہے۔ اور مخصوص عقائد کے بغیر اسلامی معاشرہ وجود ہی میں نہیں آتا۔ لیکن یہ نئے مرتدین اصرار کرتے ہیں کہ اس معاشرے کے نام پر فوائد حاصل کرتے ہوئے اپنی جگہوں پر جمے رہیں اور اسلام کے بخشے ہوئے تمام حقوق سے متمتع ہوتے رہیں۔ یہ ایک نرالی صورت حال ہے۔ جس سے اسلام کی تاریخ کو کبھی سابقہ نہیں پڑا تھا۔

## جاہلی عصبیت اور ''مذہب قوم پرستی'':

ان فلسفوں نے جہاں ایک طرف عقائد اور اخلاقی قدروں کو مجروح کیا ہے۔ وہاں ان جاہلی جذبات واحساسات کی تخم ریزی بھی دنیائے اسلام میں کی ہے۔ جن سے اسلام نے کھل کر جنگ کی تھی اور جن پر پیغمبر اسلام ﷺ نے پوری قوت سے چوٹ لگائی تھی۔ مثال کے طور پر عصبیت جاہلیہ کو لیجئے جو نسل وطن یا قومیت کی بنیاد پر پیدا ہوتی ہے۔ پھر اس کی اس قدر تقدیس کی جاتی ہے۔ اس طرح اس پر جان دی جاتی ہے اور انسانی برادری کو اس کی بنیادوں پر تقسیم

کرنے میں اتنا غلو پیدا ہو جاتا ہے کہ یہ (عصبیت) ایک مستقل عقیدہ اور ایک مستقل دین بن جاتی ہے۔ دل و دماغ پر اس طرح اس کا قبضہ ہو جاتا ہے کہ ساری زندگی کی باگ ڈور اسی کے ہاتھ میں آ جاتی ہے۔ یہ اپنی ہمہ گیری، اپنی طاقت اور اپنے اثرات کی گہرائی اور مضبوطی کے لحاظ سے بلاشبہ دین و مذہب کی حریف ہے اور اس کی گرفت انسان کی پوری زندگی پر ہوتی ہے۔ یہ جب کسی معاشرے پر چھا جاتی ہے تو انبیاء علیہم السلام کی کوششوں اور کارناموں پر پانی پھر جاتا ہے۔ اور دین عبادت اور چند رسوم و رواج کے دائرے میں محدود ہو کر رہ جاتا ہے جو پوری زندگی پر فرمانروائی کے لئے آیا تھا۔ پھر اس کے نتیجہ میں عالم انسانیت چند متحارب کیمپوں میں تقسیم ہو جاتا ہے اور وہ ''امت واحدہ'' جس کے متعلق پروردگار عالم کا ارشاد ہوا تھا:۔

وَإِنَّ هٰذِهٖٓ أُمَّتُكُمْ أُمَّةً وَّاحِدَةً وَّأَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّقُوْنِ. (المؤمنون۔ ۵۲)

''اور یہ ہے تمہارا طریقہ کہ وہ ایک ہی طریقہ ہے اور میں تمہارا رب ہوں سو تم مجھ سے ڈرتے رہو'' پارہ پارہ ہو کر بے شمار امتوں میں بٹ جاتی ہے۔

## اسلام اس عصبیت سے کیوں برسرِ جنگ ہے؟:

محمد رسول اللہ ﷺ نے اس عصبیت جاہلیہ کے خلاف پوری شدت سے جنگ کی تھی۔ اس کے بارے میں اپنی امت کو صاف الفاظ میں آگاہی دی تھی اور ہر اس بنیاد پر تیشہ چلایا تھا۔ جس سے یہ ابھر سکتی ہے اور اس باب میں یہ رویہ ضروری بھی تھا۔ اس لئے کہ ان عصبیتوں کے ساتھ ایک عالمی دین کے قیام کا کوئی امکان نہیں تھا۔ اور امت واحدہ کی وحدت چار دن بھی سلامت نہیں رہ سکتی تھی۔ اس عصبیت کی مذمت اور اس کی تردید شریعت اسلامیہ میں ایک مسلم حقیقت ہے۔ بیشمار نصوص ہیں جو اس بات کو ظاہر کرتے ہیں، بلکہ اسلام کا اس عصبیت سے بُعد ایک بدیہی چیز ہے۔ جو شخص اسلام کے مزاج ہی سے بلکہ مطلق دینی مزاج ہی سے واقف ہوگا۔ اس پر بات مخفی نہیں رہ سکتی کہ یہ مزاج ان عصبیتوں کے ساتھ جوڑ نہیں کھاتا۔ سیاسی رجحانات و خیالات سے خالی الذہن ہو کر تاریخ کا مطالعہ کیا جائے تو اس حقیقت سے انکار ناممکن ہے کہ بین الانسانی تفریق اور عام انسانیت کی تباہی و تخریب میں جو عوامل کارفرما رہے ہیں۔ ان میں ان جاہلی عصبیتوں کا درجہ بہت اونچا ہے، پس قدرتی بات ہے کہ:

O جو انسان اس لئے آیا ہو کہ پوری دنیا کو ایک اکائی بنائے۔
O جو اس لئے آیا ہو کہ تمام نوع انسانی کو ایک جھنڈے کے نیچے اور ایک عقیدے پر جمع کرے۔
O جو اس لئے آیا ہو کہ ایک نیا معاشرہ وجود میں لائے جو دین ایمان برب العالمین کی بنیادوں پر استوار ہو۔
O جو اس لئے آیا ہو کہ خارزار عالم میں امن وسلام کے پھولوں کی سیج بچھائے۔
O جو اس لئے آیا ہو کہ انسانیت کے پورے خاندان کو محبت والفت کی ایک لڑی میں پروئے۔
O جو اس لئے آیا ہو کہ انہیں باہم شیر وشکر کر کے اس طرح یک جان بنادے کہ ایک کو دکھ ہو تو دوسرا بھی تڑپے۔

اس مشن کے حامل انسان کے لئے تو بالکل قدرتی اور عقلی بات ہے کہ...... وہ ان نسلی، قومی اور عصبیتوں کے خلاف کھلا اعلان جنگ کرے اور اس انتہائی حد تک ان کے خلاف لڑے کہ یہ قصہ ماضی بن کر رہ جائیں۔

## ممالک اسلامیہ میں "قوم پرستی" کی مقبولیت:

لیکن یورپ کے سیاسی اور ثقافتی غلبہ کے بعد سے دنیائے اسلام کا جو محمد رسول اللہ ﷺ کے وجود سے وجود میں آئی حال یہ ہے کہ وہ انہیں عصبیتوں کو اپنے دل ودماغ میں جگہ دے رہی ہے اور اس طرح انہیں مانے جارہی ہے جیسے کوئی علمی نظریہ اور کوئی حقیقت ثابتہ ہو۔ جس سے مفر نہ ہو۔ آج اس دنیائے اسلام کا حال یہ ہے کہ اس میں بسنے والی تمام قومیں حیرت انگیز حد تک ان عصبیتوں کو زندہ کرنے اور ان کے گن گانے کی طرف راغب ہیں جن کو اسلام ہی نے موت کے آغوش میں سلایا تھا...... حتیٰ کہ ان قومی وجاہلی شعائر کے حیاء کا جذبہ بھی آج موجزن ہے۔ جو کھلی ہوئی بت پرستی کا مظہر ہیں...... ان ملکوں میں اس عہد قبل الاسلام کو سرمایہ افتخار گردانا جارہا ہے۔ جسے اسلام "جاہلیت" اور صرف جاہلیت کا نام دیتا ہے...... اور یہ وہ لفظ ہے جس سے زیادہ وحشت اور تنفر انگیز کوئی دوسرا لفظ اسلام کی لغت میں موجود نہیں...... جس

سے نجات پانے کو، قرآن مسلمانوں پر احسان ٹھہراتا ہے اور تلقین کرتا ہے کہ مسلمان اس نعمت کا شکریہ ادا کریں۔

اور یاد کرو احسان اللہ کا اپنے اوپر جب کہ تم تھے آپس میں دشمن پس الفت ڈالی اس نے تمہارے دلوں میں۔ سو اب ہوگئے تم اس کے فضل سے بھائی بھائی اور تم تھے کنارے پر ایک آگ کے گڑھے کے تو اس سے تم کو نجات دی۔ (آل عمران۔۱۰۳)

ایک اور جگہ ارشاد ہے۔

بلکہ اللہ تم پر احسان رکھتا ہے کہ اس نے راہ دی تم کو ایمان کی اگر سچ کہو۔

(الحجرات۔۱۷)

ایک جگہ فرمایا:

وہی ہے جو اتارتا ہے اپنے بندے پر صاف آیتیں تا کہ نکال لائے تم کو اندھیروں سے اجالے میں اور اللہ تم پر نرمی کرنے والا مہربان ہے۔ (الحدید۔۹)

## ممالک اسلامیہ میں دور ''جاہلیت'' کا اعزاز:

لیکن بہت سے اسلامی ملکوں اور مسلمان قوموں کا حال اس وقت یہ ہے کہ وہ صرف مغربی فلسفوں اور اہل مغرب کی طرز فکر سے مرعوبیت کے ماتحت اپنے قبل اسلام کے عہد اور اس عہد کی تہذیب ورسوم وعزت کی نگاہ سے دیکھنے لگے ہیں۔ ان میں اس عہد سے دلی لگاؤ سا پیدا ہوتا جا رہا ہے۔ ان میں خواہش پیدا ہو رہی ہے کہ اس عہد کے شعائر کو زندہ کریں اور اس کے مشاہیر، بادشاہوں اور ناموروں کو تاریخ کی زندۂ جاوید ہستیوں میں جگہ دلا دیں گویا یہ ان کا زریں دور تھا اور کوئی نعمت تھی جو اسلام نے ان سے چھین لی..... العیاذ باللہ! یہ کیسی کھلی ناشکری اور اسلام اور پیغمبر اسلام کی کیسی ناقدری ہے..... اس کا مطلب تو یہ ہوا کہ کفر و بت پرستی کی شناخت دلوں سے نکل گئی ہے اور جاہلی خرافات سے کوئی نفرت باقی نہیں رہی..... اور یہ وہ باتیں ہیں کہ ایک باشعور مسلمان کے متعلق ان کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا، ان پر تو ایمان اگر سلب ہو جائے، اسلام کی دولت سے محروم کر دیا جائے اور اللہ کی رحمت کے بجائے اس کا عتاب سامنے آجائے تو کوئی تعجب کی بات نہیں قرآن نے آگاہ کیا ہے:۔

وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ. (هود. آیت ۱۱۳)

اور مت میلان رکھو ان لوگوں کی طرف جنہوں نے ظلم (شرک) کیا ورنہ کہیں تم کو بھی آگ نہ پکڑ لے اور نہ نکلے اللہ کے علاوہ تمہارا کوئی مددگار، پھر نہ ہو سکے تمہاری کوئی مدد۔

## دینی واخلاقی انتشار:

ان قوم پرستانہ رجحانات کے علاوہ ایک اور فتنہ بھی ہے۔ جس سے آج کا عالم اسلام دوچار ہے اور وہ ہے اونچے طبقوں میں آنکھیں بند کر کے مادیات کے پیچھے دوڑنے کا رجحان کہ ہر عقیدہ اور ہر قدر اس پر قربان، دوسرے الفاظ میں دنیا کو آخرت پر ترجیح دینے کا رجحان، دنیاوی زندگی پر فریفتگی اور نفس پرستی کا رجحان اور پھر اس کے نتیجے میں جو کچھ ہوا کرتا ہے۔ یعنی اخلاقی بے راہ روی، محرمات الٰہیہ کا استخفاف فسق و شراب کا شیوہ وعموم اور اسلامی فرائض وقیود سے اس طرح کلی آزادی، جیسے اس طبقہ کا کوئی تعلق اسلام سے نہیں یا اسلامی شریعت منسوخ ہو چکی ہے اور وہ کوئی داستان پارینہ اور قصہ وافسانہ ہے۔ دنیائے اسلام کے تمام ملکوں کے اونچے طبقے کے افراد میں بہت بڑی تعداد آپ کو اسی رنگ اور اسی مسلک کی ملے گی گویا ایک ہی تصویر ہے۔ جس کی مختلف کاپیاں کر دی گئی ہیں۔ **فاعتبروا یا اولی الابصار۔**

## عالم اسلام کے لئے سب سے بڑا خطرہ:

یہ ہے اجمال کے پیرائے میں آج کے عالم اسلامی کی دینی اور اعتقادی تصویر! اس تصویر میں جو کچھ نظر آتا ہے۔ میرے نزدیک یہ جاہلیت کی ایک موج ہے جو اسلام کا سارا سرمایہ بہائے لئے جا رہی ہے۔ دنیائے اسلام کو اپنی پوری تاریخ میں اس سے زیادہ سرکش موج سے سابقہ نہیں ہے نہ اس جیسی طاقتور مخالف موج کا سامنا عالم اسلامی کو کبھی ہوا ہے اور نہ اس جیسی ہمہ گیر موج کا، اور پھر اس کا ایک امتیاز یہ بھی ہے کہ اس کی ہلاکت خیزیوں پر چونکنے والے کم ہیں اور وہ تو کم سے بھی کم تر ہیں جو سب کچھ چھوڑ چھاڑ اور اپنی ساری قوتوں کا سرمایہ لے کر اس کے مقابلے پر ڈٹ گئے ہوں۔ ہم دیکھتے ہیں کہ ماضی میں یونانی فلسفے کے اثر سے جو نہی

الحاد و زندقہ پھیلنا شروع ہوا۔ فوراً ایسی ہستیاں سامنے آ کھڑی ہوئیں جنہوں نے اپنے علمی تبحر، عظیم عقلیت، نادرۂ روزگار ذکاوت اور قومی شخصیت کے سارے ہتھیاروں سے اس کے خلاف جنگ کی، ایسے ہی باطنیت اور ملاحدہ کی جماعت کا ظہور ہوا تو اس کے مقابلے میں بھی علم و حکمت اور دلیل و برہان کی تلواریں لے کر اسلام کے سرفروش میدان میں آ کودے، چنانچہ اسلام ان بروقت نصرتوں کی بنا پر علمی وعقلی اعتبار سے ایسی مصبوط پوزیشن میں رہا کہ مخالفت کی موجیں اٹھتیں اور سر ٹکرا کر واپس چلی جاتیں، سیلاب کے ریلے آتے اور بے اثر ہو کر گزر جاتے۔

## اولین مسئلہ:

عالم اسلام کا وہ مسئلہ جو طوفان بن کر کھڑا ہوا ہے اور جس کا رخ براہ راست دین کی طرف ہے۔ کفر و ایمان کا یہی مسئلہ ہے سوال یہ ہے کہ اسلامی دنیا اسلام پر قائم رہے گی یا اس کا قلادہ اپنی گردن سے اتار دے گی؟ اسلامی دنیا میں آج ایک معرکہ برپا ہے۔ جس میں ایک طرف مغرب کا فلسفہ لادینیت ہے۔ دوسری طرف اسلام ..... خدا کا آخری پیغام! ایک طرف مادیت ہے اور دوسری طرف آسمانی شریعت، میں سمجھتا ہوں کہ یہ دین اور لادینیت کا آخری معرکہ ہے اور اس کے بعد دنیا دونوں میں سے کسی ایک رخ کو اختیار کر لے گی۔

## مقدس ترین جہاد:

آج کا جہاد، وقت کا فریضہ اور عصر حاضر کی سب سے بڑی دینی ضرورت یہ ہے کہ لادینیت کی اس طوفانی موج کا مقابلہ کیا جائے جو عالم اسلام کے سر سے گزر رہی ہے۔ نہیں! بلکہ آگے بڑھ کر اس کے قلب و مرکز پر حملہ کیا جائے۔ وقت کا تجدیدی کام یہ ہے کہ امت کے نوجوان اور تعلیم یافتہ طبقے میں اسلام کے احساسات وعقائد، اس کے نظام وحقائق اور رسالت محمدی پر وہ اعتماد واپس لایا جائے۔ جس کا رشتہ اس طبقے کے ہاتھ سے چھوٹ چکا ہے۔

آج کی سب سے بڑی عبادت یہ ہے کہ اس فکری اضطراب اور ان نفسیاتی الجھنوں کا علاج بہم پہنچایا جائے۔ جن میں آج کا تعلیم یافتہ نوجوان بری طرح گرفتار ہے اور اس کی عقلیت اور علمی ذہن کو اسلام پر پوری طرح مطمئن کر دیا جائے۔

آج کا سب سے بڑا جہاد یہ ہے کہ جاہلیت کے وہ بنیادی افکار جو دل و دماغ میں گھر کر گئے ہیں۔ ان سے علم اور عقل کے میدان میں نبرد آزمائی کی جائے یہاں تک کہ اسلام کے اصول و مبادی پھر سے ایمانی جذبات کے ساتھ ان کی جگہ لے لیں۔

کامل ایک صدی گزرتی ہے کہ یورپ ہمارے نوجوان اور ذہین طبقے پر چھاپے مار رہا ہے، شرک و الحاد، نفاق و ارتیاب کا ایک طوفان ہے جو اس نے ہمارے دل و دماغ میں برپا کر رکھا ہے، غیبی اور ایمانی حقائق پر اعتماد متزلزل ہو رہا ہے اور سیاست اور اقتصاد کے مادہ پرستانہ نظریات اس جگہ پر قابض ہو رہے ہیں　کامل ایک صدی سے اس شکست و ریخت کا سلسلہ جاری ہے　لیکن ہمیں اس کے مقابلے کی کوئی فکر نہیں ہوئی، ہم نے اس کی کوئی پرواہ نہیں کی کہ وقت کے تقاضوں کے مطابق قدیم علمی ترکہ پر اضافے کرنا بھی ہمارا فرض ہے ہمیں اس سے کوئی دلچسپی نہیں ہوتی کہ یورپ کے ان فلسفوں کو سمجھیں اور پھر ان کا علمی محاسبہ کریں بلکہ سرجنوں کی طرح ان کا پوسٹ مارٹم کریں۔ ہمارا سارا وقت سطحی بحثوں کی نذر ہوتا رہا۔ یہاں تک کہ اس صدی کے آخر میں ہمارے سامنے گویا یکایک یہ منظر آیا کہ ایمان و عقیدہ کی دنیا متزلزل ہے اور ایک ایسی نسل تیار ہو کر برسر اقتدار آ چکی ہے جو نہ اسلام کے عقائد و مبادی پر ایمان رکھتی ہے　، نہ اسلامی جذبات اور اسلامی حمیت سے معمور ہے اور نہ اس کا کوئی علاقہ اپنی مومن و مسلم قوم سے اس کے سوا ہے کہ قومیت کے خانے میں اس کا شمار بھی مسلمانوں میں ہوتا ہے یا اگر کچھ تعلق ہے تو وہ محض سیاسی مصالح کی حد تک! بس اس کے سوا کوئی تعلق نہیں! اور اب اس سے بھی آگے بڑھ کر صورت حال یہ ہے کہ یہ لادینی مزاج اور لادینی انداز فکر ادب و ثقافت اور صحافت و سیاست کے راستے سے جمہور تک پہنچ چکا ہے اور مسلمان قوموں کے سر پر عمومی پیمانے کی لادینیت کا خطرہ منڈلا رہا ہے۔

خاکم بدہن! وقت کی رفتار، وہ وقت قریب لا رہی ہے کہ اسلام کو زندگی کے میدان سے کہیں بے دخل کر کے نہ رکھ دیا جائے۔

## دعوت ایمان:

یہ وقت عالم اسلامی میں ایک نئی اسلامی دعوت کا متقاضی ہے۔ اس دعوت و جد و جہد کا

نعرہ اور نشانہ ہو۔ ''آؤ پھر سے اسلام پر ایمان پیدا کریں!'' لیکن تنہا نعرہ کافی نہیں ہے۔ اس میں پہلے وہ نفسیاتی راستہ سوچنے اور سمجھنے کی ضرورت ہے۔ جس سے عالم اسلامی کے موجودہ برسر اقتدار طبقہ کے دل ودماغ تک پہنچا جاسکے اور اسے اسلام کی طرف لوٹایا جاسکے۔

## بے غرض داعیوں کی ضرورت:

آج عالم اسلام کو ایسے مردان کار کی ضرورت ہے، جو صرف اسی دعوت کے پیچھے ہو رہیں۔ اپنا علم اپنی صلاحیتیں اور اپنا مال ومتاع اس کے لئے وقف کر دیں، کسی جاہ ومنصب یا عہدہ وحکومت کی طرف نظر اٹھا کر نہ دیکھیں کسی کے لئے ان کے دل میں کینہ وعداوت نہ ہو، فائدہ پہنچائیں، مگر خود فائدہ نہ اٹھائیں۔ دینے والے ہوں، لینے والے نہ ہوں، ان کا طرز عمل سیاسی رہنماؤں کے طرز عمل سے ممتاز اور ان کی دعوت وجد وجہد سیاسی تحریکات (جس کا مطمح نظر محض حصول اقتدار ہوتا ہے) مختلف اور جداگانہ ہو، اخلاص ان کا شعار ہو اور نفس پرستی، خود پسندی اور ہر قسم کی عصبیت سے بالاتری ان کا امتیاز!

## دعوت کے لئے نئے علمی اداروں کی ضرورت:

اس پر اضافہ یہ ہے کہ آج ایسے علمی ادارے (ACADEMIES) عالم اسلامی کی بڑی اہم ضرورت ہیں جو ایسا طاقتور نیا اسلامی ادب پیدا کریں جو ہمارے تعلیم یافتہ نوجوانوں کو دوبارہ کھینچ کر اسلام ...... وسیع معنی میں اسلام ...... کی طرف لا سکے جو انہیں مغرب کے ان فلسفوں کی ذہنی غلامی سے نجات دلا سکے۔ جنہیں ان میں سے کچھ نے سوچ سمجھ کر اور زیادہ تر نے محض وقت کی ہوا سے متاثر ہو کر حرز جان بنالیا ہے۔ ...... وہ ادب ...... جو ان کے دماغوں میں از سر نو اسلام کی بنیادیں اٹھائے اور قلب وروح کی غذا بنے ...... اس کام کے لئے عالم اسلام کے ہر گوشے میں آج ایسے ...... ارباب عزیمت درکار ہیں جو عمر کے اختتام تک اس علمی محاذ پر جمے رہیں۔

میں اپنے بارے میں صراحت کے ساتھ بتا دینا چاہتا ہوں کہ زندگی کے کسی لمحے اور کسی وقفے میں بھی ان لوگوں میں نہیں رہا ہوں، جو دین وسیاست کی تفریق کے قائل ہیں، نہ میں ان لوگوں میں ہوں جو دین کی ایسی تعبیر کرتے ہیں، جس سے وہ زندگی کے ہر نظام اور حالات کے

ہر سانچے میں (خواہ وہ اسلام سے کتنا ہی ہٹا ہوا ہو) فٹ ہو جائے اور ہر رنگ کی سوسائٹی میں جڑ جائے اور نہ میرا تعلق کبھی اس گروہ سے رہا ہے جو سیاست کو قرآن کے شجرۂ ملعونہ الشجرة الملعونة فی القران کا مصداق سمجھتا ہے، میں ان لوگوں کی اگلی صف میں ہوں جو مسلمان قوموں میں صحیح سیاسی شعور کے داعی ہیں اور ہر اسلامی ملک میں صالح قیادت کو بروئے کار دیکھنا چاہتے ہیں، میں ان لوگوں میں ہوں جن کا اعتقاد ہے کہ دینی معاشرہ اس وقت تک قائم نہیں ہو سکتا۔ جب تک دین کو اقتدار حاصل نہ ہو اور حکومت کا نظام اسلامی بنیادوں پر استوار نہ ہو، میں اس کا داعی ہوں اور زندگی کے آخری سانس تک رہوں گا۔

## ماضی کے تجربے:

لیکن بات ترتیب اور تقدیم اور تاخیر کی ہے۔ دینی حکمت اور دینی تفقہ کی ہے اور سوال حالات کے تقاضہ کا ہے اب تک ہماری کوششیں اور ہماری صلاحیتیں ہمارے وسائل اور ہمارے اوقات سیاسی تنظیمی تحریکات کی نذر ہو رہے ہیں اور یہ ساری جدوجہد حرکت اس مفروضے پر رہی کہ قوم میں پورا پورا ایمان ہے اور قوم کی قیادت ...... جو لامحالہ تعلیم یافتہ طبقے ہی سے ہوتی ہے ...... وہ بھی پوری طرح مسلمان ہے۔ اسلام کے عقائد و مبادی پر اس کا ایمان ہے، اسلام کی سربلندی کے لئے اس کے دل میں جوش و جذبہ ہے اور حدود و احکام کے نفاذ کے لئے بھی وہ تیار ہے۔ حالانکہ بات برعکس ہے۔ قوم کا حال یہ ہے کہ ایمان میں ضعف اور اخلاق میں انحطاط آچکا ہے لیکن اس کا نہ ہمیں پتہ چلا نہ خود قوم کو شعور ہوا۔ تعلیم یافتہ اور اونچے طبقے کا حال یہ ہے کہ مغربی فلسفوں اور سیاست و اقتدار کے اثر سے بیشتر افراد میں عقیدہ گویا پگھل چکا ہے، بلکہ بہتوں کا حال تو یہ ہو چکا ہے کہ اسلامی عقیدے سے کھلے باغی اور مغربی فلسفوں کے لائے ہوئے افکار و عقائد پر دل کی گہرائیوں سے ایمان ان کے لئے دنیا سے لڑ جانے کا جوش و ولولہ اور ان کی نشر و اشاعت کا جنون یہ فکر کہ زندگی کا نظام ان فلسفوں کی روشنی اور ان کی دی ہوئی بنیادوں پر استوار کیا جائے اور یہ کوشش کہ پوری قوم کو اس لادینیت سے مانوس کیا جائے۔ یہ ہے اس طبقے کے بہت سے افراد کا ذہنی حال پھر عمل کے میدان میں بعض جلد باز ہیں، بعض تدریج کے قائل ...... بعض اس لادینی رجحان کو طاقت کے زور سے قوم پر ٹھونس دینا چاہتے ہیں

اور بعض قوم کو اس شیشے میں خوبصورتی کے ساتھ اتارنے کی راہ پر گامزن ہیں، مگر منزل سب کی ایک اور مقصد و ہدف سب کا واحد۔

## دینی طبقے کے دو متضاد گروہ:

اس طبقے کے بارے میں ہمارا دینی طبقہ ..... (بشرطیکہ یہ تعبیر درست بھی ہو کیونکہ اسلام میں کوئی مخصوص دینی طبقہ اور پاپائیت جیسی کوئی چیز نہیں ہے) اپنے رویہ کے اعتبار سے دو گروہوں میں تقسیم ہے۔ ایک گروہ وہ ہے جو اس سے برسر جنگ ہے۔ اس کی تکفیر کرتا ہے اور اس کے سائے سے بھی دور رہنا پسند کرتا ہے لیکن ان اسباب و علل کی جستجو سے بالکل مستغنی ہے جنہوں نے اس طبقے میں لادینیت کا رجحان پیدا کیا۔ یہ گروہ اس کا قائل نہیں کہ اس طبقے سے اختلاط پیدا کیا جائے، دین اور رجال دین سے اس کی وحشت دور کی جائے۔ اگر کوئی ایمان و خیر کا ذرہ اس میں موجود ہے تو اسے بڑھوا دیا جائے، مؤثر اسلامی لٹریچر کے ذریعہ اس کے اندر دینی افکار اتارے جائیں اس کے جاہ و مال اور قوت و اقتدار سے استغنا دکھا کر اسلامی کردار کی عظمت کا نقش قائم کیا جائے مخلصانہ اور حکیمانہ نصیحت کی جائے اور اس طرح اس کے احوال اور دماغ کو بدلا جائے۔

دوسرا گروہ اس کی بالکل ضد ہے، وہ اس طبقے سے تعاون کرتا ہے۔ مال و جاہ میں اس کا شریک بنتا ہے۔ اس کے ذریعہ اپنی دنیا بناتا ہے۔ اس کا دین سنوارنے کی فکر نہیں کرتا۔ پس اس گروہ میں نہ کوئی دعوتی روح ہے نہ دینی غیرت کا مظاہرہ۔ نہ یہاں اس بگڑے ہوئے طبقے کی اصلاح کی کوئی حرص و فکر پائی جاتی ہے اور نہ اسے اس قرب و تعاون میں کوئی پیغام ملتا ہے۔

## اصلاح اور دینی انقلاب کے لئے جس گروہ کی ضرورت ہے

ایسا کوئی گروہ نہیں جو اس صورت حال پر دردمند ہو، جو یہ سمجھے کہ یہ اونچا تعلیم یافتہ طبقہ مریض ہے، مگر علاج کے لائق اور شفایابی کے قابل اور پھر اس کے علاج کی فکر کرے، حکمت و نرمی کے ساتھ دین کی دعوت لے کر اس میں گھسے اور بے لوث نصیحت کا حق ادا کرے ایسا کوئی تیسرا گروہ نہ ہونے کا نتیجہ یہ ہے کہ ہمارے اس مغرب زدہ عنصر کو دین اور دینی ماحول سے قریب ہونے کا موقع نہیں ملتا۔ اس کی ساری زندگی اس ماحول سے وحشت اور دوری میں کٹتی

ہے اور پھر اس کے بعد وحشت کو اہل دین کا گروہ اور بڑھا دیتا ہے، ایسے ہی وہ ایک گروہ بھی اس بعد و وحشت میں اضافے کا سبب بنتا ہے جو دین کے نام پر اس طبقے سے جاہ و منصب اور حکومت و سلطنت کے لئے جنگ کرتا ہے۔ یہ دونوں گروہ سوائے اس کے کچھ نہیں کرتے کہ اس طبقے کو دین سے خائف کریں اور ایک بغض و عناد کی کیفیت پیدا کریں، انسان کی فطرت ہے کہ اگر وہ دنیا کا حریص ہے تو اس معاملے میں اپنے کسی رقیب کو برداشت نہیں کر سکتا، اگر حکومت و سلطنت ہی اس کا مقصد زندگی ہے تو اس میدان کے حریف کو ایک آنکھ نہیں دیکھ سکتا اور اگر بندۂ نفس اور خوگر عیش و عشرت ہے تو یہ ممکن ہے کہ وہ اس دنیا میں کسی کو سہیم و شریک بننے کی اجازت دے دے۔

عالم اسلامی کے درد کی دوا آج وہ گروہ ہے، جو خواہشات سے بلند اور داعیانہ بے غرضی کا پیکر ہو، ہر اس بات سے دامن بچائے جس سے وہم بھی ہو سکتا ہے۔ کہ اسے دنیا کی طلب ہے یا اس کا مطمح نظر اپنے لئے، اپنی پارٹی کے لئے یا اپنے خاندان کے لئے حکومت و اقتدار کا حصول ہے، وہ گروہ جو اس طبقے سے میل ملاقات کے ذریعہ مراسلات اور گفتگو کے ذریعہ دعوتی اسفار کے ذریعہ، پراثر اسلامی ادب کے ذریعہ شخصی روابط کے ذریعہ پاکیزگی کردار اور علو اخلاق کے ذریعہ، زہد و استغنا اور پیغمبرانہ اخلاق کی پراثر نمائندگی کے ذریعہ ان نفسیاتی اور عقلی گرہوں کو کھول دے جو مغربی علوم نے پیدا کی ہوں یا دینی طبقہ کی بے تدبیری سے پڑی ہوں یا کم فہمی، کم نظری اور اسلام اور اس کے صحیح ماحول سے بعد ان کا سبب ہوا ہو۔

## اس طرز پر کام کرنے والوں کی کامیابی:

یہی وہ گروہ ہے۔ جس سے ہر دور میں اسلام کی خدمت بن آئی ہے۔ امور سلطنت کا رخ پھیر دینے اور تخت خلافت پر عمر بن عبدالعزیزؒ کو لا بٹھانے کا سہرا اسی گروہ کے سر ہے۔ جس کی نمائندگی رجاء بن حیوۃ نے کی اور پھر ہندوستان میں مغل سلطنت میں اسی نوعیت کا انقلاب بھی اسی گروہ کا رہین منت ہے۔ اکبر جیسے طاقتور بادشاہ نے اسلام سے انحراف کر کے اور کھلی اسلام دشمنی پر کمر باندھ کے گویا یہ تہیہ کر لیا تھا کہ اس اسلامی براعظم کو جو چار صدیاں اسلامی حکومت کے سائے میں گزار چکا تھا، پھر پرانی جاہلیت کے سانچے میں ڈھال دے،

لیکن اس حکیمانہ دعوت اور ایک ایسے حکیم اور داعی اسلام کے ظہور میں آنے کے طفیل جس نے اسلام کے لئے خلوص اور اس کے تفقہ کا حق ادا کیا...... اور اس کے جانشینوں کی کوششوں کے طفیل یہ مسلک اک بار اسلام کے ہاتھ سے نکل کر ہاتھ میں آیا...... اور پہلے سے زیادہ مضبوطی کے ساتھ آیا اکبر کے تخت پر پے در پے ایسے بادشاہ آئے جن میں سے ہر ایک اپنے پیش رو سے بہتر تھا، حتی کہ نوبت اورنگ زیب عالمگیر تک پہنچی وہ اورنگ زیب جس کا ذکر تاریخ اسلام اور تاریخ اصلاح کا ایک زریں باب ہے اور معلوم ہے کہ تاریخ ہمیشہ دہرائے جانے اور بار بار دہرائے جانے کے لئے تیار ہے۔ اسے کبھی اس عمل سے انکار نہیں ہوا۔ بس بات صرف اس وقت کی رہی ہے۔ جو اس کا رخ پھیر سکے اور اسلام کے تابندہ ادوار کو دہرا کر لانے والی قوت صرف دعوت اور یہی حکمت واخلاص ہے۔

## سنگین صورت حال:

اس صورت حال کا ہمیں ہمت واستقلال اور حکمت و دانائی کے ساتھ مقابلہ کرنا ہے دنیائے اسلام پر آج ایک دینی فکری اور تہذیبی ارتداد کی سخت مصیبت آئی ہوئی ہے۔ یہ مصیبت ان تمام لوگوں کے غور وفکر کا موضوع بن جانی چاہئے جو اسلام کا درد رکھتے ہیں، آج ہر اسلامی ملک کے جدید تعلیم یافتہ طبقے کے بہت سے افراد کا حال یہ ہے کہ اعتقاد وایمان کا سرشتہ ان کے ہاتھ سے چھوٹ چکا ہے، اخلاقی بندشیں وہ توڑ کر پھینک چکے ہیں۔ انداز فکر ان کا سرتا سر مادی ہو چکا ہے اور سیاست میں انہوں نے لادینیت کا نظریہ اپنا لیا ہے، اگر "اکثر" کا لفظ بولتے ہوئے مجھے خوف بھی ہو تو میں یہ ضرور کہوں گا کہ ان میں بہت سے ایسے ہیں، جو اسلام پر ایک عقیدے اور ایک نظام کی طرح ایمان نہیں رکھتے، اور مسلمان عوام ...... باوجودیکہ ان میں خیر وصلاح کے تمام جوہر موجود ہیں اور وہ اپنی طبیعت سے انسانیت کا صالح ترین گروہ ہیں اس طبقے کی علمی بالاتری ذہنی تفوق اور اثر ونفوذ کی بناء پر اس کے ماتحت اور مطیع ہیں۔

اگر یہ صورت حال یونہی چلتی رہی تو یہ الحاد وفساد ان عوام میں بھی گھس کر رہے گا۔ دیہاتوں کے سادہ دل مسلمان بھی اس کی لہروں سے نہ بچ سکیں گے اور کھیت اور کارخانوں کے مزدوروں کا بھی دین وایمان یہ پلٹ کر چھوڑے گا۔ یہ سب کچھ اسی رفتار اور انداز سے یورپ

میں ہو چکا ہے اور اگر حالات کا رخ اور رفتار یہی رہی اور اللہ کا ارادۂ قاہرہ بیچ میں حائل نہ ہو گیا تو اس میں بھی سب کچھ ہونے جا رہا ہے۔

## کام کی فوری ضرورت:

اس فریضے کی ادائیگی میں ایک دن کی بھی تاخیر کا موقع نہیں ہے، دنیائے اسلام کو ارتداد کی بڑی زبردست لہر کا سامنا ہے۔ ایسی لہر جو اس کے عزیز ترین طبقوں اور بہترین حصوں میں پھیل چکی ہے۔ یہ اس عقیدے، اس نظام اخلاق اور ان اقدار کے خلاف بغاوت ہے۔ جو دنیائے اسلام کی سب سے برتر متاع ہے۔ اگر یہ دولت ضائع ہوگئی۔ جو رسول ﷺ کا ترکہ ہے جسے نسلوں پر نسلیں منتقل کرتی ہوئی لائی ہیں اور جس کی راہ میں اسلام کے جانبازوں نے مصائب کے کتنے ہی پہاڑ اٹھائے ہیں تو سمجھ لیجئے کہ عالم اسلام بھی گیا۔

کیا ہم اس حقیقت اور وقت کی نزاکت کو سمجھنے کی کوشش کریں گے؟

وما علینا الا البلاغ المبین .

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# مسلمان غیر اسلامی ماحول میں

یہ حضرت مولانا قدس سرہ کی وہ فکر انگیز تقریر ہے جو انہوں نے لندن (برطانیہ) میں عرب نوجوانوں کے جلسہ میں فرمائی تھی جس کا اردو ترجمہ پیش خدمت ہے!

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سیدالانبیاء والمرسلین، وعلی آلہ واصحابہ اجمعین. امابعد.

آپ مہاجرین کے سامنے بیان کرتے ہوئے مجھے بے حد مسرت ہو رہی ہے۔ آپ حضرات اپنی خوشی سے اس ملک میں نہیں آئے بلکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقرر کر کے یہاں بھیجے گئے ہیں جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

میں اس بات کو تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں ہوں کہ آپ اپنے وطن سے صرف مالی یا سیاسی مشکلات سے نجات پانے کے لئے یہاں تشریف لائے ہوں بلکہ اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ نے (ایک عظیم مقصد اور) مذہبی عہدہ پر مقرر کر کے یہاں بھیجا ہے تا کہ آپ اسلامی زندگی کا عملی طور پر نمونہ بن کر پیش کریں اسلام کی مقدس تعلیمات کو مبلغ بن کر پیش کریں۔

میں اس بات کو تسلیم نہیں کرتا کہ آپ صرف مسلمان ملکوں کے سفیر کی حیثیت سے اپنے آپ کو پیش کریں گے۔ میں اسے اچھی اور عزت کی نگاہ سے دیکھتا ہوں۔ مجھے اچھی طرح اس کی ضرورت کا پتہ ہے اور میں اس کے فائدے سے انکار نہیں کرتا لیکن یہاں ایسے (مسلم) سفارت کاروں کی ضرورت ہے جو بہ رضا ورغبت ایمان ویقین کے فوائد سے باخبر ہوں تا کہ ان کے اثرات دوسروں پر مرتب ہوں۔

آپ کو معلوم ہے کہ لندن ملک برطانیہ کا دار السلطنت اور ایک معروف شہر ہے جہاں ہر وقت منتشر کرنے والے حالات سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ ایسے مقام پر آپ کس طرح لوگوں کے توجہات کو اپنی طرف مبذول کرا سکتے ہیں اور آپ کس طرح اپنے عمل سے ان کے دل جیت سکتے ہیں؟ اس کے علاوہ کوئی نقطہ نہیں کہ آپ اسلام کی مقدس تعلیمات پر پوری طرح عمل کر کے ان لاکھوں، کروڑوں انسانوں کے نظم ونسق میں تغیر شدید پیدا کر کے ان کے دلوں پر قبضہ کریں۔ بلا عمل و نمونہ کے آپ ان کو اسلام سے متاثر نہیں کر سکتے، اسلام کے نورانی و روحانی اعمال سے اپنے آپ کو مزین کر کے ان کے نفع کے لئے ان پر پیش کریں۔ اسی وقت وہ اسلام کو اس کی صحیح روشنی میں دیکھ سکیں گے اور اسلام کے بارے میں سوچنے پر مجبور ہوں گے اور ہر صورت سے اسلام کا مطالعہ کریں گے۔

ہم یہ کس طرح کر سکتے ہیں......؟ ہم یہ کام اسی وقت انجام دے سکتے ہیں جب ہم کھرے کھوٹے کا امتیاز کرنے والے ہوں۔ یہ وہ جگہ ہے جہاں مختلف قسم کے لوگ بستے ہیں جن کا معاشرہ جدا، زبانیں جدا جدا، خیالات اور مقاصد جدا جدا۔ یہ ایک ایسی مارکیٹ ہے جہاں مختلف تجارتی اور سیاسی مقاصد کے لوگ ہیں۔ ایسے مخالفت والے حالات اور ماحول میں آپ اپنے آپ کو ایک خاص انسان کی طرح کیسے پیش کر سکتے ہو؟ آپ میں ایسی کیا خصوصیت ہونی چاہئے جس سے ان کی توجہ آپ کی طرف مبذول ہو۔ اس کا آسان جواب یہ ہے کہ ہر مسلمان ایک خاص (اسلام کی مقدس تعلیمات پر پوری طرح عمل کر کے) انسان بن کر اپنے آپ کو پیش کرے تاکہ وہ اپنے اندر ایک تغیر شدید محسوس کرے۔

امام زہریؒ اپنے وقت کے مشہور محدث تھے۔ فرماتے ہیں کہ صلح حدیبیہ کے دو سال میں جتنے لوگ مشرف بہ اسلام ہوئے۔ حضور اکرم ﷺ کی نبوت کے بعد ۱۸ سال میں بھی اتنے لوگ مسلمان نہیں ہوئے تھے (یعنی بہت زیادہ تعداد میں لوگ صلح حدیبیہ کے وقت مسلمان ہوئے تھے۔)

جب آپ ﷺ نے ساتویں ہجری میں عمرہ کا ارادہ فرمایا تو مشرکین مکہ نے اس سے روکا اور کہا کہ امسال آپ واپس جائیں اور آئندہ سال لوٹیں۔ شرائط میں ایک شرط یہ تھی کہ طرفین کے درمیان کوئی جھگڑا فساد نہ ہو۔ ابھی یہ معاہدہ ہو ہی رہا تھا کہ مکراز آیا تو حضور ﷺ نے فرمایا

کہ یہ شریر شخص ہے۔ یہ بات ہو ہی رہی تھی کہ سہیل بن عمرو آیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اب معاملہ آسان ہوگا۔ سہیل کہنے لگا کہ معاہدہ پورا فرمایئے۔ آپ نے کاتب کو بلایا اور کہا کہ لکھو! بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ سہیل نے کہا کہ میں نہیں جانتا کہ رحمٰن کے کیا معنی ہیں آپ تو یہ لکھیں کہ اللہ کے نام کے ساتھ! آپ ﷺ نے کاتب کو فرمایا کہ اب لکھ یہ معاہدہ محمد (ﷺ) اللہ کے پیغمبر سے کیا گیا ہے۔ سہیل کہنے لگا۔ واللہ اگر ہم آپ کو اللہ کا پیغمبر مان لیتے تو کعبہ کے طواف سے نہ روکتے اور نہ آپ سے جنگ کرتے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ واللہ میں اللہ کا رسول ہوں چاہے تم یقین نہ کرو۔ اس نے کہا کہ محمد بن عبداللہ لکھا جائے (امام زہریؒ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے ان کی تمام شرائط منظور فرمالیں جو اللہ تعالیٰ کو منظور تھیں) اس کے باوجود انہوں نے عمرہ سے روکا اور کہا کہ امسال آپ واپس لوٹ جائیں ایسا نہ ہو کہ ہماری قوم یہ کہے کہ ہم نے ذب کر صلح کی ہے۔ آپ آئندہ سال عمرہ کے لئے تشریف لا سکتے ہیں۔

آپ ﷺ نے خون ریزی سے بچنے کے لئے اور امن و امان قائم ہونے کے لئے ساری شرائط منظور فرمالیں۔ آپ ﷺ نے بظاہر چند حروف مٹا دیئے لیکن وہ الفاظ جو دلوں، روح اور تاریخ میں لکھے جا چکے ہوں وہ کیسے محو ہو سکتے ہیں۔

ان دو سال کے درمیان مشرکین جو مدینہ منورہ آئے۔ وہ اپنے رشتہ داروں کے یہاں ٹھہرتے، قریش اور دوسرے قبیلہ والوں کے یہاں آتے۔ انہوں نے ایک بہت زبردست تغیر ان کی تعلیم، تربیت، اخلاق اور برتاؤ ہی دیکھا (کہ دل مچل گیا) گو وہ سب عرب تھے اور ہماری طرح وہ سب بنی عدنان اور بنی کہتان کے لوگ تھے۔ وہ سب ایک نسل کے تھے۔ ان کی رگوں میں ایک ہی خون بہتا تھا، وہ سب ایک ہی زبان بولتے تھے، ایک ہی قسم کا کپڑا پہنتے، دوسرا لباس تھا ہی نہیں، یہاں تک کہ ان کا کھانا بھی ایک ہی قسم کا ہوتا تھا۔

اللہ تعالیٰ نے عربوں کو بہت ساری خوبیوں، صلاحیتوں، اور منطق کے مالک بنا رکھا ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کا ان پر ایک عظیم عطیہ ہے اور اسی وجہ سے ان کی شائستگی، تربیت اور تمدن میں ترقی ہوتی رہی۔ اسی انعام کی وجہ سے وہ آگے بڑھتے رہے۔ زبان میں جدید انداز داخل ہوا، پھر وہ اپنے آپ میں اور نئے ہونے والے مسلمانوں میں فرق محسوس کرنے لگے انہوں نے کسی سے غلط اور بدزبانی نہیں سنی۔ مسلمان ذلیل نہیں کرتے، مسلمان جھوٹ نہیں بولتے، وہ خراب الفاظ

زبان سے نہیں نکالتے، وہ جلد غصہ نہیں ہوتے وہ مہمانوں کی خدمت کرتے اور اپنی حاجتوں اور ضرورتوں سے زیادہ دوسروں کی خدمت و مدد کرتے۔

میرے بھائیو! آپ نے حضرت ابوطلحہؓ انصاری کا واقعہ سنا ہوگا کہ وہ اپنے آپ کو اور اہل و عیال کو بھوکا رکھ کر مہمان کو بتی ٹھیک کرنے کے بہانے بجھا کر کھانا کھلایا۔ بظاہر ایسا برتاؤ کر رہے تھے جیسے کہ وہ خود کھا رہے ہوں حالانکہ وہ کھا نہیں رہے تھے۔ جب مکہ کے لوگوں نے مدینہ پہنچ کر (مسلمانوں میں) تبدیلی دیکھی اور سوچا کہ ان کے اور مدینہ کے لوگوں میں کتنا فرق ہے تو اس بات کو تسلیم کئے بغیر نہ رہے کہ یہ سب کچھ تبدیلیاں اور انقلاب اس اسلام کی وجہ سے ہے اور رسول اللہ ﷺ کی مقدس تعلیمات کا نتیجہ ہے گو وہ لوگ ہم میں ہی سے ہیں اور ہماری زبان بولنے والے ہیں۔ یہ انقلاب ایسا انقلاب تھا کہ وہ دل تھام کر بیٹھ گئے اور سوچنے پر مجبور ہوئے۔ وقت بہت تھوڑا ہے اور ایسا موقع ہمیشہ نصیب نہیں ہوتا اس لئے عرض کرتا ہوں کہ اپنے اسلاف کے بزرگوں کی زندگی سے سبق حاصل کرو اور ویسی زندگی اپنانے کی کوشش کرو۔

حضرت عامر بن فہیرہؓ کی شہادت کے واقعہ کو یاد کرو کہ بیر معونہ میں جبار ابن اسلمی نے جب ان کو نیزہ مارا تو آخری وقت میں فرمایا۔ ''اے کعبہ کے رب میں کامیاب ہو گیا'' یہ الفاظ جبار ابن سلمی کو بہت کھٹکے اور کہنے لگا کہ کون سی کامیابی کا اعلان کیا گیا؟ دولت کی کامیابی؟ خوبصورت عورت؟ محل؟ قوت و طاقت؟ حکومت؟ کس بات کی کامیابی کا اعلان تھا؟ یہ بات بھی عربوں کی مشہور ہے کہ وہ جھوٹ نہیں بولتے جب وہ مر رہے ہوں یہ شخص مرنے کے قریب ہے، بیوی کو بیوہ بنا رہا ہے، لڑکے بغیر باپ کے ہونے والے ہیں، پھر بھی کہہ رہا ہے کہ میں کامیاب ہو گیا!

جبار بن سلمی مسلمانوں کے پاس گیا اور دریافت کیا کہ وہ کون سی کامیابی ہے جس کا ذکر حضرت عامرؓ شہادت سے پہلے کہہ رہا تھا۔ انہوں نے عرض کیا کہ یہ کامیابی جنت ہے جس کا وعدہ اللہ نے کیا ہے اور جس یقین پر حضرت عامرؓ جیتے رہے اور اسی یقین کے ساتھ شہید ہوئے۔ یہ سنتے ہی حضرت جبار مشرف با سلام ہوئے۔ یہی وہ راز ہے جو مسلمان کامیابی سمجھتے تھے اور دوسرے اسے ناکام سمجھتے۔ یہی وہ فرق ہے جس نے حضرت جبارؓ کو دائرہ اسلام میں

داخل ہونے پر مجبور کیا۔

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ .

میرے بھائیو! یہی فرق وامتیاز آپ اپنے اندر بھی محسوس کریں، ناجائز چیز پر نظر پڑتے ہی اپنی نظروں اور نگاہوں کو نیچی کرلیں، حب مال سے بچیں، اپنے اخلاق واعمال میں امتیاز پیدا کریں تاکہ کوئی قوم آپ کے نیک خیالات پر حملہ نہ کر سکے اور نہ آپ کے ایمان سے سودا کرنے کی ہمت کر سکے، کوئی آپ کو آپ کی عبادت سے روک نہ سکے جب اس کا وقت ہو چکا ہو، کوئی آپ کو اللہ کی یاد سے منتشر نہ کر سکے اور کوئی آپ کو مرنے اور بعد کی زندگی کی یاد سے روک نہ سکے۔

بدقسمتی سے ہم اپنے اعمال (اعمال بد سے) ایسے بن چکے ہیں کہ ہم میں امتیازی شان نہ رہی اور یہ امتیازی شان اسی وقت حاصل ہوسکتی ہے جب ہم میں ایمان ویقین کی نشانی موجود رہے اور اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذات اقدس پر پورا بھروسہ ہو۔ صحیح امتیاز کی علامت یہ ہے کہ ہم مرنے کے بعد آنے والی زندگی کو اس دنیا کی زندگی پر ترجیح دیں۔ یہی علامت (عمل کے ذریعہ) ہم میں ہونے کی (شدید) ضرورت ہے ورنہ مجھے خوف ہے کہ مال کی محبت (اور دنیا کی چمک دمک) آپ کے دل ودماغ پر قبضہ کر کے غار عمیق میں دھکیل دے گی اور آپ دیگر اقوام کے بچھڑے ہوئے انسان کی طرح کھو جاؤ گے۔ اس لئے آپ اپنی اسلامی شان وشوکت کی نشانی قائم رکھیں تو (انشاء اللہ تعالیٰ) اللہ تعالیٰ اپنے وعدہ کے مطابق ایک علامت نصیب فرمادیں گے جس سے آپ حق وباطل کی پہچان کرسکیں گے، تمام برائیوں سے محفوظ رکھیں گے اور اپنی رحمت سے نوازیں گے۔

میرے بھائیو! انسان کی کامیابی کا بہترین راستہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے احکام اور رسول اللہ ﷺ کے طریقہ والی زندگی اختیار کرے۔ اگر آپ نے اس میں غفلت اور لاپرواہی برتی تو سن لیجئے میں کوئی عالم الغیب نہیں ہوں کہ مستقبل سے آپ کو آگاہ کردوں یا آپ کو بتاسکوں کہ مستقبل میں کیا ہونے والا ہے لیکن تاریخ گواہ ہے اور حالات ایسے درپیش ہیں کہ میں اسے آئینہ میں دیکھ سکتا ہوں کہ آپ کو یہاں رہ کر بہت سارے نازیبا حالات کا سامنا کرنا پڑے گا اور مقابلہ کرنا پڑے گا جو نہایت خطرناک ہوں گے۔

اگر آپ نے اسلامی وشرعی اعمال کے ذریعہ اپنے ممتاز ہونے کا مظاہرہ نہیں کیا اور آپ نے یہ (علم وعمل کی روشنی میں) ثابت نہیں کیا کہ آپ اسلام کے مبلغ ہیں، ایک آگاہ اور چوکنا رہنے والی قوم کی طرح ایمان ویقین سے لبریز ملت کی طرح اور اپنے (اسلامی ودینی) اخلاق سے اور اس قوم وملت کی طرح جو مرنے کے بعد کی زندگی کو دنیا کی فانی زندگی پر ترجیح دیتی ہے کا مظاہرہ نہیں کیا تو آپ اپنے کو رسول اللہ ﷺ کی بہترین امت کہنے کے لائق نہ رہو گے اور عام دنیا والوں کی طرح ہو جاؤ گے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں عمل کی توفیق دے۔ آمین۔

وما علینا الا البلاغ المبین.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# پاسبان مل گئے کعبہ کو صنم خانے سے

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سید الانبیاء والمرسلین، وعلی آلہ واصحابہ اجمعین. امابعد.

حضرات! جس نے بھی اسلام اور مسلمانوں کی بلکہ دنیا کی تاریخ کا مطالعہ کیا ہے اس پر یہ حقیقت مخفی نہیں کہ تاریخ کے طویل سفر میں باہر تخریبی تحریکوں نے مسلمانوں اور دین اسلام کو نشانہ بنا کر صفحہ ہستی سے اس کے وجود کو مٹا دینے کی ناپاک وگھناؤنی کوشش کی ہے، اس فاسد ارادے کی تکمیل اور اس کو کارگر بنانے کے لئے ان باطل تحریکوں نے ہر دور میں مختلف طریقے و حربے استعمال کئے جس سے تاریخ کا کوئی ادنیٰ درجہ کا طالب علم بھی ناواقف نہیں لیکن اس کی سب سے زیادہ خطرناک و بھیانک شکل وہ واقعہ ہے جب کہ ساتویں صدی ہجری میں تاتاری غارت گر مور و ملخ کی طرح مشرق سے بڑھے اور سارے عالم اسلام پر چھا گئے ان تاتاری غارت گروں کا مقصد صرف یہ تھا کہ مسلمانوں کو کرۂ ارضی سے نیست و نابود کر دیا جائے اور ان کو فنا کے گھاٹ اتار دیا جائے اسلامی ریاستوں اور مسلم حکومتوں کی اینٹ سے اینٹ بجا دی جائے۔ مسلمانوں کی عسکری طاقت وقوت کا خاتمہ کر دیا جائے۔

تاتاریوں کا یہ حملہ اتنا شدید اور بھیانک تھا کہ ان کی شکست اور ناکامی کے بارے میں امید ورجا کے سارے قلعے پانی ہو گئے تھے، کسی فرد بشر کے حاشیہ خیال میں بھی یہ بات راہ نہیں پا سکتی تھی کہ تاتاری کبھی مغلوب ہوں گے، یا ان کو ہزیمت کا منہ دیکھنا پڑے گا۔ اور ان کی اس ظالمانہ، وحشیانہ، بہیمانہ سرگرمیوں کا بے پنہا سلسلہ کبھی ختم ہوگا، لوگوں کے ذہنوں اور دلوں میں ان کے رعب ودبدبہ اور زور وقوت کا ایسا سایہ رچ بس گیا تھا کہ اس وقت کے معاشرہ میں

یہ مثل چل پڑی تھی کہ ''اگر تم سے کوئی یہ کہے کہ تاتاری شکست کھا گئے تو دیکھنا اس کی بات ماننا نہیں۔'' اپنی شدت، خطرناکی میں اس نوعیت کا دوسرا واقعہ صلیبی حملہ ہے، اور یہ صلیبی حملہ کوئی ایک دوملکوں کی قوت وطاقت کے بل بوتے پر نہیں ہوا بلکہ اس میں یورپ کی ساری حکومتیں اور قیادتیں شانہ بشانہ شریک تھیں، یہ صلیبی حملہ آور دینی اور سیاسی جذبات سے ایسے مغلوب تھے کہ مسلمانوں کی ہستی اور نفس اسلام کا وجود زد میں تھا اور ایسا معلوم ہو رہا تھا کہ درخت اسلام کے تنے کو چیر کر چپٹیاں اڑا دیں گے۔

تمام مسیحی یورپ نے یہ منصوبہ بنالیا تھا اور وہ اسی جذبہ سے مسلمانوں کے خلاف متحد ہو کر لڑ رہے تھے کہ اسلامی مقدسات اور دین اسلامی کے اہم اور بنیادی مراکز پر قبضہ جما کر مسلمانوں کو پردہ ہستی سے مٹادیں۔

لیکن تاریخی حقائق گواہ ہیں کہ ان دونوں حملوں کو بلکہ دونوں نظریوں کو اپنے مقصد میں منہ کی کھانی پڑی، اور یہ محض خدائے ذوالجلال کی تائید غیبی سے ہوا کہ اس نے بروقت اسلام کی سچے اور مخلص داعیوں کی ایک ایسی جماعت پیدا کردی۔ جنہوں نے اپنی آہ سحر گاہی اور نالہ نیم شبی اور بے لوث دعوت الی اللہ کی تلوار سے تاتاریوں کو اسلام کی عظمت اور اس کے جلال و جمال کے سامنے جھکنے پر ایسا مجبور کردیا کہ ایک ہی نظر میں ان کے ذہنوں میں اسلام کا سودا سما گیا اور ان کے قلوب اس کے بے پناہ کشش اور جاذبیت کی طرف کھنچے بغیر نہ رہ سکے۔ پھر کیا تھا، یہی تاتاری جن کی زندگی کا مقصد ہی یہ تھا کہ شجرہ اسلام کو جڑ سے اکھاڑ پھینکیں اور اس کے محافظ و پاسباں بن گئے اور پھر انہوں نے ایسی زبردست اور طاقتور اسلامی حکومتوں اور سلطنتوں کی بنیادیں ڈالیں کہ صدیوں تک ان کی آغوش میں اسلامی تہذیب وتمدن دینی علوم وفنون اور اسلامی سیرت وکردار کا باغ پھولتا پھلتا رہا

ع پاسبان مل گئے کعبے کو صنم خانے سے

جہاں تک صلیبیوں کے سیلاب بلاخیز کا تعلق ہے تو خدا نے اس کو روکنے اور ناکام بنانے کے لئے صلاح الدین ایوبیؒ جیسے بیدار مغز بہادر مجاہد کو وجود بخشا جنہوں نے تائید الٰہی اور اپنی تدبیری اور مادی قوت سے صلیبی حملہ آوروں کے چھکے چھڑا دیئے اور ایسی شکست فاش دی کہ عرصہ دراز تک وہ سر نہیں اٹھا سکے، ''وماحدیث حلیمہ بسر'' واقعہ حلیمہ کوئی ڈھکی چھپ بات نہیں

ہے۔"

لیکن ان تاریخی حقائق کے جلو میں پہلو میں کچھ اور بھی ایسے روشن حقائق و دلائل ہیں جن کی روشنی میں تاتاری غارت گروں اور صلیبی حملہ آوروں کی ناکامی و نامرادی کی پوری تصویر اور ان کی شکست کے خدوخال واضح اور نمایاں طور پر دیکھے جاسکتے ہیں۔ جس سے یہ حقیقت واضح ہوجاتی ہے کہ اسلام کے قلب وجگر پر ان تیشہ چلانے والوں کے پاس کوئی ایسا ابدی پیغام نہیں تھا کہ جس کے سایہ میں انسانیت امن وسکون چین وراحت کی زندگی بسر کرسکتی۔ بلکہ ان حملہ آوروں، بازی گروں اور ہوس کے بندوں کا مقصد یہ تھا کہ ان کو عسکری وسیاسی غلبہ حاصل ہوجائے، حکومتوں پر ان کا قبضہ ہوجائے، ہر جگہ ان کا اقتدار قائم ہوجائے اور بس۔

لیکن موجودہ دور میں جس نازک صورت حال سے ہم دوچار ہیں اور خطرات کے جو بادل ہمارے سروں پر منڈلا رہے ہیں کہ ہمارا وجود اس کرہ ارض پر ایک ایسی قوم وامت کی حیثیت سے قائم بھی رہے گا یا مٹ جائے گا کہ جس کے پاس ایک پیغام حیات اور عقیدت ودعوت کی کنجی ہو اور شرف وحریت وخرامت نفس اس کی زندگی کا شیوہ اور وطیرہ ہو۔ اس وقت جس خطرہ سے ڈرنے اور ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے، وہ یہ ہے کہ اس وقت یہودی ذہن کی رفتار اور اس کی قوت فکر یہ اتنی تیز ہوگئی ہے کہ اس کے شعلے نکل رہے ہیں اور یہودیت کے مکرو فریب کا جال اتنا وسیع ہوتا جارہا ہے کہ اندیشہ ہے کہ سارا عالم اسکے دام فریب میں پھنس جائے اس کی ہوس نا کی اس حد تک پہنچ گئی ہے کہ وہ اس کا حریص وخواہش مند بلکہ کوشاں رہنے لگا ہے کہ سارے عالم پر اس کا تسلط ہوجائے، اور پوری دنیا کے مختلف تہذیب وتمدن وعقائد رکھنے والے انسان اس کے سیاسی بساط کے مہرے بن کر رہ جائیں پھر وہ من مانی تصرف کرکے جس طرح چاہے ان کو استعمال کرے۔

یہودیوں کی یہ وہ دلی آرزو وتمنا ہے جس کا بار بار اور صراحت کے ساتھ ان کی کتابوں اور تحریروں میں تذکرہ کیا گیا ہے اور جس نے ان کی کتابوں اور ان کے پروگراموں اور عزائم کے بارے میں تھوڑا بہت مطالعہ کیا ہے اس پر یہ حقیقت روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ یہ یہود وہ ناپاک عنصر ہیں جو اپنے مقاصد کی تکمیل کی راہ میں ہر قسم کے جائز وناجائز وسائل اختیار کرنے کو روا سمجھتے ہیں۔ ان کی یہ عادت کوئی نئی نہیں ہے بلکہ ان کا یہ پرانا اور دائمی مرض ہے، ہر زمانے

میں بلکہ ان کے مزاج وطبیعت کے خلاف ہر موقع پر جس کا ظہور ہوتا رہا ہے۔اور ہو رہا ہے اور ہوتا رہے گا،اس کی طرف قرآن مجید نے لطیف اشارہ بھی کیا ہے۔

لیکن مذکورہ خطرہ سے بھی زیادہ بھیانک خطرہ یہ ہے کہ اس وقت یہودی دماغ اور مسیحی وسائل ساز باز کر کے اسلام کے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے ہیں، باوجود یکہ ان دونوں مذہبوں کے مابین زبردست اور کھلا ہوا تضاد ہے اس لئے کہ مسیحیوں کا یہ عقیدہ ہے کہ حضرت مسیح اللہ کے فرزند ہیں۔لیکن یہودی ان کو ان کی والدہ کی طرف ایسی غلط باتیں منسوب کرتے ہیں جن سے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں اور فطرت سلیم انکار کرنے لگتی ہے تاہم اسلام دشمنی اور اس کے ابدی پیغام سے عداوت نے ان کو متحد کر دیا ہے جس کی وجہ سے بعض مسیحی ممالک بھی اسلام اور مسلمانوں کے خلاف یہی راگ الاپنے لگے ہیں ان میں پیش پیش امریکہ ہے اور اس کی یہ پیش قدمی کسی اور جذبہ سے نہیں ہے بلکہ اس کا اصل محرک یہ ہے کہ چونکہ اسرائیل امریکہ سیاست وصحافت اور اس کے ذرائع ابلاغ اور اس کے حکومتی شعبوں میں اس طرح دخیل اور چھایا ہوا ہے کہ امریکہ اس کے سامنے اپنے کو بے بس ومجبور محسوس کر رہا ہے۔ بلکہ اگر یہ کہا جائے کہ وہ اپنے کو اس کا غلام سمجھتا ہے تو بے جا نہ ہوگا۔

چنانچہ دشمنان اسلام کی طرف سے اس وقت مسلمانوں کے خلاف جو مہم چلائی جارہی ہے وہ یہ ہے کہ مسلمانوں کو اخلاقی ،روحانی ،معنوی اور عقائدی اعتبار سے کمزور کر دیا جائے بلکہ ان کی ایمانی قوتوں کے سوتوں کو بند کر دیا جائے تا کہ ان کی زندگی کا پودا خشک ہو کر رہ جائے ، کیونکہ ان کو سب سے زیادہ خطرہ اسلام اور مسلمانوں سے ہے اس لئے کہ مسلمان ہی وہ قوم ہے جس کے پاس ایک سچا ، عالمی ،سرمدی اور طاقتور دین اور کبھی نہ خشک ہونے والا سرچشمہ حیات ہے۔

اگر ایک طرف دشمنان اسلام کی یہ کوشش اور سازش ہے کہ مسلمانوں کے ایمانی ،معنوی قوت کا خاتمہ کر دیا جائے تو دوسری طرف ان کے ناپاک وگھناؤنے کھیل کا بازار بھی گرم ہے کہ امت اسلامیہ اور اس کے ابدی پیغام کے امتیازی تشخص کو مٹا دیا جائے تا کہ اسلام سے ان کا رشتہ حیات منقطع ہو جائے اور وہ اس کے فیضان سے محروم ہو جائیں جس محرومی کے نتیجہ میں از سر نو جاہلیت ''جس کی اسلام نے شدومد کے ساتھ مخالفت کی ہے'' کالقمہ اجل بن جائیں اور

ان کی زندگی بس جانوروں کی زندگی ہو کر رہ جائے۔

اسلام دشمن تحریکوں کا مقصد یہ ہے کہ اسلام کے خلاف پروپیگنڈہ کر کے اس کو بدنام کیا جائے، چنانچہ مسلمانوں پر وہ یہ الزام عائد کرتے ہیں کہ یہ افزائش نسل کے قائل اور اس کے داعی ہیں۔ اگر غور کیا جائے تو اس کا اصل محرک یہ سمجھ میں آتا ہے کہ چونکہ ان دشمن تحریکوں کو یہ اندیشہ ہے اور ان پر یہ خوف طاری ہے کہ اگر مسلمانوں کی تعداد بڑھ گئی تو سب سے زیادہ خطرہ یہودیوں اور عیسائیوں کے لئے ہے کیونکہ اس کے نتیجہ میں ان کی نوآبادیاتی اور عسکری قوت سرد پڑ جائے گی اور ان کا تمدن کساد بازاری کا شکار ہو جائے گا۔ چنانچہ بعض ممالک نے بڑی شدومد کے ساتھ اسلامی حکومتوں اور مسلم قیادتوں سے اس کی اپیل کی ہے کہ وہ اس سیلاب بلا کیز کو روکیں ورنہ تو سب کی قوت کا چراغ گل ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ اور بھی بہت سی وہ سازشیں ہیں جن کی تانے بانے پوری دنیا کے اندر دن کے اجالے اور رات کے اندھیرے میں مسلمانوں کے خلاف بنے جا رہے ہیں۔

اس لئے فی الوقت مسلمانوں پر عام طور سے اور اسلامی حکومتوں اور قیادتوں پر خاص طور سے یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ ان ناپاک اور گھناؤنی سرگرمیوں اور سازشوں سے ہوشیار رہیں۔ اور اپنے ذہن ودماغ کو بیدار رکھیں تاکہ پوری حکمت عملی اور تدبیر کے ساتھ دشمنان اسلام کے ناپاک منصوبوں اور باطل عزائم کے قلعوں کو ریت کے ذرات میں تبدیل کیا جا سکے۔

"وللّٰہ الامر من قبل ومن بعد"

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# شریعت اسلامی مسلمان کے لئے دستور حیات ہے

ذیل کا مضمون حضرت مولانا سید ابوالحسن علی حسنی ندوی رحمہ اللہ کا گرانقدر خطبہ صدارت ہے۔ جو اجلاس آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ، منعقدہ ۹، ۱۰، ۱۱ اکتوبر ۱۹۹۳ جے پور ہندوستان میں پڑھا گیا

**الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ و السلام علی سید الانبیاء والمرسلین، وعلی آلہ واصحابہ اجمعین. امابعد.**

حضرات علماء کرام و مسلمانان ہند۔ میں آپ سب حضرات کا خیر مقدم کرتے ہوئے جو ہندوستان میں امت مسلمہ اور شریعت اسلامی کے مختلف میدانوں میں اور مختلف سطح اور متفاوت درجات کے ساتھ نمائندگی کرتے ہیں اور توفیق الٰہی کے مطابق دین اور علم کی اشاعت اور شریعت کی حمایت اور دفاع میں مشغول ہیں، اپنے اس احساس واعتراف اور تاثر کو چھپا نہیں سکتا کہ مسلم پرسنل لاء بورڈ کا یہ اجلاس عام صحیح وقت کے ساتھ ایک مناسب، موزوں اور تاریخی ودینی اور شرعی اہمیت کے حامل مقام (جے پور) میں ہو رہا ہے۔ اس لئے کہ تاریخی شہر کی کچھ فاصلے پر وہ شہر (ٹونک) واقع ہے جس کو یہ شرف حاصل ہے کہ تیرہویں صدی ہجری کے وسط میں وہاں شہادت گاہ بالاکوٹ سے حامیان شریعت اور فدایان مسلت کا وہ قافلہ منتقل ہوا۔ جس کے لئے اللہ تعالیٰ نے شہادت فی سبیل اللہ کی بجائے شہادت بالحق اور حمایت و اشاعت شریعت کی سعادت مقدر فرمائی تھی۔

میری مراد تیرہویں صدی ہجری کے مجدد اور مجاہد اعظم حضرت سید احمد شہیدؒ رائے بریلوی

کے متعلقین اور افراد کا ندان کا وہ مجموعہ ہے جو ان کے ہم رکاب اور ان کا ہم سفر تھا، نیز رفقائے سفر ہجرت و جہاد کے وہ عالی حوصلہ، قوی الایمان اور باحمیت افراد جن کے لئے اللہ تعالیٰ نے شہادت جسمانی کے بجائے شہادت ایمانی ولسانی اور شرعی و دینی زندگی کا عملی نمونہ دکھانے اور اس کو برت کر بتانے کی سعادت اور امکان کو ترجیح دی تھی اور جو اس آیت کی تفسیر ہے:

"مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا ۔" (سورہ الاحزاب ۲۳)

"مومنوں میں کتنے ہی ایسے شخص ہیں کہ جو اقرار انہوں نے خدا سے کیا تھا اس کو سچ کر دکھایا، تو ان میں سے بعض ایسے ہیں جو اپنی نذر سے فارغ ہو گئے اور بعض ایسے ہیں جو انتظار کر رہے ہیں۔ اور انہوں نے (اپنے قول) کو ذرا بھی نہیں بدلا۔"

یہ قافلہ ٹونک کے قوی الایمان صاحب حمیت وحمایت اسلامی متشرع والی ریاست نواب وزیر الدولہ مرحوم (متوفی ۱۲۸۱ھ،۱۸۶۴ء) جو سید صاحبؒ کے مرید با اخلاص اور محبت باختصاص تھے کہ دعوت ہی نہیں بلکہ اصرار اور خوشامد پر ٹونک منتقل ہوا، جس کا بحیثیت ریاست کے کچھ ہی عرصہ پہلے قیام ہوا تھا اور انہوں نے شہر کے جس حصہ میں قیام اختیار کیا اس کا نام ہی ان کی رعایت سے "قافلہ" پڑ گیا اور آج بھی وہ اسی نام سے مشہور ہے۔

ان بقیۃ السیف اور بقیۃ السلف مہاجرین ومجاہدین کی جنہوں نے ٹونک میں قیام اختیار کیا یہ خصوصیت تھی کہ وہ عقائد وفرائض وعبادات ہی نہیں، عادات واخلاق ومعاملات، شادی وغمی کی تقریبات اور روز مرہ کی زندگی میں بھی متبع شریعت اور عامل بالسنۃ تھے۔ اور ان رسومات وعادات سے جو غیر مسلموں کے اختلاط اور دین وشریعت سے ناواقفیت یا قدیم رسوم کی پابندی کی وجہ سے ہندوستان کے عام مسلمانوں میں رواج پکڑ چکی تھیں، اور انہوں نے اکثر مقامات پر شریعت کی جگہ لے لی تھی، نہ صرف محفوظ بلکہ بیزار و باغی تھے اور ان کی زندگی اپنے پورے لوازم وتنوعات کے ساتھ عہد سلف کی یاد تازہ کرتی تھی اور یہ نتیجہ تھا، حضرات شہیدین (حضرت سید احمد شہیدؒ اور شاہ اسمٰعیل شہیدؒ) کی صحبت وتربیت کا۔

پھر اس ریاست کو یہ شرف بھی حاصل تھا کہ وہاں روز اول سے ریاستوں کے انعقاد منسوخی کے آخری دن تک عدالتیں شریعت کے مطابق فیصلہ کرتی تھیں اور وہاں شرعی قانون ہی

نافذ تھا، جس کے ترجمان و شارح اور اس کی تنفیذ و اجراء کا کام کرنے والے جید علماء وفقہاء محدثین تھے۔

اس قرب مکانی اور قابل فخر جوار کا لحاظ کرتے اور اس کی طرف اشارہ کرتے ہوئے علامہ اقبال کا یہ شعر پڑھنا ہر طرح موزوں اور برمحل معلوم ہوتا ہے

آگ بجھی ہوئی ادھر ٹوٹی ہوئی طناب ادھر
کیا خبر اس مقام سے گذرے ہیں کتنے کارواں

اس قرب مکانی اور اس پس منظر کے علاوہ یہ بھی اس اجلاس کے برمحل اور برموقع ہونے کی ایک دلیل اور فال نیک ہے کہ یہ اجلاس پہلی دفعہ اس سرزمین پر ہو رہا ہے جس کو اسلام کے اس مقبول موثر اور عہد آفرین و تاریخ ساز داعی اور مربی روحانی کے مرقد بننے کا شرف حاصل ہے، جس کو ہندوستان کے ایمانی و روحانی فاتح کا لقب دیا جاسکتا ہے۔ اور جس نے ہندوستان کی زمین، علاقے اور ملک کو اسلام کی تحویل میں لینے کے بجائے اس کا دل جیت لیا اور اس کے عقیدے، معاشرہ اور اخلاق پر سب سے زیادہ گہرا اثر ڈالا۔ اور اسلامی فتوحات کو حقیقی طور پر موثر عمیق اور دائمی بنایا، میری مراد حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ اجمیری کی ذات والا صفات سے ہے جن کا مرقد مبارک اس راجپوتانہ کی سرزمین کے ایک شہر اجمیر میں واقع ہے۔

آسماں اس کی لحد پر شبنم افشانی کرے
سبزہ نورستہ اس گھر کی نگہبانی کرے

## اسلام اور دیگر مذاہب میں نظامہائے زندگی کا فرق

سامعین کرام و حاضرین ذوی الاحترام!: اب میں اصل موضوع پر آتے ہوئے پہلے یہ عرض کروں گا کہ اسلام اور دوسرے مذاہب، معاشروں اور نظام ہائے زندگی کا ایک بنیادی فرق یہ ہے کہ اسلام میں ازدواجی زندگی مرد و عورت کا تعلق اور عائلی (Personal) رفاقت اور اس کی ذمہ داریاں، ان کے باہمی حقوق و فرائض، مذہب آسمانی اور شریعت خداوندی کا ایک شعبہ اور دین کا ایک جزء ہے۔ جس کے لئے آسمانی ہدایات، شرعی قوانین اور سنت رسول ﷺ

رہنما اور نمونہ ہے، جب کہ دوسرے مذاہب اور دنیا کے معاشروں اور تمدنوں میں وہ زندگی کی ایک ضرورت، ایک انسانی، نسلی اور تمدنی کبھی اختیاری اور کبھی اضطراری اور کبھی (مجھے معاف کیا جائے) تفریحی والتذاذی ضرورت ہے۔ اس بارہ میں اسلام کے امتیاز کا سب سے بڑا ثبوت یہ ہے کہ اس کے صحیفہ آسمانی میں طبقہ اناث اور صنف ازواج کو ایک احسان اور مردوں کے لئے ذریعہ سکون اور مستحق مودت ورحمت قرار دیا گیا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

"وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ."

(سورة الروم . ۲۱)

"اور اس کے نشانات (اور تصرفات) میں سے ہے اس نے تمہارے لئے تمہارے ہی جنس کی عورتیں پیدا کیں تا کہ ان کی طرف (مائل ہوکر) آرام حاصل کرو اور تم میں محبت ومہربانی پیدا کر دی، جو لوگ غور کرتے ہیں ان کے لئے ان باتوں میں (بہت ہی) نشانیاں ہیں۔"

پھر اس حقیقت خلقت اور مظہر رحمت کے آسمانی اعلان کے ساتھ جس کا تعلق طبقہ اناث اور ازدواجی زندگی سے ہے، نسل انسانی کے رہبر اعظم نمونہ ہے جس سے ازدواجی اور عائلی زندگی کے گذارنے کے لئے ہدایات ملتی ہیں اور رفیقہ حیات کا درجہ اور اس کا حق معلوم ہوتا ہے اس سلسلہ میں چند احادیث پر اکتفا کی جاتی ہے۔

"عن عائشة رضی الله عنها قالت: قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم، خیر کم خیر کم لاهله وانا خیر کم لاهلی"

(ترجمہ) "حضرت عائشہؓ سے روایت ہے: کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم میں سب سے بہتر وہ ہے جو اپنے گھر والوں کے لئے بہتر ہو اور میں اپنے گھر والوں کے لئے تم میں سب سے بہتر ہوں۔"

سیرت اور اسوہ نبوی سے اس کی تصدیق ہوتی ہے، حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ "میں نے کسی کو اپنے اہل خانہ کے ساتھ رسول اللہ ﷺ سے بڑھ کر شفیق ورحیم نہیں دیکھا۔"

عمرو بن الاحوص جوشمی روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے حجۃ الوداع کے موقع پر سنا کہ آپ نے خطبہ میں حمد وثنا کے تذکر ونصیحت کے بعد فرمایا کہ "عورتوں کے

ساتھ اچھا معاملہ رکھو اس لئے کہ وہ تمہاری زندگی میں تمہاری معاون اور رفیقہ حیات ہیں۔ ان کا حق ہے تم ان کو اچھا کھلاؤ اچھا پہناؤ۔"

حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ" اہل ایمان میں سب سے زیادہ کامل الایمان وہ ہے، جو سب سے زیادہ خوش خلق ہو اور تم میں سب سے بہتر وہ لوگ ہیں جو اپنی بیویوں کے لئے سب سے بہتر ہوں۔"

ایک دوسری روایت میں آتا ہے کہ" رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ دنیا ایک گذارہ کی چیز ہے اور اس کی سب سے بڑی دولت نیک بی بی ہے۔"

اس ازدواجی تعلق کی اہمیت کا اندازہ رسول اللہ ﷺ کے اس خطبہ نکاح سے ہوتا ہے جس میں سورہ نساء کی پہلی آیت پڑھی گئی اس میں نسل انسانی کے آغاز کا تذکرہ ہے جو اس مبارک موقعہ پر نہایت مناسب اور فال نیک ہے کہ حضرت آدمؑ کی ایک اکیلی ہستی تھی اور رفیقۂ حیات جن سے اللہ تعالیٰ نے نسل انسانی کی تخلیق کی اور اس نے روئے زمین کو بھر دیا، اللہ تعالیٰ نے ان دو ہستیوں میں ایسی محبت والفت اور ان کی رفاقت میں ایسی برکت عطا فرمائی کہ آج دنیا اس کی گواہی دے رہی ہے، تو خدا کے لئے کیا مشکل ہے کہ ان دو ہستیوں سے جو آج مل رہی ہیں۔ ایک کنبہ کو آباد اور ایک خاندان کو شاد و بامراد کر دے۔ پھر فرماتا ہے کہ آج اس پروردگار سے شرم کرو جس کے نام پر تم ایک دوسرے سے سوال کرتے ہو اور حقیقت بھی یہی ہے کہ ساری زندگی سوالات کا مظہر اور نمونہ ہے۔ یہی متمدن زندگی کا خاصہ ہے، یہ عقد اور نکاح کیا ہے۔ یہ بھی ایک مہذب اور مبارک سوال ہے، ایک شریف خاندان نے ایک دوسرے شریف خاندان سے سوال کیا کہ ہمارے نور عین اور لخت جگر کو رفیقہ حیات کی ضرورت ہے۔ اس کی زندگی نامکمل ہے۔ اس کی تکمیل کیجئے۔ دوسرے شریف خاندان نے اس سوال کو خوشی سے قبول کیا، پھر وہ دونوں اللہ کا نام بیچ میں لا کر ایک دوسرے سے مل گئے اور دو ہستیاں جو کل تک ایک دوسرے سے سب سے زیادہ بے گانہ سب سے زیادہ اجنبی اور سب سے زیادہ دور تھیں وہ ایسی قریب اور یگانہ بن گئیں کہ ان سے بڑھ کر قرب کا تصور بھی نہیں ہوسکتا۔ ایک کی قسمت دوسرے سے وابستہ اور ایک کا لطف وانبساط دوسرے پر منحصر ہوگیا یہ سب اللہ کے نام کا کرشمہ ہے، جس نے حرام کو حلال ناجائز کو جائز، غفلت و معصیت کو طاعت و عبادت بنا دیا

اور زندگیوں میں انقلاب عظیم برپا کر دیا، اللہ تعالی فرماتا ہے کہ اب اس نام کی لاج رکھنا، بڑی خودغرضی کی بات ہوگی کہ تم یہ نام درمیان میں لاکر اپنی غرض پوری کرلو اور کام نکال لو، پھر اس پر عظمت نام کو صاف بھول جاؤ اور زندگی میں اس کے مطالبات پورے نہ کرو، پھر فرمایا کہ ہاں رشتوں کا دور اور ان کے حقوق ختم نہیں ہو جاتے اور اگر کسی کے دل میں یہ خیال آئے کہ ایسی باتوں کی کون نگرانی کرے گا اور کون ہمیشہ ساتھ رہے گا۔ تو فرمایا:

''اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلَیْکُمْ رَقِیْبًا''

(ترجمہ) ''اللہ تعالی دائمی نگراں اور محاسب ہے۔''

اس کے برخلاف مختلف قدیم مذاہب اور قدیم وجدید تہذیبوں میں عورت کو کیا درجہ اور کیا حقوق دیئے گئے ہیں، اس سے واقفیت کے لئے وسیع النظر اور ہمت ومحنت کے ساتھ مذاہب اور تہذیبوں کے بارے میں تقابلی مطالعہ کی ضرورت ہے۔

اب یہاں پہنچ کر ہم اسلام کے عائلی قانون اور حقوق زوجین کے بارے میں چند غیر مسلم فضلاء اور ماہرین قانون کے اعترافات اور تصریحات پیش کرنے کی اجازت چاہتے ہیں کہ بعض مسلم مکاتب خیال اور ناعاقبت اندیش مسلمان اہل قلم کی تحریروں اور اعلانات سے ہندی وانگریزی پریس میں اسلام کا عائلی قانون اور اس کا ازدواجی نظام، اور سلام میں رفیقہ حیات ہی نہیں عورت کا درجہ طنز واعتراض اور تحقیر وتضحیک کا موضوع بن گیا۔

ہم یہاں تین چار شہادتوں پر اکتفا کرتے ہیں، ان میں سے ایک شہادت ایک مغربی فاضلہ کی ہے، جو ہندوستان میں ایک تربیتی واصلاحی تحریک کی قائد رہی ہیں اور انہوں نے ہندوستان کی تحریک آزادی میں بھی حصہ لیا تھا، ہماری مراد مسز اینی بسنت (Mrs> Annie Besant) سے ہے وہ کہتی ہیں:۔

''ہمیں یاد رکھنا چاہئے کہ عورتوں کے متعلق اسلام کے قوانین ابھی حالیہ زمانہ تک انگلینڈ میں اپنائے جارہے تھے یہ سب سے منصفانہ قانون تھا جو دنیا میں پایا جاتا تھا، جائداد وراثت کے حقوق اور طلاق کے معاملات میں یہ مغرب سے کہیں آگے تھا اور عورتوں کے حقوق کا محافظ تھا، یک زوجگی اور تعدد ازدواج کے الفاظ نے لوگوں کو مسحور کردیا ہے اور وہ مغرب میں عورت کی اس ذلت پر نظر نہیں ڈالنا چاہتے جسے اس کے اولین محافظ سڑکوں پر صرف اس لئے

پھینک دیتے ہیں کہ ان سے ان کا دل بھر جاتا ہے اور پھر ان کی کوئی مدد نہیں کرتا۔"

مسٹر (N.J.COULSON) لکھتے ہیں:۔

"بلاشبہ عورتوں کی حیثیت کے بارے میں خاص طور پر شادی شدہ عورتوں کے معاملہ میں قرآنی قوانین فضیلت کا مقام رکھتے ہیں، نکاح اور طلاق کے قوانین کثیر تعداد میں ہیں جن کا عمومی مقصد عورتوں کی حیثیت میں بہتری لانا ہے اور وہ عربوں کے قوانین میں انقلاب انگیز تبدیلی کے مظہر ہیں ..... اسے قانونی شخصیت عطا کی گئی جو اس سے پہلے حاصل نہیں تھی، طلاق کے قوانین میں قرآن نے سب سے بڑی تبدیلی جو کی ہے وہ عدت کو اس میں شامل کرنا ہے۔"

مذاہب واخلاق کے انسائیکلو پیڈیا کا مقالہ نگار لکھتا ہے:

"پیغمبر اسلام نے یقیناً عورت کا درجہ اس سے زیادہ بلند کیا جو اسے قدیم عرب میں حاصل تھا، خصوصی طور پر عورت متوفی شوہر کے ترکہ کا جانور نہیں رہی بلکہ خود ترکہ پانے کا حق دار ہوگئی اور ایک آزاد فرد کی طرح اسے دوبارہ شادی پر مجبور نہیں کیا جا سکتا تھا، طلاق کی حالت میں شوہر پر یہ واجب ہوگیا کہ اسے وہ سب چیزیں دے دے جو اسے شادی کے وقت ملی تھیں۔

اس کے علاوہ اعلیٰ طبقہ کی خواتین علوم وشاعری سے دلچسپی لینے لگیں اور کچھ نے استاد کی حیثیت سے بھی کام کیا، طبقہ عوام کی عورتیں اپنے گھر کی مالکہ کی حیثیت سے اپنے خاوندوں کی خوشی اور غم میں شریک ہونے لگیں۔ ماں کی عزت کی جانے لگی۔"

تقابلی قوانین کی بین الاقوامی کانفرنس (International Conference on Cmoparative law) منعقدہ پیرس کی ایشیائی قوانین کے مطالعہ کی شاخ (Branch of Oriental Studies) نے جس میں مغرب ومشرق کے فضلاء قانون شریک تھے، رزو لیوشن مورخہ ۷ جولائی ۱۹۵۱ء میں کہا ہے: "اسلامی قوانین پر ہفتہ بھر چلنے والے مباحثوں سے مندوبین کی سامنے یہ بات ابھر کر آئی کہ اسلامی قوانین کے اصولوں کی افادیت میں کوئی شبہ نہیں ہے۔ قانون کی اس عظیم شاخ میں وہ تمام اصول وطریقہ کار موجود ہیں جو اسے جدید زندگی کی ضروریات کو پورا کرنے کا اہل بناتے ہیں۔"

حضرات! یہ واقعہ ہے کہ ملک کے عام باشندوں اور خاص طور پر اخبار بینوں اور ملک میں

پیش آنے والی تحریکوں اور سرگرمیوں پر نظر رکھنے والوں کو معلوم ہے کہ سپریم کورٹ کے فیصلہ کے خلاف جس میں مطلقہ کو تاحین حیات نفقہ دلانے کا فیصلہ کیا گیا تھا، مسلم پرسنل لاء بورڈ کے ایماء اور ہدایت پر وہ ملک گیر تحریک چلی جس کی اپنی عمومیت، باہوش جوش اور سنجیدگی اور مسلمانوں کے مختلف فرقوں، تنظیموں اور مکاتب خیال کے اتحاد و تعاون میں تحریک خلافت کے علاوہ اور اس کے بعد کوئی نظیر نہیں ملتی تو ہندوستان کے غیر مسلم صحافیوں، دانشوروں اور عوام کی طرف سے ایک ایسے ردعمل، جوش و نفرت اور خوف و ہراس کا مظاہرہ ہوا کہ معلوم ہوتا تھا کہ شاید اس ملک پر کوئی غیر ملکی طاقت حملہ کرنے والی ہے یا بجلی گرنے والی ہے یا زلزلہ آنے والا ہے، حالانکہ یہ اس حقیقت پسندی اور احساس تناسب کے خلاف ہے۔ جس پر زندگی کا نظام چل رہا ہے، مسئلہ جس نسبت سے توجہ فکر و پریشانی کا مستحق ہے اسی نسبت سے اس کی طرف توجہ اور اس میں توانائی صرف کرنے کی ضرورت ہے، رائی کا پربت بنانا عقل سلیم کا تقاضا ہے۔ نہ عقل عملی (Practical Wisdom) کا سب کو معلوم ہے کہ اس ملک میں مطلوبہ جہیز نہ لانے پر دلہنیں اور معصوم لڑکیاں جلا دی جاتی ہیں، ملک میں سینکڑوں واقعات پیش آتے ہیں، نیشنل پولیس کے ایک صحیفہ "قومی آواز" دہلی ۱۰ جون ۱۹۸۲ء کے بیان کے مطابق "صرف دہلی میں ہر بارہ گھنٹہ پر ایک نئی بیاہی دلہن کو جلا کر مار ڈالا جاتا ہے۔" پھر اس سرزمین پر جہاں ہم آپ اس وقت جمع ہیں مختلف اطراف ستی کی رسم اب تک جاری ہے اور اس کے واقعات پیش آتے رہتے ہیں، ایسی صورت میں کیا احساس تناسب، عقل سلیم اور انسانی ہمدردی بلکہ اپنے فرقہ سے محبت کا تقاضہ یہ نہیں تھا کہ ان مظالم کی طرف توجہ اس سے کہیں زیادہ کی جائے جو مسلمانوں کے اپنے اسلامی عائلی قانون کے تحفظ کے مطالبہ اور یونیفارم سول کوڈ کی مخالفت میں کی جارہی ہے جس سے ملک میں حقیقی اتحاد پیدا ہونے کی امید رکھنا محض خوش فہمی اور دنیا کے واقعات سے اور دو گذشتہ جنگ عظیم سے سبق لینے کی مخالف ہے جو ایک ہی عائلی قانون اور سول کوڈ کی ماننے والی دو پروٹسٹنٹ عیسائی قوموں اور ملکوں کے درمیان ہوئی۔

## عورت شادی کے بعد اسلام اور دیگر مذاہب کی نظر میں

پھر یہ بھی ملحوظ رکھنا چاہئے تھا کہ اسلام اور مسلمانوں میں عورت کی شادی ہو جانے کے

بعد وہ اپنے خاندان، والدین اور بھائیوں سے کٹ نہیں جاتی اور مسلمان مطلقہ خاتون طلاق کے بعد یکسر لاوارث اور بھیک مانگنے یا زندگی کا خاتمہ کرنے پر مجبور نہیں ہوتی، نکاح اور طلاق دونوں حالتوں میں وہ خاندان کے ایک فرد، ماں باپ (اگر وہ زندہ ہیں) کی بیٹی اور بھائی بہنوں کی بہن ہوتی ہے، وہ ترکہ (Heritage) اور جائداد میں اس پورے حصے کی مستحق ہوتی ہے جو شریعت اسلامی نے مقرر کردیا ہے اور جس کا قرآن مجید میں ذکر اور اس کے دینے کی تاکید کی ہے۔

اس کی برخلاف ہندو معاشرہ اور سماج میں عورت شادی کے بعد اپنے خاندان، ماں باپ، بھائی بہنوں سے کٹ جاتی ہے، اس کی کفالت کی ذمہ داری سرتاسر شوہر پر عائد ہوتی ہے اور شوہر کے انتقال پر عورت بالکل لاوارث اور تنہا ہوجاتی ہے اسی صورت حال اور رواج نے قدیم زمانہ میں (جس کی تاریخی تحدید مشکل ہے) خواتین کے طبقہ کو جو بیوگی کی زندگی گزارنے پر مجبور تھا، ستی کی رسم کی طرف مائل کیا جو اس کسمپرسی اور لاوارثیت سے نجات پانے کا واحد راستہ نظر آتا تھا۔

حضرات! سپریم کورٹ کے فیصلہ کی منسوخی (جس میں مطلقہ کو عین حیات نفقہ دینے کو لازم قرار دیا گیا تھا) اور پارلیمنٹ میں اس کے خلاف ممتاز تاریخی غیر معمولی اکثریت کے ساتھ پرسنل لاء بورڈ کے مطالبہ اور مسلمانوں کی رائے عامہ کے مطابق بل پاس ہوجانے کا جو تاریخ ساز اور یادگار واقعہ پیش آیا اور جس میں مسلم پرسنل لاء بورڈ کو کھلی کامیابی ہوئی۔ اس کے بعد بھی مسلم پرسنل لاء بورڈ کا (اور حقیقتاً شریعت اسلامی کی حفاظت وحمایت کرنے والوں اور مسلمانوں کے عائلی قانون (پرسنل لاء) کے باقی رہنے کی جدوجہد کرنے والوں کا کام ختم نہیں ہوا بقول شاعر ؎

مکتب عشق کا دیکھا یہ نرالا دستور
اس کو چھٹی نہ ملی جس کو سبق یاد ہوا

اس کے بعد ایک اہم مرحلہ تو یہ ہے جو بورڈ کی توجہ کا موضوع اور حقائق وواقعات کا فطری تقاضا ہے کہ بل کے پارلیمنٹ سے پاس ہوجانے کی بعد بھی ہندوستان کی بعض ریاستوں اور بعض مقامات کی عدالتیں سپریم کورٹ کے سابقہ فیصلہ کے مطابق مطلقہ کو عین حیات نفقہ

دینے کے حق میں فیصلہ کر رہی ہیں، جو صریح قانونی تضاد بلکہ حقیقتاً ایک منظور شدہ قانون سے بغاوت کے مرادف ہے جو مرکزی حکومت کا پاس کیا ہوا ہے اور واجب العمل ہے۔ اس کے لئے بورڈ کی مجلس منتظمہ اور اس کے قانون داں ارکان اور وکلاء کوشش کر رہے ہیں اور اس سلسلہ میں مقدمات بھی دائر ہوئے ہیں، یہ مرکزی حکومت کا فرض تھا اور ہے کہ وہ اپنے وزیر قانون کے ذریعہ اپنے اختیارات سے اس سلسلہ کو بند کرائے۔ اس سلسلہ میں بورڈ کے ایک وفد نے سابق وزیر اعظم وی پی سنگھ جی سے ملاقات بھی کی تھی اور ان کی توجہ مبذول کرائی تھی اور انہوں نے اس کا وعدہ بھی کیا تھا لیکن ان کی عہد حکومت میں اس پر کوئی توجہ دی جا سکی اور نہ بعد کی حکومتوں کو اپنی اس ذمہ داری کا احساس ہوتا ہے اور اس میں مرکزی حکومت کی اہانت محسوس ہوتی ہے، ضرورت ہے کہ پوری توجہ اور تنظیم وامن کے ساتھ احتجاج اور قانونی چارہ جوئی کا سلسلہ جاری رہے ورنہ اندیشہ ہے کہ کہیں ان محنتوں پر پانی نہ پھر جائے جو اس سلسلہ میں کی گئیں۔

۱۔ بورڈ کے اہم ترین اور بنیادی مقاصد میں اصلاح معاشرہ کا کام داخل ہے اس سلسلہ میں کوشش ہوتی رہی ہے جلسے بھی اور دورے بھی ہوئے ہیں جن میں سب سے بڑا عوامی جلسہ اور اجتماع یکم مارچ ۱۹۹۲ء کو پٹنہ کے گاندھی میدان میں ہوا، جس کی اپنی وسعت اور مقبولیت میں دور دور تک اور دیر دیر تک نظیر نہیں ملتی، لیکن ضرورت ہے کہ اس کے لئے تھوڑے تھوڑے وقفہ سے ہمہ گیر دورے اور عظیم و وسیع جلسے ہوں، دینی جلسوں اور مساجد کے مواعظ و خطبات کا بھی یہ موضوع بن جائے اور عام زندگی پر اس کا اثر پڑے۔

۲۔ عرصہ سے اس کی ضرورت محسوس کی جا رہی تھی کہ اسلامی عائلی قانون کے موضوع پر ایک مستند اور مفصل کتاب تیار کی جائے جو آزاد اور شرعی دار القضا سے لے کر سرکاری عدالتوں تک میں ایک قابل اعتماد حوالہ کی کتاب اور فقہی مرجع ہو، انگریزوں نے اپنے دور حکومت میں محمڈن لاء (Mohammadan law) پر مسلمان ماہرین قانون سے کتابیں لکھوائیں، جن میں جسٹس سید امیر علی اور جسٹس عبد الرحیم کی کتابیں خاص طور پر مشہور مقبول ہوئیں اور وکلاء اور ججوں نے ان پر اعتبار کیا۔

لیکن ضرورت تھی کہ از سر نو اور زیادہ محنت، وسیع النظری اور دقیق النظری کے ساتھ

ہندوستان کے مستند علماء، و ماہرین فقہ وحدیث اس کام کو انجام دیں اور ایک ایسی نئی کتاب کی ترتیب عمل میں آئے جو مرجع اور سند کا کام دے۔

اس ضرورت کا احساس سب سے پہلے مسلم پرسنل لاء بورڈ کے بانی امیر شریعت حضرت مولانا سید منت اللہ صاحب رحمانی کو ہوا، جن کو اللہ تعالیٰ نے دور بینی، بیدار مغزی اور حقیقت شناسی اور خطرات کی آگاہی کی دولت سے خاص طور پر بہرہ مند فرمایا تھا اور اسی بصیرت اور ذہانت و توفیق الٰہی نے ان سے آل انڈیا مسلم پرسنل لاء بورڈ کی تشکیل کا کام لیا اور انہوں نے اپنی نگرانی و سرپرستی میں مونگیر میں یہ کام شروع کرادیا لیکن اس کام کی تکمیل کی نوبت نہیں آئی تھی کہ انہیں سفر آخرت پیش آ گیا۔

لیکن مولانا مرحوم کی وفات کے بعد بھی بورڈ اور امارت شرعیہ نے اس کام کو جاری رکھا اور ہندوستان کے مستند و ممتاز علماء، ماہرین فقہ اور مفتیان عظام نے اپنے مقامات سے سفر کر کے مونگیر اور پٹنہ میں ربیع الاول ۱۴۱۴ھ میں توفیق و اعانت الٰہی سے یہ کام مکمل کرلیا، جس کو فی الحال "اسلام کے عائلی قوانین کی دفعہ وار تدوین" کے نام سے موسوم کیا جا سکتا ہے۔

ضرورت ہے کہ اس کتاب کا انگریزی میں بھی ترجمہ شائع ہوتا کہ وکلاء اور جج صاحبان بھی اس سے فائدہ اٹھا سکیں اور قدیم محمڈن لاء کی کتابوں کے قائم مقام ہو اور اس کی ایک سند اور مرجع کی حیثیت ہو۔

حضرات سامعین کرام! اب میں دین کے ایک نمائندہ اور داعی کی حیثیت سے اور مسلم پرسنل لاء بورڈ کے ایک ذمہ دار کی حیثیت سے آپ سے ایمانی و قرآنی زبان میں کچھ خطاب کرنا چاہتا ہوں۔ کہ اس کے بغیر یہ شرف جو آپ نے اس عاجز کو بخشا ہے اور یہ قیمتی وقت جو آپ نے اس موقر مجلس میں شرکت کے لئے دیا ہے اس کا حق نہیں ادا ہوگا۔ اور اندیشہ ہے کہ اللہ کے یہاں محاسبہ ہو، جہاں پر میں اس عرض داشت کا اعادہ کروں گا جو دہلی کے اجلاس منعقدہ ۲۴-۲۳ نومبر ۱۹۹۱ء میں کی گئی تھی۔

آپ دیکھئے کہ آپ اسلامی و قرآنی قانون معاشرت کا خود کتنا احترام کرتے ہیں اس پر خاندانی روایات کو اور رسم و رواج کو کتنی ترجیح دیتے ہیں۔ اس پر اس کا اضافہ کیجئے جو آپ نے اپنے ہم وطنوں سے سیکھا ہے۔ جہیز کا بڑھا چڑھا کر مطالبہ ہم میں جہاں سے آیا ہے۔ اس کو کسی

نام سے یاد کیا جاتا ہو، یہ چیز کہاں سے آئی۔ مکہ ومدینہ حرمین شریفین سے آئی ہے۔ قرآن مجید کے راستہ سے آئی ہے۔ یہ لعنت کہاں سے آئی۔ جب آپ اس کو قبول کرتے ہیں تو بطور سزا کے آپ کی غیرت ملی کو آپ کے وجود ملی کو بار بار نشانہ بنایا جاتا ہے۔

لیکن جب ہم اہل حکومت اور برادران وطن سے شکایت کرتے ہیں تو ہمیں آپ سے شکایت کرنے کا حق کیوں نہ ہو۔ ان سے تو شکایت کریں گے اور ان کا دامن پکڑیں گے لیکن آپ کا گریبان پکڑ لیں گے اور وہ ہاتھ ہمارا ہاتھ نہیں ہوگا، وہ دینی احتساب کا ہاتھ ہوگا، وہ شریعت کا ہاتھ ہوگا جو آپ کا گریبان پکڑے گا اور کہے گا کہ پہلے تم اپنے گریبان میں منہ ڈال کر دیکھو کہ تم اس قانون پر کتنا چلتے ہو، تمہاری نگاہوں میں اس قانون کی کتنی حرمت ہے۔

تم جہاں اس قانون کو چلا سکتے ہو وہاں چلا رہے ہو کہ نہیں، تم تو اپنے گھروں میں اس قانون کو نہ چلاؤ اور حکومت سے مطالبہ کرو کہ وہ تمہارے قانون کو چلائے اس کا احترام کرے۔

یہاں سے یہ عہد کر کے جائیے کہ اب قانون شریعت پر آپ چلیں گے۔ یہ جہیز کی کیا مصیبت ہے۔ لڑکے والوں کے طرف سے مطالبات کی ایک لمبی چوڑی فہرست پیش ہوتی ہے شرائط پیش کئے جاتے ہیں، ان کے پورا نہ ہونے پر یہ معصوم لڑکیاں جلادی جاتی ہیں ملک میں سینکڑوں واقعات پیش آتے ہیں، کیا اس کائنات کے خالق اور نوع انسانی کے مربی کو (جس کی مخلوق مرد وعورت دونوں ہیں) یہ چیز گوارہ ہوسکتی ہے۔ کیا اس ظلم کے ساتھ کوئی ملک معاشرہ پنپ سکتا ہے۔ خدا کی رحمت ونصرت کا مستحق ہوسکتا ہے۔ آپ رحمۃ للعالمین کی امت ہیں، آپ کے ہوتے ہوئے دوسروں کو بھی اس کی ہمت نہیں ہونی چاہئے تھی، میں نے دہلی ہی کے ایک جلسہ میں کہا تھا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

"وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ ط وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ" (سورۃ الانفال ۳۳)

(ترجمہ) "اور خدا ایسا نہ تھا جب کہ تم ان میں سے تھے انہیں عذاب دیتا اور نہ ایسا تھا کہ وہ بخشش مانگیں اور انہیں عذاب دے۔"

آپ رحمۃ للعالمین کی امت ہیں آپ کے ہوتے ہوئے ہندوستانی سماج میں

ہندوستان کے معاشرہ اور سوسائٹی میں یہ ظلم ہو، اس کو عقل قبول کرنے کے لئے تیار نہیں، آپ کے ہوتے ہوئے بھی یہ نہیں ہونا چاہئے تھا چہ جائیکہ آپ کے ہاتھوں ہو، عہد کیجئے کہ آپ اسلامی طریقہ پر، شریفانہ انسانی طریقہ پر شادی کا پیام دیں گے۔ آپ لڑکی مانگیں گے، اپنے لئے رفیقہ حیات کی تلاش کریں گے بیٹے کے لئے پیام دیں گے جہیز کے لئے آپ کے بڑھے چڑھے مطالبات نہیں ہوں گے ہمیں یہ ملنا چاہئے وہ ملنا چاہئے لڑکوں کو اوران کے وارثوں اور بزرگوں کو اس کا عہد کرنا چاہئے کہ ہم اپنے یہاں تو کیا ہم اس ملک سے اس رسم کو ختم کردیں گے۔

ایسے ہی ترکہ شرعی طور پر تقسیم ہونا چاہئے، نکاح شرعی طریقہ پر ہو، اور طلاق کا مسنون طریقہ معلوم کرنا چاہئے۔ مسنون اور افضل طریقہ کیا ہے، پھر اس کے بعد فقہی طلاق جس سے طلاق واقع ہوجاتی ہے۔ اس کو سمجھنا چاہئے یہ بھی جاننا چاہئے کہ طلاق رجعی کیا ہوتا ہے، طلاق بائن مغلظہ کیا ہوتا ہے۔ پھر آپ یہ بھی سمجھیں کہ طلاق ابغض المباحات ہے، خود رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ جائز ہے لیکن آخری درجہ کی چیز ہے، بڑی مجبوری کی چیز ہے۔ جو اپنے کو حرام چیزوں سے اور زندگی کو تلخ بننے سے بچانے کے لئے بہت مجبوری سے دل پر پتھر رکھ کر اختیار کی جاتی ہے۔ یہ نہیں کہ طلاق ایک فیشن ہوگیا ہے جو لوگ مسلمانوں کو یہ طعنہ دیتے ہیں اس میں تھوڑی سی ہماری کوتاہی کو بھی دخل ہے جتنا طعنہ دیتے ہیں اتنے کے مستحق تو ہم ہرگز نہیں ہیں۔

حضرات! اب آپ اس اجلاس سے جو جے پور میں ''جامعہ ہدایت'' کے سایہ میں ہورہا ہے، اپنے اپنے مقامات پر واپس جائیں گے ضرورت ہے کہ آپ جامع پیغام ہدایت لے کر جائیں اور یہ اجلاس نہ صرف آپ کے عائلی اور خاندانی دائرہ میں کتاب وسنت اور ہدایت ربانی کے مطابق زندگی گذارنے اہل حقوق کو ان کے حقوق ادا کرنے اور ایک صالح وعادل اور متبع سنت ومعاشرہ کا نمونہ پیش کرنے کا باعث ہو بلکہ آپ کے ذریعہ آپ کے ہم وطن اور ہم شہر مسلمانوں ہی نہیں بلکہ غیر مسلموں کے سامنے بھی اسلامی عائلی زندگی اور صالح معاشرہ کا ایک ایسا نمونہ پیش آئے جس سے ان کو نہ صرف اسلام کی تعلیمات کی قدر اور اعتراف ہو بلکہ اس کی طرف کشش اور انجذاب پیدا ہو۔ وما ذٰلک علی اللہ بعزیز۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

# حقیقت اسلام اور صورت اسلام

الحمد لله رب العالمين والصلوة والسلام على سيد الانبياء والمرسلين ، وعلى آله واصحابه اجمعين. امابعد.

حضرات! حضرت خبیب کا واقعہ آپ نے سنا ہے کہ پھانسی کے تختہ پر ان کو چڑھایا گیا، چاروں طرف سے نیزوں کی نوکوں نے ان کو کوچنا شروع کیا، برچھیوں نے ان کے جسم کو چھلنی کر دیا، وہ صبر و استقامت کے ساتھ مقابلہ کرتے رہے، عین اس حالت میں ان سے کہا جاتا ہے کہ کیا تم اس پر راضی ہو کہ تمہاری جگہ رسول اللہ ﷺ ہوں؟ وہ تڑپ کر جواب دیتے ہیں کہ میں تو اس پر بھی راضی نہیں کہ مجھے چھوڑ دیا جائے اور حضور کے تلوہ میں کوئی کانٹا بھی چبھے، حضرات! کیا یہ صورت اسلام تھی جس نے ان کو تختہ دار پر ثابت قدم رکھا اور ان کی زبان سے یہ الفاظ کہلوائے؟ نہیں، وہ اس کی حقیقت تھی جو ان کے ہر زخم پر مرہم رکھتی تھی، جو ہر نیزے کی چبھن پر ان کے سامنے جنت کا نقشہ لاتی تھی اور انہیں دکھاتی تھی کہ یہ تمہاری اس تکلیف کا صلہ ہے بس چند لمحوں کا معاملہ ہے یہ جنت تمہاری منتظر ہے۔ اگر تم نے اس فانی جسم کی اس فانی تکلیف کو گوارا کر لیا تو غیر فانی زندگی کی غیر فانی راحت تمہارا حصہ ہے، یہ عشق و محبت کی حقیقت تھی، جب اسے کہا گیا کہ کیا تم کو یہ منظور ہے کہ تمہاری جگہ رسول اللہ ﷺ ہوں؟ تو حضور کی صورت حقیقت بن کر ان کے سامنے آ گئی اور ان کو گوارا نہیں ہوا کہ اس جسم اقدس کو ایک کانٹے کی بھی تکلیف ہو۔

یہ چند پاک اور بلند حقائق تھے جو درد و تکلیف کی حقیقت پر غالب آئے۔ صورت اسلام میں اس حقیقت درد و تکلیف کا مقابلہ کرنے کی طاقت نہ پہلے تھی نہ اب ہے، صورت اسلام کا بھی مقابلہ نہیں کر سکتی، ہم کو اور آپ کو معلوم ہے کہ گزشتہ فسادات کے موقع پر خیالی

خطرات کی بناء پر لوگوں نے صورت اسلام بدل دی، مسلمانوں نے سروں پر چوٹیاں رکھیں اور غیر اسلامی شعار اختیار کئے، اس لئے کہ ان غریبوں کے پاس صرف صورت اسلام تھی جو اس میدان میں ٹھہر نہیں سکتی تھی۔

آپ نے سنا ہے کہ حضرت صہیب رومی ہجرت کر کے جانے لگے تو کفار مکہ نے ان کو راستہ میں روکا، اور کہا کہ صہیب تم جا سکتے ہو مگر یہ مال نہیں لے جا سکتے جو تم نے ہمارے شہر میں پیدا کیا ہے، اب حقیقت اسلام کا حقیقت مال سے مقابلہ تھا حقیقت اسلام اپنی مقابل حقیقت پر غالب آئی، صورت اسلام ہوتی تو وہ حقیقت مال کا مقابلہ نہیں کر سکتی تھی۔

آپ نے سنا ہے کہ حضرت ابو سلمہؓ جب ہجرت کر کے جانے لگے تو کفار ان کا راستہ روک کر کھڑے ہو گئے انہوں نے کہا کہ تم جا سکتے ہو مگر ہماری لڑکی ام سلمہ کو نہیں لے جا سکتے، اب حقیقت اسلام کا ایک حقیقت سے مقابلہ تھا وہ حقیقت کیا تھی؟ بیوی کی محبت جو ایک حقیقت تھی، لیکن اسلام کی حقیقت مومن کے دل میں ہر حقیقت سے زیادہ طاقتور اور گہری ہوتی ہے انہوں نے بیوی کو اللہ کے حوالے کیا اور تن تنہا چل دیئے کیا صورت اسلام اتنی طاقتور ہے کہ آدمی بیوی کو چھوڑ دے؟ ہم نے تو دیکھا ہے کہ لوگوں نے بیوی اور بچوں کے لئے کفر تک اختیار کر لیا اور صورت اسلام کی ذرا پرواہ نہیں کی ہے۔

آپ نے سنا ہے کہ حضرت ابو طلحہؓ نماز پڑھ رہے تھے کہ ان کے باغ میں ایک چھوٹی سی چڑیا آگئی اور اس کو پھر جانے کا راستہ نہ ملا، حضرت ابو طلحہؓ کی توجہ بٹ گئی، نماز کے بعد انہوں نے پورا باغ صدقہ کر دیا اس لئے کہ حقیقت نماز اس شرکت کو گوارا نہیں کر سکتی تھی باغ کی بھی ایک حقیقت ہے اس کی سرسبزی، اس کی فصل، اس کی قیمت ایک حقیقت ہے اس حقیقت کا مقابلہ صورت نماز نہیں کر سکتی تھی، اس کا مقابلہ کرنے کی طاقت حقیقت صلوٰۃ ہی میں ہے، آج ہماری آپ کی نماز ادنیٰ سے ادنیٰ حقیقتوں کا مقابلہ اس لئے نہیں کر سکتی کہ وہ حقیقت سے خالی اور ایک صورت ہے۔

آپ نے سنا ہوگا کہ یرموک کے میدان میں چند ہزار مسلمان تھے اور کئی لاکھ رومی، ایک عیسائی (جو مسلمانوں کے جھنڈے کے نیچے لڑ رہا تھا) کی زبان سے بے اختیار نکلا کہ رومیوں کی تعداد کا کچھ ٹھکانہ ہے؟ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے کہا خاموش! خدا کی قسم اگر

میرے گھوڑے اشقر کے سم درست ہوتے تو میں رومیوں کو پیغام بھیجتا کہ اتنی ہی تعداد اور میدان میں لے آئیں۔

حضرات! حضرت خالدؓ کو یہ اطمینان واعتماد کیوں تھا اور وہ رومیوں کی تعداد کو بے حقیقت کیوں سمجھتے تھے؟ اس لئے کہ وہ حقیقت اسلام رکھتے تھے اور سمجھتے تھے کہ اس کے مقابل صرف رومیوں کی صورتیں ہیں جو ہر طرح کی حقیقت سے خالی ہیں، یہ لاکھوں صورتیں اسلام کی حقیقت کے سامنے ٹھہر نہیں سکتیں، ہم یقینا کلمہ پڑھتے ہیں، ہم میں سے بہت سے لوگ کلمہ کے معنی سے بھی واقف ہیں لیکن کلمہ کوئی اور چیز ہے وہ ان الفاظ اور معانی سے بہت بلند ہے، کلمہ کی یہ حقیقت صحابہ کرام کو حاصل تھی جب وہ کہتے تھے لا الہ الا اللہ تو واقعتاً سمجھتے تھے کہ اللہ کے سوا کوئی حاکم و بادشاہ نہیں، اللہ کی سوا کوئی محبت و خوف کے لائق نہیں، اللہ کے سوا کسی کی ہستی کوئی ہستی نہیں، کیا یہ سب حقیقتیں ہم سب کے دل میں اتری ہوئی ہیں، ہمارے دماغ کے اندر بسی ہوئی ہیں، ہماری زندگی کے اندر جڑ پکڑے ہوئے ہیں؟ اگر ہم ان حقیقتوں سے واقف ہی ہوتے تو لا اللہ الا اللہ کہتے ہوئے ہمیں احساس ہوتا کہ ہم کتنی بڑی بات کہہ رہے ہیں جس کو اس حقیقت کا ذرا بھی احساس ہے اسلام کا دعویٰ کرتے ہوئے سمجھتا ہے کہ وہ کتنا بڑا دعویٰ کر رہا ہے۔

چوں می گویم مسلمانم بہ لرزم
کہ دانم مشکلات لا الہ را

ہم سب جانتے ہیں کہ آخرت برحق ہے، جنت و دوزخ برحق ہے، مرنے کے بعد یقینا زندہ ہونا ہے لیکن کیا سب کو ایمان کی وہ حقیقت حاصل ہے جو صحابہ کو حاصل تھی، اس حقیقت کا نتیجہ یہ تھا کہ صحابی کھجور کھاتے کھاتے پھینک دیتا ہے اور کہتا ہے کہ ان کے ختم ہونے کا انتظار کرنا میرے لئے بہت مشکل ہے اور فوراً بڑھ کر شہادت حاصل کرتا ہے، اس لئے کہ جنت اس کے لئے ایک حقیقت تھی اور حقیقت اس کے سامنے تھی، اس کی حقیقت جس کو حاصل تھی وہ قسم کھا کر کہتا تھا کہ مجھے احد پہاڑ کے اس طرف سے جنت کی خوشبو آ رہی ہے، یرموک کے میدان میں ایک صحابی ابوعبیدہؓ کے پاس آتے ہیں اور کہتے ہیں کہ امیر میں سفر کے لئے تیار ہوں کوئی پیغام تو نہیں کہنا ہے؟ وہ کہتے ہیں ہاں! رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ہمارا سلام عرض کرنا اور

کہنا کہ آپ ﷺ نے ہم سے جو وعدے فرمائے تھے وہ سب پورے ہو رہے ہیں یہ ہے یقین کی حقیقت اس حقیقت پر کون سی قوت غالب آ سکتی ہے اور ایسی حقیقت رکھنے والی جماعت پر کون سی جماعت غالب آ سکتی ہے؟

## صورت اسلام حفاظت کرنے کے لئے کافی نہیں:

امت میں جو سب سے بڑا انقلاب ہوا وہ یہ کہ اس کی ایک بڑی تعداد اور شاید سب سے بڑی تعداد میں صورت نے حقیقت کی جگہ لے لی، یہ آج کی بات نہیں، یہ صدیوں کی پرانی حقیقت ہے، صدیوں سے صورت نے حقیقت کی جگہ حاصل کر رکھی ہے، عرصہ تک دیکھنے والوں کو صورت پر حقیقت کے ڈر سے اس صورت کے قریب آنے سے بچتے رہے لیکن جب کسی نے ہمت کر کے اس صورت کو چھوا تو معلوم ہوا کہ اندر سے پول ہے اور حقیقت غائب ہو چکی ہے۔

آپ نے دیکھا ہوگا کبھی کبھی کاشتکار کھیت میں ایک لکڑی گاڑ کر اس پر کوئی کپڑا ڈال دیتا ہے جس کو دیکھ کر پرندوں اور جانوروں کا شبہ ہوتا ہے کہ کوئی آدمی رکھوالی کر رہا ہے لیکن اگر کبھی کوئی سیانا کوا یا ہوشیار جانور ہمت کر کے کھیت میں جا پڑے تو ظاہر ہے کہ بے جان شبیہ کچھ نہیں کر سکتی، پھر نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جانور اس کھیت کو روند ڈالتے ہیں اور پرندے اس کا ستیاناس کر دیتے ہیں۔

مسلمانوں کے ساتھ یہی واقعہ پیش آیا، ان کی صورت حقیقت بن کر برسوں ان کی حفاظت کرتی رہی، قومیں ان کے قریب آنے سے ڈرتی تھیں، حقیقت اسلام کے واقعات ان کے ذہن میں تازہ تھے اور کسی کو مسلمانوں پر حملہ کرنے کی جرات نہیں ہوتی تھی، لیکن کب تک؟ جب تاتاریوں نے بغداد پر چڑھائی کی، جس پر حملہ کرنے سے وہ برسوں احتیاط کرتے رہے، تو اس صورت کی حقیقت کھل گئی اور مسلمانوں کا بھرم جاتا رہا، اس وقت سے صورت اسلام حفاظت کرنے کے لئے کافی نہیں ہے اب صرف حقیقت اسلام ہی اس امت کی حفاظت کر سکتی ہے۔

## حقیقت اسلام مدتوں سے میدان میں آئی ہی نہیں:

عرصہ دراز صورت اسلام معرکہ آزما ہے اور شکست پر شکست کھا رہی ہے اور حقیقت اسلام مفت میں بدنام اور دنیا کی نگاہوں میں ذلیل ہو رہا ہے، دنیا سمجھ رہی ہے کہ ہم اسلام کو شکست دے رہے ہیں، اس کو خبر نہیں کہ حقیقت اسلام تو مدت سے میدان میں آئی ہی نہیں اس کے مقابلہ میں مسلمانوں کی صورت آئی ہوئی ہے نہ کہ اسلام کی حقیقت۔

یورپ کی قوموں کے مقابلہ میں ترکی میدان میں آیا لیکن اسلام کی ایک نڈھال صورت لے کر، یہ نحیف نزار صورت مقابلہ میں نہ ٹھہر سکی، فسلطین میں تمام عرب قومیں اور سلطنتیں مل کر یہودیوں کے مقابلہ میں آئیں لیکن حقیقت اسلام، شوق شہادت، جذبہ جہاد اور ایمانی کیفیات سے اکثر عاری، عربی قومیت کے نشہ میں سرشار، صرف اسلام کے نام و نسبت سے آراستہ، نتیجہ یہ ہوا کہ اس صورت نے یہودیوں کی جنگی قوت تنظیم و اسلحہ کی حقیقت سے مات کھائی اس لئے کہ صورت حقیقت کا مقابلہ نہیں کر سکتی، یہودی ایک حقیقت رکھتے تھے اگرچہ سرتاپا مادی ، عرب صرف ایک صورت رکھتے تھے، اگرچہ مقدس لیکن صورت صورت ہے اور حقیقت حقیقت ہے۔

## رحمت، نصرت، تائید و اعانت کے وعدے حقیقت سے متعلق ہیں

اسلام کی صورت اللہ کے یہاں ایک درجہ رکھتی ہے اس لئے کہ اس میں مدتوں اسلام کی حقیقت بسی ہوئی رہی ہے اور یہ اسلام کی حقیقت غالب ہے اسلام کی صورت بھی اللہ کو پیاری ہے اس لئے کہ اس کے محبوبوں کی پسندیدہ صورت ہے، اسلام کی صورت بھی اللہ کی ایک بڑی نعمت ہے اس لئے کہ صورت سے حقیقت اسلام کی طرف منتقل ہونا نسبتاً آسان ہے جہاں صورت بھی نہیں وہاں حقیقت پر پہنچنا بہت مشکل ہے لیکن دوستو! اللہ تعالی کی رحمت و نصرت کے وعدے دنیا میں اور مغفرت و نجات اور ترقی درجات کے وعدے آخرت میں سب حقیقت سے متعلق ہیں نہ کہ صورت سے، حدیث میں ہے:۔ اللہ تعالی تمہاری صورتوں اور مالوں کو نہیں دیکھتا ہے وہ تمہارے دلوں اور اعمال کو دیکھتا ہے، جو لوگ صرف صورت کے حامل تھے

اور حقیقت سے یکسر خالی تھے ان کو وہ ان لکڑیوں سے تشبیہ دیتا ہے جو کسی سہارے رکھی ہوئی ہیں وہ فرماتا ہے:۔

''اگر تم ان کو دیکھو تو تم کو ان کے جسم بڑے بھلے معلوم ہوں گے وہ بات کریں گے تو تم کان لگا کر سنو گے لیکن واقعہ یہ ہے کہ وہ لکڑیاں ہیں جو سہارے سے رکھی ہوئی ہیں ہر آواز کو وہ اپنے خلاف ہی سمجھتے ہیں۔''

اللہ تعالیٰ ہمیں اسلام کی حقیقت کو سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

**و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین**

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# آدمیت سے بغاوت

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سیدالانبیاء والمرسلین وعلی آلہ واصحابہ اجمعین. امابعد

## انسان کی تلاش:

ترکی کی حدود میں ایک بڑے مشہور شاعر اور حکیم گزرے ہیں جن کا نام مولانا روم ہے۔ انہوں نے اپنی مثنوی میں ایک دلچسپ واقعہ لکھا ہے، کہ کل رات کا واقعہ ہے کہ ایک ضعیف العمر آدمی چراغ لئے شہر کے گرد گھوم رہے تھے اور اندھیری رات میں کچھ تلاش کر رہے تھے میں نے کہا کہ حضرت سلامت آپ کیا تلاش کر رہے ہیں۔ فرمانے لگے کہ مجھے انسان کی تلاش ہے میں چوپایوں اور درندوں کے ساتھ رہتے رہتے عاجز آ گیا ہوں۔ میرا پیمانہ صبر لبریز ہو چکا ہے اب مجھے ایک ایسے انسان کی تلاش ہے جو خدا کا شیر اور مرد کامل ہو۔ میں نے کہا بزرگوار اب آپ کا اخیر وقت ہے۔ انسان کو آپ کہاں تک ڈھونڈیں گے اس عنقاد کا ملنا آسان نہیں۔ میں نے بھی بہت ڈھونڈا ہے لیکن نہیں پایا۔ ان بزرگ نے جواب دیا کہ میری ساری عمر کی عادت یہ ہے کہ جب کسی چیز کو سنتا ہوں کہ وہ نہیں ملتی تو اس کو اور زیادہ تلاش کرتا ہوں۔ تم نے مجھے اب اس بات پر آمادہ کر دیا کہ میں اس گم شدہ انسان کو اور زیادہ ڈھونڈوں اور اس کی تلاش سے کبھی باز نہ آؤں۔

یہ ایک شاعر کا مکالمہ ہے آپ کو شاید تعجب ہو کہ ایسا بھی وقت تھا۔ کہ انسان بالکل نایاب ہو گیا تھا۔ مولانا روم نے ہمارے دل میں ایک سوال پیدا کر دیا کہ کیا ہر انسان انسان نہیں ہے؟ اور کیا انسانوں کی بڑی بڑی آبادیوں میں بھی انسان نایاب ہے؟ ہم تو سمجھتے تھے کہ انسان کی

ایک ہی قسم ہے اس سے معلوم ہوا کہ انسانوں کی دو قسمیں ہیں ایک وہ جو دیکھنے میں انسان ہے لیکن حقیقت میں انسان نہیں۔ اور دنیا میں ہمیشہ انہی لوگوں کی کثرت رہی ہے۔ دوسرے وہ جو انسان ہیں اور وہ کبھی ایسے گم ہوجاتے ہیں کہ ان کو چراغ لے کر ڈھونڈھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

## انسانیت کی ترقی:

مولانا روم کو زائد از سات سو برس ہو چکے ہیں ان کے بعد سے دنیا میں بڑی ترقیاں ہوئیں۔ ہر شہر میں انسانوں کی تعداد بڑھتی رہی۔ اور آج کی انسانی آبادی پہلے سے بہت زیادہ ہوگئی ہے اور اس کی ترقیاں بہت وسیع ہیں۔ آج انسان نے بجلی، بھاپ، ہوا اور پانی پر قبضہ جما لیا ہے۔ ہوائی جہاز، ریڈیو اور ایٹم بم سے انسانوں کی ترقی کا اندازہ مردم شماری کے نقشوں اور بڑے بڑے متمدن اور ترقی یافتہ ملکوں کی تصویروں سے کرنا صحیح نہیں ہے۔ انسانیت کی ترقی ان مادی ترقیات کا نام نہیں ہے اور محض نسل انسانی کی ترقی کو انسانوں کی ترقی نہیں کہا جا سکتا۔ انسانیت کی ترقی کا اندازہ انسانوں کے اخلاق و کردار سے ہوتا ہے اور اخلاق و کردار کا اندازہ آپس میں ملنے جلنے ریل کے ڈبوں، پارکوں، ہوٹلوں اور دفتروں میں ہوسکتا ہے، نامور شاعر اکبر نے بالکل صحیح کہا ہے۔

نقشوں کو تم نہ جانچو لوگوں سے مل کے دیکھو
کیا چیز جی رہی ہے کیا چیز مر رہی ہے

انسانیت کا صحیح اندازہ امتحان پڑنے پر اور ایسے مواقع پر ہوتا ہے۔ جب ہر قسم کے ذرائع اور مواقع حاصل ہوں۔ کہ چوری، گناہ، حق تلفی کی جا سکے مگر انسان کے اندر کی کیفیات اس کا ہاتھ پکڑ لیں۔ جہاں انسانیت کا گلا گھونٹا جا رہا ہو وہاں انسانیت اپنا جوہر دکھلائے۔ انسانیت کا اندازہ ہماری موجودہ زندگی کے سانچوں اور مادی ترقی کے پیمانوں سے نہیں ہوسکتا۔

## انسان اور انسانیت:

انسانیت در حقیقت ایک بڑا مرتبہ ہے۔ لیکن انسانیت کے خلاف انسان ہمیشہ خود

بغاوت کرتا ہے اس کو انسانیت کی سطح پر قائم رہنا ہمیشہ دوبھر اور مشکل معلوم ہوا ہے۔ وہ کبھی نیچے سے کترا کر نکل گیا اور کبھی اس نے اپنے آپ کو انسانیت سے برتر سمجھا۔ اس لئے کبھی انسانیت سے بالاتر کہلوانے اور خدا اور دیوتا بننے کی کوشش کی اور سچی بات یہ ہے کہ لوگوں نے خدا اور دیوتا بننے کی کوشش کم کی۔ لوگوں نے انہیں خدا اور دیوتا بنانے کی کوشش زیادہ کی۔ ہم اگر فلسفہ اور روحانیت کی تاریخ پڑھیں تو معلوم ہوگا کہ لوگ انسانیت سے بلند تر کسی مرتبہ کی تلاش میں رہے اور انسانوں کو انسان کا صحیح مقام سمجھانے کے بجائے اس سے اونچا ہونے کی فکر کرتے رہے۔ اس کے بالمقابل دوسری کوشش یہ رہی کہ انسان کو انسانیت سے گرادیا جائے وہ حیوانی و نفسانی زندگی کا عادی بنے اور دنیا میں من مانی زندگی کا رواج ہو۔ ان دونوں کوششوں کے نتائج دنیا میں ہمیشہ خراب نکلے۔ جب انسان کو انسانیت سے اٹھا کر خدا یا دیوتا بنایا گیا تو دنیا میں بدنظمی پھیلی اور بڑا فساد برپا ہوا۔ دنیا میں لوگوں نے جب خدائی کا دعویٰ کیا یا لوگوں نے ان کو یہ درجہ دیا تو دنیا میں بگاڑ ہی بگاڑ بڑھتا گیا۔ اور اس ساری زندگی میں نئی نئی گرہیں پڑیں جب ایک معمولی سی گھڑی کسی اناڑی کے ہاتھ میں پڑ جاتی ہے اور وہ اس کی مشین میں ہاتھ دیتا ہے تو وہ بگڑ جاتی ہے تو یہ نظام عالم ان مصنوعی خداؤں سے کیسے چل سکتا ہے۔ اس دنیا کے اتنے مسائل اتنے مراحل اور اس میں اتنی پیچیدگیاں ہیں کہ اگر ایک انسان اس دنیا کو چلانا چاہے تو یقیناً اس کا انجام بگاڑ ہوگا۔ میرا منشا یہ نہیں کہ انسان انسانیت کے دائرے میں ترقی نہ کرے بلکہ یہ کہ انسان خدائی کی کوشش نہ کرے۔ اس نے انسانیت ہی میں کیا کامیابی حاصل کرلی ہے کہ اب وہ خدائی کی ہوس کرے۔

تو کارِ زمین را نکو ساختی
کہ با آسمان نیز پرداختی

## انسان اور فطرت:

مذاہب کی تاریخ بتلاتی ہے کہ جب اس قسم کی کوشش کی گئی تو ایسی پیچیدگیاں رونما ہوئیں جن کا کوئی علاج نہ تھا یہ کوشش دنیا کے گوشے گوشے میں ہمیشہ تھوڑے تھوڑے وقفہ سے ہوتی رہی ایسے لوگوں نے فطرت سے زور آزمائی کی ہے اور فطرت سے لڑ کر انسان نے ہمیشہ شکست

ہی کھائی ہے۔ دوسری طرف اکثر ایسے انسان گزرے ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو چوپایہ جانا اور ان کو بحیثیت انسان کے اپنی ترقی کا کوئی احساس نہیں ہوا۔ اپنی انسانیت، اپنی روحانیت اور خداشناسی کو ترقی دینے کا ان کو کبھی خیال نہیں ہوا۔ دنیا میں زیادہ تعداد انہی انسانوں کی رہی ہے۔ اس زمانے کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں یہ دونوں بغاوتیں یہ دونوں عیب اور یہ دونوں فساد جمع ہو گئے ہیں۔ ابھی تک تقریباً ساری دنیا انہیں دونوں گروہوں میں بٹی ہوئی ہے۔ چند آدمی ہیں جو خدائی کے دعویدار ہیں اور جن کو دیوتا بننے کا شوق ہے باقی اکثر وہ انسان ہیں جو چوپاؤں اور درندوں کی سی زندگی گذار رہے ہیں اس لئے اس زمانے کا بگاڑ ہر زمانے کے بگاڑ سے بڑھ گیا ہے اور زندگی عذاب بن گئی ہے اس وقت مردم شماری کے قانون میں کوئی ایسا خانہ نہیں ہے کہ جو لوگ اپنی انسانیت کی قدر کرتے اور اس کو صحیح طور پر استعمال کرتے ہیں۔ ان کا اندراج کیا جائے مگر خود ہی انصاف کیجئے کہ آپ کے چاروں طرف زندگی کا جو طوفان امڈا ہوا ہے اس میں کتنے انسان ہیں جن کو انسانیت کا احساس ہے جو یہ سمجھتے ہیں۔ کہ ہمیں صرف ایک معدہ اور پیٹ ہی نہیں دیا گیا ہے بلکہ اللہ نے انسان کی روح بھی دی ہے دل بھی دیا ہے اور دماغ بھی عطا کیا ہے جن کو ہم ہمیشہ نظر انداز کرتے اور ان کے صحیح استعمال سے بچتے ہیں۔ ہم نفسی خواہشات اور مادی ضروریات کے ریلے میں ایسے بہے چلے جا رہے ہیں جیسے ایک گاڑی اپنے اختیار سے باہر لڑھک رہی ہو۔ جس پر کسی کا کوئی قابو نہ ہو میں اور سمجھا کر کہوں گا! سمجھئے کہ انسانیت ایک سائیکل ہے اور وہ سائیکل ایک ڈھلوان پل پر سے پھسل رہی ہے۔ اس میں نہ کوئی گھنٹی ہے نہ بریک اور نہ اس کے پیڈیل پر کسی کا ہاتھ، جغرافیہ کی پرانی تعلیم یہ بتلاتی تھی کہ زمین چپٹی ہے۔ جغرافیہ کی نئی تحقیقات سے ثابت ہوتا ہے کہ زمین گول ہے لیکن مجھے جغرافیہ کے استاد اور طالب علم معاف کریں۔ میں تو یہ دیکھ رہا ہوں کہ زمین ڈھلوان ہے اس لئے کہ ساری قومیں اور ان کے افراد اخلاقی بلندی سے حیوانی پستی کی طرف لڑھکتے چلے جا رہے ہیں۔ اور روز بروز ان کی رفتار تیز ہوتی جا رہی ہے۔ ہماری زمین کا یہ کرۂ ضرور آفتاب کے گرد گردش کر رہا ہوگا۔ مگر اس کرۂ ارض پر بسنے والا انسان مادیت اور معدہ کے گرد چکر لگا رہا ہے۔ زمین کی گردش کا انسانوں کے اخلاق اور معاملات میں کوئی اثر نہیں پڑتا۔ لیکن انسانوں کی گردش کا تمام دنیا کے اخلاق اور معاملات پر اثر پڑ رہا ہے۔

## انسان اور ہوس:

نظام شمسی میں حقیقی مرکز آفتاب ہو یا زمین لیکن عملی زندگی میں انسانوں کا حقیقی مرکز معدہ یا پیٹ اور حیوانی عنصر بنا ہوا ہے۔ اور ساری انسانیت اس کے گرد چکر لگا رہی ہے۔ آج دنیا میں سب سے وسیع رقبہ معدہ کا ہے یوں تو کہنے کو تو وہ انسان کے جسم کا بہت مختصر حصہ ہے لیکن اس کا طول وعرض اور عمق اتنا بڑھ گیا ہے کہ ساری دنیا اس میں سماتی چلی جارہی ہے یہ معدہ اتنی بڑی خندق ہے کہ پہاڑوں سے بھی نہیں بھرتا۔ آج سب سے بڑا مذہب سب سے بڑا فلسفہ، معدہ کی عبادت ہے۔ تعلیم گاہوں میں اسی کا غلام بنانا سکھایا جارہا ہے آج کامیاب انسان بننے کا فن سکھایا جاتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں دولت مند بننے کا، آج دولت مند بننے کی ریس ہے۔ دولت مند بننے کی حرص اتنی بڑھ گئی ہے کہ انسان کو خود اپنے تن من کا ہوش نہیں رہا۔ مطالعہ علم اور فنون لطیفہ کا مقصد بھی یہی ہوگیا ہے کہ انسان کہاں سے زیادہ سے زیادہ روپیہ حاصل کرسکتا ہے۔ سب سے بڑا ہنر یہ ہے کہ لوگوں کی جیبوں سے کسی طرح روپیہ نکال کر اپنی جیب بھری جائے پھر اتنا نہیں بلکہ تھوڑے سے تھوڑے وقت میں زیادہ سے زیادہ دولت مند بننے کی کوشش کی جاتی ہے۔ دولت مند بننے کی کوشش تمدن اور سوسائٹی کے لئے اتنی مضر نہیں جتنی دولت مند بننے کی ہوس، یہی ہوس رشوت، خیانت، غبن، چور بازاری، ذخیرہ اندوزی اور حصول دولت کے دوسرے مجرمانہ ذرائع پر آمادہ کرتی ہے اس لئے کہ ان مجرمانہ طریقوں کے بغیر جلد دولت مند بننا ممکن نہیں۔ اسی ذہنیت کی وجہ سے ساری دنیا میں ایک مصیبت برپا ہے۔ دفتروں میں طوفان ہے منڈیوں میں قیامت کا منظر ہے آج کے انسان جونک بن گئے ہیں اور انسان کا خون چوسنا چاہتے ہیں آج کوئی کام بے غرض اور بے مطلب نہیں رہا آج کوئی شخص بغیر اپنے فائدے اور مطلب کے کسی کے کام نہیں آتا۔ آج ہر چیز اپنی مزدوری اور اپنی فیس مانگتی ہے کبھی کبھی تو یہ خیال ہونے لگتا ہے کہ اگر درخت کے سائے میں دم لیں گے تو شاید یہ درخت بھی اپنی فیس اور اپنی مزدوری مانگنے لگیں گے۔

## مقصود زندگی:

آج کل سب کا حال یہی ہو رہا ہے کہ دولت اور خواہشات نفس کا نشہ سوار ہے آج دولت کمانا ہی زندگی کا مزہ بن گیا ہے آج دنیا میں صرف دو تین مزے سمجھے جاتے ہیں اور ساری دنیا ان کے پیچھے دیوانی ہو رہی ہے ان کو یہ نہیں معلوم کہ روح کا مزہ کیا ہے اور دوسروں کے لئے اپنا گھر جلا کر کیا مزہ ملتا ہے کسی کی خدمت کر کے کسی کے واسطے خود تکلیف اٹھا کر کیا مزہ ملتا ہے پیغمبر انسانوں کو وہ مزے بتلانے آئے تھے جن کو وہ بھلا چکے تھے یہ کام انہیں کا تھا کہ نکالے جارہے ہیں پریشان کئے جارہے ہیں۔ آنکھوں سے آنسو جاری ہیں مگر ان کو مزہ آرہا ہے آج یہ مزہ اڑ گیا ہے۔ آج بھی اگر دنیا یہ جان لے کہ مزہ صرف شکست دینے ہی میں نہیں شکست کھانے میں بھی ایک مزہ ہے تو دنیا کا نقشہ بدل جائے اور ساری زندگی ختم ہو جائے۔

سیاسی اختلافات اور نظام سلطنت تو فرصت کی باتیں ہیں ہم تو یہ جانتے ہیں کہ ان دنوں حکومت خواہشات کی ہے حکومت یا قبضہ خواہ کسی قوم یا پارٹی کا ہو اور کوئی صدر یا وزیر ہو۔ مگر دراصل ہر جگہ نفس کا قبضہ اور خواہشات کا تسلط ہے۔ پہلے برطانیہ کے متعلق کہتے تھے کہ اس کی سلطنت میں آفتاب غروب نہیں ہوتا۔ لیکن آج جس حکومت اور سلطنت میں آفتاب غروب نہیں ہوتا وہ نفس کی خواہش اور من کی چاہت ہے وقت کا فرمان یہ ہے کہ نفس کی خواہش پوری کی جائے۔ دل کی آگ بجھائی جائے چاہے انسانوں کے خون کی نہریں بہتی ہوں۔ خواہ انسانوں کے اوپر ان کی لاشوں کو روندتے ہوئے گذرنا پڑے۔ خواہ قومیں اس راستے میں پامال ہو جائیں۔ خواہ ملک کے ملک ویران اور تباہ ہو جائیں۔

## پیغمبروں کا کردار:

لیکن اس میں ذرا بھی تعجب کی بات نہیں۔ سینکڑوں برس سے جو تعلیم انسانوں کو دی جاتی ہے۔ خواہ وہ تعلیم گاہوں کے ذریعہ ہو یا سینماؤں کے ذریعہ یا ادب اور شاعری کے ذریعہ اور جو ہر ملک اور قوم میں رائج ہے اس کا حاصل یہی ہے کہ تم من کے راجہ ہو اور نفس کے غلام، اس زمانے کے سارے انسانوں کی آبادیاں اس لحاظ سے ایک سطح پر ہیں اور اس کے خلاف کوئی

آواز سنائی نہیں دیتی۔ ملکوں کے خلاف بغاوت کرنے والے بہت ہیں چھوٹے چھوٹے مسئلوں کے لئے بھوک ہڑتال کرنے والے بہت ہیں۔ مقامی مسائل کے لئے جان کی بازی لگا دینے والے بہت ہیں لیکن انسانیت کے لئے مرنے والے کتنے ہیں۔ کتنے ایسے ہیں جن کو حقیقی انسانیت کی فکر ہے۔ آج دنیا میں اگر کسی کو انسانیت کے انحطاط کا احساس بھی ہے تو اس میں یہ جرأت نہیں کہ انسانیت کے لئے آواز اٹھائے۔ سارے کرۂ ارض میں ایک آدمی بھی ایسا نہیں ہے جو انسانیت کے لئے اپنی قربانی دے۔ یہ دراصل پیغمبروں ہی کی جرأت تھی۔ خواہ وہ ابراہیمؑ یا موسیٰؑ، عیسیٰؑ ہوں یا محمد ﷺ ہوں۔ اللہ کا درود وسلام ان پر کہ انہوں نے ساری دنیا کو چیلنج کر کے انسانیت کے خلاف جو بغاوت جاری تھی اس سے روکا۔ ان کے سامنے دنیا کی لذتیں اور دولتیں لائی گئیں مگر انہوں نے سب کو ٹھکرا دیا اور انسانیت کے دور میں اپنی جان کو خطرے میں ڈالا۔ اللہ کے برگزیدہ اور منتخب بندوں کی یہ جماعت جس کو پیغمبروں کی جماعت کہا جاتا ہے دنیا کو کچھ دینے کے لئے آئی تھی دنیا سے کچھ لینے کے لئے نہیں آئی تھی ان کی کوئی ذاتی غرض نہ تھی انہوں نے دوسروں کے بننے کی خاطر اپنے کو مٹایا۔ انہوں نے دوسری آبادی کی خاطر اپنے گھر کو اجاڑا۔ انہوں نے دوسری خوشحالی کے لئے اپنے متعلقین کو فقر وفاقے میں مبتلا کیا۔ انہوں نے غیروں کو نفع پہنچایا اور اپنوں کو منافع سے محروم کیا۔ رسول اللہ نے ساری دنیا کے غریبوں کے لئے زکوٰۃ کا انتظام کیا اور اپنے خاندان کو قیامت تک کے لئے اس سے محروم کر دیا۔ کیا دنیا کے رہنماؤں میں ایسی بے غرضی اور خلوص کی مثالیں مل سکتی ہیں؟

پیغمبروں نے اپنے اپنے زمانے میں اپنی اپنی قوموں میں خلش پیدا کی۔ اور ان کو محسوس کرا دیا کہ موجودہ زندگی خطرے کی ہے جو لوگ اطمینان کے عادی تھے اور میٹھی نیند سو رہے تھے اور میٹھی نیند ہی سونا چاہتے تھے انہوں نے پیغمبروں کی اس دعوت وتنبیہ کے خلاف سخت احتجاج کیا اور بڑی شکایت کی کہ انہوں نے ہمارا عیش مکدر کر دیا اور ہماری نیند خراب کی۔ لیکن جو گھر میں آگ لگی ہوئی دیکھتا ہے وہ سونے والوں کی پرواہ نہیں کرتا اور اس کو کسی کی نیند پر ترس نہیں آتا۔ پیغمبر انسان کے حقیقی ہمدرد تھے اور دنیا کو خواب خرگوش سے بیدار کرنا اپنا فرض سمجھتے تھے۔ دنیا کے گمراہ رہنماؤں اور نفس کے بندوں نے دنیا کو مارفیا...... کے انجکشن دیئے اور اس کو تھپک تھپک کر سلایا مگر پیغمبروں نے انسانوں کو جھنجھوڑا اور غفلت سے بیدار کیا یہ چھوٹی چھوٹی

جنگیں اور لڑائیاں دراصل اس لئے ہوگئیں کہ دنیا سے غفلت دور اور دنیا پر جو تاریکی مسلط ہے وہ ختم ہو۔ انسان حقیقی انسانیت کو سمجھے۔

ہمارے سامنے سے زیادہ ممتاز اور سب سے زیادہ واضح اور روشن سب سے زیادہ بلند مرتبہ حضرت محمد ﷺ کی ذات گرامی ہے۔ اگر ہم اس حقیقت کا اظہار نہ کریں تو یہ ایک خیانت ہوگی۔ ہمارا ضمیر اس کی اجازت نہیں دیتا کہ ان کے اس احسان کو نہ بتلائیں جو انہوں نے انسانیت پر کیا۔

## انسانیت کا سرمایہ:

جب دنیا میں ایک انسان یہ نہیں کہہ سکتا تھا کہ اللہ ہی اس دنیا کو اکیلا چلا رہا ہے اور وہی بندگی اور اطاعت کا مستحق ہے آپ نے اس حق کا اعلان کیا اور اس آواز کو اتنا بلند کیا کہ آج دنیا کے ہر حصے سے یہ آواز بلند ہو رہی ہے اور جب کوئی آواز سننے میں نہیں آتی تو اذان کی آواز بلند کی اور آج یہ آواز تمام دنیا میں پھیل گئی ہے۔

آپ کی تعلیمات اور آپ نے جو کچھ دنیا کو عطا کیا وہ انسانیت کا مشترکہ سرمایہ ہے جس پر کسی قوم کی اجارہ داری قائم نہیں ہوسکتی۔ جس طرح ہوا، پانی اور روشنی پر کسی کو اجارہ داری نہیں اور کوئی اس پر اپنی مہر اور اپنی چھاپ نہیں لگا سکتا۔ اس طرح آنحضرت ﷺ کی تعلیمات ساری دنیا کا حق ہیں اور ہر شخص کا اس میں حصہ ہے جو ان سے فائدہ اٹھانا چاہتا ہے۔ یہ دنیا کی تنگ نظری ہے کہ وہ ان حقوق کو کسی قوم یا ملک کی جاگیر سمجھے۔ محمد ﷺ محسن انسانیت تھے اور ساری انسانیت آپ کی ممنون ہے۔ دنیا میں جو عدل و انصاف اس وقت موجود ہے اور جن حقوق کو اس وقت تسلیم کیا جا رہا ہے وہ سب آپ کا فیض ہے۔

بہار اب جو دنیا میں آئی ہوئی ہے
یہ سب پود انہیں کی لگائی ہوئی ہے

ہم موجودہ نظام زندگی کو چیلنج کرتے ہیں اور ڈنکے کی چوٹ پر کہتے ہیں کہ تم دنیا کو آج جتنا بلند سمجھتے ہو وہ اتنی ہی پست ہے۔ ہم صاف کہتے ہیں کہ دنیا تدریجی خودکشی کی طرف جا رہی ہے۔ یہ راستہ انسانیت کی تباہی کا راستہ ہے میں سیدھا مسجد سے آپ تک نہیں آیا۔ بلکہ کتب

خانوں کے راستوں سے مطالعہ کے راستے سے اور معلومات کے راستے سے آپ کے سامنے آیا ہوں۔ آپ میں سے کچھ لوگ یورپ کی دو ایک زبانیں جانتے ہوں گے۔ میں خود یورپ کو جانتا ہوں۔ تم انگریزی داں ہو۔ میں انگریز داں ہوں۔ میں سارے یورپ سے خم ٹھوک کر کہتا ہوں کہ تمہارا پورا نظام زندگی غلط ہے اور وہ انسانیت کو ہلاکت کی طرف لے جا رہا ہے۔ میرا دعویٰ ہے اور پورے استدلال اور یقین کے ساتھ کہتا ہوں کہ دنیا کی نجات پیغمبروں ہی کے راستے میں ہے اور دنیا کے لئے اس وقت خدا کے یقین اس کے خوف دوسری زندگی پر ایمان اور پیغمبروں کی رسالت کے اقرار کے سوا کوئی چارہ نہیں۔ یہی ہماری دعوت ہے اور یہی ہماری جدو جہد کا مقصد۔

## روحِ انسانیت:

دنیا کی زندگی کے بہت سے طرز ہیں۔ اور سینکڑوں، ہزاروں ان کے نام اور اقسام ہیں۔ کوئی مشرقی طرزِ زندگی، کوئی مغربی طرزِ زندگی، کوئی جدید، کوئی قدیم لیکن درحقیقت زندگی کی صرف دو قسمیں ہیں ایک من مانی زندگی جس میں انسان یہ سمجھتا ہے کہ میں ایک شترِ بے مہار ہوں۔ اس کو نفس پرستی کی زندگی بھی کہا جا سکتا ہے۔ دوسری زندگی خدا پرستی کی زندگی ہے۔ جس میں انسان خدا کو اپنا حاکم مان کر زندگی گزارتا ہے۔

دنیا میں آج دو محاذ قائم ہیں۔ ایک مغربی دوسرا مشرقی۔ لیکن دراصل خدا پرستی اور نفس پرستی کی جنگ ان میں خود ہر محاذ میں موجود ہے۔ خواہ ان میں سے ایک (خدا پرستی) کتنی ہی کمزور کیوں نہ ہو۔ دنیا میں مختلف مذاہب کو ماننے والوں کی تعداد علیٰحدہ علیٰحدہ بتلائی جاتی ہے۔ مگر دراصل سب سے بڑی تعداد نفس پرستی کے مذہب کے ماننے والوں کی ہے۔ جو ہر مذہب کے اندر موجود ہے دنیا میں ہمیشہ من مانی زندگی کا رواج رہا ہے۔ اس لئے کہ اس طرح کی زندگی گذارنا بہت مزیدار اور آسان معلوم ہوتا ہے لیکن اگر دنیا میں تنہا ایک انسان ہوتا تو من مانی زندگی کی بڑی گنجائش تھی اور یہ زندگی واقعی بڑے مزے کی تھی۔ مگر دنیا میں لاکھوں کروڑوں انسان موجود ہیں۔ من مانی زندگی والا انسان من کا راجہ ہوتا ہے اگر سب من کے راجہ بن جائیں تو کیسی مشکل پیش آئے گی۔

اللہ نے دنیا میں مختلف طبعیتیں بنائی ہیں۔ایک کا دل کسی چیز کو چاہتا ہے۔تو دوسرا کوئی خواہش رکھتا ہے اگر دنیا میں کروڑوں انسان من مانی زندگی گزارنے والے ہوں اور اپنی خواہش کے مطابق دوسرے کا پیٹ کاٹنے اور غلام بنانے کی فکر کرنے لگیں تو دنیا میں کیسا بگاڑ آ جائے گا جیسی کہ اس وقت دنیا کی حالت ہے۔جس سے من مانی زندگی گزارنے والے خود بھی عاجز ہیں۔دنیا میں جو تباہیاں آئی ہیں۔اور جو قحط پڑے ہیں وہ دراصل چند انسانوں کی ناانصافی اور نفس پرستی کا نتیجہ ہیں اس وقت کی تمام مصیبتوں کی جڑ اور فسق کی گانٹھ ہی نفس پرستی ہے۔جس نے چور بازاری ذخیرہ اندوزی اور نفع خوری، رشوت وخیانت کا بازار گرم کر رکھا ہے چھٹی صدی عیسوی میں یہ مان مانی زندگی اپنے انتہائی عروج کو پہنچ چکی تھی۔اور ملک ملک میں اسکا دور دورہ تھا۔یہ ایک بہتا ہوا دریا تھا۔جس کے دھارے پر ہر چھوٹا بڑا بہہ رہا ہے بادشاہ اپنی نفس پرستی میں مبتلا تھے رعایا بھی ان کی نقل میں نفس پرستی کا شکار تھی۔ایران اس نفس پرستی کا بڑا اڈا تھا۔قوم کا ہر طبقہ نفس پرستی کا بیمار تھا۔شاہ ایران کا یہ حال تھا کہ اس کی بیویوں کی تعداد بارہ ہزار تھی۔ جب مسلمانوں نے اس ملک کو مصیبت سے نجات دینے کے لئے حملہ کیا۔تو وہ بادشاہ بے سرو سامانی کی حالت میں نکل بھاگا تو اسکے ساتھ اس کے ایک ہزار باورچی، ایک ہزار گویئے ایک ہزار باز اور شکروں کو کھلانے والے تھے۔اس کے باوجود اس کو افسوس تھا کہ بڑی بے سروسامانی میں نکلنا ہوا۔اس زمانے کے جنرل اور سپہ سالار ایک ایک لاکھ کی ٹوپی اور لمیک ایک لاکھ پچاس پچاس ہزار کا پٹکا لگاتے تھے۔ان کی سوسائٹی میں معمولی کپڑا پہننا جرم تھا۔کسانوں کا حال یہ تھا کہ وہ لگان نہیں دے سکتے تھے اور زمین چھوڑ چھوڑ کر خانقاہوں اور عبادت گاہوں میں جا بیٹھے تھے۔متوسط طبقے کے لوگ امراء کی ریس میں دیوالیہ ہوتے جا رہے تھے۔غرض کہ معاشی لوٹ کھسوٹ برپا تھی۔ہر بڑا اپنے چھوٹے کو اور ہر حاکم اپنے محکوم کو لوٹنے اور اس کا خون چوسنے کی کوشش میں تھا۔

ایسی سوسائٹی میں عقائد، اخلاق، کیریکٹر، کیسے پنپ سکتے ہیں اور کس کو آخرت کی فکر اور مذہب کا ہوش رہ سکتا ہے مگر کوئی اس نفس پرستی کے خلاف محاذ قائم کرنے والا نہ تھا۔کیونکہ دھارے کے خلاف تیرنا آسان نہیں۔بڑے بڑے فلاسفر اور حکیم اس دھارے میں بہے چلے جا رہے تھے اور ساری انسانی تہذیب ایک تنکے کی طرح اس دھارے میں بہہ رہی تھی۔کہ

اس زمانے میں حضرت محمد ﷺ دنیا میں تشریف لائے اور آپ نے دنیا کے اس دھارے کو نفس پرستی سے خدا پرستی کی طرف موڑا۔ یہ تاریخ کا سب سے بڑا واقعہ ہے نفس پرستی ہی دنیا کی تمام گمراہیوں اور بداخلاقیوں کا سرچشمہ ہے ظلم و زیادتی، چوری اور بددیانتی سب اس درخت کی شاخیں ہیں اس میں شک نہیں کہ اس زمانے میں آتش پرستی بھی تھی، بت پرستی بھی تھی ستارہ پرستی بھی تھی لیکن ان معبودوں کو اس لئے انتخاب کیا گیا تھا کہ انسانوں کو ان کے یہ معبود کسی برائی سے روک نہیں سکتے تھے اور کسی کی زندگی اور معاملات میں مداخلت نہیں کر سکتے تھے۔ اس لئے ایسی عبادت کے ساتھ نفس پرستی آسانی کے ساتھ نبھ سکتی تھی۔

ہمارے پیغمبر ﷺ نے اس سیلاب سے لڑنے کا بیڑہ اٹھایا اور سب سے پہلے اپنی زندگی میں خدا پرستی کا ثبوت دیا۔ اور پوری سوسائٹی سے لڑائی مول لی۔ حالانکہ اس سے پہلے آپ اپنی سوسائٹی میں بہت مقبول اور ہر دل عزیز تھے "صادق اور امین" کہلاتے تھے اس لئے اگر بڑھنا چاہتے تو سوسائٹی آنکھوں پر بٹھاتی۔ مگر آپ نے اس زندگی کو قربان کیا اور نفس پرستی کے سیلاب کو روکنے کے لئے تین امتیازی چیزیں پیش کیں۔

۱۔ مانو کہ تمہارا اور اس دنیا کا پیدا کرنے والا اور حکومت کرنے والا ایک ہے۔

۲۔ اس زندگی کے بعد دوسری زندگی آنے والی ہے۔ جس میں اس زندگی کا حساب کتاب دینا ہے۔

۳۔ میں خدا کا پیغمبر ہوں۔

اس کے بعد آپ کی پوری زندگی اس سعی خدا پرستی کا ثبوت تھی۔ جو خدا پرستی کے سب سے بڑے داعی اور پیغمبر کے شایان شان رہی۔ ہر موقعہ پر جہاں ایک انسان نفس پرستی کا مظاہرہ کرتا ہے۔ آپ خدا پرستی کی مثال قائم کرتے تھے۔ بادشاہ جب کوئی ملک فتح کرتے ہیں تو اپنی فتح کے نشہ میں مخمور ہو جاتے ہیں۔ بڑائی اور طاقت کا اظہار کرتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ جب مکہ میں فاتحانہ داخل ہوئے۔ تو اونٹ پر سوار تھے زبان سے خدا کا شکر اور اپنی عاجزی کا اظہار کر رہے تھے۔ اس موقع پر سامنے ایک آدمی آیا اور رعب سے کانپنے لگا۔ آپ نے فرمایا گھبراؤ نہیں۔ میں قریش کی ایک غریب عورت کا بیٹا ہوں جو سوکھا گوشت کھاتی ہیں، لوگوں کی دولت و حکومت سے سب سے زیادہ فائدہ ان کے عزیز اور ان کی اولاد اٹھاتی ہے مگر آپ سے جب

آپ کی بیٹی نے کہا کہ کام کرتے کرتے اور پانی بھرتے بھرتے گٹھے اور نشان پڑ گئے تھے ایک غلام یا باندی دے دی جائے تو آپ نے فرمایا کہ بیٹی میں تم کو غلام اور باندی سے زیادہ اچھی چیز بتلاتا ہوں کہ سوتے وقت خدا کا ذکر کرلیا کرو یہ حق پرستی کا علمبردار اپنی اولاد کے لئے کیسے گوارا کرتا کہ نفس پرستی کا خیال بھی آئے۔ دنیا کے لوگ اپنی اولاد اور اپنے خاندان کو قانون سے مستثنیٰ کر دیتے ہیں۔ مگر حضور ﷺ سے جب ایک عورت نے اس کے چوری کرنے پر سفارش کی گئی۔ تو یہ فرمایا کہ یہ تو یا اگر فاطمہ بھی چوری کرے تو اس کا بھی ہاتھ کاٹ دوں گا۔

نفس پرستوں کا قاعدہ ہے کہ وہ کوشش کرتے ہیں کہ اگر نئے قوانین بنائے جائیں تو ان کے عزیزوں اور دوستوں کو کم سے کم نقصان اور زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچے۔ اگر وہ کوئی ایسا قانون نافذ کرنا چاہتے ہیں جس کی زد ان کے دوستوں اور عزیزوں پر پڑتی ہے تو وہ اپنے دوستوں اور عزیزوں کو خبردار کر دیتے ہیں تاکہ وہ اس کا انتظام کرلیں۔ اس کے برخلاف جب رسول اللہ ﷺ کو سود کی حرمت کا اعلان کرنا تھا اور جب آپ نے دنیا کو اس لعنت سے ختم کرنا چاہا۔ تو آپ نے اپنے خاندان سے ہی ابتدا کی۔ آپ نے حج کے موقع پر اعلان عام کیا کہ میں سود کو ختم کرتا ہوں اور سب سے پہلے اپنے چچا کے سود کو معاف کرتا ہوں اب وہ کسی سے اپنا سود وصول نہیں کر سکتے۔ کیا یہ نہیں ہوسکتا تھا کہ آپ ان کے کان میں کہہ دیتے کہ سود وصول کر لیجئے میں سود حرام کرنے والا ہوں۔ خون کا بدلہ لینے کے متعلق فرمایا کہ جاہلیت کے تمام خون (انتقام خون) باطل کر دیئے گئے ہیں اور سب سے پہلے میں اپنے خاندان کا خون ربیعہ بن الحارث کے بیٹے کا خون باطل کرتا ہوں۔ آپ نے پوری قوم اور سوسائٹی کی اس اصول پر تربیت کی کہ وہ ایک خدا پرست سوسائٹی بن جائے۔ اس کا ایک اصول یہ تھا کہ جو کسی عہدہ کا طالب ہو۔ اس کو عہدہ نہیں دیتے تھے ایسی سوسائٹی میں عہدہ کے امیدوار بننے اور اپنی تعریف کرنے اور حکومت کے لئے ایک دوسرے کا مقابلہ کرنے کی کیا گنجائش تھی۔ اس جماعت کا ایمان تھا کہ:

تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ O

(ترجمہ) یہ آخرت کا گھر ہم ان لوگوں کو عطا کریں گے جو زمین میں اپنی سربلندی اور فساد نہیں

چاہتے اور اچھا انجام خدا سے ڈرنے والوں کا ہے۔

آنحضرت ﷺ کے جانشین بھی خدا پرستی کا نمونہ تھے اور نفس پرستی اور جاہ طلبی سے پاک تھے۔ خلیفہ اول حضرت ابوبکرؓ کی بیوی نے حلوہ کی فرمائش کی۔ تو آپ نے فرمایا کہ میں اس سے زیادہ بیت المال سے نہیں لے سکتا جو روزانہ ملتا ہے۔ بیوی نے گذارے کے ان پیسوں سے بچا کر حلوہ کے لئے سامان منگانے کو پیسے دیئے حضرت ابوبکر نے وہ پیسے خزانچی کو دے کر کہا کہ اتنی رقم زیادہ تھی۔ اب آئندہ سے نہ دی جاوے۔ خلیفہ دوم حضرت عمرؓ جب بیت المقدس جاتے ہیں تو ایک سواری ہے جس پر وہ اور ان کے غلام باری باری بیٹھتے ہیں۔ جس وقت بیت المقدس میں داخل ہو رہے تھے۔ تو غلام سوار تھا۔ اور خود پیدل کپڑوں میں پیوند لگے تھے۔ قحط کے زمانے میں حضرت عمرؓ کے سامنے کھانا آتا۔ تو جب کہ آپ روم اور ایران کے بادشاہ تھے۔ فرماتے کہ اگر تمام لوگوں کو ایسا کھانا میسر نہیں تو میرے سامنے سے بھی کھانا اٹھالو۔ حضرت خالد مسلمانوں کے سپہ سالار تھے۔ یرموک کے میدان میں فوج کی کمان ان کے سپرد تھی۔ ایک چپڑاسی خلیفہ وقت کا حکم لاتا ہے کہ ان کو معزول کیا گیا اور ابوعبیدہؓ کو سپہ سالار بنایا گیا۔ تو آپ کی پیشانی پر شکن بھی نہ آئی۔ اور کہا کہ اگر میں اللہ کے لئے لڑتا تھا تو اب بھی لڑوں گا۔

دنیا کا سب سے بڑا حادثہ یہ ہے کہ نفس پرستی نے خدا پرستی کی تحریک کے علمبرداروں کو بھی زیر کرلیا ہے اور ان کے مورچہ کے اندر گھس آئی اور ان سے اپنی شکست کا بری طرح انتقام لے لیا۔

مسلمانوں نے بڑا ظلم کیا ان کو تو خدا پرستی کا نمونہ بننا تھا اور اس کی دعوت دینا تھا۔ برائی سے روکنا اور بھلائی کی طرف بلانا تھا كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ. افسوس کہ خدا پرستی کے چوکیدار خود نفس پرستی میں پڑ گئے۔ فَاعْتَبِرُوْا يَآ اُولِى الْاَبْصَارِ O (سورہ حشر آیت نمبر۲)

وما علینا الا البلاغ المبین۔

# غارحرا سے طلوع ہونے والا آفتاب

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سیدالانبیاء والمرسلین وعلی آلہ واصحابہ اجمعین. امابعد.

حضرات! میں جبل نور پر چڑھا اور اس کے غار پر، جو "غار حرا" کے نام سے مشہور ہے جا کھڑا ہوا یہاں پہنچ کر میں نے اپنے دل میں کہا، یہی جگہ ہے جہاں خدا وند کریم نے حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کو پیغمبری کا شرف عطا فرمایا اور پہلی مرتبہ وحی نازل فرمائی، پس (یہ کہنا حق ہے کہ ) یہیں سے وہ آفتاب طلوع ہوا جس کی کرنوں نے دنیا پر نور برسایا اور اسے ایک نئی زندگی بخشی، یہ عالم ہر دن ایک نئی صبح کو خوش آمدید کہتا ہے۔ لیکن اکثر و بیشتر نہ اس صبح میں نیا پن ہوتا ہے نہ کوئی ندرت اور نہ ہر صبح صبحِ سعادت، ان صبحوں کی آمد سے انسان تو جاگ جاتے ہیں مگر دلوں کی نیند کو ذرا فرق نہیں آتا اور روحوں کی بستی یونہی خواب غفلت میں پڑی رہتی ہے۔ کیا شمار ہے ایسے تاریک دنوں کا اور ایسی جھوٹی صبحوں کا۔ البتہ اس غار سے حقیقی معنی میں صبح نمودار ہوئی تھی جس کے نور نے ہر چیز کو چمکایا اور اس کی آمد نے ہر شے کو جگایا اور اسی صبح سے تاریخ کا رخ مڑا اور زمانہ کا رنگ بدلا۔

اس صبح سے پہلے انسانی زندگی کا فطری بہاؤ رکا ہوا تھا اور اس کے ہر دروازے پر بھاری بھاری قفل چڑھے ہوئے تھے اور وہ گویا چند مقفل دروازوں اور بند تالوں کا مجموعہ بنی ہوئی تھی عقل پر قفل چڑھے ہوئے تھے جن کو کھولنے سے حکماء اور فلاسفہ عاجز تھے ضمیر انسانی مقفل تھا جس کو آزادی دلانے میں واعظین اور مصلحین عاجز تھے۔ قلوب انسانی مقفل تھے جن کے قفل توڑنے میں قدرت کی نشانیاں اور زمانہ کے عبرت انگیز حوادث ناکام ہو چکے تھے۔ صلاحیتیں مقفل تھیں جن کو بروئے کار لانے سے تعلیم و تربیت کا نظم اور ماحول اور سوسائٹی کے اثرات

قاصر تھے، درسگاہوں کا وجود لا حاصل تھا جن کو کارآمد اور نتیجہ خیز بنانے میں اہل علم اور اہل درس بے بس تھے عدالتیں کھلی ہونے کے باوجود مقفل تھیں جن سے انصاف حاصل کرنے کے لئے مظلوموں اور محکوموں کی فریادیں بے اثر تھیں، خاندانی مسائل الجھے ہوئے تھے جن کو سلجھانے سے مصلحین مفکرین عاجز تھے۔ قصر ہائے سلطنت مقفل تھے جن میں راہ پانے سے محنت کش کسان، پسے ہوئے مزدور اور مظلوم رعایا محروم تھی، دولت مندوں اور امیروں کے خزانے مقفل تھے جن کے قفل کھولنے سے ناداروں کی بھوک ان کی عورتوں کی برہنگی اور ان کے دودھ پیتے بچوں کی گریہ وزاری عاجز تھی۔ بڑے بڑے مصلحین عزائم کے ساتھ میدان میں آئے بڑے بڑے قانون ساز کمر بستہ ہوئے لیکن ان بے شمار قفلوں میں سے کوئی ایک قفل بھی کھولنے میں کامیاب نہ ہوئے۔ اس لئے کہ ان کے تالوں کی اصل کنجی ان کے ہاتھ میں نہ تھی وہ کنجی گم ہو چکی تھی اور تالا بغیر اپنی کنجی کے کبھی کھل نہیں سکتا۔ انہوں نے اپنی بنائی ہوئی کنجیوں سے کام لینا چاہا لیکن وہ ان تالوں کو نہ لگیں اور ایک تالا بھی نہ کھول سکیں اور بعض نے ان تالوں کو کھولنے کی بجائے توڑنے کی کوشش کی ٹکرا لئے اس کوشش میں ان کے اوزار ٹوٹ گئے اور ہاتھ بھی زخمی ہوگئے۔

ایسے وقت میں متمدن دنیا سے الگ تھلگ ایک چھوٹے سے پہاڑ کے اوپر گمنام اور ظاہری اعتبار سے بے حیثیت مقام (غار حرا) میں دنیا کا وہ عقدہ لاینحل حل ہوا جو نہ بڑی بڑی حکومتوں کی راجدھانیوں میں حل ہو سکا، نہ عظیم الشان درس گاہوں میں حل ہو سکا۔ یہاں پروردگار عالم نے حضرت محمد ﷺ کی رسالت کی صورت میں عالم انسانیت پر ایک احسان عظیم کا دروازہ کھولا اور صدیوں کی گمشدہ کنجی پھر سے انسانیت کو مل گئی۔ یہ کنجی ہے ایمان اللہ پر، اس کے رسول پر اور یوم آخرت پر اس کنجی سے آپ نے صدیوں کے ان بند قفلوں کو ایک ایک کر کے کھول ڈالا جس کے نتیجہ میں حیات انسانی کے ہر ہر شعبے کے دروازے چوپٹ کھل گئے۔ آپ نے جب نبوت کی اس کنجی کو عقل کے قفل پر رکھا تو اس کی ساری گرہیں کھل گئیں، اس کی سلوٹیں اور اس کے پیچ وخم دور ہو گئے اسے نشاط فکر حاصل ہو گیا اور وہ اس قابل ہو گئی کہ انفس و آفاق میں پھیلی ہوئی خدا کی نشانیوں سے نفع اندوز ہو سکے، اس کائنات میں غور کر کے اس کے خالق کو پا سکے، کثرت کے پردوں کو چیر کر وحدت کا جلوہ دیکھ سکے اور شرک و بت پرستی اور اوہام

وخرافات کی لغویت کو محسوس کر سکے، حالانکہ اس سے پیشتر یہ عقل ان باتوں میں دخل دینے کی مجاز نہ تھی اور صدیوں سے اپنے منصب سے معزول تھی۔ اس کنجی سے آپ ﷺ نے انسان کے ضمیر کا قفل کھولا، سویا ہوا ضمیر جاگ اٹھا اور اس کے مردہ شعور واحساس میں حرکت اور زندگی پیدا ہوئی۔ ضمیر کی روک تھام سے آزاد ہو کر نفس انسانی جو صدیوں سے نفس امارہ بنا ہوا تھا۔ اب وہی نفس نفس لوامہ میں تبدیل ہوا اور نفس لوامہ دیکھتے ہی دیکھتے نفس مطمئنہ بن گیا۔ جس کے بعد اس میں کسی باطل کے گھسنے کی گنجائش نہ رہی اور گناہ اس کے لئے نا قابل برداشت ہو گیا۔ اس حد تک کہ گنہگار رسول اللہ ﷺ کے سامنے جا کر از خود اپنے گناہ کا اقرار کر کے اپنے لئے سخت سزا کی درخواست کرتا ہے۔ ایک گنہگار عورت اپنے لئے سنگساری کی سزا کی درخواست کرتی ہے۔ حضور ﷺ عذر شرعی کی وجہ سے سزا کو موخر فرماتے ہیں وہ اپنے دیہات کو واپس چلی جاتی ہے نہ اس کی نگرانی کے لئے سی آئی ڈی متعین ہے نہ مجرمہ کو وقت پر دوبارہ حاضر کرنے کے لئے پولیس متعین ہے لیکن وہ وقت پر مدینہ پہنچتی ہے اور خود کو سزا کے لئے بخوشی واصرار پیش کرتی ہے جو یقیناً قتل سے بھی زیادہ سخت ہے یعنی...... سنگساری۔

فتح ایران کے وقت ایک غریب فوجی کے ہاتھ کسریٰ کا تاج زریں آتا ہے وہ اس کو کپڑوں میں چھپا کر خفیہ طور سے اپنے امیر کی خدمت میں پیش کرتا ہے تا کہ ادائے امانت تو ہو لیکن امانتداری کی نمائش نہ ہو۔

انسانوں کے وہ دل جو اس طرح مقفل پڑے ہوئے تھے کہ ان میں عبرت پذیری تھی نہ خوف خدا تھا اور نہ رقت اور نرمی تھی، یہ کنجی جب ان کے دلوں پر لگائی گئی تو یکسر کایا پلٹتی ہوئی نظر آئی۔ اب وہ خدا کے خوف سے ہر دم لرزاں وترساں تھے، حوادث وواقعات سے عبرت حاصل کرتے تھے۔ انفس وآفاق میں پھیلی ہوئی نشانیوں کا وجود اب ان کے لئے نفع بخش تھا۔ مظلوموں کا حال زار دیکھ کر تڑپ جاتے تھے اور غریبوں مسکینوں کے ساتھ نفرت وحقارت کا برتاؤ کرنے کے بجائے محبت وشفقت کا برتاؤ کرنے لگے اسی طرح نبوت کی اس کنجی نے جب انسانوں کی ان فطری صلاحیتوں اور قوتوں کو چھوا جو عرصہ سے ٹھٹھری پڑی تھیں تو وہ شعلوں کی طرح بھڑک اٹھیں اور سیلاب کی طرح موجیں مارتی ہوئی ابل پڑیں اور صحیح رخ پر لگ گئیں جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ صلاحیتوں کے ابھرنے کا موقع نہ ملنے کی وجہ سے جو لوگ بکریوں کی گلہ بانی میں

ضائع ہو رہے تھے وہ اب بہترین طور سے قوموں کی نگہبانی اور عالم کی فرمانروائی کی نازک ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے لگے اور جو شخص کل تک صرف کسی ایک قبیلہ یا ایک شہر کا شہسوار شمار کیا جاتا تھا وہ اب بڑی بڑی سلطنتوں اور ایسے ایسے ملکوں کا فاتح ثابت ہوا جو قوت و شوکت میں یکتا تھے۔

اس کنجی سے آپ نے درس گاہوں کے قفل کھولے اور ان میں از سر نو چہل پہل اور رونق پیدا کی حالانکہ علم کی کساد بازاری اور معلمین کی کسمپرسی اس حد تک پہنچ گئی تھی کہ نہ معلمین کو دلچسپی رہی تھی اور نہ متعلمین کو...... آپ نے علم کی قدر و قیمت یاد دلائی، اہل علم کا مرتبہ بتلایا اور علم دین کا باہمی تعلق سمجھایا۔ چنانچہ لوگ درس گاہوں کی ترقی کے لئے دامے درمے قدمے سخنے کشاں ہو گئے، مسلمان کا ہر ہر گھر بجائے خود ایک مسجد و مدرسہ بن گیا۔ ہر مسلمان اپنے حق میں متعلم اور دوسرے کے حق میں معلم بن گیا، کیونکہ ان کا دین خود طلب علم کے لئے سب سے بڑا محرک تھا۔

آپ نے اس کنجی سے عدالت کا تعطل ختم کیا۔ اب یہ قانون دان اس قابل تھا کہ اس پر ایک منصف جج کی حیثیت سے اعتماد کیا جا سکے اور ہر مسلمان حاکم اعلیٰ درجہ کا انصاف شعار حاکم تھا اور یہ سچے مسلمان سب کے سب محض اللہ کے لئے سچی شہادتیں دینے والے تھے، جب اللہ اور آخرت کے حساب و کتاب پر ایمان استوار ہوا تو عدل و انصاف کی فراوانی ہوئی۔ بے انصافیاں اور بد معاشگیاں کم سے کم تر ہو گئیں اور جھوٹی شہادتیں اور ظالمانہ فیصلے ناپید ہو گئے۔ خاندانی معاملات جو اس قدر ابتر ہو گئے تھے کہ باپ بیٹے کے درمیان، بھائی بھائی کے درمیان، شوہر اور بیوی کے درمیان چھین جھپٹ اور کشاکش کا میدان گرم تھا۔ پھر یہ بیماری خاندانوں کے محدود میدان سے نکل کر معاشرہ کے وسیع میدان میں بھی پہنچ گئی تھی۔ یہی کشاکش نوکر اور مالک کے تعلقات میں بھی برپا تھی۔ حاکم اور رعیت کے تعلقات میں بھی برپا تھی، بڑے اور چھوٹے کے تعلقات میں بھی برپا تھی۔ ہر ایک کا یہ حال تھا کہ اپنا حق کسی طرح نہ چھوڑنا چاہتا تھا اور دوسروں کا حق کسی طرح دینا نہ چاہتا تھا۔ خود اگر کوئی چیز خریدتا تو ناپ تول میں ذرا ذرا سی اونچ نیچ پر باریک بینی سے نظر رکھتا تھا لیکن اگر دوسرے کے ہاتھ کچھ بیچتا تو کم سے کم ناپنے اور تولنے میں پوری پوری مہارت بہم پہنچاتا۔

آپ ﷺ نے اس خاندانی اور معاشرتی نظام کے عقدوں کا حل بھی اسی کنجی سے کیا۔ خاندان اور معاشرہ میں ایمان کا بیج بویا، لوگوں کو اللہ کی ناراضگی سے ڈرایا اور اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد سنایا:

''اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو۔ تم سب کو ایک نفس سے پیدا کیا (اس طرح) کہ اس کا ایک جوڑا پیدا کیا اور دونوں کی (نسل) سے پھیلا دیئے بہت سے مرد اور عورتیں، اور، اللہ سے ڈرو جس کے واسطے سے تم مانگتے ہو اور قرابتوں کا خیال رکھو بے شک اللہ تعالیٰ تم پر نگران ہے۔''

آپ ﷺ نے خاندان اور معاشرے کے افراد میں سے ہر ایک پر کچھ ذمہ داریاں ڈالیں اسی طرح از سر نو خاندانی نظام کو بھی عدل، محبت اور راستی کی بنیاد پر قائم فرمایا اور معاشرہ کو بھی اعلیٰ درجہ کا عدل شعار بنایا۔ معاشرہ کے ہر ہر عضو میں امانتداری کا ایسا گہرا شعور اور خدا ترسی کا ایسا شدید احساس بیدار کر دیا کہ اس معاشرہ کے امراء اور عہدیداران تک پرہیزگاری اور سادہ زندگی کے نمونے بن گئے، قوم کے سردار اپنے تئیں قوم کے خادم سمجھنے لگے، والیانِ سلطنت اپنی حیثیت یتیموں کے سرپرست سے زیادہ نہیں سمجھتے کہ اگر اپنی ذاتی ملکیت کچھ ہے تو سلطنت کے مال و دولت سے کچھ مطلب نہیں، اگر نہیں ہے تو بقدرِ ضرورت لینے پر قناعت ہے۔ اسی ایمان کی بدولت آپ ﷺ نے دولت مندوں اور تاجروں میں دنیا سے بے رغبتی اور آخرت سے دلچسپی پیدا کی، انہیں بتلایا کہ مال اصل میں اللہ کا ہے تمہیں اس نے اس کے تصرف میں اپنا نائب بنایا ہے۔

''اور خرچ کرو اس (مال و دولت) میں سے جس میں اللہ نے تمہیں اپنا نائب بنایا اور دو ان (ضرورت مندوں کو) اس مال میں سے جو اللہ نے تمہیں دے رکھا ہے۔''

انہیں تجوریوں میں بند کر کے رکھنے اور راہِ خدا میں خرچ نہ کرنے سے یہ کہہ کر ڈرایا۔

''اور وہ لوگ جو سونے چاندی کے خزانے جمع کرتے ہیں اور اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے آپ انہیں بشارت دے دیجئے دردناک عذاب کی اس دن جب کہ ان کے خزانوں کو دوزخ کی آگ میں تپایا جائے گا پھر اس سے ان کی پیشانیاں کروٹیں اور پشتیں داغی جائیں گی لو! یہ ہے تمہارا جمع کیا ہوا مال اب چکھو اس کا مزہ۔''

رسول اللہ ﷺ نے اپنے پیغام اور اپنی دعوت کے ذریعے سے جس فرد کو تیار کر کے کارگہہ

حیات میں اتار اتھا وہ اللہ پر سچا ایمان رکھنے والا، نیک خوئی پسند کرنے والا، اللہ کے خوف سے ڈرنے والا اور لرزنے والا، امانت کا پاس کرنے والا دنیا پر آخرت کو ترجیح دینے والا، مادہ کو حقیر سمجھنے والا، اور اپنی روحانیت سے مادیت پر غالب آنے والا تھا۔ وہ اس بات پر دل سے یقین رکھتا تھا کہ دنیا تو میرے لئے بنائی گئی ہے لیکن میں آخرت کے لئے پیدا کیا گیا ہوں پس یہ فرد اگر تجارت کے میدان میں اترتا تو نہایت سچا اور ایماندار ثابت ہوتا، اگر مزدوری کا پیشہ اختیار کرتا تو نہایت محنتی اور بہی خواہ مزدور ثابت ہوتا، اگر مالدار ہو جاتا تو ایک رحم دل اور فیاض دولت مند ثابت ہوتا۔ اگر غریب ہوتا تو شرافت کو قائم رکھتے ہوئے مصیبتوں کو جھیلتا۔ اگر کرسیٔ عدالت پر بیٹھا دیا جاتا تو نہایت سمجھدار اور منصف جج ثابت ہوتا، اگر صاحب سلطنت ہوتا تو ایک مخلص اور بے غرض حکمران ثابت ہوتا۔ اگر آقا ہوتا تو رحم دل اور منکسر المزاج ہوتا اگر نوکر ہوتا تو نہایت چست اور فرمانبردار نوکر ہوتا اور اگر قوم کا مال و دولت اس کی تحویل میں آجاتا تو حیرت انگیز بیداری اور باخبری سے اس کی نگرانی کرتا۔

یہ تھیں وہ اینٹیں جن سے اسلامی سوسائٹی کی تعمیر کی گئی اور جن پر اسلامی حکومت کی عمارت کھڑی کی گئی۔ اسی بناء اس سوسائٹی کے افراد میں جو چیزیں تھیں وہ سب کی سب معاشرہ میں جمع ہو گئی تھیں چنانچہ اس کے تاجر کی سچائی اور ایمانداری اس میں تھی اس کے غریب کی خودداری اور مشقت کوشی اس میں تھی۔ اس کے مزدور کی محنت کشی اور بہی خواہی اس میں تھی۔ اس کے جج کی فراست اور عدالت اس میں تھی۔ اس کے آقا کا انکسار اور رحم دلی اس میں تھی۔ اس کے خادم کی جفاکشی اور چستی اس میں تھی اور اس کے خزانچی کی نگرانی اور بیداری بھی اس میں پوری پوری موجود تھی۔ اسلامی سوسائٹی جس طرح اپنے افراد کی خوبیوں کی مظہر اتم تھی۔ اسی طرح اسلامی حکومت بھی تمام خوبیوں کی جامع بلکہ ان کا قومی محرک بن گئی تھی۔ یہ حکومت راست رو تھی، عقیدوں اور اصولوں کو منافع اور اصولوں پر ترجیح دیتی تھی۔ عوام کو لوٹنے کے بجائے ان کے اخلاق وعقائد کو بنانے اور سنوارنے کی دل سوزی سے کوشش کرتی تھی۔ سوسائٹی اور حکومت کے اثرات کا یہ نتیجہ تھا کہ انفرادی اور اجتماعی پرائیویٹ اور پبلک زندگی کا ہر ہر گوشہ ایمان وعمل، صدق وخلوص محنت وکوشش اور عدل وانصاف سے سجا ہوا اور ان سدابہار پھولوں کی خوشبو سے مہکا ہوا تھا۔

غارِ حرا پر کھڑا کھڑا یہ تمام باتیں اپنے دل میں سوچ رہا تھا میں اپنے ان خیالات اور عہد رفتہ کی یاد میں اتنا غرق ہوگیا کہ تھوڑی دیر کے لئے اپنے وجود سے بالکل بے خبر ہوگیا۔ میرا تصور مجھے اپنے ماحول اور اپنے زمانہ سے اڑا کر الگ لے گیا۔ میری نگاہوں میں اس عہد کی عمومی اسلامی زندگی کی تصویر پھرنے لگی۔ میں اس کا رخِ جمال اور ایک ایک خط وخال دیکھنے لگا اور بالکل ایسا محسوس ہونے لگا کہ وہی زندگی میرے چاروں طرف پھیلی ہوئی ہے اور میں اس کی روح نواز فضاؤں میں سانس لے رہا ہوں اسی عالم تصور میں مجھے اپنے زمانے کا خیال آیا جس کی فضاء میں واقعی میں سانس لیتا ہوں۔ میں نے کہا کہ آج بھی زندگی کی کامیابی اور خوشگواری کے دروازوں پر کچھ نئے قسم کے تالے پڑے نظر آرہے ہیں۔ مسائل میں پھیلاؤ اور تنوع کی کوئی حد نہیں اور اسی نسبت سے الجھاؤ اور پیچیدگیاں بھی بڑھ گئی ہیں تو کیا اس حالت میں بھی اس پرانی کنجی سے یہ نئے قفل کھل سکتے ہیں؟

یہ سوال میرے دل میں پیدا ہوا مگر میں نے کہا کہ جب تک ان تالوں کو اچھی طرح دیکھ بھال کر کے ان کی حقیقت نہ معلوم کرلوں مجھے کوئی جواب نہ دینا چاہئے۔ چنانچہ میں نے جوان تالوں کو ہاتھ لگایا تو حقیقت کھل کر سامنے آگئی کہ تالے نئے نہیں ہیں وہی پرانے ہیں صرف رنگ وروغن نیا ہے اور نہ یہ پیچیدگیاں اور الجھنیں ہی نئی ہیں۔ ان کی جڑ تو ہو بہو پرانی ہے۔ آج بھی اصل مسئلہ فرد کا مسئلہ ہے جو سارے دوسرے مسائل کا سرا ہے اور یہی ہمیشہ انسانی زندگی کا اصل مسئلہ رہا ہے۔ کیونکہ فرد وہ اینٹ ہے جس سے سوسائٹی اور حکومت بنتی ہے اور اس کا حال آج یہ ہوگیا ہے کہ مادہ اور قوت کے سوا کسی چیز سے مطلب نہیں ہے۔ اس دنیا کی قدر و قیمت اس کی نظر میں حقیقت سے بہت زیادہ بڑھی ہوئی ہے۔ لذت اور خواہشات کی بندگی حد سے گزر گئی ہے اور اپنے پروردگار سے، انبیاء کی رسالت سے اور عقیدہ آخرت سے رشتہ بالکل ٹوٹ چکا ہے۔ بس یہی فرد کا بگاڑ ہے جو سوسائٹی کے بگاڑ کا سرچشمہ اور تہذیب کی بد بختی کا ذمہ دار ہے۔

یہ فرد اگر تجارت کرتا ہے تو لالچ اور ذخیرہ اندوزی کا مظاہرہ کرتا ہے۔ ارزانی کے وقت مال روک لیتا ہے اور گرانی کے زمانے میں نکالتا ہے اور اس طرح لوگوں کی بھوک اور پریشانی کا سبب بنتا ہے۔ یہ فرد اگر مفلس ہوتا ہے تو کوشش کرتا ہے کہ اپنی مفلسی کو دور کرنے کے لئے

خود کچھ نہ کرے اور دوسروں کی محنتوں کا پھل مفت میں کھالے۔ اگر مزدوری کرتا ہے تو اپنے فرض کی ادائیگی میں کوتاہی کرتا ہے لیکن مزدوری پوری لینا چاہتا ہے، اگر دولت مند ہوتا ہے تو اعلیٰ درجہ کا کنجوس اور سنگدل ہوتا ہے۔ اگر صاحب اقتدار ہوتا ہے تو لٹیرا اور بددیانت ہوتا ہے۔ اگر مالک ہوتا ہے تو ایک ظالم اور خودغرض مالک ثابت ہوتا ہے جو اپنے فائدے اور اپنے آرام کے سوا کچھ دیکھنا نہیں جانتا۔ اگر نوکر ہوتا ہے تو کام چور اور بے ایمان، اگر خزانچی بنادیا جاتا ہے تو غبن کرتا ہے، اگر وزیر یا جمہوریہ کا صدر ہو جاتا ہے تو شکم پرور، روح سے بے خبر اور بندہ نفس ہوتا ہے جو صرف اپنی ذات اور اپنی پارٹی کے فائدے کو دیکھتا ہے۔ اگر لیڈر بن جاتا ہے تو بہت ہی ترقی پسندی کا مظاہرہ کرتا ہے تو اس قوم اور وطن کی حدود سے آگے نہیں بڑھنا چاہتا اور اپنے وطن اور قوم کی عزت بڑھانے کے لئے دوسری قوموں اور ملکوں کی عزت و آبرو خاک میں ملانے سے کسی وقت بھی گریز نہیں کرتا۔ اگر قانون سازی کا اختیار ہاتھ میں آجاتا ہے تو ظلم کے قانون اور بڑے بڑے ٹیکس مسلط کردیتا ہے۔ اگر اس کے دماغ میں ایجاد و اکتشاف کی صلاحیت ہوتی ہے تو ہلاکت برسانے والے اور تباہی پھیلانے والے آلات ایجاد کرنے لگتا ہے۔ زہریلی گیس ایجاد کرتا ہے جو نوع انسانی کو ہلاک کردے، بمبار طیارے اور ٹینک بناتا ہے جو بستیوں کو کھنڈر اور راکھ کا ڈھیر بناڈالیں۔ ایٹم بم بناتا ہے جس کی ہلاکت خیزیوں سے نہ انسان بچ سکتے ہیں نہ حیوان، نہ کھیت نہ باغات اور جب اس فرد کو ان ایجادات کے استعمال کرنے کی قوت بھی مل جاتی ہے تو بستیوں کی بستیاں اندھا دھند نشانے پر رکھ لیتا ہے اور آن کی آن میں زندوں کے شہر شہر خموشاں بناڈالتا ہے۔

ظاہر ہے کہ جب اچھے افراد سے مرکب ہونے والا معاشرہ اور ان سے تیار ہونے والی حکومت ان افراد کی تمام خوبیوں کی آئینہ دار ہوتی ہے تو برے افراد سے تیار ہونے والا معاشرہ اور حکومت دونوں لامحالہ ان تمام افراد کی تمام برائیوں اور بیماریوں کی حامل ہوگی۔ اس میں تاجروں کی ذخیرہ اندوزی بھی ہوگی، نفع کا لالچ بھی ہوگا، تنگ دستوں کی سرکشی بھی ہوگی۔ مزدوروں کی کم محنت اور زیادہ اجرت کی بری عادت بھی ہوگی۔ دولت مند کی ہوس کے جراثیم بھی اسے اثر کرلگیں گے۔ اپنے حکمران کی بدنیتی اور عیاری بھی اس میں پھیلے گی، مالکوں کا جور و ستم بھی اس کی عادت میں داخل ہوگا۔ نوکر کی خیانت اور خازن کا غبن بھی اس میں سرایت

کرے گا۔ وزراء کی نفع پرستی اور لیڈروں کی وطن پرستی بھی گل کھلائے گی، قانون سازوں کے اندھیر اور سائنس دانوں کی بے راہ روی بھی اپنا جوہر دکھائے گی اور زرداروں کی سنگ دلی بھی اس پورے معاشرہ اور حکومت میں رنگ لائے گی۔

یہ ہے وہ اصل مادۂ فساد جس کے بطن سے وہ تمام بیماریاں، وہ تمام الجھنیں اور وہ تمام پیچیدگیاں پیدا ہوئی ہیں جن سے انسانیت پریشان اور زار و نزار ہے۔ اس مادہ فساد کا نام ہی مادہ پرستی کا ذوق یا مادہ اور اس کے مظاہر ہی کو سب کچھ سمجھنے کا عقیدہ، بلیک مارکیٹنگ اسی کا قدرتی نتیجہ ہے، رشوت ستانی اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے، ہوشربا گرانی اور مہنگائی اسی کا ایک شگوفہ ہے۔ ذخیرہ اندوزی اسی کا عطیہ ہے۔ افراط زر اسی کا ثمرہ ہے۔ آج کے مفکرین اور مقننین آج تک ان مشکلات کا کوئی کامیاب حل نہیں ڈھونڈ کرلا سکے۔ ایک مشکل کو حل کرتے ہیں تو دوسری مصیبت میں پھنس جاتے ہیں، ایک گرہ کھلتی ہے تو کئی نئی گرہیں لگ جاتی ہیں بلکہ اب تو یہ کہنا بھی بے جانہ ہوگا کہ ان کی عقدہ کشائی بجائے خود نئے نئے عقدوں کو جنم دے رہی ہے جیسے عطائی طبیب کے علاج سے صحت کی بجائے کچھ نئے نئے مرض اور پیدا ہو جائیں۔

یہ اس مریض پر روز نئے تجربے کر رہے ہیں۔ انہوں نے سمجھا کہ شخصی حکومت ان تمام امراض کا سبب ہے۔ لہٰذا اسے ختم کر کے جمہوری طرز حکومت کی بنیاد ڈالی مگر اس سے بھی مسئلہ حل نہ ہوا تو بعض نے پھر آمریت اور ڈکٹیٹر شپ کو اختیار کیا۔ اس سے اور خرابیاں بڑھتی دیکھیں تو پھر جمہوریت کی طرف رجوع کیا، ایسی ہی کبھی نظام سرمایہ داری کو اختیار کیا۔ اس سے اور گرہیں بڑھیں تو کمیونزم اور سوشلزم کو اپنے درد کا درماں سمجھ لیا مگر معاملہ کی نوعیت ذرا نہ بدلی اور مشکلات جوں کی توں قائم یا پہلے سے کچھ دشوار ہوگئیں، کیوں......؟

اس لئے کہ یہ ساری تبدیلیاں اور سارا رد و بدل اوپر اوپر ہوتا رہا اور مشکلات کی جو جڑ اور بنیاد ہے یعنی فرد اور اس کا بگاڑ...... اس کو ہاتھ نہیں لگایا گیا۔ اس میں کسی اصلاح و تغیر کی کوشش نہیں کی گئی اور قصداً یا بلا قصد اس حقیقت سے غفلت ہوتی گئی کہ اصل فساد اور ٹیڑھ فرد میں ہے جس کی بدولت معاشرہ اور حکومت میں بھی ٹیڑھ پیدا ہوگئی ہے۔

لیکن میں تو کہتا ہوں کہ اگر یہ مفکرین و مصلحین اس حقیقت کو خوب سمجھ بھی لیتے اور برائیوں کی اس جڑ کو پا بھی لیتے تب بھی اس کا علاج ان کے بس کی بات نہ تھی۔ مانا کہ ان کے

پاس اشاعت علم کے موثر ذرائع ہیں اور یہ دور ہی تعلیم وتربیت کا دور ہے مگر ان کے ہاتھ میں وہ طاقت نہیں ہے جس سے فرد کا رخ شر سے خیر کی طرف اور تخریب سے تعمیر کی طرف موڑ دیں کیونکہ ان کے دماغ و دل روحانیت بلکہ روح کی وقعت ہی سے عاری اور ایمان سے خالی ہیں۔ ان کے پاس دل کو غذا دینے اور اس میں ایمان کا پودا اگانے کا سامان نہیں ہے ان کے ہاتھوں سے وہ چیز نکل چکی ہے جو عبد و معبود کے درمیان رشتہ جوڑے، اس زندگی کے ساتھ اس زندگی کا تعلق قائم کرے۔ روح و مادہ کے درمیان توافق پیدا کرے اور علم کو اخلاق سے وابستہ کرے، ان کے روحانی، افلاس، اندھی مادیت اور غرور عقل نے تو اب اس حد تک پہنچا دیا ہے کہ تخریب و تباہی کا آخر تیر بھی اپنے ترکش میں جمع کر لینا چاہتے ہیں جس کی ہلاکت خیزیوں سے انسانیت کا پورا کنبہ نیست و نابود اور پورا کرۂ ارض اجاڑ اور ویران ہو سکتا ہے۔ خدانخواستہ اگر اس وقت دنیا کی متحارب طاقتوں نے خوفناک ہتھیاروں کے ساتھ جنگ کا میدان گرم کیا تو یقیناً ان کے یہ نو ایجاد آلات تہذیب و انسانیت کا خاتمہ کر دیں گے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# انسانی شرافت وعظمت

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سیدالانبیاء والمرسلین، وعلی آلہ واصحابہ اجمعین۔ امابعد۔

حضرات! اسلام کا نوع بشری پر ایک بڑا احسان، انسان کی شرافت وعظمت اوراس کے علوّ منزلت کا اعلان ہے۔ بعثت محمدی ﷺ سے پہلے انسان ذلت ونکبت کی پستی میں گر چکا تھا اورروئے زمین پراس سے زیادہ ذلیل وحقیر چیز نہیں رہ گئی تھی ،بعض مقدس حیوان اوراشجار جن سے اساطیری LEGENDARY روایات اور معتقدات وابستہ تھے۔ وہ اپنے پرستاروں کے نزدیک زیادہ مکرم و محترم تھے اورانسان کے مقابلے میں انہیں حفاظت کا زیادہ مستحق سمجھا جاتا تھا خواہ اس کے لئے معصوموں کا خون ہی کیوں نہ بہانا پڑے ،ایسے شجر وحجر کے آگے انسان کا خون اور گوشت بھی بے تکلف اور ضمیر کی خلش کے بغیر پیش کردیا جاتا تھا۔ ہم نے اس کی مکروہ تصویریں اس بیسویں صدی میں ہندوستان جیسے بعض ترقی یافتہ ممالک میں بھی دیکھی ہیں۔

سیدنا محمد ﷺ نے انسانیت کواس کی شرافت وعظمت واپس کی اوراس کا کھویا ہوا وقار و اعتبار بحال کیا اور یہ اعلان کیا کہ انسان اس کائنات کا سب سے قیمتی وجود اور گراں قدر جوہر ہے۔ اور یہاں اس سے زیادہ باعظمت اور محبت وحفاظت کی مستحق کوئی اور شے نہیں۔ آپ ﷺ نے انسان کا درجہ اتنا بلند کیا کہ وہ اللہ کا نائب وخلیفہ قرار پایا جس کے لئے اس نے دنیا پیدا کی اوراسے اپنے لئے پیدا کیا:

هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ لَکُمْ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعاً (البقرۃ ۲: ۲۹)

(ترجمہ) وہ وہی (خدا) ہے جس نے پیدا کیا تمہارے لئے جو کچھ بھی زمین میں ہے سب کا

سب۔

قرآن نے اسے اشرف المخلوقات اور صدر کائنات بتایا:

وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا O

(الاسراء ۔ ۷۰)

(ترجمہ) اور ہم نے بنی آدم کو عزت دی اور ہم نے انہیں خشکی اور دریا دونوں میں سوار کیا اور ہم نے ان کو نفیس چیزیں عطا کیں اور ہم نے ان کو اپنی بہت سی مخلوقات پر بڑی فضیلت دی۔

اور اس ارشاد نبوی ﷺ سے زیادہ انسان کی عزت اور عظمت کے بارے میں کیا کہا جاسکتا ہے کہ:

الخلق عيال الله فاحب الخلق الیٰ الله من أحسن الیٰ عياله ۔(۱)

(ترجمہ) خدا کی مخلوق خدا کا کنبہ ہے اور اللہ کو مخلوق میں سب سے زیادہ محبوب وہ ہے جو اس کے کنبہ کے ساتھ اچھا سلوک کرتا ہے۔

انسانی رفعت اور اس کی خدمت کے ذریعہ تقرب الٰہی حاصل کرنے کے سلسلہ میں یہ حدیث بہت بلیغ اور معنی خیز ہے جسے حضرت ابوہریرہؓ نے نبی کریم ﷺ سے روایت کیا ہے کہ:

اللہ تعالیٰ قیامت میں پوچھیں گے اے ابن آدم! میں بیمار پڑا تو نے میری عیادت نہیں کی؟ آدمی کہے گا یارب! آپ تو رب العالمین تھے میں آپ کی عیادت کیسے کرتا؟ اس پر اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ کیا تمہیں علم نہیں کہ میرا فلاں بندہ بیمار ہوا مگر تم نے اس کی عیادت نہیں کی؟ کیا تمہیں معلوم نہیں کہ اگر تم اس کی عیادت کرتے تو مجھے اس کے پاس پاتے۔

اے ابن آدم! میں نے تم سے کھانا مانگا تو تم نے مجھے کھلایا نہیں آدمی کہے گا کہ بار الٰہا! آپ تو دنیا کے پالن ہار تھے میں آپ کو کیسے کھلاتا اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ کیا تمہیں معلوم نہیں کہ میرے فلاں بندہ نے تم سے کھانا مانگا مگر تم نے اسے کھانا نہیں دیا؟ اگر تم اسے کھلاتے تو مجھے اس کے پاس پالیتے۔

(۱) سنن بیہقی۔

''اے ابن آدم! میں نے تم سے پانی مانگا مگر تم نے مجھے پانی نہیں دیا۔ آدمی کہے گا خدایا! آپ تو رب العالمین ہیں میں آپ کو پانی کیسے پلاتا؟ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ میرے فلاں بندہ نے تم سے پانی مانگا مگر تم نے اسے پانی نہیں دیا۔ اگر تم اسے پانی پلاتے تو مجھے اس کے قریب پاتے۔'' (۱)

کیا انسانی رفعت وعظمت کا اس سے زیادہ واضح اور صریح کسی اعلان کا تصور کیا جا سکتا ہے۔ جسے دین توحید نے پیش کیا ہے؟ اور دنیائے قدیم وجدید کے کسی دین وفلسفہ کے تحت انسان نے کبھی ایسی عظمت ومنزلت حاصل کی ہے؟

رسول کریم ﷺ نے آدم زادوں (انسانوں) پر رحم کرنے کو اللہ کی رحمت کے نزول کی شرط لازم بتاتے ہوئے فرمایا۔

**الرّاحمون یرحمهم الرحمٰن ارحموا من فی الارض یرحمکم من فی السمآء.** (۲)

(ترجمہ) رحم کرنے والے پر رحمٰن بھی رحم کرتا ہے۔ تم زمیں والوں پر رحم کرو تم پر آسمان والا رحم کرے گا۔

کرو مہربانی تم اہل زمین پر
خدا مہربان ہوگا عرش بریں پر

وحدت انسانیت اور عظمت انسانیت اور رسول کریم ﷺ کی اس کے لئے جدوجہد سے پہلے دنیا کی سیاسی واجتماعی حالت کا کچھ اندازہ کرنا ضروری ہے۔

آپ ﷺ کی بعثت سے پہلے ایک ایک فرد کی مرضی پر ہزاروں انسانوں کی زندگیاں موقوف رہتی تھیں، کوئی بادشاہ اٹھتا اور ملکوں اور قوموں اور کھیتوں اور آبادیوں کو پامال کرتا چلا جاتا اور راج ہٹ یا سیاسی تفوق کی خاطر خشک وتر کو تہس نہس کر کے رکھ دیتا۔

(۱) صحیح مسلم۔
(۲) سنن ابن ابی داؤد۔

## سکندر اعظم ALEXANDER THEGREAT:

(۳۵۶۔۳۲۴ ق م) آندھی پانی کی طرح اٹھتا ہے اور ایران شام۔ ساحلی ممالک مصر اور ترکستان کا بڑا حصہ زیر وزبر کرتا ہوا شمالی ہند پہنچ جاتا ہے وہ فتح و تسخیر کے اس طویل سفر میں صدیوں کی قدیم اور ترقی یافتہ تہذیبوں اور تمدنوں کو خاک میں ملا دیتا ہے۔

## جولیس سیزر JULIUS CAESAR:

(م ۴۴ ق م) اور دوسرے فاتحین اور فوجی قائدین جیسے قرطاجہ (CARTNAGE) کا ہنی بال (HANNIBAL) (۱۸۳۔۲۴۷ ق م) اور دوسرے فوجی قائد اور کشور کشا انسانی آبادیوں میں اس طرح شکار کھیلتے ہیں۔ اور ہزاروں لاکھوں انسانوں کو موت کے گھاٹ اتارتے چلے جاتے ہیں جیسے مشاق و بے دردشکاری بلا امتیاز جنگلی جانوروں کا شکار کرتے ہیں۔
تباہ کاری اور انسانی زندگی و برگزیدگی کے ساتھ یہ کھلواڑ حضرت مسیح علیہ السلام کے ظہور کے بعد بھی جاری رہی۔ چنانچہ ان کی ابعد کے انسانیت پر ظلم ڈھانے والوں اور سنگدلوں میں نیرو (NERO) (۶۸ء) جیسے لوگوں نے اپنے ہم وطنوں کو بھی اپنے ظلم کا نشانہ بنایا اور اپنی ماں اور بیوی کو بھی نہیں بخشا، یہی شخص روما کی عظیم آتش زدگی کا ذمہ دار ہے جب روما آگ کے شعلوں میں جل رہا تھا تو وہ چین کی بانسری بجا رہا تھا۔(۱)

یورپ کے وحشی قبائل یعنی مغربی و مشرقی گاتھ اور ونڈاں وغیرہ جو بعثت محمدی ﷺ سے ایک صدی قبل پانچویں صدی مسیحی میں سرگرم تھے۔ وہ دنیا کی بڑی بڑی اور متمدن راجدھانیوں کو تاراج کر دیتے اور روئے زمین پر بڑے پیمانے پر خوف اور دہشت پھیلا دیتے۔ عربوں کی نظر میں انسانی زندگی کی قدر و قیمت اتنی کم تھی کہ جنگ اور خونریزی ...... ان کے لئے ایک کھیل بن گئی تھی ۔ اور معمولی سا واقعہ بھی جنگ کا محرک بن جاتا تھا۔ چنانچہ بنی وائل کے دو قبیلوں بکر و تغلب کے درمیان چالیس ۴۰ سال تک جنگ کا سلسلہ جاری رہا۔ جس میں پانی

---

(۱) انسائیکلوپیڈیا تاریخ عالم، ولیم لینگر۔ طبع ۱۹۶۴ء۔

کی طرح خون بہا، بات صرف اتنی تھی کہ کلیب (رئیس معد) نے بسوس بنت منقذ کی اونٹنی کے تھن پر تیر مار دیا تھا۔ جس سے اس کا خون دودھ میں مل گیا تھا۔ اس کے باعث جساس بن مرہ نے کلیب کو قتل کر دیا اور بکر و تغلب میں جنگ چھڑ گئی اس خانہ جنگی کے بارے میں کلیب کا بھائی المہلہل کہتا ہے:

''انسان فنا ہو گئے، مائیں بے اولاد ہو گئیں، بچے یتیم ہو گئے، آنسو رکنے کا نام نہیں لیتے اور مردے بے کفن دفن پڑے رہیں۔

اسی طرح داحس وغبراء کی جنگ کا سبب یہ ہوا کہ داحس جو قیس بن زہیر کا گھوڑا تھا۔ وہ قیس اور حذیفہ بن بدر کے درمیان مقابلہ میں آگے نکل گیا تھا جس پر ایک اسدی نے حذیفہ کے کہنے پر گھوڑے کو چھیڑا اور اس کے چہرے پر طمانچہ مارا اور اس وجہ سے وہ گھوڑا اچھڑ گیا۔

اس واقعہ کے بعد قتل و انتقام اور قبائلی جنگ، قید و بند اور قبیلوں کے ترک وطن کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ اور اس میں ہزاروں آدمی مارے گئے۔ (۱)

رسول اللہ ﷺ کے عہد کے غزوات کی کل تعداد ستائیس ۲۷ یا اٹھائیس ۲۸ ہے اور سرایا کی تعداد ساٹھ تک پہنچتی ہے ان میں جنگی تاریخوں کو دیکھتے ہوئے سب سے کم خون بہایا گیا ان میں طرفین کے صرف ۱۰۱۸ آدمی مارے گئے۔ اور ان غزوات کا مقصد انسانی جانوں کی حفاظت، انسانی مفادات کا دفاع تھا اور اس کے ساتھ ہی وہ اخلاقی آداب اور شریفانہ تعلیمات کی اس طرح پابند تھیں کہ نوع انسانی کے حق میں تعذیب کے بجائے تادیب کا حکم رکھتی تھیں۔ (۲)

اسلام ایمان اور اپنی اخلاقی تعلیمات کے ذریعہ انسان کی عظمت و شرافت کا ایسا شعور پیدا کرتا ہے کہ جس سے ایک مسلمان اس معاملہ میں بہت زود حس ہو جاتا ہے وہ انسان کو کسی حال میں جانوروں کے درجہ میں نہیں اتارتا اور نہ وہ ان سے حیوانوں جیسا سلوک پسند کرتا ہے اور نہ انہیں اپنے ذوق تفوق کے لئے غلام بناتا ہے، وہ اپنے اور دوسرے انسانوں کے درمیان کوئی فرق نہیں سمجھتا کہ ان سے توہین آمیز سلوک کرے۔ جہاں انسانی مساوات اور احترام

(۱) انسائیکلوپیڈیا تاریخ عالم، ولیم لینگر۔

(۲) ملاحظہ ہو ''ایام العرب''

انسانیت فوجوں کو روانہ کرتے وقت نبی کریم ﷺ کی ہدایات کے لئے حدیث سیرت کی کتابیں ملاحظہ ہوں تفصیل کے لئے دیکھیں راقم الحروف کی کتاب ''نبی رحمت'' حصہ دوم کا باب ''غزوات پر ایک نظر'' صفحہ ۱۱۵ کے سلسلہ میں بطور نمونہ صرف ایک واقعہ پیش کیا جاتا ہے۔

حضرت انسؓ کی روایت ہے کہ ہم لوگ حضرت عمرؓ کے پاس تھے کہ ان کی پاس ایک مصری قبطی نے فریاد کی، آپؓ نے دریافت کیا تو اس نے کہا، عمرو بن العاص نے مصر میں گھوڑ دوڑ کرائی۔ جس میں میرا گھوڑا آگے نکل گیا اور لوگوں نے اسے دیکھا بھی۔ مگر محمد بن عمرو بن العاص کہنے لگے کہ بخدا یہ میرا گھوڑا ہے۔ وہ جب قریب آئے تو میں نے انہیں پہچان کر کہا نہیں بخدا وہ میرا گھوڑا ہے، اس پر وہ مجھے کوڑوں سے مارنے لگے۔ انہوں نے کہا کہ جانتے نہیں کہ میں ابن الاکرمین (شریف زادہ) ہوں، اس پر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس سے کہا کہ اچھا بیٹھو! پھر عمرو بن العاص کو لکھا کہ میرا خط دیکھتے ہی تم اور تمہارے بیٹے محمد حاضر ہو جائیں۔

رواوی کہتا ہے کہ عمرو بن العاص نے اپنے بیٹے کو بلا کر پوچھا کہ کیا تم نے کوئی جرم کیا ہے، اس نے نفی میں جواب دیا تو انہوں نے کہا کہ تب کیوں عمر رضی اللہ عنہ نے تمہارے بارے میں لکھا ہے، اس کے بعد وہ حضرت عمرؓ کے پاس حاضر ہو گئے، حضرت انسؓ ہی کہتے ہیں کہ ہم حضرت عمرؓ ہی کے پاس تھے کہ عمرو بن العاص کو ایک لنگی اور چادر میں آتے دیکھا تو حضرت عمرؓ دیکھنے لگے کہ ان کا بیٹا بھی ساتھ ہے یا نہیں، جو ان کے پیچھے پیچھے آ رہا تھا، حضرت عمرؓ نے فرمایا مصری کہاں ہے؟ اس نے کہا ہاں میں یہاں ہوں حضرت عمرؓ نے حکم دیا کہ درّہ لے کر ابن الاکرمین (شریف زادہ) کی خبر لو، راوی کہتا ہے کہ اس نے اسے اچھی طرح مارا پھر حضرت عمرؓ نے کہا کہ عمرو کے سر پر بھی گھماؤ کیونکہ انہیں کے برتے اس نے تمہیں مارا تھا مصری کہنے لگ کہ میں مارنے والے کو مار چکا ہوں حضرت عمرؓ نے فرمایا اگر تم انہیں مارتے تو میں بیچ میں نہ پڑتا جب تک تم ہی نہ انہیں چھوڑتے، پھر فرمایا عمرو! تم نے لوگوں کو کب سے غلام بنایا، حالانکہ ان کی ماؤں نے تو انہیں آزاد جنا تھا، پھر مصری کی طرف متوجہ ہو کر کہا کہ اطمینان سے جاؤ اگر کوئی بات پیش آئے تو مجھے لکھنا۔

# خواتین کی ذمہ داریاں

الحمد للہ رب العالمین والصلاۃ والسلام علی سید الانبیاء والمرسلین وعلی آلہ واصحابہ اجمعین. امابعد.

معزز حاضرین ومحترم خواتین! اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

إِنَّ الْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَالْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْقَانِتِينَ وَالْقَانِتَاتِ وَالصَّادِقِينَ وَالصَّادِقَاتِ وَالصَّابِرِينَ وَالصَّابِرَاتِ وَالْخَاشِعِينَ وَالْخَاشِعَاتِ وَالْمُتَصَدِّقِينَ وَالْمُتَصَدِّقَاتِ وَالصَّائِمِينَ وَالصَّائِمَاتِ وَالْحَافِظِينَ فُرُوجَهُمْ وَالْحَافِظَاتِ وَالذَّاكِرِينَ اللَّهَ كَثِيرًا وَالذَّاكِرَاتِ أَعَدَّ اللَّهُ لَهُمْ مَغْفِرَةً وَأَجْرًا عَظِيمًا (الاحزاب: ۳۵)

(ترجمہ) ''جولوگ خدا کے آگے (سر اطاعت خم کرنے والے ہیں یعنی) مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں، اور مومن مرد اور مومن عورتیں، اور فرماں بردار مرد اور فرماں بردار عورتیں، اور راست باز مرد اور راست باز عورتیں، اور صبر کرنے والے مرد اور صبر کرنے والی عورتیں اور عاجزی کرنے والے مرد اور عاجزی کرنے والی عورتیں ،اور خیرات کرنے والے مرد اور عورتیں اور روزے رکھنے والے مرد اور روزے رکھنے والی عورتیں اور پاک دامن مرد اور پاک دامن عورتیں اور خدا کو کثرت سے یاد کرنے والے مرد اور کثرت سے یاد کرنے والی عورتیں، کچھ شک نہیں کہ ان کے لئے خدا نے بخشش اور اجر عظیم تیار کر رکھا ہے۔''

اللہ تعالیٰ نے ان آیات میں دس صفات کا ذکر کیا ہے لیکن ہر مرتبہ وہ تذکیر و تانیث کے الگ الگ صیغوں میں مردوں اور عورتوں کا ذکر فرماتا ہے، اور ان کی ایک ایک صفت کا ذکر

کرتا ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ کو اپنی بندیوں سے کتنی محبت ہے، اور ان کے لئے ہر عمدہ صفت اور کمال میں ترقی و امتیاز حاصل کرنے کا کتنا امکان اور وسیع میدان ہے، اس سے اس کا بھی اشارہ ملتا ہے (اور مذاہب و اخلاقیات کی تاریخ پر نظر رکھنے والے اس کی تصدیق کریں گے) کہ بہت سے قدیم مذاہب اور نظامہائے اخلاق میں طبقہ نسواں کو بہت سے اخلاقی فرائض اور کمالات سے مستثنیٰ سمجھا جاتا تھا۔ اور یہ اس کے لئے عیب نہ تھا، اعمال کی یہ طویل فہرست اس لئے بیان کی تاکہ معلوم ہو کہ اللہ تبارک وتعالیٰ جس طرح اپنے بندوں پر شفقت کرتا ہے اسی طرح اپنی بندیوں پر شفقت کرتا ہے، اس کی صفت ربوبیت اور اس کی صفت رحمت مردوں اور عورتوں دونوں کے لئے عام اور ان پر سایہ فگن ہے، اس کا پورا امکان تھا کہ ایمان و یقین، عبادت و اطاعت، صداقت وخلوص، صبر وایثار، خوف وخشیت، صدقہ و خیرات اور پاک بازی اور پاک دامنی کے میدان میں پوری اجارہ داری مردوں کی ہو جائے، اس لئے کہ یہ اوصاف وخصوصیات، بلکہ کمالات وامتیازات، بڑی ہمت وعزم اور قربانی وایثار کے طالب ہیں، اور مذاہب واخلاق اور علم وتمدن کی تاریخ میں زیادہ تر بلکہ تمام تر مردوں ہی کے نام آتے ہیں، پھر عورتوں کی بہت سی ایسی صنفی ذمہ داریاں اور فرائض ہیں جن سے مرد آزاد ہیں، مثلاً خانہ داری کی ذمہ داریاں، اولاد کی پرورش، ان کی غذا اور پوشاک، ان کی دیکھ بھال اور تیمارداری۔

کم سے کم ولایت کے سلسلہ میں بالکل امکان تھا کہ ہم صدہا بلکہ ہزاروں اولیاء اللہ سے واقف ہوتے، اور اس سلسلہ میں ایک خاتون کا نام بھی نہ سنا ہوتا، لیکن اس نورانی فہرست میں بھی حضرت رابعہ بصریہ کا نام درخشاں اور تاباں نظر آتا ہے، اور ان کا نام اب بھی زندہ ہے، کتنی بچیوں کا نام تبرکاً یہی رکھا جاتا ہے، سوانح اور سیر کی تاریخوں اور تصوف وسلوک کی کتابوں میں ان کی عبادت، ولایت وکرامات، اور مقبولیت وعظمت کے واقعات درج ہیں، اسی طرح صدہا مقبولین بارگاہ الٰہی، اور پیشوایان طریقت وسلوک کی روحانی تربیت وترقی میں ان ماؤں کا بنیادی حصہ ہے، اور انہوں نے خود اس کا اظہار واعتراف کیا ہے، ان سب کا نام لینا مشکل ہی نہیں ناممکن ہے، نمونہ کے طور پر ہم عالم اسلام کے سب سے مشہور ومقبول بزرگ پیران پیر سیدنا عبدالقادر جیلانیؒ کا، اور ہندوستان کے مشہور ومقبول بزرگ محبوب الٰہی سلطان المشائخ

حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء کا نام لیتے ہیں، ان کے تذکرے، حالات وسوانح کی کتابیں پڑھی جائیں تو معلوم ہوگا کہ وہ اپنی ماؤں کی تربیت اور اپنے بچپن میں اپنے گھر کی فضا اور ماحول کا کتنی اہمیت اور ممنونیت کے ساتھ ذکر کرتے ہیں، اور اس کے احسان منداور شکر گزار نظر آتے ہیں۔

علمی کمالات اور علم کی خدمت واشاعت کے سلسلے میں مجھے افسوس ہے کہ فضلائے امت کو تو سینکڑوں تاریخیں ہیں، لیکن فاضلات امت کی تاریخ بہت کم لکھی گئی ہے، لیکن پھر بھی تذکرہ نویسوں نے خواتین کو بالکل نظر انداز نہیں کیا، دینی علوم وادبی کمالات کے سلسلہ میں ان کے نام آتے ہیں، علمی ذوق وشوق اور شغف کی کامیابی، اور علمی جدوجہد کی یہاں صرف ایک ایسی روشن مثال پیش کی جاتی ہے، جس سے اچھے خاصے واقف آدمی پر بھی ایک عالم تحیر چھا جاتا ہے۔

آپ کو معلوم ہے کہ قرآن مجید کے بعد اسلام کے پورے کتب خانے اور اس کے پورے علمی ذخیرہ میں کس کتاب کا درجہ ہے؟ یہ صحیح بخاری ہے جس کو ''اصح کتب بعد کتاب اللہ'' کا لقب دیا گیا ہے، وہ ہر مدرسہ اور دارالعلوم کے لئے معیار فضیلت ہے، ختم بخاری کی تقریب بڑے سے بڑے دارالعلوم کے لئے قابل فخر وقابل شکر تقریب ہوتی ہے، اور اس جامعہ میں بھی اس کے ختم کی تقریب منائی گئی ہے آپ کے علم میں ہے کہ صحیح بخاری ہندوستان میں اور اکثر علمی مرکزوں میں کس کی روایت سے پہنچی ہے، اور فضلائے مدارس کو اس کی سند دی جاتی ہے؟ یہ ایک فاضلہ خاتون کریمہ کی روایت ہے، ایک معتبر تذکرہ کی کتاب میں ان کا تعارف ان الفاظ میں آیا ہے:

**كريمة بنت احمد بن محمد المروزية محدثة كانت تروى صحيح البخارى قال ابن الا ثير انتهى اليها علوم الا سناد للصحيح ، عاشت تقريباً مائة سنة اصلها من مروا لرود، وفاتها بمكةويقال لها ام الكرام وبنت الكرام** (الاعلام للزر كلى ج ٦ ص ٧٨)

(ترجمہ) کریمہ دختر احمد بن محمد مروز کی رہنے والی ایک محدثہ خاتون ہیں، جو صحیح بخاری کی خاص روایہ ہیں، مؤرخ ابن الاثیر کہتے ہیں کہ صحیح بخاری کی سب سے اونچی سند انہیں کے ذریعہ سے

ہے، تقریباً سو سال کی عمر پائی، مرو کی رہنے والی تھیں، انتقال مکہ مکرمہ میں ہوا، ام الکرام اور بنت الکرام کے لقب سے یاد کی جاتی ہیں۔

اب ادب کے میدان کو لیجئے **ولادہ بنت المستکفی اندلس** (اسپین) کے حکام میں سے ایک سربرآوردہ شخصیت کی صاحبزادی تھیں، ان کا ادبی ذوق، سخن فہمی، اور بالغ نظری مسلم اور ان کا نام اس سلسلہ میں تذکرہ اور تاریخ کی کتابوں میں روشن ہے، ان کا ادبی اور شعری دربار ایسا منعقد ہوتا تھا، جیسے بادشاہوں کے دربار منعقد ہوتے تھے، بڑے بڑے ادباء ان کے پاس استفادہ کے لئے آتے تھے۔ (الاعلام للزرکلی، ج۹ص ۱۳۵، ۱۳۶)

جہاں تک ہمت وعزیمت، ایثار وقربانی، اور جذبہ جہاد کا تعلق ہے، اس کی ایک مثال دینی کافی ہے، جس کی نظیر اسلام ہی نہیں، دنیا کی تاریخ میں ملنی مشکل ہے، حضرت خنساءؓ عربی زبان کی مسلم اور مستند اور غیر فانی شہرت کی مالک شاعرہ ہیں، ان کے دو بھائیوں کا انتقال ہو گیا تھا، ان کے لئے انہوں نے ایسے دل دوز مرثیے کہے کہ ان کی نظر عربی مرثیوں ہی میں نہیں، دنیا کی دوسری زبانوں کی مرثیوں کے ذخیرہ میں بھی ملنا مشکل ہے، یہ واقعہ ان کی اسلام لانے سے پہلے کا ہے، یہی حضرت خنساءؓ جب اسلام لائیں تو اسلام نے ان کی نفسیات میں عظیم انقلاب برپا کر دیا، جس اللہ کی بندی نے اپنے بھائیوں پر رونا اپنا شعار معمول بنالیا تھا، اور ان کی شاعری اسی پر مرکوز ہو کر رہ گئی تھی، سب کو معلوم ہے (خاص طور پر ہماری بہنوں اور محترم خواتین کو) بھائی اور بیٹے میں کیا فرق ہوتا ہے، بھائی سے ہزار محبت ہو، بیٹا لخت جگر اور نور نظر ہوتا ہے، اور جان سے زیادہ پیارا، انہیں خنساءؓ نے جہاد کے ایک موقعہ پر اپنے بیٹوں کو بلایا، ایک ایک کو رخصت کیا اور کہا، بیٹا! میں نے اسی دن کے لئے تم کو دودھ پلایا تھا، اللہ کے راستہ میں جاؤ اور ہم کو سرخرو کرو، اس کے بعد ایک ایک کی شہادت کی خبر سنتی رہیں، جب آخری بیٹے کی شہادت کی خبر سنی تو ان کی زبان سے یہ الفاظ نکلے۔

الحمد للہ الذی اکرمنی بشہادتھم (کتب رجال وتاریخ)

(ترجمہ) اس خدا کا شکر ہے جس نے ان کی شہادت کی عزت ونسبت سے مجھے سرفراز فرمایا۔

ان اوصاف اور کمالات کے علاوہ دو ایسے میدان ہیں، جن میں خواتین کو سبقت حاصل ہے، اور وہ ان میدانوں میں جو کارنامہ انجام دے سکتی، اور اس کے ذریعے سے امت اسلامیہ کا

صرف نسلی تسلسل ہی نہیں اعتقادی، اخلاقی، ذہنی اور تہذیبی تسلسل کے قائم رہنے میں بنیادی کردار ادا کرسکتی ہیں، وہ انہیں کا حصہ ہے، اور ہر دور میں ان کے نہ صرف تعاون بلکہ اس کی ذمہ داری قبول کرنے ) اور اس کو سرانجام دینے کے بغیر یہ معنوی تسلسل ( جو اس امت کی اصل قیمت اور اس کی ضرورت وافادیت کا ثبوت ہے ) قائم نہیں رہ سکتا۔

یہ دو میدان ہیں، ایک نئی نسل کی دینی تعلیم وتربیت کا ابتدائی کام، اور اس کے قلب وذہن پر اسلام کا نقش قائم کرنا اور اس کو عمیق و مستحکم بنانا، دوسرے اسلامی تہذیب ومعاشرت کی حفاظت اور نئی نسل کو غیر اسلامی تہذیب ومعاشرت کے اثرات سے بچانا ہے۔

ہماری زبان ومحاورہ میں جب یہ بتانا ہوتا ہے کہ فلاں عادت، یا یقین، یا خوبی، یا کمزوری دل ودماغ میں پیوست ہوگئی ہے، اور اب وہ نکالی نہیں جاسکتی، تو کہا جاتا ہے کہ " یہ چیز گھٹی میں پڑی ہوئی ہے" اور ظاہر ہے کہ یہ گھٹی ماں اور گھر کی شفیق اور مربی بیبیوں کے ذریعہ ہی بچوں کو ابتدائے شعور میں گھر ہی میں دی جاسکتی ہے، ماہرین تعلیم وتربیت اور علماء نفسیات نے اس حقیقت پر بہت زور دیا ہے کہ بچہ کے ذہن کی سادہ تختی پر جو ابتدائی نقوش پڑ جاتے ہیں، وہ کبھی نہیں مٹتے اور خواہ ان کو مٹا ہوا سمجھ لیا جائے، لیکن درحقیقت وہ مٹتے نہیں، دب جاتے ہیں، اور وقت پر ابھرتے ہیں، اس حقیت کو تسلیم کر لینے کے بعد ماؤں اور بچوں کی تربیت کرنے والیوں کی ذمہ داری بہت بڑھ جاتی ہے، جو اس سادہ تختی پر آسانی کے ساتھ اچھے سے اچھے نقش بنا سکتی ہیں، اور جن کو کوئی طاقت اور کوئی تعلیم وتربیت آسانی کے ساتھ مٹا نہیں سکتی۔

ماؤں اور پرورش کرنے والی خواتین اور گھر کی ان بیبیوں کا جو رشتہ میں بزرگ اور گھر کے ماحول میں اثر انداز اور قابل احترام ہوتی ہیں، اتنا ہی فرض اور ذمہ داری نہیں کہ وہ بچوں کو اللہ اور رسول ﷺ کا نام سکھا دیں، کلمہ یاد کرا دیں، اور جب وقت آئے تو نماز پڑھنا سکھا دیں، یہاں تک کہ قرآن شریف پڑھنا بھی ان کو آجائے، اور اردو پڑھنے کے قابل بھی ہو جائیں، ہندی زبان اور رسم الخط کی اس فرماں روائی کے دور میں جب لاکھوں مسلمان بچے اور بچیاں اردو کی ایک سطر پڑھنے اور اپنا نام تک لکھنے کے قابل نہیں ہوتیں، بلکہ اپنا نام زبانی بھی لینے اور بتانے کی ان میں صلاحیت نہیں ہوتی، جس کی درجنوں مثالیں، انٹرویو کی مجلسوں، اسکولوں میں داخلے اور ملازمت کی درخواست دینے کے موقعہ پر سامنے آچکی ہیں، جو زیادہ تر گھروں کی اندر اردو

لکھنے پڑھنے کی صلاحیت پیدا ہونے اور اسلامی تاریخ انبیاء علیہم السلام، صحابہ کرامؓ، ازواج مطہراتؓ، اہل بیتؓ اور پیشوایان اسلام کی ناموں تک سے واقف کرانے کے کام سے غفلت اور سستی کا نتیجہ ہے۔

اس ضروری کام کے علاوہ یہ بھی ضروری ہے کہ ان بچوں کو کفر و شرک سے نفرت، توحید سے محبت، اس پر فخر، اسلامی نسبت اور مسلمان ہونے اور کہلانے پر مسرت و عزت کا احساس، دین کی حمیت و غیرت، خدا کی نافرمانی، اور خدا کے آخری رسول محمد ﷺ سے عشق، اور شیدائیت کی حد تک محبت، گناہوں سے نفرت اور گھن، دنیاوی ترقی ہی کو زندگی کا مقصد اور کامیابی اور عروج کی دلیل سمجھنے سے حفاظت، راست بازی اور راست گوئی کی عادت، خدمت و ایثار کا شوق، خدمت خلق اور وطن دوستی کا جذبہ پیدا کرنا بھی ان کی ذمہ داری اور انہیں کے کرنے کا کام ہے، اور اگر یہ کام بچپن میں اور گھروں کے نادر نہیں ہوا، تو دنیا کی بڑی سے بڑی دانش گاہ اور سرکاری یا عالمی پیمانہ پر کوئی تربیت گاہ نہیں کرسکتی، اور اس مقصد میں کامیاب نہیں ہوسکتی۔

یہ بھی صفائی سے کہنا پڑتا ہے کہ جب تک مسلمان بچوں کو بت پرستی اور کفر و شرک سے خواہ وہ کسی بیرونی و ملکی دیو مالا (MYTHOLOGY) اور نصاب تعلیم (TEXT BOOKS) کے ذریعہ سے ہو، یا ریڈیو، ٹی وی یا لیکچروں کے ذریعہ سے ہو یا خود مسلمانوں کے دین سے ناواقفیت اور دنیا اور پیشہ ور گروہوں کے اثر سے ہو، اس طرح نفرت اور گھن نہ پیدا ہو، جیسی گندی اور بدبودار چیزوں سے ہوتی ہے، تو ان کے ایمان کی حفاظت نہیں ہوسکتی، اور ان کے صحیح العقیدہ مسلمان ہونے کی ضمانت نہیں دی جاسکتی، یہ تربیت، یہ محبت و نفرت جو طبیعت کا خاصہ اور حواس خمسہ کے ساتھ ایک نیا حاسہ بن جائے۔ مسلمان گھرانوں کی میراث، اور مسلمان نسلوں کے اعتقادی و معنوی تسلسل کا راز رہا ہے اور جب تک یہ کام گھروں میں ماؤں اور گھر کی بڑی بہنوں اور بزرگ خواتین کے ذریعہ انجام نہیں پائے گا، یہ بڑے سے بڑے پراثر مواعظ، موثر سے موثر دینی کتابیں اور مدارس دینیہ عربیہ کے لائق ترین اساتذہ کے ذریعہ بھی اس میں کامیابی حاصل ہونی مشکل ہے۔

دوسرا میدان جس میں خواتین کو امتیاز اور قیادت و راہنمائی کا شرف حاصل ہے، وہ اسلام کے تہذیبی و معاشرتی امتیاز کا باقی رکھنا، اس کا تسلسل ...ام اور غیر اسلامی تہذیبوں اور طرز

معاشرت سے حفاظت کا مسئلہ ہے اس کے لئے قدرے تفصیل اور قدیم اسلامی تاریخ پر ایک نظر ڈالنے کی ضرورت ہے۔

اسلام کو بالکل ابتدا ہی میں ایک ایسے انوکھے چیلنج کا سامنا کرنا پڑا، جس سے تاریخ میں شاید کسی مذہب کو اس درجہ میں واسطہ نہیں پڑا، جزیرۃ العرب سے نکلنے والے عرب مسلمانوں کو دو ایسے ترقی یافتہ تمدنوں کا سامنا کرنا پڑا جن سے بڑھ کر کسی دوسرے تمدن کا تجربہ انسانی تہذیبی تاریخ میں عرصہ سے نہیں کیا گیا تھا، یہ دو تمدن، رومی و ایرانی تمدن تھے، جو تہذیب، آرٹ، انسانی زندگی کو سنوارنے اور اس کو منظم کرنے، راحت و آسائش کے سامان کی فراہمی اور فراوانی میں کئی منزلیں طے کر چکے تھے، اور ترقی کے آخری درجہ تک پہنچ گئے تھے، یہ تمدن اپنی تراش خراش میں بھی بڑی رعنائی رکھتے تھے، اور بڑے دل فریب تھے، آلات و وسائل، راحت و دلچسپی کے سامان، زندگی گزارنے کے بلند معیار، خانہ داری کی ترقی یافتہ طور طریق اور لباس، خوراک، اور گھروں کی زینت و آرائش کے آلات و وسائل سے ان کا تمدن مالا مال تھا۔

اس کے برخلاف عرب اپنے ابتدائی دور میں یا صحیح الفاظ میں تہذیبی طفولیت کے دور میں تھے، درحقیقت یہ تجربہ جس سے ابتدائی مسلمانوں کو گزرنا پڑا، بڑا نازک تجربہ تھا، اسلام یقیناً آسمانی تعلیمات، عقائد اور اخلاق عالیہ، اور آداب حسنہ سے آراستہ تھا، لیکن تہذیب و معاشرہ کی قیامت کی باگ دوڑ اس وقت رومیوں اور ایرانیوں کے ہاتھ میں تھی اس لئے اس کا امکان تھا، اور سارے قرائن بتا رہے تھے یہ عرب اور مسلمان جنہوں نے ایک تنگ و تاریک ماحول میں آنکھیں کھولی ہیں اور جن کے پاس بہت محدود وسائل تھے جن کی زمین دولت کے سرچشموں سے خالی ہے، ان کی زندگی خیموں اور خام و نیم کام مکانات میں گزری ہے، اور ایک طرح سے خانہ بدوشانہ زندگی کہی جا سکتی ہے، تاریخ کی کتابوں میں آتا ہے کہ جب پہلی مرتبہ عرب مجاہدین و مبلغین نے (ایرانی فتوحات کے زمانہ میں) کھانے میں چپاتیاں دیکھیں تو وہ سمجھے کہ یہ ہاتھ پونچھنے کے لئے دستی رومال ہیں، کھانے کے بعد ہاتھ پونچھنے کے لئے جب انہوں نے ان باریک چپاتیوں کو اٹھایا تو معلوم ہوا کہ یہ تو روٹی ہے اسی طرح جب ان کو پہلی مرتبہ کافور سے سابقہ پڑا تو وہ سمجھے کہ یہ نمک ہے، اور بعض اوقات انہوں نے اس کو آٹے کے ساتھ گوندھ دیا۔

غرض یہ کہ جب فتوحات کا دور شروع ہوا تو ان بادیہ نشینوں کو ایک ایسے ترقی یافتہ اور دل کش تمدن سے سابقہ پڑا جس کو انہوں نے کبھی خواب میں بھی نہیں دیکھا تھا، اس لئے اس کا پورا امکان ہی نہیں بلکہ اس کے سب قرائن موجود تھے کہ وہ اس تمدن پر دیوانہ وار اور پروانہ وار گرتے، اس کی ہر خوبی کو اختیار کرتے اور اس پر فخر کرتے، ان کے تمدن ومعاشرت، روزمرہ کی زندگی، اور خوراک و پوشاک کا معیار اتنا اونچا ہو جاتا کہ اس کے حصول کے لئے ان کو حدود شریعت ہی نہیں، اپنے عرف ورواج کے حدود سے بھی تجاوز کرنا پڑتا ہے، وہ اس سب کو ایک فیشن، ترقی پسند بلکہ بیداری اور حقیقت پسندی کی علامت کے طور پر اختیار کرتے ہیں اور اس سے وہ سب خرابیاں پیدا ہوتیں، جو مادہ پرست، دنیادار اور تمدن وترقی کی وبازدہ اقوام وممالک میں پیدا ہوتی رہی ہیں، اور تاریخ میں اس کی صدہا مثالیں ملتی ہیں، اس کے تصور کے لئے ان مشرقی ممالک واقوام کا نقشہ اور ان کا طرز عمل دیکھ لینا کافی ہے، جو مغربی تمدن وترقی کی نقالی کا شکار ہوئیں اور ان کی خوشہ چیں بن گئیں اور انہوں نے دینی تعلیمات واحکام، حدود شریعت اور اپنی قدیم تہذیبی روایات سے یکسر آنکھیں بند کر لیں۔

واقعہ یہ ہے کہ مسلمانوں نے اس مشکل پر مردوں اور عورتوں کے باہمی تعاون سے قابو پایا، اس میں بہت بڑا دخل مسلمان خواتین کے ایمان ویقین، قناعت وایثار، دنیا پر آخرت کو ترجیح دینے، اور صحابیات وگذشتہ صاحب ایمان وصلاح مستورات کا نمونہ سامنے رکھنے کا نتیجہ تھا مرد رومی وایرانی تمدن کی نقالی اور اس کے ترقی یافتہ طور طریق، طرز معاشرت، اور زیب وزینت کے آلات ووسائل کے اختیار کرنے سے کتنے ہی روکنے کی کوشش کرتے اور کتنی ہی موثر اور بلیغ تقریریں کی جاتیں اسلامی معاشرہ رومی وایرانی تمدن اور طرز معاشرت اور اس کی نقالی سے بچ نہیں سکتا تھا، علماء وواعظین، حکام وسلاطین، اخلاقی احتساب کرنے والے ذمہ دار، فوجی کمانڈر اور افسران بھی اسلامی معاشرہ، اسلامی شخصیت، اور اسلامی تہذیب وتمدن کی حفاظت نہیں کر سکتے تھے، ان خواتین کا اسلامی تشخص کی حفاظت ہی نہیں، بلکہ اسلامی وجود کی بقاء میں بھی بڑا حصہ ہے۔

اب بھی اگر کوئی طاقت مغربی تہذیب کی نقالی اور یہی نہیں بلکہ نئی ابھرنے والی، اور تیزی سے پھیلنے والی ہندو تہذیب کے مسلم معاشرہ میں رائج اور مقبول ہونے سے بچا سکتی ہے، جو

(ایک خاص دیو مالائی نظام رکھنے اور اسلامی بنیادی عقائد سے متصادم ہونے کی بناء پر) زیادہ خطرناک ہے، تو وہ ہماری ان بہنوں اور مسلمان خواتین کی صحیح دینی تعلیم، ایمانی و دینی تربیت، اور اسلامی اخلاق وسیرت کو دوسری قوموں کے اخلاق وسیرت پر ترجیح دینے ہی سے ممکن ہے۔

یہ حقیقت طبقہ نسواں میں دینی تعلیم و اسلامی تربیت کے انتظام کی ضرورت کی ایک اہم وجہ ومحرک ہے، ہم خدا کا شکر ادا کرتے ہیں کہ مدارس نسواں اور جامعۃ الصالحات، یا جامعہ نور الاسلام کے ناموں سے جو زنانہ دینی مدارس اور جامعات قائم ہورہے ہیں، وہ ان مقاصد کے حصول کے لئے ایک موثر دانش مندانہ اور تعمیری قدم ہے، جس سے تہذیبی ارتداد (اور اس سے بڑھ کر نئی نسل کے اعتقادی انقلاب) مسلمانوں کی نئی نسل کو بچایا جا سکتا ہے، اور اس کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت پیدا کی جا سکتی ہے، اور اگر اس مخلصانہ اور دانش مندانہ کوشش کا سلسلہ جاری رہا تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے نصرت غیبی کی امید بھی کی جا سکتی ہے۔ وصدق اللہ العظیم۔ اِنْ تَنْصُرُو اللّٰہَ یَنْصُرْ کُمْ وَیُثَبِّتْ اَقْدَامَکُمْ (سورۃ محمد۔ ۷)

(اے مسلمانو) اگر تم اللہ کے دین کی نصرت کرو گے، تو اللہ تمہاری نصرت (مدد) فرمائے گا، اور تمہارے قدموں کو جما دے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# مسلمان کی شان امتیازی

یہ تقریر حضرت مولانا رحمۃ اللہ علیہ نے ۱۳ جون بعد نماز مغرب ۱۹۹۹ء کو دارالعلوم ندوۃ العلماء کے وسیع میدان میں منعقد سہ روزہ تبلیغی اجتماع سے مخاطب ہو کر فرمائی تھی جس میں امت مسلمہ کو دعوت کے کام کی حقیقت خوب سمجھائی گئی ہے اور مسلمانوں کو اپنی دینی اصلاح عبادات، اتباع سنت اور دین کی تبلیغ کے لئے گھر سے نکلنے کی ترغیب فرمائی ہے! اللہ تعالیٰ اس بیان کو امت مسلمہ کیلئے نافع ثابت فرمائے!

الحمد للہ رب العٰلمین ، والصلوٰۃ والسلام علیٰ سید المرسلین محمد و آلہ وصحبہ اجمعین وبعد .

میرے دوستو عزیزو! اور دور دور سے آئے ہوئے مہمانو! اور میرے محبوب وقابل قدر بھائیو!

پہلے تو میں آپ تمام لوگوں کو مبارک باد دیتا ہوں خاص طور پر انہیں جو یہاں اس بڑے تبلیغی ودعوتی اجتماع (۱) کے ذمہ دار ہیں، کارکن اور داعی ہیں، کہ کتنی بڑی تعداد میں لوگ یہاں اکٹھے ہوئے، جن کا اتفاق ایک کلمہ پر ہے، ایک عقیدہ پر ہے، ایک مقصد پر ہے، اور ایک طرز پر ہے، یہ ایسا مجمع ہے کہ جو اگر بے ادبی اور گستاخی نہ ہو تو کہوں کہ عرفات ومنیٰ کی یاد دلاتا ہے، اور اس سے بڑھ کر بلیغ تشبیہ نہیں ہو سکتی کہ اس مجمع کی تشبیہ عرفات ومنیٰ سے دی جائے۔

(۱) یہ سہ روزہ تبلیغی اجتماع ۱۲/۱۳/۱۴/ جون ۱۹۹۹ء کو ندوۃ العلماء کے وسیع میدان میں منعقد ہوا۔

میں کہوں گا کہ یہ کوئی اتفاقی واقعہ یا حادثہ نہیں ہے کہ اتنا بڑا مجمع جو کہ خاص مقصد لے کر جمع ہو، ایک فکر لے کر جمع ہو اور وہ دنیا میں انقلاب برپا کردے، میں تاریخ کا ایک طالب علم ہوں اور تاریخ میرا خاص موضوع رہا ہے، اور پھر میں نے کئی زبانوں میں تاریخ پڑھی ہے، انگریزی میں پڑھی ہے، اردو فارسی میں پڑھی ہے، اور پڑھی ہی نہیں لکھی بھی ہے، میں کہتا ہوں کہ اتنا بڑا مجمع اگر ایک مقصد رکھنے والا ہو، اور وہ خلوص کے ساتھ جمع ہو، تو دنیا میں انقلاب آ سکتا ہے۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:۔

**يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِن تَتَّقُوا اللَّهَ يَجْعَل لَّكُمْ فُرْقَانًا وَيُكَفِّرْ عَنكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ وَاللَّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ O**

(سورہ الانفال۔ ۲۹)

اس آیت کریمہ پر بہت کم لوگوں نے غور کیا ہوگا، یہ ایک سنسنی خیز چونکا دینے والی، ہلا دینے والی اور انقلاب لے آنے والی آیت ہے، کہ اللہ تعالیٰ جو الٰہ العالمین ہے، رب العالمین ہے، خالق کائنات ہے، خالق جن و بشر ہے، کوئی چیز اس کے حکم کے بغیر پیش نہیں آ سکتی، سلطنتوں میں انقلاب پیدا کرنے والا ہے، حالات میں تبدیلی لانے والا ہے، غلام کو آزاد کرنے والا ہے، اور آزاد کو غلام بنا دینے والا ہے، اور وہ جو "**عالم الغيب والشهادة**" ہے، جو قادر مطلق ہے، جو قدیر برحق ہے، جو الٰہ برحق ہے وہ کہتا ہے:۔

**يآيها الذين امنو آ ان تتقوا الله .**

(ترجمہ) کہ اے ایمان والو! اگر تم تقویٰ اختیار کروگے.....،

یہ "تقویٰ" کوئی معمولی لفظ نہیں ہے، کہ جو کم کھائے سادہ رہن سہن رکھے، یا کم گو ہو بس کہہ دیا جائے کہ یہ متقی ہے، غیبت نہ کرے، چغلی نہ کھائے، جھوٹ نہ بولے، تو وہ متقی ہو گیا، "تقویٰ" صرف اسے نہیں کہتے، تقویٰ کا لفظ قرآن مجید کی اصطلاح میں بڑا جامع اور بہت وسیع لفظ ہے، انقلاب انگیز اور کایا پلٹ دینے والا لفظ ہے، یہاں "**ان تتقوا الله**" فرمایا گیا ہے، یہاں ڈرنے کے لئے خوف کا لفظ نہیں استعمال کیا گیا، "تقویٰ" میں عقائد بھی آ جاتے ہیں، اعمال بھی آ جاتے ہیں، مقاصد بھی آ جاتے ہیں، طرز زندگی بھی آ جاتا ہے، اخلاقیات بھی

آجاتے ہیں، کہ اللہ سے ڈرنے والا ہو، شریعت پر چلنے والا ہو، اللہ ورسول ﷺ کے احکام پر عمل کرنے والا ہو اور انسانیت کا بہی خواہ اور ہدایت کا داعی اور پاک باز ہو، جس کی نگاہیں نیچی، جس کی زبان محتاط، جس کا قلب دنیا کے مقاصد اور لالچ سے خالی ہو، اور اس کا دماغ برے منصوبوں سے پاک ہو، تو جب تقویٰ والی زندگی گزارنے والا یہ مسلمان جب بھی گزرے گا تو انگلیاں اٹھیں گی، کہ دیکھو! یہ مسلمان جا رہا ہے، دیکھو! اللہ کا بندہ جا رہا ہے، ایک امتیازی شان طاری ہو جائے گی، آگے اللہ فرماتا ہے:۔

**یجعل لکم فرقانا**

(ترجمہ) کہ وہ تمہارے اندر ایک شان امتیازی پیدا فرما دے گا۔

میں ''فرقان'' کا ترجمہ ''شان امتیازی'' سے کر رہا ہوں، فرقان کا لفظ اتنا بلیغ عمیم اور وسیع ہے، کہ اردو میں ''فرقان'' کا ترجمہ کرنا آسان نہیں جو لفظ قریب تر ہے وہ کہہ رہا ہوں کہ وہ تمہارے اندر شان امتیازی پیدا کر دے گا، کہ انگلیاں اٹھیں گی، نگاہیں بلند ہوں گی، لوگ اشارے کریں گے، لوگوں کی بعض اوقات نیند اڑ جائے گی، بعض اوقات غفلت دور ہو جائے گی، کہ دیکھو! وہ مسلمان جا رہا ہے، وہ مسلمان گزر رہا ہے، مسلمان کیسے پارسا اور کیسے پاک باز ہوتے ہیں، انسانیت اصل مسلمانوں میں ہے، یہ کسی غیر محرم پر نظر نہیں اٹھاتا، اور راستہ میں اگر کوئی چیز پڑی ہے، جس سے کوئی تکلیف ہو سکتی ہے، کسی کو ٹھوکر لگ سکتی ہے، تو اس کو ہٹا دینے والا ہے، لوگوں کو دھکا دینے والا نہیں ہے، سہولت سے چلنے والا ہے، وقار کے ساتھ چلنے والا ہے، خیر خواہی اور ہمدردی کے ساتھ چلنے والا ہے۔

یہ تھے مسلمان جو گنے چنے کہیں پہنچ جاتے تھے، تو پورے پورے معاشرہ کو ماحول کو بدل ڈالتے تھے، پورے پورے شہر مسلمان ہو گئے، لوگوں کی غفلت خواہ کتنی ہی بڑھی ہوئی ہو، اور ان کے اندر کتنی ہی مال کی لالچ ہو، اور جمال کی لالچ ہو، حب مال ہو، حب جمال ہو، کچھ ہو لیکن اللہ تعالیٰ نے انسان کے اندر تاثر لینے اور تاثر دینے کے مادہ پیدا کیا ہے، اور دنیا یہ جو چل رہی ہے اس میں اس کو بڑا دخل ہے۔

ذرا مجھے صفائی سے کہنے دیجئے کہ پتہ نہیں پھر یہ موقع آئے یا نہ آئے، ایسا بڑا مجمع جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی بات سننے کے لئے کہاں کہاں سے آیا ہے، اور تبلیغی اجتماع میں آیا

ہے تو اس سے بہتر اور مناسب موقع اور کیا ہوگا، دنیا میں اثر قبول کرنے کا مادہ ہے، اور یہی دنیا کے باقی رہنے کا راز ہے، کہ اس وقت تک اللہ تبارک وتعالیٰ جو کہ خالق کائنات ہے، وہ خوب جانتا ہے کہ ابھی انسان میں سبق لینے کی خاصیت موجود ہے، اور نیک بننے صحیح راستہ پر آنے کی خواہش ہے، آپ جب تبلیغ کا وسیع اور عالمگیر کام کریں گے، اصول پر چلیں گے، جماعتیں بنائیں گے، ملک بھر میں پھریں گے، اور الحمد للہ یہ کام تو اتنا پھیل چکا ہے کہ دنیا بھر میں جماعتیں جاتی ہیں اور نکلتی ہیں، آپ بھی انشاء اللہ نکلیں گے، اثر ڈال کر آئیے گا، متاثر ہو کے نہیں متاثر کر کے آئیے گا، کہ کایا پلٹ جائے اور انقلاب آ جائے۔

ایک بات صفائی سے اور کہتا ہوں، بدگمانی نہیں کرتا لیکن مجھے ڈر لگتا ہے کہ یہ شاید نہ کہی گئی ہو، کہ آپ جس ملک میں ہیں، جس سرزمین پر رہ رہے ہیں، اس میں آپ کو ''شان امتیازی'' کے ساتھ رہنا چاہئے، ''فرقان'' جسے کہتے ہیں، ایسی شان طاری ہونی چاہئے، کہ لوگوں کے عقائد بدل جائیں، اخلاق بدل جائیں، نگاہیں بدل جائیں، احساسات بدل جائیں، کہ مسلمان اتنی بڑی تعداد میں اس ملک میں ہوں، اور وہ اثر ڈال نہ سکیں، اللہ عالم الغیب والشہادۃ ہے اور خالق فطرت ہے وہ فرما رہا ہے کہ:۔

**ان تتقوا اللہ یجعل لکم فرقاناً.**

(ترجمہ) کہ اگر تم اللہ سے ڈرو گے تو وہ تمہارے اندر امتیازی شان پیدا کر دے گا۔

ایسا حال طاری ہو جائے گا کہ دیکھتے ہی لوگوں کی اصلاح ہوگی، اور خدا کا خوف پیدا ہونے لگ جائے گا، آج ہمارے اندر قوت تاثیر کا جو فقدان ہے، یہ اس بات کی کھلی دلیل ہے کہ ہم نے ''ان تتقوا اللہ'' پر پورا عمل نہیں کیا، اگر ''ان تتقوا اللہ'' پر عمل ہوا اور ہم خدا سے ڈریں، اس کے نبی ﷺ کی تعلیمات پر اور ان کی لائی ہوئی شریعت پر عمل کریں، اور صرف عقائد ہی نہیں، ایمانیات ہی نہیں، جذبات واحساسات، معاملات وتعلقات، اخلاق وکردار، ان سب میں وہ فرق ہو جائے جو تم سے مطلوب ہے، پھر نتیجہ یہ ہوگا کہ انگلیاں اٹھیں گی، انگلیاں ہی نہیں قدم اٹھیں گے، اور زندگی کا رخ بدل کر تمہاری طرف ہو جائے گا، اور لوگوں کو سنبھالنا مشکل ہو جائے گا، وہاں کی اکثریت کو اپنا سنبھالنا مشکل ہو جائے گا، ان کو تھامنا مشکل ہو جائے گا، کہ اسلام تیزی سے پھیلنے لگے گا، گھر گھر، چپہ چپہ خدائے واحد کا نام لیا جائے گا، اور

یہ نفس پرستی، جاہ پرستی، دولت پرستی، شہوت پرستی، منصب پرستی، سیاست پرستی، جس کی اس وقت وبا پھیلی ہوئی ہے، وہ وبا عام ہو جائے گی، اور لوگوں کو اپنے مقاصد کو اپنے اغراض کو اپنے مفادات کو تھامنا مشکل ہو جائے گا، کہ مسلمان اگر ہیں اور وہ اسلامی سیرت پر ہیں اور اسلامی عقیدہ پر ہیں، تو ان کے اثرات ایسے مرتب ہوں گے کہ سیاسی لیڈروں کو دانشوروں اور ادیبوں کو، قائدین کو، سماجی کارکنوں کو، اور دوسرے لوگوں کو تھامنا اور مشکل ہو جائے گا۔

آج ایسا دیکھنے کو کیوں نہیں مل رہا ہے، یہ اس لئے ہے کہ ہماری زندگی اسلامی سانچہ میں ڈھلی نہیں ہے، ہمارے عقائد بھی صحیح ہونے چاہئیں ہمارے معاملات بھی صحیح ہونے چاہئیں، ہمارے "اہداف" اور زندگی کے نشانے بھی صحیح ہونے چاہئیں، اور مختلف ہونے چاہئیں، کہ یہاں راستہ میں سڑک وگلی میں کوئی ایسی چیز نہیں ہے جس سے لوگ ٹھوکر کھائیں، اور پہلے تو یہاں وہ چیز پڑی ہوئی تھی، جس سے ٹھوکر لگ سکتی تھی، وہ اب نہیں ہے، ضرور یہاں سے کوئی مسلمان گزرا ہے، اسی طرح کوئی مصیبت زدہ ہے، اور کوئی اس کی طرف توجہ نہیں کرتا، کسی کو اس کی فکر نہیں، اگر توجہ کی یا فکر رکھی تو وہ مسلمان نے اور لوگ کہہ اٹھیں کہ ضرور اس کے پاس سے کوئی مسلمان گزرا ہے۔ مال کی محبت دوسروں کے مقابلہ ان میں بہت کم ہو، جو بعض اندر کی کمزوریاں اور خامیاں ہوتی ہیں، ان میں کھلا ہوا فرق ہونا چاہئے، اور نفسانی خواہشات اور خود غرضی اور حرص وہوس جیسی دوسری کمزوریوں میں بھی نمایاں فرق ہونا چاہئے، بس یہ کہہ دینا کافی ہو کہ یہ مسلمان ہے۔

آپ تاریخ میں پڑھیں گے، تو معلوم ہوگا کہ ملک ملک میں انقلاب آگیا ہے، آپ خود خیال کیجئے، کہاں یہ جزیرۃ العرب جہاں سے اسلام نکلا، کہاں یورپ میں اسپین (اندلس) کا ملک جہاں لاکھوں کے حساب میں لوگ اسلام میں داخل ہوئے، اور پھر جہاں کی زبان تک عربی ہوگئی، اور پورا ملک مسلمانوں کے ہاتھوں میں آگیا، اس طرح کہاں جزیرۃ العرب اور کہاں ترکی، کہاں جزیرۃ العرب اور کہاں الجزائر اور مغرب اقصیٰ (مراکش) ہم نے ان میں اکثر ممالک دیکھے ہیں، ایک اسپین (SPAIN) کے سوا کہ جہاں باقاعدہ اس کی کوشش کی گئی کہ نہ یہاں مسلمان باقی رہیں اور نہ ان کا کوئی اثر باقی رہنے دیا جائے، اس میں خود مسلمانوں کی غلطی کو بھی دخل تھا، باقی آج تک ان دوسرے ملکوں میں اسلام باقی ہے، اور اسپین میں بھی اسلام

کے پھیلنے کی خبریں آرہی ہیں، آپ زمینی مسافت دیکھیں، زمانی مسافت دیکھیں، زبان کا فرق دیکھیں، تربیت کا فرق دیکھیں تو زمین و آسمان کا فرق ہے، لیکن پورے پورے ملک مسلمان جو ہوئے تو یہ مسلمانوں کے اخلاق کی وجہ سے، تبلیغ و دعوت کی وجہ سے، تربیت کی وجہ سے عملی نمونہ پیش کرنے کی وجہ سے۔ حیرت ہوتی ہے کہ اتنی بڑی تعداد میں اس ملک میں مسلمان آباد ہیں اور وہ اثر نہ ڈال سکیں، ہم تو اس مجمع کو کہتے ہیں جو بات سن رہا ہے کہ یہ یہی کافی ہے، ہاں اگر سچے مسلمان بن جائیں اور اسلامی تعلیمات پر عمل کرنے لگ جائیں۔

اسی کو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

''اِنْ تَتَّقُوا اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّکُمْ فُرْقَانًا''

(ترجمہ) کہ اگر تم تقویٰ اختیار کرو گے تو وہ تمہارے اندر شان امتیازی پیدا فرما دے گا۔

اور فرماتا ہے:۔

اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا ۔(۱)

(ترجمہ) کہ میں تمہارے لئے تمہارے دین کو مکمل کر چکا ہوں، اور تم پر اپنی نعمت تمام کر چکا ہوں، اور اسلام کو تمہارے لئے بطور دین کے پسند کر چکا ہوں۔

ایک دوسری جگہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِی السِّلْمِ كَآفَّةً وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ O (۲)

(ترجمہ) اے وہ لوگو! جو ایمان لے آئے ہو داخل ہو جاؤ اسلام میں پورے کے پورے اور شیطان کے پیچھے نہ چلو، وہ تو تمہارا کھلا ہوا دشمن ہے۔

اس آیت کریمہ میں ''کافۃ'' فرمایا گیا ہے، یہ بڑا جامع لفظ ہے، اس ''کافۃ'' میں سب آ گیا ہے، ''کافۃ'' عملی طور پر بھی، اعتقادی طور پر بھی، اخلاقی طور پر بھی، اجتماعی طور پر بھی، قانونی طور پر بھی، جو لوگ عربی زبان جانتے ہیں وہ سمجھ سکتے ہیں کہ ''کافۃ'' کا کلمہ کتنا مضبوط

(۱) سورۃ المائدہ۔۳۔ (۲) سورۃ البقرہ۔۲۰۸۔

ہے، کتنا وسیع ہے، کتنا حاوی ہے، یہ حاوی اور شامل ہے، داخل ہونے والوں پر بھی اور اس پر بھی جس میں داخل ہوا جائے، سو فیصدی مسلمان سو فیصدی اسلام میں داخل ہو جاؤ، اس میں نہ کوئی تناسب ہے کہ ستر فیصدی مسلمان، اسی فیصدی مسلمان، ایسا کچھ نہیں بلکہ تمام مسلمان پورے کے پورے اسلام میں داخل ہو جائیں، توارث (ترکہ کی تقسیم) ایسی ہونی چاہئے، واجبات و فرائض پورے ادا ہونے چاہئیں، ماں باپ کا جو حق ہے وہ، مزدور کا جو حق ہے وہ، بیوی کا شوہر پر، شوہر کا بیوی پر جو حق ہے وہ، پڑوسی کا جو حق ہے وہ، محلہ والوں کا جو حق ہے وہ، شہریوں کا جو حق ہے وہ، ملک والوں کا، وطن والوں کا جو حق ہے وہ، سب پورے اور صحیح صحیح ادا ہونے چاہئیں۔

یہ اللہ تعالیٰ فرما رہا ہے کہ اسلام میں (اللہ کے سامنے سر جھکا دینے میں) پورے کے پورے داخل ہو جاؤ، اور یہ وہی فرما بھی سکتا ہے، کہ وہ عالم الغیب ہے، اور سب کا پیدا کرنے والا اور ہر چیز کا بنانے والا ہے، اور سبھی کچھ اس کے قبضہ قدرت میں ہے، جب "ادخلوا فی السلم کآفة" فرمادیا تو بظاہر پھر " ولا تتبعوا خطوات الشیطن " کہنے کی ضرورت نہیں تھی، لیکن اس نے ضرورت سمجھی اور وضاحت کی کہ پورے کے پورے اسلام میں داخل ہونے کے ساتھ اس بات کا خیال رہے کہ شیطان کی پیروی نہ ہونے پائے، اس کے نقش قدم پر نہ چل پڑا جائے، شیطان کے نقش قدم پر چلنا نہیں ہے بلکہ تمہارے لئے اسوۂ رسول ﷺ ہے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے، "لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُو اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ" کہ تمہارے لئے رسول اللہ ﷺ کی زندگی میں پورا نمونہ موجود ہے۔

بس یہاں سے یہ عہد کر کے جائیے کہ ایسی زندگی اختیار کریں گے کہ صرف گھر ہی نہیں، پورا ماحول، پورا معاشرہ، آس پاس کا قرب و جوار، پورا شہر، سب کا سب متأثر ہو، اور سبھی پر اثر ہو، لوگ کہیں کہ مسلمان کی زندگی کچھ اور ہوتی ہے، جہاں لوگ گر جاتے ہیں، اور جہاں لوگ ٹھوکر کھاتے ہیں، وہاں یہ ثابت قدم رہتا ہے، جہاں دوسرے ضمیر فروشی کرتے ہیں، وہاں یہ مسلمان بکتا نہیں اور اسے کوئی خرید نہیں سکتا، نہ حکومتیں اس کو خرید سکتی ہیں، نہ سیاسی ادارے، اور نہ ہی سیاسی پارٹیاں، نہ دولت منداس کو خرید سکتے ہیں، اور نہ کوئی حسن و جمال اور نہ ہی عزت و کمال، کوئی اسے خرید نہیں سکتا، یہ بس ایک مرتبہ بک گئے، ان کا پیدا کرنے والا ان کو خرید چکا،

جس نے ان کو دین کی نعمتیں عطا کی ہیں، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

إِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ (۱)

(ترجمہ) کہ اللہ تعالیٰ نے مومنوں سے ان کے جان و مال کو خرید لیا ہے جنت کے عوض میں۔

اب اس کے بعد نہ کوئی طاقت نہ کوئی منفعت اور کوئی بھی ان کو خرید نہیں سکتا، یہ کیرکٹر ہونا چاہئے مسلمانوں کا، اگر آج یہ ہوتا تو پورا ملک مسلمانوں سے محبت کرنے والا، ان کے لئے جان دینے والا، اور اسلام سے پورا فائدہ اٹھانے والا ہو جاتا، اور جہاں کہیں ایسا ہوا، اسی طرح ہوا، کہ لوگوں نے مان لیا کہ ان کا دین سچا ہے، ان کے یہاں اصول پسندی ہے، خداترسی ہے، ان میں آخرت شناسی ہے، حقیقت شناسی ہے، اور آج جو اسلام باقی ہے، ہمارے ہی ملک میں نہیں، ساری دنیا میں جو باقی ہے، اس میں بہت بڑا دخل اسلام کے نمونہ کو ہی ہے، ایک فرد چلا گیا ایک ایک کونہ میں ہزاروں لاکھوں لوگ مسلمان ہو گئے، دور نہ جائیے ہندوستان ہی کو لے لیجئے، کہ حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیر (راجستھان) آئے اور لاکھوں کی تعداد میں لوگ مسلمان ہوئے۔ (۲) اسی طریقہ سے امیر کبیر سید علی ہمدانی کشمیر گئے اور وہاں کی اکثریت نے اسلام قبول کیا، ایسے ہی کس کس کا نام لیا جائے کہ ایک دو گئے انہوں نے کچھ لوگ تیار کئے اور پھر اس طرح پھیلنے لگا کہ گھر گھر محلّہ محلّہ پھیلا۔ (۳)

بس ہمیں اپنی زندگی ایسی بنا لینی چاہئے کہ ''یجعل لکم فرقاناً'' والی صورت پیدا ہو جائے کہ خدا شان امتیازی پیدا کر دے گا، انگلیاں اٹھیں گی، کان کھڑے ہوں گے، آنکھیں کھلیں گی، اشارے ہوں گے، اس سے بڑھ کر لوگ قدموں پر گریں گے، کہ یہ مسلمان ہیں، اس کے عقائد یہ ہیں، اس کے احوال یہ ہیں، اس کے اخلاق یہ ہیں اس کے جذبات یہ ہیں، اس کے احساسات یہ ہیں، اس کی خواہشات یہ ہیں، اس کے معیار یہ ہیں، یہ ہونا چاہئے یہ پیغام لے کر یہاں سے جائیے۔

---

(۱) سورۃ التوبہ ۹: ۱۱۱۔

(۲) بعض تاریخی کتابوں میں نوے ۹۰ لاکھ اور ایک کروڑ تک یہ تعداد بتائی گئی ہے۔

(۳) اس سلسلہ میں حضرت سید احمد شہید رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے رفقاء دعوت و جہاد کی خدمات ناقابل فراموش ہیں کہ جہاں سے ان کا گزر ہو گیا وہاں ایمان کی لہر دوڑ گئی اور اسلام کا نور پھیل گیا، (تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو راقم کی کتاب ''سیرت سید احمد شہید اول دوم اور ''جب ایمان کی باد بہار چلی''۔

مزید اس وقت کچھ کہنے کی ضرورت نہیں سمجھتا، جماعت تبلیغ کے جو اصول ہیں، بنیادی نکات ہیں، اس پر بھی کچھ کہنا نہیں کہ اس پر بہت کہا جا چکا ہے، اور جو رہ گیا ہوگا وہ بھی کہہ دیا جائے گا، ہم نے وہیں سے سیکھا ہے، آپ بھی وہیں سے سیکھ رہے ہیں، لیکن یہ بات کبھی نہ بھولئے گا، بلکہ اس کو اپنی گرہ میں باندھ لیجئے کہ آپ کی زندگی میں ایک امتیاز ہونا چاہئے، ایک کھلا ہوا فرق ہونا چاہئے، جس کے لئے قرآن حکیم کے لفظ سے بڑھ کر کوئی دوسرا بلیغ لفظ ہو ہی نہیں سکتا، وہ ہے ''فرقان'' کہ آپ کی زندگی میں ایک فرقان ہونا چاہئے، جو دیکھے کہے کہ یہ مسلمان ہے، یہ مسلمان کا کام نہیں، صدہا نہیں ہزار ہا واقعات ہیں تاریخ میں، کہ مسلمانوں نے وہ کیا جو کوئی نہیں کر سکتا تھا، کہ ایسی بھی کوئی قربانی ہو سکتی ہے، ایسی بھی کوئی ہمت کر سکتا ہے، ایسا بھی کوئی ایثار کر سکتا ہے، لیکن مسلمان نے کیا، تاریخ میں سب موجود ہے، یہ ریکارڈ ہے جو ہسٹری (تاریخ) میں محفوظ ہے، مسلمانوں کے مابہ الامتیاز بلکہ ممتاز اور معیاری طرز عمل سے لوگ ہزار ہا ہزار کی تعداد میں مسلمان ہوئے ہیں، تاریخ میں آپ پڑھیں مسلمان نے فتح پانے کے باوجود کیسے رحم کا سلوک کیا، کیسی انسانی ہمدردی کا مظاہرہ کیا، کہ لوگ جوق در جوق مسلمان ہونا شروع ہو گئے، اور انہوں نے کہا کہ ہم کو مسلمان کر لیجئے، جو لڑنے آئے تھے وہ قدموں پر گرے اور اسلام قبول کیا۔

بھئی! آج ہندوستان میں محض ہمارے اوپر دین اور اسلام کا حق ہی نہیں ملک و وطن کا حق بھی ہے، یہ بہرحال ہمارا وطن ہے، اللہ نے ہم کو یہاں پیدا کیا، اور ہمارے لئے اس سرزمین کا انتخاب کیا، اس کا بھی حق ہے، آدمی کو اپنے گھر سے محبت ہوتی ہے، یہ ہمارا گھر ہے، اس میں ہمیں ایسا طرز عمل اختیار کرنا چاہئے کہ لوگوں کی اصلاح ہو، بلکہ زندگیوں میں انقلاب آ جائے، یہ ظلم و اندھیر جو ساری دنیا میں تو ہو ہی رہا ہے کبھی کبھی ہمارے ملک میں بھی ہو جاتا ہے، بند ہو، کبھی سیاست کے راستہ سے، کبھی حکومت و اقتدار کے راستہ سے، کبھی مقصد و مفاد کے لحاظ سے، یہ سب بند ہو، انصاف پھیلے اور خدا کا خوف عام ہو، لوگوں میں ایک خدا ترسی پیدا ہو، خدا کا خوف پیدا ہو، انسانیت کا احترام پیدا ہو۔

یہاں مجھے صرف یہی کہنا ہے کہ اور اسی پر بات ختم کرنی ہے کہ آپ یہاں سے یہ عہد و پیمان کر کے جائیے اور جانے سے پہلے یہ طے کر لیں، اور تہیہ کر لیں کہ ہم کو اب اپنی زندگی ایسی

بنانی ہے کہ نگاہیں اٹھیں، انگلیاں اٹھیں بلکہ قدم اٹھیں کہ ان کی طرف چلو! ان سے سیکھو اور ان سے فائدہ اٹھاؤ، تب جا کر انشاء اللہ یہ رویہ ہمارا ہر طرح سے انقلاب انگیز ہوگا، ہر طرح سے مبارک ہوگا، وہ یوں بھی مبارک ہے، اور نہایت مبارک ہے، یہ معمولی بات نہیں ہے کہ اللہ کے نام پر اور دین کی دعوت پر اتنی بڑی تعداد میں لوگ جمع ہو جائیں، ہم اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں، اور فخر کرتے ہیں، دارالعلوم ندوۃ العلماء کے بانیوں کی روح خوش ہو رہی ہوگی کہ آج یہاں اتنا بڑا اجتماع ہو رہا ہے، لیکن اس کے ساتھ اس کی بڑی ضرورت ہے کہ آپ کی زندگیوں میں انقلاب آئے، اور یہ انقلاب لازمی نہ ہو بلکہ متعدی ہو، کہ دیکھ کر لوگ متاثر ہوں عقائد کے اعتبار سے بھی اخلاق کے اعتبار سے بھی، اعمال کے اعتبار سے بھی، معاملات کے اعتبار سے بھی، ارادوں کے اعتبار سے بھی، اور کوششوں کے اعتبار سے بھی، اور ہر طرح سے آپ کی زندگی سب کے لئے مشعل راہ بنے، اور دعوت اسلام کا کام دے، مقناطیس کا کام دے، اور مقناطیس کی حیثیت ہی کیا ہے، اگر وہ لوہے کو کھینچ سکتا ہے، تو کیا مسلمان کسی قوم کی کسی آبادی کو کھینچ نہیں سکتا، سینکڑوں مقناطیس ایک مسلمان کے ایمان پر فدا ہیں، اگر مسلمان میں اتنی طاقت نہیں، ان میں مقناطیسیت نہیں تو ہونی چاہئے، مقناطیسیت بھی ضروری ہے، جاذبیت ہونی چاہئے، اللہ ہمیں اور آپ کو توفیق دے۔ آمین۔

تفاسیر و علوم قرآنی اور حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر

# دار الاشاعت کی مطبوعہ مستند کتب

## تفاسیر و علوم قرآنی

| | | |
|---|---|---|
| تفسیر عثمانی بعد تفسیر مع عنوانات جدید کتابت ۱ جلد | | علامہ شبیر احمد عثمانی، اضافہ عنوانات جناب محمد ولی رازی |
| تفسیر مظہری اردو | ۱۲ جلدیں | قاضی محمد ثناء اللہ پانی پتی |
| قصص القرآن | ۴ حصے در ۲ جلد کامل | مولانا حفظ الرحمن سیوہاروی |
| تاریخ ارض القرآن | | علامہ سید سلیمان ندوی |
| قرآن اور ماحولیات | | انجینئر شفیع حیدر دانش |
| قرآن سائنس اور تہذیب و تمدن | | ڈاکٹر حقانی میاں قادری |
| لغات القرآن | | مولانا عبدالرشید نعمانی |
| قاموس القرآن | | قاضی زین العابدین |
| قاموس الفاظ القرآن الکریم (عربی انگریزی) | | ڈاکٹر عبداللہ عباس ندوی |
| ملک البیان فی مناقب القرآن (عربی انگریزی) | | عبداللہ جبری |
| اعمال قرآنی | | مولانا اشرف علی تھانوی |
| قرآن کی باتیں | | مولانا احمد سعید صاحب |

## حدیث

| | | |
|---|---|---|
| تفہیم البخاری مع ترجمہ و شرح اردو | ۳ جلد | مولانا ظہور الباری اعظمی، فاضل دیوبند |
| تفہیم المسلم | ۳ جلد | مولانا زکریا اقبال، فاضل دارالعلوم کراچی |
| جامع ترمذی | ۲ جلد | مولانا فضل احمد صاحب |
| سنن ابو داؤد شریف | ۳ جلد | مولانا سرور احمد صاحب، مولانا خورشید عالم قاسمی صاحب فاضل دیوبند |
| سنن نسائی | ۳ جلد | مولانا فضل احمد صاحب |
| معارف الحدیث ترجمہ و شرح | ۴ جلد ۷ حصے کامل | مولانا محمد منظور نعمانی صاحب |
| مشکوٰۃ شریف مترجم مع عنوانات | ۳ جلد | مولانا عابد الرحمن کاندھلوی / مولانا عبداللہ جاوید |
| ریاض الصالحین مترجم | ۲ جلد | مولانا خلیل الرحمن نعمانی مظاہری |
| الادب المفرد کامل مع ترجمہ و شرح | | از امام بخاری |
| مظاہر حق جدید شرح مشکوٰۃ شریف | ۵ جلد کامل | مولانا عبداللہ جاوید غازی پوری فاضل دیوبند |
| تقریر بخاری شریف | ۳ حصص کامل | حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب |
| تجرید بخاری شریف | یک جلد | علامہ حسین بن مبارک زبیدی |
| تنظیم الاشتات | شرح مشکوٰۃ اردو | مولانا ابو الحسن صاحب |
| شرح اربعین نووی | ترجمہ و شرح | مولانا مفتی عاشق الٰہی البرنی |
| قصص الحدیث | | مولانا محمد زکریا اقبال، فاضل دارالعلوم کراچی |

ناشر: دار الاشاعت اردو بازار ایم اے جناح روڈ کراچی ۱، پاکستان، فون و فیکس (۰۲۱) ۲۶۳۱۸۶۱
اور مستند اسلامی و علمی کتب کا مرکز، قرآن پاک
دیگر اداروں کی کتب دستیاب ہیں، بیرون ملک بھیجنے کا انتظام ہے / فہرست کتب مفت ڈاک ٹکٹ بھیج کر طلب فرمائیں۔